تبیانا لکل شیء (القرآن)

ترجمہ

معارف التبیان

فی رموز آیات القرآن

افادات
مفسر قرآن۔ حضرت مولانا
عبد القیوم قاسمی

امام اہل السنۃ۔ حضرت مولانا
سرفراز خان صفدر

القاسمی اکیڈمی سعید آباد کراچی

معارف التبیان
فی رموز آیات القرآن
افادات
مفسر قرآن۔ حضرت مولانا
عبد القیوم قاسمی

تبیانا لکل شئ (القرآن)

بقول حضرت شاہ عبدالقادر صاحب رحمۃ اللہ علیہ

روز قیامت ہر کسے با خویش دارد نامۂ
من نیز حاضر میشوم تفسیر قرآں در بغل

ترجمہ

معارف التبیان

فی رموز آیات القرآن

افادات

مفسر قرآن مولانا عبدالقیوم قاسمی حفظہ اللہ

تلمیذ رشید

محدث اعظم امام اہل السنۃ مولانا محمد سرفراز خان صفدر صاحبؒ

القاسمی اکیڈمی سعید آباد کراچی

نام کتاب	ترجمہ معارف التبیان فی رموز آیات القرآن
افادات	مفسر قرآن مولانا عبدالقیوم قاسمی صاحب حفظ اللہ
کمپوزنگ	بھائی عبدالقدوس
ناشر	القاسمی اکیڈمی مدرسہ معارف اسلامیہ سیکٹر ایٹ ڈی سعید آباد
	بلدیہ ٹاؤن کراچی 0334-3277892

ملنے کا پتہ

القاسمی اکیڈمی

مدرسہ معارف اسلامیہ سیکٹر ۸۔ڈی

سعید آباد، بلدیہ ٹاؤن کراچی

فون نمبر0334-3277892

عرضِ مؤلف

{ترجمہ قرآن معارف التبیان}

اردو زبان میں قرآن کا سب سے پہلا ترجمہ کرنے کی سعادت مسند الہند محدث جلیل حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے لائق فائق اور ہونہار فرزند حضرت شاہ عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ کے حصے میں آئی۔

حضرت شاہ عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ نے اس کے لئے چالیس برس مسلسل مسجد میں اعتکاف فرمایا۔ یہ ترجمہ اپنی گونا گوں صفات کی وجہ سے بے مثال اور تمام اردو تراجم کے لئے بنیاد اور ایک معلم کی حیثیت رکھتا ہے، پھر محدث وقت امام انقلاب حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندی رحمۃ اللہ نے اس ترجمہ کو آسان کرنے کی کوشش کی، ان کے بعد بھی کئی حضرات نے آسان انداز میں ترجمہ کرنے کی کوشش کی، اور یہ مبارک سلسلہ آج تک جاری ہے۔

بندہ کافی وقت سے تدریس کے شعبے سے وابستہ ہے اور تقریباً بیس سال سے زائد عرصہ سے سالانہ تعطیلات میں تسلسل کے ساتھ اپنے قائم کردہ ادارے جامعہ معارف اسلامیہ میں شہید ختم نبوت حضرت مولانا مفتی سعید احمد جلال پوری نور اللہ مرقدہ کی تحریک پر اپنے استاذ محترم امام اہلسنت مولانا محمد سرفراز خان صفدر رحمۃ اللہ علیہ کے طرز پر ''دورہ تفسیر القرآن الکریم'' پڑھا رہا ہے۔

الحمدللہ علی ذلک

بندہ اپنے مطالعے میں اپنے اکابر کے تراجم خصوصاً ترجمہ حضرت شاہ عبدالقادر محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ، ترجمہ حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ، ترجمہ حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ، ترجمہ حضرت مولانا احمد علی لاہوری رحمۃ اللہ علیہ اور ترجمہ حضرت مولانا صوفی عبدالحمید سواتی رحمۃ اللہ کو رکھتا ہے۔

ترجمہ وتفسیر کی تدریس کے اس عرصہ میں ایک بات بڑے تسلسل سے سامنے آئی کہ موجودہ دور کے طلبہ کرام قرآن کریم کا درست ترجمہ کرنے میں بہت سست واقع ہوئے ہیں، جس کے اسباب میں ضروری علوم بالخصوص صرف ونحو میں کمزوری کے ساتھ ساتھ طلبہ کی بے توجہی بھی ایک اہم اور بڑی وجہ ہے۔

اگرچہ کئی مقامات پر شعبان اور رمضان کی تعطیلات میں دورہ تفسیر کے نام سے ترجمہ قرآن کریم کا اہتمام تو ہوتا ہے مگر ایک تو وہی طلبہ کی بے توجہی، دوسرے کئی جگہوں میں بامحاورہ ترجمہ پڑھایا جاتا ہے۔ بعض طلبہ کو پتہ بھی نہیں چلتا کی استاذ محترم نے کس لفظ کا ترجمہ کیا ہے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ قدیم تراجم میں زبان وبیان کی تبدیلی کی وجہ سے بھی مکمل استفادہ ممکن نہیں تھا۔

چنانچہ اپنے اس بیس سالہ مشاہدے کے بعد بڑی شدت سے ضرورت محسوس کی کہ مروجہ زبان وبیان کے اسلوب کی رعایت کرتے ہوئے مزید آسان ترجمہ کیا جائے۔ جس میں لفظی ترجمہ کے ساتھ ساتھ بقدر ضرورت سلیس اور بامحاورہ ترجمہ کا بھی خیال رکھا جائے، چنانچہ جب ''کرونا'' کی وبا پاکستان میں پھیلنے کی وجہ سے لاک ڈاؤن میں تعلیمی اور تدریسی مصروفیات میں کمی آئی تو میں نے موقع غنیمت سمجھتے ہوئے اللہ کے نام سے قرآن کریم کے ترجمے کا کام شروع کر دیا جو بفضل خداوندی عرصہ دو سال میں مکمل ہوا۔

یاد رکھیں کہ اس ترجمہ میں میرا کچھ بھی اضافہ نہیں ہے، البتہ شائقین قرآن کے لئے اکابر کے تراجم کے الفاظ کو دائیں بائیں سے جوڑنے کی کوشش کی ہے البتہ ترجمہ کے ساتھ مختصر حواشی اور عنوانات فہم قرآن کے لیے لکھے ہیں جو مبتدی اور منتہی دونوں کے لیے کارآمد ہوں گے۔ اور اس ترجمہ اور حواشی میں جو غلطی ہوگی وہ میری نااہلی کی وجہ سے ہوگی۔ میری سعی اور کوشش رہی ہے کہ کسی لفظ کا معنیٰ اکابر کے ترجمہ اور اہل سنت والجماعت کے مسلک کے خلاف نہ ہو۔

بہر حال خداوند کریم کی بے پناہ نعمتوں کا شکر ادا کرنے سے قاصر ہوں کہ اس ذات رحیم وکریم نے ''معارف الفرقان'' کی تفسیری خدمت کے بعد اس عاجز کو ترجمہ قرآن کرنے کی خدمت کا اعزاز بخشا۔ جو یقیناً میرے اساتذہ کرام بالخصوص شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا غلام مصطفیٰ صاحب دھانوی، اور استاذ محترم امام اہلسنت، محدث اعظم پاکستان مولانا محمد سرفراز خان صفدر رحمۃ اللہ علیہ کا فیض اور حضرت مفتی سعید احمد جلال پوری شہیدؒ کی دعا کا ثمرہ ہے۔

خدمتِ قرآن کی جو ہیں بہاریں سو بسو — میکدہ صفدری کا دیکھ لو فیضان ہے
پہلے تو رب کی عطاء معارف الفرقان تھی — اور آج میرے ہاتھ میں معارف التبیان ہے

آخر میں بارہ گاہ خداوندی میں بصد عجز ونیاز دست بدعا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اس کو قبولیت عامہ نصیب فرمائے، میرے لئے، میرے والدین کے لئے اور میرے تمام احباب اور متعلقین کے لئے نجات اخروی کا ذریعہ بنائے۔ اہل اسلام کے قلوب کے لئے باعث تسکین اور طالب علموں کے لئے اچھا رہنما بنائے۔ اہل علم سے سرپرستی کی درخواست۔ آمین بجاہ النبی الامی الکریم۔

(مولانا) عبدالقیوم قاسمی
جامعہ معارف اسلامیہ سعید آباد کراچی

{انتساب}

قدیم انسانی تاریخ سے یہ دستور اور رواج چلا آرہا ہے کہ اہل قلم اپنی کاوشوں کو کسی بادشاہ وغیرہ کے نام سے منسوب کرنے کو اپنے لئے باعث سعادت سمجھتے ہیں، اور بدلے میں ان سے انعام واکرام کے طالب ہوتے ہیں۔ میں بھی اپنی اس کاوش "**ترجمہ معارف التبیان فی رموز آیات القرآن**" کی نسبت تاریخ برصغیر کی ان تابندہ شخصیات کی طرف کرنا اپنے لئے باعث اعزاز سمجھتا ہوں جنہوں نے جہالت اور ضلالت کے گھٹا ٹوپ اندھیروں میں علوم سرمدی کی مبارک قندیلوں کو روشن کیا، منہ زور آندھیوں کے مقابل چراغ روشن رکھے، ہمیشہ دریا کے تیز وتند تھپیڑوں اور بے رحم موجوں کے مقابل ڈٹے رہے۔ زمانے کے سرد وگرم سے بے پرواہ ہوکر قرآن کریم کو سینے سے لگائے رکھا، دین محمدی کی حفاظت کے لئے ہر حد سے گزر کر ہر مخالف اسلام کے مقابل سد سکندری بن گئے جن کی عظمت کا آفتاب آج بھی افق عالم پر اپنی کرنیں بکھیر رہا ہے۔ جو اپنی کل متاع حیات کو حرمت دین پر لٹوا کر تاریخ کے انمٹ نقوش میں ہمیشہ کے لئے جاوداں ہو گئے۔ بقول شورش کاشمیری مرحوم۔

ابھی کچھ وقت گزرا ہے یہاں کچھ لوگ رہتے تھے
جو دل محسوس کرتا تھا علی الاعلان کہتے تھے
گریباں چاک دیوانوں میں ہوتا تھا شمار ان کا
قضاء سے کھیلتے تھے وقت کا الزام سہتے تھے

ان عظیم المرتبت اور تابندہ شخصیات سے میری مراد :

سراج الہند امام شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ
مجدد ملت حکیم الامت حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ
خاتم المحدثین حضرت مولانا محمد انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ
شیخ العرب والعجم مولانا مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ
شیخ الاسلام حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی رحمۃ اللہ علیہ
محدث العصر حضرت مولانا محمد یوسف بنوری رحمۃ اللہ علیہ
امام الاولیاء حضرت مولانا احمد علی لاہوری رحمۃ اللہ علیہ
داعی توحید وسنت حضرت مولانا حسین علی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ
حافظ الحدیث حضرت مولانا محمد عبد اللہ درخواستی رحمۃ اللہ علیہ
قطب الاقطاب حضرت مولانا محمد عبد اللہ بہلوی رحمۃ اللہ علیہ
امام اہلسنت حضرت مفتی احمد الرحمٰن صاحب رحمۃ اللہ علیہ
امام اہلسنت محدث اعظم غزالی ءدوراں حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر رحمۃ اللہ علیہ
شہید ختم نبوت حضرت مولانا مفتی سعید احمد جلالپوری رحمۃ اللہ علیہ

روشن ہے آفتاب کی نسبت چراغ سے
نسبت وہی ہے آپ میں اور آفتاب میں

مصنف کا مختصر سوانحی خاکہ

از مولانا محمد اسماعیل یوسف صاحب

ناظم تعلیمات جامعہ معارف اسلامیہ کراچی

ولادت:

مفسر قرآن مولانا عبدالقیوم قاسمی صاحب جنوبی پنجاب کے ضلع لودھراں میں ملک اللہ دتہ مرحوم کے گھر ۱۹۶۹ء میں پیدا ہوئے، آپ کی والدہ نے اپنے علاقے کے ایک بزرگ عالم دین کے نام پر آپ کا نام "عبدالقیوم" رکھا۔ خاندان کے دیگر لوگوں کی طرح آپ کے والد محترم بھی کاشت کاری سے منسلک تھے اور یہی ذریعہ معاش تھا۔

آپ اپنے خاندان کے پہلے فرد ہیں کہ جنہیں اللہ تعالیٰ نے علم دین کی دولت سے سرفراز فرمایا، آپ سے پہلے آپ کے خاندان میں کوئی عالم دین نہیں تھا، اب الحمدللہ آپ کی محنت اور کوشش سے نہ صرف آپ کے خاندان بلکہ علاقہ بھر کے بہت سے بچے حافظ قرآن بنے اور درس نظامی کی تکمیل کی۔

اگرچہ آپ سے قبل آپ کے خاندان میں کوئی عالم دین نہیں تھا مگر مسلکی وابستگی شروع ہی سے علماء دیو بند سے رہی ہے۔

تعلیم:

آپ کے والد محترم نے اپنی ذاتی زمین میں سے کچھ حصہ وقف کر کے وہاں **جامعہ قادریہ** کے نام سے ایک دینی ادارے کی بنیاد رکھی تھی، آپ نے ابتدائی تعلیم اسی ادارے سے حاصل کی، میٹرک بہاولپور بورڈ سے کیا اور فاضل عربی کا امتحان بھی بہاولپور بورڈ سے دیا۔

درس نظامی:

درس نظامی کی ابتداء دارالعلوم کریمیہ ضلع لودھراں سے ہوئی، ضلع لودھراں سے تعلق رکھنے والے استاذ العلماء جامع المعقول والمنقول استاذ الاساتذہ حال شیخ الحدیث جامعہ انوار القرآن نارتھ کراچی حضرت العلام مولانا غلام مصطفیٰ صاحب دامت برکاتہم العالیہ (خلیفہ مجاز محقق العصر مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہیدؒ) سے اکثر بنیادی کتب پڑھیں اور اس علمی سفر میں اپنے عزیز اور مشفق استاذ کی بھرپور سرپرستی حاصل رہی۔ باہمی عقیدت واحترام اور شفقت کا یہ تعلق آج بھی برقرار ہے، آپ کی تمام تر علمی ترقی اور دینی خدمات دراصل حضرت الاستاذ ہی کا فیض ہے جو کہ

جاری اور ساری ہے اور انشاء اللہ العزیز جاری ہی رہے گا۔

دارالعلوم کریمیہ سے شروع ہونیوالے اس سفر کا اختتام ۱۹۸۹ء میں والدین کی دعاؤں اور اور اساتذہ کی شفقتوں سے ایشیاء کی عظیم اسلامی یونیورسٹی، عالمی شہرت کی حامل دینی درس گاہ ''جامعہ خیر المدارس'' ملتان سے ہوا۔ جس کی بنیاد حکیم الامت مولانا محمد اشرف علی تھانویؒ کے خلیفہ اجل مولانا خیر محمد جالندھریؒ نے رکھی تھی۔

اساتذہ کرام:

علم دین اور بالخصوص علم حدیث میں ایک بنیادی چیز ''سند'' ہے۔ یعنی وہ واسطے جن کے ذریعے انسان کی سند نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچتی ہے۔ اس لئے اسلاف کے ہاں اس بات کی بڑی اہمیت تھی کہ وہ ہر کس و ناکس کو استاذ نہیں بناتے تھے، چنانچہ آپ نے شیخ الحدیث مولانا غلام مصطفیٰ صاحب دامت برکاتہم العالیہ کے علاوہ اپنے دور کے جن ماہرین فن اور جبال العلم حضرات کے سامنے زانوئے تلمذ طے کیا اور ان کے چشمہ علم سے سیراب ہوئے ان میں سے چند نام درج ذیل ہیں:

- امام اہلسنت حامل علوم المتقد مین والمتاخرین، غزالی زماں حضرت العلام مولانا محمد سرفراز خان صفدر صاحبؒ
- شیخ المعقول والمنقول شیخ الحدیث مولانا محمد شریف کشمیری صاحب رحمۃ اللہ علیہ
- فقیہ العصر حضرت اقدس مفتی عبدالستار صاحب رحمۃ اللہ علیہ
- استاذ الاساتذہ حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد صدیق صاحب رحمۃ اللہ علیہ
- حکیم العصر مولانا عبدالمجید لدھیانوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ
- امام المعقول والمنقول حضرت مولانا محمد یاسین صابر صاحب رحمۃ اللہ علیہ
- جامع المعقول والمنقول مولانا حضرت مولانا شبیر الحق کشمیری صاحب رحمۃ اللہ علیہ
- خطیب اسلام مولانا عبدالشکور دین پوری صاحب رحمۃ اللہ علیہ
- ترجمان مدارس دینیہ حضرت مولانا قاری محمد حنیف جالندھری صاحب دامت برکاتہم العالیہ

آپ اپنے اساتذہ میں سب سے زیادہ امام اہلسنت مولانا محمد سرفراز خان صفدر صاحب سے متاثر ہیں، آپ کے افکار ونظریات پر ان کی تعلیمات کی گہری چھاپ ہے، اختلافی مسائل میں ان کی تحقیق کو حرف آخر سمجھتے ہیں۔

علمی خدمات:

آپ اہل سنت والجماعت کے نظریات کے ترجمان اور اکابرین اہل سنت کے افکار کے امین ادارے ”جامعہ معارف اسلامیہ بلدیہ ٹاؤن کراچی“ کے بانی اور مدیر ہیں۔ جس کی بنیاد آپ کے شیخ و مرشد محقق العصر شہید اسلام مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ نے رکھی تھی۔

آپ برسہا برس سے تفسیر وحدیث کی تدریس وابستہ ہیں بالخصوص علم تفسیر کے ساتھ آپ کو خصوصی لگاؤ ہے، اور یہی آپ کی زندگی کا اوڑھنا بچھونا ہے۔ اپنے محبوب استاذ کی پیروی میں انہی کی طرز پر سالانہ تعطیلات میں پوری دلجمعی کے ساتھ ”دورہ تفسیر القرآن الکریم“ پڑھاتے ہیں، اور یہ سلسلہ بیس برس سے جاری وساری ہے۔ دو دہائیوں سے جاری اس سلسلے سے اب تک طلبہ، طالبات اور عوام الناس کی ایک بہت بڑی تعداد مستفید ہو چکی ہے، اندرون اور بیرون ملک کے طلبہ نے بھی اس حوالے سے آپ کی ذات سے استفادہ کیا ہے۔

آپ کے تفسیری ذوق کا صحیح اندازہ آپ کی تصنیف شدہ تفسیر ”معارف الفرقان“ سے کیا جاسکتا ہے، جو تفاسیر کے ہزاروں صفحات کا عطر، نچوڑ اور خلاصہ ہے۔ اور حقیقت یہ ہے کہ ”دریا بکوزہ“ کا حقیقی مصداق ہے۔

اس عظیم علمی مجموعے کی بنیادی خاصیت اور امتیازی وصف یہ ہے کہ اس میں اہلسنت والجماعت کے منہج کو سامنے رکھتے ہوئے باطل فرقوں کی تردید کی گئی ہے۔ آیات قرآنیہ سے ان باطل فرقوں کے غلط استدلال کا بطلان اور بے بنیاد اشکالات کے تحقیقی اور مسکت جوابات دیئے گئے ہیں۔ اور اس کے اکثر حصے کی نظر ثانی اور تصحیح کا کام حرمین شریفین کے مبارک ماحول میں کیا گیا ہے۔

آپ ”خانقاہ شیخ زکریا“ کے نگران بھی ہیں، جہاں ہفت وار اصلاحی مجالس منعقد ہوتی ہیں اور آپ کے مریدین ومتعلقین شرکت کرتے ہیں۔

بیعت سلوک واجازت وخلافت:

آپ نے سب سے پہلے اصلاحی تعلق پیر طریقت مولانا غلام حبیب نقشبندیؒ کے خلیفہ مجاز مولانا نعیم اللہ فاروقی صاحب دامت برکاتہم سے قائم کیا۔ مگر ۱۹۹۴ء میں کراچی منتقل ہونے کے بعد دوری کی وجہ سے شیخ سے رابطے میں تسلسل قائم نہ رہ سکا، چنانچہ آپ نے حکیم العصر شہید اسلام مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہیدؒ کے دست حق پرست پر بیعت کی، ان کی شہادت کے بعد ان کے علمی جانشین اور خلیفہ مجاز حضرت مولانا مفتی سعید احمد جلالپوریؒ سے تجدید بیعت

کی ۔اور قطب الارشاد حضرت مولانا محمد عبداللہ بہلوی ؒ کے خلیفہ مجاز حضرت الحاج محمد حسین صاحب ؒ (ککرے والاشجاع آباد) سے ذکر واذکار کا بھی تعلق رہا، جوان کی وفات تک جاری رہا، ان کی وفات کے بعد محبوب العلماء والصلحاء شفیق الامہ حضرت اقدس پیر محمد عزیز الرحمٰن ہزاروی صاحب نوراللہ مرقدہ سے بیعت ہوئے اور خرقہ خلافت حاصل کیا۔

نیز صوفی محمد اقبال صاحب ؒ کے خلیفہ مجاز حضرت پروفیسر ملک غلام محمد صاحب دامت برکاتہم سمیت کئی اور اکابر کی طرف سے بھی خرقہ خلافت واجازت حاصل ہے۔اللہ تعالیٰ ہم سب کو ان اکابر کی برکات نصیب فرمائے

اولاد:

آپ نے دوشادیاں کیں جن سے آپ کی اولاد تین بیٹیوں اور پانچ بیٹوں پر مشتمل ہے، ایک بیٹی بچپن میں ہی فوت ہوگئی تھی جبکہ آپ کے بڑے صاحبزادے قاری عمر فاروق صاحب ۹ فروری ۲۰۱۹ء اکواٹھائیس برس کی عمر میں عین عالم شباب میں داغ مفارقت دے گئے۔آپ کا پورا گھرانہ اور تمام اولاد خدمت دین سے وابستہ ہے ایک بیٹے کے سوا سبھی بچے حافظ قرآن ہیں ایک بیٹا اور دو بیٹیاں درس نظامی کی تکمیل کر چکے ہیں اور جبکہ باقی کر رہے ہیں۔

تصنیفات:

(۱) تفسیر معارف الفرقان،۶ جلد (۲) معارف المفاتیح شرح مشکوۃ المصابیح ،زیر ترتیب (۳) معاف الصرف شرح ارشادالصرف (۴) حاشیہ فارسی ارشادالصرف یعنی اعزازالصرف (۵) معارف التیسیر شرح نحومیر (۶) مخزن المرجان فی خلاصۃ القرآن (۷) تذکرہ حبیب کبریاء صلی اللہ علیہ وسلم (۸) نماز مسنون۔ بچوں کے لئے (۹) معارف الطالبین۔ بچوں کے لئے عقائد کی کتاب (۱۰) معارف الصالحین (۱۱) فضائل درود شریف (۱۲) ترجمہ معارف التبیان فی رموز آیات القرآن (۱۳) ملفوظات امام اہلسنت ؒ (۱۴) آسان مضامین قرآن (۱۵) مجموعہ رسائل علماء ہند (۱۶) مکمل ابواب الصرف۔

ترجمہ "**معارف التبیان**" کی چند نمایاں خصوصیات:

بقول مفکر اسلام امام اہلسنت علامہ ڈاکٹر خالد محمود صاحب نور اللہ مرقدہ

"قرآن کریم ایک معجز کتاب ہے، اس کتاب کی زبان بھی ایک امتیازی شان رکھتی ہے، یہ کتاب کسی دوسری زبان کا لباس نہیں پہن سکتی، کیونکہ یہ کتاب لفظاً بھی معجزہ ہے۔ اور ترجمے کے الفاظ خدا کے نہیں ہوں گے البتہ ترجمہ جائز ہے"۔

اردو داں طبقے کی قرآن فہمی کے لئے قرآن پاک کا اردو ترجمہ کرنے والے حضرات کی فہرست بہت طویل ہے، جن میں اہل حق کے تراجم کے علاوہ دیگر مکاتب فکر کے تراجم بھی موجود ہیں۔ اہل حق کے چند تراجم مرور زمانہ کے بعد زبان و بیان کا اسلوب بدلنے کی وجہ سے عوام کے لئے کافی حد تک مشکل ثابت ہو رہے تھے، ان تراجم کی تسہیل کا کام مختلف صاحب علم حضرات کر رہے ہیں اور ہو بھی چکا ہے۔ حضرت استاذ صاحب نے بھی اپنی تفسیر کی تکمیل کے بعد اللہ پاک کے خاص فضل و کرم سے "**معارف التبیان فی رموز آیات القرآن**" کے نام سے اپنے اکابر کے تراجم کی روشنی میں ترجمہ کرنے کی سعادت حاصل کر لی، یہ ترجمہ زیادہ تر تحت اللفظ ہونے کے باوجود واضح اور بامطلب ہے۔ اور علمی دقائق کے بجائے اصل حقیقت سے روشناس کرانے کا منظر پیش کرتا ہے تا کہ عام مسلمانوں کے فہم میں بھی آسانی سے آسکے۔ اس کے ساتھ ساتھ زبان کے تسلسل کو بھی برقرار رکھا گیا ہے اور ہر آیت یا اس کے درمیان ترجمہ کے اوپر عنوان قائم کیا ہے۔ اس ترجمے کی مدد اور عنوان کے ذریعے قرآن مجید کے مضامین کو سمجھنا اور ذہن نشین کرنا بے حد آسان ہے، اور اس کے ساتھ چند مقامات پر حواشی بھی لکھے گئے ہیں جن میں فرق باطلہ کے غلط تلبیسی عقائد و نظریات کی تردید اور مسلک حقہ کی مدلل نشاندہی کی ہے اور کہیں کہیں ہلکی پھلکی صرفی، نحوی باتیں بھی درج ہیں جو علماء و طلبہ کے لئے فائدے سے خالی نہیں ہیں۔

کسی بھی کتاب کو لکھنے کی غرض اور مقاصد کو سمجھنے کے لئے اس کا مقدمہ سمجھنا نہایت ہی ضروری ہوتا ہے جس سے کتاب کا اسلوب اور طرز سمجھا جا سکتا ہے۔ چنانچہ استاذ محترم نے بھی اپنے اس ترجمے سے قبل اصول تفسیر پر ایک مختصر، بصیرت افروز مقدمہ تحریر فرمایا ہے۔

اور اس کے علاوہ ہر سورت کی ابتداء میں اس کے مکمل کوائف کا اندراج یعنی اس کا مکی یا مدنی ہونا، ترتیب تلاوت اور ترتیب نزول کے اعتبار سے اس کا نمبر، اس کے رکوعات کی تعداد کا اہتمام بھی قابل دید ہے۔

اصول تفسیر پر ھدایۃ القاری

عقائد باطلبہ کے اصلاح کے لیے ابتدا تین قسم کے دلائل :
(۱) دلیل عقلی تحقیقی، مثال سورۃ بقرہ آیت نمبر ۲۱، ۲۲ ص ۷ (۲) عقلی الزامی، مثال یونس آیت نمبر ۳۱ ص ۲۲۱ (۳) نقلی، پھر اس کی تین قسمیں ہیں۔ (۱) دلیل نقلی از کتب سابقہ مثال سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر ۲ ص ۲۹۱۔ (۲) دلیل نقلی از اہل کتاب، مثال سورۃ بقرہ آیت ۱۲۱ ص ۲۲ (۳) دلیل نقلی از وحی خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم مثال، سورۃ مؤمن آیت نمبر ۶۶ ص ۴۸۳۔ اصلاح عقائد باطلہ کا نام بصورت دیگر علم مخاصمہ ہے۔

علم مخاصمہ کی دو قسمیں ہیں۔ قسم اول کی مثال سورۃ کہف آیت نمبر ۴، ۵ ص ۳۰۲۔ قسم دوم کی مثال سورۃ زخرف آیت نمبر ۲۰ ص ۴۹۹۔

علم مناظرہ کے ثبوت پر دو دلائل (۱) سورۃ بقرہ آیت نمبر ۲۵۸ ص ۴۹ (۲) سورۃ انبیاء آیت نمبر ۵۲ ص ۳۳۵۔

نہ ماننے پر دلیل سورۃ انبیاء آیت ۶۸ ص ۳۳۶۔ اصلاح اعمال فاسدہ یعنی علم الاحکام۔

اصلاح غفلۃ اللہ عن اللہ کی دو قسمیں :(۱) تخویف (۲) تبشیر۔ پھر تخویف کی دو قسمیں ہیں (۱) دنیوی۔ مثال سورۃ مریم آیت نمبر ۹۸ ص ۳۲۱ (۲) اخروی مثال۔ سورۃ مریم آیت نمبر ۸۶ ص ۳۲۰۔ اس کو تذکیر بایام اللہ اور بما بعد الموت بھی کہتے ہیں۔ پھر تبشیر کی دو قسمیں ہیں (۱) دنیوی، مثال سورۃ نصر آیت نمبر ۱ ص ۶۱۵ (۲) اخروی، مثال سورۃ کہف آیت نمبر ۱۰۷ ص ۳۱۳۔ اس کو تذکیر بالآء اللہ کہتے ہیں۔ شکایات منکرین یہ بھی علم المخاصمہ کی قسمیں ہیں۔ مثال، سورۃ ملک آیت نمبر ۲۵، ۲۶ ص ۵۷۴، ۵۷۵۔ تعلیم کے لیے تنبیہ و تادیت چار قسمیں (۱) سابقہ انبیاء کرام مثال سورۃ ہود آیت ۴۶ ص ۲۳۵ (۲) تنبیہ خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم مثال، سورۃ توبہ آیت ۴۳ ص ۲۰۳ (۳) تنبیہ مؤمنین مثال، سورۃ آل عمران آیت ۱۱۹ ص ۷۲ (۴) تنبیہ کفار مثال، سورۃ علق آیت ۹، ۱۰ ص ۶۱۰۔ تسلی کی مثال، سورۃ فاطر آیت ۴ ص ۴۴۳۔ تسلی مؤمنین سورۃ آل عمران آیت ۱۴۰ ص ۸۷ میں دیکھیں۔

مسائل (۱) عدم فاتحہ خلف الامام پر دلائل: قال۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ انها نزلت فی الصلوۃ المفروضۃ۔ درج ذیل صحابہ رض و تابعین سے مروی ہے عبداللہ بن مسعود رض۔ عبداللہ بن مغفل رض۔ ابوہریرہ رض۔ مجاہد رح۔ نخعی رح، قتادہ رح وغیرھم ابن کثیر۔ امام احمد بن حنبل رح کا قول اَجمعَ الناسُ علی انها نزلت فی الصلوۃ۔ یہی قول علامہ ابن تیمیہ رح اور علامہ ابن قدامہ رح نے نقل کیا ہے۔ عن ابی موسٰی اشعری رض فاذا کبر فکبروا واذا قرأ فَاَنْصِتُوْا۔ مسلم باب التشہد، وقال مسلم انّما وضعتُ ھٰھنا ما اَجْمَعُوا علیہ۔

عن ابوھریرہ رضی اللہ عنہ فاذا کبر فکبروا واذا قرأ فانصتوا، نسائی۔ وقال الامام مسلم رح ھو عندی صحیح ص ۱۷۴ ج ۱۔ قرأۃ خلف الامام کی ممانعت اسی صحابہ کرام رض سے ہے۔ شامی۔ تخصیص پر دو دلائل (۱) ءَاَمِنْتُمْ مَنْ فِی السمآء (ملک ۱۶)

(۲) انما ھلك من کان قبلکم بخاری ۳۱۰ ج ۲۔ غیر مقلدین کی دلیل کا معنٰی۔ امام احمد بن حنبل رح نے فرمایا : معنٰی۔ قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم لاصلوۃ لِمَنْ لم یقرأ بفاتحۃ الکتاب اذا کان وحدہٗ۔ ترمذی ۴۲ ج ۱۔ امام ابوداؤد نے سفیان بن عیینہ سے نقل کیا ہے لمن یصلی وحدہ۔ ابوداؤد ص ۱۲۶ ج ۱۔ کی زیادتی موجود ہے فصاعدًا۔ اعتراض امام معمر متفرد ہے جواب معمر بالاتفاق ثقہ ثبت حجۃ ہیں۔ امام حاکم، امام بخاری فرماتے ہیں ثقہ کی زیادتی مقبول ہے اور امام زہری کے تلامذہ میں ہے سب سے زیادہ قابل اعتماد ہیں۔ اور سفیان بن عیینہ سے زیادتی مروی ہے۔ ابوسعید خدری سے ما تیسر کی زیادت مروی ہے۔ فتح الباری میں ہے اس کی سند صحیح ہے۔ ابوہریرہ رض سے بھی یہی زیادتی مروی ہے۔ (۲) آمین بالجہر پر غیر مقلدین کی دلیل : ترك الناس التامین۔ ابوہریرہ رض کا وصال ۵۷، ۵۸، ۵۹ھ۔ صحابہ ۹۰ھ یا ۱۱۰ھ تک موجود تھے۔ احناف کی دلیل (۱) اُدْعُوْا رَبَّکُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْیَۃً اِنَّہٗ لَا یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ (اعراف ۵۵) (۲) اِذْ نَادٰی رَبَّہٗ نِدَآءً خَفِیًّا (مریم ۳) وَاذْکُرْ رَبَّكَ فِی نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَخِیفَۃً۔ آخری عمل اخفا کا ہے حضرت عمر رض حضرت علی رض ابن مسعود رض اور جمہور صحابہ اور تابعین نے اختیار کیا ہے۔

سند ترجمہ و تفسیر قرآن کریم

عبد القیوم القاسمی عن الشیخ ابو الزاھد محمد سرفراز خان صفدر عن الشیخ حسین علی (واں بھچرانوی) عن الشیخ محمد مظہر النانوتوی عن الشیخ الشاہ محمد اسحاق الدھلوی عن الشیخ الشاہ عبد العزیز المحدث الدھلوی عن الشیخ الشاہ ولی المحدث الدھلوی الخ

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ محمد و علی آلہ و اصحابہ و اتباعہ اجمعین

عبد القیوم قاسمی

مدیر مدرسہ معارف اسلامیہ، جامع مسجد غانم بن عبد الرحمن آل ثانی، خانقاہ شیخ زکریاؒ

سیکٹر ایٹ ڈی سعید آباد بلدیہ ٹاؤن کراچی

۱۶۔۱۲۔۲۰۱۴ء

تیسرا ایڈیشن بتاریخ ۱۰ فروری ۲۰۲۰ء کو مکمل ہوا

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ

ترتیب تلاوت ① ترتیب نزول ⑤

آیاتها ۷ رکوعها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

موضوع سورۃ: تعلیم المسئلہ۔

اصلاح عقائد باطلہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ① الرَّحْمٰنِ

توحید۔ عظمت وجلالت کا اعتراف۔ اول تا آخر علم الخاصمہ۔ تصرف باری تعالیٰ

سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو پرورش کرنے والا ہے سب جہانوں کا۔ بے حد مہربان

(۱) سوال مقدر کا جواب نمبرا

الرَّحِیْمِ ۙ② مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ؕ③ اِیَّاكَ

قیامت۔ نفی شفیع قہری۔ طریق اصلاح غفلۃ عن اللہ

نہایت رحم والا ہے۔ مالک ہے روز جزاء کا ۔ (اے اللہ) آپ ہی کی

جماعت کی شمولیت نمبر ۲ تواضع نمبر ۳ توقع قبولیت

نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ؕ④ اِهْدِنَا

(۱) عبدیت۔ طریق اصلاح اعمال فاسدہ۔ اظہار مطلب۔

ہم عبادت کرتے ہیں۔ اور آپ ہی سے مدد طلب کرتے ہیں۔ ہمیں چلاتے رہنا

الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۙ⑤ صِرَاطَ الَّذِیْنَ

رسالت۔ اجمالاً منعمین کا بیان

سیدھے راستے پر ۔ ان لوگوں کے راستے پر

اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ۙ۬⑥ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ

(۲) مردود دین الٰہی۔ ا۔

جن پر آپ نے فضل فرمایا۔ نہ ان لوگوں کا راستہ دکھا

ع ۱ عَلَیْهِمْ وَ لَا الضَّآلِّیْنَ ؑ⑦

۔۲۔

جن پر تیرا غصہ ہوا اور نہ گمراہوں کا

(۲) مرزا قادیانی نے اپنی نبوت پر اس آیت اور سورۃ مائدہ کی آیت ۲۰ سے استدلال کیا ہے؟ دیکھیں ص ۱۲۰۔ (ج) سورۃ بقرہ آیت نمبر ۱۲۳ ص ۴۲۔ اور سورۃ آل عمران آیت نمبر ۱۰۳ ص ۷۰۔ اور سورۃ مائدہ آیت ۱۱۰ ص ۱۳۵۔ اور سورۃ انعام آیت نمبر ۱۲۴ ص ۱۵۲، اور اس کے علاوہ یہی سورۃ انعام آیت ۱۵۳ ص ۱۵۷، اور سورۃ احزاب آیت نمبر ۲۱ ص ۴۲۹ اور یہی سورۃ احزاب آیت ۳۷ ص ۴۳۲۔ دیکھیں

خلاصہ سورۃ: اس سورۃ میں ۴۰ رکوع ہیں۔ ا تا ۱۸ تک یہود کو دعوت الی الکتاب بطرز علم مناظرہ و مخاصمہ پھر ۱۸ تا ۱۹، تہذیب اخلاق پھر ۱۹ سے ۲۳ تک تدبیر منزل۔ ۲۳ تا ۳۱۔ سیاست مدنی جس میں ملک گیری اور ملک داری کی تفصیلات کا بیان ہے پھر ۳۱ تا ۴۰ خلافت کبریٰ کا بیان ہے۔

② سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِیَّةٌ (۸۷) ترتیب نزول

آیاتھا ۲۸۶ — رکوعاتھا ۴۰

موضوع سورۃ: اصلاح یہود اور مؤمنین کے لیے احکام ضروریہ کا بیان۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓمّٓ ① ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَیْبَ فِیْهِ

کمال لفظی — صداقت قرآن۔ کمال معنوی

الم۔ یہ کتاب (عظیم) ہے، اس میں کچھ شک نہیں

هُدًى لِّلْمُتَّقِیْنَ ② الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ

مستفیدین من القرآن۔ کمال تاثیری۔ مؤمنین کے صفات۔ نمبرا۔ ایمان۔

راہنمائی ہے پرہیزگاروں کے لیے۔ جو ایمان لاتے ہیں

بِالْغَیْبِ وَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ مِمَّا

ماغاب عن الخلوق (۱) ۔۲۔ حسن اعمال ۔۳۔ حسن اخلاق

بن دیکھی چیزوں پر۔ اور وہ قائم کرتے ہیں نماز کو۔ اور کچھ اس میں سے

رَزَقْنٰهُمْ یُنْفِقُوْنَ ③ وَ الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ

(۲) منصفین اہل کتاب کے فضائل وصفات۔ ا۔ نمبر ۴

جو ہم نے ان کو رزق دیا ہے خرچ کرتے ہیں۔ اور وہ لوگ جو ایمان رکھتے ہیں

بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْكَ وَ مَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ

(۳) اس چیز پر، جو اتاری گئی آپ کی طرف، اور اس چیز پر جو آپ سے پہلے اتاری گئی ہے

وَ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ یُوْقِنُوْنَ ④

۔۲۔ نمبر ۵

اور آخرت پر وہ یقین رکھتے ہیں۔

(۱) اھل قبلہ کون ہیں؟ ضمیمہ ص ۶۱۸ (۲) تیجہ ساتویں پر استدلال کا رد ضمیمہ ۶۱۹ میں دیکھیں۔

(۳) اوپر "یؤمنون بالغیب" میں اجمالاً اقرار شہادتین کا ذکر تھا جو اسلام کے یکے بعد دیگرے اسلام کے دو رکن ہیں، یہاں سے تیسرے رکن ایمان بالقرآن کا ذکر ہے۔ سابقہ کتب کی بھی وحی پر اجمالاً ایمان لانا ضروری ہے اور قرآن پر تفصیلاً ایمان لانا ناضروری ہے۔

معانقہ (۱) قرآن عربی زبان میں نازل ہوا ہے (۲) قرآن اللہ تعالیٰ کا کلام ہے (۳) قرآن اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب ہے (۴) قرآن کا کوئی حصہ ضائع نہیں ہوا (۵) آپ نے جس ترتیب سے امت کو دیا اسی ترتیب پر آج ہمارے سامنے موجود ہے (۶) امت کے ہاتھوں میں آج تک ہر قسم کی کمی بیشی سے محفوظ ہے (۷) یہ قرآن ہر قسم کے شکوک و شبہات سے پاک ہے۔ اس پر پانچ دلائل ملاحظہ فرمائیں دلیل نمبر ۱: یہی آیت جس میں وحی کو دو طرح الگ الگ ذکر کیا ہے۔ دلیل نمبر ۲: یہی سورۃ بقرہ آیت ۱۳۶ ص ۲۴ دیکھیں

(۴) معنی ختم نبوت خاتم الانبیاء کا بیان۔ اس پر سر دست آٹھ دلائل حاضر خدمت ہیں۔ دلیل نمبرا یہی آیت کریمہ ہے وہ اس طرح کہ اللہ تعالیٰ نے دنیا کی سیدھی اور آخرت کی فلاح دو قسم کی وحی پر ایمان لانے سے وابستہ کی ہے جیسا کہ آیت میں واضح ہے اور وحی کا کوئی تیسرا فرد نہیں جس پر ایمان لانے کا ہم سے مطالبہ کیا گیا ہو اور نہ ہم اس کے مکلف ہیں۔ جب آپ کے بعد کوئی وحی نہیں تو اب نہ کوئی نئی شریعت والا اور نہ کوئی تابع شریعت محمدی نبی پیدا ہوگا۔ اب قیامت تک وحی بند ہے اور "آخرت" سے مراد مرنے کے بعد پھر اٹھنے پر ایمان لانا ہے۔ یہی ابن عباسؓ سے منقول ہے۔ تفسیر ابن جریر۔ مرزا ملفوظات میں اور حکیم نور الدین بھیروی ضمیمہ بدر ۴۔ فروری ۱۹۰۹ء میں بھی یہی ترجمہ کرتے ہیں۔ مرزا محمود کہتا ہے کہ آخرت سے اس وحی کا ذکر ہے جو پیچھے آنے والی ہے۔ (حاشیہ ترجمہ قرآن طبع ۱۹۱۵ء) جواب سورۃ نساء آیت نمبر ۱۳۶ ص ۱۰۹ میں دیکھیں۔ اور دلیل نمبر ۲ سورۃ آل عمران آیت نمبر ۸۱ ص ۶۷ میں دیکھیں۔

أُولَٰٓئِكَ عَلَىٰ هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ ۖ وَأُولَٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝٥ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ

نتیجہ دنیوی — نتیجہ اخروی — محرومین عن القرآن (۱)

یہی لوگ ہدایت پر ہیں اپنے رب کی طرف سے اور یہی لوگ نجات پانے والے ہیں۔ بے شک جو لوگ کفر اختیار کر چکے برابر ہے ان پر

ءَأَنذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ۝٦ خَتَمَ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ وَعَلَىٰ سَمْعِهِمْ ۖ وَعَلَىٰٓ أَبْصَٰرِهِمْ

(۲) قرآن سے محرومین کی کیفیت

کہ آپ ان کو ڈرائیں یا نہ ڈرائیں وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ اللہ نے مہر لگادی ان کے دلوں پر اور ان کے کانوں پر اور ان کی آنکھوں پر

غِشَٰوَةٌ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝٧ ع

عذاب اخروی

پردہ ہے اور ان کے لیے عذاب ہے بڑا۔

وَمِنَ النَّاسِ مَن يَقُولُ ءَامَنَّا بِاللَّهِ وَبِالْيَوْمِ الْءَاخِرِ وَمَا هُم بِمُؤْمِنِينَ ۝٨ يُخَٰدِعُونَ اللَّهَ

امراض منافقین۔ ۱۔ (۳) — مرض۔ ۲۔ دھوکہ سمجھانے کی مثال

اور کچھ لوگوں میں سے وہ ہیں جو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے اللہ پر اور قیامت کے دن پر حالانکہ وہ ایماندار نہیں۔ دھوکہ دیتے ہیں اللہ تعالیٰ کو

وَالَّذِينَ ءَامَنُوا وَمَا يَخْدَعُونَ إِلَّآ أَنفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُونَ ۝٩ فِى قُلُوبِهِم مَّرَضٌ فَزَادَ

۔۲۔ من یطع الرسول فقد اطاع اللہ — مرض نمبر ۳ — عذاب

اور ایمانداروں کو اور وہ نہیں دھوکہ دیتے مگر اپنے آپ کو اور وہ سمجھتے نہیں۔ ان کے دلوں میں بیماری ہے پھر بڑھا دی

هُمُ اللَّهُ مَرَضًا ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌۢ بِمَا كَانُوا يَكْذِبُونَ ۝١٠ وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوا فِى

دنیوی — عذاب اخروی (ایں جا انار قندھار کجا است) — سبب عذاب — مرض ۴

ان کی اللہ نے بیماری اور ان کے لیے عذاب ہے درد ناک اس لیے کہ وہ جھوٹ کہتے تھے۔ اور جب کہا جاتا انہیں نہ فساد ڈالو

الْأَرْضِ قَالُوٓا إِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُونَ ۝١١ أَلَآ إِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُونَ وَلَٰكِن لَّا يَشْعُرُونَ ۝١٢ وَإِذَا

منافقین کا دعویٰ اصلاح ۔ — منافقین کا دعویٰ اصلاح کا رد بلیغ۔ — منافقین کی جہالت شعوری۔ — منافقین

زمین میں تو کہتے ہیں کہ ہم ہی تو اصلاح کرنے والے ہیں۔ آگاہ رہو بیشک وہی لوگ فساد کرنے والے ہیں لیکن وہ سمجھتے نہیں ہیں۔ اور جب

قِيلَ لَهُمْ ءَامِنُوا كَمَآ ءَامَنَ النَّاسُ قَالُوٓا أَنُؤْمِنُ كَمَآ ءَامَنَ السُّفَهَآءُ ۗ أَلَآ إِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ

کے لیے ترغیب ایمان۔ — نمونہ ایمان — جواب منافقین — تردید منافقین

کہا جاتا ہے انہیں کہ ایمان لاؤ جس طرح ایمان لائے ہیں لوگ تو کہتے ہیں کیا ہم ایمان لائیں جس طرح ایمان لائے ہیں بے وقوف آگاہ رہو بیشک وہی بے وقوف ہیں

وَلَٰكِن لَّا يَعْلَمُونَ ۝١٣ وَإِذَا لَقُوا الَّذِينَ ءَامَنُوا قَالُوٓا ءَامَنَّا وَإِذَا خَلَوْا إِلَىٰ شَيَٰطِينِهِمْ قَالُوٓا إِنَّا

منافقین کی جہالت علمی۔ — مرض نمبر ۵ سلوک المنافقین بالمؤمنین والکفار — دین و اعتقاد میں

لیکن وہ جانتے نہیں۔ اور جب ملتے ہیں ان لوگوں کو جو ایمان لا چکے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے ہیں اور جب اکیلے ہوتے اپنے ہی شیطانوں کے پاس تو کہتے ہیں کہ ہم

مَعَكُمْ إِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُونَ ۝١٤ اللَّهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِى طُغْيَٰنِهِمْ يَعْمَهُونَ ۝١٥

منافقین کا استہزاء۔ — جواب استہزاء — مثال: وَجَزَٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا

تمہارے ساتھ ہیں بیشک ہم تو مذاق کرنے والے ہیں۔ اللہ مذاق کرتا ہے ان سے اور مہلت دیتا ہے انہیں کہ وہ اپنی سرکشی میں حیران رہیں

أُولَٰٓئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الضَّلَٰلَةَ بِالْهُدَىٰ فَمَا رَبِحَت تِّجَٰرَتُهُمْ وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ ۝١٦ مَثَلُهُمْ

نتیجہ نفاق۔ — منافقین کے

یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے خرید اگمراہی کو ہدایت کے بدلے میں پس نہیں نفع مند ان کی (یہی) تجارت اور نہ ہوئے وہ (علم ازلی میں) ہدایت پانے والے۔ ان کی مثال

(۱) کفر پانچ قسم پر ہے نمبر ۱ کفر انکار نمبر ۲ کفر جحود نمبر ۳ کفر عناد نمبر ۴ کفر نفاق نمبر ۵ کفر زندقہ اس کو الحاد بھی کہتے ہیں۔ تفصیل سورۃ یونس آیت نمبر ۲ کے ذیل میں تفسیر معارف الفرقان میں دیکھیں

(۲) سوال مقدر کا جواب نمبر ۱ حم سجدہ آیت ۵ ص ۴۸۵ جواب نمبر ۲ رعد آیت نمبر ۱۱ ص ۲۵۹ میں دیکھیں

(۳) کفار حضرات انبیاء علیہم السلام کو اپنا جیسا بشر کہتے تھے اس لحاظ سے کہ وہ ان کی نبوت و رسالت کا انکار کرتے تھے۔ اس پر قرآن کریم میں صرف دو دلائل دلیل نمبر ۱ سورۃ ص آیت نمبر ۸ ص ۴۶۲ دیکھیں۔

(۴) تمام صحابہؓ معیار حق اور تنقید سے بالاتر اور جنتی ہیں صرف چار دلائل یاد رکھیں نمبر ۱ یہی آیت کریمہ۔ دلیل نمبر ۲ سورۃ بقرہ آیت نمبر ۱۳۷ ص ۲۵ میں دیکھیں۔ صحابہ کرامؓ کے باہمی اختلافات۔ قرآنی فیصلہ سورۃ فتح آیت نمبر ۲۹ ص ۵۲۳ میں دیکھیں

وقف لازم — ع — ۱

۱: ان الذین یبایعونک انما یبایعون اللہ

(۱) زندہ کفار سماع قبول سماع نافع سے محروم ہیں مطلق سماع سے محروم نہیں ہیں اور ان آیات سے قبر و برزخ کے مردے مراد نہیں ہیں۔ سردست تیرہ ۱۳ دلائل قرآنی آیات سے پیش خدمت ہیں۔ ان میں سے پہلی آیت یہی ہے۔ دلیل نمبر ۲ سورۃ اعراف آیت نمبر ۱۰۰ ص ۲۷۱ دیکھیں۔ (۲ف) تفسیر بالحدیث ان تری صمّا بکما عمیا ملوك الارض بخاری۔

كَمَثَلِ الَّذِي اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ فَلَمَّا أَضَاءَتْ مَا حَوْلَهُ ذَهَبَ اللَّهُ بِنُورِهِمْ وَتَرَكَهُمْ فِي

اقسام اور ان کی امثلہ نمبر ۱ پختہ منافقین۔

اس شخص کی طرح ہے جس نے آگ جلائی پھر جب آگ نے روشن کردیا اس کے آس پاس کو بجھا دی اللہ نے ان کی روشنی اور چھوڑ دیا انہیں

ظُلُمَاتٍ لَا يُبْصِرُونَ ﴿١٧﴾ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُونَ ﴿١٨﴾ أَوْ كَصَيِّبٍ مِنَ السَّمَاءِ

کیفیت (۱) (۲ف) منافقین متر ددین

اندھیروں میں وہ نہیں دیکھتے۔ وہ بہرے ہیں گونگے ہیں اندھے ہیں پس وہ نہیں لوٹتے ، یا جیسا کہ زور کی بارش آسمان سے برسے

فِيهِ ظُلُمَاتٌ وَرَعْدٌ وَبَرْقٌ يَجْعَلُونَ أَصَابِعَهُمْ فِي آذَانِهِمْ مِنَ الصَّوَاعِقِ

(گرج) (بجلی) (بادل کی کڑک سے)

اس میں اندھیرے اور گرج اور بجلی ہو وہ ڈالتے ہیں اپنی انگلیاں اپنے کانوں میں بادل کی کڑک کی وجہ سے

حَذَرَ الْمَوْتِ ۚ وَاللَّهُ مُحِيطٌ بِالْكَافِرِينَ ﴿١٩﴾ يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ أَبْصَارَهُمْ ۖ

تنبیہ منافقین۔

موت کے ڈر سے اور اللہ گھیرنے والے ہیں کافروں کو۔ قریب ہے بجلی اچک لے ان کی آنکھوں کو

كُلَّمَا أَضَاءَ لَهُمْ مَشَوْا فِيهِ وَإِذَا أَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوا ۚ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ

روشنی کرتی ہے

جب ان پر چمکتی ہے تو چلتے ہیں اس کی روشنی، میں اور جب اندھیرا چھا جاتا ہے ان پر کھڑے ہوجاتے ہیں اور اگر چاہے اللہ

لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَأَبْصَارِهِمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٢٠﴾ ع ۲/۳

ف قدرت باری تعالیٰ

تو لے جائے ان کے کان اور ان کی آنکھیں بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

يَا أَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوا رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُمْ وَالَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ﴿٢١﴾

دعویٰ توحید۔ دلیل عقلی نمبر ۱

اے لوگو عبادت کرو اپنے پروردگار کی جس نے تمہیں پیدا کیا اور ان لوگوں کو جو تم سے پہلے تھے تاکہ تم پرہیز گار بنو

الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ فِرَاشًا وَالسَّمَاءَ بِنَاءً وَأَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً

دلیل نمبر ۲۔ آفاقی۔ دلیل نمبر ۳۔ آفاقی۔ دلیل نمبر ۴۔ آفاقی تعارض سَحَابًا ثِقَالًا۔ اعراف

جس نے بنایا تمہارے لیے زمین کو بچھونا اور آسمان کو چھت اور اتارا آسمان سے پانی

فَأَخْرَجَ بِهِ مِنَ الثَّمَرَاتِ رِزْقًا لَكُمْ ۖ فَلَا تَجْعَلُوا لِلَّهِ أَنْدَادًا وَأَنْتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿٢٢﴾

ماتحت الاسباب نتیجہ۔

پھر پیدا کی اس کے ذریعہ پھلوں سے روزی تمہارے لیے۔ پس نہ بناؤ تم اللہ کے لیے شریک حالانکہ تم جانتے بھی ہو

وَإِنْ كُنْتُمْ فِي رَيْبٍ مِمَّا نَزَّلْنَا عَلَىٰ عَبْدِنَا فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِنْ مِثْلِهِ وَادْعُوا شُهَدَاءَكُمْ

(۳) اثبات رسالت خاتم الانبیاء وصداقت قرآن۔ (۴) (۵) مخالفین قرآن سے چیلنج معاونین کی اجازت (۶)

اور اگر ہو تم کسی شک میں اس چیز کے بارے جو ہم نے اتاری اپنے بندے پر تو لے آؤ کوئی ایک سورۃ اس جیسی اور بلاؤ تم اپنے حمایتوں کو

مِنْ دُونِ اللَّهِ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ﴿٢٣﴾ فَإِنْ لَمْ تَفْعَلُوا وَلَنْ تَفْعَلُوا فَاتَّقُوا

قرآن معجزہ ہے (۷) مخالفین کی بے بسی پر زمانہ ماضی میں تنبیہ مستقبل میں ہمدردی۔

جو اللہ کے سوا ہوں اگر تم سچے ہو۔ پھر اگر ایسا نہ کرسکے تم اور ہرگز نہیں کرسکو گے تم تو ڈرو

ف: ہر چیز پر قادر ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اگر چیز موجود ہو تو اس پر عدم آسکے اور اگر معدوم ہے تو اس پر وجود آسکے، اور وجود اور عدم دونوں کو قبول کرنے والی چیز کو اصطلاح میں ممکن کہا جاتا ہے اس لیے یہاں "شئی" سے مراد ممکن ہے اور اللہ تعالیٰ کا قادر ہونا بغیر کسی استثناء کے ہر ممکن پر ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مثل پر اللہ تعالیٰ قادر ہے مگر اللہ تعالیٰ نے آپ کو آخری نبی بنایا اس لیے آپ کی مثل نبی پیدا نہیں کرے گا۔ اور اللہ تعالیٰ کا شریک ناممکن ہے اس لیے کہ اللہ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا اور جس کو اللہ تعالیٰ پیدا کرے گا وہ ہمیشہ سے نہیں کیونکہ وہ مخلوق ہے وہ خالق کے مثل یا شریک کیسے ہوسکتا ہے کیونکہ مخلوق پر عدم اور زوال ہے اور اللہ تعالیٰ کی ذات واجب الوجود ہے وہ عدم اور زوال سے پاک ہے۔ یاد رکھیں اس سے اللہ تعالیٰ کی شان میں کوئی کمی بھی نہیں آسکتی کیونکہ وہ ان عوارض موت و فنا عدم یا کسی زوال کو قبول نہیں کرتا۔ واللہ علم

(فی علی) اصول کافی صفحہ ۴۱۷ جلد ۱

(۳) چھ طرق پر ثابت ہے۔ نمبر ۱ یہی آیت کریمہ صداقت قرآن سے کیونکہ صداقت قرآن اور رسالت خاتم الانبیاء دونوں لازم و ملزوم ہیں۔ نمبر ۲ معجزات خاتم الانبیاء سورۃ اسراء آیت نمبر ۱ ص ۹۱ ۲ میں دیکھیں

(۴) تمام انبیاء علیہم السلام جنس بشر تھے۔ اور اس پر چار قسم کے الفاظ قرآن کریم میں استعمال ہوئے ہیں۔ نمبر ۱ عبد نمبر ۲ بشر نمبر ۳ رجل نمبر ۴، انسان۔ لہذا ظاہری۔ باطنی۔ بیرونی۔ اندرونی ہر لحاظ سے جنس بشر سے تھے۔ اس پر "۲۲" دلائل۔ دلیل نمبر ۱ یہی آیت لفظ "عبد" اور دلیل نمبر ۲ یہی سورۃ بقرہ آیت نمبر ۱۲۹ ص ۲۳ میں دیکھیں۔ (۵) رفع تعارض۔ سورۃ ہود آیت ۱۳۔ ص ۲۳۱۔ اسراء ۸۸ ص ۳۰۰ سورہ یونس، ۳۸ ص ۲۲۲، ۲۲۱۔ میں دیکھیں نیز یاد رکھیں تاریخ شاہد ہے کہ قرآن کریم کا یہ عالمگیر چیلنج آج تک لاجواب چلا آرہا ہے اور پھر یہ چیلنج ہی نہیں اس کا جواب نہ آنے کے ساتھ ہی پیش گوئی بھی کردی گئی چنانچہ بنی اسرائیل آیت نمبر ۸۸ ص ۳۰۰ میں دیکھیں (۶) صداقت قرآن پر پانچ دلائل سے دلیل نمبر ۱ یہی آیت تحدی یعنی چیلنج کے ساتھ اور دلیل نمبر ۲، اوصاف المنزل کے ساتھ سورۃ شعراء آیت ۱۹۲۔ ص ۳۸۴ میں دیکھیں۔ ف: قرآن کریم منجانب اللہ ہونے پر چالیس دلائل: دلیل نمبر ۱: یہی آیت اور دلیل نمبر ۲: سورۃ بقرہ آیت ۹۷ ص ۱۸ (۷) معجزہ کی تعریف اور کائنات میں وقوع پذیر امور تین قسم پر ہیں (۱) وقائع عادیہ (۲) صنائع عجیبہ (۳) قدرت الٰہیہ۔ معجزہ اور کرامت پر دلائل ضمیمہ ص ۶۸۴ میں دیکھیں۔

النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۚۖ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۴﴾ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

تردید معتزلہ۔ بشارت مؤمنین۔

اس آگ سے جس کا ایندھن انسان اور پتھر ہیں جو تیار کی گئی ہے کفر کرنے والوں کے لیے۔ اور خوشخبری سنادیجئے ان لوگوں کو جو ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا

مسکن کا بیان پھلوں کا بیان

اور نیک کام کیے کہ بیشک ان کے لیے (نعمتوں کے) باغ ہیں بہتی ہیں ان کے نیچے نہریں جب بھی دیئے جائیں گے اس سے

مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ ۙ وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا ؕ وَلَهُمْ

اصحاب جنت کا مکالمہ ذائقہ مختلف ازواج کا بیان

کوئی پھل کھانے کو تو (خوشی میں) کہیں گے یہ وہی تو ہے جو ہمیں ملا تھا اس سے پہلے اور دیئے جائیں گے (پھل) اس کی ہم شکل اور ان کے لیے

فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۙ وَّهُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۵﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖٓ اَنْ يَّضْرِبَ

مچھر کی مثال پر ازالہ شبہ (حکیمانہ جواب)

اس میں عورتیں ہوں گی پاکیزہ اور وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہوں گے۔ بیشک اللہ نہیں شرماتے اس بات سے کہ وہ بیان کرے کوئی

مَثَلًا مَّا بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا ؕ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ

(۱) مستفیدین من المثال

مثال مچھر کی یا اس سے بڑھ کر پس جو لوگ ایمان لائے تو وہ جانتے ہیں کہ وہ مثال برحق ہے

رَّبِّهِمْ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَيَقُوْلُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ۘ يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا

محرومین عن المثال۔ شکوہ۔ حاکمانہ جواب۔

ان کے رب کی طرف سے اور وہ لوگ جنہوں نے کفر اختیار کیا تو وہ کہتے ہیں کس چیز کا ارادہ کیا اللہ نے اس مثال سے گمراہ کرتا ہے اس مثال سے بہتوں کو

وَّيَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا ؕ وَمَا يُضِلُّ بِهٖٓ اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ ﴿۲۶﴾ الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ

معنوی شرف فاسقین کے صفات نمبر ۱ ازالہ استعداد ایمان

اور ہدایت بخشتا ہے اس مثال سے بہتوں کو اور نہیں گمراہ کرتا اس کے ذریعہ مگر حدود سے نکلنے والوں کو۔ وہ لوگ جو توڑتے ہیں اللہ کے عہد کو

مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ ۠ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ ؕ

عہد کا ذکر آل عمران ۸۱ دیکھیں۔ صفت نمبر ۲ ازالہ استعداد فطرت صفت نمبر ۳ ازالہ استعداد عقل

اس کے پختہ باندھنے کے بعد اور کاٹتے ہیں اس کو کہ اللہ نے حکم دیا اس کے جوڑنے کا اور بگاڑ پھیلاتے ہیں زمین میں

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۲۷﴾ كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ۚ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ

نتیجہ چھ عمومی انعامات الٰہیہ نمبر ۱ یعنی قبل از پیدائش۔ ف ۱

یہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیں۔ کیسے تم انکار کرتے ہو اللہ کا حالانکہ تم بے جان تھے پھر اس نے تم کو زندہ کیا پھر مارے گا تمہیں

ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۸﴾ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۗ ثُمَّ

قبر (الوعود) ف ۲ انعامات الٰہیہ نمبر ۲ تخلیق

پھر زندہ کرے گا تمہیں پھر اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔ وہی ہے جس نے پیدا کیا ہے تمہارے لیے جو کچھ زمین میں ہے سب، پھر

اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ؕ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۲۹﴾ ع

آسمان (۲) (۳)

متوجہ ہوا آسمان کی طرف پس ٹھیک بنایا ان کو سات آسمان اور وہ ہر چیز کو خوب جانتا ہے۔

(۲) ۔لفظ ''کل'' کی تحقیق ۔ لفظ کل اپنے لغوی مفہوم کے لحاظ سے عام ہے مگر استعمال کے لحاظ سے ''کل'' اور بعض عموم و خصوص دونوں کے لیے برابر آتا ہے مگر ہر جگہ داخلی و خارجی قرائن کا محتاج ہوتا ہے ۔ خواہ استغراق حقیقی کے لیے ہو۔ یا عرفی و اضافی اور بعضیت کے لیے ہو قرینہ سے مستغنی نہیں۔ یہاں استغراق حقیقی کے لیے ہے ۔ عرفی وغیرہ کی امثلہ آگے آئیں گی ۔ (۳) اللہ کے عالم الغیب ہونے پر ۵۹ دلائل سردست پیش خدمت ہیں جہاں یہ دلائل علم غیب صرف خاصہ خداوندی پر ہیں وہی یہی دلائل خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے نفی علم غیب کلی پر بھی ہیں۔ دلیل نمبر ایک یہی آیت ہے اور دلیل نمبر ۲ سورۃ آل عمران آیت ۵۔ ص ۵۶ میں دیکھیں۔

(۱) شیعہ نے حضرت علیؓ کی توہین کی ہے ضمیمہ ص ۶۱۹ میں دیکھیں۔

ف ۱: کی تفسیر سورۃ الانعام آیت ۶۱ ۔ ۶۲ میں دیکھیں۔ موت کا مکمل معنی جب روح جسم میں نہیں آئی تھی پھر جب یہ روح جسم میں داخل ہو کر نکلی اس کو موت کہتے ہیں۔ فریق مخالف موت کے پہلے حصے کو بیان نہیں کرتا صرف دوسرا حصہ بیان کرتا ہے کیونکہ اگر وہ پورا معنی بیان کرے تو اس کا باطل عقیدہ قرآن سے ثابت نہیں ہوتا۔ اس پر صرف فی الحال ایک دلیل دیکھیں۔ سورۃ النحل آیت ۲۱ ص ۲۷۷۔ آگے بے شمار دلائل آئیں گے۔

ف ۲ بندہ جب قبر میں صحیح جواب دیتا ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آسمان سے اعلان ہوتا ہے:
فَيُنَادِيْ مُنَادٍ مِّنَ السَّمَآءِ اَنْ صَدَقَ عَبْدِيْ فَاَفْرِشُوْهُ مِنَ الْجَنَّةِ وَاَلْبِسُوْهُ مِنَ الْجَنَّةِ وَافْتَحُوْا لَهٗ بَابًا اِلَى الْجَنَّةِ۔ اور کافر ہر سوال کے جواب میں هَاهْ هَاهْ لَا اَدْرِيْ کہتا ہے پھر آسمان سے اعلان ہوتا ہے ''كَذَبَ'' پھر اس کے لیے مسلم کے سوا معاملہ کیا جاتا ہے۔ مشکوۃ ص ۲۵ ۔ ۲۶ ج ۱۔

وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّىْ جَاعِلٌ فِى الْاَرْضِ خَلِيْفَةً ؕ قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ

مکالمہ خداوندی، انعام نمبر ۳   تشریح مکالمہ (۱) قرآن کے مناسب انی خالق بشرًا من طین   استفسار ملائکہ۔

اور جب کہا آپ کے رب نے فرشتوں سے میں بنانے والا ہوں زمین میں ایک نائب   تو انہوں نے کہا کیا آپ بنائیں گے اس میں جو

يُّفْسِدُ فِيْهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَآءَ ۚ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ ؕ قَالَ اِنِّىْٓ اَعْلَمُ مَا لَا

مشاغل ملائکہ نمبرا   نمبر ۲ قلبیہ   اجمالی حاکمانہ جواب

فساد کرے اس میں اور بہائے خون کو حالانکہ ہم تسبیح بیان کرتے ہیں تیری حمد کے ساتھ اور ہم تیری عظمت بیان کرتے ہیں   فرمایا بیشک میں جانتا ہوں جو تم

تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ فَقَالَ اَنْۢبِـُٔوْنِىْ

کیفیت تعلیم آدم علیہ السلام۔ انعام نمبر ۴   (حضرت آدم کی عمر ۹۶۰ یا ایک ہزار سال تھی)   تبکیت خداوندی

نہیں جانتے۔   اور سکھلائے اس نے آدم کو نام سب چیزوں کے پھر روبرو کیا ان چیزوں کو فرشتوں کے پس فرمایا بتاؤ مجھے

بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۳۱﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّكَ

اقرار عجز وقصور ملائکہ

نام ان چیزوں کے اگر تم سچے ہو۔   انہوں نے کہا پاک ہے تیری ذات ہمیں علم نہیں ہے مگر جو کچھ آپ نے ہمیں سکھلایا بیشک

اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿۳۲﴾ قَالَ يٰٓاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۚ فَلَمَّآ اَنْۢبَاَهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۙ

مکالمہ خداوندی

تو خوب جاننے والا حکمت والا ہے۔ فرمایا اے آدم بتادو ان کو ان چیزوں کے نام پھر جب بتادیئے ان کو ان کے نام

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ اِنِّىْٓ اَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۙ وَاَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا

تفصیلی جواب

فرمایا کیا میں نے تمہیں کہا تھا تمہیں کہ بیشک میں جانتا ہوں آسمانوں اور زمین کی سب چھپی ہوئی چیزیں اور میں جانتا ہوں جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو

كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ وَكَانَ

حکم خداوندی   انعام نمبر ۵   تعمیل حکم   انکار ابلیس   (۲)

تم چھپاتے تھے۔   اور جب ہم نے کہا فرشتوں سے کہ آدم کو سجدہ کرو تو انہوں نے سجدہ کیا مگر ابلیس نے انکار کیا اور تکبر کیا اور ہوگیا

مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۴﴾ وَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَكُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ

حضرت آدم وحوا کا دارالاقامہ   انعام نمبر ۶   (۳)

کافروں سے۔   اور ہم نے کہا اے آدم رہ تو اور آپ کی بیوی جنت میں اور کھاؤ اس میں بے تکلفی سے جو چاہو اور جہاں سے

شِئْتُمَا ۪ وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۳۵﴾ فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا

پرہیز   نتیجہ بدپرہیزی (۴)   عداوت شیطان   ٥

چاہو اور نہ نزدیک جاؤ اس درخت کے کہ پھر ہو جاؤ گے تم دونوں مشقت اٹھانے والوں میں سے، پھر پھسلایا ان دونوں کو شیطان نے اس کے سبب سے تو نکلوا دیا ان دونوں کو

مِمَّا كَانَا فِيْهِ ۪ وَقُلْنَا اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِى الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ

حاکمانہ حکم خداوندی اور تکمیل معرفت عینی   قیام عارضی

(عزت وراحت سے) جس میں وہ دونوں تھے، اور ہم نے کہا تم (تینوں) اترو تم ایک دوسرے کے دشمن ہو، اور تمہارے لیے زمین میں ٹھکانا ہے

وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۳۶﴾ فَتَلَقّٰٓى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۳۷﴾

شفقت خداوندی۔ کلمات توبہ۔ سورۃ اعراف آیت نمبر ۲۳ ص ۱۶۱ میں دیکھیں

اور سامان ایک معین وقت تک، پھر حاصل کیے آدم نے اپنے رب سے چند کلمات پھر (اللہ نے) اس کی توبہ قبول فرمائی بیشک وہ توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے

(۱)
خلافت ارضی۔ مغربی جمہوریت اور اسلامی شورائیت میں فرق۔ تفصیل معارف القرآن میں دیکھیں

(۲)
ابلیس کے سجدہ نہ کرنے کی وجہ سورۃ اعراف آیت نمبر ۱۲ ص ۱۶۰ میں دیکھیں

٥
شیطان کی اظہار خیر خواہی سورۃ اعراف آیت نمبر ۲۱ وقاسمهما انى لكما لمن النصحين۔ ص ۱۶۱ میں دیکھیں۔

(۳) ف: لفظ زوج مذکر مؤنث دونوں میں مشترک ہے جیسے یہاں اور حتى تنكح زوجًا میں مذکر کے لیے ہے۔ (۴) عصمت انبیاء علیہم السلام کا تعلق چار چیزوں سے ہے نمبرا عقائد نمبر ۲ تبلیغ نمبر ۳ فتوی اور اجتہاد نمبر ۴ افعال وعادات تفصیل کے لیے معارف الفرقان دیکھیں۔ نیز خطا اجتہادی پر خوبصورت تحقیق سیرۃ المصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم (ص ۵۵۷ ج ۱ مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ دیکھیں۔

قُلْنَا اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّىْ هُدًى فَمَنْ تَبِعَ هُدَاىَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

حکیمانہ فیصلہ (۱)　نتائج مستفیدین من الہدایت　نمبرا

ہم نے کہا نیچے اتر جاؤ یہاں سے سب پھر اگر آئے تمہارے پاس میری طرف سے کوئی ہدایت پھر جو چلیں میری ہدایت پر تو نہ کوئی خوف ہوگا ان پر

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٣٨﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٣٩﴾

نمبر۲　نتائج غیر مستفیدین　نمبرا　نمبر۲

اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ اور وہ لوگ جنہوں نے کفر اختیار کیا اور جھٹلایا ہماری آیات کو وہ لوگ دوزخ والے ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں

يٰبَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِىَ الَّتِىْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَوْفُوْا بِعَهْدِىْٓ

خصوصی انعامات برائے بنی اسرائیل (۲)　(اوامر بنی اسرائیل)۔ ا۔ تذکیر نعم　امر نمبر ۲، ایفائے عہد (مائدہ آیت ۱۲ دیکھیں)

اے بنی اسرائیل یاد کرو میرے احسان جو میں نے تم پر (یعنی تمہارے آباء پر) کیے اور پورا کرو تم میرا عہد

اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ وَاِيَّاىَ فَارْهَبُوْنِ ﴿٤٠﴾ وَاٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ وَلَا

امر نمبر ۳ مقدمہ تقویٰ　امر نمبر ۴ دعوت الی القرآن　چار (نواہی)

میں پورا کروں گا تمہارا عہد اور خاص مجھ سے ڈرا کرو۔ اور ایمان لاؤ (اس کتاب پر) جو میں نے اتاری جو تصدیق کرنے والی ہے (اس کتاب کی) جو تمہارے پاس ہے اور نہ ہو جاؤ

تَكُوْنُوْٓا اَوَّلَ كَافِرٍۢ بِهٖ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِىْ ثَمَنًا قَلِيْلًا وَّاِيَّاىَ فَاتَّقُوْنِ ﴿٤١﴾ وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ

نہی۔ ا۔ از انکار قرآن　۲۔ از دین فروشی　امر۔ ۵۔ تقویٰ　نہی نمبر ۳۔ از تلبیس حق

تم پہلے (درجہ کے) انکار کرنے والے اس کے اور نہ بیچوں میری آیتوں کو تھوڑی قیمت پر اور خاص مجھ سے ڈرو۔ اور نہ ملاؤ سچ کو

بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٤٢﴾ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ

(۳)　نہی۔ ۴۔ از حق پوشی　امر۔ ۶۔ طریق اصلاح نفس علاج حب جاہ۔ امر۔ ۷۔ علاج حب مال　(۴)

جھوٹ میں، اور نہ چھپاؤ حق کو حالانکہ تم جانتے ہو۔ اور قائم کرو نماز اور دو زکوۃ اور رکوع کرو

الرّٰكِعِيْنَ ﴿٤٣﴾ اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ اَفَلَا

امر۔ ۸۔ خشوع وخضوع۔ ا۔ تنبیہ برائے بے عمل عالم　یعنی اپنی اصلاح

رکوع کرنے والوں کے ساتھ۔ کیا تم حکم کرتے ہو لوگوں کو نیکی کا اور بھول جاتے ہو اپنے آپ کو حالانکہ تم پڑھتے رہتے ہو کتاب؟ کیا پس تم نہیں

تَعْقِلُوْنَ ﴿٤٤﴾ وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِيْنَ ﴿٤٥﴾ الَّذِيْنَ

طریق استعانت نمبرا　نمبر۲　وصف

سمجھتے۔ اور مدد طلب کرو صبر اور نماز کے ذریعہ اور بیشک وہ (نماز) بھاری ہے مگر ان لوگوں پر جو عاجزی کرنے والے ہیں۔ جو

يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿٤٦﴾

خاشعین نمبرا (۵)　نمبر۲

یقین رکھتے ہیں کہ بیشک وہ ملنے والے ہیں اپنے رب سے اور بیشک وہ اس کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں

يٰبَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِىَ الَّتِىْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّىْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿٤٧﴾ وَاتَّقُوْا

خطاب برائے بنی اسرائیل　گیارہ انعامات برائے بنی اسرائیل　نعمت نمبرا　تردید

اے بنی اسرائیل یاد کرو میری نعمتوں کو جو انعام کی میں نے تم پر اور بیشک میں نے فضیلت دی تم کو جہان والوں پر۔ اور ڈرو

يَوْمًا لَّا تَجْزِىْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْئًا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا

بنی اسرائیل۔ (۶) گرفتار شدہ آدمی کے رہائی کے طرق اربعہ نمبرا　نمبر۲　نمبر۳

اس دن سے کہ نہیں کام آئے گا کوئی شخص دوسرے شخص سے کچھ بھی، اور نہ قبول کی جائے گی اس سے کوئی سفارش اور نہیں لیا جائے گا اس کی طرف سے

(۱) پہلا حکم عداوت اولاد کا تھا اب حکم ہدایت اولاد کا ہے۔
(۲) یعنی احسانات کے تقاضے پورے کرو کہ ان کا شکریہ ادا کرو وہ اوامر کی شکل میں اور نواہی کے اجتناب میں ہے۔ آخر رکوع تک احسانات کے مقصد کا ذکر ہے۔
(۳) لا یقاس علی الامور التعبدی۔ حضرت سالم بن عبید صحابی کی مجلس ایک صاحب کو چھینک آئی۔ تفصیل معارف الفرقان میں دیکھیں
(۴) نماز باجماعت پڑھنے کا حکم
(۵) ظن بمعنی یقین۔ دو، دلائل دلیل نمبر ایک یہ ہوئی اور دلیل نمبر ۲ سورۃ نور آیت ۱۲ ص ۳۶۰ میں دیکھیں

(۶) نکرہ نفی کے بعد عموم کا فائدہ دیتا ہے۔ چار مقام میں نمبرا نفی کے بعد جیسے یہاں لا تجزی الخ نمبر ۲ نہی کے بعد جیسے لا تشرکوا باللہ شیئاً۔ سورۃ نساء آیت نمبر ۳۶ ص ۹۲ نمبر ۳، استفہام کے بعد جیسے ہل من خالق غیر اللہ۔ نمبر ۴ شرط کے بعد جیسے وان یمسسك اللہ بضرٍ فلا کاشف لہ الا ھو۔ سورۃ یونس آیت نمبر ۱۰۷ ص ۲۲۹ میں دیکھیں

عَدْلٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَاِذْ نَجَّيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ

نمبر ۴ — نعمت ۔ ۲ ۔ بنی اسرائیل کی نجات

کوئی بدلہ اور نہ وہ مدد کیے جائیں گے۔ اور (یاد کرو) جب نجات دی ہم نے تمہیں فرعونیوں سے وہ چکھاتے تھے تمہیں برا عذاب

يُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ۭ وَفِىْ ذٰلِكُمْ بَلَاۤءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ﴿۴۹﴾

وہ ذبح کرتے تھے تمہارے بیٹوں کو اور زندہ چھوڑتے تھے تمہاری عورتوں کو اور اس میں تمہاری آزمائش تھی تمہارے رب کی طرف سے بڑی

وَاِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ فَاَنْجَيْنٰكُمْ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿۵۰﴾ وَاِذْ وٰعَدْنَا

نعمت نمبر ۳ ۔ فرعون وآل فرعون کی بربادی — بدن محفوظ رہا ۔ یونس ۹۲ دیکھیں — نعمت ۔ ۴ وعدہ

اور جب پھاڑ دیا ہم نے تمہارے لیے سمندر کو پھر بچا لیا ہم نے تم کو اور ڈبو دیا ہم نے فرعونیوں کو حالانکہ تم دیکھ رہے تھے۔ اور جب وعدہ لیا ہم نے

مُوْسٰٓى اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۵۱﴾ ثُمَّ عَفَوْنَا

عنایت توراۃ (اعراف ۱۴۲ میں ۳۰ راتوں کا ذکر ہے) قوم کی گمراہی (طٰہٰ ۹۷) دیکھیں — نعمت ۔ ۵ ۔

موسیٰ سے چالیس راتوں کا پھر اس کے بعد بنا لیا تم نے بچھڑا کو (معبود) حالانکہ تم اپنا نقصان کرنے والے تھے۔ پھر درگزر کیا ہم نے

عَنْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَاِذْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَالْفُرْقَانَ

اعلان معافی — علت معافی — نعمت ۔ ۶ ۔

تم سے اس کے بعد تاکہ تم شکر کرو۔ اور جب دی ہم نے موسیٰ کو کتاب اور معجزات

لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۵۳﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ

کتاب دینے کی حکمت — نعمت نمبر ۷ ۔ قوم سے موسیٰ کا مکالمہ برائے توبہ — سبب ظلم

تاکہ تم ہدایت پا جاؤ ۔ اور جب کہا موسیٰ نے اپنی قوم سے اے میری قوم بیشک تم نے ظلم کیا اپنی جانوں پر بہ سبب بنانے تمہارے

الْعِجْلَ فَتُوْبُوْٓا اِلٰى بَارِىِٕكُمْ فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِىِٕكُمْ ۭ فَتَابَ

حکم اول علاج ظلم (۱) — حکم ثانی طریق علاج — شفقت

(۱) کلمات توبہ سورہ اعراف آیت ۱۴۹ ص ۱۷۷ میں دیکھیں

بچھڑے کو معبود تو توبہ کرو اپنے پیدا کرنے والے کے آگے، تو قتل کرو تم اپنے لوگوں کو یہ بہتر ہے تمہارے لیے تمہارے پیدا کرنے والے کے پاس پس مہربان ہوا وہ

عَلَيْكُمْ ۭ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۵۴﴾ وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ

خداوندی اجابت دعا و قبولیت توبہ — بنی اسرائیل کا گستاخانہ رویت باری تعالیٰ کا مطالبہ

تم پر بیشک وہ توبہ قبول کرنے والا نہایت رحم والا ہے۔ اور جب کہا تم نے اے موسیٰ ہم ہرگز یقین نہیں کریں گے آپ کی بات کا یہاں تک کہ ہم دیکھیں اللہ کو

جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿۵۵﴾ ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ

نتیجہ مطالبہ — (ایک معنیٰ موت ہے) — نعمت نمبر ۸ ۔ اجابت دعائے موسوی

رُوبرو پس پکڑا تمہیں کڑک نے حالانکہ تم (آنکھوں سے) دیکھ رہے تھے ۔ پھر زندہ کیا ہم نے تم کو تمہاری موت کے بعد

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۵۶﴾ وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ۭ

نعمت ۔ ۹ ۔ انتظام سایہ وبدوی زندگی میں ناکامی — انتظام خوراک من وسلویٰ

تاکہ تم شکر کرو۔ اور سایہ کیا ہم نے تم پر بادل کا اور اتارا ہم نے تم پر من اور سلویٰ

كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ۭ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۵۷﴾

عدل وانصاف باری تعالیٰ

کھاؤ پاکیزہ چیزیں جو ہم نے تمہیں عطا کی ہیں اور تمہیں نقصان کیا انہوں نے ہمارا لیکن وہ اپنی جانوں کا نقصان کرتے رہے

وَإِذْ قُلْنَا ادْخُلُوا هَٰذِهِ الْقَرْيَةَ فَكُلُوا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا وَادْخُلُوا الْبَابَ

نعمت ۔ ۱۰ ۔ بنی اسرائیل کا قریٰ زندگی میں ناکامی، (یہ یوشع بن نون کا زمانہ تھا) کیفیت دخول

اور جب ہم نے کہا داخل ہوجاؤ اس بستی میں پھر کھاؤ اس سے جہاں سے تم چاہو بے تکلفی سے اور داخل ہو دروازے میں

سُجَّدًا وَقُولُوا حِطَّةٌ نَغْفِرْ لَكُمْ خَطَايَاكُمْ ۚ وَسَنَزِيدُ الْمُحْسِنِينَ ﴿٥٨﴾ فَبَدَّلَ الَّذِينَ

کیفیت قول نتیجہ تعمیل حکم تتمہ آیت سابقہ

سجدہ کرتے ہوئے اور کہتے جاؤ (ہمارا سوال) بخشش ہے تو ہم معاف کردیں گے تمہارے قصور اور زیادہ بھی دیں گے نیکی کرنے والوں کو۔ تو بدل دیا ان لوگوں نے

ظَلَمُوا قَوْلًا غَيْرَ الَّذِي قِيلَ لَهُمْ فَأَنْزَلْنَا عَلَى الَّذِينَ ظَلَمُوا رِجْزًا مِنَ

تشریح قول نتیجہ ظلم (طاعون ۔ ستر ہزار افراد مر گئے)

جنہوں نے ظلم کیا اس لفظ کے علاوہ سے جو انہیں (لفظ) کہا گیا تھا پس نازل کیا ہم نے ان لوگوں پر جنہوں نے ظلم کیا عذاب

السَّمَاءِ بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ ﴿٥٩﴾

آسمان سے ان کی نافرمانی کی وجہ سے

وَإِذِ اسْتَسْقَىٰ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِعَصَاكَ الْحَجَرَ ۖ فَانْفَجَرَتْ

تتمہ انعام نمبر ۱ (موسیٰ علیہ السلام کا طلب ماء کی درخواست) جواب درخواست۔ حصول ماء

اور جب پانی طلب کیا موسیٰ نے اپنی قوم کے لیے تو ہم نے کہا مارو اپنے عصا کو پتھر پر پس بہہ پڑے

مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ۖ قَدْ عَلِمَ كُلُّ أُنَاسٍ مَشْرَبَهُمْ ۖ كُلُوا وَاشْرَبُوا مِنْ رِزْقِ اللَّهِ

کا طریقہ معرفت مشرب فریضہ نمبر ۱، نمبر ۲

اس سے بارہ چشمے ۔ تحقیق جان لیا سب لوگوں نے اپنا گھاٹ۔ کھاؤ اور پیئو اللہ کے دیئے ہوئے رزق سے

وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ﴿٦٠﴾ وَإِذْ قُلْتُمْ يَا مُوسَىٰ لَنْ نَصْبِرَ عَلَىٰ طَعَامٍ

نمبر ۳ (۱) مرض ۔ ۱ ۔ کفران نعمت شہری زندگی میں ناکامی

اور مت پھرو زمین میں (تکمیل خواہشات کے لیے) فساد مچاتے ہوئے۔ اور جب کہا تم نے اے موسیٰ ہم ہرگز نہیں صبر کریں گے ایک طرح کے

(۱) آیت ۶۱ سے ۱۱۸ تک ۳۰، امراض کا بیان ہے

وَاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْبِتُ الْأَرْضُ مِنْ بَقْلِهَا وَقِثَّائِهَا وَفُومِهَا

قوم کا مطالبہ برائے خوراک تشریح خوراک ترکاریوں سے ککڑیوں گندم

کھانے پر، پس دعا مانگ ہمارے لیے اپنے رب سے وہ نکالے ہمارے لیے اس میں جو اگاتی ہے زمین اسکی ترکاریوں سے اور اس کی ککڑیوں سے اور اس کی گندم سے

وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا ۖ قَالَ أَتَسْتَبْدِلُونَ الَّذِي هُوَ أَدْنَىٰ بِالَّذِي هُوَ خَيْرٌ ۚ اهْبِطُوا

مسور پیاز جواب مطالبہ اس سے جو بہتر ہے حکم موسیٰ علیہ السلام

اور اس کی مسور سے اور اس کے پیاز سے کہا کیا تم لینا چاہتے ہو اس چیز کو جو ادنیٰ ہے اس چیز کے بدلے میں جو وہ بہتر ہے۔ اترو

مِصْرًا فَإِنَّ لَكُمْ مَا سَأَلْتُمْ ۗ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ وَبَاءُوا بِغَضَبٍ مِنَ اللَّهِ ۗ

نتیجہ نمبر ۱ نمبر ۲ نمبر ۳

کسی شہر میں تو تحقیق تمہیں ملے گا جو تم مانگتے ہو اور ڈال دی گئی ان پر ذلت اور محتاجی اور وہ لوٹے اللہ کے غضب کو لے کر

ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ كَانُوا يَكْفُرُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ وَيَقْتُلُونَ النَّبِيِّينَ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۗ ذَٰلِكَ

سبب ذلت و مسکنت، سبب نمبر ۱ نمبر ۲ نتیجہ

یہ اس وجہ سے کہ وہ انکار کرتے تھے اللہ کی نشانیوں کا اور قتل کر دیتے تھے انبیاء کو ناحق یہ

بِمَا عَصَوْا وَّ كَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿٦١﴾ ع

تجاوز حدود الٰہیہ

اس لیے کہ وہ نافرمان تھے اور حد سے تجاوز کرتے تھے

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ الَّذِيْنَ هَادُوْا وَ النَّصٰرٰى وَ الصّٰبِـِٕيْنَ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ

تکملہ وتتمہ ماسبق (تمام مذاہب ملل کی نجات کا معیار ایمان) حصول کامیابی (۱)

بیشک جو لوگ ایمان لائے اور جو لوگ یہودی ہوئے اور عیسائی اور صابی جو ایمان لایا اللہ پر

وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَ عَمِلَ صَالِحًا فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

نتائج مؤمنین نمبرا

اور آخرت کے دن پر اور کام کیے اچھے تو ان کے لیے ان کا بدلہ ہے ان کے رب کے پاس اور نہ ان پر کچھ خوف ہوگا

وَ لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٦٢﴾ وَ اِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَ رَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ؕ خُذُوْا مَاۤ اٰتَيْنٰكُمْ

نمبر ۲ میثاق بنی اسرائیل یعنی علمی اور عملی کمزوریاں خصوصی عہد

اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ اور جب لیا ہم نے تم سے عہد (تورات پر عمل کرنے کا) اور بلند کیا ہم نے تم پر کوہ طور۔ لے لو جو ہم نے تم کو دیا

بِقُوَّةٍ وَّ اذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿٦٣﴾ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ۚ فَلَوْ لَا

لینے کا طریق مرض نمبر ۲ ۔ اعراض علمی کمزوری شفقت

مضبوطی سے اور یاد کرو جو کچھ اس میں (احکام) ہیں تا کہ تم پرہیزگار بنو۔ پھر پھر گئے تم اس کے بعد تو اگر نہ ہوتا

فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَ رَحْمَتُهٗ لَكُنْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٦٤﴾ وَ لَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِيْنَ اعْتَدَوْا

خداوندی مرض نمبر ۳ ۔ حیلہ سازی (زمانہ داؤد علیہ السلام)

اللہ کا فضل تم پر اور اس کی رحمت تو تم تباہ ہوجاتے۔ اور البتہ تحقیق تمہیں معلوم ہیں وہ لوگ جنہوں نے زیادتی کی تھی

مِنْكُمْ فِى السَّبْتِ فَقُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِـِٕيْنَ ﴿٦٥﴾ ۚ فَجَعَلْنٰهَا نَكَالًا لِّمَا بَيْنَ

تذکیر بایام اللہ سے تخویف تذکیر بایام اللہ کا جز اول

تم میں سے ہفتہ کے دن میں تو ہم نے کہا ان سے کہ تم ہوجاؤ بندر ذلیل۔ پھر بنایا ہم نے اس واقعہ کو عبرت

يَدَيْهَا وَ مَا خَلْفَهَا وَ مَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿٦٦﴾ وَ اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖۤ اِنَّ اللّٰهَ

جز دوم مرض نمبر ۴ عملی کمزوری یعنی معاندین کے مکالمات برائے

اس زمانہ کے لوگوں کے لیے اور ان سے پچھلوں کے لیے اور نصیحت بنایا پرہیزگاروں کے لیے۔ اور جب کہا موسیٰ نے اپنی قوم سے بیشک اللہ

يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً ؕ قَالُوْۤا اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا ؕ قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ

تفتیش وتعمق معاملہ مکالمہ بنی اسرائیل جواب مکالمہ

تمہیں حکم دیتا ہے کہ ذبح کرو کوئی گائے ، انہوں نے کہا کیا بناتے ہیں آپ ہمارا مذاق؟ کہا میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کی اس سے کہ ہو جاؤں میں

مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿٦٧﴾ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ؕ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ

مطالبہ جواب مطالبہ و مثال

ناواقفوں میں سے ۔انہوں نے کہا دعا کر ہمارے لیے اپنے رب سے کہ بتائے ہمیں وہ گائے کیسی ہو (صفات میں)؟ کہا بیشک وہ کہتا ہے کہ وہ گائے

لَّا فَارِضٌ وَّ لَا بِكْرٌ ؕ عَوَانٌۢ بَيْنَ ذٰلِكَ ؕ فَافْعَلُوْا مَا تُؤْمَرُوْنَ ﴿٦٨﴾ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ

عمر خوردہ نوعمر فہمائش حضرت موسیٰ علیہ السلام مطالبہ

نہ عمر خوردہ ہو اور نہ نوعمر ہو ان کے درمیان ہو ۔ پس کرو جو تمہیں حکم دیا گیا ہے ۔ انہوں نے کہا دعا کر ہمارے لیے اپنے رب سے کہ

سوال : یہاں ایمان کے لیے صرف دو چیزوں کا ذکر ہے ۔ نمبرا ایمان باللہ نمبر ۲ ایمان آخرت جبکہ ایمان بالرسالت بھی ضروری ہے اس کے بغیر انسان مؤمن نہیں تو اس کا ذکر نہیں تو معلوم ہوا ایمان بالرسالت ضروری نہیں ہے؟ اس کے دو جواب حاضر خدمت ہیں جواب نمبرا یہی سورۃ بقرہ آیت ۲۸۵ ص ۵۵ میں دیکھیں۔ جواب نمبر ۲ ایمان باللہ کے لیے ضروری ہے کہ اللہ کو تمام صفات کمال سے متصف مانے اور تمام نقائص سے منزہ مانے تو اس کے صفات کمال میں سے ایک صفت صدق ہے اس نے دوسرے مقام پر ارشاد فرمایا ہے (محمد رسول اللہ) تو اللہ تعالیٰ کی اس خبر کو سچا ماننا واجب ہے اب جو کوئی آپ کو رسول نہیں مانتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کو کاذب کہتا ہے جب کاذب کہا تو پھر اللہ تعالیٰ پر ایمان کہاں لایا؟ بس ثابت ہوا اللہ تعالیٰ پر ایمان لانا بغیر تصدیق رسالت کے ممکن نہیں۔ (خلاصہ وعظ الرفع والوضع حضرت تھانویؒ)

يُبَيِّنْ لَّنَا مَا لَوْنُهَا ؕ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَآءُ ۙ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النّٰظِرِيْنَ ﴿۶۹﴾

جواب و مثال

وہ بیان کرے ہمارے لیے کہ اس کا رنگ کیسا ہو؟ کہا وہ فرماتا ہے بیشک وہ ایک گائے ہے پیلے رنگ کی خوب گہرا ہے اس کا رنگ بھلی معلوم ہوتی ہے دیکھنے والوں کو

قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ۙ اِنَّ الْبَقَرَ تَشٰبَهَ عَلَيْنَا ؕ وَاِنَّآ اِنْ

مطالبہ سببِ استفسار

انہوں نے کہا دعا کر ہمارے لیے اپنے رب سے وہ بتائے ہمیں وہ کس قسم کی ہے کیونکہ وہ گائے مشتبہ ہوگئی ہے ہم پر اور بیشک ہم اگر

شَآءَ اللّٰهُ لَمُهْتَدُوْنَ ﴿۷۰﴾ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا ذَلُوْلٌ تُثِيْرُ الْاَرْضَ

استفسارات کا آخری جواب مع تفصیلی کیفیت

اللہ نے چاہا تو ضرور پتہ لگالیں گے؟ کہا بیشک وہ کہتا ہے وہ ایک ایسی گائے ہے۔ نہ محنت کش کہ جوتتی ہو زمین کو

وَلَا تَسْقِي الْحَرْثَ ۚ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا ؕ قَالُوا الْـٰٔنَ جِئْتَ بِالْحَقِّ ؕ فَذَبَحُوْهَا

تعمیل حکم موسیٰ علیہ السلام نتیجہ انشاء اللہ

اور نہ سیراب کرتی ہو کھیتی کو بے عیب ہو اس میں کوئی داغ نہ ہو انہوں نے کہا اب آپ نے بات بتائی ٹھیک پھر انہوں نے اس کو ذبح کر دیا

وَمَا كَادُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۷۱﴾ ع

(۱)

اور نہیں تھے قریب کہ وہ کرتے

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ؕ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ﴿۷۲﴾ ج

مرض نمبر ۵۔ انکشاف حقیقتِ الزام قتل تزہید خداوندی یعنی (ترک رغبت)

اور جب تم نے قتل کیا ایک شخص کو پس جھگڑا کرنے لگے تم اس کے (قاتل کے) بارے میں اور اللہ ظاہر کرنے والا تھا اس چیز کو جسے تم چھپاتے تھے

فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ؕ كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ

مردہ کو زندہ کرنے کا طریقہ اثبات بعث بعد الموت شفقت خداوندی

پھر ہم نے کہا مارو اس مردہ پر اس گائے کا ایک ٹکڑا اسی طرح زندہ کرے گا اللہ مردوں کو اور وہ دکھاتا ہے تمہیں اپنی قدرت کی نشانیاں تا کہ

تَعْقِلُوْنَ ﴿۷۳﴾ ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ؕ

قساوت قلبی بعد از مشاہدہ عجائب و قدرت

تم سمجھو۔ پھر سخت ہوگئے تمہارے دل اس کے بعد پس گویا کہ وہ پتھر ہیں یا ان سے زیادہ سخت

وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ؕ

اقسام حجارہ نمبرا نمبر ۲

اور بیشک بعض ایسے پتھر بھی ہیں جن سے پھوٹ کر نہریں نکلتی ہیں اور بیشک ان میں سے بعض پتھر ایسے بھی جب پھٹتے ہیں تو نکلتا ہے ان سے پانی

وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۷۴﴾

نمبر ۳ وسعت علم باری تعالیٰ

اور بیشک ان میں سے بعض پتھر ایسے بھی ہیں جو گر پڑتے ہیں اللہ کے ڈر سے اور نہیں اللہ بے خبر تمہارے کاموں سے

اَفَتَطْمَعُوْنَ اَنْ يُّؤْمِنُوْا لَكُمْ وَقَدْ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَسْمَعُوْنَ كَلٰمَ اللّٰهِ

مرض نمبر ۶ تقطیع الطمع عن الیہود کیفیت اہل کتاب

کیا پھر تم امید رکھتے ہو کہ وہ مان لیں گے تمہاری بات حالانکہ ایک گروہ ایسا بھی ان میں سے (گزرا) ہے جو سنتا تھا اللہ کا کلام

(۱)
واقعہ میں ترتیب کو تبدیل کیا گیا ہے اصلی ترتیب قائم رکھنے سے یہ سمجھا جاسکتا تھا کہ پہلی بد عنوانی کو اصل مقصود سمجھا جائے۔ اور دوسری کو اس کا تتمہ سمجھ کر اصل مقصود نہ سمجھا جائے۔ ترتیب بدلنے سے صاف معلوم ہوگیا کہ دونوں جزو مقصود نہیں اور ہر ایک جزو سے ایک مستقل بد عنوانی پر تنبیہ کرنا مقصود ہے اس سے واضح معلوم ہوگیا کہ حقیقت واقعہ کو چھپانے سے احکام خداوندی میں حجتیں نکالنا بہت بڑا جرم ہے جس کو عام لوگ معمولی سمجھتے ہیں

ثُمَّ يُحَرِّفُونَهٗ مِنۢ بَعۡدِ مَا عَقَلُوۡهُ وَهُمۡ يَعۡلَمُوۡنَ ﴿٧٥﴾ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا قَالُوۡٓا

یہود کی علمی کمزوری — مرض ۔ ۷ ۔ تشریح تحریف یعنی منافق یہود کا

پھر اس میں رد و بدل کرتے تھے اس کو سمجھنے کے بعد اور وہ جانتے بھی تھے۔ اور جب وہ ملتے ہیں ان لوگوں سے جو ایمان لائے تو کہتے ہیں کہ

اٰمَنَّا ۖۚ وَاِذَا خَلَا بَعۡضُهُمۡ اِلٰى بَعۡضٍ قَالُوۡٓا اَتُحَدِّثُوۡنَهُمۡ بِمَا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيۡكُمۡ

فریقین (مؤمنین و یہود) سے معاملہ — شکوہ مشائخ بنی اسرائیل یعنی یہود کا اظہار حق کی مخالفت

ہم ایمان لائے ہیں اور وہ جب علیحدہ ہوتے ہیں ایک دوسرے کے پاس تو کہتے ہیں کیا تم ان سے بیان کرتے ہو وہ باتیں جو اللہ نے کھولی ہیں تم پر

لِيُحَآجُّوۡكُمۡ بِهٖ عِنۡدَ رَبِّكُمۡ ؕ اَفَلَا تَعۡقِلُوۡنَ ﴿٧٦﴾ اَوَلَا يَعۡلَمُوۡنَ اَنَّ اللّٰهَ يَعۡلَمُ

حماقت یہود

تاکہ وہ حجت قائم کریں اس کے ذریعہ سے تمہارے رب کے پاس کیا پس تم سمجھتے نہیں ہو؟۔ کیا وہ نہیں جانتے کہ بیشک اللہ جانتا

مَا يُسِرُّوۡنَ وَمَا يُعۡلِنُوۡنَ ﴿٧٧﴾ وَمِنۡهُمۡ اُمِّيُّوۡنَ لَا يَعۡلَمُوۡنَ الۡكِتٰبَ اِلَّاۤ اَمَانِىَّ

مرض نمبر ۸۔ یہود کی عوام کا حال

ہے جو وہ چھپاتے ہیں (نفاق) اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں (اسلام)۔ اور بعض ان میں سے ان پڑھ ہیں جو نہیں جانتے کتاب کو سوائے جھوٹی آرزوؤں کے

وَاِنۡ هُمۡ اِلَّا يَظُنُّوۡنَ ﴿٧٨﴾ فَوَيۡلٌ لِّلَّذِيۡنَ يَكۡتُبُوۡنَ الۡكِتٰبَ بِاَيۡدِيۡهِمۡ ۙ

مرض نمبر ۹۔ علماء یہود کی شناعت وتخویف نمبرا ویل کا لفظ برائے ذوات

اور نہیں ہیں وہ مگر اٹکل پچو کی باتیں کرتے ہیں۔ پس بڑا افسوس ہے ان پر جو لکھتے ہیں کتاب اپنے ہاتھوں سے

ثُمَّ يَقُوۡلُوۡنَ هٰذَا مِنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ لِيَشۡتَرُوۡا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيۡلًا ؕ فَوَيۡلٌ لَّهُمۡ مِّمَّا

علماء یہود کی تحریف — وجہ تحریف — تخویف نمبر ۲ برائے مضمون محرف

پھر کہتے ہیں یہ اللہ کی طرف سے ہے تاکہ خریدیں اس کے ذریعہ سے کچھ پیسے، پس بڑا افسوس ہے ان پر اس کی وجہ سے

كَتَبَتۡ اَيۡدِيۡهِمۡ وَوَيۡلٌ لَّهُمۡ مِّمَّا يَكۡسِبُوۡنَ ﴿٧٩﴾ وَقَالُوۡا لَنۡ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّاۤ اَيَّامًا

نمبر ۳ برائے رشوت — مرض نمبر ۱۰۔ یہود کا دعویٰ کاذبہ

جس کو وہ لکھتے ہیں اپنے ہاتھوں سے اور بڑا افسوس ہے ان پر اس سے جو وہ کماتے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ ہرگز نہ چھوئے گی ہمیں آگ مگر

مَّعۡدُوۡدَةً ؕ قُلۡ اَتَّخَذۡتُمۡ عِنۡدَ اللّٰهِ عَهۡدًا فَلَنۡ يُّخۡلِفَ اللّٰهُ عَهۡدَهٗۤ اَمۡ تَقُوۡلُوۡنَ

تنبیہ بردعویٰ کاذبہ (یہود کے مفتری علی اللہ ہونے کا بیان)

چند گنتی کے دن کہہ دیجئے کیا تم نے لے رکھا ہے اللہ سے کوئی عہد تو وہ ہرگز خلاف نہیں کرے گا اللہ اپنے عہد کے بلکہ تم کہتے ہو

عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعۡلَمُوۡنَ ﴿٨٠﴾ بَلٰى مَنۡ كَسَبَ سَيِّئَةً وَّاَحَاطَتۡ بِهٖ خَطِيۡٓـــَٔتُهٗ

ضابطہ خداوندی (۱)

اللہ پر وہ باتیں تم جو نہیں جانتے ۔کیوں نہیں جس نے (قصداً) کمائی بڑی برائی (یعنی اللہ پر الزام تراشی) اور گھیر لیا اس کو اس کے گناہوں نے

فَاُولٰٓئِكَ اَصۡحٰبُ النَّارِ ۚ هُمۡ فِيۡهَا خٰلِدُوۡنَ ﴿٨١﴾ وَالَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

نتیجہ مجرمین — اہل ایمان کا نتیجہ

تو یہی لوگ دوزخ والے ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کیے

اُولٰٓئِكَ اَصۡحٰبُ الۡجَنَّةِ ۚ هُمۡ فِيۡهَا خٰلِدُوۡنَ ﴿٨٢﴾

وہی جنت والے ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں

(۱)
شیعہ کے عقیدہ میں امامت فرض ہے اس پر استدلال اور بارہ ائمہ کے نام اور منکرین فرضیت امامت کے بارے میں فتویٰ: ضمیمہ ص ۶۲۰، ۶۲۱، ۶۲۲ اور ۶۲۳ بقرہ آیت ۸۱ کے ذیل میں دیکھیں۔ اور یہ بات بھی عزیز طلبہ یاد رکھو شیعہ مذہب میں حضرت علیؓ کی خلافت بلافصل اور تمام ائمہ کی امامت توحید و رسالت و قیامت کی طرح اصول دین میں سے ہے جس کا منکر کافر و مرتد ہے ہمارا یہ مطالبہ ہے اگر اصول دین میں داخل ہے تو اس کے لیے نص صریح قرآن کریم سے پیش کریں۔ جیسے توحید کے لیے نص صریح ہے
لا الہ الّا ھو الرحمن الرحیم پارہ ۲۔
شھد اللہ انہ لا الہ الا ھو۔ وما محمد الّا رسول پارہ ۲۳ ما کان محمد الخ پارہ ۲۶ محمد رسول اللہ پارہ ۱۷ قیامت کے لیے ان الساعۃ اٰتیۃ لا ریب فیھا۔ مگر قیامت تک پیش نہیں کر سکتے پھر ہم پر اعتراض کریں گے کہ تم اصحابہ ثلاثہ کی خلافت قرآن کی نص قطعی سے ثابت کر کے دیکھاؤ؟ تو ان سے کہیں ہمارے نزدیک خلافت فرض نہیں نہ اصول دین میں سے ہے بلکہ دینی مسائل میں سے ایک مسئلہ ہے فروعات اور اصول دین کو برابر سمجھنا انتہائی درجہ کی جہالت ہے۔

النصف

ع ۹ / ۹

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ قف وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا

مرض نمبر۱۱ بنی اسرائیل سے عہود ثمانیہ مع تشریح نمبر۱ — نمبر۲

اور جب لیا ہم نے پختہ عہد بنی اسرائیل سے کہ نہ عبادت کرنا (کسی کی) سوائے اللہ کے اور والدین کے ساتھ اچھا سلوک کرنا

وَّذِى الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ

نمبر۳ — نمبر۴ — نمبر۵ — نمبر۶ — نمبر۷

اور کنبہ والوں کے ساتھ اور یتیموں کے ساتھ اور محتاجوں کے ساتھ اور کہو لوگوں سے اچھی بات اور نماز قائم کرو

وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ط ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْكُمْ وَاَنْتُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۸۳﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ

نمبر۸ — علمی کمزوری عہد شکنی — مرض نمبر۱۲ عملی

اور زکوٰۃ دو پھر روگردانی کی تم نے مگر تھوڑوں نے تم میں سے اور تم ہو ہی منہ موڑنے والے۔ اور جب لیا تھا ہم نے تم سے پختہ عہد

لَا تَسْفِكُوْنَ دِمَآءَكُمْ وَلَا تُخْرِجُوْنَ اَنْفُسَكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ ثُمَّ اَقْرَرْتُمْ وَاَنْتُمْ

کمزوری۔ عہود ثلاثہ اور اس کی عہد شکنی نمبر۱۔ نمبر۲

نہیں بہاؤ گے آپس میں اپنے خون اور نہ جلاوطن کرو گے تم اپنے لوگوں کو ان کے گھروں سے پھر تم نے اقرار کیا اور تم خود

تَشْهَدُوْنَ ﴿۸۴﴾ ثُمَّ اَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ تَقْتُلُوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَتُخْرِجُوْنَ فَرِيْقًا مِّنْكُمْ مِّنْ

عملی کمزوریاں

گواہ ہو۔ پھر تم ہی تو وہ ہو کہ قتل کرتے ہو اپنے لوگوں کو اور نکالتے ہو ایک جماعت کو اپنے میں سے

دِيَارِهِمْ تَظٰهَرُوْنَ عَلَيْهِمْ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ط وَاِنْ يَّاْتُوْكُمْ اُسٰرٰى تُفٰدُوْهُمْ وَهُوَ

نتیجہ عہد شکنی — عہد شکنی نمبر۳ — تنبیہات

ان کے گھروں میں سے چڑھائی کرتے ہو ان پر گناہ اور ظلم سے اور اگر وہ آئیں تمہارے پاس قید ہو کر تو ان کا تاوان دیتے ہو حالانکہ وہ

مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ اِخْرَاجُهُمْ ط اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ ج فَمَا جَزَآءُ

حرام تھا تم پر ان کو نکالنا کیا تم ایمان رکھتے کتاب کے ایک حصہ پر اور انکار کرتے ہو دوسرے حصہ کا تو کیا سزا ہے

مَنْ يَّفْعَلُ ذٰلِكَ مِنْكُمْ اِلَّا خِزْىٌ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ج وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُرَدُّوْنَ اِلٰٓى

نتیجہ دنیوی — نتیجہ اخروی

جو ایسا کرے تم میں سے مگر ذلیل ہونا دنیا کی زندگی میں اور قیامت کے دن وہ لوٹائے جائیں گے

اَشَدِّ الْعَذَابِ ط وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۸۵﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا

وسعت علم باری تعالیٰ — نمبر۱

سخت عذاب کی طرف اور نہیں ہے اللہ بےخبر اس سے جو تم کرتے ہو۔ یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے خریدا دنیا کی زندگی کو

ع ۱۰ بِالْاٰخِرَةِ ز فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۸۶﴾ ع

نمبر۲ — نمبر۳

آخرت کے بدلے میں پس نہ ہلکا کیا جائے گا ان سے عذاب اور نہ وہ مدد کیئے جائیں گے

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَقَفَّيْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ بِالرُّسُلِ ز وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ

مرض نمبر۱۳ قوت نظریہ کی بگاڑ — (۱)

اور البتہ تحقیق دی تھی ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب اور (بھیجتے رہے) ہم پے در پے اس کے بعد رسول اور دی ہم نے عیسیٰ بن مریم کو نشانیاں

(۱) الف لام استغراق کے لیے نہیں۔ دوسرے مقام پر ہے "ثُمَّ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرٰى" الخ ای من المتواترۃ وهو التتابع مع الفصل

وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۭ اَفَكُلَّمَا جَاۗءَكُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ ۚ

قوت نظریہ کے بگاڑ کا نتیجہ نمبرا تکبّر

اور تائید کی ہم نے اس کی روح القدس کے ساتھ کیا پھر جب بھی تمہارے پاس کوئی رسول (ایسا حکم) لایا جو نہیں چاہتے تھے تمہارے دل تو تم اکڑ گئے

فَفَرِيْقًا كَذَّبْتُمْ ۡ وَفَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ ﴿۸۷﴾ وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ۭ بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ

نمبر ۲ تکذیب انبیاء | نمبر ۳ قتل انبیاء (۱) | مرض نمبر ۱۴ یہود کی امراض مستمرّہ

پھر ایک جماعت کو تم نے جھٹلایا اور ایک جماعت کو تم قتل کر ڈالتے ہو۔ اور انہوں نے کہا ہمارے دلوں پر پردے ہیں بلکہ لعنت کی اللہ نے ان پر

بِكُفْرِهِمْ فَقَلِيْلًا مَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۸۸﴾ وَلَمَّا جَاۗءَهُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا

مرض نمبر ۱۵۔ اثبات رسالت خاتم الانبیاء وصداقت قرآن

ان کے کفر کی وجہ سے پس بہت ہی کم وہ ایمان لاتے ہیں۔ اور جب آئی ان کے پاس (عظیم الشان) کتاب اللہ کی جانب سے سچ بتانے والی اس کو

مَعَهُمْ ۙ وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ښ فَلَمَّا جَاۗءَهُمْ

تمنا بنی اسرائیل۔ توسل پر تین دلائل، دلیل (۱) اللّٰھم انی اسئلك اتوجه اليك بمحمد نبی الرحمة | تکمیل تمنا

جو ان کے پاس ہے اور وہ اس کتاب کے آنے سے پہلے کامیابی مانگتے تھے ان لوگوں پر جنہوں نے انکار کیا پھر جب آئی ان کے پاس

مَّا عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ ۡ فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَي الْكٰفِرِيْنَ ﴿۸۹﴾ بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ اَنْ يَّكْفُرُوْا

نتیجہ | نتیجہ

وہ چیز جس کو انہوں نے پہچان لیا تو انہوں نے اس کا انکار کیا پس اللہ کی لعنت ہے ان کافروں پر۔ کتنی بری ہے وہ چیز جو خریدی انہوں نے اپنی جانوں کے بدلے کہ انہوں نے انکار کیا

بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بَغْيًا اَنْ يُّنَزِّلَ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ عَلٰي مَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۚ

سبب انکار ازالہ شبہ

اس کا جس کو اللہ نے اتارا ضد میں آکر اس سے کہ اتارے اللہ اپنے فضل کو جس پر چاہے اپنے بندوں میں سے

فَبَاۗءُوْ بِغَضَبٍ عَلٰي غَضَبٍ ۭ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۹۰﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا

بوجہ کفر خاتم الانبیاء۔ بوجہ کفر عیسیٰ علیہ السلام | مرض نمبر ۱۶ حسد، یہود سے مکالمہ برائے ایمان قرآن

پس آ گئے غضب پر غضب میں اور کافروں کے لیے ذلت کا عذاب ہے۔ اور جب کہا جاتا ہے ان سے ایمان لاؤ

بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا نُؤْمِنُ بِمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَيَكْفُرُوْنَ بِمَا وَرَاۗءَهٗ ۤ وَهُوَ الْحَقُّ

جواب مکالمہ اور دعویٰ | صداقت قرآن

اس پر جو اتارا ہے اللہ نے تو کہتے ہیں ہم ایمان لائے اس پر جو اتارا گیا ہے ہم پر اور انکار کرتے ہیں اس کے ماسوا کا حالانکہ وہ برحق ہے

مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ ۭ قُلْ فَلِمَ تَقْتُلُوْنَ اَنْۢبِيَاۗءَ اللّٰهِ مِنْ قَبْلُ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۹۱﴾

جامعیت قرآن | جواب دعویٰ تحقیقی نمبرا

تصدیق کرنے والا ہے اس کی جو ان کے پاس ہے۔ آپ کہہ دیجئے پھر کیوں قتل کرتے رہے اللہ کے نبیوں کو اس سے پہلے اگر تم ایماندار ہو؟

وَلَقَدْ جَاۗءَكُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۹۲﴾

جواب الزامی نمبر ۲ و مرض نمبر ۱۷

اور البتہ تحقیق آئے تمہارے پاس موسیٰ علیہ السلام نشانیاں لے کر پھر بنایا تم نے بچھڑا کو (معبود) اس کے بعد اور تم ظالم تھے

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ۭ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاسْمَعُوْا ۭ

جواب الزامی نمبر ۳ و مرض نمبر ۱۸

اور جب لیا ہم نے پختہ عہد تم سے اور ہم نے بلند کیا تم پر کوہِ طور کو۔ لے لو جو ہم نے دیا تم کو مضبوطی سے اور (اچھی طرح) سن لو

---

(۱)
مرزا قادیانی کو جواب بطور دلیل نمبر ۲ مضارع سے زمانہ حال مراد ہے اور دلیل نمبر ۳۔ سورۃ بقرہ آیت نمبر ۱۲۷ دیکھیں

توسل پر دلیل (۲)
كَانَ يَسْتَفْتِحُ بِصَعَالِيكِ الْمُهَاجِرِينَ۔ مشکوٰۃ ص ۴۳۹

توسل پر دلیل (۳)
اِبْغُوْنِى فِى ضُعَفَاءِ كُم فانما ترزقون و تُنْصَرون بضعفاءِ كُم۔ مشکوٰۃ۔ ۴۳۹، اور ضمیمہ ص نمبر ۶۲۴ ذیل سورۃ بقرہ آیت نمبر ۸۹ میں دیکھیں۔

قَالُوا سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا وَأُشْرِبُوا فِي قُلُوبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ قُلْ بِئْسَمَا يَأْمُرُكُمْ

(۲) (۱)

انہوں نے کہا ہم نے سنا اور ہم سے عمل نہیں ہو سکے گا اور رچ گئی تھی ان کے دلوں میں بچھڑے کی محبت ان کے کفر کی وجہ سے کہہ دیجئے بہت برا حکم دے رہا تم کو

(۱) توراۃ پر عمل کی توفیق کے مسلوب ہونے کا بیان

بِهِ إِيمَانُكُمْ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ﴿٩٣﴾ قُلْ إِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْآخِرَةُ عِنْدَ اللَّهِ

مرض نمبر ۱۹ یہود کا دعویٰ

جس کا تمہارا ایمان اگر تم ایماندار ہو۔ کہہ دیجئے اگر ہے تمہارے لیے آخرت کا گھر اللہ کے یہاں

(۲) تورات پر ایمان کے رد کا خلاصہ

خَالِصَةً مِنْ دُونِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ﴿٩٤﴾ وَلَنْ يَتَمَنَّوْهُ أَبَدًا

تردید دعویٰ — پیشینگوئی

مخصوص ، لوگوں کے سوا تو آرزو کرو موت کی اگر تم سچے ہو۔ اور وہ ہرگز آرزو نہیں کریں گے اس کی کبھی بھی

بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِالظَّالِمِينَ ﴿٩٥﴾ وَلَتَجِدَنَّهُمْ أَحْرَصَ النَّاسِ عَلَىٰ

وسعت علم باری تعالیٰ — کیفیت حرص زندگی

بہ سبب اسی کے جو آگے بھیجا ہے ان کے ہاتھوں نے اور اللہ خوب جاننے والا ہے ظالموں کو۔ اور البتہ ضرور پائیں گے آپ ان کو زیادہ حریص سب لوگوں سے

حَيَاةٍ وَمِنَ الَّذِينَ أَشْرَكُوا يَوَدُّ أَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ أَلْفَ سَنَةٍ وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهِ

تشریح حرص — فیصلہ خداوندی

زندگی پر اور ان لوگوں سے (بھی زیادہ) جنہوں نے شرک کیا۔ چاہتا ہے ان سے ہر ایک کاش وہ زندہ رہے ایک ہزار برس اور نہیں ہے اس کو بچانے والا

مِنَ الْعَذَابِ أَنْ يُعَمَّرَ وَاللَّهُ بَصِيرٌ بِمَا يَعْمَلُونَ ﴿٩٦﴾

عذاب سے عمر کا ملنا، اور اللہ دیکھنے والا ہے جو وہ کرتے ہیں

قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِجِبْرِيلَ فَإِنَّهُ نَزَّلَهُ عَلَىٰ قَلْبِكَ بِإِذْنِ اللَّهِ مُصَدِّقًا لِمَا

ازالہ شبہ — بذریعہ جبرائیل (۳) — صداقت قرآن۔ جامعیت قرآن

کہہ دیجئے جو دشمن ہے جبرائیل کا تو بے شک اس نے اتارا ہے اس (قرآن کو) آپ کے دل پر اللہ کے حکم کے ساتھ تصدیق کرنے والا ہے اس کی

بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَبُشْرَىٰ لِلْمُؤْمِنِينَ ﴿٩٧﴾ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِلَّهِ وَمَلَائِكَتِهِ

مستفیدین من القرآن — نتیجہ ازالہ ماسبق

جو اس کے سامنے ہے اور راہنما اور خوشخبری ایمانداروں کے لیے۔ جو شخص ہوا دشمن اللہ کا اور اس کے فرشتوں کا

وَرُسُلِهِ وَجِبْرِيلَ وَمِيكَالَ فَإِنَّ اللَّهَ عَدُوٌّ لِلْكَافِرِينَ ﴿٩٨﴾ وَلَقَدْ أَنْزَلْنَا إِلَيْكَ آيَاتٍ

نتیجہ۔ سب عداوتوں کا وبال — ازالہ شبہ

اور اس کے رسولوں کا اور جبرائیل اور میکائیل کا۔ تو تحقیق اللہ دشمن ہے ان کافروں کا۔ اور البتہ تحقیق اتاریں ہم نے آپ کی طرف

بَيِّنَاتٍ وَمَا يَكْفُرُ بِهَا إِلَّا الْفَاسِقُونَ ﴿٩٩﴾ أَوَكُلَّمَا عَاهَدُوا عَهْدًا نَبَذَهُ فَرِيقٌ مِنْهُمْ

نتیجہ — مرض نمبر ۲۰ تشریح فاسقین یہود کی عہد شکنی

واضح آیات اور نہیں انکار کرتے ان کا مگر فاسق لوگ۔ کیا جب بھی انہوں نے عہد کیا پختہ عہد تو اس کو نظرانداز کر دیتا تھا ان میں سے ایک فریق

بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿١٠٠﴾ وَلَمَّا جَاءَهُمْ رَسُولٌ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ مُصَدِّقٌ لِمَا

تتمہ سابقہ و رسالت خاتم الانبیاء — جامعیت قرآن

بلکہ ان کے اکثر (عہد پر) ایمان نہیں رکھتے ۔اور جب آیا ان کے پاس رسول اللہ کی طرف سے تصدیق کرنے والے اس (کتاب) کی

(۳) دلیل نمبر ۲ قرآن کریم کے منجانب اللہ نازل ہونے کی۔ اور دلیل نمبر ۳ یہی سورۃ بقرہ آیت ۱۸۵ ص ۳۳ میں دیکھیں

مَعَهُمْ نَبَذَ فَرِيقٌ مِّنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتٰبَ ۙ كِتٰبَ اللّٰهِ وَرَآءَ ظُهُورِهِمْ

حماقت اہل کتاب — تشریح حماقت

جو ان کے پاس ہے پھینک دیا ایک جماعت نے ان لوگوں میں جن کو کتاب دی گئی، اللہ کی کتاب کو اپنی پیٹھ کے پیچھے

كَأَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿۱۰۱﴾ وَاتَّبَعُوا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِينُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ۚ وَمَا كَفَرَ

یہود کا خدائی تعلیم سے انحراف اور شیطان کی اتباع — برأت سلیمان

گویا کہ وہ اسے جانتے ہی نہیں ۔اور انہوں نے پیروی کی اس چیز کی جو پڑھتے تھے شیاطین سلیمان کی بادشاہت کے وقت اور نہیں کفر کیا تھا

سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِينَ كَفَرُوا يُعَلِّمُونَ النَّاسَ السِّحْرَ ۗ وَمَا أُنْزِلَ عَلَى

کفر شیاطین — تشریح کفر شیاطین — نمونہ

سلیمان نے لیکن شیاطین نے ہی کفر کیا وہ سکھاتے تھے لوگوں کو جادو اور جو اتارا گیا تھا

الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوتَ وَمَارُوتَ ۚ وَمَا يُعَلِّمٰنِ مِنْ أَحَدٍ حَتّٰى يَقُولَا إِنَّمَا

دوفرشتوں پر بابل شہر میں ھاروت اور ماروت پر اور وہ نہ سکھاتے تھے کسی کو یہاں تک کہ وہ دونوں کہتے بیشک

نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ۖ فَيَتَعَلَّمُونَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُونَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ ۚ وَمَا هُمْ

تعلیم سحر کا نتیجہ — ایسی چیزیں — تھے — حصر التصرف

ہم آزمائش ہیں پس تو کفر مت کر پس وہ سیکھتے ہیں ان دونوں سے وہ جو جدائی کریں اس کے ذریعہ سے خاوند اور اس کی بیوی کے درمیان حالانکہ وہ نہیں

بِضَآرِّينَ بِهٖ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَيَتَعَلَّمُونَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ ۚ

باری تعالیٰ — نتیجہ سحر — ایسی چیزیں

نقصان پہنچا سکتے اس کے ساتھ کسی کو مگر اللہ تعالیٰ کے (تقدیری) حکم سے اور وہ سیکھتے تھے جو ان کو محض نقصان دے اور ان کو نفع نہ دے

وَلَقَدْ عَلِمُوا لَمَنِ اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ۚ قف وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖٓ

نتیجہ متعلمین سحر — نتیجہ تعلیم سحر

اور البتہ تحقیق وہ (یہود باخوبی) بھی جانتے تھے کہ جس نے جادو کو خریدا اس کے لیے آخرت میں کچھ حصہ نہیں اور بہت بری ہے وہ چیز جس کے بدلہ میں انہوں نے اپنے آپ کو

أَنْفُسَهُمْ ۚ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ﴿۱۰۲﴾ وَلَوْ أَنَّهُمْ اٰمَنُوا وَاتَّقَوْا لَمَثُوبَةٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ خَيْرٌ ۚ

تنبیہ — اصول کامیابی، برائے معاندین یعنی ترغیب ایمان وتقویٰ نمبر۱، نمبر۲

بیچا کاش وہ (اس برائی کو) جانتے اور اگر وہ ایمان لاتے اور پرہیزگاری کرتے البتہ (تھوڑا سا) بدلہ اللہ کی جانب سے بہتر تھا

لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ﴿۱۰۳﴾ ع

تنبیہ

کاش وہ (اس بات کو) جانتے ہوتے

يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا لَا تَقُولُوا رَاعِنَا وَقُولُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوا ۚ وَلِلْكٰفِرِينَ

(۱) مرض نمبر۲۱۔اہل ایمان کے لیے خصوصی طریق خطاب وفرائض نمبر۱۔اجتناب توہین (۲) نفی علم غیب خاتم الانبیا ے — نمبر۲ نتیجہ

اے ایمان والو! نہ کہو راعنا اور کہو انظرنا اور سن لیا کرو اور کافروں کے لیے

عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿۱۰۴﴾ مَا يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتٰبِ وَلَا الْمُشْرِكِينَ أَنْ

نہیں/تتمہ ماقبل

درد ناک عذاب ہے ۔ نہیں پسند کرتے وہ لوگ جنہوں نے کفر اختیار کیا اہل کتاب میں سے اور نہ مشرکین میں سے کہ

(۱)
شان نزول سعد بن معاذؓ ۔اسی آیت کی تفسیر دوسری آیت سورۃ نساء کی آیت نمبر۴۶ سے ص ۹۴ میں دیکھیں
(۲)
جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ادنیٰ ترین تنقیص وتوہین کفر ہے اس پر فقہاء کرامؒ کے چھ اقوال ضمیمہ ص ۶۲۴ میں دیکھیں اور مزید قرآن کریم سے آٹھ دلائل ملاحظہ فرمائیں۔دلیل نمبر۱ یہی آیت کریمہ۔ دلیل نمبر۲ سورۃ توبہ آیت نمبر۶۱ ص ۲۰۵ دیکھیں۔

ے روح مبارک جسد اطہر میں داخل ہونے کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم عالم الغیب نہیں تھے۔اس پر بیالیس دلائل۔دلیل نمبر ایک یہی آیت کریمہ اور دلیل نمبر۲ یہی سورۃ بقرہ آیت نمبر۲۰۴ ص ۶۳ میں دیکھیں۔

يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ خَيْرٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۗ وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۗ

مرض نمبر ۲۲۔ اھل کتاب ومشرکین کی تمنا — جواب تمنا سے نبوت کے وہبی ہونے کا بیان

اتاری جاتی تم پر کوئی اچھی بات تمہارے رب کی طرف سے اور اللہ خاص کر لیتا ہے اپنی رحمت کے ساتھ جسے چاہے

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝١٠٥ مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ

شفقت خداوندی — مرض نمبر ۲۳۔ نسخ فی الشرائع پر شبہ اور اس کا جواب (۱) — نتیجہ نسخ

اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ ہم جو منسوخ کرتے ہیں کسی آیت کو یا اس کو بھلا دیتے ہیں لاتے ہیں اس سے بہتر

اَوْ مِثْلِهَا ۭ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝١٠٦ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ

(۲) — حصر المالکیت سے نسخ فی الشرائع پر عقلی دلیل نمبر۲

یا اس کے برابر کیا تو نہیں جانتا (اے مخاطب) کہ بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ کیا تو نہیں جانتا کہ بیشک اللہ اسی کے لیے ہے

مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝١٠٧

نفی شفیع قہری

بادشاہی آسمانوں اور زمین کی اور نہیں ہے تمہارے لیے اللہ کے سوا کوئی دوست اور نہ مددگار

اَمْ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَسْـَٔـلُوْا رَسُوْلَكُمْ كَمَا سُىِٕلَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ۭ وَمَنْ

یہود کی مرض۔ ۲۴۔ سے تنبیہ مؤمنین — بے ادبی کا

کیا تم چاہتے ہو کہ سوال کرو اپنے رسول سے جیسے سوال کیے گئے تھے موسیٰ علیہ السلام اس سے پہلے اور جو کوئی

يَّتَبَدَّلِ الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاۗءَ السَّبِيْلِ ۝١٠٨ وَدَّ كَثِيْرٌ مِّنْ اَھْلِ الْكِتٰبِ

کا نتیجہ — اطلاع خداوندی مرض نمبر ۲۵ یہود کا حسد

تبدیل کرے گا ایمان کے بدلہ میں کفر کو تو تحقیق وہ گمراہ ہوا سیدھے راستہ سے۔ چاہتے ہیں بہت سے اہل کتاب سے

لَوْ يَرُدُّوْنَكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِكُمْ كُفَّارًا ښ حَسَدًا مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ

کاش کہ وہ تم کو بنا دیں کافر بعد تمہارے مسلمان ہونے کے جلتے ہوئے اپنی طرف سے بعد

مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ ۚ فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي

واضح ہونے ان کے لیے ہدایت کے پس معاف کرو اور درگزر کرو یہاں تک کہ لے آئے اللہ اپنا (جدید) حکم بیشک اللہ

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝١٠٩ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۭ وَمَا تُقَدِّمُوْا

(۳) احکامات برائے جہاد نفس — نتیجہ تعمیل احکام واعمال صالحہ

ہر چیز پر قادر ہے۔ اور نماز قائم کرو اور زکوۃ دو اور جو کچھ تم آگے بھیجو گے

لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝١١٠

وسعت علم باری تعالیٰ

اپنے لیے نیکی سے پاؤ گے اسے اللہ کے ہاں بیشک اللہ جو کچھ تم کرتے ہو اسے دیکھتا ہے

وَقَالُوْا لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ كَانَ ھُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ۭ تِلْكَ اَمَانِيُّھُمْ

مرض ۲۶۔ اہل کتاب کا دعویٰ کاذبہ — تردید دعویٰ

اور انہوں نے کہا ہرگز داخل نہ ہوگا جنت میں سوائے یہود یا نصاریٰ کے یہ ان کے ڈھکوسلے ہیں

(۱) شیعہ کا عقیدہ بداء مقام ومرتبہ بداء کا معنیٰ نمبر۱ مَا عُبِدَ اللّٰهُ بِشَيْءٍ بِمِثْلِ الْبَدَاءِ اصول کافی ص ۱۴۶ جلد۱ نمبر۲ مَا عُظِّمَ اللّٰهُ بِمِثْلِ الْبَدَاءِ۔ بداء کا معنیٰ ظُهُوْرُ الشَّيْءِ بَعْدَ الْخِفَاءِ اصول کافی حاشیہ ص ۳۲۷ ضمیمہ ص ۶۲۵ ذیل بقرہ آیت نمبر ۱۰۶ میں دیکھیں۔
بداء پر اصول کافی سے مثال۔ امام جعفر صادق اسماعیل۔ موسیٰ کاظم امام نقی۔ ابو جعفر محمد ابو محمد حسن عسکری

(۱) نسخ کے اقسام محل نسخ تفسیر معارف القرآن میں دیکھیں۔ حیی ابو یاسر اخطب یہودی

[illegible]

قُلْ هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ﴿١١١﴾ بَلَىٰ مَنْ أَسْلَمَ وَجْهَهُ لِلَّهِ

مطالبہ دلیل — عقائد و اعمال میں فرمانبرداری کرنے والوں کا انجام

کہہ دیجئے لاؤ اپنی دلیل اگر تم سچے ہو۔ کیوں نہیں ؟ جس نے جھکا دیا اپنا چہرہ اللہ کے سامنے

وَهُوَ مُحْسِنٌ فَلَهُ أَجْرُهُ عِنْدَ رَبِّهِ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿١١٢﴾

نمبر ۱ — نمبر ۲

اور وہ نیکی کرنے والا بھی ہو تو اس کے لیے اس کا بدلہ ہے اس کے رب کے پاس اور نہ ان پر کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے

وَقَالَتِ الْيَهُودُ لَيْسَتِ النَّصَارَىٰ عَلَىٰ شَيْءٍ وَقَالَتِ النَّصَارَىٰ لَيْسَتِ

مرض نمبر ۲۷۔ اہل کتاب کا باہم تعصب

اور یہود نے کہا نہیں نصاریٰ کسی راہ پر اور نصاریٰ نے کہا نہیں ہیں

الْيَهُودُ عَلَىٰ شَيْءٍ وَهُمْ يَتْلُونَ الْكِتَابَ ۗ كَذَٰلِكَ قَالَ الَّذِينَ

تردید — شکوہ مشرکین

یہود کسی راہ پر حالانکہ وہ سب پڑھتے ہیں کتاب ۔ اسی طرح کہا ان لوگوں نے

لَا يَعْلَمُونَ مِثْلَ قَوْلِهِمْ ۚ فَاللَّهُ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُوا

تسلی خاتم الانبیاء

جو نہیں جانتے ان کی سی بات تو اللہ (خود) فیصلہ کرے گا ان کے درمیان قیامت کے دن جن باتوں

فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿١١٣﴾ وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ مَنَعَ مَسَاجِدَ اللَّهِ أَنْ يُذْكَرَ

مرض نمبر ۲۸ نصاریٰ و مشرکین کا مساجد کو غیر آباد کرنا (۱) — آباد کرنے کا طریقہ

میں وہ جھگڑ رہے تھے ۔اور اس سے بڑھ کر کون ظالم ہوگا جس نے روکا اللہ کی مسجدوں میں جانے سے کہ لیا جائے

فِيهَا اسْمُهُ وَسَعَىٰ فِي خَرَابِهَا ۚ أُولَٰئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ أَنْ يَدْخُلُوهَا

غیر آباد کرنے کا طریقہ

ان میں نام اس کا اور اس نے کوشش کی ان کی اجاڑنے کی ایسے لوگوں کے لیے (حق) نہیں ہے کہ داخل ہوں ان (مسجدوں) میں

إِلَّا خَائِفِينَ ۚ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَلَهُمْ فِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿١١٤﴾

دنیوی اخروی سزا

مگر ڈرتے ہوئے ان کے لیے دنیا میں ذلت ہے اور ان کے لیے آخرت میں بڑا عذاب ہے

وَلِلَّهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ۚ فَأَيْنَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللَّهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ وَاسِعٌ

تحویل قبلہ پر یہود کے اعتراض کا جواب (۲)

اور اللہ ہی کے ہیں مشرق اور مغرب لہٰذا تم کدھر بھی رخ کرو اُدھر ہی اللہ کا رخ ہے بیشک اللہ وسعت والا

عَلِيمٌ ﴿١١٥﴾ وَقَالُوا اتَّخَذَ اللَّهُ وَلَدًا ۗ سُبْحَانَهُ ۖ بَلْ لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ

مرض نمبر ۲۹ یہود و نصاریٰ و مشرکین کا شکوہ۔ جواب شکوہ (۳) صفات خداوندی نمبر ۱

جاننے والا ہے۔ اور انہوں نے کہا بنا رکھا ہے اللہ نے بیٹا ۔ وہ پاک ہے بلکہ اسی کے لیے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہے

كُلٌّ لَهُ قَانِتُونَ ﴿١١٦﴾ بَدِيعُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ وَإِذَا قَضَىٰ أَمْرًا فَإِنَّمَا

صفت نمبر ۲۔ عظمت خداوندی — صفت نمبر ۳۔ خالقیت باری تعالیٰ — نمبر ۴۔ قدرت باری تعالیٰ

سب اسی کے تابعدار ہیں۔ پیدا کرنے والا ہے آسمانوں اور زمین کو۔ اور جب کوئی فیصلہ طے کرنا چاہتا ہے تو صرف

(۱)
طیطوس رومی
(۲)
تشریح دعویٰ یہود و نصاریٰ : سورۃ توبہ آیت نمبر ۳۰ ص ۲۰۰ میں دیکھیں اور مشرکین مکہ کا دعویٰ سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر ۴۰ ص ۲۹۵ میں دیکھیں
(۳)
بل ابطالیہ پر چار دلائل دلیل نمبر ۱ یہی ہے اور دلیل نمبر ۲ سورۃ انبیاء آیت نمبر ۲۶ ص ۳۳۳ میں دیکھیں

يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۱۱۷﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ اَوْ تَاْتِيْنَآ

مرض نمبر ۳۰ باشتراک نصاریٰ ومشرکین

یہی کہہ دیتا ہے کہ ہو جا تو وہ ہوجاتا ہے۔ اور کہا ان لوگوں نے جو نہیں جانتے کیوں نہیں ہم سے بات کرتا اللہ یا کیوں نہیں آتی ہمارے پاس

اٰيَةٌ ؕ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ ؕ تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ

جواب مرض وتسلی خاتم الانبیاء (شبہات)

کوئی نشانی؟ اسی طرح کہا ان لوگوں نے جو ان سے پہلے گزر چکے ہیں ان کی سی بات ۔ ایک جیسے ہیں ان کے دل

قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۙ

صداقت قرآن خاتمہ کلام ورسالت خاتم الانبیاء

تحقیق بیان کی ہم نے نشانیاں ان لوگوں کے لیے جو یقین کرتے ہیں۔ بیشک بھیجا ہم نے آپ کو سچائی کے ساتھ خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا

وَّلَا تُسْئَلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ ﴿۱۱۹﴾ وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصٰرٰى

تسلی خاتم الانبیاء تہدید خاتم الانبیاء

اور آپ سے نہیں پوچھا جائے گا دوزخ والوں کے بارے میں۔ اور ہر گز نہ راضی ہوں گے آپ سے یہود اور نہ نصاریٰ

حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ ؕ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ؕ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ

تنبیہات مؤمنین

یہاں تک کہ آپ پیروی کریں ان کے دین کی ، کہہ دیجئے بیشک اللہ کی ہدایت وہی ہدایت ہے اور اگر آپ نے پیروی کی

اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ الَّذِىْ جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِىٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۱۲۰﴾

ان کی خواہشات کی بعد اس کے کہ جو پہنچا آپ کو علم نہیں ہوگا آپ کے لیے اللہ کے ہاں کوئی حمایتی اور نہ کوئی مددگار

اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ

صداقت قرآن کا بیان منصفین اہل کتاب سے

وہ لوگ کہ دی ہم نے انہیں کتاب وہ اسے پڑھتے ہیں جیسا کہ اس کے پڑھنے کا حق ہے وہی لوگ اس پر ایمان رکھتے ہیں اور جس نے (اس کتاب کا) انکار کیا

بِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ ع

نتیجہ

تو وہی نقصان اٹھانے والے ہیں

يٰبَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِىَ الَّتِىْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّىْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى

خصوصی خطاب فضیلت

اے بنی اسرائیل! یاد کرو میری ان نعمتوں کو جو انعام کی میں نے تم پر اور یہ کہ میں نے فضیلت دی تم کو

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِىْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْئًا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ

طریق اربعہ سے نجات کی نفی نمبر ۱ نمبر ۲

جہان والوں پر۔ اور ڈرو اس دن سے جس دن کوئی بھی کسی کے کچھ کام نہیں آئے گا اور نہ قبول کیا جائے گا اس سے فدیہ

وَّلَا تَنْفَعُهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ

نمبر ۳ شدت یوم قیامت نمبر ۴ امتحانات وآزمائش ابراہیم علیہ السلام

اور نہ نفع دے گی اس کو کوئی سفارش اور نہ وہ مدد کیے جائیں گے۔ اور جب آزمایا ابراہیم علیہ السلام کو اس کے رب نے کئی باتوں میں

فَاَتَمَّهُنَّ ؕ قَالَ اِنِّیۡ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ؕ قَالَ وَمِنۡ ذُرِّیَّتِیۡ ؕ قَالَ لَا یَنَالُ

نتیجہ کامیابی (۱) ابراہیم علیہ السلام کی درخواست جواب درخواست اور تعیین

تو اس نے انہیں پورا کر دیا فرمایا بیشک میں بنادوں گا آپ کو لوگوں کا پیشوا ۔ کہا اور میری بعض اولاد میں سے بھی ۔ کہا نہیں پہنچے گا

عَهۡدِی الظّٰلِمِیۡنَ ﴿۱۲۴﴾ وَاِذۡ جَعَلۡنَا الۡبَیۡتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمۡنًا ؕ وَاتَّخِذُوۡا

(۲) فضائل کعبۃ اللہ (اشتیاق ومحبت) فضیلت مقام

میرا عہد ظالموں کو ۔اور جب بنایا ہم نے بیت اللہ کو جمع ہونے کی جگہ لوگوں کے لیے اور امن کی جگہ اور بناؤ تم

مِنۡ مَّقَامِ اِبۡرٰهٖمَ مُصَلًّی ؕ وَعَهِدۡنَاۤ اِلٰۤی اِبۡرٰهٖمَ وَاِسۡمٰعِیۡلَ اَنۡ طَهِّرَا

ابراہیم علیہ السلام یعنی اس کے پاس نماز پڑھنے کا حکم حکم تاکیدی فرائض ابراہیم و

مقام ابراہیم کو نماز کی جگہ، اور ہم نے حکم دیا ابراہیم اور اسماعیل کو کہ پاک رکھو

بَیۡتِیَ لِلطَّآئِفِیۡنَ وَالۡعٰکِفِیۡنَ وَالرُّکَّعِ السُّجُوۡدِ ﴿۱۲۵﴾ وَاِذۡ قَالَ اِبۡرٰهٖمُ رَبِّ

اسماعیل نمبرا نمبر۲ نمبر۳ ادعیہ ابراہیم برائے حرم محترم واہل حرم

میرا گھر طواف کرنے والوں اور اعتکاف کرنے والوں اور رکوع وسجدہ کرنے والوں کے لیے ۔ اور جب کہا ابراہیم علیہ السلام نے اے میرے رب

اجۡعَلۡ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّارۡزُقۡ اَهۡلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنۡ اٰمَنَ مِنۡهُمۡ بِاللّٰهِ

بنادے اس کو امن والا شہر اور روزی دے اس کے باشندوں کو پھلوں سے جو ایمان لایاان میں سے اللہ

وَالۡیَوۡمِ الۡاٰخِرِ ؕ قَالَ وَمَنۡ کَفَرَ فَاُمَتِّعُهٗ قَلِیۡلًا ثُمَّ اَضۡطَرُّهٗۤ اِلٰی عَذَابِ النَّارِ ؕ

حکم خداوندی نتیجہ اخروی

اور آخرت کے دن پر۔ کہا اور جس نے کفر کیا تو اس کو فائدہ پہنچاؤں گا تھوڑا سا پھر دھکیل دوں گا اس کو دوزخ کے عذاب کی طرف

وَبِئۡسَ الۡمَصِیۡرُ ﴿۱۲۶﴾ وَاِذۡ یَرۡفَعُ اِبۡرٰهٖمُ الۡقَوَاعِدَ مِنَ الۡبَیۡتِ وَاِسۡمٰعِیۡلُ ؕ

شدت نار جہنم تعمیر بیت اللہ (۳) (۴)

اور کتنا برا ٹھکانہ ہے وہ ۔ اور جب اٹھا رہے تھے ابراہیم بنیادیں بیت اللہ سے اور اسماعیل علیہ السلام

رَبَّنَا تَقَبَّلۡ مِنَّا ؕ اِنَّكَ اَنۡتَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ ﴿۱۲۷﴾ رَبَّنَا وَاجۡعَلۡنَا مُسۡلِمَیۡنِ لَكَ

دعا تتمہ دعا مذکور

اے ہمارے رب ! قبول فرما ہماری طرف سے بیشک آپ خوب سننے والے جاننے والے ہیں۔ اے رب ! ہمارے بنا ہم کو اپنی فرمانبرداری کرنے والا

وَمِنۡ ذُرِّیَّتِنَاۤ اُمَّةً مُّسۡلِمَةً لَّكَ ۪ وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبۡ عَلَیۡنَا ۚ اِنَّكَ

زمانہ حصول علم

اور ہماری اولاد سے ایک جماعت فرمانبردار اپنی اور بتا ہمیں ہمارے حج کے احکام اور توجہ فرما ہم پر بیشک آپ ہی

اَنۡتَ التَّوَّابُ الرَّحِیۡمُ ﴿۱۲۸﴾ رَبَّنَا وَابۡعَثۡ فِیۡهِمۡ رَسُوۡلًا مِّنۡهُمۡ یَتۡلُوۡا عَلَیۡهِمۡ

آنحضرت ؐ کی بعثت کی دعا (۵) فرائض نمبرا

توجہ فرمانے والے نہایت رحم والے ہیں۔ اے ہمارے رب اور بھیج ان میں ایک عظیم رسول ان میں سے ۔ جو پڑھے ان پر

ع ۸ ۱۵ ۱۵ اٰیٰتِكَ وَیُعَلِّمُهُمُ الۡکِتٰبَ وَالۡحِکۡمَةَ وَیُزَکِّیۡهِمۡ ؕ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ ﴿۱۲۹﴾

نمبر۲ نمبر۳ نمبر۴ غلبہ باری تعالیٰ

تیری آیتیں اور سکھائیں انہیں کتاب اور حکمت اور پاک کریں ان کو بیشک تو ہی زبردست حکمت والا ہے

(۱)
قرآن کریم میں بارہ مقام پر لفظ امام یا اس کی جمع ائمہ کا ذکر ہے۔ مگر آل سباء کا مصنوعہ موضوع کسی آیت سے بھی ثابت نہیں ہوتا خود کشید معنی و مطلب قرآن کریم کی تحریف معنوی ہے ان مقامات میں سے صرف دو مقام ایک یہی آیت کریمہ اور دوسری سورۃ فرقان کی آیت ۷۴ میں فریق مخالف خوب زور لگاتا ہے۔ یاد رکھیں اس مقام پر بھی اور سورۃ فرقان میں بھی امامت فی النبوت مراد ہے۔ اس کے علاوہ کوئی اور مقام و مرتبہ مراد نہیں۔ لفظ امام پر مقام نمبر ۲ سورۃ توبہ آیت نمبر ۱۲ ص ۱۹۷ میں دیکھیں۔

(۲)
خلافت صدیق کے انکار پر استدلال اور اس کے جوابات ضمیمہ ص ۶۲۶، ۶۲۷ میں دیکھیں۔

(۳)
دلیل نمبر ۳ مضارع سے زمانہ حال مراد ہے اور دلیل نمبر ۴ نساء ۵۸ ص ۹۵ میں دیکھیں۔

(۴) غلاف کعبہ۔ المعارف لابن الدنیوری المتوفی ۲۷۶ اسعد ابو کریب حمیری نے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد سے سات سو سال قبل گزرے ہیں، انہوں نے ابتداء کی تھی۔ (۵) دلیل نمبر ۲ مکہ والے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جنس بشر تھے اور دلیل نمبر ۳ یہی سورۃ بقرہ آیت ۱۵۱ ص ۲۷ میں دیکھیں

وَمَنْ يَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ اِلَّا مَنْ سَفِهَ نَفْسَهٗ ۭ وَلَقَدِ اصْطَفَيْنٰهُ

(۱) ترغیب وتاکید ملت ابراہیم علیہ السلام — فضائل حضرت ابراہیم علیہ السلام

اور کون اعراض کرتا ہے ملت ابراہیم علیہ السلام سے سوائے اس کے جس نے اپنے آپ کو احمق ٹھہرایا۔ اور البتہ تحقیق ہم نے اس کو بزرگی دی

فِي الدُّنْيَا ۚ وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۳۰﴾ اِذْ قَالَ لَهٗ رَبُّهٗٓ اَسْلِمْ ۙ

حکم خداوندی

دنیا میں اور بیشک وہ آخرت میں بھی نیک لوگوں میں سے ہوگا۔ جب کہا اس کو اس کے رب نے فرمانبردار ہوجا

قَالَ اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۳۱﴾ وَوَصّٰى بِهَآ اِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ وَيَعْقُوْبُ ۭ

جواب حکم — حضرت ابراہیم ویعقوب علیہما السلام کی تاکیدی وصیت اسلام

تو اس نے کہا میں فرمانبردار ہوا جہانوں کے رب کے لیے۔ اور وصیت کی اس (ملت) کی ابراہیم علیہ السلام نے اپنے بیٹوں کو اور یعقوب نے

يٰبَنِىَّ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى لَكُمُ الدِّيْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ ۭ

اے میرے بیٹو بیشک اللہ نے چن لیا ہے تمہارے لیے یہ دین پس تم ہرگز نہ مرنا مگر اس حال میں کہ تم مسلمان ہو

اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَاۗءَ اِذْ حَضَرَ يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ ۙ اِذْ قَالَ لِبَنِيْهِ مَا تَعْبُدُوْنَ

یہود کے لیے تنبیہ

کیا تم حاضر تھے جب آئی یعقوب کو موت جب پوچھا اس نے اپنے بیٹوں سے کسی کی تم عبادت کرو گے

مِنْۢ بَعْدِيْ ۭ قَالُوْا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَاِلٰهَ اٰبَاۗىِٕكَ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ

میرے بعد انہوں نے کہا ہم عبادت کریں گے آپ کے معبود کی اور آپ کے باپ دادا ابراہیم اور اسماعیل اور اسحاق علیہم السلام کے

اِلٰهًا وَّاحِدًا ښ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۳﴾ تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ

ازالۂ شبہ

معبود کی جو ایک معبود ہے اور ہم اسی کے فرمانبردار ہیں۔ یہ ایک جماعت تھی جو تحقیق گزر چکی ان کے لیے ان کے اعمال ہیں

وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْـَٔــلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۴﴾ وَقَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا

یہود ونصاریٰ کی دعوت عام

اور تمہارے لیے تمہارے اعمال ہیں اور نہیں پوچھا جائے گا تم سے کہ وہ کیا کرتے تھے۔ اور انہوں نے کہا ہوجاؤ یہودی

اَوْ نَصٰرٰى تَهْتَدُوْا ۭ قُلْ بَلْ مِلَّةَ اِبْرٰهٖمَ حَنِيْفًا ۭ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۳۵﴾

(۲) جواب دعوت

یا نصرانی تم ہدایت پاؤ گے کہہ دیجئے بلکہ ہم تو ملت ابراہیم علیہ السلام پر رہیں گے جو ایک خدا کے ہو کر رہے اور وہ شرک کرنے والوں سے نہیں تھے

قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ

خلاصہ ملت ابراہیم علیہ السلام (۳)

کہہ دو تم ہم ایمان لائے اللہ پر اور اس پر جو اتارا گیا ہماری طرف اور اس پر جو اتارا گیا ابراہیم اور اسماعیل اور اسحاق

وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَمَآ اُوْتِيَ النَّبِيُّوْنَ مِنْ

اور یعقوب اور ان کی اولاد پر اور جو دیا گیا موسیٰ اور عیسیٰ کو اور جو دیا گیا دوسرے نبیوں کو

(۱) مَنْ برائے استفہام انکاری ہے اس لیے "نہیں" ترجمہ کیا جاتا ہے

(۲) حنیف: تمام باطل ادیان سے یکسو ہوکر دین حق کی طرف مائل ہونے والا

(۳) ایمان بالقرآن پر دلیل نمبر ۲ اور دلیل نمبر ۳ یہی سورۃ بقرہ آیت ۲۸۵ ص ۵۵ میں دیکھیں

رَّبِّهِمْ ۚ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۖ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿١٣٦﴾ فَاِنْ اٰمَنُوْا

کیفیت ایمان ونبوت معیار ایمان (۱)

ان کے رب کی طرف سے نہیں ہم فرق کرتے ان میں سے کسی ایک کے درمیان اور ہم اسی کے فرمانبردار ہیں۔ پس اگر وہ ایمان لے آئیں

بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا هُمْ فِيْ شِقَاقٍ ۚ

جیسا کہ تم انہوں وہ

اس طرح جس طرح تم ایمان لائے ہو اس پر پس یقیناً انہوں نے ہدایت پالی اور اگر وہ روگردانی کریں پس یقیناً وہ ضد میں پڑے ہوئے ہیں

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿١٣٧﴾ ۭ صِبْغَةَ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ اَحْسَنُ

اظہار دین اسلام

پس کافی ہے تمہارے لیے اللہ اور وہی سننے والا جاننے والا ہے۔ اللہ کا رنگنا اور کون اچھا ہے

مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً ۡ وَّنَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ ﴿١٣٨﴾ قُلْ اَتُحَآجُّوْنَنَا فِي اللّٰهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۚ

جھگڑا ختم کرنے کا طریقہ

اللہ سے رنگنے میں اور ہم اسی کی عبادت کرنے والے ہیں۔ کہہ دیجئے کیا تم ہم سے جھگڑا کرتے ہو اللہ کے بارے میں حالانکہ وہ ہمارا رب ہے اور تمہارا رب ہے

وَلَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۚ وَنَحْنُ لَهٗ مُخْلِصُوْنَ ﴿١٣٩﴾ ۙ اَمْ تَقُوْلُوْنَ

یہود ونصاری کا شکوہ

اور ہمارے لیے ہمارے اعمال ہیں اور تمہارے لیے تمہارے اعمال ہیں اور ہم تو اسی کی خالص عبادت کرتے ہیں۔ کیا تم کہتے ہو کہ

اِنَّ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطَ كَانُوْا هُوْدًا

بیشک ابراہیمؑ اور اسماعیلؑ اور اسحاقؑ اور یعقوبؑ اور ان کی اولاد یہودی

اَوْ نَصٰرٰى ۭ قُلْ ءَاَنْتُمْ اَعْلَمُ اَمِ اللّٰهُ ۭ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً

جواب شکوہ (۱)

یا نصرانی تھے پوچھئے کیا تم زیادہ جانتے ہو یا اللہ اور اس سے بڑھ کر کون ظالم ہے جو چھپائے گواہی

عِنْدَهٗ مِنَ اللّٰهِ ۭ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿١٤٠﴾ تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا

جو اللہ تعالیٰ کی طرف اعادہ ازالہ شبہ

جو اس کے پاس اللہ کی طرف سے ہے اور نہیں ہے اللہ بے خبر اس سے جو تم کرتے ہو۔ یہ ایک جماعت ہے تحقیق گزر چکی ہے ان کے لیے

مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٤١﴾ ع

ان کے اعمال ہیں اور تمہارے لیے تمہارے اعمال ہیں اور نہیں پوچھا جائے گا تم سے اس کے بارے جو وہ کرتے تھے

(۱) ف: قل اس کا ظاہری معنیٰ حکم کا ہے اگر اس کے آگے ہمزہ استفہام کا ہو تو بمعنیٰ "سل" ہوگا جس طرح اس آیت میں قل بمعنیٰ "سل" ہے

(۱)
دلیل نمبر ۲، تمام صحابہؓ معیار حق ہیں۔ اور دلیل نمبر ۳ سورۃ انفال آیت نمبر ۷۴ ص ۱۹۵ میں دیکھیں

سَيَقُولُ السُّفَهَاءُ مِنَ النَّاسِ مَا وَلّٰهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمُ الَّتِي كَانُوا عَلَيْهَا ؕ

تحویل قبلہ کا تحقیقی و تفصیلی جواب

اب کہیں گے بیوقوف لوگ کسی چیز نے پھیر دیا ہے ان کو ان کے قبلہ سے جس پر وہ (پہلے) تھے

قُلْ لِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ؕ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ إِلٰى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ ﴿١٤٢﴾ وَكَذٰلِكَ

حاکمانہ جواب — فضیلت

کہہ دیجئے اللہ کے لیے ہیں مشرق اور مغرب وہ دکھاتا ہے جسے چاہتا ہے راستہ سیدھا۔ اور اسی طرح

جَعَلْنٰكُمْ أُمَّةً وَسَطًا لِتَكُونُوا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُونَ الرَّسُولُ

امت محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام

ہم نے بنایا تمہیں امتِ معتدل تا کہ تم ہو گواہ لوگوں پر اور ہو رسول

عَلَيْكُمْ شَهِيدًا ؕ وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِي كُنْتَ عَلَيْهَا إِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يَتَّبِعُ

تحویل قبلہ کے تقرر کی حکمت نمبرا — تردید معتزلہ، امتحان خداوندی

تم پر گواہ اور ہم نے نہیں بنایا قبلہ وہ جس پر آپ (پہلے) تھے مگر اس لیے تاکہ ہم ممتاز کردیں کہ کون پیروی کرتا ہے

الرَّسُولَ مِمَّنْ يَنْقَلِبُ عَلٰى عَقِبَيْهِ ؕ وَإِنْ كَانَتْ لَكَبِيرَةً إِلَّا عَلَى الَّذِينَ

قریش عرب

رسول کی اس سے جو پلٹ جاتا ہے اپنی ایڑیوں پر اور بیشک تھی (یہ بات) البتہ بھاری مگر ان پر جن کو

هَدَى اللّٰهُ ؕ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيعَ إِيمَانَكُمْ ؕ إِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوفٌ

تحویل قبلہ پر شبہ اور اس کا جواب

اللہ نے ہدایت دی اور نہیں ہے اللہ کہ ضائع کردے تمہاری نمازوں کو بیشک اللہ لوگوں کے ساتھ البتہ شفقت کرنے والے

رَحِيمٌ ﴿١٤٣﴾ قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَاءِ ۚ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰهَا ۖ فَوَلِّ

تحویل قبلہ کی حکمت نمبر ۲ — حکم خاص

نہایت مہربان ہیں۔ بیشک ہم دیکھ رہے ہیں پھرنا آپ کے چہرے کا آسمان کی طرف تو البتہ ہم پھیردیں آپ کو اسی قبلہ کی طرف جس کو آپ پسند کرتے ہیں پس پھیر لیجئے

وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوا وُجُوهَكُمْ شَطْرَهُ ؕ وَإِنَّ

قانونِ عام — عناد

اپنا چہرہ مسجد حرام کی طرف اور جہاں کہیں تم ہوا کرو پس پھیر لیا کرو اپنے چہروں کو اسی کی طرف، اور بیشک

الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتٰبَ لَيَعْلَمُونَ أَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَبِّهِمْ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُونَ ﴿١٤٤﴾

اہل کتاب نمبرا

وہ لوگ جن کو کتاب دی گئی ہے البتہ وہ جانتے ہیں کہ (تحویل قبلہ) برحق ہے ان کے رب کی طرف سے اور نہیں ہے اللہ تعالیٰ بے خبر اس سے جو وہ کام کر رہے ہیں

وَلَئِنْ أَتَيْتَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتٰبَ بِكُلِّ آيَةٍ مَا تَبِعُوا قِبْلَتَكَ ۚ وَمَا أَنْتَ بِتَابِعٍ

عناداہل کتاب نمبر ۲ — اگر آپ دنیا کی دلیلیں جمع کرکے اہل کتاب کے سامنے پیش کریں تب بھی نہیں مانے گے۔

اور اگر آپ لائیں ان لوگوں کے پاس جن کو کتاب دی گئی ہے ہر قسم کی دلیلیں تو نہیں مانیں گے آپ کے قبلہ کو اور نہیں آپ ماننے والے

قِبْلَتَهُمْ ۚ وَمَا بَعْضُهُمْ بِتَابِعٍ قِبْلَةَ بَعْضٍ ؕ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءَهُمْ مِنْ

تنبیہ

ان کے قبلہ کو اور نہ ان میں سے کوئی دوسرے کے قبلہ کو ماننے والا ہے اور اگر آپ پیروی کریں ان کی خواہشات کی

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حاضر وناظر ہونے پر فریق مخالف کے شہید اور شاہد کے اعتبار سے سردست ۵ دلائل۔ دلیل نمبرا یہی آیت ہے اور دلیل نمبر ۲ سورہ نساء آیت نمبرا ۴ ص ۹۳ میں دیکھیں۔

ف :شاھد کے لیے موقعہ پر موجود ہونا ضروری نہیں ہے۔ کیونکہ صاحب ہدایہ نے لکھا ہے انما یجوز للشاھد ان یشھد بالاشتھار وذالك بالتواتر اوباخبار من یثق بہ (ہدایہ ص ۱۵۹ ج ۳، کتاب الشھادۃ، طبع مکتبہ شرکت علمیہ۔ ملتان) نیز حاضر وناظر کا عقیدہ توہین پیغمبر ہے ملاحظہ فرمائیں عبقات ص ۴۴ ج ۱۔ علامہ خالد محمود صاحب پی ایچ ڈی لندن

وقف لازم

بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ اِنَّكَ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٤٥﴾ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ

(۱) عناد اہل کتاب نمبر ۳ برائے خاتم الانبیاء

بعد اس کے کہ آپکا آپ پاس جو علم سے بیشک آپ اس وقت ناانصافوں سے ہوں گے۔ وہ لوگ جن کو دی ہم نے کتاب

نمبر (۱) گفتہ آید در حدیث دیگراں

وقف منزل

يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ؕ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنْهُمْ لَيَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿١٤٦﴾

علیہ السلام

وہ اس کو پہچانتے ہیں جیسا کہ وہ پہچانتے ہیں اپنے بیٹوں کو اور بیشک ایک جماعت ان میں سے البتہ چھپاتی ہے حق کو حالانکہ وہ جانتے ہیں

ع ۱۷

اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿١٤٧﴾

تنبیہ مؤمنین

حق (نیا قبلہ) تیرے رب کی طرف سے ہے بس ہرگز نہ ہو تو شک کرنے والوں سے

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ؕ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ

تحویل قبلہ کی حکمت نمبر ۳ ہر مذہب والے کے لیے ایک قبلہ رہا ہے

اور ہر ایک کے لیے ایک جہت ہے وہ اسی کی طرف منہ کرنے والا ہے پس تم دوڑو نیکیوں کی طرف جہاں کہیں بھی تم ہوگے لائے گا تم سب کو اللہ

جَمِيْعًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿١٤٨﴾ وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ

سمیٹ کر بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے ۔ اور جہاں سے آپ نکلیں پس پھیر لیا کریں اپنا چہرہ

شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَاِنَّهٗ لَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿١٤٩﴾

مسجد حرام کی طرف، اور بیشک یہی حق ہے آپ کے رب کی طرف سے اور نہیں ہے اللہ بے خبر اس سے جو تم کام کرتے ہو۔

وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا

ازالہ شبہ تین دفعہ کیوں فرمایا؟ جواب آپ کی تکریم کے لیے

(۲) بشریت خاتم الانبیاء پر دلیل نمبر ۳ اور دلیل نمبر ۴ سورۃ آل عمران آیت ۷۹ ص ۶۷ میں دیکھیں۔

اور جہاں کہیں سے بھی آپ نکلیں پس پھیر لیا کریں اپنا چہرہ مسجد حرام کی طرف اور جہاں کہیں بھی تم ہو پس پھیر لو

وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ۙ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ ۗ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ ۚ فَلَا

تحویل قبلہ کی حکمت نمبر ۴۔ یہود و نصاریٰ یہ نہ کہیں کہ ہمارا قبلہ مانا ہے مذہب کیوں نہیں مانتے؟

اپنے چہروں کو اسی طرف تاکہ نہ رہے لوگوں کے لیے تم پر کوئی دلیل مگر وہ لوگ جو ہٹ دھرم ہیں ان میں سے پس تم نہ

عند المتاخرین ۱۲

تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِيْ ۗ وَلِاُتِمَّ نِعْمَتِيْ عَلَيْكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿١٥٠﴾ كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ

حکمت نمبر ۵ افضل عبادت نماز ہے۔ حکمت نمبر ۶، افضل جہات (۲) اثبات رسالت خاتم الانبیاء

نمبر (۳) (۱) کہ ہر جگہ ما عموم کے لیے نہیں ہے، ج۔ نمبر ۲ خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے علم غیب کی نفی پر دو دلائل دلیل نمبر ۱ سورۃ انعام آیت نمبر ۹۱ ص ۱۴۷ میں دیکھیں۔

ڈرو ان سے اور مجھ سے ڈرو، اور تاکہ میں پوری کروں اپنی نعمت تم پر اور تاکہ تم رہ پاجاؤ۔ جیسا کہ بھیجا ہم نے تم میں

رَسُوْلًا مِّنْكُمْ يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِنَا وَيُزَكِّيْكُمْ وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُمْ

ایک رسول تم ہی میں سے وہ پڑھتا ہے تم پر ہماری آیتیں اور پاک کرتا ہے تمہیں اور سکھاتا ہے تمہیں کتاب اور حکمت اور سکھاتا ہے تمہیں

ع ۱۸

مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ﴿١٥١﴾ فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ ﴿١٥٢﴾

(۳) (جاء الحق ص ۴۹) تہذیب اخلاق کے پانچ مسائل نمبر ۱، ذکر۔ اور نمبر ۲، شکر

جو تم نہیں جانتے تھے۔ پس تم مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد کرونگا اور میرا شکر کرو اور میری ناشکری مت کرو

ے فوائد نمبر۱: لفظ برزخ کا معنی سورۃ مؤمنون آیت ۱۰۰ ص ۷۵۷ میں دیکھیں۔ ف : نمبر۲ قبر زمین میں ہے اسی سے قیامت کے دن اٹھایا جائے گا سورۃ طٰہٰ آیت ۵۵ ص ۳۲۴ میں دیکھیں لفظ قبر کے ثبوت پر ۸ دلائل قرآنی اور ایک دلیل حدیث شریف سے قرآنی دلائل : نمبر۱ سورۃ توبہ آیت ۸۴ ص ۲۰۸ میں دیکھیں۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ ٱسْتَعِينُوا۟ بِٱلصَّبْرِ وَٱلصَّلَوٰةِ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ مَعَ ٱلصَّٰبِرِينَ ﴿۱۵۳﴾

طلب استعانت کا طریقہ — نمبر۱ نمبر۳ — نمبر۲ نمبر۴ — نتیجہ

اے ایمان والو! مدد طلب کرو صبر اور نماز کے ذریعہ بیشک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہیں

وَلَا تَقُولُوا۟ لِمَن يُقْتَلُ فِى سَبِيلِ ٱللَّهِ أَمْوَٰتٌۢ ۚ بَلْ أَحْيَآءٌ وَلَٰكِن لَّا تَشْعُرُونَ ﴿۱۵۴﴾

شہداء کی فضیلت — مؤمنین کے لیے تنبیہات کا بیان، مقتول روح اور جسم مثالی نہیں بلکہ جسد عنصری ہے شہداء کی حیات ابدی — بنی آدم کی کم علمی

اور نہ کہو تم ان لوگوں کو جو مارے جائیں اللہ کی راہ میں (کہ وہ) مردے ہیں بلکہ (وہ) زندہ ہیں لیکن تم نہیں سمجھتے

وَلَنَبْلُوَنَّكُم بِشَىْءٍ مِّنَ ٱلْخَوْفِ وَٱلْجُوعِ وَنَقْصٍ مِّنَ ٱلْأَمْوَٰلِ

امتحان خداوندی

اور البتہ ضرور ہم تمہیں آزمائیں گے کچھ خوف اور بھوک سے اور مالوں کی کمی سے

وَٱلْأَنفُسِ وَٱلثَّمَرَٰتِ ۗ وَبَشِّرِ ٱلصَّٰبِرِينَ ﴿۱۵۵﴾ ٱلَّذِينَ إِذَآ أَصَٰبَتْهُم مُّصِيبَةٌ

صابرین صفت

اور جانوں کی (کمی سے) اور پھلوں کی (کمی سے) اور خوشخبری دیجئے صبر کرنے والوں کو۔ وہ لوگ کہ جب پہنچتی ہے ان کو کوئی مصیبت

قَالُوٓا۟ إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّآ إِلَيْهِ رَٰجِعُونَ ﴿۱۵۶﴾ أُو۟لَٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوَٰتٌ مِّن رَّبِّهِمْ

صابرین کی عادت — نتائج

تو کہتے ہیں بیشک ہم تو اللہ ہی کے ہیں اور بیشک ہم اسی کی طرف لوٹ جانے والے ہیں۔ یہی لوگ ان پر عمومی رحمتیں ہیں ان کے رب کی طرف سے

وَرَحْمَةٌ ۖ وَأُو۟لَٰٓئِكَ هُمُ ٱلْمُهْتَدُونَ ﴿۱۵۷﴾ إِنَّ ٱلصَّفَا وَٱلْمَرْوَةَ مِن شَعَآئِرِ ٱللَّهِ ۖ

ازالہ شبہ۔ تہذیب اخلاق کا نمبر۵ (تعظیم شعائر اللہ)

اور خصوصی رحمتیں ہیں اور یہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں۔ بیشک صفا اور مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں

فَمَنْ حَجَّ ٱلْبَيْتَ أَوِ ٱعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَن يَطَّوَّفَ بِهِمَا ۚ وَمَن

پس جو حج کرے بیت اللہ کا یا عمرہ کرے تو کوئی گناہ نہیں اس پر کہ طواف (یعنی سعی) کرے ان دونوں کے درمیان اور جو شخص

تَطَوَّعَ خَيْرًا فَإِنَّ ٱللَّهَ شَاكِرٌ عَلِيمٌ ﴿۱۵۸﴾ إِنَّ ٱلَّذِينَ يَكْتُمُونَ مَآ أَنزَلْنَا

خوشی (خواہ فرض ہو یا نفل) — عمومی تعلیم

خوشی سے کرے کوئی نیک کام تو بیشک اللہ قدردان جاننے والا ہے۔ بیشک جو لوگ چھپاتے ہیں اس کو جو اتارا ہم نے

مِنَ ٱلْبَيِّنَٰتِ وَٱلْهُدَىٰ مِنۢ بَعْدِ مَا بَيَّنَّٰهُ لِلنَّاسِ فِى ٱلْكِتَٰبِ ۙ أُو۟لَٰٓئِكَ

نتیجہ کتمان

واضح دلائل سے اور ہدایت بعد اس کے کہ بیان کیا اس کو ہم نے لوگوں کے لیے کتاب میں۔ یہ ایسے لوگ ہیں

يَلْعَنُهُمُ ٱللَّهُ وَيَلْعَنُهُمُ ٱللَّٰعِنُونَ ﴿۱۵۹﴾ إِلَّا ٱلَّذِينَ تَابُوا۟ وَأَصْلَحُوا۟ وَبَيَّنُوا۟ فَأُو۟لَٰٓئِكَ

حق — استثناء تائبین — بیان

لعنت بھیجتے ان پر اللہ اور لعنت بھیجتے ہیں ان پر لعنت بھیجنے والے۔ مگر وہ لوگ جنہوں نے توبہ کی اور اصلاح کی اور (احکام الٰہی کو صاف صاف) بیان کیا پس یہی لوگ ہیں

أَتُوبُ عَلَيْهِمْ ۚ وَأَنَا ٱلتَّوَّابُ ٱلرَّحِيمُ ﴿۱۶۰﴾ إِنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ وَمَاتُوا۟ وَهُمْ كُفَّارٌ

کفر پر اصرار کرنے والوں کا انجام

میں مہربانی کرتا ہوں ان پر اور میں توبہ قبول کرنے والا نہایت رحم والا ہوں۔ بیشک وہ لوگ جنہوں نے کفر اختیار کیا اور مر گئے اس حال میں کہ وہ کافر تھے

منکرین عذاب قبر کا شرعی حکم اور زمینی قبر کا ثبوت۔ ضمیمہ ص ۶۲۷، ۶۲۸ سورۃ البقرہ آیت ۱۵۴ کے ذیل میں دیکھیں۔
ف : نمبر۳ حیاۃ انبیاء علیہم السلام پر چار قرآنی دلائل۔ دلیل نمبر۱ یہی آیت کریمہ اور دلیل نمبر۲ سورہ آل عمران آیت ۱۶۹ ص ۹۷ میں دیکھیں۔
ف : نمبر۴۔ ۱۳۷۴ھ تک اہل سنت میں سے کوئی حیاۃ انبیاء علیہم السلام کا منکر نہ تھا۔
ف : نمبر۵ حدیث، الانبیاء احیاء فی قبورھم یصلون کو امت کے تمام طبقات نے صحیح تسلیم کیا ہے اس لیے علامہ سیوطیؒ نے اس کے متواتر ہونے کا دعویٰ کیا ہے۔ "ان من جملة ما تواتر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم حیاۃ الانبیاء فی قبورھم۔" (النظم المتناثر من الحدیث المتواتر، کذا فی شرح البوسنوی ص ۴) علامہ داؤد بن سلیمان البغدادیؒ نے بھی اس حدیث کو علامہ سیوطی کی تائید میں متواتر کہا ہے (المنحۃ الوھبیۃ ص ۱۱) حضرت استاذ محترمؒ فرماتے ہیں اس حدیث کے الفاظ اور اسناد متواتر نہیں لیکن تواتر طبقہ اور تواتر توارث کا شرف اس کو حاصل ہے (تسکین ص ۲۴۴)

حضرت مولانا محمد انور شاہ صاحبؒ فرماتے ہیں تواتر کی چار قسمیں ہیں (۱) تواتر الاسناد (۲) تواتر الطبقہ (۳) تواتر العمل والتوارث (۴) تواتر قدر المشترک۔ (معارف السنن) یاد رکھیں حضرات علماء کرام فرماتے ہیں کہ تواتر کی کسی بھی قسم کا منکر ہو تو کافر ہے۔ بشرطیکہ تواتر دینی ہو۔ تفصیل کے لیے معارف الفرقان سورہ بقرہ آیت ۲۵۹ میں دیکھیں

أُولَٰئِكَ عَلَيْهِمْ لَعْنَةُ اللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ ﴿١٦١﴾ خَالِدِينَ فِيهَا

خلود فی النار

یہی لوگ ان پر اللہ کی لعنت اور فرشتوں کی اور سب لوگوں کی۔ ہمیشہ رہیں گے اس میں

لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْظَرُونَ ﴿١٦٢﴾ وَإِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ

حصر الالوہیت باری تعالیٰ، خاتمہ

نہیں ہلکا کیا جائے گا ان سے عذاب اور نہ ان کو مہلت دی جائے گی۔ اور تم سب کا معبود ایک معبود ہے

ع ۱۹ ۳

لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمَٰنُ الرَّحِيمُ ﴿١٦٣﴾

باب تہذیب اخلاق

کوئی معبود نہیں مگر وہ، بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِي

(۱) تذکیر بآلاء اللہ سے توحید پر دلائل عقلیہ نمبر ۱ — نمبر ۲ — نمبر ۳

(۱) تدبیر منزل کے پانچ مسئلوں میں سے پہلا مسئلہ کسب رزق۔

بیشک پیدا کرنے میں آسمانوں اور زمین کے اور رات اور دن کے آنے جانے میں اور کشتیوں میں جو

تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ وَمَا أَنْزَلَ اللَّهُ مِنَ السَّمَاءِ مِنْ مَاءٍ

نمبر ۴

چلتی ہیں سمندر میں اس چیز کے ساتھ جو نفع پہنچاتی ہے لوگوں کو اور جو اتارا اللہ نے آسمان سے پانی

فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيهَا مِنْ كُلِّ دَابَّةٍ وَتَصْرِيفِ الرِّيَاحِ

حکمت نزول ماء — نمبر ۵

پس زندہ کیا اس کے ذریعہ زمین کو اس کے مرنے کے بعد اور پھیلا دیئے اس میں ہر قسم کے جانور اور ہواؤں کے بدلنے میں

وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ﴿١٦٤﴾ وَمِنَ

نمبر ۶ — مستفیدین من الآیات — کیفیت

اور بادل میں جو حکم کے تابع ہے آسمان اور زمین کے درمیان البتہ نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو عقل مند ہیں۔ اور بعض لوگ

النَّاسِ مَنْ يَتَّخِذُ مِنْ دُونِ اللَّهِ أَنْدَادًا يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللَّهِ ۖ وَالَّذِينَ

مشرکین برائے محبت غیر اللہ — کیفیت

ایسے بھی ہیں جو بناتے ہیں اللہ کے سوا شریک۔ ان سے ایسی محبت رکھتے ہیں جیسی کہ اللہ سے رکھنی چاہیے اور جو لوگ

آمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا لِلَّهِ ۗ وَلَوْ يَرَى الَّذِينَ ظَلَمُوا إِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ أَنَّ الْقُوَّةَ

مومنین برائے محبت الٰہی — عذاب اخروی

ایمان لائے وہ اللہ کی محبت میں بڑھے ہوئے ہیں۔ اور اگر دیکھیں وہ لوگ جنہوں نے ظلم (شرک) کیا جب وہ دیکھیں گے عذاب کو کہ طاقت

لِلَّهِ جَمِيعًا وَأَنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعَذَابِ ﴿١٦٥﴾ إِذْ تَبَرَّأَ الَّذِينَ اتُّبِعُوا مِنَ

شدت نار جہنم — متبوعین کی برأت

ساری اللہ کی ہے اور یہ کہ اللہ سخت سزا دینے والے ہیں۔ جب بیزار ہوجائیں گے وہ لوگ جن کی پیروی کی گئی تھی

الَّذِينَ اتَّبَعُوا وَرَأَوُا الْعَذَابَ وَتَقَطَّعَتْ بِهِمُ الْأَسْبَابُ ﴿١٦٦﴾ وَقَالَ الَّذِينَ

تابعین کی تمنا

ان لوگوں سے جنہوں نے پیروی کی تھی اور دیکھ لیں گے عذاب کو اور ٹوٹ جائیں گے ان کے تعلقات۔ اور کہیں وہ لوگ

اتَّبَعُوا لَوْ أَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَتَبَرَّأَ مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّءُوا مِنَّا ۗ كَذَٰلِكَ يُرِيهِمُ اللَّهُ

نتائج نمبر۱

جنہوں نے پیروی کی تھی کاش ہمارے لیے پلٹنا ہو تو ہم بیزار ہوجائیں ان سے جس طرح انہوں بے تعلقی ظاہر کی ہم سے اس طرح دکھائیں گے ان کو اللہ

أَعْمَالَهُمْ حَسَرَاتٍ عَلَيْهِمْ ۖ وَمَا هُم بِخَارِجِينَ مِنَ النَّارِ ﴿۱۶۷﴾ ع

نمبر ۲

ان کے اعمال پچھتاوے ان پر اور نہیں ہوں گے وہ نکلنے والے دوزخ سے

يَا أَيُّهَا النَّاسُ كُلُوا مِمَّا فِي الْأَرْضِ حَلَالًا طَيِّبًا وَلَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ ۚ

(۱) تحریمات عباد کی تردید اتباع شیطان کی ممانعت

اے لوگو! کھاؤ ان چیزوں سے جو زمین میں ہیں حلال پاکیزہ اور نہ پیروی کرو شیطان کے قدموں کی

إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ ﴿۱۶۸﴾ إِنَّمَا يَأْمُرُكُم بِالسُّوءِ وَالْفَحْشَاءِ وَأَن تَقُولُوا عَلَى

عداوت شیطان عداوت شیطان کی تشریح

بیشک وہ تمہارا صریح دشمن ہے۔ بیشک وہ حکم دیتا ہے تمہیں برائی اور بے حیائی کا اور یہ کہ تم ذمہ لگاؤ اللہ

اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿۱۶۹﴾ وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّبِعُوا مَا أَنزَلَ اللَّهُ قَالُوا بَلْ نَتَّبِعُ

ترغیب اتباع ماانزل اللہ جواب ترغیب

کے وہ باتیں جو تم نہیں جانتے۔اور جب کہا جاتا ہے انہیں کہ پیروی کرو اس کی جو اللہ نے اتارا ہے تو وہ کہتے ہیں بلکہ ہم تو پیروی کریں گے

مَا أَلْفَيْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا ۗ أَوَلَوْ كَانَ آبَاؤُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ شَيْئًا وَلَا يَهْتَدُونَ ﴿۱۷۰﴾

جواب خداوندی۔ترک تقلید کا جواب (۱) بقرہ ۱۳۳ دیکھیں۔ ۲ ج۔ یوسف ۳۸۔ دیکھیں

اس کی جس پر پایا ہم نے اپنے باپ دادا کو۔ کیا اگرچہ ہوں ان کے باپ دادا کچھ بھی نہ سمجھتے اور نہ ہدایت یافتہ

وَمَثَلُ الَّذِينَ كَفَرُوا كَمَثَلِ الَّذِي يَنْعِقُ بِمَا لَا يَسْمَعُ إِلَّا دُعَاءً وَنِدَاءً ۚ

مشرکین کے سوءِ فہم کی مثال

اور مثال ان لوگوں کی جنہوں نے کفر کیا جیسے حالت اس کی جو چیخ کر ڈانٹا ہے اس جانور کو جو نہیں سنتا مگر پکارنا اور بلانا

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُونَ ﴿۱۷۱﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُلُوا مِن طَيِّبَاتِ

اہل ایمان کے فرائض نمبر۱

بہرے ہیں گونگے ہیں اندھے ہیں پس وہ نہیں سمجھتے۔ اے ایمان والو! کھاؤ پاکیزہ چیزوں میں سے

مَا رَزَقْنَاكُمْ وَاشْكُرُوا لِلَّهِ إِن كُنتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُونَ ﴿۱۷۲﴾ إِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ

نمبر۲ محرمات اربعہ کی تفصیل نمبر۱

جو ہم نے تمہیں روزی دی اور اللہ کا شکر کرو اگر تم خاص اس کی عبادت کرتے ہو۔ سوا اس کے نہیں حرام کیا (اللہ نے) تم پر مردار کو

وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنزِيرِ وَمَا أُهِلَّ بِهِ لِغَيْرِ اللَّهِ ۖ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ

نمبر۲ نمبر۳ (۲) نمبر۴

اور خون کو اور خنزیر کے گوشت کو اور اس کو جس پر آواز لگائی گئی اللہ کے علاوہ کی پس جو شخص مجبور ہوجائے اس حال میں کہ نہ زیادتی کرنے والا اور نہ حد سے بڑھنے والا

فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿۱۷۳﴾ إِنَّ الَّذِينَ يَكْتُمُونَ مَا أَنزَلَ اللَّهُ مِنَ

تحریم دین فروشی

تو اس پر کوئی گناہ نہیں بیشک اللہ بخشنے والا رحم والا ہے۔ بیشک جو لوگ چھپاتے ہیں اس کو جو اتارا اللہ نے

(۱) مسئلہ دوم صرف کے اصول۔

(۲) شیعہ کے نزدیک خنزیر کی کھال سے ڈول بنانا۔ضمیمہ ص ۶۳۰ آیت ۱۷۳۔ کے ذیل میں دیکھیں

الْكِتٰبِ وَيَشْتَرُوْنَ بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۙ اُولٰٓئِكَ مَا يَاْكُلُوْنَ فِىْ بُطُوْنِهِمْ اِلَّا النَّارَ

نتائج نمبر ۱

کتاب سے اور خریدتے ہیں اس کے بدلہ تھوڑی قیمت یہ لوگ نہیں کھاتے اپنے پیٹوں میں مگر آگ

وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۴﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

نمبر ۲　　نمبر ۳　　وجہ عذاب

اور نہیں کلام کرے گا اللہ ان سے قیامت کے دن اور نہ پاک کرے گا انہیں اور ان کے لیے درد ناک عذاب ہوگا۔ یہ وہ لوگ ہیں

اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ ۚ فَمَآ اَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ ﴿۱۷۵﴾ ذٰلِكَ

سبب

جنہوں نے خریدا گمراہی کو ہدایت کے بدلے اور عذاب کو مغفرت کے بدلے پس ان کا کتنا بڑا صبر ہوگا آگ پر۔ یہ اس لیے کہ

ع بِاَنَّ اللّٰهَ نَزَّلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ ۗ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِى الْكِتٰبِ لَفِىْ شِقَاقٍ بَعِيْدٍ ﴿۱۷۶﴾

عذاب

اللہ نے اتاری کتاب سچائی کے ساتھ اور بیشک جنہوں نے اختلاف کیا کتاب میں البتہ ضد میں دور جا پڑے ہیں

لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ

تنبیہ یہود (تدبیر منزل کا دوسرا حصہ شروع ہے)　　اعمال صالحہ کی تفصیل یعنی اعتقادات

نیکی یہ نہیں کہ تم پھیرو اپنے منہ مشرق اور مغرب کی طرف اور لیکن نیکی تو یہ ہے کہ

اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ ۚ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ

عبادات

جو ایمان لائے اللہ اور آخرت کے دن اور فرشتوں اور کتابوں اور نبیوں پر اور دے مال اس کی محبت میں

ذَوِى الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ۙ وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِى الرِّقَابِ ۚ

رشتہ داروں کو اور یتیموں کو اور مسکینوں کو اور مسافروں کو اور مانگنے والوں کو اور گردنوں کے چھڑانے میں

وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ ۚ وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا ۚ وَالصّٰبِرِيْنَ

معاملات　　اخلاق

اور نماز قائم رکھے اور زکوٰۃ دے اور جو پورا کرنے والے ہیں اپنے عہدوں کو جب وہ عہد کریں اور صبر کرنے والے

فِى الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ ۗ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿۱۷۷﴾

نتیجہ نمبر ۱　　نمبر ۲

محتاجی اور بیماری میں اور سخت جنگ کے وقت ۔ یہی لوگ سچے ہیں اور یہی لوگ پرہیز گار ہیں

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِى الْقَتْلٰى ۗ اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ

مسئلہ سوم پر پہلا حکم قانون فوجداری وقصاص

اے ایمان والو! فرض کیا گیا ہے تم پر برابری کرنا مقتولوں میں آزاد بدلے آزاد کے اور غلام بدلے غلام کے

وَالْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى ۗ فَمَنْ عُفِىَ لَهٗ مِنْ اَخِيْهِ شَىْءٌ فَاتِّبَاعٌ ۢ بِالْمَعْرُوْفِ وَاَدَآءٌ

اور عورت بدلے عورت کے پس جس کو معاف کیا گیا اس کے بھائی کی طرف سے کچھ تو مطالبہ کرنا ہے دستور کے مطابق اور پہنچانا

إِلَيْهِ بِإِحْسَانٍ ۗ ذَٰلِكَ تَخْفِيفٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ۗ فَمَنِ اعْتَدَىٰ بَعْدَ ذَٰلِكَ

ہے اس کی طرف احسان مندی کے ساتھ۔ یہ (معافی کا حکم) آسان کرنا ہے تمہارے رب کی طرف سے اور بڑی مہربانی ہے پس جس نے زیادتی کی اس کے بعد

فَلَهُ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿١٧٨﴾ وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيَاةٌ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ﴿١٧٩﴾

حکمت قصاص

پس اس کے لیے دردناک عذاب ہے ۔اور تمہارے لیے قصاص میں زندگی ہے اے عقلمندو! تاکہ تم (خون ریزی) سے بچو

كُتِبَ عَلَيْكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ إِن تَرَكَ خَيْرًا الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ

حکم ثانی وصیت برائے اعزہ غیر مسلم ومسئلہ چہارم۔ قانون دیوانی

فرض کیا گیا ہے تم پر جب آپہنچے تم میں سے کسی کو موت اگر وہ چھوڑے مال تو وصیت کرنا ماں باپ

وَالْأَقْرَبِينَ بِالْمَعْرُوفِ ۖ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِينَ ﴿١٨٠﴾ فَمَن بَدَّلَهُ بَعْدَمَا سَمِعَهُ

وصیت تبدیل کرنے کا جرم تبدیل کرنے والے پر ہوگا

اور رشتہ داروں کے لیے مناسب طور پر ۔ یہ لازم ہے پرہیزگاروں پر۔ پس جو اسے بدل دے بعد اس کے سننے کے

فَإِنَّمَا إِثْمُهُ عَلَى الَّذِينَ يُبَدِّلُونَهُ ۚ إِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿١٨١﴾ فَمَنْ خَافَ

عدم گناہ بر مصلح

پس تحقیق اس کا گناہ ان پر ہے جو اس کو تبدیل کریں بیشک اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔ پھر جو خوف کرے

مِن مُّوصٍ جَنَفًا أَوْ إِثْمًا فَأَصْلَحَ بَيْنَهُمْ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ

وصیت کرنے والے کی طرف سے (کسی وارث کی طرف داری) یا حق تلفی کا پھر (وہ وصیت بدل کر) اصلاح کردے ان (وارثوں) کے درمیان تو اس پر کوئی گناہ نہیں بیشک اللہ

غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٨٢﴾

بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہے

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِينَ مِن

(۱)

تیسرا حکم صوم۔ ومسئلہ پنجم اشاعت تعلیم قرآنی

اے ایمان والو! فرض کیے گئے ہیں تم پر روزے جس طرح فرض کیے گئے تھے ان لوگوں پر جو

قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ﴿١٨٣﴾ أَيَّامًا مَّعْدُودَاتٍ ۚ فَمَن كَانَ مِنكُم مَّرِيضًا أَوْ عَلَىٰ

مدت صوم احکامات

تم سے پہلے تھے تا کہ تم پرہیزگار بن جاؤ۔ چند دن گنتی کے پھر جو کوئی تم میں سے بیمار ہو یا

سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ أَيَّامٍ أُخَرَ ۚ وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُونَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِينٍ ۖ

سفر پر ہو تو گنتی پوری کرنا دوسرے دنوں سے اور ان لوگوں پر جو اس کی طاقت رکھتے ہیں فدیہ ہے کھانا ایک مسکین کا

فَمَن تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَّهُ ۚ وَأَن تَصُومُوا خَيْرٌ لَّكُمْ ۖ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿١٨٤﴾

پھر جو کوئی خوشی سے نیکی کرے تو وہ بہتر ہے اس کے لیے اور یہ کہ تم روزہ رکھو بہتر ہے تمہارے لیے اگر تم جانتے ہو

(۱) شیعہ کے نزدیک دبر میں وطی سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ (ضمیمہ ص ۶۳۱) اور عورتوں سے لواطت جائز ہے، اور عاریۃ فرج استعمال کرنا جائز ہے۔ ضمیمہ ص ۶۳۱، ۶۳۲ آیت ۱۸۳ کے ذیل میں

(۱) دلیل نمبر ۳ قرآن کریم کے منجانب اللہ نازل ہونے پر اور دلیل نمبر ۴ سورۃ آل عمران آیت ۳ ص ۵۴ میں دیکھیں

شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيٓ أُنْزِلَ فِيهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى

نزول قرآن کا مہینہ (۱)

رمضان کا مہینہ وہ ہے جس میں اتارا گیا قرآن جو ہدایت ہے لوگوں کے لیے اور روشن دلیلیں ہدایت کی

وَالْفُرْقَانِ ۚ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ ۖ وَمَنْ كَانَ مَرِيضًا أَوْ عَلٰى

تعیین ایام صوم ۔ تراویح (۲)

اور حق و باطل کے درمیان فرق کرنے کی تو جو شخص پائے تم میں سے اس مہینہ کو پس وہ اس کے روزے رکھے اور جو کوئی بیمار ہو یا

سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ أَيَّامٍ أُخَرَ ۗ يُرِيدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيدُ بِكُمُ الْعُسْرَ

سفر پر ہو تو گنتی پوری کرے دوسرے دنوں میں اللہ چاہتا ہے تم پر آسانی اور وہ نہیں چاہتا تمہارے ساتھ تنگی

وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴿۱۸۵﴾ وَإِذَا سَأَلَكَ

اور تا کہ تم پوری کرو گنتی کو اور تا کہ تم اللہ کی بڑائی بیان کرو اس پر کہ اس نے تمہیں ہدایت دی اور تا کہ تم شکر کرو۔ اور جب پوچھیں آپ سے

عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ ۖ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي

قرب واجابت باری تعالیٰ

میرے بندے میرے بارے میں تو بیشک میں نزدیک ہوں قبول کرتا ہوں، دعا مانگنے والے کی دعا جب وہ مجھ سے دعا مانگتا ہے پس چاہیے کہ وہ میرا حکم مانیں

وَلْيُؤْمِنُوا بِي لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ ﴿۱۸۶﴾ أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلٰى

چوتھا حکم سحر وافطار کے متعلق

اور مجھ پر یقین رکھیں تا کہ وہ ہدایت پاجائیں۔ حلال کیا گیا ہے تمہارے لیے روزوں کی رات میں بے پردہ ہونا

نِسَآئِكُمْ ۚ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَأَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ۗ عَلِمَ اللّٰهُ أَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتَانُونَ

اپنی عورتوں کی طرف وہ لباس ہیں تمہارے لیے اور تم لباس ہو ان کے لیے، اللہ جانتا ہے کہ جو تم خیانت کرتے تھے

أَنْفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنْكُمْ ۖ فَالْـٰٔنَ بَاشِرُوهُنَّ وَابْتَغُوا مَا كَتَبَ اللّٰهُ

قانون اجازت نمبرا ۔ نمبر۲

اپنے نفسوں سے پس اس نے تمہاری توبہ قبول کر لی اور تمہیں معاف کر دیا پس اب ان سے مباشرت کرو (یعنی مل لیا کرو) اور تلاش کرو وہ چیز جو اللہ نے لکھ دی ہے

لَكُمْ ۚ وَكُلُوا وَاشْرَبُوا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ مِنَ

انتہاء سحور ۔ نمبر۴ ۔ نمبر۳

تمہارے لیے اور کھاؤ اور پیؤ یہاں تک کہ صاف نظر آئے تمہیں سفید دھاگا سیاہ دھاگے سے

الْفَجْرِ ۖ ثُمَّ أَتِمُّوا الصِّيَامَ إِلَى اللَّيْلِ ۚ وَلَا تُبَاشِرُوهُنَّ وَأَنْتُمْ عَاكِفُونَ فِي الْمَسٰجِدِ ۗ

انتہاء صیام ۔ پانچواں حکم اعتکاف

(یعنی) فجر سے پھر پورا کرو روزہ رات تک اور نہ مباشرت کرو ان سے اس حال میں کہ تم اعتکاف کرنے والے ہو مسجدوں میں

تِلْكَ حُدُودُ اللّٰهِ فَلَا تَقْرَبُوهَا ۗ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ اٰيٰتِهِ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ﴿۱۸۷﴾

تاکید احکام مذکورہ ۔ شفقت خداوندی

یہ اللہ کی حدیں ہیں پس مت قریب جاؤ ان کے ۔ اسی طرح بیان کرتا ہے اللہ اپنی نشانیاں لوگوں کے لیے تا کہ وہ بچیں

(۲) آٹھ تراویح پر دلیل غیر مقلدین: عن ابی سلمة بن عبد الرحمن انه اخبره انه سئل عائشة كيف كانت صلوة رسول الله صلى الله عليه وسلم فى رمضان فقالت ما كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يزيد فى رمضان ولا فى غيره على احدى عشرة ركعة يصلى اربعًا فلا تسئل عن حسنهن وطولهن ثم يصلى اربعًا فلا تسئل عن حسنهن وطولهن ثم يصلى ثلثًا قالت عائشة فقلت يا رسول الله أتنام قبل أن توتر فقال يا عائشة ان عينى تنامان ولا ينام قلبى۔ بخاری ص ۱۵۴ ج ۱، باب قیام النبی باللیل فی رمضان وغیرہ۔

(فائدہ) آٹھ تراویح پر رد امام ترمذی کا قول بیس تراویح پر جمہور صحابہ اور تابعین کا اجماع ہے چنانچہ لکھتے ہیں: واكثر اهل العلم على ما روى عن على و عمر وغيرهما من اصحاب النبى صلى الله عليه وسلم عشرين ركعة وهو قول سفيان الثورى وابن مبارك و الشافعى. قال الشافعى وهكذا ادركت ببلادنا بمكة يصلون عشرين ركعة۔ ترمذی ص ۱۶۶۰ ج ۱

عن ابن عباس رضی اللہ عنہ ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يصلى رمضان عشرين ركعة والوتر۔ مصنف ابن ابی شیبہ صفحہ ۲۸۶ ج ۲۔ بیہقی صفحہ ۴۹۶ ج ۲

اعتراض صاحب فتح القدیر نے اس حدیث کے راوی ابراہیم بن عثمان کو ضعیف کہا ہے جواب: ابراہیم بن عثمان کو ضعیف کہنا درست نہیں اس کی دو وجہ ہیں (۱) امام بخاری کے استاذ الاستاذ یزید بن ہارون نے اسی کی توثیق کی ہے (۲) اس حدیث کو تلقی بالقبول کا شرف حاصل ہے۔ (۳) خلفاء راشدین سے ثبوت۔

عن السائب بن يزيد قال كنا نقوم من زمن عمر بن الخطاب بعشرين ركعة والوتر۔ رواه البيهقى۔

وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوْا بِهَآ اِلَى الْحُكَّامِ لِتَاْكُلُوْا فَرِيْقًا مِّنْ

چھٹا حکم معاملات۔ ممانعت مال حرام

اور نہ کھاؤ تم آپس میں ایک دوسرے کے مال ناجائز طور پر اور نہ پہنچاؤ انہیں حاکموں تک تا کہ کھاؤ تم کچھ حصہ

ع ۲۳ ۷ اَمْوَالِ النَّاسِ بِالْاِثْمِ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝۱۸۸ ع

لوگوں کے مالوں کا گناہ کے ذریعہ حالانکہ تم جانتے ہو

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ ۭ قُلْ هِىَ مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ ۭ وَلَيْسَ الْبِرُّ بِاَنْ تَاْتُوا

ساتواں حکم چاند کے متعلق سوال — آٹھواں حکم بعض رسومات باطلہ کی اصلاح

پوچھتے ہیں آپ سے نئے چاند کے متعلق کہہ دیجئے وہ اوقات ہیں لوگوں کے لیے اور حج کے لیے اور نہیں ہے نیکی کہ آؤ تم

الْبُيُوْتَ مِنْ ظُهُوْرِهَا وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقٰى ۚ وَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ اَبْوَابِهَا ۠

اور بدعت کی تردید — اصحاب بر کی پہچان — فرائض حجاج

گھروں میں ان کی پیٹھوں سے اور لیکن نیکوکار وہ ہے جو اللہ سے ڈرے اور آؤ تم گھروں میں ان کے دروازوں سے

وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝۱۸۹ وَقَاتِلُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ

نواں حکم دفاعی جہاد کی اجازت (۱)

اور اللہ سے ڈرتے رہو تا کہ تم کامیاب ہوجاؤ۔ اور لڑو اللہ کی راہ میں ان لوگوں سے جو تم سے لڑتے ہیں

وَلَا تَعْتَدُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ۝۱۹۰ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ

(یعنی از خود معاہدہ سے مت نکلو کہ عہد شکنی کر کے لڑنے لگو) — دل کھول کر لڑنے کی اجازت

اور حد سے تجاوز مت کرو بیشک اللہ نہیں پسند کرتے حد سے تجاوز کرنے والوں کو ۔ اور قتل کرو ان کو جہاں بھی ان کو پاؤ

وَاَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ حَيْثُ اَخْرَجُوْكُمْ وَالْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ۚ وَلَا تُقٰتِلُوْهُمْ

اور نکالو ان کو جہاں سے انہوں نے تم کو نکالا اور فتنہ (شرک) زیادہ سخت ہے قتل سے اور نہ لڑو ان سے

عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ حَتّٰى يُقٰتِلُوْكُمْ فِيْهِ ۚ فَاِنْ قٰتَلُوْكُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ ۭ كَذٰلِكَ

مسجد حرام کے پاس یہاں تک کہ وہ لڑیں تم سے اس میں پھر اگر وہ قتال کریں تم سے پس تم انہیں قتل کرو یہی

جَزَاۗءُ الْكٰفِرِيْنَ ۝۱۹۱ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۱۹۲ وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى

کفر سے باز آنے کا بیان — مقصد جہاد

سزا ہے کفر کرنے والوں کی۔ پھر اگر وہ باز آجائیں پس تحقیق اللہ بہت بڑا بخشنے والا نہایت رحم والا ہے۔ اور لڑو ان سے یہاں تک

لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ ۭ فَاِنِ انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ اِلَّا عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ۝۱۹۳

نہ رہے فساد اور ہوجائے دین اللہ کے لیے پس اگر وہ باز آجائیں تو کسی پر سختی جائز نہیں مگر ظالموں پر

اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ وَالْحُرُمٰتُ قِصَاصٌ ۭ فَمَنِ اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ

اشہر حرام میں جنگ کے تردد کا جواب — پس جس نے زیادتی کی تم پر

حرمت والا مہینہ حرمت والے مہینہ کے بدلہ میں ہے اور تمام قابل تعظیم باتوں کا بدلہ ہے پس جو زیادتی کرے تم پر

(۱)
باب چہارم ملک گیری ماخذ۔ ۱۹۰
صحابہ کرام کو تین مشکلات (۱) ہم احرام میں ہیں (۲) حرم میں ہیں (۳) اشہر حرم میں ہیں۔ اس کا یہاں سے جواب دیا ہے

فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ ۪ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

تسلی مؤمنین

پس تم زیادتی کرو اس پر جتنی کہ زیادتی کی اس نے تم پر اور اللہ سے ڈرو اور جان لو کہ بیشک اللہ

مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿١٩٤﴾ وَاَنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ ۛ

دسواں حکم انفاق فی الجہاد (ابوایوب انصاری رضؓ) ترک انفاق کا نتیجہ

ڈرنے والوں کے ساتھ ہیں۔ اور خرچ کرو اللہ کی راستہ میں اور نہ ڈالو اپنے ہاتھوں کو ہلاکت میں

وَاَحْسِنُوْا ۛ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٩٥﴾ وَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ ؕ فَاِنْ

عند المتقدمین ١٢ ع

گیارہواں حکم حج وعمرہ کے احکامات

اور نیکی کرو بیشک اللہ پسند کرتے ہیں نیکی کرنے والوں کو۔ اور پورا کرو حج اور عمرہ کو اللہ کے لیے۔ پھر اگر

اُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ وَلَا تَحْلِقُوْا رُءُوْسَكُمْ حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ

روکے گئے تم تو جو میسر ہو قربانی سے اور نہ منڈواؤ اپنے سروں کو یہاں تک کہ پہنچ جائے قربانی

مَحِلَّهٗ ؕ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ بِهٖٓ اَذًى مِّنْ رَّاْسِهٖ فَفِدْيَةٌ مِّنْ صِيَامٍ

قربانی کا بدل تین۔

اپنی جگہ پر ۔ پھر جو شخص تم میں سے بیمار ہو، یا اس کے سر میں تکلیف ہو تو فدیہ دے روزوں سے

اَوْ صَدَقَةٍ اَوْ نُسُكٍ ۚ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ ۟ فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ

فطرہ کے برابر حج قران وتمتع

یا خیرات سے یا قربانی سے پھر جب تم مطمئن ہو جاؤ تو جس نے فائدہ اٹھایا عمرہ سے حج کے ساتھ تو جو میسر ہو

مِنَ الْهَدْيِ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ فِي الْحَجِّ وَسَبْعَةٍ اِذَا رَجَعْتُمْ ؕ

قربانی سے تو جو شخص نہ پائے (قربانی) تو تین دن کے روزے رکھے حج کے دنوں میں اور سات دن کے جب تم لوٹ آؤ

تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ لَّمْ يَكُنْ اَهْلُهٗ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ

قران وتمتع

یہ دس پورے ہوگئے ۔ یہ اس شخص کے لیے ہے جس کا گھر بار مکہ میں نہ ہو

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿١٩٦﴾ ع

اور اللہ سے ڈرتے رہو اور جان لو بیشک اللہ سخت سزا دینے والا ہے

اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ ۚ فَمَنْ فَرَضَ فِيْهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ وَلَا جِدَالَ

تتمہ سابق وقت حج احرام کی پابندیاں نمبر ۱۔ نمبر ۲ نمبر ۳

حج کا وقت کچھ مہینے جانِ پہچانے ہیں تو جس نے لازم کیا ان میں حج تو نہ بے حجاب ہو عورتوں سے اور نہ کوئی گناہ کا کام کرے اور نہ جھگڑا فساد

فِي الْحَجِّ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ يَّعْلَمْهُ اللّٰهُ ؕ وَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى ۫

تاکید زادِراہ

حج میں اور جو تم کرتے ہو کوئی نیکی اللہ اس کو جانتا ہے اور توشہ لے لیا کرو اور بہترین توشہ سوال سے بچنا ہے

وَاتَّقُوْنِ یٰۤاُولِی الْاَلْبَابِ ﴿۱۹۷﴾ لَیْسَ عَلَیْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ

عدم ممانعت تلاش روزی

اور مجھ سے ڈرو اے عقلمندو ۔ نہیں ہے تم پر کوئی گناہ کہ تلاش کرو فضل

رَّبِّكُمْ ؕ فَاِذَاۤ اَفَضْتُمْ مِّنْ عَرَفٰتٍ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ ۪ وَاذْكُرُوْهُ

عرفات سے واپسی مزدلفہ

اپنے رب کا پھر جب لوٹو عرفات سے تو اللہ کو یاد کرو مشعر حرام کے پاس اور یاد کرو اس کو

كَمَا هَدٰىكُمْ ۚ وَاِنْ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الضَّآلِّیْنَ ﴿۱۹۸﴾ ثُمَّ اَفِیْضُوْا مِنْ حَیْثُ

تردید قریش

جس طرح اس نے تمہیں طریقہ بتایا اگرچہ تم اس سے پہلے ناواقفوں میں سے تھے۔ پھر لوٹو تم جہاں سے

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

اَفَاضَ النَّاسُ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۹۹﴾ فَاِذَا قَضَیْتُمْ

وقوف منیٰ کا بیان

لوگ لوٹتے ہیں اور اللہ سے بخشش طلب کرو بیشک اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ پھر جب ادا کر چکو

مَّنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَذِكْرِكُمْ اٰبَآءَكُمْ اَوْ اَشَدَّ ذِكْرًا ؕ فَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّقُوْلُ

اقسام الناس نمبر ا

حج کے اعمال تو اللہ کو یاد کرو جیسے تم اپنے باپ دادا کو یاد کرتے تھے یا اس سے بھی بڑھ کر یاد کرو پھر بعض لوگ تو یہ کہتے ہیں

رَبَّنَاۤ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا وَمَا لَهٗ فِی الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ﴿۲۰۰﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ یَّقُوْلُ رَبَّنَاۤ

نمبر ۲

اے رب ہمارے دے ہمیں دنیا میں بھلائی ۔ اور نہیں ان کے لیے آخرت میں کچھ حصہ۔ اور بعض ان میں سے وہ ہیں جو کہتے ہیں اے رب ہمارے

اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۲۰۱﴾ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ

نتیجہ

دے ہمیں دنیا میں اچھائی اور آخرت میں بھی اچھائی اور بچا ہمیں آگ کے عذاب سے، انہیں لوگوں کے لیے

النصف

نَصِیْبٌ مِّمَّا كَسَبُوْا ؕ وَاللّٰهُ سَرِیْعُ الْحِسَابِ ﴿۲۰۲﴾ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ فِیْۤ اَیَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ ؕ

(۱۱، ۱۲، ۱۳، ذوالحجہ) بقیہ احکام منیٰ

حصہ ہے ان کی کمائی سے اور اللہ جلد حساب لینے والا ہے ۔اور یاد کرو اللہ کو چند گنتی کے دنوں میں

فَمَنْ تَعَجَّلَ فِیْ یَوْمَیْنِ فَلَاۤ اِثْمَ عَلَیْهِ ۚ وَمَنْ تَاَخَّرَ فَلَاۤ اِثْمَ عَلَیْهِ ۙ لِمَنِ اتَّقٰی ؕ

قیام منیٰ میں تخفیف کے احکامات

پھر جو جلدی کرے دو دن کے اندر (کوچ کرنے کی) پھر اس پر کوئی گناہ نہیں اور جو تاخیر کرے اس پر بھی کوئی گناہ نہیں یہ اس کے لیے ہے جو (اللہ) سے ڈرتا ہے

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْۤا اَنَّكُمْ اِلَیْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۰۳﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ

نمبر ۳ منافق کا بیان یعنی اخنس بن شریق (۱)

اور اللہ سے ڈرو اور جان لو بیشک تم اسی کی طرف اکٹھے کیے جاؤ گے۔ اور بعض ایسے لوگ بھی ہیں کہ آپ کو بھلی معلوم ہوتی ہے اس کی بات

فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَیُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰی مَا فِیْ قَلْبِهٖ ۙ وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ ﴿۲۰۴﴾ وَاِذَا

کیفیت

دنیا کی زندگی میں اور وہ گواہ بناتا ہے اللہ کو اُس بات پر جو اس کے دل میں ہے اور وہ سخت جھگڑالو ہے، اور جب

(۱)
آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے علم غیب کی نفی پر دلیل نمبر ۲ یہی آیت ہے۔ اور دلیل نمبر ۳ سورہ ال عمران آیت نمبر ۱۲۸ ص ۷۳ میں دیکھیں۔

تَوَلّٰى سَعٰى فِى الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ ؕ وَاللّٰهُ لَا

منافق

پیٹھ پھیرتا ہے دوڑتا ہے زمین میں تاکہ فساد مچائے اس میں اور تباہ کرتا ہے کھیتی اور مویشی کو اور اللہ نہیں

يُحِبُّ الْفَسَادَ ﴿٢٠٥﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْاِثْمِ فَحَسْبُهٗ جَهَنَّمُ ؕ

ترغیب تقویٰ

پسند کرتے فساد کرنے والوں کو ۔ اور جب کہا جاتا ہے اس کو اللہ سے ڈرو شیخی میں آکر گناہ کرتا ہے تو اس کو جہنم کافی ہے

وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿٢٠٦﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِىْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ ؕ

نمبر ٤ مخلص جانثاران اسلام کا بیان (صہیب رومیؓ)

اور البتہ وہ بہت برا گہوارہ ہے۔ اور بعض لوگ ایسے بھی ہیں جو خرید لیتے ہیں اپنی جان اللہ کی رضا چاہنے کے لیے

وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿٢٠٧﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِى السِّلْمِ كَآفَّةً ۖ وَّلَا تَتَّبِعُوْا

اصلاح مبتدع (چند یہود اسلام میں داخل ہوئے)

اور اللہ نہایت مہربان ہے اپنوں بندوں پر۔ اے ایمان والو! داخل ہوجاؤ اسلام میں پورے کے پورے اور نہ پیروی کرو

خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿٢٠٨﴾ فَاِنْ زَلَلْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْكُمُ

تنبیہ از اعراض صراط مستقیم

شیطان کے قدموں کی اس لیے کہ وہ تمہارا صریح دشمن ہے۔ پھر اگر تم پھسل گئے بعد اس کے کہ آئی تمہارے پاس

الْبَيِّنٰتُ فَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٢٠٩﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّاۤ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِىْ

تنبیہ قہر۔ عذاب (١)

کھلی دلیلیں تو جان لو کہ بیشک اللہ زبردست حکمت والا ہے۔ نہیں وہ دیکھتے مگر اس بات کو کہ آئے ان کے سامنے اللہ

٢٥ ع ٩ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَقُضِىَ الْاَمْرُ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿٢١٠﴾ ع

(١) اس پر قرینہ سورۃ نحل آیت نمبر ٣٣ ص ٢٧٩ میں دیکھیں

بادل کے سائبانوں میں اور فرشتے اور طے کردیا جائے معاملہ اور اللہ کی طرف لوٹیں گے تمام معاملات

سَلْ بَنِىْۤ اِسْرَآءِيْلَ كَمْ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ اٰيَةٍۢ بَيِّنَةٍ ؕ وَمَنْ يُّبَدِّلْ نِعْمَةَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ

خطاب خاتم الانبیاء قانون الٰہی

پوچھیں بنی اسرائیل سے کتنی دی ہم نے انہیں روشن دلیلیں اور جو تبدیل کرے اللہ کی نعمت کو بعد اس کے

مَا جَآءَتْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿٢١١﴾ زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا

عقوبت مخالفت حق اسباب محرومی یعنی حب دنیا

کہ وہ اس کے پاس آچکی تو تحقیق اللہ سخت سزا والا ہے۔ دل کش بنائی گئی ہے ان لوگوں کے لیے جنہوں نے کفر اختیار کیا دنیا کی زندگی

وقف لازم وَيَسْخَرُوْنَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۘ وَالَّذِيْنَ اتَّقَوْا فَوْقَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَاللّٰهُ

نتیجہ حب دنیا مقام متقین متقین کا

اور وہ لوگ ہنسی اڑاتے ہیں ان لوگوں کی جو ایمان لائے اور جن لوگوں نے تقویٰ اختیار کیا ان سے بالاتر ہوں گے قیامت کے دن اور اللہ

يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿٢١٢﴾ كَانَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۟ قف فَبَعَثَ اللّٰهُ

نتیجہ دنیوی سبب بعثت انبیاء فاختلفوا

روزی دیتا ہے جس کو چاہے بغیر حساب کے۔ سب لوگ ایک دین پر تھے پھر بھیجے اللہ نے

النَّبِيّٖنَ مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۠ وَاَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ

انبیاء خوشخبری دینے والے اور ڈرانے والے اور اتاری ان کے ساتھ سچی کتابیں تا کہ وہ فیصلہ کرے

النَّاسِ فِيْمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۭ وَمَا اخْتَلَفَ فِيْهِ اِلَّا الَّذِيْنَ اُوْتُوْهُ مِنْۢ بَعْدِ مَا

لوگوں کے درمیان ان باتوں میں جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں اور نہیں اختلاف کیا اس میں مگر ان لوگوں نے جنھیں وہ کتاب دی گئی تھی بعد اس کے کہ

جَاۗءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۚ فَهَدَى اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ

اس بات میں جس میں وہ

ان کے پاس روشن دلیلیں آچکیں انہوں نے آپس میں سرکشی کی پھر اللہ نے ہدایت دی ان لوگوں کو جو ایمان لائے اس بات کی جس میں انہوں نے اختلاف کیا

مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِهٖ ۭ وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٢١٣﴾ اَمْ حَسِبْتُمْ

تذکیر بایام اللہ سے

حق بات سے اپنے حکم سے اور اللہ رہنمائی کرتا ہے جس کو چاہے سیدھے راہ کی طرف ۔ کیا تم گمان کرتے ہو

اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ ۭ مَسَّتْهُمُ

مسلمانوں کو ترغیب برائے تحمل شدائد (خباب بن ارت رضؓ)

کہ پہنچ جاؤ گے جنت میں حالانکہ تم پر ابھی تک وہ حالات نہیں آئے جیسے ان لوگوں پر آئے جو گزرے ہیں تم سے پہلے ۔ پہنچی ان کو

الْبَاْسَاۗءُ وَالضَّرَّاۗءُ وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى

دشمن کا اچانک

سختی اور تکلیف اور ہلا دیئے گئے یہاں تک کہ کہا رسول نے اور ان لوگوں نے جو اس کے ساتھ ایمان رکھتے تھے کب

نَصْرُ اللّٰهِ ۭ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ ﴿٢١٤﴾ يَسْــَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ڛ قُلْ مَآ

بارھواں حکم مصارف انفاق

اللہ کی مدد آئے گی آگاہ رہو بیشک اللہ کی مدد قریب ہے۔ وہ پوچھتے ہیں آپ سے کیا وہ خرچ کریں کہہ دیجئے جو بھی

اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ

تم خرچ کرو مال سے تو وہ والدین اور رشتہ داروں اور یتیموں اور محتاجوں اور

السَّبِيْلِ ۭ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿٢١٥﴾ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَھُوَ كُرْهٌ

تیرہواں حکم جہاد کی فرضیت

مسافروں کا (حق) ہے اور جو بھی تم نیکی کرتے ہو تحقیق اللہ اس کو خوب جاننے والا ہے۔ فرض کیا گیا تم پر جہاد اور وہ ناگوار ہے

لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَـيْـــًٔـا وَّھُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تُحِبُّوْا شَـيْـــــًٔا وَّھُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ۭ

تمہیں اور ممکن ہے کہ تم ناپسند کرو کسی چیز کو اور وہ بہتر ہو تمہارے لیے اور ممکن ہے کہ تم پسند کرو کسی چیز کو اوروہ بری ہو تمہارے لیے

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٢١٦﴾ ع

اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے

(۱)
شروع باب پنجم
ملک داری
(۲)
عبداللہ بن جحش رض
مقتول ابن حضرمی

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيْهِ ؕ قُلْ قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ ؕ وَصَدٌّ عَنْ

چودہواں حکم حرمت کے مہینوں میں تحقیق قتال۔ (۱) ۔ (۲) بڑے جرائم نمبرا

پوچھتے ہیں آپ سے حرمت والے مہینہ کے بارے میں (یعنی) اس میں لڑنے کے بارے میں کہہ دیجئے اس میں (عمداً) لڑائی کرنا بڑا (گناہ) ہے اور روکنا

سَبِيْلِ اللّٰهِ وَكُفْرٌۢ بِهٖ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۗ وَاِخْرَاجُ اَهْلِهٖ مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ

نمبر ۲ نمبر ۳ نمبر ۴

اللہ کے راستے سے اور اس کا انکار کرنا اور مسجد حرام سے (روکنا) اور نکالنا اس کے باشندوں کو اس سے اللہ کے نزدیک زیادہ بڑا گناہ ہے

وَالْفِتْنَةُ اَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ ؕ وَلَا يَزَالُوْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ عَنْ دِيْنِكُمْ

نمبر ۱۵ اکبر الجرائم دائمی عداوت کفار

اور فتنہ انگیزی قتل سے بڑا گناہ ہے اور وہ ہمیشہ تم سے لڑتے رہیں گے یہاں تک کہ پھیر دیں گے تم کو تمہارے دین سے

اِنِ اسْتَطَاعُوْا ؕ وَمَنْ يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ فَاُولٰٓئِكَ

اگر ان مرتد کا حکم نتائج نمبرا

اگر ان کا بس چلے اور جو پھر جائے تم میں سے اپنے دین سے پھر وہ مرجائے اس حال میں کہ وہ کافر ہو تو یہی لوگ ہیں کہ

حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا

نمبر ۲

ضائع ہوگئے ان کے اعمال دنیا اور آخرت میں اور یہی لوگ دوزخ والے ہیں وہ اس میں

خٰلِدُوْنَ ۝ ۲۱۷ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَجَاهَدُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ

بشارت

ہمیشہ رہنے والے ہیں ۔ بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی اور جہاد کیا اللہ کے راستہ میں

اُولٰٓئِكَ يَرْجُوْنَ رَحْمَتَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ ۲۱۸ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ

پندرہواں حکم برائے شراب وجوا اور موانعات جہاد

یہی لوگ امید رکھتے ہیں اللہ کی رحمت کی اور اللہ بہت بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ وہ پوچھتے ہیں آپ سے شراب

وَالْمَيْسِرِ ؕ قُلْ فِيْهِمَآ اِثْمٌ كَبِيْرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ ۫ وَاِثْمُهُمَآ اَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا ؕ

(۳)

(۳)
حکم حرمت شراب
مائدہ آیت نمبر ۹۰ ص
نمبر ۲ ۱۳ میں
دیکھیں

اور جوئے کے بارے میں کہہ دیجئے ان دونوں میں بڑا گناہ ہے اور لوگوں کے لیے کچھ فائدے ہیں اور ان دونوں کا گناہ ان دونوں کے نفع سے بڑا ہے

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ڛ قُلِ الْعَفْوَ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ

سولہواں حکم سوال مقدار انفاق فی سبیل اللہ جواب مقدار انفاق اور عمل محمود شفقت خداوندی

اور وہ آپ سے پوچھتے ہیں کیا خرچ کریں آپ کہہ دیجئے جو ضرورت سے زائد ہو۔ اسی طرح بیان کرتا ہے اللہ تمہارے لیے نشانیاں

لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ۝ ۲۱۹ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْيَتٰمٰى ؕ قُلْ اِصْلَاحٌ

سترہواں حکم مخالطت مال یتیم ، اور عمل مذموم یتیم کا مال کھانا

تاکہ تم غور وفکر کرو۔ دنیا اور آخرت کے بارے میں۔ اور وہ پوچھتے ہیں آپ سے یتیموں کے بارے میں کہہ دیجئے ان کی اصلاح کرنا

لَّهُمْ خَيْرٌ ؕ وَاِنْ تُخَالِطُوْهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ ؕ

وسعت علم باری تعالیٰ

بہتر ہے اور اگر تم ان کو ساتھ ملا لو تو وہ تمہارے بھائی ہیں اور اللہ جانتا ہے فساد کرنے کو اصلاح کرنے والے سے

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَعْنَتَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ﴿۲۲۰﴾ وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى

چوتھا مرحلہ سیاست ملک گیری میں ملک داری و

اور اگر اللہ چاہتا تو البتہ مشقت میں ڈالتا تمہیں بیشک اللہ زبردست حکمت والا ہے، اور مت نکاح کرو تم مشرک عورتوں سے یہاں تک کہ

یُؤْمِنَّ ؕ وَلَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَیْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ وَّلَوْ اَعْجَبَتْكُمْ ۚ وَلَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِیْنَ

اٹھارہواں حکم ممانعت مناکحت کفار (۱)

وہ ایمان لائیں اور لونڈی مومنہ بہتر ہے مشرک عورت سے اگرچہ وہ تم کو اچھی لگے اور مت نکاح کرو مشرک مردوں سے

حَتّٰى یُؤْمِنُوْا ؕ وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَیْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكُمْ ؕ اُولٰٓىِٕكَ یَدْعُوْنَ

وجہ عدم مناکحت مع الکفار

یہاں تک کہ وہ ایمان قبول کرلیں اور مؤمن غلام بہتر ہے مشرک مرد سے اگرچہ وہ مشرک تمہیں اچھا لگے یہ لوگ بلاتے ہیں

اِلَى النَّارِ ۚۖ وَاللّٰهُ یَدْعُوْۤا اِلَى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِاِذْنِهٖ ۚ وَیُبَیِّنُ اٰیٰتِهٖ

شفقت خداوندی

آگ کی طرف اور اللہ بلاتا ہے جنت اور مغفرت کی طرف اپنے حکم سے اور (اللہ) بیان کرتا ہے اپنی نشانیاں

ع ۲۷/۵ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۲۱﴾ ع

لوگوں کے لیے تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں

وَیَسْــَٔلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِیْضِ ؕ قُلْ هُوَ اَذًى ۙ فَاعْتَزِلُوا النِّسَآءَ فِی الْمَحِیْضِ ۙ

انیسواں حکم حرمتِ جماع درحالتِ حیض (۲)

اور وہ پوچھتے ہیں آپ سے حیض کے بارے میں۔آپ کہہ دیجئے وہ گندگی ہے پس جدا رہو عورتوں سے حیض کی حالت میں

وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰى یَطْهُرْنَ ۚ فَاِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْهُنَّ مِنْ حَیْثُ

اور نہ قریب جاؤ ان کے یہاں تک کہ وہ پاک ہوجائیں پس جب وہ خوب پاک ہوجائیں تو آؤ ان کے پاس جہاں سے

اَمَرَكُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ التَّوَّابِیْنَ وَیُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِیْنَ ﴿۲۲۲﴾ نِسَآؤُكُمْ

عورتوں کے

تمہیں اللہ نے حکم دیا ہے بیشک اللہ پسند کرتا ہے توبہ کرنے والوں کو اور پسند کرتا ہے خوب پاکیزگی اختیار کرنے والوں کو۔ تمہاری عورتیں

حَرْثٌ لَّكُمْ ۪ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ ۫ وَقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْۤا

کھیتی ہونے کا بیان — جس طرح مراد جہت ہے (۳)

تمہاری کھیتی ہیں پس آؤ تم اپنی کھیتی کو جس جہت سے تم چاہو اور اپنے لیے آگے بھیجو اور اللہ سے ڈرو اور جان لو کہ

اَنَّكُمْ مُّلٰقُوْهُ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۲۲۳﴾ وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً لِّاَیْمَانِكُمْ

بیسواں حکم اللہ کے نام کا احترام (عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ)

بیشک تم اس سے ملاقات کرنے والے ہو اور خوشخبری دیجئے ایمان والوں کو۔ اور نہ بناؤ اللہ کے نام کو آڑ اپنی قسم کے لیے

اَنْ تَبَرُّوْا وَتَتَّقُوْا وَتُصْلِحُوْا بَیْنَ النَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ﴿۲۲۴﴾ لَا یُؤَاخِذُكُمُ

کہ تم حسن سلوکی نہیں کروگے اور پرہیزگاری نہیں کروگے اور لوگوں کے درمیان صلح نہ کراؤ گے اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔ نہیں گرفت کریں گے تمہاری

(۱) شیعہ کے ہاں بغیر گواہوں کے نکاح درست ہے فتاویٰ جات اہل سنت: ضمیمہ ص ۶۳۳ میں دیکھیں۔ فتاویٰ جات اہل التشیع ضمیمہ ص ۶۳۴ میں دیکھیں۔

(۲) مسائل حیض

(۳) وطی دبر ضمیمہ ص ۶۳۱ ذیل آیت ۲۲۳ بقرہ میں دیکھیں

اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ ۭ وَاللّٰهُ
(۱)

اللہ تمہاری بیہودہ قسموں میں اور لیکن گرفت کرے گا تمہاری ان قسموں کی وجہ سے جو کمائی ہیں تمہارے دلوں نے اوراللہ

غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۲۲۵﴾ لِلَّذِيْنَ يُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَاۗىِٕهِمْ تَرَبُّصُ اَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ ۚ فَاِنْ

اکیسواں حکم ایلاء کا بیان

بڑا بخشنے والا بڑا برد بار ہے۔ ان لوگوں کے لیے جو قسمیں کھاتے ہیں اپنی بیویوں کے پاس جانے سے انتظار کرنا ہے چار ماہ پھر اگر وہ

فَاۗءُوْ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۲۶﴾ وَاِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ فَاِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۲۷﴾

رجوع کریں تو یقیناً اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ اور اگر انہوں نے پختہ ارادہ کر لیا طلاق کا تو یقیناً اللہ سننے والا جاننے والا ہے

وَالْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْۗءٍ ۭ وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ يَّكْتُمْنَ

بائیسواں حکم عدت مطلقہ

اور طلاق دی ہوئی عورتیں روکے رکھیں اپنے آپ کو تین حیض اور نہیں ہے جائز ان کے لیے کہ چھپائیں

مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِيْٓ اَرْحَامِهِنَّ اِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ وَبُعُوْلَتُهُنَّ

تیئیسواں حکم مدت

جو کچھ پیدا کیا ہے اللہ نے ان کی بچہ دانیوں میں اگر وہ ایمان رکھتیں ہیں اللہ اور قیامت کے دن پر اور ان کے خاوند

اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِيْ ذٰلِكَ اِنْ اَرَادُوْٓا اِصْلَاحًا ۭ وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِيْ عَلَيْهِنَّ

رجعت کا بیان — شرط رجعت

زیادہ حق رکھتے ہیں اس (مدت) میں لوٹانے کے اگر وہ دونوں ارادہ رکھیں اصلاح کا اور ان عورتوں کے لیے اس کی مثل ہے جو ان کے ذمہ ہے

ع ۲۸ ۱۲ بِالْمَعْرُوْفِ ۠ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۲۸﴾ ع

دستور کے مطابق اور مردوں کو ان عورتوں پر ایک فضیلت ہے اور اللہ زبردست حکمت والا ہے

اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ ۠ فَاِمْسَاكٌۢ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌۢ بِاِحْسَانٍ ۭ وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَاْخُذُوْا

چوبیسواں حکم عدد طلاق رجعی کا بیان — پچیسواں حکم خلع کا بیان

طلاق دو مرتبہ ہے پھر روک لینا ہے دستور کے ساتھ یا چھوڑ دینا ہے نیکی کے ساتھ اور نہیں ہے حلال تمہارے لیے کہ لو تم اس سے

مِمَّآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ شَـيْـــًٔا اِلَّآ اَنْ يَّخَافَآ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ۭ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا يُقِيْمَا

جو تم نے ان کو دیا تھا۔ مگر یہ کہ وہ دونوں ڈریں کہ اللہ کی حدیں قائم نہیں رکھ سکیں گے۔ پھر اگر تم کو خوف ہو کہ

حُدُوْدَ اللّٰهِ ۙ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيْمَا افْتَدَتْ بِهٖ ۭ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا

وہ اللہ کی حدیں قائم نہیں رکھ سکیں گے تو ان دونوں پر کوئی گناہ نہیں اس میں جو عورت جان چھڑائے اس کے ذریعہ ۔ یہ اللہ تعالیٰ کی حدیں ہیں تو ان

تَعْتَدُوْھَا ۚ وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَاُولٰۗىِٕكَ ھُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۲۹﴾ فَاِنْ طَلَّقَهَا

چھبیسواں حکم حلالہ کا

سے تجاوز مت کرو اور جو شخص تجاوز کرے گا اللہ کی حدوں سے تو وہ لوگ ہی اپنا نقصان کرنے والے ہیں ۔ پس اگر طلاق دی اس کو اس شوہر نے (تیسری)

(۱)
کفارہ قسم منعقدہ
سورۃ مائدہ آیت نمبر
۸۹ ص ۱۳۱
میں دیکھیں
اور قسم ایلاء میں بھی یہی
کفارہ ہے

فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ ؕ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ

بیان (۱)

تو وہ عورت اس شوہر کے لیے حلال نہیں اس کے بعد یہاں تک وہ نکاح کرے کسی اور شوہر سے (اس پہلے شوہر کے علاوہ) پھر اگر وہ دوسرا شوہر اس کو طلاق دے دے تو ان دونوں پر کوئی گناہ نہیں

عَلَيْهِمَآ اَنْ يَّتَرَاجَعَآ اِنْ ظَنَّآ اَنْ يُّقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ يُبَيِّنُهَا

کہ وہ دونوں رجوع کریں اگر ان کا گمان غالب ہو کہ وہ دونوں اللہ کی حدوں کو قائم رکھ سکیں گے اور یہ اللہ کی حدود ہیں وہ بیان کرتا ہے

لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۰﴾ وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ

ستائیسواں حکم تتمہ ماسبق — منع از اضرار نساء وزجر از لعب — احکام خداوندی

ان لوگوں کے لیے جو علم رکھتے ہیں۔ اور جب طلاق دے دو تم عورتوں کو پھر وہ پہنچ جائیں اپنی عدت کو تو روکو ان کو

بِمَعْرُوْفٍ اَوْ سَرِّحُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ ۪ وَّلَا تُمْسِكُوْهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوْا ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ

دستور کے موافق یا رخصت کرو ان کو دستور کے موافق اور نہ روکو ان کو تکلیف دینے کے لیے تا کہ تم زیادتی کرو اور جو شخص ایسا کرے

ذٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ؕ وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا ۫ وَّاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ

تو تحقیق اس نے اپنی جان پر ظلم کیا اور مت بناؤ تم اللہ کے حکموں کو مذاق اور یاد کرو اللہ کی نعمتیں

عَلَيْكُمْ وَمَآ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا

جو تم پر ہیں اور وہ جو اتارا اس نے تم پر کتاب اور حکمت سے وہ تمہیں اس کی نصیحت کرتا ہے اور اللہ سے ڈرو اور جان لو کہ

الربع

اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۲۳۱﴾

بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز کو جاننے والا ہے

وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ

اٹھائیسواں حکم منع از اضرار نساء بعد از عدت (معقل بن یسار رضی اللہ عنہ)

اور جب تم طلاق دے دو عورتوں کو پھر وہ پوری کرلیں اپنی عدت کو تو نہ روکو تم ان کو اس سے کہ وہ نکاح کریں

اَزْوَاجَهُنَّ اِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ ذٰلِكَ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُؤْمِنُ

اپنے خاوندوں سے جب وہ آپس میں راضی ہوجائیں دستور کے موافق یہ اس کو نصیحت کی جاتی ہے جو ایمان رکھتا ہو تم میں سے

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِكُمْ اَزْكٰى لَكُمْ وَاَطْهَرُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۲﴾

اللہ اور آخرت کے دن پر یہ تمہارے لیے بڑی پاکیزگی اور زیادہ صفائی کی بات ہے اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے

وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ؕ

انتیسواں حکم مدت رضاعت کا بیان

اور مائیں دودھ پلائیں اپنی اولاد کو پورے دو سال یہ اس کے لیے ہے جو چاہے کہ پورا کرے مدت رضاعت کو

(۱)
حلالہ کا بیان:
دور تابعین ۱۷۰ھ
تدوین فقہ حنفی ۱۴۵ تا ۱۵۰ھ۔ ابن تیمیہ کی ولادت ۶۶۱ھ۔ وفات ۷۲۸ھ۔
غیر مقلدین پر فتویٰ گمراہ ہونے کا ۱۲۵۲ھ۔ ثناء اللہ امرتسری نے ۱۳۴۲ھ میں اجماع صحابہ رضی اللہ عنہم اور مذاہب اربعہ کے خلاف فتویٰ دیا۔

وَعَلَى الْمَوْلُودِ لَهُ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ ۚ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ

والد کے ذمہ

اور والد کے ذمہ پر ہے دودھ پلانے والیوں کا کھانا اور ان کا کپڑا دستور کے موافق نہ تکلیف دی جائے کسی نفس کو

إِلَّا وُسْعَهَا ۚ لَا تُضَارَّ وَالِدَةٌ بِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُودٌ لَهُ بِوَلَدِهِ ۚ وَعَلَى الْوَارِثِ

مگر اس کی گنجائش کی بقدر نہ تکلیف دی جائے ماں کو اس کے بچے کی وجہ سے اور نہ والد کو اس کی اولاد کی وجہ سے اور وارث پر بھی (ویسا ہی

مِثْلُ ذَٰلِكَ ۗ فَإِنْ أَرَادَا فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ مِنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا ۗ

نان نفقہ) ہے پھر اگر چاہیں وہ دونوں دودھ چھڑانا باہم رضا مندی اور باہم مشورہ سے تو ان دونوں پر کوئی گناہ نہیں

وَإِنْ أَرَدْتُمْ أَنْ تَسْتَرْضِعُوا أَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِذَا سَلَّمْتُمْ مَا

اور اگر تم چاہو کہ دودھ پلواؤ اپنے بچوں کو تو تم پر کوئی گناہ نہیں جب سپرد کرو جو تم

آتَيْتُمْ بِالْمَعْرُوفِ ۗ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ﴿٢٣٣﴾ وَالَّذِينَ

تیسواں حکم

نے دینا طے کیا ہے دستور کے موافق اور اللہ سے ڈرو اور جان لو کہ بیشک اللہ جو تم عمل کرتے ہو اسے دیکھتا ہے ۔ اور جو لوگ

يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُونَ أَزْوَاجًا يَتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا ۖ

عدت وفات زوج کا بیان (عبداللہ بن مسعودؓ کی عدالت کا فیصلہ)

مرجائیں تم میں سے اور چھوڑ جائیں وہ بیویاں انتظار میں رکھیں اپنے آپ کو چار ماہ دس دن

فَإِذَا بَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيمَا فَعَلْنَ فِي أَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوفِ ۗ

پھر جب وہ پہنچ جائیں اپنی عدت کو تو تم پر کوئی گناہ نہیں اس میں جو کیا انہوں نے اپنے حق میں دستور کے مطابق

وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ﴿٢٣٤﴾ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيمَا عَرَّضْتُمْ بِهِ مِنْ خِطْبَةِ

اکتیسواں حکم دوران عدت نکاح کا پیغام وطریقہ

اور اللہ جو تم عمل کرتے ہو اس کی خبر رکھنے والا ہے۔ اور نہیں گناہ تم پر اس میں جو اشارہ کنایہ میں تم کہو پیغام

النِّسَاءِ أَوْ أَكْنَنْتُمْ فِي أَنْفُسِكُمْ ۚ عَلِمَ اللَّهُ أَنَّكُمْ سَتَذْكُرُونَهُنَّ وَلَٰكِنْ لَا تُوَاعِدُوهُنَّ

نکاح عورتوں سے یا تم چھپاؤ اپنے دل میں اللہ جانتا ہے کہ بیشک تمہیں خیال ہےان (عورتوں) کا اور لیکن تم ان سے وعدہ نہ باندھو

سِرًّا إِلَّا أَنْ تَقُولُوا قَوْلًا مَعْرُوفًا ۚ وَلَا تَعْزِمُوا عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتَّىٰ يَبْلُغَ الْكِتَابُ

پوشیدہ مگر یہ کہ تم بات کرو دستور کے موافق اور نہ قصد کرو تم نکاح کی پختہ گرہ کا یہاں تک کہ لکھی ہوئی مدت اپنی انتہا کو پہنچ

أَجَلَهُ ۚ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا فِي أَنْفُسِكُمْ فَاحْذَرُوهُ ۚ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ غَفُورٌ حَلِيمٌ ﴿٢٣٥﴾

جائے اور جان لو کہ بیشک اللہ جانتا ہے جو تمہارے دلوں میں ہے پس اسی سے ڈرو اور جان لو کہ بیشک اللہ بڑا بخشنے والا بڑا برد بار ہے

لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ مَا لَمْ تَمَسُّوْهُنَّ اَوْ تَفْرِضُوْا لَهُنَّ

بتیسواں حکم عدم رخصتی اور عدم مقرر مہر کا بیان

نہیں کوئی گناہ تم پر اگر تم طلاق دے دو عورتوں کو جب تک نہ چھویا ہو تم نے ان کو یا نہ مقرر کیا ہو ان کے لیے

فَرِيْضَةً ۚۖ وَّمَتِّعُوْهُنَّ ۚ عَلَى الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ وَعَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهٗ ۚ مَتَاعًا بِالْمَعْرُوْفِ ۚ

حکم خاص حکم عام

کچھ مہر اور کچھ سامان (وغیرہ دو ان کو) گنجائش والے پر اس کی قوت کے مطابق اور تنگ دست پر اس کی قوت کے مطابق فائدہ پہنچانا دستور کے موافق

حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٢٣٦﴾ وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ

لازم ہے نیکی کرنے والوں پر۔ اور اگر تم ان کو طلاق دو پہلے ان کو ہاتھ لگانے کے اور تم نے مقرر کیا ہو

لَهُنَّ فَرِيْضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ اِلَّآ اَنْ يَّعْفُوْنَ اَوْ يَعْفُوَا الَّذِيْ بِيَدِهٖ

مرد و عورت کی باہمی احسان مندی

ان کے لیے کچھ مہر پس آدھا ہے اس کا جو تم نے مقرر کیا مگر یہ کہ وہ عورتیں معاف کریں یا وہ معاف کرے جس کے ہاتھ

عُقْدَةُ النِّكَاحِ ۗ وَاَنْ تَعْفُوْٓا اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ۗ وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ ۗ

میں نکاح کی گرہ ہے اور یہ کہ (اے مردو) تم معاف کرو یہ زیادہ قریب ہے تقویٰ کے اور مت بھولو آپس میں احسان کرنا

اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿٢٣٧﴾ حَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى ۚ

محافظت صلوٰۃ

بیشک اللہ جو تم عمل کرتے ہو اسے خوب دیکھنے والا ہے۔ پابندی کرو نمازوں کی اور درمیانی نماز کی (١)

وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ ﴿٢٣٨﴾ فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا اَوْ رُكْبَانًا ۚ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا

طریق صلوٰۃ حالت خوف

اور کھڑے ہو اللہ کے لیے باادب ۔ پھر اگر تم کو ڈر ہو تو پیادہ یا سواری پر (پڑھ لیا کرو) پھر جب تم امن پاؤ پس یاد کرو اللہ کو جس طرح

عَلَّمَكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ﴿٢٣٩﴾ وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا ۚۖ

تینتیسواں حکم وصیت برائے بیوہ

سکھایا اس نے تمہیں جو تم نہیں جانتے تھے ۔ اور جو لوگ وفات پائیں تم میں سے اور چھوڑیں بیویاں

وَّصِيَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ مَّتَاعًا اِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ اِخْرَاجٍ ۚ فَاِنْ خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْ مَا

وصیت کریں اپنی بیویوں کے لیے فائدہ اٹھانے کی ایک سال تک بغیر نکالے پھر اگر وہ خود نکل جائیں تو تم پر کوئی گناہ نہیں اس بارے میں

ع ٣١ / ١٥ فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ مِنْ مَّعْرُوْفٍ ۗ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٢٤٠﴾ وَلِلْمُطَلَّقٰتِ مَتَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ ۗ

چونتیسواں حکم حکم عام برائے متعہ مطلقات

جو وہ فیصلہ کریں اپنے حق میں حسب دستور اور اللہ غالب ہے حکمت والا ہے۔ اور طلاق دی ہوئی عورتوں کو فائدہ پہنچانا حسب دستور

حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ﴿٢٤١﴾ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿٢٤٢﴾ ع

یہ لازم ہے پرہیزگاروں پر۔ اس طرح بیان کرتا ہے اللہ تعالیٰ تمہارے لیے نشانیاں تاکہ تم سمجھو

(١) یعنی نمازوں پر محافظت کی تاکید

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا قف

(۱) تمہید تشجیع علی الجہاد۔ رؤیت قلبی۔

کیا نہیں دیکھا آپ نے ان لوگوں کو جو نکلے اپنے گھروں سے اور وہ ہزاروں کی تعداد میں تھے موت کے ڈر سے پس کہا ان کو اللہ نے مرجاؤ

ثُمَّ اَحْيَاهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۲۴۳﴾

احیاء اموات بدعا حضرت حزقیل علیہ السلام

پھر زندہ کیا ان کو بیشک اللہ تعالیٰ بڑا فضل کرنے والے ہیں لوگوں پر لیکن اکثر لوگ شکر نہیں بجا لاتے

وَقَاتِلُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۴۴﴾ مَنْ ذَا الَّذِىْ يُقْرِضُ اللّٰهَ

اقدام عمل برائے جہاد — جہاد کے لئے ترغیب انفاق

اور لڑو اللہ کی راہ میں اور جان لو کہ بیشک اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔ ایسا شخص کون ہے جو اللہ کو قرض

قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗٓ اَضْعَافًا كَثِيْرَةً ؕ وَاللّٰهُ يَقْبِضُ وَيَبْصُۜطُ وَاِلَيْهِ

فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ۝٤٥ۙ وَيُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا وَّمِنَ

فضیلت نمبر ۳ — فضیلت نمبر ۴

دنیا اور آخرت میں اور مقرب لوگوں میں سے۔ اور باتیں کرے گا لوگوں سے (ماں کی) گود میں اور ادھیڑ عمر میں اور

الصّٰلِحِيْنَ ۝٤٦ قَالَتْ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ وَلَدٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ ۭ قَالَ كَذٰلِكِ اللّٰهُ

حضرت مریم کا مکالمہ برائے کیفیت ولد — جواب مکالمہ

نیکو کاروں میں سے ہوگا۔ کہنے لگی اے میرے پروردگار! کیسے ہوگا مجھے بیٹا حالانکہ مجھے کسی انسان نے ہاتھ نہیں لگایا کہا اسی طرح اللہ تعالیٰ

يَخْلُقُ مَا يَشَاۗءُ ۭ اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝٤٧ وَيُعَلِّمُهُ الْكِتٰبَ

دستور خداوندی — بقیہ فضائل حضرت عیسیٰ و

پیدا کرتا ہے جو چاہتا ہے، جب ارادہ کرتا ہے کسی کام کا تو اس کو یہی کہتا ہے کہ ہو جا تو ہوجاتا ہے۔ اور سکھائے گا اس کو کتاب

وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ۝٤٨ۚ وَرَسُوْلًا اِلٰى بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ڏ اَنِّىْ قَدْ جِئْتُكُمْ

تسلی حضرت مریم علیہا السلام — (۴) بعثت عیسیٰ علیہ السلام — (۵) حضرت عیسیٰ علیہ السلام

اور دانش مندی اور توراۃ اور انجیل، اور اس کو رسول بنا کر بھیجے گا بنی اسرائیل کی طرف (کہے گا کہ) تحقیق میں آیا ہوں تمہارے پاس

---

(۱) دلیل نمبر ۵ قرآن کریم کے منجانب اللہ ہونے کی، اور دلیل نمبر ۶ سورۃ نساء آیت ۸۲ ص ۹۹ میں دیکھیں۔

(۲) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مبارک جب جسد اطہر میں جلوہ گر نہیں تھی اس وقت آپ حاضر و ناظر نہ تھے یعنی سابقہ انبیاء کے دور میں دلیل نمبر ۴ یہی آیت کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو وحی کے ذریعہ خبر دی گئی اور دلیل نمبر ۵ سورۃ ھود آیت ۴۹ ص ۲۳۶ میں دیکھیں۔

(۳) مرزا قادیانی اپنے آپ کو مسیح موعود کہتا تھا اور اس نے مختلف دعوے کیے ۱۸۸۰ء ملہم من اللہ۔ ۱۸۸۲ء مجدد۔ ۱۸۹۱ء مسیح موعود۔ ۱۸۹۸ء مہدی۔ ۱۸۹۹ء ظلی بروزی نبی۔ ۱۹۰۱ء میں باقاعدہ نبوت کا دعویٰ کیا۔

(۴) رسولاً کا عامل ''یبعث'' محذوف ہے

(۵) ''انی'' سے پہلے یقول محذوف ہے۔

ف :یہ جملہ سماع موتی پر دلیل اول ہے وہ اس طرح کہ حضرت عیسٰی علیہ السلام میت کو کہتے "قم باذن اللہ" تو وہ سن کر تب کھڑا ہوتا اگر وہ زندہ نہ ہوتا تو کیسے سنتا دلیل نمبر ۲ سورۃ اعراف آیت ۹۳ ص ۱۷۱ میں دیکھیں۔ فتدبر

بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۙ اَنِّىْٓ اَخْلُقُ لَكُمْ مِّنَ الطِّيْنِ كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ فَاَنْفُخُ فِيْهِ فَيَكُوْنُ

کے معجزات — تشریح معجزات نمبر ا

نشانیاں لے کر تمہارے رب کی طرف سے کہ میں بناتا ہوں تمہارے لیے مٹی سے ایک پرندے کی سی شکل پھر میں پھونک مارتا ہوں اس میں تو وہ ہو جاتا ہے

طَيْرًا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَاُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ وَاُحْىِ الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ

نمبر ۲ — نمبر ۳ — نمبر ۴ — چار بندوں کو زندہ کیا عازر کا لڑکا، عاشر کی لڑکی، سام بن نوح

(حقیقی) پرندہ اڑتا اللہ کے حکم سے اور میں اچھا کر دیتا ہوں مادر زاد اندھے اور کوڑھی کو اور زندہ کرتا ہوں مردوں کو اللہ کے حکم سے،

وَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَاْكُلُوْنَ وَمَا تَدَّخِرُوْنَ ۙ فِىْ بُيُوْتِكُمْ ۗ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ

نمبر ۵۔ علمی وقولی معجزہ — مستفیدین من الآیات

اور میں خبر دیتا ہوں تمہیں جو تم کھاتے ہو اور جو تم ذخیرہ کرتے ہو اپنے گھروں میں بیشک اس میں تمہارے لیے نشانیاں ہیں اگر

كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۚ ﴿۴۹﴾ وَمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَىَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَلِاُحِلَّ لَكُمْ بَعْضَ

(۱) جامعیت عیسٰی — اظہار حلال

تم ماننے والے ہو۔ اور (آیا ہوں میں) سچ بتانے والا بن کر اس کتاب کو جو مجھ سے پہلے آئی ہے یعنی توراۃ اور تاکہ ظاہر کردوں تمہارے لیے بعض

الَّذِىْ حُرِّمَ عَلَيْكُمْ وَجِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۫ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۵۰﴾

وہ چیزیں جو حرام کی گئی ہیں تم پر اور میں آیا ہوں تمہارے پاس نشانی لے کر تمہارے رب کی طرف سے لہٰذا تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو

اِنَّ اللّٰهَ رَبِّىْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۗ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۵۱﴾ فَلَمَّآ اَحَسَّ عِيْسٰى

خلاصہ تعلیم عیسٰی — عناد قوم کا احساس

بیشک اللہ ہی میرا اور تمہارا رب ہے پس اسی کی عبادت کرو یہی سیدھا راستہ ہے۔ پھر جب محسوس کیا عیسٰی (علیہ السلام) نے

مِنْهُمُ الْكُفْرَ قَالَ مَنْ اَنْصَارِىْٓ اِلَى اللّٰهِ ۗ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ ۚ اٰمَنَّا

مکالمہ حضرت عیسٰی — جواب مکالمہ

ان (بنی اسرائیل) سے کفر کو فرمایا کون میرا مدد گار ہے اللہ کی طرف؟ کہا حواریوں نے ہم مددگار ہیں اللہ کے۔ ہم ایمان لائے

بِاللّٰهِ ۚ وَاشْهَدْ بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ﴿۵۲﴾ رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ

مناجات حواریین

اللہ پر اور آپ گواہ رہیں کہ بیشک ہم اطاعت کرنے والے ہیں۔ اے ہمارے پروردگار! ہم ایمان لائے اس چیز پر جو آپ نے اتاری اور پیروی کی ہم نے رسول کی پس لکھ دیں ہمیں

الشّٰهِدِيْنَ ﴿۵۳﴾ وَمَكَرُوْا وَمَكَرَ اللّٰهُ ۗ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ﴿۵۴﴾ ع

خبائث یہود۔ تدبیر خداوندی — حفاظت باری تعالیٰ

گواہی دینے والوں کے ساتھ۔ اور انہوں نے تدبیر کی اور اللہ نے بھی تدبیر کی اور اللہ بہتر تدبیر کرنے والے ہیں

اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسٰٓى اِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ اِلَىَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

مواعید اربعہ بمقابلہ تدابیر اربعہ (۲) — وعدہ نمبر ا تسلی سے — نمبر ۲ — نمبر ۳

جب کہا اللہ تعالیٰ نے اے عیسٰی! بیشک میں پورا وصول کرنے والا ہوں تجھے، اور اٹھانے والا ہوں تجھے اپنی طرف اور پاک کرنے والا ہوں تجھے، ان لوگوں سے جنہوں نے کفر کیا

وَجَاعِلُ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ اِلَىَّ مَرْجِعُكُمْ

۔۴۔ — تتمہ مواعید اربعہ

اور بنانے والا ہوں ان لوگوں کو جنہوں نے تیری پیروی کی غالب رکھوں گا ان لوگوں پر جنہوں نے تیرا انکار کیا قیامت کے دن تک پھر میری طرف تم سب کو لوٹ آنا ہے

(۱) "مصدقاً" کا عامل "جئت" محذوف ہے
(۲) یہود کا مشن وتدابیر اربعہ
نمبر ا: گرفتاری
نمبر ۲: سولی
نمبر ۳: بے حرمتی
نمبر ۴: خاتمہ مشن اور
متوفی :اسم فاعل، مصدر "توفی" معنی پورا وصول کرنا، خواہ موت کی شکل میں یا نیند میں یا بیداری میں، حضرت شاہ عبد القادرؒ نے ترجمہ کیا ہے "میں لے لوں گا تجھ کو" اور حضرت تھانویؒ نے ترجمہ کیا "میں تم کو وفات دینے والا ہوں" "رافعك" کا عطف تفسیری ہو تو پہلا معنی ہے اور اگر مغائرت کے لیے ہو تو دوسری معنی ہے یعنی عیسٰی علیہ السلام کو بھی نزول کے بعد موت آئے گی لاشک فیہ اور "رافعك" پر "متوفیك" کی تقدیم اہمیت ظاہر کرنے کے لیے ہوگی، جیسے میراث کی آیات میں وصیت کی دَین یعنی قرض پر تقدیم اہمیت ظاہر کرنے کے لیے ہے۔
ہدایت القرآن ص ۲۱۶ ج ۱ تفصیل کے لیے معارف الفرقان دیکھیں

ع ۵ ۱۳/۳ (رکوع)

توفی بمعنی موت کا راوی علی بن ابی طلحہ ہے جو کہ ضعیف الحدیث ہے۔ ف :نصیب شاہ سلفی کا اعتراض کہ سب سے پہلے مرزا پر کفر کا فتویٰ اہل حدیث عالم نے دیا، جواب اسی مقام پر معارف الفرقان میں دیکھیں

فَأَحْكُمُ بَيْنَكُمْ فِيمَا كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ﴿٥٥﴾ فَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُوا فَأُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا

تفصیل فیصلہ معاندین

تو میں فیصلہ کروں گا تمہارے درمیان اس بات کا جس میں تم اختلاف کرتے تھے، پس بہرحال جن لوگوں نے کفر کیا تو میں ان کو سخت

شَدِيدًا فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَمَا لَهُم مِّن نَّاصِرِينَ ﴿٥٦﴾ وَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا

بشارت متبعین

سزا دوں گا دنیا اور آخرت میں اور نہیں ہوگا ان کے لیے کوئی مدد گار، اور بہرحال وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک

الصَّالِحَاتِ فَيُوَفِّيهِمْ أُجُورَهُمْ ۗ وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ الظَّالِمِينَ ﴿٥٧﴾ ذَٰلِكَ نَتْلُوهُ عَلَيْكَ

جملہ معترضہ برائے اثبات

اعمال کیے تو پورا پورا دوں گا انہیں ان کا حق اور اللہ نہیں پسند کرتا ظالموں کو، یہ ہم آپ کے سامنے آیات کی

مِنَ الْآيَاتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيمِ ﴿٥٨﴾ إِنَّ مَثَلَ عِيسَىٰ عِندَ اللَّهِ كَمَثَلِ آدَمَ ۖ خَلَقَهُ مِن تُرَابٍ

رسالت خاتم الانبیاء صداقت قرآن سے ازالہ شبہ

اور محکم ذکر کی تلاوت کرتے ہیں۔ بیشک مثال عیسیٰ کی اللہ کے نزدیک آدم علیہ السلام کی سی ہے اس کو بنایا مٹی سے

ثُمَّ قَالَ لَهُ كُن فَيَكُونُ ﴿٥٩﴾ الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ فَلَا تَكُن مِّنَ الْمُمْتَرِينَ ﴿٦٠﴾ فَمَنْ حَاجَّكَ

آیت مباہلہ سے دعوت مباہلہ — تاکید مضمون مذکور

پھر اس کو کہا کہ ہو جا پھر تو ہو گیا۔ (یہ) بات برحق ہے آپ کے رب کی طرف سے پس نہ ہوں آپ شک کرنے والوں میں سے۔ پھر جو شخص آپ سے جھگڑا کرے

فِيهِ مِن بَعْدِ مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ أَبْنَاءَنَا وَأَبْنَاءَكُمْ وَنِسَاءَنَا وَ

فریضہ خاتم الانبیاء سے طریق دعوت مباہلہ نمبر ۱ (۱) نمبر ۲

اس (عیسیٰ کے بارے) میں بعد اس کے کہ آپ کے پاس (صحیح) علم آچکا ہے۔ تو کہہ دیجئے آؤ ہم بلائیں اپنے بیٹوں کو اور تم اپنے بیٹوں کو اور ہم اپنی عورتوں کو اور

نِسَاءَكُمْ وَأَنفُسَنَا وَأَنفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَل لَّعْنَتَ اللَّهِ عَلَى الْكَاذِبِينَ ﴿٦١﴾

نمبر ۴ — کیفیت مباہلہ۔ جزیہ کی ادائیگی کا وقت صفر اور رجب مقرر ہوا۔

اور تم اپنی عورتوں کو اور ہم اپنی ذاتوں کو اور تم اپنی ذاتوں کو پھر ہم گڑ گڑا کر دعا کریں پھر ہم ڈالیں اللہ کی لعنت ان پر جو جھوٹے ہیں

إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ الْقَصَصُ الْحَقُّ ۚ وَمَا مِنْ إِلَٰهٍ إِلَّا اللَّهُ ۚ وَإِنَّ اللَّهَ لَهُوَ الْعَزِيزُ

صداقت قرآن — نتیجہ بحث

بیشک یہ سچا واقعہ ہے اور نہیں کوئی معبود مگر اللہ اور بیشک اللہ البتہ وہ زبردست

الْحَكِيمُ ﴿٦٢﴾ فَإِن تَوَلَّوْا فَإِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِالْمُفْسِدِينَ ﴿٦٣﴾

تسلی خاتم الانبیاء و سعت علم باری تعالیٰ

حکمت والا ہے۔ پھر اگر وہ منہ موڑیں پس تحقیق اللہ تعالیٰ فساد کرنے والوں کو جانتا ہے

قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَىٰ كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَلَّا نَعْبُدَ إِلَّا اللَّهَ وَلَا

اہل کتاب کو دعوت الی التوحید — تشریح کلمہ نمبر ۱ — نمبر ۲

کہہ دیجئے اے اہل کتاب! آؤ ایک بات کی طرف جو ہمارے اور تمہارے درمیان برابر ہے کہ ہم نہ عبادت کریں مگر اللہ کی اور نہ

نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا وَلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا أَرْبَابًا مِّن دُونِ اللَّهِ ۚ فَإِن تَوَلَّوْا فَقُولُوا

تسلی خاتم الانبیاء — (۲) — نمبر ۳

ہم شریک کریں اس کے ساتھ کسی چیز کو اور نہ سمجھیں ہم میں سے بعض بعض کو رب اللہ کے سوا پھر اگر وہ روگردانی کریں تو تم کہہ دو

(۱) روافض کے اعتراض کا جواب: رقیہ ۲ ہجری، ام کلثوم ۷ ہجری زینب ۸ ہجری میں وفات پا گئیں جبکہ مباہلہ ۹ تا ۱۰ ہجری کو ہوا۔ بتصریح ملا باقر مجلسی (از حیاۃ القلوب) لہٰذا اس واقعہ سے ان لڑکیوں کا بنات النبی ہونے کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔ اور وَلَا تُنكِحُوا الْمُشْرِكِينَ حَتَّىٰ يُؤْمِنُوا سے بنات ثلاثہ کے انکار پر استدلال کا جواب بھی سماعت فرمائیں۔ قرآن کریم کے نزول سے پہلے قریش باہم نکاح کرتے تھے رشتہ ناطہ کرتے تھے اسی نسبت سے آپ نے سب سے بڑی صاحبزادی سیدہ زینبؓ نے بلوغ میں قدم رکھا تو آپ نے حضرت ابوالعاصؓ سے بیاہ دیا، چونکہ چچا ابولہب سے رشتہ داری کے عام مراسم تھے۔ آپؐ نے اپنی صاحبزادیاں سیدہ رقیہؓ اور سیدہ ام کلثومؓ کا بھی نکاح نابالغی کی حالت میں ابولہب کے لڑکوں سے کر دیا اور جب سورۃ لہب نازل ہوئی وہ علانیہ دشمن بن گیا اور اس نے آپ کی لڑکیوں کو طلاق دلوا دی قبل از شادی اور یہ دونوں صاحبزادیاں نابالغہ تھی پھر ان کا نکاح یک بعد دیگرے حضرت عثمانؓ سے ہوا۔ یاد رکھیں شیعہ مذہب کی معتبر کتب حیاۃ القلوب اور منتہی الآمال میں مرقوم ہے کہ ابولہب کے بیٹے عتبہ اور عتیبہ کے گھر میں آپ کی صاحبزادیاں شادی ہو کر ایک دن بھی نہیں گئی۔ سوال: اگر یہ آپ کی صاحبزادیاں ہوتی تو ان کی شان و مقام حضرت فاطمۃ الزہراؓ کے برابر ہوتا؟ جواب: ایک ماں باپ کی اولاد کا دینی و دنیاوی امور میں برابر نہ ہونے سے تو لازم نہیں آتا کہ وہ ایک ماں باپ کی اولاد بھی نہ ہوں جیسے حضرت علیؓ، حضرت جعفرؓ، حضرت عقیلؓ تینوں حقیقی بھائی ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا زاد بھائی ہیں مگر حضرت علیؓ کا مقام بلند ہے اب یہ تو نہیں کہا جائے گا کہ وہ حضرت علیؓ کے حقیقی بھائی بھی نہیں آپ کے چچا زاد بھائی نہیں تھوڑا عقل سے کام لو؟

(۲) یہود و نصاریٰ کے لیے متفق اصول۔ تفصیل کے لیے معارف الفرقان دیکھیں۔

اشْهَدُوا بِأَنَّا مُسْلِمُونَ ﴿٦٤﴾ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تُحَاجُّونَ فِي إِبْرَاهِيمَ وَمَا أُنزِلَتِ

ازالۂ شبہ

گواہ ہوجاؤ کہ ہم فرمانبرداری کرنے والے ہیں ۔ اے اہل کتاب! تم کیوں جھگڑتے ہو ابراہیم کے معاملہ میں حالانکہ نہیں اتاری گئی

التَّوْرَاةُ وَالْإِنجِيلُ إِلَّا مِن بَعْدِهِ ۚ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿٦٥﴾ هَا أَنتُمْ هَٰؤُلَاءِ حَاجَجْتُمْ فِيمَا

تنبیہ اہل کتاب

توراۃ اور انجیل مگر اس کے بعد کیا پھر یہ تم سمجھتے نہیں ہو؟ ہاں تم وہ لوگ ہو کہ جھگڑا ہی کیا تم نے اس میں

لَكُم بِهِ عِلْمٌ فَلِمَ تُحَاجُّونَ فِيمَا لَيْسَ لَكُم بِهِ عِلْمٌ ۚ وَاللَّهُ يَعْلَمُ وَأَنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ﴿٦٦﴾

جس کا تمہیں کچھ علم ہے پس کیوں بحث کرتے ہو اس میں جس کا تمہیں کچھ علم نہیں اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے

مَا كَانَ إِبْرَاهِيمُ يَهُودِيًّا وَلَا نَصْرَانِيًّا وَلَٰكِن كَانَ حَنِيفًا (۱) مُّسْلِمًا وَمَا كَانَ

شہادت خداوندی

نہ تھے ابراہیم یہودی اور نہ نصرانی لیکن وہ تھے سیدھے راستے والے فرمانبردار اور نہ تھے

مِنَ الْمُشْرِكِينَ ﴿٦٧﴾ إِنَّ أَوْلَى النَّاسِ بِإِبْرَاهِيمَ لَلَّذِينَ اتَّبَعُوهُ وَهَٰذَا النَّبِيُّ

اصل متعلقین ابراہیمؑ (۲) وہ لوگ ہیں

شرک کرنے والے ۔ بیشک قریب تر لوگوں میں ابراہیم سے البتہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے ان کی پیروی کی اور یہ نبی

وَالَّذِينَ آمَنُوا ۗ وَاللَّهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِينَ ﴿٦٨﴾ وَدَّت طَّائِفَةٌ مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ

اہل کتاب کی گمراہ کرنے کی تمنا — معاذ بن جبل

اور جو لوگ ایمان لائے اور اللہ کار ساز ہے ایمان والوں کا۔ آرزو کی ایک جماعت نے اہل کتاب میں سے

لَوْ يُضِلُّونَكُمْ وَمَا يُضِلُّونَ إِلَّا أَنفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُونَ ﴿٦٩﴾ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ

حذیفہ بن یمان، عمار بن یاسرؓ۔ اہل کتاب کے گمراہ ہونے کا بیان — گمراہ کرنے پر ملامت نمبر۱

کہ وہ تم کو گمراہ کریں اور وہ نہیں گمراہ کرتے مگر اپنی ذاتوں کو اور وہ سمجھتے نہیں ہیں۔ اے اہل کتاب!

لِمَ تَكْفُرُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ وَأَنتُمْ تَشْهَدُونَ ﴿٧٠﴾ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تَلْبِسُونَ

ملامت نمبر۲

تم کیوں انکار کرتے ہو اللہ کی آیات کا حالانکہ تم گواہ ہو۔ اے اہل کتاب! کیوں تم

الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُونَ الْحَقَّ وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿٧١﴾ ع

ملاتے ہو سچ کے ساتھ جھوٹ۔ اور تم سچی بات کو چھپاتے ہو حالانکہ تم جانتے ہو

وَقَالَت طَّائِفَةٌ مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ آمِنُوا بِالَّذِي أُنزِلَ عَلَى الَّذِينَ آمَنُوا

(۳) اہل کتاب کی سازش کا انکشاف نمبر۱۔ عبداللہ بن صیف، عدی بن زید، حارث بن عوف

اور کہا ایک جماعت نے اہل کتاب میں سے ایمان لاؤ اس پر جو اتارا گیا ان پر جو ایمان لائے

وَجْهَ النَّهَارِ وَاكْفُرُوا آخِرَهُ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ﴿٧٢﴾ وَلَا تُؤْمِنُوا إِلَّا لِمَن

غرض تربیت — نمبر۲

دن کے شروع میں اور کفر کرو دن کے آخر میں تا کہ وہ لوٹ جائیں ۔اور تم نہ مانو مگر اس کی بات کو

(۱) حَنَفَ :مائل ہونا، حنیف صیغہ صفت: باطل سے رخ پھیر کر حق کی طرف مائل ہونے والا، اس کا تعلق توحید سے ہے۔

(۲) دلیل نمبر۲ اطاعت زندہ اور مردہ دونوں کی جاتی ہے، اور سورۃ انعام آیت نمبر ۹۰ ص ۷ ۱۴ میں دیکھیں

(۳) ربط اوپر یہود کے جاہل طبقہ اب عالم طبقہ کا ذکر ہے۔

تَبِعَ دِيْنَكُمْ ؕ قُلْ اِنَّ الْهُدٰى هُدَى اللّٰهِ ۙ اَنْ يُّؤْتٰٓى اَحَدٌ مِّثْلَ مَآ اُوْتِيْتُمْ

جواب سازش — یہود کی تدبیر کی علت (جو علم اور کتاب)

جو پیروی کرے تمہارے مذہب کی کہہ دیجئے بیشک ہدایت اللہ کی ہدایت ہے کہ دیا گیا کوئی مثل اس کے جو دیئے گئے تم

اَوْ يُحَآجُّوْكُمْ عِنْدَ رَبِّكُمْ ؕ قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ

ردعلت نبوت کے وھبی ہونے کا بیان

یا وہ جھگڑیں تم سے تمہارے رب کے پاس، کہہ دیجئے بیشک فضل اللہ کے ہاتھ میں ہے وہ دیتا جس کو چاہے اور اللہ

وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿٧٣﴾ ۚۙ يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿٧٤﴾

ازالہ شبہ

وسعت والا جاننے والا ہے ۔خاص کرتا ہے اپنی مہربانی جسے وہ چاہتا ہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے

وَمِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مَنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ يُّؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اِنْ

منصفین اہل کتاب کی امانت کا بیان — اہل کتاب کی خیانت کا بیان

اور بعض اہل کتاب وہ ہیں کہ اگر امانت رکھے تو اس کے پاس ڈھیر مال وہ ادا کرے گا اس کو تیری طرف اور بعض ان میں وہ ہیں کہ اگر

تَاْمَنْهُ بِدِيْنَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ اِلَّا مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَآئِمًا ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا

طریق وصول حق — وجہ خیانت

امانت رکھے تو اس کے پاس ایک اشرفی تو نہیں ادا کرے گا وہ تیری طرف مگر جب تک تو اس کے سر پر (نگراں بن کر) کھڑے رہیں یہ اس لیے کہ انہوں نے کہا کہ

لَيْسَ عَلَيْنَا فِى الْاُمِّيّٖنَ سَبِيْلٌ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿٧٥﴾

ہم پر کوئی گناہ نہیں ان پڑھ لوگوں (کا مال لینے) میں اور وہ اللہ پر جھوٹ بولتے ہیں حالانکہ وہ جانتے ہیں

بَلٰى مَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ وَاتَّقٰى فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ﴿٧٦﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ

ایفائے عہد کی فضیلت (امانت) — نقض عہد کی مذمت ۔اشعث

کیوں نہیں جس نے اپنا عہد پورا کیا اور (اللہ سے) ڈرا تو تحقیق اللہ دوست رکھتا ہے پرہیز گاروں کو۔ بیشک وہ لوگ جو لیتے ہیں

بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا اُولٰٓئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ

بن قیس یہود کے مابین اختلاف زمین — نتائج نمبر ۱ — نمبر ۲

اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کے بدلے حقیر مال یہی لوگ ہیں نہیں ہوگا حصہ ان کے لیے آخرت میں اور نہ ان سے اللہ کلام کرے گا

اللّٰهُ وَلَا يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ ۠ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٧٧﴾

نمبر ۳ ـــے — نمبر ۴ — نمبر ۵

اور نہ ان کی طرف نظر کرے گا قیامت کے دن اور نہ ان کو پاک کرے گا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہوگا

وَاِنَّ مِنْهُمْ لَفَرِيْقًا يَّلْوٗنَ اَلْسِنَتَهُمْ بِالْكِتٰبِ لِتَحْسَبُوْهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَمَا هُوَ

اہل کتاب کی علمی خیانت

اور بیشک ان میں سے ایک جماعت ہے (جو) موڑتی ہے اپنی زبانیں اللہ کی کتاب کے ساتھ تاکہ تم گمان کرو کہ وہ کتاب میں سے ہے حالانکہ وہ

مِنَ الْكِتٰبِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَمَا هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ

الزام — جواب الزام

کتاب میں سے نہیں ۔ اور کہتے ہیں وہ اللہ کی طرف سے ہے حالانکہ وہ اللہ کی طرف سے نہیں اور وہ کہتے ہیں

ـــے اللہ تعالیٰ ناظر ہے اس پر تین صریح دلائل۔ دلیل نمبر ۱۔ اور دلیل نمبر ۲ سورۃ اعراف آیت نمبر ۱۲۹ ص نمبر ۱۷۴ میں دیکھیں

عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۸﴾ مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ

نفی معبودیت از حضرات انبیاء علیہم السلام ۔ (۱) ۔ (۲)

اللہ پر جھوٹ حالانکہ وہ جانتے ہیں ۔ نہیں ہے لائق کسی انسان کے لیے یہ کہ اللہ اس کو کتاب اور حکمت

وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُوْلَ لِلنَّاسِ كُوْنُوْا عِبَادًا لِّيْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ كُوْنُوْا

اور نبوت عطا کرے پھر وہ لوگوں سے کہے کہ ہو جاؤ میرے بندے اللہ کو چھوڑ کر بلکہ (وہ تو کہے گا کہ) تم

رَبّٰنِيّٖنَ بِمَا كُنْتُمْ تُعَلِّمُوْنَ الْكِتٰبَ وَبِمَا كُنْتُمْ تَدْرُسُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَلَا يَاْمُرَكُمْ اَنْ

جملہ مستانفہ (فاعل ۔۔۔ اللہ)

اللہ والے بن جاؤ اس لیے کہ تم کتاب سکھاتے ہو اور اس واسطے کہ تم پڑھتے ہو۔ اور وہ اس بات پر تمہیں حکم نہیں دے گا کہ تم

تَتَّخِذُوا الْمَلٰٓئِكَةَ وَالنَّبِيّٖنَ اَرْبَابًا ؕ اَيَاْمُرُكُمْ بِالْكُفْرِ بَعْدَ اِذْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۸۰﴾ ع

تنبیہ

فرشتوں اور نبیوں کو رب بناؤ کیا وہ تمہیں سکھائے گا کفر بعد اس کے کہ تم فرمانبردار ہو چکے ہو

وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ

میثاق انبیاءؑ سے اثبات رسالت خاتم الانبیاء (۳) — وعدہ خداوندی — اظہار وعدہ ختم نبوت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم

اور جب لیا اللہ نے وعدہ نبیوں سے جو کچھ میں دوں تم کو کتاب اور حکمت سے پھر آئے گا تمہارے پاس (عظیم المرتبت) رسول

مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ

تشریح وعدہ (۴) — بعد از عہد استفسار خداوندی

تصدیق کرنے والا اس کی جو تمہارے پاس ہے تو ضرور تمہیں اس پر ایمان لانا ہوگا اور البتہ ضرور تمہیں اس کی مدد کرنی ہوگی پوچھا کیا تم نے اقرار کیا اور قبول کیا تم نے اس بات پر

اِصْرِيْ ؕ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ؕ قَالَ فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۸۱﴾ فَمَنْ تَوَلّٰى

میرا عہد (۵) جواب استفسار ۔ — فیصلہ خداوندی — اثبات رسالت خاتم الانبیاء — اعراض وعدہ (یعنی امت)

میرا عہد انہوں نے جواب دیا اقرار کیا ہم نے اللہ نے فرمایا بس تم (عہد و پیمان کے) گواہ رہو اور میں بھی تمہارے ساتھ گواہ ہوں۔ پھر جس نے روگردانی کی

بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۸۲﴾ اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ

ترک اسلام پر تنبیہ — عظمت خداوندی

اس کے بعد تو وہ لوگ ہیں (حد اطاعت سے) نکلنے والے۔ کیا اللہ کے دین کے سوا دین تلاش کرتے ہیں حالانکہ اسی کے تابع ہیں جو کچھ

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾ قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ

خلاصہ حقیقت اسلام

آسمانوں اور زمین میں ہے خوشی یا لاچاری سے اور وہ اسی کی طرف لوٹائے جائیں گے۔ کہہ دو ہم ایمان لائے اللہ پر اور اس چیز پر

اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ

جو ہم پر اتاری گئی ہے اور (اس چیز پر) جو اتاری گئی ابراہیم اور اسماعیل اور اسحاق اور یعقوب

وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَالنَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۪ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ

کیفیت ایمان ونبوت

اور ان کی اولاد پر اور جو کچھ ملا موسیٰ اور عیسیٰ اور سب نبیوں کو ان کے رب کی طرف سے ہم نہیں فرق کرتے ان میں سے کسی کے درمیان

(۱)
بشریت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی دلیل نمبر ۴ اور دلیل نمبر ۵ یہی سورۃ آل عمران آیت ۱۶۴ ص ۹۷ میں دیکھیں

(۲)
علماء یہود اور نجران کے نصاریٰ کو دعوت دی ابو رافع قرظی نے کہا۔

(۳)
حضرت تھانویؒ فرماتے ہیں عالم ارواح یا دنیا میں بذریعہ وحی کے لیا تھا۔ ایک دوسرے پر ایمان لانے کے لیے یا تائید کے لیے۔ ثم جاء کم الخ۔ دلیل نمبر ۲ ختم نبوت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کا بیان ہے جس کو لفظ ''ثم'' سے ذکر کیا ہے جو تراخی اور بعدیت کی واضح دلیل ہے جس سے آپ صلی اللہ علیہ کا اخیر میں آنا مراد ہے کہ آپ خاتم النبیین ہیں۔ اب اس پر سوال ہے کہ آپ بھی میثاق میں تھے یا نہیں؟ تو اس کا جواب سورۃ احزاب آیت نمبر ۷ ص ۴۲۷ پر موجود ہے کہ آپ موجود تھے دیکھیں۔ یاد رکھیں مرزا غلام کے نزدیک بھی یہاں ''ثم جاء کم رسول'' سے مراد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ حقیقۃ الوحی ص ۱۳۱ اور دلیل نمبر ۳ سورۃ نساء آیت نمبر ۵۹ ص ۹۶ میں دیکھیں

(۴) شیعہ کا عقیدہ رجعت ضمیمہ ص ۲۳۸ آیت ۸۱۔ ال عمران کے تحت دیکھیں۔

(۵) اصری : ''اصر'' کے لغوی معنی ہیں بوجھ، اور مجازی معنی ہیں : قول وقرار، عہد و پیمان، کیونکہ عہد کی ذمہ داری کا بھی انسان پر بوجھ پڑتا ہے۔

أَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿٨٤﴾ وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ

(۱) مسلک خاتم الانبیاء غیر متلاشی اسلام کا نتیجہ نمبر۱

اور ہم اسی کی فرمانبرداری کرنے والے ہیں۔ اور جو شخص تلاش کرے اسلام کے علاوہ دین تو ہر گز نہ

يُّقْبَلَ مِنْهُ ۚ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٨٥﴾ كَيْفَ يَهْدِي اللّٰهُ قَوْمًا

نمبر۲ (۲) مرتدین کی قسمیں قسم نمبر۱

قبول کیا جائے گا اس سے اور وہ آخرت میں نقصان اٹھانے والوں میں سے ہوگا۔ کیسے منزل تک پہنچائے اللہ ایسی قوم

كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ وَشَهِدُوْٓا اَنَّ الرَّسُوْلَ حَقٌّ وَّجَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ۭ وَاللّٰهُ

کو جنہوں نے کفر کیا اپنے ایمان کے بعد اور گواہی دی انہوں نے کہ یہ رسول برحق ہے اور آئی ہیں ان کے پاس روشن دلیلیں اور اللہ

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٨٦﴾ اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ اَنَّ عَلَيْهِمْ لَعْنَةَ اللّٰهِ

انجام مرتدین نمبر۱

راہ نہیں دکھاتا ظالم لوگوں کو ۔ ایسے لوگوں کی سزا یہ ہے کہ یقیناً ان پر اللہ کی

وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿٨٧﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ

نمبر۲ نمبر۳ نمبر۴ نمبر۵

اور فرشتوں کی اور سب لوگوں کی لعنت ہے۔ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہوں گے۔ نہ ہلکا کیا جائے گا ان سے عذاب

وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿٨٨﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا ۣ فَاِنَّ اللّٰهَ

قسم دوم تائبین

اور نہ وہ مہلت دیئے جائیں گے۔ مگر جنہوں نے توبہ کی اس کے بعد اور نیک کام کیے تو تحقیق اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٨٩﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّنْ تُقْبَلَ

بغیر ایمان عدم قبول توبہ کا بیان

بخشنے والا مہربان ہے۔ بیشک جن لوگوں نے کفر کیا ایمان لانے کے بعد پھر بڑھ گئے کفر میں ہر گز نہیں قبول کی جائے گی

تَوْبَتُهُمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الضَّآلُّوْنَ ﴿٩٠﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يُّقْبَلَ

نتیجہ مطلق کفار سے عدم قبول توبہ کا بیان

ان کی توبہ، اور وہی لوگ گمراہ ہیں۔ بیشک جو لوگ کافر ہوئے اور کفر کی حالت میں مرگئے پس ہر گز نہیں قبول کیا جائے گا

مِنْ اَحَدِهِمْ مِّلْءُ الْاَرْضِ ذَهَبًا وَّلَوِ افْتَدٰى بِهٖ ۭ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ

نتائج اخروی نمبر۱

ان میں کسی سے زمین بھر کر سونا اگرچہ وہ فدیہ دیں اس کے ذریعہ ، یہی لوگ ہیں ان کے لیے دردناک عذاب ہے

ع ٩ / ١٧ وَّمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿٩١﴾

نمبر۲ نفی شفیع قہری

اور نہیں ہے ان کے لیے کوئی مددگار

(۱) یہ آیت بھی معنیٰ ختم نبوت پر واضح دلیل ہے۔ تفصیل کے لیے عقیدۃ الامت فی معنیٰ ختم النبوت اسی آیت کے ذیل میں دیکھیں۔ یاد رکھیں حساب میں تفریق ہمیشہ جمع کے بعد آتی ہے اگر خدا کے تمام انبیاء و رسل بعثت میں اس زمین پر جمع نہیں ہو چکے تو یہ تفریق کا اعلان کیسا؟ تفریق تب ہی ہو سکتی ہے جب پہلے سب جمع ہو چکے ہوں۔

(۲) کیف :استفہام انکاری ہے یعنی منزل تک نہیں پہنچاتے۔

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ۬ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَیْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ

ترغیب انفاق فی سبیل اللہ

ہر گز حاصل نہیں کر سکو گے تم کامل نیکی، یہاں تک کہ تم خرچ کرو اس میں سے جس کو تم پسند کرتے ہو اور جو کچھ بھی تم خرچ کرو تو تحقیق اللہ

بِهٖ عَلِیْمٌ ۝۹۲ كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِّبَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَآءِیْلُ

ازالہ شبہ (ابراہیم علیہ السلام پر اونٹ کا گوشت، دودھ حرام تھا)

اس سے خوب واقف ہے۔ سب کھانے کی چیزیں حلال تھی بنی اسرائیل کے لیے مگر وہ چیز جو حرام کر چکے تھے اسرائیل (حضرت یعقوبؑ)

عَلٰى نَفْسِهٖ مِنْ قَبْلِ اَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ فَاتْلُوْهَاۤ اِنْ

فریضہ خاتم الانبیاء سے یہود کے لیے چیلنج

اپنے اوپر پہلے نازل ہونے توراۃ کے کہہ دیجئے لاؤ توراۃ پس اسے (بطور دلیل کے) پڑھو اگر

كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ۝۹۳ فَمَنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ

نتیجہ بعد از ظہور حجت

تم سچے ہو۔ پھر جس نے گھڑا اللہ پر جھوٹ اس کے بعد تو وہی

هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝۹۴ قُلْ صَدَقَ اللّٰهُ ۫ فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ اِبْرٰهِیْمَ حَنِیْفًا ؕ وَمَا كَانَ

فرائض خاتم الانبیاءؐ اصول کا بیان

ظالم ہیں۔ کہہ دیجئے اللہ نے سچ فرمایا ہے پس اب تابع ہوجاؤ ابراہیم کے دین کے جو پکے موحد تھے اور وہ

مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ۝۹۵ اِنَّ اَوَّلَ بَیْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیْ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّهُدًى

(۱)

نہیں تھے۔ شرک کرنے والوں سے۔ بیشک سب سے پہلا گھر جو مقرر ہوا لوگوں کے لیے وہی جو مکہ میں ہے برکت والا اور ہدایت والا۔

لِّلْعٰلَمِیْنَ ۝۹۶ۚ فِیْهِ اٰیٰتٌۢ بَیِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰهِیْمَ ۚ۬ وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا ؕ وَلِلّٰهِ

خصوصیت بیت اللہ (۲) فرضیت حج

جہان کے لوگوں کے لیے۔ اس میں واضح نشانیاں ہیں مقام ابراہیم ہے اور جو شخص اس میں داخل ہوجائے وہ امن والا ہوجاتا ہے اور اللہ کا حق ہے۔

عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَیْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَیْهِ سَبِیْلًا ؕ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ

منکرین فرضیت حج

لوگوں کے ذمہ اس کے گھر کا حج کرنا جو شخص اس تک پہنچنے کی طاقت رکھتا ہو اور جو انکار کرے پس تحقیق اللہ تعالیٰ

غَنِیٌّ عَنِ الْعٰلَمِیْنَ ۝۹۷ قُلْ یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰیٰتِ اللّٰهِ ۖۗ وَاللّٰهُ شَهِیْدٌ

اہل کتاب کے ضلال پر ملامت نمبر ۱ وسعت علم باری تعالیٰ

غنی ہے جہان والوں سے۔ کہہ دیجئے اے اہل کتاب! تم کیوں انکار کرتے ہو اللہ کی آیات کا اور اللہ گواہ ہے

عَلٰى مَا تَعْمَلُوْنَ ۝۹۸ قُلْ یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ مَنْ

فریضہ خاتم الانبیاء ملامت نمبر ۲ (۳)

اس پر جو تم کرتے ہو۔ کہہ دیجئے اے اہل کتاب! کیوں روکتے ہو تم اللہ کے راستہ سے اس کو جو

اٰمَنَ تَبْغُوْنَهَا عِوَجًا وَّاَنْتُمْ شُهَدَآءُ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝۹۹

(۴)

ایمان لایا اس میں تم عیب تلاش کرتے ہو اور تم واقف ہو اور نہیں اللہ تعالیٰ بے خبر اس سے جو تم کرتے ہو

وقف جبرئیل علیہ السلام

(۱) اہل کتاب کے صحیفوں میں مکہ کے لیے بکہ کا لفظ مستعمل ہے اسی کا یہاں ذکر کیا تاکہ اہل کتاب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہچانے۔

(۲) مقام: مبتدا ہے اور منھا خبر محذوف ہے۔

(۳) من اٰمن: تصدون کا مفعول بہ ہے

(۴) تبغونھا: کی ضمیر "سبیل" کی طرف راجع ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ تُطِيْعُوْا فَرِيْقًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ

فہمائش مؤمنین (شماس بن قیس) (۱)

اے ایمان والو! اگر تم کہا مانو کچھ لوگوں کا ان میں سے جو کتاب دیئے گئے وہ بنادیں گے تم کو بعد

اِيْمَانِكُمْ كٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۰﴾ وَكَيْفَ تَكْفُرُوْنَ وَاَنْتُمْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ اٰيٰتُ اللّٰهِ وَفِيْكُمْ

نمبر۲ (۲) اسباب مانع کفر نمبرا

تمہارے ایمان کے کافر۔ اور کیسے کفر کرو گے تم حالانکہ پڑھی جاتی ہے تم پر اللہ کی آیتیں اور تمہارے اندر

رَسُوْلُهٗ ؕ وَمَنْ يَّعْتَصِمْ بِاللّٰهِ فَقَدْ هُدِيَ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾ ع

اس کے رسول (موجود) ہیں اور جو اللہ کو مضبوط پکڑے گا تو یقیناً اس کو سیدھے راہ کی رہنمائی کی جائے گی

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۰۲﴾

خصوصی خطاب سے مومنین کے لیے اصول کامیابی ۔ا۔کامل ڈرنے کا بیان

اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو جیسا کہ اس سے ڈرنے کا حق ہے اور نہ مرو تم مگر ایسے حال میں کہ تم مسلمان ہو

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا ۪ وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ

نمبر ۲ دین کی رسی کو مضبوطی سے تھامنے کا بیان ۔ (۳) نمبر ۳ دین میں نا اتفاقی کی ممانعت ۔نمبر ۴ تذکیر نعمت اسلامی اخوت و اتحاد ۔

اور مضبوط پکڑو اللہ کی رسی سب ملکر اور نہ باہم پھوٹ ڈالو اور یاد کرو اللہ کا احسان اپنے اوپر جب تم تھے

اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖۤ اِخْوَانًا ۚ وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا

اوس وخزرج نمبر ۵ اصول کامیابی

آپس میں دشمن تو الفت ڈال دی تمہارے دلوں کے درمیان پھر ہوگئے تم اس کے فضل سے بھائی بھائی اور تھے تم کنارے پر

حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ

شفقت خداوندی

دوزخ کے گھڑھے کے پھر بچایا اس نے تم کو اس سے اسی طرح بیان کرتا ہے اللہ تمہارے لیے اپنی نشانیاں تاکہ تم

تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ

جماعت داعیہ کی ضرورت واوصاف نمبرا ۔اجمال ہے نمبر ۲ تفصیل ہے

ہدایت پا جاؤ۔ اور چاہئے کہ ہو تم میں سے ایک جماعت جو بلاتی رہے بھلائی کی طرف اور وہ حکم دیتی رہے نیکی کا

وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ تَفَرَّقُوْا

نمبر ۳ نتیجہ تفرقہ بازی کی ممانعت یعنی معاندین ومشرکین کے ساتھ

اور روکتی رہے برائی سے اور وہی لوگ نجات پانے والے ہیں۔ اور نہ ہوجاؤ تم ان لوگوں کی طرح جنہوں نے باہم تفرقہ ڈالا

وَاخْتَلَفُوْا مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ؕ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۰۵﴾ لا

مشابہت کی ممانعت تخویف اخروی

اور باہم اختلاف کیا بعد اس کے کہ ان کے پاس واضح احکام آچکے تھے اور ان لوگوں کے لیے بڑا عذاب ہے

يَّوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْوَدَّتْ وُجُوْهُهُمْ ۫ قف اَكَفَرْتُمْ

احوال قیامت یعنی اہل ایمان وکفر کی پہچان یا اہل سنت واہل بدعت کی پہچان (۴) سبب رسوائی

اس دن بعض چہرے سفید ہوں گے اور بعض سیاہ ہوں گے پھر بہر حال وہ لوگ جن کے چہرے سیاہ ہوئے (ان سے کہا جائے گا) کیا تم کافر ہوگئے تھے۔

(۱)
یردو کم: رَدَّ بمعنی صَیَّرَ ہے "کم" پہلا مفعول اور "کافرین" دوسرا مفعول ہے

(۲)
تعارض کا جواب کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہر جگہ حاضر وناظر نہیں تھے۔ سورۃ انعام آیت ۶۸ ص ۱۴۴ میں دیکھیں

(۳)
امت اسلامیہ میں فرقوں کا ظہور، تفصیل معارف القرقان میں دیکھیں۔

(۴) آکفر تم سے پہلے یقال لھم مقدر ہے

بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ۝١٠٦ وَاَمَّا الَّذِيْنَ

سرزنش — بشارت اہل سنت

ایمان لانے کے بعد تو مزے چکھو عذاب کے اس لیے کہ تم کفر کرتے تھے۔ اور بہر حال وہ لوگ

ابْيَضَّتْ وُجُوْهُهُمْ فَفِيْ رَحْمَةِ اللّٰهِ ؕ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝١٠٧ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ

صداقت قرآن

جن کے چہرے سفید ہوئے پس وہ اللہ کی رحمت میں ہوں گے وہ اس میں سدا رہیں گے۔ یہ اللہ کی آیتیں ہیں

نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ؕ وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝١٠٨ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

تسلی خاتم الانبیاء — عدل وانصاف باری تعالیٰ — حصر المالکیت باری تعالیٰ

ہم ان کو سناتے ہیں آپ کے سامنے ٹھیک اور نہیں اللہ چاہتے حق تلفی جہان والوں کے لیے۔ اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں

ع
وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝١٠٩ ع

کیفیت

اور جو کچھ زمین میں ہے اور اللہ ہی کی طرف لوٹیں گے سارے کام

كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ

امتیازی خصوصیت وفضیلت امت محمدیہ نمبر۱ (۱) (۲) نمبر۲ نمبر۳

تم بہترین امت ہو وجود میں لائی گئی ہو لوگوں کے (فائدہ) کے لیے تم حکم کرتے ہو نیکی کا اور روکتے ہو برائی سے

وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ؕ وَلَوْ اٰمَنَ اَهْلُ الْكِتٰبِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ مِنْهُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ

نمبر۴ — ترغیب ایمان برائے اہل کتاب

اور تم ایمان رکھتے ہو اللہ پر اور اگر ایمان لاتے اہل کتاب تو البتہ بہتر ہوتا ان کے لیے بعض ان میں ایمان لانے والے ہیں

وَاَكْثَرُهُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝١١٠ لَنْ يَّضُرُّوْكُمْ اِلَّآ اَذًى ؕ وَاِنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ يُوَلُّوْكُمُ الْاَدْبَارَ قف

تسلی مؤمنین۔ مگر زبان سے ستانا — مغلوبیت اہل کتاب وتسلی مؤمنین

اور اکثر ان کے فاسق ہیں۔ وہ ہر گز نہیں ضرر پہنچائیں گے تمہیں مگر زبان سے معمولی ستانا اور اگر وہ تم سے لڑیں تو وہ تم سے پیٹھ پھیریں گے

ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ۝١١١ ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ اَيْنَ مَا ثُقِفُوْٓا اِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ وَحَبْلٍ

یہود کی رسوائی نمبر۱ — طریق کامیابی نمبر۱ — نمبر۲

پھر وہ مدد نہیں کیے جائیں گے۔ لازم کی گئی ان پر ذلت جہاں بھی وہ پائے جائیں گے مگر یہ کہ اللہ کی رسی کو تھام لیں یا

مِّنَ النَّاسِ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ

رسوائی نمبر۲ — نمبر۳ — اسباب خباثت نمبر۱

مخلوق کی رسی سے اور وہ لوٹے اللہ کے غصہ کو لے کر اور لازم کی گئی ان پر محتاجی۔ یہ اس لیے ہے

كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّ

نمبر۲ — سبب خروج اطاعت

کہ انہوں انکار کیا اللہ کی آیات کا اور قتل کرتے تھے انبیاء کو ناحق یہ اس وجہ سے ہے کہ انہوں نافرمانی کی اور

كَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ۝١١٢ ق لَيْسُوْا سَوَآءً ؕ مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اُمَّةٌ قَآئِمَةٌ يَّتْلُوْنَ اٰيٰتِ اللّٰهِ

دعویٰ۔ دلائل منصفین اہل کتاب کے فضائل ومدح — نمبر۱ — نمبر۲

حد سے تجاوز کرتے تھے۔ وہ سب برابر نہیں ہیں اہل کتاب میں ایک جماعت سیدھی راہ پر ہے وہ پڑھتے ہیں اللہ کی آیات کو

(۱)
علم الٰہی میں تم بہتر امت ہو اس لیے کہ ختم نبوت کی برکت سے دعوت و ارشاد یعنی تبلیغ کا کام کون سنبھالے گا؟ یا تو صحابہ رضی اللہ عنہم تھے یا پھر جو ان کے نقش قدم پر ہیں (سبحان اللہ)

(۲)
بقول حضرت عمر رضی اللہ عنہ لو شاء اللہ لقال: انتم فکنا کلنا، ولکن قال: کنتم خاصة فی اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم، ومن صنع مثل صنیعهم کانوا خیر امة اخرجت للناس
حیاۃ الصحابہ عربی ص نمبر ۱۷ ج نمبر ۱

اٰنَآءَ الَّیۡلِ وَھُمۡ یَسۡجُدُوۡنَ ﴿۱۱۳﴾ یُؤۡمِنُوۡنَ بِاللّٰہِ وَالۡیَوۡمِ الۡاٰخِرِ وَیَاۡمُرُوۡنَ بِالۡمَعۡرُوۡفِ

نمبر۳ نمبر۴ نمبر۵ نمبر۶

رات کی گھڑیوں میں اور وہ سجدہ کرتے ہیں ۔ وہ ایمان رکھتے ہیں اللہ اور آخرت کے دن پر اور وہ حکم دیتے ہیں نیکی کے کاموں کا

وَیَنۡھَوۡنَ عَنِ الۡمُنۡکَرِ وَیُسَارِعُوۡنَ فِی الۡخَیۡرٰتِ ؕ وَاُولٰٓئِکَ مِنَ الصّٰلِحِیۡنَ ﴿۱۱۴﴾ وَمَا یَفۡعَلُوۡا

نمبر۷ نمبر۸ نتیجہ بقیہ مدح ونتیجہ

اور وہ روکتے ہیں برائی سے اور وہ دوڑتے ہیں بھلائی کے کاموں میں اور وہ لوگ نیک بخت ہیں۔ اور جو وہ کریں

مِنۡ خَیۡرٍ فَلَنۡ یُّکۡفَرُوۡہُ ؕ وَاللّٰہُ عَلِیۡمٌۢ بِالۡمُتَّقِیۡنَ ﴿۱۱۵﴾ اِنَّ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا لَنۡ تُغۡنِیَ

مذمت مصرین علی الکفر ونتیجہ نمبر۱

کوئی بھی نیک کام تو ہرگز ناقدری نہیں کی جائے گی اس کی اور اللہ خوب جانتا ہے پرہیزگاروں کو۔ بیشک وہ جنہوں نے کفر کیا ہرگز نہ کام آئیں گے

عَنۡھُمۡ اَمۡوَالُھُمۡ وَلَاۤ اَوۡلَادُھُمۡ مِّنَ اللّٰہِ شَیۡئًا ؕ وَاُولٰٓئِکَ اَصۡحٰبُ النَّارِ ۚ

نمبر۲ خلاصہ ونتیجہ

ان کو ان کے مال اور نہ ان کی اولاد اللہ کے سامنے کچھ بھی اور یہی لوگ دوزخ والے ہیں

ھُمۡ فِیۡھَا خٰلِدُوۡنَ ﴿۱۱۶﴾ مَثَلُ مَا یُنۡفِقُوۡنَ فِیۡ ھٰذِہِ الۡحَیٰوۃِ الدُّنۡیَا کَمَثَلِ رِیۡحٍ

کفار کے مال ضائع کرنے کی مثال (۱)

اس میں سدا رہیں گے۔ حالت اس کی جو وہ خرچ کرتے ہیں اس دنیا کی زندگی میں جیسے حالت آندھی کی

فِیۡھَا صِرٌّ اَصَابَتۡ حَرۡثَ قَوۡمٍ ظَلَمُوۡۤا اَنۡفُسَھُمۡ فَاَھۡلَکَتۡہُ ؕ وَمَا ظَلَمَھُمُ اللّٰہُ

جس میں شدید سردی ہو عدل وانصاف باری تعالیٰ

جس میں شدید سردی ہو ہوا پہنچی کھیتی کو ایسی قوم کی جنھوں نے ظلم کیا اپنی جانوں پر پس برباد کر دیا اس نے اس کو اور نہیں ظلم کیا اللہ تے ان پر

وَلٰکِنۡ اَنۡفُسَھُمۡ یَظۡلِمُوۡنَ ﴿۱۱۷﴾ یٰۤاَیُّھَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَتَّخِذُوۡا بِطَانَۃً مِّنۡ دُوۡنِکُمۡ

یہود سے دوستی کی ممانعت (اوس وخزرج)

لیکن وہ اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں۔ اے ایمان والو! نہ بناؤ تم رازدار اپنوں کے علاوہ

لَا یَاۡلُوۡنَکُمۡ خَبَالًا ؕ وَدُّوۡا مَا عَنِتُّمۡ ۚ قَدۡ بَدَتِ الۡبَغۡضَآءُ مِنۡ اَفۡوَاھِھِمۡ ۚۖ وَمَا

وجہ ممانعت نمبر۱ نمبر۲ نمبر۳

نہیں کمی کرتے وہ تمہیں نقصان دینے میں آرزو کرتے ہیں وہ تمہاری مشقت کی تحقیق ظاہر ہوگئی ہے دشمنی ان کے منہ سے اور جو

تُخۡفِیۡ صُدُوۡرُھُمۡ اَکۡبَرُ ؕ قَدۡ بَیَّنَّا لَکُمُ الۡاٰیٰتِ اِنۡ کُنۡتُمۡ تَعۡقِلُوۡنَ ﴿۱۱۸﴾ ھٰۤاَنۡتُمۡ اُولَآءِ تُحِبُّوۡنَھُمۡ

شفقت خداوندی اطلاع خداوندی سے تنبیہ مؤمنین

چھپاتے ہیں ان کے سینے (اس سے) بڑھ کر ہے تحقیق بیان کی ہم نے تمہارے لیے نشانیاں اگر تم عقل رکھتے ہو۔ سنو اے لوگو تم تو وہ لوگ ہو جو ان سے محبت کرتے ہو

وَلَا یُحِبُّوۡنَکُمۡ وَتُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡکِتٰبِ کُلِّہٖ ۚ وَاِذَا لَقُوۡکُمۡ قَالُوۡۤا اٰمَنَّا ۚۖ وَاِذَا خَلَوۡا

(۲) سلوک المنافقین بالمؤمنین

اور وہ تم سے محبت نہیں کرتے اور تم ساری کتابوں پر ایمان رکھتے ہو اور جب وہ تم سے ملتے ہیں کہتے ہیں ہم ایمان لائے اور جب وہ تنہا ہوتے ہیں

عَضُّوۡا عَلَیۡکُمُ الۡاَنَامِلَ مِنَ الۡغَیۡظِ ؕ قُلۡ مُوۡتُوۡا بِغَیۡظِکُمۡ ؕ اِنَّ اللّٰہَ عَلِیۡمٌۢ

جواب سلوک

تو کاٹتے ہیں وہ تم پر انگلیاں غصہ سے کہہ دیجئے مرجاؤ اپنے غصہ میں بیشک اللہ خوب جانتے ہیں

(۱)
ریح (مفرد) قرآن کریم میں عموماً عذاب کے موقع پر استعمال ہوا ہے اور "ریاح" جمع رحمت کے موقعہ پر۔

(۲)
تنبیہ کفار مثال سورۃ علق آیت ۹، ۱۰ ص ۶۱۰ دیکھیں

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۱۹﴾ اِنْ تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ وَ اِنْ تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ يَّفْرَحُوْا بِهَا

اطلاع خداوندی سے کیفیت اہل کتاب

سینے والی باتوں کو ۔ اگر پہنچے تم کو کوئی بھلائی تو انہیں بری لگتی ہے اور اگر پہنچے تم کو کوئی برائی تو اس کی وجہ سے خوش ہوتے ہیں

وَ اِنْ تَصْبِرُوْا وَ تَتَّقُوْا لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْـًٔا اِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿۱۲۰﴾ ع

تسلی مؤمنین　　تنبیہ مجرمین

اور اگر تم صبر کرو اور بچتے رہو نہیں نقصان دے گا تم کو ان کا فریب کچھ بھی بیشک اللہ جو وہ اعمال کرتے ہیں ان کو احاطہ میں لانے والا ہے

وَ اِذْ غَدَوْتَ مِنْ اَهْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِيْنَ مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ وَ اللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۲۱﴾

غزوہ اُحد کا آغاز ۔ نمونہ نصرت

اور جب آپ صبح کو اپنے گھر سے چلے بیٹھا رہے تھے مسلمانوں کو لڑائی کے ٹھکانو پر اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے

اِذْ هَمَّتْ طَّآئِفَتٰنِ مِنْكُمْ اَنْ تَفْشَلَا وَ اللّٰهُ وَلِيُّهُمَا وَ عَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ

اطلاع خداوندی بنوحارثہ و بنوسلمہ کی بزدلی کا اظہار　　تسلی

جب ارادہ کیا دو جماعتوں نے تم میں سے کہ بزدلی دکھائیں اور اللہ ان دونوں کا مدد گار ہے اور اللہ پر چاہئے کہ بھروسہ کریں

الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَ لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّ اَنْتُمْ اَذِلَّةٌ فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾

غزوہ بدر کی نصرت　　نتیجہ صبر و تقویٰ　　خلاصہ تقویٰ　　حکمت امداد

ایمان والے ۔اور البتہ تحقیق اللہ مدد کرچکا ہے تمہاری بدر کی لڑائی میں حالانکہ تم کمزور تھے پس اللہ سے ڈرو تا کہ تم شکر کرو

اِذْ تَقُوْلُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ اَلَنْ يَّكْفِيَكُمْ اَنْ يُّمِدَّكُمْ رَبُّكُمْ بِثَلٰثَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ

غزوہ بدر میں نصرت الٰہی کا نمونہ　　رفع تعارض مواعید ثلاثہ کی وجہ (۱)

جب آپ کہہ رہے تھے ایمان والوں سے کیا ہرگز کافی نہیں ہے تمہارے لیے کہ مدد کرے تمہاری تمہارا پرودگار تین ہزار

الْمَلٰٓئِكَةِ مُنْزَلِيْنَ ﴿۱۲۴﴾ بَلٰٓى اِنْ تَصْبِرُوْا وَ تَتَّقُوْا وَ يَاْتُوْكُمْ مِّنْ فَوْرِهِمْ هٰذَا يُمْدِدْكُمْ

شرائط نصرت نمبرا　　نمبر۲　　تمہارے دشمن اسی وقت تمہارے پاس آجائیں

فرشتوں سے اتارے ہوئے۔ کیوں نہیں اگر تم صبر کرو گے اور پرہیز گاری کرو گے اور وہ آ پہنچیں تمہارے پاس یک دم اسی وقت، (تو) مدد کریں گے تمہاری

رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُسَوِّمِيْنَ ﴿۱۲۵﴾ وَ مَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ

(۲)　　فرشتوں کے ذریعے نصرت الٰہی کی حکمت نمبرا

تمہارے پروردگار پانچ ہزار فرشتوں سے نشان لگائے ہوئے۔ اور نہیں بنایا اس (مدد) کو اللہ نے مگر خوشخبری تمہارے لیے

وَ لِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُكُمْ بِهٖ وَ مَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿۱۲۶﴾ لِيَقْطَعَ

نمبر۲　　نمبر۳　ہلاک

اور تا کہ مطمئن ہوجائیں تمہارے دل اس کی وجہ اور نہیں ہے مدد مگر اللہ کی طرف سے جو زبردست حکمت والا ہے۔ تا کہ ہلاک کردے

طَرَفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا اَوْ يَكْبِتَهُمْ فَيَنْقَلِبُوْا خَآئِبِيْنَ ﴿۱۲۷﴾ لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ

نمبر۴　　اعادہ جنگ احد کی بقیہ داستان (۳)

ایک گروہ کو ان لوگوں سے جنہوں نے کفر کیا یا ذلیل کر دے ان کو تو وہ پلٹ جائیں رسوا ہو کر ۔ آپ کو اختیار اس معاملہ میں

شَيْءٌ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ اَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَاِنَّهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۲۸﴾ وَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

حصر المالکیت سے گزشتہ مضمون کی

کچھ نہیں یا وہ توبہ قبول کرے ان کی یا سزا دے ان کو کیونکہ وہ ظالم ہیں۔ اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے

(۱)
نمبرا : دعا
نمبر۲ : پریشانی
نمبر۳ : صبر

(۲)
مسوم : اسم فاعل
تسویم : خاص نشان لگانا، وردی پہن کر آنے والے

(۳)
دلیل نمبر۳ نفی علم غیب از خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم اور دلیل نمبر۴ نساء آیات نمبر۱۰۵، ۱۰۶، ۱۰۷، ص ۱۰۴ میں دیکھیں

وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۹﴾ ع

تاکید

اور جو کچھ زمین میں ہے وہ بخش دے جسے چاہے اور سزا دے جسے چاہے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوا الرِّبٰٓوا اَضْعَافًا مُّضٰعَفَةً ۠ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ

مؤمنین کے لیے اصول کامیابی (سود سے اجتناب کا بیان) نمبر۱ (۱)(۲) توفیق طاعت کم، بخل نمبر۲ اصول کامیابی کا خلاصہ

اے ایمان والو! نہ کھاؤ سود کو (کئی گنا بڑھا کر) دوگنے پہ دوگنا اور اللہ سے ڈرو تا کہ تم

تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۳۰﴾ ۚ وَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِىْٓ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۳۱﴾ ۚ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ

نمبر۳ نمبر۴

کامیاب ہوجاؤ۔ اور بچو اس آگ سے جو تیار کی گئی ہے کافروں کے لیے۔ اور تابعداری کرو اللہ اور رسول کی تاکہ

تُرْحَمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ ۚ وَسَارِعُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ ۙ

نمبر۵

تم پر رحم کیا جائے۔ اور دوڑو اپنے رب کی بخشش کی طرف اور جنت کی طرف اس کی چوڑائی آسمانوں اور زمین (کے برابر) ہے

اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ ۙ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِي السَّرَّاۗءِ وَالضَّرَّاۗءِ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ

اوصاف متقین نمبر۱ نمبر۲

تیار کی گئی ہے پرہیز گاروں کے لیے ۔جو لوگ خرچ کرتے ہیں خوشی اور تکلیف میں، اور غصہ کو دبا لیتے ہیں

وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳۴﴾ ۚ وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً

نمبر۳ اوصاف محسنین نمبر۱

اور لوگوں کو معاف کرنے والے ہیں اور اللہ پسند کرتا ہے احسان کرنے والوں کو۔ اور وہ لوگ جب کر بیٹھیں کوئی کھلا گناہ

اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَھُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِھِمْ ۠ وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۠

نمبر۲

یا ظلم کریں اپنے حق میں تو اللہ کو یاد کرتے ہیں اور اپنے گناہوں کی بخشش مانگتے ہیں اور کون بخشتا ہے گناہوں کو اللہ کے سوا

وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلٰي مَا فَعَلُوْا وَھُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۵﴾ اُولٰۗىِٕكَ جَزَاۗؤُھُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ

نمبر۳ فریقین کے لیے بشارت اُخروی

اور وہ نہیں اڑتے اپنے کیے پر اور وہ جانتے ہیں ۔ یہ لوگ ان کا بدلہ بخشش ہے

رَّبِّھِمْ وَجَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِھَا الْاَنْھٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْھَا ۭ وَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿۱۳۶﴾ ۭ

ان کے رب کی طرف سے اور باغ ہیں بہتی ہیں جن کے نیچے نہریں سدا رہیں گے ان میں اور اچھا اجر ہے کام کرنے والوں کا

قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ ۙ فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

اعادہ داستان اُحد و تسلیٔ مؤمنین کی واقعات

تحقیق گزر چکے ہیں تم سے پہلے کئی واقعات پس چلو پھرو زمین میں پھر دیکھو کیسا انجام ہوا

الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۳۷﴾ ھٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَھُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۳۸﴾ وَلَا تَهِنُوْا

بیان مذکور سے صداقت قرآن (۳) تسلی مؤمنین نمبر۱

جھٹلانے والوں کا۔ یہ وضاحت ہے لوگوں کے لیے اور ہدایت اور نصیحت پرہیز گاروں کے لیے۔ اور نہ سست ہوجاؤ

(۱) اضعاف: ضِعْف کی جمع: کئی گنا۔

(۲) مضاعفة: مفاعلة کے وزن پر مصدر ہے، ''ضِعْف'' سے بنا ہے اور ''اضعافا'' کی تاکید کے لیے ہے عربی میں تابع مہمل نہیں ہوتا معنی دار ہوتا ہے اور تاکید کرنا جیسے ظِلًّا ظَلِیْلاً گھنا سایہ

(۳) قرآن کریم کو نازل کرنے کی کیا غرض ہے اس پر دس دلائل ملاحظہ فرمائیں، دلیل نمبر۱ یہی آیت ہے اور دلیل نمبر۲ سورۃ مائدہ آیت ۱۵، ۱۶ ص ۱۱۹ میں دیکھیں

وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٣٩﴾ اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ

نمبر۲ نمبر۳ تسلی بتقریر دیگر

اور نہ تم غم کھاؤ اور تم ہی غالب رہو گے اگر تم ایماندار ہو۔ اگر پہنچا ہے تمہیں زخم پس تحقیق

مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهٗ ؕ وَتِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ ۚ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ

دستور خداوندی داستان اُحد کی چھ حکمتیں نمبرا حکمت نمبر ۲ مؤمن اور منافق کے درمیان امتیاز

پہنچ چکا ہے ان لوگوں کو زخم ایسا اور یہ دن ہم ان کو باری باری بدلتے رہتے ہیں لوگوں کے درمیان اور تا کہ ممتاز کر دے اللہ ان لوگوں کو جنہوں نے

اٰمَنُوْا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَآءَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ۙ﴿١٤٠﴾ وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ

نمبر۳ مقام شہادت نمبر ۴ مؤمنو کو آستین کے سانپوں سے بچانا۔

ایمان قبول کیا اور بنائے تم میں سے بعض کو شہید اور اللہ نہیں پسند کرتا ظالموں کو۔ اور تا کہ پاک کر دے اللہ

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَمْحَقَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿١٤١﴾ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ

نمبر ۵ تنبیہ مؤمنین اعلیٰ مقامات کے حصول کے لیے امتحان

ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور کافروں کو مٹا دے۔ کیا تم خیال کرتے ہو کہ جنت میں داخل ہو جاؤ گے اور ابھی تک نہیں ممتاز کیا ۔

اللّٰهُ الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿١٤٢﴾ وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ الْمَوْتَ مِنْ

نمبر۶

اللہ نے ان لوگوں کو جنہوں نے جہاد کیا تم میں سے اور ابھی صبر کرتے والوں کو بھی ممتاز نہیں کیا، اور البتہ تحقیق تم آرزو کرتے تھے موت کی

ع ۱۴/۱۴ ۵ قَبْلِ اَنْ تَلْقَوْهُ ۠ فَقَدْ رَاَيْتُمُوْهُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿١٤٣﴾ ع

(۱)
ہر جگہ خلت بمعنی وفات نہیں آتا سورۃ بقرہ آیت نمبر ۱۴ ص ۶ میں دیکھیں۔

نفی معبود پہلے اس سے کہ تم ملو اس سے تو تحقیق تم نے اس کو دیکھ لیا آنکھوں کے سامنے

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ اَفَاۡئِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ

تتمہ داستان اُحد و تنبیہ مؤمنین تذکیر بایام اللہ (۱) سے تسلی مؤمنین (۲) تشریح تنبیہ نمبرا نمبر۲

اور نہیں محمد مگر ایک رسول تحقیق گزر چکے ہیں ان سے پہلے بہت سے رسول کیا پس اگر وہ وفات پا جائیں یا وہ شہید کر دیے جائیں تو تم پلٹ جاؤ گے

عَلٰۤى اَعْقَابِكُمْ ؕ وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْـئًا ؕ وَسَيَجْزِى اللّٰهُ

نتیجہ انحراف نتیجہ حق شناس

اپنی ایڑیوں پر اور جو شخص پلٹ جائے اپنی ایڑیوں پر تو ہر گز نہیں نقصان پہنچائے گا اللہ تعالیٰ کو کچھ بھی اور ابھی بدلہ دے گا اللہ تعالیٰ

الشّٰكِرِيْنَ ﴿١٤٤﴾ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ كِتٰبًا مُّؤَجَّلًا ؕ

فیصلہ خداوندی سے تعلیم موت کا وقت مقرر ہے

شکر گزاروں کو۔ اور نہیں ہے کسی شخص کے لیے کہ وہ مرے مگر اللہ کے حکم سے ایک نوشتہ مقرر ہے

وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۚ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ نُؤْتِهٖ مِنْهَا ؕ

نتیجہ طلب دنیا نتیجہ طلب آخرت

اور جو چاہتا ہے دنیا کا بدلہ ہم دیتے ہیں اس کو اس میں سے اور جو چاہتا ہے آخرت کا بدلہ ہم دیں گے اس کو اس میں سے

وَسَنَجْزِى الشّٰكِرِيْنَ ﴿١٤٥﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ قٰتَلَ ۙ مَعَهٗ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ ۚ فَمَا وَهَنُوْا

استقلال مخلصین متقین امم سابقہ سے تنبیہ مؤمنین (۳)

اور عنقریب ہم بدلہ دیں گے شکر گزاروں کو۔ اور بہت سارے نبی ان کے ساتھ مل کر لڑے بہت اللہ والے تو وہ کمزور نہ پڑے

(۲)
ج : ہر جگہ الف لام استغراق کے لیے نہیں آتا سورۃ بقرہ کی آیت ۸۷ ص ۱۶ دیکھیں۔ ف : حیاۃ خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم اور کیفیت جنازۃ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم، تدفین کا مشورہ۔ ضمیمہ ص ۶۳۹ آیت نمبر ۱۴۴۔ ال عمران کے تحت دیکھیں۔

(۳) ربیون : غالباً سریانی زبان کا لفظ ہے امام بخاریؒ نے اس کا ترجمہ ''جماعتوں'' کیا ہے اور اس کا واحد ''رِبِّیٌّ'' بتایا ہے مفسرین نے اس کا عام طور پر ترجمہ کیا ہے : خدا کے طالب، خدا پرست، اللہ والے

لِمَآ اَصَابَهُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَمَا ضَعُفُوْا وَمَا اسْتَكَانُوْا ؕ وَاللّٰهُ یُحِبُّ

اس کی وجہ سے جو ان کو پہنچی اللہ کے رستہ میں اور نہ وہ سست پڑے اور نہ وہ دبے اور اللہ تعالیٰ پسند کرتے ہیں

الصّٰبِرِیْنَ ﴿۱۴۶﴾ وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا

ادعیہ متقین و مخلصین

جمنے والوں کو ۔ اور نہیں تھی ان کی بات مگر انہوں نے یہ کہا اے رب ہمارے! بخش دے ہمارے لیے ہمارے گناہ اور ہماری زیادتی

فِیْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِیْنَ ﴿۱۴۷﴾ فَاٰتٰىهُمُ اللّٰهُ ثَوَابَ

اجابت دعا متقین و مخلصین

ہمارے کام میں اور جما دے ہمارے قدم اور مدد فرما ہماری کافر لوگوں پر ۔ پس دیا ان کو اللہ نے ثواب

۱۵ ع ۵ الدُّنْیَا وَحُسْنَ ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ ؕ وَاللّٰهُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۱۴۸﴾ ع

نتیجہ

دنیا کا اور عمدہ بدلہ آخرت کا اور اللہ پسند کرتے ہیں نیکی کرنے والوں کو

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِیْعُوا الَّذِیْنَ كَفَرُوْا یَرُدُّوْكُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا

ترہیب مؤمنین از قبول اطاعت کفار و منافقین

اے ایمان والو! اگر تم نے کہا مانا ان لوگوں کا جنہوں نے کفر کیا تو وہ تمہیں پھیر دیں گے تمہاری ایڑیوں پر پھر تم جا پڑو گے

خٰسِرِیْنَ ﴿۱۴۹﴾ بَلِ اللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ خَیْرُ النّٰصِرِیْنَ ﴿۱۵۰﴾ سَنُلْقِیْ فِیْ قُلُوْبِ الَّذِیْنَ

تسلی مؤمنین (۱) اثبات نمونہ نصرت الٰہی

نقصان میں۔ بلکہ اللہ تمہارا مدد گار ہے اور وہ بہترین مدد کرنے والا ہے۔ عنقریب ہم ڈالیں گے ان لوگوں کے دلوں میں

كَفَرُوا الرُّعْبَ بِمَآ اَشْرَكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ یُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا ۚ وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ؕ

علت رعب نتیجہ اخروی

جنہوں نے کفر کیا ہیبت اس لیے کہ انہوں نے شریک ٹھہرائے اللہ کے ساتھ وہ جو نہیں اتاری اللہ نے اس کے ساتھ کوئی دلیل اور ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے

وَبِئْسَ مَثْوَى الظّٰلِمِیْنَ ﴿۱۵۱﴾ وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهٗٓ اِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ بِاِذْنِهٖ ۚ

صداقت وعدہ خداوندی

اور برا ٹھکانہ ہے ظالموں کا۔ اور البتہ تحقیق سچا کیا تم سے اللہ نے اپنا وعدہ جب تم ان کو (ابتداً) قتل کر رہے تھے اس کے حکم سے

حَتّٰٓى اِذَا فَشِلْتُمْ وَتَنَازَعْتُمْ فِی الْاَمْرِ وَعَصَیْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَآ اَرٰىكُمْ مَّا تُحِبُّوْنَ ؕ

سبب مغلوبیت مؤمنین نمبر ۱ یعنی رائے میں کمزوری نمبر ۲ حکم پیغمبر نتیجہ نزاع

یہاں تک کہ جب تم نے بزدلی دکھائی اور تم نے اس معاملہ آپس میں جھگڑا کیا اور تم نے نافرمانی کی بعد اس کے کہ دکھایا اس نے تم کو (غلبہ) جو تم پسند کرتے تھے

مِنْكُمْ مَّنْ یُّرِیْدُ الدُّنْیَا وَمِنْكُمْ مَّنْ یُّرِیْدُ الْاٰخِرَةَ ۚ ثُمَّ صَرَفَكُمْ عَنْهُمْ

کیفیت صحابہ رضؓ یعنی دو فریق نتیجہ نزاع

تم میں سے کچھ چاہتے تھے دنیا اور تم میں سے کچھ چاہتے تھے آخرت پھر پھیر دیا (یعنی بھگا دیا) تم کو ان (کفار) سے

لِیَبْتَلِیَكُمْ ۚ وَلَقَدْ عَفَا عَنْكُمْ ؕ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۵۲﴾ اِذْ

عفو خداوندی (۲) تتمہ

تاکہ وہ تم کو جانچے اور البتہ تحقیق اس نے تمہیں (خطا اجتہادی پر) معاف کر دیا ہے اور اللہ فضل والا ہے ایمان والوں پر۔ جب

(۱) لفظ مولیٰ: کے ائمہ لغت نے دو درجن سے زائد معنی لکھے ہیں چنانچہ المنجد: میں ہے کہ مولیٰ: کے معنی رب، مالک، سردار، منعِم منعَم علیہ، آزاد، آزاد کرنے والا، مددگار، داماد، محب، تابع، ہمسایہ، عقید، حلیف، سسر، غلام، محبوب، بھائی دوست، قریب، بیٹا، چچا، چچازاد، بھانجا، شریک، نزیل، اور سرپرست وغیرہا۔ حضرت علی رضؓ کو مولیٰ: بمعنی محبوب اور دوست کے کہا گیا، حضرت علی رضؓ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے "مولیٰ" کہا وہ بمعنی والی یا امام خلیفہ کہیں بھی لغت سے قرآن کریم اور احادیث نبوی سے ثابت نہیں۔ تفصیل کے لیے کشف الحقائق، سید نور الحسن شاہ بخاری دیکھیں

(۲) مودودی کا نظریہ وہ لکھتے ہیں کہ: رسول خدا کے سوا کسی انسان کو معیار حق نہ بنائے کسی کو تنقید سے بالاتر نہ سمجھے کسی کی ذہنی غلامی میں مبتلا نہ ہو۔ ہر ایک کو خدا کے بتائے ہوئے اسی معیار کامل پر جانچے اور پرکھے اور جو اس معیار کے لحاظ سے جس درجہ میں ہو اس کو اسی درجہ میں رکھے۔ دستور جماعت اسلامی پاکستان ص ۱۴ دیکھیں۔ اہل حق کے نزدیک صحابہ معیار حق ہیں اس پر دلیل سورۃ نساء آیت ۱۱۵ نمبر ص ۱۰۵ میں دیکھیں

تصعدون ولا تلوٗن علیٰ احد والرسول یدعوکم فی اخرىٰکم فاثابکم

داستان مغلوبیت یعنی عقب سے کفار کے یکبار حملہ پر مسلمانوں کا نقشہ — سبب غم

تم چڑھے جا رہے تھے اور تم نہیں مڑ رہے تھے کسی کی طرف اور رسول تم کو پکار رہے تھے تمہارے پیچھے سے پس پہنچایا تم کو

غمًّا بغمٍّ لکیلا تحزنوا علیٰ ما فاتکم ولا ما اصابکم ۗ واللہ خبیر بما

(۱) تسلی برائے اصحاب رسول

غم پر غم تا کہ غمگین نہ ہو تم اس پر جو تمہارے ہاتھ سے نکل گیا اور نہ اس پر جو تمہیں پریشانی پہنچی اور اللہ خبر رکھنے والے ہیں اس کی جو

تعملون ﴿۱۵۳﴾ ثم انزل علیکم من بعد الغم امنۃ نعاسا یغشیٰ طائفۃ

ازالہ غم کا بیان برائے جماعت مؤمنین

کام تم کرتے ہو۔ پھر اتارا اس نے تم پر غم کے بعد چین (یعنی) اونگھ چھا رہی تھی ایک جماعت پر

منکم ۙ وطائفۃ قد اھمتھم انفسھم یظنون باللہ غیر الحق ظن

(۲) جماعت منافقین کی کیفیت

تم میں سے اور دوسری جماعت ان کو فکر پڑی تھی اپنی جانوں کی گمان کرتے تھے اللہ کے بارے میں غلط خیال (جیسا) خیال

الجاھلیۃ ۗ یقولون ھل لنا من الامر من شیء ۗ قل ان الامر کلہ للہ ۗ

جواب شکوہ — شکوہ منافقین اجمالی

جاہلیت کا وہ کہتے تھے کیا ہمارے لیے ہے اس کام سے کچھ اختیار کہہ دیجئے بیشک سب معاملہ اللہ کے ہاتھ میں

یخفون فی انفسھم ما لا یبدون لک ۗ یقولون لو کان لنا من الامر

شکوہ تفصیلی

وہ چھپاتے ہیں اپنے دلوں میں جو وہ ظاہر نہیں کرتے آپ کے سامنے وہ کہتے ہیں کہ اگر ہوتا ہمارے معاملہ میں سے

شیء ما قتلنا ھھنا ۗ قل لو کنتم فی بیوتکم لبرز الذین کتب

تفصیلی شکوہ کا جواب

کچھ اختیار بھی تو ہم یہاں نہ مارے جاتے کہہ دیجئے اگر ہوتے تم اپنے گھروں میں تو نکلتے وہ لوگ

علیھم القتل الیٰ مضاجعھم ۚ ولیبتلی اللہ ما فی صدورکم ولیمحص

امتحان فریقین

جن پر قتل ہونا لکھا گیا ہے اپنے مرنے کی جگہوں کی طرف تا کہ آزمائے اللہ (اس کی کو) جو تمہارے سینوں میں ہے اور تا کہ صاف کر دے

ما فی قلوبکم ۗ واللہ علیم بذات الصدور ﴿۱۵۴﴾ ان الذین تولوا منکم

ادبار از میدان جنگ

اس چیز کو جو تمہارے دلوں میں ہے اور اللہ جاننے والا ہے سینے کے بھیدوں کو ۔ بیشک وہ لوگ جنہوں نے پیٹھ پھیری تم میں سے

یوم التقی الجمعٰن ۙ انما استزلھم الشیطٰن ببعض ما کسبوا ۚ ولقد عفا اللہ

خطاء اجتہادی پر عمومی معافی کا اعلان — وجہ لغزش

جس دن ملی دونوں فوجیں بیشک پھسلا دیا ان کو شیطان نے ان کے بعض کاموں کی وجہ سے اور البتہ تحقیق اللہ نے معاف کر دیا

عنھم ۗ ان اللہ غفور حلیم ﴿۱۵۵﴾ ع

ان (کے قصور) کو بیشک اللہ بخشنے والا بردبار ہے

(۱) غم پر غم پہنچانے سے مراد یہ ہے کہ ایک تو غنیمت کے مال سے محروم ہوئے اور مقتول و مجروح ہوئے، اور دوسرے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے شہید ہونے کی خبر اور کفار کا غلبہ دیکھا۔

(۲) ظن :۔ سے پہلے کاف جارہ محذوف ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَقَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ اِذَا ضَرَبُوْا فِي

مؤمنین کو تقلید اقوال منافقین سے ممانعت (۱) منافقین کا مکالمہ

اے ایمان والو نہ ہو جاؤ تم ان لوگوں کی طرح جنہوں نے اسلام قبول نہیں کیا اور انہوں نے کہا اپنے بھائیوں کے بارے میں جب انہوں نے سفر کیا

الْاَرْضِ اَوْ كَانُوْا غُزًّى لَّوْ كَانُوْا عِنْدَنَا مَا مَاتُوْا وَمَا قُتِلُوْا ۚ لِيَجْعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ

تشریح مکالمہ نتیجہ (۲)

زمین میں یا تھے وہ جہاد میں اگر وہ ہوتے ہمارے پاس تو نہ وہ مرتے اور نہ مارے جاتے تا کہ بنائے اللہ تعالیٰ اس کو

حَسْرَةً فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۗ وَاللّٰهُ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۵۶﴾

جواب مکالمہ نمبر ۱

پچھتاوا ان کے دلوں میں اور اللہ زندہ رکھتا ہے اور مارتا ہے اور اللہ تعالیٰ جو تم عمل کرتے ہو اسے دیکھنے والا ہے

وَلَئِنْ قُتِلْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ

جواب مکالمہ نمبر ۲ (۳)

اور اگر تم مارے گئے اللہ کے راستے میں یا تم مر گئے یقیناً بخشش اللہ کی طرف سے اور مہربانی (اسکی) بہتر ہے

مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۱۵۷﴾ وَلَئِنْ مُّتُّمْ اَوْ قُتِلْتُمْ لَاِلَى اللّٰهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ فَبِمَا رَحْمَةٍ

قانون عام (۴) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

اس سے جو وہ تم جمع کرتے ہیں۔ اور اگر تم مر گئے یا مارے گئے تو ضرور تم اللہ کی طرف اکھٹے کیے جاؤ گے۔ پس بڑی رحمت کی وجہ سے

مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ ۚ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ ۖ

کے اخلاق کریمانہ

اللہ کی طرف سے آپ نرم (دل) ہوئے ان کے لیے اور اگر آپ تندخو سخت دل ہوتے تو وہ ضرور بکھر جاتے آپ کے پاس سے

فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ ۚ فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ

نمبر ۱ سفارش خداوندی فیضان نبوی کے حصول کے لیے نمبر ۲ نمبر ۳ نامزد مشیر صاحب مشورہ عقل، دین، خیر خواہ، متفکر، نفسانی خواہش

پس آپ ان کو معاف کریں اور ان کے لیے بخشش کی دعا کریں اور مشورہ لیں ان سے کام میں پھر جب آپ پختہ ارادہ کرلیں تو آپ بھروسہ کریں

عَلَى اللّٰهِ ۗ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ ﴿۱۵۹﴾ اِنْ يَّنْصُرْكُمُ اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ

ازالہ حسرت مغلوبیت از قلوب صحابہ رضی اللہ عنہم

اللہ پر بیشک اللہ پسند کرتے ہیں بھروسہ کرنے والوں کو۔ اگر اللہ تمہاری مدد کرے گا تو پھر تم پر کوئی غالب نہیں آسکتا اور اگر

يَّخْذُلْكُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْ بَعْدِهٖ ۗ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۶۰﴾

اس نے تمہاری مدد چھوڑ دی پھر کون ایسا ہے جو تمہاری مدد کر سکے اس کے بعد اور اللہ پر پس چاہیئے کہ بھروسہ کریں ایمان والے

وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّغُلَّ ۗ وَمَنْ يَّغْلُلْ يَاْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ تُوَفّٰى

خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے امین ہونے کا بیان کیفیت خائن (بدر کے سرخ چادر دھاری دھار گم ہوئی یا احد)

اور نہیں لائق کسی نبی کو کہ خیانت کرے اور جو کوئی خیانت کرے گا لائے گا اس خیانت کو جو اس نے کی تھی قیامت کے دن پھر دیا جائے

كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۶۱﴾ اَفَمَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَ اللّٰهِ كَمَنْ بَآءَ

تفاوت متبعین رضائے حق اور مغضوبین

ہر نفس کو جو اس نے کمایا تھا اور وہ ظلم نہیں کیے جائیں گے ۔کیا پس جس نے تابع داری کی اللہ کی خوشنودی کی اس شخص کی مانند ہے جو لوٹا

(۱) لاخوانھم: میں لام اجلیہ ہے اور اس سے مراد ہم نسب اور ہم مشرب بھائی ہیں

(۲) لیجعل میں لام عاقبت ہے یعنی نتیجہ یہ ہوگا یہ کانٹا (وسوسہ) ان کے دلوں میں چبھتا رہے گا۔

(۳) رَحْمَة: "کے بعد مِنَ اللّٰہ" مقدر ہے

(۴) فبما: میں باء سببیہ "ما" زائدہ برائے تاکید "ای برحمة عظیمة"

بِسَخَطٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿١٦٢﴾ هُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ اللّٰهِ ۭ

نتیجہ رضائے حق — نتیجہ خیانت

اللہ کے غصہ کے ساتھ اور اس کا ٹھکانہ دوزخ ہے اور وہ بہت بری جگہ ہے لوٹنے کی۔ان لوگوں کے مختلف درجے ہیں اللہ کے نزدیک

وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٦٣﴾ لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا

(۱) — احسان خداوندی برائے بعثت خاتم الانبیاء

اور اللہ دیکھنے والا ہے جو کچھ وہ کرتے ہیں ۔ البتہ تحقیق احسان کیا اللہ نے ایمان والوں پر جب بھیجا ان میں ایک (عظیم) رسول

مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ

بشریت خاتم الانبیاء — فریضہ نمبرا — نمبر۲ — نمبر۳ — نمبر۴

انہی میں سے وہ پڑھتا ہے ان پر اس کی آیتیں اور وہ پاک کرتا ہے ان کو اور وہ سکھلاتا ہےان کو کتاب اور دانشمندی کی باتیں

وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿١٦٤﴾ اَوَلَمَّآ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَدْ اَصَبْتُمْ

(۲) عارضی ہزیمت احد — تسلی مؤمنین

اگرچہ وہ اس سے پہلے صریح گمراہی میں تھے۔ اور کیا جب پہنچی تمہیں کچھ تکلیف تحقیق تم پہنچا چکے ہو

مِّثْلَيْهَا ۙ قُلْتُمْ اَنّٰى هٰذَا ۭ قُلْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿١٦٥﴾

تعجب للمؤمنین — جواب تعجب وسبب ظاہری

اس سے ڈبل تم نے کہا یہ کہاں سے آئی؟ کہہ دیجئے وہ تمہارے ہی پاس سے آئی ہے بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے

وَمَآ اَصَابَكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيَعْلَمَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٦٦﴾ ۙ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ

مصیبت کا سبب حقیقی (احد) — نمبرا — نمبر۲

اور جو (تکلیف) پہنچی تم کو جس دن دو جماعتیں آمنے سامنے ہوئی پس (وہ) اللہ کے حکم سے ہے اور تا کہ وہ ایمانداروں کو ممتاز کردے۔اور ممتاز کردے ان لوگوں کو جو

نَافَقُوْا ښ وَقِيْلَ لَھُمْ تَعَالَوْا قَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوِ ادْفَعُوْا ۭ قَالُوْا لَوْ نَعْلَمُ قِتَالًا

دعوت للمنافقین — جواب دعوت

منافق ہوئے اور کہا گیا انہیں کہ آؤ اللہ کی راہ میں لڑو یا (دشمنوں سے) دفع کرو تو انہوں نے کہا کہ اگر ہم لڑنا جانتے

لَّااتَّبَعْنٰكُمْ ۭ ھُمْ لِلْكُفْرِ يَوْمَىِٕذٍ اَقْرَبُ مِنْھُمْ لِلْاِيْمَانِ ۚ يَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِھِمْ

اعلان خداوندی

تو ضرور تمہارے ساتھ چلتے وہ اس وقت کفر کے زیادہ قریب تھے بنسبت ایمان کے وہ کہتے تھے اپنے مونہوں سے

مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِھِمْ ۭ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُوْنَ ﴿١٦٧﴾ ۚ اَلَّذِيْنَ قَالُوْا لِاِخْوَانِھِمْ وَقَعَدُوْا لَوْ

(۳) تشریح یکتمون ومکالمہ منافقین

وہ باتیں جو ان کے دلوں میں نہیں ہیں اور اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ وہ چھپاتے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے بھائیوں سے کہا اور وہ بیٹھے رہے اگر

اَطَاعُوْنَا مَا قُتِلُوْا ۭ قُلْ فَادْرَءُوْا عَنْ اَنْفُسِكُمُ الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿١٦٨﴾

حاکمانہ جواب مکالمہ

اللہ تعالیٰ کی طرف سے رزق دیا جاتا ہے

وہ ہماری بات مانتے تو نہ قتل کیے جاتے۔ کہہ دیجئے پس ہٹاؤ تم اپنے آپ سے موت کو اگر تم سچے ہو

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ۭ بَلْ اَحْيَاۗءٌ عِنْدَ رَبِّھِمْ يُرْزَقُوْنَ ﴿١٦٩﴾ ۙ

ازالہ شبہ حیات شہداء، حیات انبیاء پر دلیل نمبر ۲، دلیل نمبر ۳ سورۃ سجدہ آیت ۲۳ ص ۴۲۵ میں دیکھیں — فضیلت شہداء (۴) — بشارت نمبرا

اور نہ گمان کرو تم ان لوگوں کو جو مارے گئے ہیں اللہ کی راہ میں کہ (وہ) مردہ ہیں بلکہ (وہ) زندہ ہیں اپنے رب کے ہاں رزق دیئے جاتے ہیں

(۱) بشریت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے دلیل ۵، اور دلیل ۶ سورۃ نساء آیت ۱۴۱ ص ۹۳ میں دیکھیں

(۲) ہمزہ استفہام انکاری کا۔

(۳) الذین قالوا: الذین نافقوا سے بدل ہے

النصف

(۴) ومعنی ''عندربھم'' بالمکانۃ الزلفیٰ لا بالمکان، بحر محیط ص ۱۵۸ ج ۳۔ عندربھم سے مراد مرتبہ اور درجہ ہے نہ کہ مکان اور جگہ۔ اس پر دو قرائن نمبر ایک یہی سورۃ آل عمران آیت ۱۹ ص ۵۸ میں دیکھیں اور دوسرا قرینہ یہی سورۃ آیت نمبر ۷۳ ص ۶۱ میں دیکھیں

فَرِحِيْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۙ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ

نمبر ۲ نمبر ۳

خوش اس سے جو اللہ نے انہیں دیا اپنے فضل سے اور وہ خوش ہوتے ہیں ان کی طرف سے بھی جو ابھی تک نہیں پہنچے ان کے پاس

خَلْفِهِمْ ۙ اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿١٧٠﴾ يَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ

وقف لازم

نمبر ۴ نمبر ۵ حاصل انعامات

ان کے پیچھے سے کہ نہیں کوئی ڈر ان پر اور نہ وہ غمگین ہوں گے ۔ وہ خوش ہوتے ہیں اللہ کی نعمت سے

وَفَضْلٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٧١﴾

تسلی مؤمنین

اور فضل کی وجہ سے اور (اس وجہ سے کہ) اللہ نہیں ضائع کرتا اجر ایمانداروں کا

(۱)

اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ مِنْ بَعْدِ مَآ اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ ۛ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا مِنْهُمْ

بدر صغریٰ یا حمراء الاسد فضائل اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم ۔ مدینہ سے معبد خزاعی، مکہ سے قبیلہ عبد القیس کا شخص آیا

جن لوگوں نے حکم مانا اللہ اور اس کے رسول کا بعد اس کے کہ پہنچ چکے تھے انہیں زخم ان لوگوں کے لیے جنہوں نے اچھے کام کیے ان میں سے

وَاتَّقَوْا اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿١٧٢﴾ اَلَّذِيْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ

نتیجہ (۱) غزوہ بدر صغریٰ

اور ڈرے (ان کے لیے) بڑا اجر ہے ۔ (وہ) جن سے لوگوں نے کہا کہ بیشک (مکہ) والوں نے تحقیق تمہارے (مقابلہ) کے لیے (سامان) جمع کیا ہے

فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا ۖ وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿١٧٣﴾ فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ

صحابہ کرام کا جذبہ ایمانی واستقلال متبعین کی سرفرازی

پس تم ان سے ڈرو تو ان کا ایمان زیادہ ہوا اور انہوں نے کہا ہمیں اللہ کافی ہے اور وہ بہترین کار ساز ہے ۔ پھر لوٹے وہ (مسلمان) اللہ کا انعام

اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ ۙ وَّاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ

اور فضل لے کر ، نہ چھوا ان کو کسی برائی نے اور پیروی کی انہوں نے اللہ کی خوشنودی کی اور اللہ بڑے فضل

عَظِيْمٍ ﴿١٧٤﴾ اِنَّمَا ذٰلِكُمُ الشَّيْطٰنُ يُخَوِّفُ اَوْلِيَآءَهٗ ۠ فَلَا تَخَافُوْهُمْ وَخَافُوْنِ

عداوت شیطان ممانعت خوف

والے ہیں ۔ بیشک یہ شیطان تمہیں اپنے دوستوں سے ڈراتا ہے پس تم انسے مت ڈرو اور مجھ سے ڈرو

اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٧٥﴾ وَلَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِى الْكُفْرِ ۚ اِنَّهُمْ

تسلی خاتم الانبیاء در معاملہ کفار ومنافقین

اگر تم ایماندار ہو ۔ اور نہ غم میں ڈال دیں آپ کو وہ لوگ جو لپکتے ہیں کفر کی طرف بیشک وہ

لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْئًا ۗ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَلَّا يَجْعَلَ لَهُمْ حَظًّا فِى الْاٰخِرَةِ ۚ وَلَهُمْ

ہرگز نہیں بگاڑیں گے اللہ کا کچھ بھی اللہ تعالیٰ چاہتا ہے کہ نہ دے ان کو کچھ حصہ آخرت سے اور ان کے لیے

عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿١٧٦﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْئًا ۚ

تارکین ایمان

بڑا عذاب ہے ۔ بیشک جن لوگوں نے خریدا کفر ایمان کے بدلہ وہ اللہ کا ہرگز کچھ نہیں بگاڑ سکتے

(۱) الذین: پہلے الذین: سے بدل ہے اور المؤمنین، کی صفت ہے ۔

وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۷﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ خَيْرٌ

ابطال زعم اہل کفر در باب امہال عذاب

اور ان کے لیے عذاب ہے دردناک۔ اور ہرگز نہ گمان کریں وہ لوگ جنھوں نے کفر کیا کہ ہم جو ان کو مہلت دے رہے ہیں بہتر ہے

لِّاَنْفُسِهِمْ ؕ اِنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ لِيَزْدَادُوْٓا اِثْمًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۱۷۸﴾ مَا كَانَ اللّٰهُ

سبب امہال

ان کے (حق) میں ہم تو اس لیے ان کو مہلت دے رہے ہیں تا کہ وہ گناہ میں بڑھ جائیں اور ان کے لیے ذلت ناک عذاب ہے۔ نہیں تھے اللہ

لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتّٰى يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ ؕ وَمَا كَانَ

حکمت شدائد للمؤمنین | حکمت نمبر ۱ | حکمت نمبر ۲

کہ چھوڑے ایمان والوں کو اس حالت میں جس پر تم اب ہو۔ یہاں تک جدا کردے ناپاک کو پاک سے اور

اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِيْ مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۠

ونفی علم غیب کلی از خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم (۱)

اللہ تعالیٰ کا یہ (طریقہ) نہیں کہ وہ تمھیں غیب پر مطلع کر دے لیکن اللہ چن لیتا ہے اپنے رسولوں میں سے جس کو وہ چاہتا ہے

فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَلَكُمْ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۷۹﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ

ترغیب ایمان | نتیجہ ایمان | بخل کی مذمت

پس تم ایمان لاؤ اللہ اور اس کے رسولوں پر اور اگر تم ایمان لاؤ اور پرہیز گاری کرو تو تمہارے لیے بہت بڑا اجر ہے۔ اور ہرگز نہ گمان کریں

الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ؕ

وہ لوگ جو بخل کرتے ہیں اس کے ساتھ جو دیا ہے ان کو اللہ نے اپنے فضل سے کہ وہ بہتر ہے ان کے (حق) میں بلکہ وہ برا ہے ان کے لیے

سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

بخل کا نتیجہ | (۲) | ابطال ملک کی دلیل

عنقریب وہ طوق پہنائے جائیں گے اس مال کے جس میں بخل کیا انھوں نے قیامت کے دن اور اللہ ہی وارث ہے آسمانوں اور زمین کا

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۸۰﴾ ع

اور اللہ تعالیٰ جو تم عمل کرتے ہو اس کی خبر رکھنے والا ہے

لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ ۘ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا

یہود کی گستاخیاں وسعت علم باری تعالیٰ | (۳) دعویٰ | جواب دعویٰ

البتہ تحقیق سن لی بات اللہ نے ان لوگوں کی جنھوں نے کہا (بیشک) اللہ فقیر ہے اور ہم دولت مند ہیں اب ہم لکھتے ہیں جو انھوں نے کہا

وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۱۸۱﴾ ذٰلِكَ بِمَا

نتیجہ گستاخی | سرزنش | سبب عذاب

اور ان کا انبیاء کو ناحق قتل کرنا اور ہم کہیں گے مزہ چکھو جلتی آگ کے عذاب کا۔ یہ (سزا) اس چیز کا بدلہ ہے

قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۱۸۲﴾ ۚ اَلَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ

(۴) عدل وانصاف باری تعالیٰ | افتراء یہود یعنی یہود کے اقوال شنیعہ

جو تمہارے ہاتھوں نے آگے بھیجا ہے اور یہ کہ اللہ تعالیٰ بندوں پر ظلم کرنے والے نہیں ہیں۔ جنھوں نے کہا کہ بیشک اللہ نے

(۱)
اہل بدعت کو جواب نمبر ۱۔ اس سورۃ کے بعد سولہ سورتوں کا نزول ہے، اتقان۔
جواب نمبر ۲
علی الغیب کا معنیٰ ما يغيب عن الناس والشهادة ما يشاهدونه۔ مدارک ص ۱۹۲ ج ۲۔
جواب نمبر ۳
سورۃ توبہ آخری سورۃ ہے نزول کے اعتبار سے آیت ۱۰۱ ص ۲۱۲ میں دیکھیں۔ اور قائلین علم غیب کے بارے میں علماء حنفیہ کا عقیدہ بقول ملا علی قاریؒ
وقد صرح علمائنا الحنفية بتكفير من اعتقد ان النبي صلى الله عليه وسلم يعلم الغيب۔
شرح شفاء ص ۴۶۹ ضمیمہ ص ۶۴۰ ال عمران آیت ۱۷۹ کے تحت دیکھیں۔
(۲) ما : ای بما، طوّق بغیر صلہ کے بھی مستعمل ہے
(۳)
فخاص بن عازوراء
(۴)
ان : کا عطف ''ما'' پر ہے ای بان

منزل ۱ | وقف لازم

عَهِدَ اِلَيۡنَآ اَلَّا نُؤۡمِنَ لِرَسُوۡلٍ حَتّٰى يَاۡتِيَنَا بِقُرۡبَانٍ تَاۡكُلُهُ النَّارُ‌ؕ قُلۡ قَدۡ

یہود کا قربانی کے معجزہ کا مطالبہ — جواب مطالبہ

ہم سے قول و قرار کیا ہے کہ ہم ایمان نہ لائیں کسی بھی رسول پر یہاں تک کہ وہ لائے ہمارے پاس ایسی قربانی کہ جس کو آگ کھا جائے کہہ دیجئے تحقیق

جَآءَكُمۡ رُسُلٌ مِّنۡ قَبۡلِىۡ بِالۡبَيِّنٰتِ وَبِالَّذِىۡ قُلۡتُمۡ فَلِمَ قَتَلۡتُمُوۡهُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ

نمبر ا تحقیقی — جواب نمبر ۲ الزامی

آئے تمہارے پاس رسول مجھ سے پہلے واضح معجزات لے کر اور ان کے ساتھ وہ جو تم نے کہا پھر تم نے ان کو قتل کیوں کیا؟ اگر تم

صٰدِقِيۡنَ (۱۸۳) فَاِنۡ كَذَّبُوۡكَ فَقَدۡ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّنۡ قَبۡلِكَ جَآءُوۡ بِالۡبَيِّنٰتِ

تسلی خاتم الانبیاء

سچے ہو۔ پس اگر یہ جھٹلائیں آپ کو تو تحقیق جھٹلائے گئے آپ سے پہلے بہت سے رسول وہ لائے ان کے پاس واضح نشانیاں

وَالزُّبُرِ وَالۡكِتٰبِ الۡمُنِيۡرِ (۱۸۴) كُلُّ نَفۡسٍ ذَآئِقَةُ الۡمَوۡتِ‌ؕ وَاِنَّمَا تُوَفَّوۡنَ اُجُوۡرَكُمۡ

وعدہ موت — مجازات اعمال

اور صحیفے اور روشن کتابیں۔ ہر نفس موت کا مزا چکھنے والا ہے اور بیشک تم پورے پورے دیئے جاؤ گے اپنا بدلہ

يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ‌ؕ فَمَنۡ زُحۡزِحَ عَنِ النَّارِ وَاُدۡخِلَ الۡجَـنَّةَ فَقَدۡ فَازَ‌ؕ وَمَا الۡحَيٰوةُ الدُّنۡيَاۤ

تشریح اجر — بے ثباتی دنیا

قیامت کے دن پس جو شخص دور کیا گیا دوزخ کی آگ سے اور داخل کیا گیا جنت میں تو یقیناً وہ کامیاب ہے اور نہیں دنیا کی زندگی

اِلَّا مَتَاعُ الۡغُرُوۡرِ (۱۸۵) لَـتُبۡلَوُنَّ فِىۡۤ اَمۡوَالِكُمۡ وَاَنۡفُسِكُمۡ وَلَـتَسۡمَعُنَّ مِنَ الَّذِيۡنَ

امتحان خداوندی

مگر دھوکے کا سامان ۔ البتہ تم ضرور آزمائے جاؤ گے اپنے مالوں میں اور جانوں میں اور ضرور تم سنو گے ان لوگوں سے

اُوۡتُوا الۡكِتٰبَ مِنۡ قَبۡلِكُمۡ وَمِنَ الَّذِيۡنَ اَشۡرَكُوۡۤا اَذًى كَثِيۡرًا‌ ؕ وَاِنۡ تَصۡبِرُوۡا

تعلیم صبر — تکلیف دہ باتیں

جو دیئے گئے کتاب تم سے پہلے اور ان لوگوں سے جنھوں نے شرک کیا بہت تکلیف دہ باتیں اور اگر تم صبر کرو

وَتَتَّقُوۡا فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنۡ عَزۡمِ الۡاُمُوۡرِ (۱۸۶) وَاِذۡ اَخَذَ اللّٰهُ مِيۡثَاقَ الَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡكِتٰبَ

نتیجہ صبر — (۱) اہل کتاب کے مرض کتمان حق کی مذمت — (اوصاف خاتم الانبیاء)

اور تقویٰ اختیار کرو تو تحقیق یہ ہمت کے کاموں میں سے ہے ۔ اور جب لیا اللہ نے وعدہ ان لوگوں سے جن کو کتاب دی گئی

لَتُبَيِّنُنَّهٗ لِلنَّاسِ وَلَا تَكۡتُمُوۡنَهٗ فَنَبَذُوۡهُ وَرَآءَ ظُهُوۡرِهِمۡ وَاشۡتَرَوۡا بِهٖ ثَمَنًا

کہ تم ضرور بیان کرو گے اس کو لوگوں کے لیے اور تم اس کو نہیں چھپاؤ گے تو پھینک دیا انہوں نے اس کو اپنی پیٹھوں کے پیچھے اور مول لی انہوں اس کے بدلہ قیمت

قَلِيۡلًا‌ؕ فَبِئۡسَ مَا يَشۡتَرُوۡنَ (۱۸۷) لَا تَحۡسَبَنَّ الَّذِيۡنَ يَفۡرَحُوۡنَ بِمَاۤ اَتَوْا وَّيُحِبُّوۡنَ

معصیت کی خوشی پر وعید

تھوڑی پس بہت برا ہے جو انہوں نے خریدا۔ آپ گمان مت کریں ان لوگوں کے بارے میں جو اپنے (غلط) کیے ہوئے پر خوش ہیں اور وہ پسند کرتے ہیں

اَنۡ يُّحۡمَدُوۡا بِمَا لَمۡ يَفۡعَلُوۡا فَلَا تَحۡسَبَنَّهُمۡ بِمَفَازَةٍ مِّنَ الۡعَذَابِ‌ۚ وَلَهُمۡ

(۲)

کہ ان کی تعریف کی جائے اس کام پر جو انہوں نہیں کیا پس آپ ہرگز گمان نہ کریں کہ وہ عذاب سے نجات پائیں گے اور ان کے لیے

(۱)
خبر واحد کی حجیت پر سات دلائل ۔ دلیل نمبر ا یہی آیت کریمہ علاوہ بزدویؒ فرماتے ہیں کہ اس آیت کریمہ میں تصریح ہے کہ اہل کتاب میں سے ہر آدمی حکم خداوندی کے بیان کرنے کا مکلف تھا اور کتمان علم اس پر حرام تھا کیونکہ اس امر کے وہ مکلف نہ تھے کہ سب کے سب اجتماعی شکل میں شرقاً و غرباً بیان کرنے کے لیے نکلتے تو اس سے بھی خبر واحد کی حجیت ثابت اور واضح ہو گئی۔ تفصیل کے لیے احسان الباری ص ۲۷ دیکھیں حضرت استاذیم اور دلیل نمبر ۲ سورۃ توبہ آیت نمبر ۱۲۲ ص ۲۱۵ میں دیکھیں۔

(۲)
مفازۃ : ظرف مکان ہے

ع ۱۹ ۱۰

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۱۸۸ وَ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۱۸۹ ع

حصر المالکیت قدرت باری تعالیٰ

دردناک عذاب ہے ۔ اور اللہ ہی کی بادشاہی ہے آسمانوں اور زمین میں اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے

اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ اخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي

عقلی دلائل برائے توحید مستفیدین

بیشک بنانے میں آسمانوں اور زمین کے اور آنے جانے رات اور دن کے البتہ نشانیاں ہیں عقلمندوں کے لیے ۔

الْاَلْبَابِ ۝۱۹۰ الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيٰمًا وَّ قُعُوْدًا وَّ عَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُوْنَ

من الدلائل اولوالالباب کی صفات نمبر۱ نمبر۲ نمبر۳ نمبر۴

جو لوگ یاد کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کو کھڑے بیٹھے اور اپنی کروٹوں پر اور غوروفکر کرتے ہیں

فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا

اولوالالباب کی معروضات خمسہ نمبر۱

بنانے میں آسمانوں اور زمین کے۔ اے رب ہمارے! نہیں بنایا آپ نے یہ بے فائدہ۔ تو سب عیبوں سے پاک ہے پس بچا ہمیں

عَذَابَ النَّارِ ۝۱۹۱ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ

نمبر۲ نفی شفیع قہری

دوزخ کی آگ سے ۔اے رب ہمارے! جس کو آپ نے دوزخ میں داخل کیا تو بالیقین آپ نے اس کو رسوا کیا اور نہیں ہے ناانصافوں کے لیے

مِنْ اَنْصَارٍ ۝۱۹۲ رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖۗ

نمبر۳ پکارنے والے کو جوکہ پکارتا ہے تشریح منادی

کوئی مددگار۔ اے رب ہمارے! بیشک ہم نے سنا ایک پکارنے والے کو جو پکارتا ہے ایمان کے لیے کہ ایمان لاؤ اپنے پروردگار پر تو ہم ایمان لائے

رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ۚ ۝۱۹۳ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا

نمبر۴ نمبر۵

اے رب ہمارے! پس بخش دیجئے ہمارے گناہ اور مٹا دیجئے ہم سے ہماری برائیاں اور وفات دیجئے ہمیں نیک لوگوں کے ساتھ۔ اے رب ہمارے! اور دے ہمیں جس کا

وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝۱۹۴ فَاسْتَجَابَ

وعدہ خداوندی کے پورا ہونے کا بیان اجابت ادعیہ

آپ نے وعدہ کیا اپنے رسولوں کی (معرفت) اور نہ رسوا کر ہمیں قیامت کے دن۔ بیشک آپ وعدہ کے خلاف نہیں کرتے۔ پس قبول کی

لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّيْ لَآ اُضِيْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى ۚ بَعْضُكُمْ

قانون مساوات علت مساوات

دعا ان کی ان کے رب نے کہ بیشک میں ضائع نہ کروں گا عمل کسی عمل کرنے والا کا تم میں سے مرد ہو یا عورت تمہارے بعض

مِّنْ بَعْضٍ ۚ فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَ اُوْذُوْا فِيْ سَبِيْلِيْ

مؤمنین کے اعمال شاقہ خمسہ نمبر۱ نمبر۲ نمبر۳

بعض سے پھر جن لوگوں نے ہجرت کی اور نکالے گئے اپنے گھروں سے اور تکلیف دیئے گئے میری راہ میں

وَقٰتَلُوْا وَقُتِلُوْا لَاُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاُدْخِلَنَّهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ

نمبر۴ نمبر۵ نتیجہ نمبر۱ نمبر۲

اور انہوں نے قتال کیا اور مارے گئے البتہ ضرور میں دور کروں گا ان سے ان کی برائیاں اور میں ان کو داخل کروں گا جنت میں بہتی ہوں گی

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ ثَوَابًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الثَّوَابِ ۝١٩٥

خلاصہ — فضیلت جنت

جس کے نیچے نہریں ۔ یہ بدلہ ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اور اللہ کے ہاں اچھا بدلہ ہے

لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِي الْبِلَادِ ۝١٩٦ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۣ ثُمَّ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ

تنبیہ مؤمنین (۱) شبہ — ازالۂ شبہ — نتیجہ کفار

ہر گز نہ دھوکے میں ڈالے آپ کو ان کا چلنا پھرنا جنہوں نے کفر کیا شہروں میں ۔ یہ تھوڑا سا فائدہ اٹھانا ہے پھر ان کا ٹھکانہ جہنم ہے

وَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝١٩٧ لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

بشارت مؤمنین

اور (وہ) بہت برا بچھونا ہے۔ لیکن وہ جو ڈرتے رہے اپنے رب سے ان کے لیے جنتیں ہیں بہتی ہوں گی ان کے نیچے

الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا نُزُلًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّلْاَبْرَارِ ۝١٩٨ وَاِنَّ

شفقت خداوندی — خلاصہ — بعض

نہریں سدا رہیں گے ان میں ۔ مہمانی اللہ کی طرف سے اور جو اللہ کے پاس ہے وہ نیک لوگوں کے لیے بدرجہا بہتر ہے۔ اور بیشک

مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَمَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ

منصفین اہل کتاب کی مدح وصفات خمسہ نمبر۱ — نمبر۲ — نمبر۳

کچھ اہل کتاب وہ ہیں جو یقیناً ایمان رکھتے ہیں اللہ پر اور اس پر جو اتارا گیا تمہاری طرف اور اس پر جو اتارا گیا ان کی طرف

خٰشِعِيْنَ لِلّٰهِ ۙ لَا يَشْتَرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ

نمبر۴ — نمبر۵ — نتیجہ

عاجزی کرتے ہوئے اللہ کے لیے نہیں وہ خریدتے اللہ کی آیات کے بدلہ تھوڑی قیمت یہی لوگ ہیں ان کے لیے اجر ہے

عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝١٩٩ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا

قدرت باری تعالیٰ — خلاصہ سورت اور کامیابی کے چار اصول نمبر۱ — نمبر۲ مضبوط رہو

ان کے رب کی طرف سے بیشک اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔ اے ایمان والو! صبر کرو اور مقابلہ میں جمے رہو

وَرَابِطُوْا ۣ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝٢٠٠ ع

نمبر۳ — نمبر۴ — نتیجہ

اور سرحد کا پہرہ دو — اور اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ

سُوْرَةُ النِّسَاۗءِ مَدَنِيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — آيَاتُهَا ١٧٦ رُكُوْعَاتُهَا ٢٤

ترتیب تلاوت ۴ ترتیب نزول ۹۲ آیات ۱۷۶ رکوعات ۲۴ (۲)

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ

تمہید احکام امر بالتقویٰ خلاصہ دو باب نمبر۱ تدبیر منزل ۔ نمبر ۲، سیاست ملک، پھر تدبیر منزل دو فصلوں پر مشتمل ہے (۲)

اے لوگو! ڈرو اپنے رب سے جس نے پیدا کیا تمہیں ایک جان سے اور بنایا

مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَاۗءً ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَاۗءَلُوْنَ

جوڑا — تذکیر بآلاء اللہ — التزام تقویٰ

اسی جان سے اس کا جوڑا اور پھیلائے ان دونوں سے بہت سے مرد اور عورتیں اور ڈرو اس اللہ سے جس کے نام کے ذریعہ سے تم ایک دوسرے سے سوال کرتے ہو

(۱) لا یغرنك: فعل نہی بانون تاکید ثقیلہ غرَّ فلان: دھوکہ دینا، باطل کی طرف مائل کرنا

موضوع: سورۃ نساء۔ اصلاح اہل عرب فی ضمن علم الخاصمہ و احکامات ضروریہ للمؤمنین

(۲) نمبر۱۔ اصلاح مال نمبر۲۔ قانون اصلاح ازواج

بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا ۝۱ وَاٰتُوا الْيَتٰمٰٓى اَمْوَالَهُمْ

اور قرابتوں (کے توڑنے سے) ڈرو حکم نمبر ۱، اموال یتامی کی ادائیگی (غطفان)

اور قرابتوں (کے توڑنے سے ڈرو) بیشک اللہ تم پر نگہبان ہے۔ اور دے دو یتیموں کو ان کے مال

وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِيْثَ بِالطَّيِّبِ ۪ وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَهُمْ اِلٰٓى اَمْوَالِكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ

(تجارت کی غرض سے کھانا)

اور نہ بدلو ناپاک کو پاک سے اور نہ کھا جاؤ ان کے مال اپنے مالوں کے ساتھ ۔ بیشک یہ

حُوْبًا كَبِيْرًا ۝۲ وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِى الْيَتٰمٰى فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ

حکم نمبر ۲ یتیم لڑکیوں کا نکاح غیر یتمی سے نکاح کی مشروعیت (۱)

بڑا سخت گناہ ہے۔ اور اگر تم ڈرو کہ نہیں انصاف کرو گے یتیم لڑکیوں میں تو نکاح کرو جو تمہیں پسند آئیں

مِّنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ۚ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً اَوْ مَا

جواب (۱) واو بمعنی، واو موضع بدل، (۲) عدم انصاف کی صورت میں ایک بیوی رکھنے کی اجازت (اکتفا کرو)

عورتوں سے دو دوسے اور تین تین سے اور چار چار سے پھر اگر تمہیں خطرہ ہو کہ انصاف نہ کرسکو گے تو ایک ہی سے نکاح کرو یا

مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَلَّا تَعُوْلُوْا ۝۳ؕ وَاٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ؕ

اجازت برائے مملوکات حق تلفی نہ کرنے کے قریب۔ حکم نمبر ۳ حق مہر کا بیان

جس کے تمہارے دائیں ہاتھ مالک ہیں یہ بے انصافی سے بچنے کے زیادہ قریب ہے۔ اور دے دو عورتوں کو ان کے حق مہر خوشی سے

فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَىْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ هَنِيْٓـًٔا مَّرِيْٓـًٔا ۝۴ وَلَا تُؤْتُوا

حکم نمبر ۴، یتیم کے مال کا تحفظ

پھر اگر وہ اپنی خوشی سے تمہیں اس میں سے کچھ معاف کردیں تو اس کو کھاؤ خوش گوار مزہ دار۔ اور نہ دو تم

السُّفَهَآءَ اَمْوَالَكُمُ الَّتِىْ جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ قِيٰمًا وَّارْزُقُوْهُمْ فِيْهَا وَاكْسُوْهُمْ

(۳) فی بمعنی من

ناسمجھوں کو اپنے مال جن کو اللہ نے بنایا ہے تمہارے لیے سہارا اور کھلاؤ ان کو ان مالوں سے اور پہناؤ ان کو

وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۝۵ وَابْتَلُوا الْيَتٰمٰى حَتّٰٓى اِذَا بَلَغُوا النِّكَاحَ ۚ فَاِنْ

یتیم کا امتحان

اور کہو ان کو معقول بات۔ اور آزماتے رہو یتیموں کو یہاں تک کہ جب وہ پہنچ جائیں نکاح کی عمر کو پھر اگر

اٰنَسْتُمْ مِّنْهُمْ رُشْدًا فَادْفَعُوْٓا اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ ۚ وَلَا تَاْكُلُوْهَآ اِسْرَافًا وَّبِدَارًا

حکم نمبر ۵، اسراف اور مبادرت کی ممانعت

تم محسوس کرو ان سے ہوشیاری تو حوالہ کر دو ان کے لیے ان کے مال اور نہ کھاؤ ان کو فضول خرچی کرتے ہوئے اور جلدی کرتے ہوئے

اَنْ يَّكْبَرُوْا ؕ وَمَنْ كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ ۚ وَمَنْ كَانَ فَقِيْرًا فَلْيَاْكُلْ

طریقہ متولی

کہ کہیں وہ بڑے نہ ہوجائیں اور جو شخص ہو مالدار تو وہ (یتیم کے مال سے) بچے اور جو شخص فقیر ہو تو چاہئے کہ وہ کھائے

بِالْمَعْرُوْفِ ؕ فَاِذَا دَفَعْتُمْ اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ فَاَشْهِدُوْا عَلَيْهِمْ ؕ وَكَفٰى

دستور کے موافق پھر جب حوالے کرو ان کے لیے ان کے مال تو اس پر گواہ بنالو اور کافی ہے

(۱)
(ماحل طبعی پسند)
ما اور من ایک دوسرے کے معنیٰ میں استعمال ہوتے ہیں جیسے والسمآءِ وما بنٰها۔ اور فمنهم من يمشی علی بطنه۔

(۲)
جواب (۲) غیلان بن سلمہ ثقفی۔
جواب (۳) تسع یا ثمانیہ عشر کا مختصر لفظ ہوتا۔ حق مہر مقرر کرنے کی مصلحتیں : تفسیر ہدایت القرآن ص ۲۳۔۲۴ ج ۲ میں دیکھیں
فائدہ نمبر ۱ : ایک عورت کے متعدد خاوند ہونے کی وجہ ممانعت۔ تفصیل معارف القرقان میں دیکھیں۔
فائدہ نمبر ۲ : منکرات محرم الحرام اور قاتلین حسین کون لوگ؟ ضمیمہ ص ۶۴۰ میں دیکھیں۔
فائدہ نمبر ۳ : حضرت حسین رض اور یزید میں سے کون حق پر ہے؟ ضمیمہ ص ۶۴۱ میں دیکھیں

(۳)
القیام : القوام کی طرح اسم ہے : سہارا، سائیہ زندگانی، روزی جو بقائے حیات کے لیے ضروری ہے

بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ﴿٦﴾ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ۖ وَلِلنِّسَآءِ

حکم نمبر ۶، مرد اور عورت کی وراثت کا اجمالی بیان

اللہ تعالیٰ حساب لینے کے لیے ۔ مردوں کے لیے حصہ ہے اس میں سے جو چھوڑا ماں باپ نے اور رشتہ داروں نے اور عورتوں کے لیے

نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ اَوْ كَثُرَ ۭ نَصِيْبًا

حصہ ہے اس میں سے جو چھوڑا ماں باپ نے اور رشتہ داروں نے اس میں سے جو تھوڑا ہو اس میں یا زیادہ ہو ۔ حصہ

مَّفْرُوْضًا ﴿٧﴾ وَاِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ اُولُوا الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنُ فَارْزُقُوْهُمْ

حکم نمبر ۷، غیر مستحقین میراث کے لئے بوقت تقسیم احسان کا بیان

مقرر کیا ہوا ۔ اور جب آئیں ترکہ کی تقسیم کے وقت رشتہ دار اور یتیم اور مسکین تو کھلاؤ ان کو

مِّنْهُ وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ﴿٨﴾ وَلْيَخْشَ الَّذِيْنَ لَوْ تَرَكُوْا مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً

تاکید رعایت حق یتامیٰ ۔ لوگوں کو ڈرنا چاہیے

اس (مال) میں سے اور کہو ان سے معقول بات ۔ اور ایسے لوگوں کو ڈرنا چاہیے جو اگر چھوڑ جائیں اپنے پیچھے اولاد

ضِعٰفًا خَافُوْا عَلَيْهِمْ ۠ فَلْيَتَّقُوا اللّٰهَ وَلْيَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ﴿٩﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

اصول کامیابی — انجام غیر مستحقین

کمزور تو انہیں ان پر فکر ہوتی ہے پس ان لوگوں کو چاہئے کہ اللہ سے ڈریں اور چاہئے کہ کہیں درست بات ۔ بیشک جو لوگ

يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى ظُلْمًا اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا ۭ وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيْرًا ﴿١٠﴾

کھاتے ہیں یتیموں کے مال ناحق بیشک وہ بھرتے ہیں اپنے پیٹوں میں آگ اور عنقریب وہ داخل ہوں گے دوزخ میں

يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْٓ اَوْلَادِكُمْ ۤ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ۚ فَاِنْ كُنَّ نِسَآءً

شفقت خداوندی (۱) — درآمد مال کا صحیح قانون — مرد کا حصہ دو عورتوں کے برابر — (۲)

تمہیں حکم دیتا ہے اللہ تعالیٰ تمہاری اولاد کے حق میں کہ ایک مرد کا حصہ دو عورتوں کے حصہ کے برابر ہے ۔ پس اگر ہوں وہ عورتیں

فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ ۚ وَاِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ ۭ

(۳)

دو سے زائد تو ان کے لیے دو تہائی ہے اس (کل ترکے) کا جو چھوڑا اس نے، اور اگر ایک لڑکی ہو تو اس کے لیے آدھا ہے

وَلِاَبَوَيْهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَكَ اِنْ كَانَ لَهٗ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ

والدین زندہ ہوں تو وراثت کی تین صورتیں نمبر ۱ — صورت نمبر ۲

اور (میت کے) کے والدین کے لیے ہر ایک کے لیے دونوں میں سے چھٹا حصہ ہے اس میں سے جو چھوڑا اس نے اگر ہو (میت) کے لیے اولاد، پھر اگر نہ ہو

لَّهٗ وَلَدٌ وَّوَرِثَهٗٓ اَبَوٰهُ فَلِاُمِّهِ الثُّلُثُ ۚ فَاِنْ كَانَ لَهٗٓ اِخْوَةٌ فَلِاُمِّهِ السُّدُسُ

والدین میں — ایک — صورت نمبر ۳

اس کے لیے اولاد اور اس کے وارث ہوں والدین تو اس کی ماں کے لیے ہے ایک تہائی پھر اگر ہوں اس کے بھائی (بہن) تو اس کی ماں کے لیے چھٹا حصہ ہے

مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۭ اٰبَاۗؤُكُمْ وَاَبْنَاۗؤُكُمْ ۚ لَا تَدْرُوْنَ اَيُّهُمْ

میراث کا معاملہ میت کی رائے پر نہ رکھنے کی حکمت

بعد وصیت کے جس کی اس نے وصیت کی ہو یا (بعد) قرض کے ۔ تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے تم نہیں جانتے کہ ان میں سے کون

(۲) اگر مرنے والوں کی اولاد میں سے صرف دو یا دو سے زائد لڑکیوں کی صورت میں تقسیم وراثت (۳) صرف ایک لڑکی کی صورت

(۱)
باغ فدک کی وراثت پر استدلال ۔ اہل تشیع قرآنی آیات سے پانچ دلائل پیش کرتے ہیں نمبر ۱ یہی آیت "یوصیکم اللہ الخ" دلیل نمبر ۲ یہی سورۃ نساء آیت نمبر ۷ اور دلیل نمبر ۳ یہی سورۃ نساء آیت نمبر ۳۳ ص ۹۱ ۔ دیکھیں اور اس کا مختصر جواب یہ ہے کہ حدیث اصول کافی خواہ باب ثواب العلم الخ یا باب صفۃ العلم الخ یا حدیث بخاری ہو یاد رکھیں قرآنی آیت "یوصیکم"، "کم" ضمیر کی ذریعہ خطاب صرف امت کو ہے بنات اور ازواج شامل نہیں ہیں جیسے اگلی آیت نمبر ۱۲ میں موجود ہے ۔ ولهن الربع الخ جس میں عورت کو خاوند کی میراث ملنے کا ذکر ہے پھر تو تمہارے اصول کے مطابق ازواج مطہرات کو بھی میراث ملنی چاہیے تھی جب کہ ان کے لیے میراث ثابت نہیں (بقیہ ص ۸۷ کے حاشیہ پر) مال فئی پر دلیل اہل حق سورۃ حشر آیت نمبر ۷ ص ۵۵۵ دیکھیں اور ضمیمہ ص ۶۴۲ کے تحت آیت نمبر ۱۱، نساء دیکھیں

اَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًا ۚ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ۗ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿١١﴾ وَلَكُمْ

خاوند کو

زیادہ قریب ہے تمہیں نفع پہنچانے میں۔ یہ حصہ اللہ کی طرف سے مقرر کیا ہوا ہے۔ بیشک اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ اور تمہارے لیے

نِصْفُ مَا تَرَكَ اَزْوَاجُكُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهُنَّ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ

بیوی کی وفات کے بعد میراث ملنے کی دو صورتیں نمبر ا — اولاد — نمبر ۲

آدھا ہے اس مال میں سے جو چھوڑیں تمہاری عورتیں اگر ان کی اولاد نہ ہو، اور اگر ان کی اولاد ہو تو تمہارے لیے

الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْنَ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْنَ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۗ وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا

عورت کو خاوند کی میراث سے

چوتھائی حصہ ہے اس کا جو انہوں نے چھوڑا ہے بعد وصیت کے جس کی کر جائیں یا قرض کے بعد۔ اور ان عورتوں کے لیے چوتھائی حصہ ہے اس میں سے

تَرَكْتُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّكُمْ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ

حصہ ملنے کی بھی دو صورتیں ہیں نمبر ا — نمبر ۲

جو تم نے چھوڑا ہے اگر تمہارے لیے اولاد نہ ہو۔ پھر اگر ہو تمہارے لیے اولاد تو ان کے لیے آٹھواں حصہ ہے اس میں سے جو تم نے چھوڑا ہو

مِّنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوْصُوْنَ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۗ وَاِنْ كَانَ رَجُلٌ يُّوْرَثُ كَلٰلَةً

تقسیم وراثت کلالہ کی دو صورتیں

بعد وصیت کے جو تم کرو یا بعد قرض کے ۔ اور اگر ہو کوئی آدمی جو وارث بنایا گیا بے پدر و پسر

اَوِ امْرَاَةٌ وَّلَهٗٓ اَخٌ اَوْ اُخْتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ ۚ فَاِنْ كَانُوْٓا اَكْثَرَ مِنْ

صورت نمبر ا — صورت نمبر ۲

یا کوئی عورت اور اس کا بھائی یا بہن ہو تو ہر ایک کے لیے دونوں میں چھٹا حصہ ہے پھر اگر ہوں وہ زیادہ

ذٰلِكَ فَهُمْ شُرَكَآءُ فِي الثُّلُثِ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصٰى بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۙ غَيْرَ

ایک تہائی

اس سے تو وہ سب ایک تہائی میں شریک ہیں بعد وصیت کے جو کی گئی ہو یا (بعد) قرض کے (بشرطیکہ) اوروں کا

مُضَآرٍّ ۚ وَصِيَّةً مِّنَ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ﴿١٢﴾ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ۗ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ

(۱) احکام خداوندی پر عمل کرنے والوں کا انجام

نقصان نہ ہو یہ اللہ کا تاکیدی حکم ہے اور اللہ جاننے والا بردبار ہے۔ یہ اللہ کی حدیں ہیں اور جو شخص حکم پر چلے

وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۗ وَذٰلِكَ

اللہ کے اور اس کے رسول کے تو اللہ داخل کرے گا اس کو ایسی جنتوں میں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں ان میں سدا رہیں گے اور یہی

الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿١٣﴾ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَتَعَدَّ حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ نَارًا

عمل نہ کرنے والوں کا انجام

بڑی کامیابی ہے۔ اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے اور اس کی حدود سے نکل جائے (اللہ) داخل کرے گا اسے دوزخ کی آگ میں

ع ۴/۱۴ خَالِدًا فِيْهَا ۠ وَلَهٗ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿١٤﴾ ع

ہمیشہ کے لیے اس میں اور اس کے لیے ذلت ناک عذاب ہے۔

(گزشتہ صفحہ ۸۶ کا حاشیہ)
ماننا پڑے گا کہ اس آیت میں خطاب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں ہے، اور حدیث میراث قرآنی آیت کے لیے مفسر ہے کہ اس میں بھی واضح تصریح ہے کہ یہ خطاب امت کو ہے، کیونکہ حدیث اور قرآنی آیت میں تقسیم کار کو بیان کیا گیا ہے لہٰذا دونوں میں کوئی تعارض نہیں ہے اور نہ حدیث سے قرآنی آیت منسوخ ہے اور نہ قرآنی آیت کی مخالفت ہے۔ دوسرا جواب : یہ حدیث "لا نورث" اور حدیث اصول کافی اس کے مرکزی راوی حضرت ابوبکر صدیقؓ ہیں امام جعفر صادقؒ نے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ پایا نہیں یقیناً ان کے درمیان علمی واسطے ہیں؟ یا تو صدیق اکبرؓ ہوں گے یا حضرت علیؓ اگر حضرت ابوبکر صدیقؓ ہوں تو ثابت ہوا امام جعفرؒ کے نزدیک حضرت ابوبکرؓ صادق تھے تو ان کو صادق ماننا چاہیے جبکہ یہ ان کو کاذب کہتے ہیں تو انہوں نے اپنے امام کی بھی لاج نہ رکھی۔ اور اگر یہ حدیث حضرت علیؓ کے واسطے سے ان کے پاس آئی ہے تو حضرت علیؓ اس کو روایت کرنے میں حضرت ابوبکر صدیق کے ساتھ شامل ہو گئے، تو حضرت ابوبکر صدیقؓ پر الزام کہ وہ اکیلے اس کو بیان کر رہے ہیں غلط ثابت ہوا پھر سوال ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم خود حضرت فاطمہؓ کو فرما دیتے کہ میری بعد وراثت کسی کو بھی نہیں پہنچ گئی؟ تو اس کا جواب یاد رکھیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس نے نہیں کیا کہ آپ کو علم تھا میرے بعد خلیفہ ابوبکر ہوگا جیسا کہ پہلے پارے میں تفسیر قمی شیعی کے حوالہ سے گزر چکا ہے اس لیے آپ نے تعلیم کے طور پر اس (ابوبکرؓ) کو حدیث بتا دی کہ وہ اس قسم کے مقدمات میں جواب اور فیصلے کریں گے، اور آپ کو علم تھا عزیز و اقارب اور اہل بیت دنیا کی محبت سے کوسوں دور ہیں وہ ان مسائل میں نہیں پڑیں گے اور ان کو سمجھانے کی ضرورت نہیں۔ اور آیات خمسہ کا اجمال جواب یاد رکھیں تفصیل اپنے اپنے مقام پر آئے گی۔ وہ یہ ہے کہ پہلی تین آیات میں مالی میراث کا ذکر ہے مگر انبیاء کا کوئی تذکرہ نہیں ہے اور آخری دو آیات میں انبیاء علیہم السلام کا ذکر ہے مگر مالی میراث کا کوئی ذکر نہیں ہے۔

(۱) تلک : اسم اشارہ بعید برائے واحد مونث بمعنی ھذہ اسم اشارہ قریب برائے واحد مؤنث بکثرت آتا ہے مشارٌ الیہ احکام میراث ہیں وہی قریب میں بیان ہوئے ہیں۔

وَالّٰتِيْ يَاْتِيْنَ الْفَاحِشَةَ مِنْ نِّسَآئِكُمْ فَاسْتَشْهِدُوْا عَلَيْهِنَّ اَرْبَعَةً مِّنْكُمْ ۚ

زانی عورتوں کا بیان — گواہوں کا تقرر

وہ جو آئیں بدکاری کو تمہاری عورتوں میں سے تو گواہ لاؤ ان پر چار مرد اپنوں سے ہوں

فَاِنْ شَهِدُوْا فَاَمْسِكُوْهُنَّ فِي الْبُيُوْتِ حَتّٰى يَتَوَفّٰىهُنَّ الْمَوْتُ اَوْ يَجْعَلَ اللّٰهُ

کیفیت بعد از شہادت نمبر۱ — نمبر۲

پھر اگر وہ گواہی دیں تو روکو ان کو گھروں میں یہاں تک کہ ان کو موت آجائے یا اللہ نکال دے

لَهُنَّ سَبِيْلًا ﴿۱۵﴾ وَالَّذٰنِ يَاْتِيٰنِهَا مِنْكُمْ فَاٰذُوْهُمَا ۚ فَاِنْ تَابَا وَاَصْلَحَا فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمَا ۗ

ہم جنسی کی تعزیر کا بیان — تائبین

ان کے لیے کوئی راستہ۔ اورتم میں سے جو دو مرد بدکاری کریں پس ان کو تکلیف دو پھر اگر وہ توبہ کرلیں اور وہ اصلاح کرلیں تو ان دونوں کو چھوڑ دو

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿۱۶﴾ اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّٰهِ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ

شرط قبولیت توبہ (۱)

بیشک اللہ توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔ بیشک توبہ کی قبولیت اللہ پر ان لوگوں کے لیے جو برے کام کرتے ہیں نادانی سے

ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ مِنْ قَرِيْبٍ فَاُولٰٓئِكَ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۷﴾ وَلَيْسَتِ

توبہ کرتے ہیں جلدی — عدم قبول توبہ

پھر وہ توبہ کرتے ہیں جلدی سے یہی لوگ ہیں جن پر اللہ رجوع فرماتا ہے اور ہے اللہ جاننے والا حکمت والا۔ اور نہیں ہے

التَّوْبَةُ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ۚ حَتّٰٓى اِذَا حَضَرَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ اِنِّيْ تُبْتُ الْـٰٔنَ

توبہ ان لوگوں کے لیے جو برے کام کرتے ہیں یہاں تک کہ جب آجاتی ان میں سے کسی کو موت تو کہتا ہے کہ بیشک میں نے اب توبہ کی

وَلَا الَّذِيْنَ يَمُوْتُوْنَ وَهُمْ كُفَّارٌ ۭ اُولٰٓئِكَ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۸﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

نتیجہ عدم قبول توبہ — عورتوں پر جبراً وارث

اور نہ ان لوگوں کے لیے، جو مرتے ہیں اس حال میں کہ وہ کافر ہیں یہ لوگ ہیں کہ تیار کیا ہم نے ان کے لیے درد ناک عذاب۔ اے

اٰمَنُوْا لَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَرِثُوا النِّسَآءَ كَرْهًا ۭ وَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ لِتَذْهَبُوْا بِبَعْضِ مَآ

بننے کی ممانعت — جبراً عورتوں کو خلع پر آمادہ کرنے کی ممانعت

ایمان والو! نہیں یہ حلال تمہارے لیے کہ وارث بن جاؤ عورتوں کے زبردستی ، اور نہ روکو ان کو تا کہ لے لو تم کچھ اس کا

اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ۚ وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ فَاِنْ كَرِهْتُمُوْهُنَّ

مال لینے کا استثناء — ترغیب خوش اخلاقی وخبر گیری۔ — ناپسندیدہ عورتوں میں حکمت خداوندی

جو دیا تم نے ان کو مگر یہ کہ وہ آئیں کھلی بے حیائی کو اور ان سے زندگی بسر ہو دستور کے موافق پھر اگر وہ تمہیں ناپسند ہوں

فَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـــًٔا وَّيَجْعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ خَيْرًا كَثِيْرًا ﴿۱۹﴾ وَاِنْ اَرَدْتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ

مہر جدید کے لیے پہلی بیوی کے مال پر قبضہ کرنے کی ممانعت

تو ممکن ہے کہ تمہیں ایک چیز ناپسند ہو اور رکھ دے اللہ اس میں بہت بھلائی ۔اور اگر تم چاہو ایک عورت کی جگہ دوسری عورت کا بدلنا

زَوْجٍ ۙ وَّاٰتَيْتُمْ اِحْدٰىهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَاْخُذُوْا مِنْهُ شَيْـــًٔا ۭ اَتَاْخُذُوْنَهٗ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۲۰﴾

اورتم نے ان میں سے ایک کو ڈھیر مال دیا ہےتو واپس نہ لو اس سے کچھ بھی۔ کیا تم واپس لو گے اس کو بہتان لگا کر اور صریح ظلم کر کے

(۱) علی :لزوم کے لیے آتا ہے اور اللہ تعالیٰ اپنے ذمہ جو چاہیں لازم کریں، بندے ان کے ذمہ کوئی چیز لازم نہیں کرسکتے۔

وَكَيْفَ تَأْخُذُوْنَهٗ وَقَدْ اَفْضٰى بَعْضُكُمْ اِلٰى بَعْضٍ وَّاَخَذْنَ مِنْكُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿٢١﴾

مہر واپس لینے کی ممانعت (۱)

اور کیسے لے سکتے ہو تم اس سے جبکہ پہنچ چکا ہے ایک تمہارا دوسرے تک اور لیا ہے ان عورتوں نے تم سے پختہ عہد

(۱)
افضی الیہ : پہنچنا
یعنی جماع یا خلوت
صحیحہ

وَلَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَآؤُكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ؕ اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً وَّمَقْتًا ؕ

محرمات نکاح کی تفصیلات منکوحہ آباء کی دائمی حرمت فحج (عقلی) (شرعی)

اور نہ نکاح کرو جس سے نکاح کیا ہے تمہارے باپ دادوں نے عورتوں سے مگر جو پہلے ہوچکا، بیشک یہ (نکاح) بے حیائی ہے اور غضب کا کام ہے

رکوع ۳

وَسَآءَ سَبِيْلًا ﴿٢٢﴾ ع

(عرفی)

اور بہت برا راہ ہے۔

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ اُمَّهٰتُكُمْ وَبَنٰتُكُمْ وَاَخَوٰتُكُمْ وَعَمّٰتُكُمْ وَخٰلٰتُكُمْ وَبَنٰتُ الْاَخِ وَبَنٰتُ الْاُخْتِ

تفصیل محرمات اربعہ، نمبرا۔ محرمات نسبیہ سات ہیں نمبرا۔ نمبر۲۔ نمبر۳، (عینی علاتی اخیافی) نمبر۴ نمبر۵ نمبر۶ نمبر۷

تم پر حرام کی گئیں تمہاری مائیں، اور تمہاری بیٹیاں، اور تمہاری بہنیں، اور تمہاری پھوپھیاں اور تمہاری خالائیں، اور بھتیجیاں، اور بھانجیاں

وَاُمَّهٰتُكُمُ الّٰتِيْٓ اَرْضَعْنَكُمْ وَاَخَوٰتُكُمْ مِّنَ الرَّضَاعَةِ وَاُمَّهٰتُ نِسَآئِكُمْ وَرَبَآئِبُكُمُ الّٰتِيْ فِيْ

نمبر۲ محرمات رضاعیہ (سات ہیں) نمبرا نمبر۲ نمبر۳ محرمات صہریہ (چار ہیں) نمبرا، نمبر۲

اور جن ماؤں نے تمہیں دودھ پلایا اور تمہاری بہنیں دودھ شریک، اور تمہاری بیویوں کی مائیں اور تمہاری پروردہ لڑکیاں

حُجُوْرِكُمْ مِّنْ نِّسَآئِكُمُ الّٰتِيْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ ۫ فَاِنْ لَّمْ تَكُوْنُوْا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ ۫

جو تمہاری گود میں ہیں تمہاری بیویوں سے جن سے تم مل چکے ہو تو اگر تم نہیں مل چکے تو کوئی گناہ نہیں ہے تم پر

وَحَلَآئِلُ اَبْنَآئِكُمُ الَّذِيْنَ مِنْ اَصْلَابِكُمْ ۙ وَاَنْ تَجْمَعُوْا بَيْنَ الْاُخْتَيْنِ اِلَّا مَا

نمبر۳ نمبر۴ (۲)

اور بیویاں تمہارے بیٹوں کی جو تمہاری پشت سے ہیں اور دو بہنوں کو اکٹھا جمع کرنا مگر جو

قَدْ سَلَفَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿٢٣﴾ ۙ

پہلے ہوچکا، بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے

(۲) وان تجمعوا : ان مصدر یہ ہے اور ماقبل پر معطوف ہے
(۳) یادرکھیں محرمات صہریہ میں پہلی تین قسمیں دائمی حرمت کی ہیں
اور چوتھی قسم وقتی طور پر حرمت کی ہے جب نکاح والی رکاوٹ کسی
وجہ سے بھی زائل ہوگی تو سابقہ بیوی کی بہن سے نکاح جائز ہوگا

وَّالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۚ كِتٰبَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ۚ وَاُحِلَّ

نمبر ۴ محرمات نکاح شدہ (۱) قسم مستثنیٰ نکاح کے لیے حلال

اور شوہر والی عورتیں سے مگر جن کے تمہارے دائیں ہاتھ مالک ہوئے یہ اللہ کا قانون تم پر لازم ہے اور حلال کی گئیں

لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ ؕ فَمَا

شدہ عورتوں کا بیان شرائط نکاح نمبر ۱ نمبر ۲ نمبر ۳ (۲) پہلی

تمہارے لیے جو ان کے سوا ہیں بشرطیکہ انہیں اپنے مال کے بدلہ میں طلب کرو، نکاح کی قید میں لائے ہوئے نہ صرف مستی نکالتے ہو تو جو

اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً ؕ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا

شرط کی تفصیل (۳) (۴) مہر میں باہم رضامندی سے کمی زیادتی کی اجازت

فائدہ اٹھایا تم نے اس کے ساتھ ان عورتوں سے تو دو تم ان کو ان کے مہر طے شدہ اور نہیں گناہ تم پر اس میں جو

تَرٰضَيْتُمْ بِهٖ مِنْۢ بَعْدِ الْفَرِيْضَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۲۴﴾ وَمَنْ لَّمْ

شرعی لونڈیوں

باہم راضی ہوگئے تم اس کے ساتھ بعد مقرر کرنے کے۔ بیشک اللہ جاننے والا حکمت والا ہے ۔ اور جو شخص نہ

يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا اَنْ يَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ فَمِنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ

سے نکاح کی اجازت

رکھے تم میں سے طاقت نکاح کرنے کی آزاد مؤمنہ عورتوں سے تو پھر (نکاح کرے) جن کے تمہارے دائیں ہاتھ مالک ہوئے ہیں

فَتَيٰتِكُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِكُمْ ؕ بَعْضُكُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۚ فَانْكِحُوْهُنَّ بِاِذْنِ

(۵) لونڈیوں سے نکاح کی

تمہاری مؤمنہ لونڈیوں سے اور اللہ خوب جانتا ہے تمہارے ایمان کو کہ تم ایک دوسرے سے ہو پس تم نکاح کرو ان سے ان کے

اَهْلِهِنَّ وَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ مُحْصَنٰتٍ غَيْرَ مُسٰفِحٰتٍ وَّلَا مُتَّخِذٰتِ

کی شرائط نمبر ۱ نمبر ۲ نمبر ۳ نمبر ۴ نمبر ۵

مالکوں کی اجازت سے اور دو تم ان کو ان کے مہر دستور کے موافق وہ منکوحہ بنائی جائیں نہ علانیہ بدکاری کرنے والی ہوں اور نہ خفیہ

اَخْدَانٍ ۚ فَاِذَآ اُحْصِنَّ فَاِنْ اَتَيْنَ بِفَاحِشَةٍ فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ مَا عَلَى

لونڈیوں کے زنا کی سزا

آشنائی کرنے والی ہوں پھر جب وہ منکوحہ بنائی جائیں اگر وہ بڑی بے حیائی کا کام (زنا) کریں تو ان پر آدھی

الْمُحْصَنٰتِ مِنَ الْعَذَابِ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ الْعَنَتَ مِنْكُمْ ؕ وَاَنْ تَصْبِرُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ

لونڈیوں سے نکاح کی اجازت کی وجہ (۵) لونڈیوں سے عدم نکاح کی جزاء خیر

سزا ہے اس کی جو آزاد عورتوں پر ہے یہ بات اس کے لیے جو ڈرتا ہے مشقت (زنا) سے تم میں سے اور صبر کرنا تمہارے لیے بہتر ہے

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۵﴾ ع

اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے

يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمْ وَيَهْدِيَكُمْ سُنَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَيَتُوْبَ عَلَيْكُمْ ؕ

(۶) شفقت خداوندی و ماقبل کے مضمون کا تتمہ (۷)

اللہ تعالیٰ چاہتے ہیں کہ کھول کر بیان کریں تمہارے لیے اور رہنمائی کریں تمہاری ان لوگوں کی راہ پر جو تم سے پہلے گزر چکے اور مہربانی فرمائیں تم پر

(۶) قانون تدبیر منزل ختم۔ اب تتمہ۔ بعنوان دیگر قانون تہذیب اخلاق شروع ہے۔

(۷) شیعہ کہتے ہیں کہ ہمارا نام شیعہ قرآن میں ہے اور تمہارا نام سنی قرآن میں نہیں اس پر سر دست نو دلائل ملاحظہ فرمائیں۔ سنی ہونے کی دلیل نمبر ۱۔ اور دلیل نمبر ۲ سورۃ انفال آیت نمبر ۸ ۳ ص ۱۹۰ میں دیکھیں)

(۱) المحصنة شوہر والی عورت، قرآن کریم میں یہ لفظ چار معانی کے لیے آیا ہے (۱) نکاح کرنا (۲) آزاد (۳) اسلام (۴) پاکدامنی اور اسم فاعل اور اسم مفعول دونوں صحیح ہیں البتہ مرد کے لیے اسم فاعل اور عورت کے لیے اسم مفعول بہتر ہے۔ (۲) غیر مسافحین: دوسرا حال ہے، سَفَحَ (از باب فتح) الماء: پانی بہانا، سافحها: باضابطہ نکاح کے بغیر کسی عورت کے ساتھ رہنا، زنا کرنا (۳) استمتع بکذا: فائدہ اٹھانا، لطف اندوز ہونا استمتاع: جماع سے عام ہے، خلوت صحیحہ کو بھی شامل ہے (۴) متعہ پر شیعہ کا استدلال اور اس کی حرمت کے ادوار (۱) خیبر (۲) اوطاس (۳) تبوک (۴) حجۃ الوداع جواب (۱) سورۃ المؤمنون آیت ۶ ص ۳۵۱ میں دیکھیں۔ ج: عن علی ؓ ان رسول نهى عن متعة النساء يوم خیبر۔ امام نووی فرماتے ہیں ووقع الاجماع بعد ذٰلك على تحريمها من جميع العلماء الا الروافض، شرح مسلم ص ۴۵ جلد ۱ اہل سنت کہتے ہیں عن سلمة بن اكوع رخّص رسول صلى الله عليه وسلم عام اوطاس في المتعة ثلاثاً ثم نهى عنها۔ مسلم ص ۴۵۱ جلد ۱ متعہ کے فضائل ضمیمہ ص ۴۴۳ میں دیکھیں۔ نیز تفصیل کے لیے معارف الفرقان دیکھیں۔ (۵) ان تصبروا: میں "ان" مصدریہ ہے

الجزء الخامس ٥

ع ۱۳

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۶﴾ وَاللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْكُمْ قف وَيُرِيْدُ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ

ماقبل کے مضمون کا تتمہ — متبعین شہوات

اور اللہ جاننے والا حکمت والے ہیں ۔ اور اللہ چاہتے ہیں کہ مہربانی فرمائیں تم پر اور چاہتے ہیں وہ جو پیروی کرتے ہیں

الشَّهَوٰتِ اَنْ تَمِيْلُوْا مَيْلًا عَظِيْمًا ﴿۲۷﴾ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ ج وَخُلِقَ

(۱) کیفیت

خواہشات کی کہ جھک جاؤ تم (خلاف شرع احکام پر) بہت زیادہ جھک جانا۔ اللہ چاہتے ہیں کہ (وضع احکام میں) ہلکا کریں تم سے اور پیدا کیا گیا

الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا ﴿۲۸﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوْۤا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ

تخلیق انسان — خطاب مؤمنین — مالی تصرف کی ممانعت

انسان (فطرۃً) کمزور ۔ اے ایمان والو! مت کھاؤ اپنے اموال باہم

بِالْبَاطِلِ اِلَّاۤ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِّنْكُمْ قف وَلَا تَقْتُلُوْۤا اَنْفُسَكُمْ ط

جانی تصرف کی ممانعت (۲)

باطل طریقہ پر مگر یہ کہ ہو تجارت باہمی خوشی سے اور مت قتل کرو اپنی جانوں کو

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ﴿۲۹﴾ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ عُدْوَانًا وَّظُلْمًا فَسَوْفَ

قرآنی ہدایت کی مخالفت کا نتیجہ (۳)

بیشک اللہ تعالیٰ تم پر مہربان ہے ۔ اور جو شخص یہ کام کرے گا تعدی اور ظلم سے تو عنقریب

نُصْلِيْهِ نَارًا ط وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿۳۰﴾ اِنْ تَجْتَنِبُوْا كَبَآئِرَ مَا تُنْهَوْنَ

اجتناب اجناس کفر سے تکفیر سیئات

ہم اس کو آگ میں ڈالیں گے اور یہ اللہ تعالیٰ پر آسان ہے۔ اگر تم بچو گے ان بڑے گناہوں سے جن سے تمہیں روکا جاتا ہے

عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَنُدْخِلْكُمْ مُّدْخَلًا كَرِيْمًا ﴿۳۱﴾ وَلَا تَتَمَنَّوْا

(۴) — نہی تمنا خداداد

تو ہم معاف کر دیں گے تم سے تمہارے چھوٹے گناہ اور ہم تمہیں داخل کریں گے عزت کے مقام میں۔ اور مت آرزو کرو تم

مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ط لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوْا ط

فضیلت

اس فضیلت کی جو اللہ نے تم میں بعض کو بعض پر دی۔ مردوں کے لیے حصہ ہے اس میں سے جو انہوں نے کمایا

وَلِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ ط وَسْئَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ ط اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ

اختیاری عمل کی ترغیب

اور عورتوں کے لیے حصہ ہے اس میں سے جو انہوں نے کمایا اور مانگو اللہ سے اس کا فضل بیشک اللہ ہر

شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۳۲﴾ وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ط وَالَّذِيْنَ

ترمیم میراث عقد موالات (۵) (۶)

چیز کو جاننے والا ہے۔ اور ہر ایک کے لیے بنائے ہم نے وارث اس سے جو چھوڑا والدین اور رشتہ داروں نے اور وہ لوگ

عَقَدَتْ اَيْمَانُكُمْ فَاٰتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ ط اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ﴿۳۳﴾ ع

(۷)

جن سے تمہارے عہدوپیماں ہو تو دے دو انہیں ان کا حصہ ۔ بیشک اللہ ہر چیز پر گواہ ہے

(۱) احکام الٰہی کے ہلکے اور آسان ہونے کی وجہ۔

(۲) انفس: سے مراد مسلمان بھائی وہ اپنے ہیں۔ مسئلہ: من قتل نفسه ولو عمدًا يغسل ويصلى عليه. در مختار باب صلوٰۃ الجنائز صفحہ نمبر ۸۱۵ جلد۔۱

(۳) عدوانا: یفعل کے فاعل کا حال ہے اور ظلماً اس کی تاکید ہے۔

(۴) قرآن میں سیئات بمعنی صغائر آیا ہے یاد رکھیں صغائر و کبائر: اضافی الفاظ ہیں، ہر گناہ نیچے کے اعتبار سے کبیرہ ہے اور اوپر کے اعتبار سے صغیرہ ہے جیسے چار بھائی ہیں، ایک نیچے کے اعتبار سے بڑا ہے اور اوپر کے اعتبار سے چھوٹا ہے، اور نصوص میں صغائر و کبائر کی کوئی تحدید نہیں آئی تا کہ لوگ ہر گناہ سے بچیں یہ خیال کر کے کہ وہ نیچے کے اعتبار سے کبیرہ۔ اسی سورۃ النساء آیت ۱۱۶ ص ۱۰۶ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس سے مراد شرک ہے۔ تفصیل کے لیے معارف الفرقان دیکھیں۔

۵ ع ۸ ۲

(۵) دلیل نمبر ۳ حضرت فاطمہؓ کی وراثت پر اور دلیل نمبر ۴ سورۃ مریم آیت نمبر ۶ ص ۳۱۴ (۶) موالی: مولیٰ کی جمع ہے یہاں اس کے معنی ہیں ورثاء (ابن عباسؓ) (۶) واولوا الارحام بعضهم اولىٰ ببعض (۷) عَقَدَ: (ض) عقد باندھنا، ایک قرأت میں باب مفاعلہ سے عاقدت ہے یعنی تم نے باہم عہد و پیمان باندھا ہے، اور ایمانکم: فاعل ہے یعنی تمہاری قسمیں باہمی بندھی ہیں، مراد وہ لوگ جن سے تم نے معاونت کا معاہدہ کیا ہے۔

اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَّبِمَاۤ اَنْفَقُوْا

(۱) تقسیم مراتب زوجین۔ مرد کی حاکمیت اعلیٰ کا سبب نمبر۱　　نمبر۲

مرد حکمران ہیں عورتوں پر اس لیے کہ اللہ نے فضیلت دی ان کے ایک کو دوسرے پر اور اس لیے کہ انہوں نے خرچ کیا ہے

مِنْ اَمْوَالِهِمْ ؕ فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ؕ وَالّٰتِىْ تَخَافُوْنَ

فرمانبردار عورتوں کی صفات نمبر۱، نمبر۲ نمبر۳　　نافرمان بیوی کے اصلاح

اپنے مالوں سے نیک عورتیں اطاعت کرنے والی ہوتی ہیں، پس پشت حفاظت کرنے والی ہوتی ہے اس کا جو اللہ نے حفاظت کا حکم دیا ہے اور وہ عورتیں کہ تم خوف کھاتے ہو

نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِى الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ ۚ فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ

کے چار طریقے نمبر۱　　نمبر۲　　نمبر۳　　اطاعت کی صورت

ان سے نافرمانی کا تو نصیحت کرو ان کو اور ان کو جدا کر دو سونے کی جگہوں میں اور مارو ان کو پھر اگر وہ تمہارا کہنا مانیں

فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيْرًا ﴿۳۴﴾ وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا

میں زیادتی کی ممانعت　　نمبر۴ عدم اصلاح کی صورت میں فریقین کے خاندان سے فیصل کا تقرر

تو مت تلاش کرتم ان پر کوئی راستہ۔ بیشک اللہ سب کے اوپر سے بڑا ہے۔ اور اگر تم کو خطرہ ہو ان دونوں کے درمیان تعلقات بگڑنے کا

فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ يُّرِيْدَاۤ اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ

صدق دل سے اصلاح کا نتیجہ

پس تو کھڑا کرو ایک فیصل مرد کے خاندان سے اور ایک فیصل عورت کے خاندان سے اگر وہ چاہیں دونوں کا معاملہ سنوارنا اللہ موافقت کر دیں گے

بَيْنَهُمَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا ﴿۳۵﴾ وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا وَّبِالْوَالِدَيْنِ

(۲) فرائض مشترکہ اور مقصد نمبر۱، نمبر۲　　نمبر۳

دونوں کے درمیان۔ بیشک اللہ جاننے والا خبردار ہے ۔ اور اللہ کی عبادت کرو اور مت شریک بناؤ اس کے ساتھ کسی کو اور والدین سے

اِحْسَانًا وَّبِذِى الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْجَارِ ذِى الْقُرْبٰى وَالْجَارِ

نمبر۴　　نمبر۵　　نمبر۶　　نمبر۷　　نمبر۸ اور اجنبی

نیکی کرو اور رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور قریبی ہمسایہ اور اجنبی

خبر رکھنے والا ہے۔ پوچھو کون سی چیز بڑی ہے گواہی کے اعتبار سے؟ کہہ دیجئے اللہ گواہ ہے میرے اور تمہارے درمیان اور وحی کیا گیا میری طرف یہ

* مشرکین کے الزام کا جواب:

(۱) ان یمسسك بخیر کا جواب محذوف ہے: فلا رادّ لہ غیرہ، اور فھو علی کل شئی قدیر: جواب کے قائم مقام ہے

(۲) اہل مکہ نے کہا آپ کی نبوت پر کوئی گواہ نہیں؟

(۳) دلیل نمبر ۸ قرآن کریم کے منجانب اللہ ہونے پر اور دلیل نمبر ۹ یہی سورۃ الانعام آیت ۹۲ ص ۱۴۸ میں دیکھیں

الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَمَنْۢ بَلَغَ ؕ اَىِٕنَّكُمْ لَتَشْهَدُوْنَ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اٰلِهَةً اُخْرٰى ؕ قُلْ

علت نزول قرآن۔ (۱) مشرکین سے طریق مناظرہ

قرآن تا کہ میں ڈراؤں تم کو اس کے ذریعہ اور ان کو جن کو وہ پہنچے کیا تم گواہی دیتے ہو کہ اللہ کے ساتھ اور کوئی معبود ہیں آپ کہہ دیجئے

لَّاۤ اَشْهَدُ ۚ قُلْ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّاِنَّنِىْ بَرِىْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿۱۹﴾ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ

شہادت رسول صلی اللہ علیہ وسلم تنبیہ اھل کتاب

میں گواہی نہیں دیتا آپ کہہ دیجئے بیشک وہ ایک ہی معبود ہے اور بیشک میں بیزار ہوں ان سے جن کو تم شریک ٹھہراتے ہو۔ وہ لوگ جن کو ہم نے کتاب دی ہے

يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ۘ اَلَّذِيْنَ خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۲۰﴾ ع

تقطیع الطمع عن المعاندین

وہ اس کو (اوصاف سے) پہچانتے ہیں جیسے وہ اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں اور وہ جنھوں نے اپنے آپ کو (آخرت کے اعتبار سے) نقصان میں ڈالا تو وہ ایمان نہیں لاتے

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۱﴾

مشرکین وغیرہ کو ڈانٹ نتیجہ

اور اس سے بڑھ کر ظالم کون ہے جس نے بہتان باندھا اللہ پر جھوٹا یا جھٹلایا اس نے اس کی آیتوں کو بیشک ظالم کامیاب نہیں ہوتے

وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْۤا اَيْنَ شُرَكَآؤُكُمُ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۲۲﴾

تذکیر بما بعد الموت مطالبہ عن المشرکین

اور جس دن ہم اکٹھا کریں گے ان سب کو پھر ہم کہیں گے ان لوگوں سے جنھوں نے شرک کیا کہاں ہیں تمہارے شریک جن کا تم دعویٰ کرتے تھے؟

ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ اِلَّاۤ اَنْ قَالُوْا وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ ﴿۲۳﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ كَذَبُوْا عَلٰٓى

لایعنی معذرت کیفیت مشرکین

پھر نہیں ہوگا ان کا اور کوئی بہانہ مگر یہ کہ وہ کہیں گے اللہ کی قسم اے ہمارے رب! ہم تو شریک نہیں ٹھہراتے تھے۔ دیکھو کیسے جھوٹ بولا انہوں نے اپنے اوپر

اَنْفُسِهِمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ وَجَعَلْنَا عَلٰى

نفی شفیع قہری انکار قرآن پر مشرکین کی تشنیع

اور گم ہوجائیں گی ان سے وہ ساری باتیں جو وہ بنایا کرتے تھے۔ اور ان میں سے بعض وہ ہیں جو کان لگاتے ہیں آپ کی طرف ہم نے بنائے

قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِىْۤ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ؕ وَاِنْ يَّرَوْا كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ؕ

(۲)

ان کے دلوں پر پردے اس سے کہ وہ اس کو سمجھ لیں اور ان کے کانوں میں بوجھ اور اگر وہ دیکھیں (نبوت کے ثبوت کے لیے) ہر قسم کا معجزہ وہ اس پر ایمان نہیں لائیں گے

حَتّٰۤى اِذَا جَآءُوْكَ يُجَادِلُوْنَكَ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اِنْ هٰذَاۤ اِلَّاۤ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۵﴾

کیفیت مجادلہ

یہاں تک کہ جب وہ آپ کے پاس آتے ہیں تو آپ سے جھگڑا کرتے ہیں کہتے ہیں وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا نہیں یہ (قرآن) مگر پہلے لوگوں کی کہانیاں

وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَيَنْــَٔوْنَ عَنْهُ ۚ وَاِنْ يُّهْلِكُوْنَ اِلَّاۤ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۶﴾

کیفیت منکرین قرآن خود بھی دور ہوتے ہیں اس

اور وہ روکتے ہیں اس سے اور وہ دور رہتے ہیں اس سے اور وہ نہیں برباد کرتے مگر اپنے آپ کو اور وہ سمجھتے نہیں ہیں

وَلَوْ تَرٰۤى اِذْ وُقِفُوْا عَلَى النَّارِ فَقَالُوْا يٰلَيْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِاٰيٰتِ رَبِّنَا وَنَكُوْنَ مِنَ

تذکیر بما بعد الموت منکرین قرآن کی تمنا۔ لوٹائے جاتے دنیا کی طرف

اور اگر آپ دیکھیں جب وہ کھڑے کیے جائیں گے دوزخ کی آگ پر تو وہ کہیں گے اے کاش کہ ہم پھیرے جائیں اور ہم نہ جھٹلائی ہوتی اپنے رب کی نشانیوں کو اور ہم

(۱) بلغ: میں ضمیر عائد محذوف ہے ای بلغہ اور مرجع من موصولہ ہے

(۲) ان یفقھوہ: میں ''ان'' لِئَلَّا ہے پہلے بھی ایک جگہ سورۃ النساء آیت ۱۳۵ میں ایسا ''ان'' آیا ہے اس کا معنی ہے کبھی، کہیں، مفسرین اس سے پہلے لام اور بعد ''لا'' مقدر مانتے ہیں، ای لِئَلَّا۔

الْمُؤْمِنِينَ ﴿٢٧﴾ بَلْ بَدَا لَهُمْ مَا كَانُوا يُخْفُونَ مِنْ قَبْلُ ۖ وَلَوْ رُدُّوا لَعَادُوا لِمَا نُهُوا عَنْهُ

جواب تمنا — (۱) امور توحید ورسالتیہ کا اظہار۔ وہ چیز

ایماندار ہوں۔ بلکہ ظاہر ہو گیا ان کے منہ سے جو وہ چھپاتے تھے اس سے پہلے اور اگر (بالفرض) وہ پھیرے جائیں تو لوٹیں گے ان کاموں کی طرف جن سے ان کو روکا گیا تھا،

وَإِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ ﴿٢٨﴾ وَقَالُوا إِنْ هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوثِينَ ﴿٢٩﴾ وَلَوْ

منکرین قیامت کا عقیدۃ شکوہ — تہدیداً جواب شکوہ

اور بیشک (اس وقت بھی) وہ جھوٹ بول رہے ہوں گے۔ اور انہوں نے کہا نہیں ہے مگر ہماری دنیا کی زندگی اور ہم دوبارہ زندہ نہیں کیے جائیں گے اور اگر

تَرَىٰ إِذْ وُقِفُوا عَلَىٰ رَبِّهِمْ ۚ قَالَ أَلَيْسَ هَٰذَا بِالْحَقِّ ۚ قَالُوا بَلَىٰ وَرَبِّنَا ۚ قَالَ فَذُوقُوا

اقرار کفار — نتیجہ کفار

آپ دیکھیں جب کھڑا کیا جائے گا ان کو ان کے رب کے سامنے تو کہیں گے (اللہ تعالی) کیا نہیں ہے یہ قیامت کا اٹھنا برحق؟ وہ کہیں گے کیوں نہیں ہمارے رب کی قسم (اللہ) فرمائیں گے پس چکھو

۳ ع ۱۰ ۹ الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُونَ ﴿٣٠﴾

مزہ عذاب کا اس وجہ سے کہ تم کفر کرتے تھے

قَدْ خَسِرَ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِلِقَاءِ اللَّهِ ۖ حَتَّىٰ إِذَا جَاءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوا يَا حَسْرَتَنَا

تذکیر بما بعد الموت تتمہ ماسبق یعنی وما نحن بمبعوثین — منکرین قیامت کا شکوہ

تحقیق نقصان میں ہیں وہ لوگ جنھوں نے تکذیب کی اللہ کی ملاقات کی یہاں تک جب آئے گی ان کے پاس قیامت اچانک کہیں گے ہائے افسوس ہمارے

عَلَىٰ مَا فَرَّطْنَا فِيهَا وَهُمْ يَحْمِلُونَ أَوْزَارَهُمْ عَلَىٰ ظُهُورِهِمْ ۚ أَلَا سَاءَ مَا يَزِرُونَ ﴿٣١﴾

اطلاع خداوندی

اس پر جو کوتاہی کی ہم نے اس (دنیا) میں اور وہ اٹھائیں گے اپنے بوجھ اپنی پیٹھوں پر سنو برا ہے وہ بوجھ جو وہ اٹھائیں گے

وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا لَعِبٌ وَلَهْوٌ ۖ وَلَلدَّارُ الْآخِرَةُ خَيْرٌ لِلَّذِينَ يَتَّقُونَ ۗ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿٣٢﴾

دنیا کی بے ثباتی — آخرت کی بقا

اور نہیں ہے دنیا کی زندگی مگر کھیل اور دل بھلانا، اور البتہ آخرت کا گھر بہتر ہے ان لوگوں کے لیے جو تقویٰ اختیار کرتے ہیں کیا پھر تم سمجھتے نہیں ہو

قَدْ نَعْلَمُ إِنَّهُ لَيَحْزُنُكَ الَّذِي يَقُولُونَ ۖ فَإِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُونَكَ وَلَٰكِنَّ الظَّالِمِينَ بِآيَاتِ اللَّهِ

تسلی خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم — (۲)

بالیقین ہم جانتے ہیں بیشک غم میں ڈالتی ہیں آپ کو وہ باتیں جو وہ کہتے ہیں پس تحقیق وہ آپ کی تکذیب نہیں کرتے بلکہ یہ ظالم اللہ کی آیات کا

يَجْحَدُونَ ﴿٣٣﴾ وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوا عَلَىٰ مَا كُذِّبُوا وَأُوذُوا حَتَّىٰ

تذکیر بایام اللہ سے تسلی خاتم الانبیاءؑ پہلی بات — دوسری بات

انکار کرتے ہیں۔ اور البتہ تحقیق جھٹلائے گئے بہت سے رسول آپ سے پہلے تو انہوں نے برداشت کیا ان کی تکذیب کو اور ان کی ایذا کو یہاں تک کہ

أَتَاهُمْ نَصْرُنَا ۚ وَلَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِ اللَّهِ ۚ وَلَقَدْ جَاءَكَ مِنْ نَبَإِ الْمُرْسَلِينَ ﴿٣٤﴾

نتیجہ صبر — تکمیل وعدہ الٰہی (تبدیل کرنے والا) اللہ تعالٰی کے وعدے سورۃ مومن ۵۱ ص ۴۸۱ میں دیکھیں (۳)

آپہنچی ان کے پاس ہماری مدد اور نہیں کوئی تبدیل کرنے والا اللہ کی (مدد کی) باتوں کو اور البتہ تحقیق آچکی آپ کے پاس کچھ (مدد کی) خبریں رسولوں کی

وَإِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ إِعْرَاضُهُمْ فَإِنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ تَبْتَغِيَ نَفَقًا فِي الْأَرْضِ أَوْ سُلَّمًا

تنبیہ خاتم الانبیاء۔ شاق ہے

اور اگر بھاری ہو آپ پر ان کا (ایمان سے) روگردانی کرنا تو اگر آپ کے اختیار میں ہو تو تلاش کریں کوئی سرنگ زمین میں یا کوئی سیڑھی

(۱) بل : جملہ پر داخل ہوا ہے اس صورت میں وہ ماقبل کا ابطال کرتا ہے

(۲) آیات الٰہی میں پورا قرآن شامل ہے یا کچھ حصہ اس کا جواب سورۃ یونس آیت نمبر ۱۵ ص ۲۱۸ میں دیکھیں۔

(۳) من : تبعیضیہ ہے

فِي السَّمَآءِ فَتَاْتِيَهُمْ بِاٰيَةٍ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدٰى فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۳۵﴾

فرمائشی معجزہ — (یہ مصلحت کے خلاف ہے)

آسمان میں پھر آپ لے آئیں ان کے پاس کوئی (مطلوبہ) معجزہ اور اگر اللہ چاہتا تو ان سب کو اکٹھا کر دیتا ہدایت پر پس آپ نہ ہو جائیں ناواقفوں میں سے

النصف / وقف غفران

اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ ؔ وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿۳۶﴾

(۱) ہدایت قبول کرنے والے

بیشک (ہدایت کو) قبول کرتے ہیں وہ لوگ جو (دل کے کانوں سے) سنتے ہیں اور (مخالف فی الحال) مردے (ہیں) اللہ (قیامت کے دن) ان کو اٹھائے گا پھر اسی کی طرف وہ لوٹائے جائیں گے

وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يُّنَزِّلَ اٰيَةً وَّلٰكِنَّ

کفار کا فرمائشی معجزہ کا مطالبہ — جواب مطالبہ

اور انہوں نے کہا کیوں نہیں اتارا گیا اس پر کوئی معجزہ اس کے رب کی طرف سے آپ کہہ دیجئے بیشک اللہ قادر ہیں معجزہ اتارنے پر لیکن

اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ اِلَّآ اُمَمٌ

عجائب قدرت باری تعالیٰ

ان کے اکثر لوگ نہیں جانتے ۔ اور نہیں ہے کوئی چلنے والا جانور زمین میں اور نہ کوئی پرندہ جو اڑتا ہے اپنے دونوں بازوؤں سے مگر یہ بھی جماعتیں ہیں (قیامت کے دن زندہ ہو کر اٹھیں گے)

اَمْثَالُكُمْ ؕ مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتٰبِ مِنْ شَيْءٍ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ ﴿۳۸﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

لوح محفوظ — اصول ثلاثہ میں بے اعتدالیوں کا نتیجہ

تمہاری طرح ہم نے کوتاہی نہیں کی لکھنے میں کچھ بھی پھر وہ اپنے رب کی طرف اکٹھے کیے جائیں گے۔ اور وہ لوگ جنہوں نے جھٹلایا

بِاٰيٰتِنَا صُمٌّ وَّبُكْمٌ فِي الظُّلُمٰتِ ؕ مَنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يُضْلِلْهُ ؕ وَمَنْ يَّشَاْ يَجْعَلْهُ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۳۹﴾

عنادی — منیب

ہماری آیات کو بہرے ہیں اور گونگے ہیں اندھیروں میں ہیں جس کو اللہ چاہے اس کو گمراہ کردے اور جس کو چاہے سیدھے راستہ پر کر دے

قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ اَوْ اَتَتْكُمُ السَّاعَةُ اَغَيْرَ اللّٰهِ تَدْعُوْنَ ۚ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۰﴾

طریق مناظرہ سے سوال

آپ کہہ دیجئے بتاؤ تم اگر آئے تمہارے پاس اللہ کا عذاب یا آئے تمہارے پاس قیامت کیا اللہ کے سوا کو تم پکارو گے (ان کو دور کرنے کے لیے) اگر تم سچے ہو

ع ۱۱ / ۱۰

بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُوْنَ ﴿۴۱﴾ ع

تتمہ ماسبق

بلکہ اسی کو (مصیبت کے وقت) تم پکارو گے پس وہ (دکھ) دور کر دے گا تم پکارتے ہو جس کی طرف اگر وہ چاہے اور تم بھول جاؤ گے جن کو تم شریک ٹھہراتے ہو

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَخَذْنٰهُمْ بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿۴۲﴾ فَلَوْلَآ اِذْ

تذکیر بایام اللہ سے تخویف دنیوی — علت — مجرمین کے لیے

اور البتہ تحقیق بھیجے ہم نے (رسول) کئی امتوں کی طرف آپ سے پہلے پھر پکڑا ہم نے ان کو سختی اور تکالیف میں تا کہ وہ گڑگڑائیں۔ پس کیوں نہیں جب

جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا وَلٰكِنْ قَسَتْ قُلُوْبُهُمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾

تنبیہ

آئی ان کے پاس ہماری سختی تو وہ گڑگڑاتے مگر ان کے دل سخت ہو گئے اور مزین کیا ان کے لیے شیطان نے جو وہ (اعمال کفریہ تکذیبیہ) کرتے تھے

فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ ؕ حَتّٰٓى اِذَا فَرِحُوْا بِمَآ اُوْتُوْٓا

دستور خداوندی برائے استدراج — (۲)

پھر جب وہ (عقائد حقہ) بھول گئے جس کے ذریعہ وہ نصیحت کیے گئے کھول دیئے ہم نے ان پر دروازے ہر چیز کے یہاں تک کہ جب وہ خوش ہو گئے اس پر جو وہ دیئے گئے

(۱) انما یستجیب دُعاءك الی الایمان الذین یسمعون سماع تفهم واعتبار والموتی ای الکفار شبههم بهم فی عدم السماع (جلالین ص ۱۱۴) سلام اللہ دہلویؒ لکھتے ہیں کہ فی عدم السماع ای عدم السماع الذی یترتب علیه الاثر من الاجابة و کفرها ۔ (حاشیه) افانت تسمع الصم شبههم بهم فی عدم الانتفاع بما یتلی علیهم ۔ جلالین۔

حضرت عمرؓ کے جواب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ "ما انتم باسمع لما اقول منهم ولکنهم لایقدرون ان یجیبوا"۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے الفاظ حدیث "انهم لیسمعون ما اقول لهم"۔ حضرت عائشہؓ نے کہا یوں کہا ہو گا "انهم یعلمون" حضرت عائشہؓ ان کے علم کی بھی قائل ہیں۔ ابن حجر فتح الباری میں لکھتے ہیں کہ "ما انتم بافهم منهم" تم ان سے زیادہ نہیں سمجھتے۔ حافظؒ نے اس سے حضرت عائشہؓ کا رجوع ثابت کیا ہے لاشك فیه۔

جب حضرت عمرؓ روضہ رسول میں دفن ہوئے حضرت عائشہؓ نے فرمایا: حیاء من عمرؓ" یہ عہد عثمانؓ کا واقعہ ہے جو بدر کے بعد واقع ہوا۔ حضرت عائشہؓ سے اصحاب قبور کے بارے بصیغہ خطاب منقول ہے "السلام علیکم یا اهل القبور" پھر حضرت معاویہؓ کے دور ۵۳ھ کا واقعہ ان کا جب بھائی عبدالرحمٰن فوت ہوا ان کی قبر پر تشریف لے آئیں اور اشعار بھی پڑھے۔ اس سے ان کا رجوع ثابت ہے

فائدہ: منکرین سماع موتی کے سردست دو دلائل ملاحظہ فرمائیں۔ دلیل نمبر ۱ سورۃ فاطر آیت نمبر ۱۳، ۱۴، ص نمبر ۴۴۵ میں دیکھیں۔

(۲) دلیل نمبر ۲ یہاں "کل" بعض کے لیے اور دلیل نمبر ۳ سورۃ اعراف آیت نمبر ۱۴۵ ص ۱۷۷ میں دیکھیں

أَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَإِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ ﴿٤٤﴾ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۗ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ

نتیجہ دنیوی معاندین حق کا استیصال

ہم نے ان کو پکڑا اچانک پس وہ مایوس ہوگئے۔ پھر کاٹ دی گئی جڑ ان لوگوں کی جنھوں نے شرک کیا اور سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو

الْعٰلَمِيْنَ ﴿٤٥﴾ قُلْ أَرَءَيْتُمْ إِنْ أَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ وَأَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ

ابطال شرک از طریق مناظرہ

پالنے والا ہے سب جہانوں کا ۔ آپ کہہ دیجئے بتاؤ تم اگر اللہ لے لے تمہارے کان اور تمہاری آنکھیں اور مہر لگادے تمہارے دلوں پر

مَّنْ إِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَأْتِيْكُمْ بِهِ ۗ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ ﴿٤٦﴾

مختلف پہلو بمعنی یعرضون

کون معبود ہے اللہ کے سوا جو لا کر دے تمہیں وہ (تو جہ سے) دیکھو کیسے ہم آیات (توحید یہ کو) پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں پھر بھی وہ روگردانی کرتے ہیں

قُلْ أَرَءَيْتَكُمْ إِنْ أَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ بَغْتَةً أَوْ جَهْرَةً هَلْ يُهْلَكُ إِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٤٧﴾

فریضہ خاتم الانبیاء از طریق مناظرہ (بغیر اظہار علامات) من یدفعہ (دن یا رات میں)

آپ کہہ دیجئے بتاؤ تم اگر آجائے تمہارے پاس اللہ کا عذاب اچانک یا کھلم کھلا کیا اور بھی ہلاک ہوں گے سوائے ظالموں کے

وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ إِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ فَمَنْ اٰمَنَ وَأَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ

مقصد بعثت انبیاء نمبر ۱ نمبر ۲ نتیجہ نمبر ۱

اور نہیں بھیجتے ہم (امتوں کی طرف) رسولوں کو مگر خوش خبری دینے والے اور ڈرانے والے پس جو شخص ایمان لایا اور اپنی اصلاح کی ان پر نہ کوئی خوف ہوگا

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٤٨﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿٤٩﴾

نمبر ۲ مکذبین کا انجام

اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ اور وہ لوگ جنھوں نے تکذیب کی ہماری آیات کی چھوئے گا ان کو عذاب اس لیے کہ وہ فاسق تھے

قُلْ لَّا أَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَا أَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَا أَقُوْلُ لَكُمْ إِنِّيْ مَلَكٌ ۚ

مختلف سوالات کے جوابات اور منصب رسالت کی حقیقت ۔ اور نفی علم غیب کلی از خاتم الانبیاء علیہ السلام پر دلیل ۷، اور اگلے رکوع کی آیت نمبر ۵۹ کو بھی ایک دلیل بنایا گیا ہے ۔ واللہ اعلم

آپ کہہ دیجئے میں نہیں کہتا تم سے کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور میں نہیں جانتا غیب کو اور میں نہیں کہتا تم سے بیشک میں فرشتہ ہوں

ع ۵ ۱۱ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوْحٰى إِلَيَّ ۗ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْأَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۗ أَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿٥٠﴾ ع

قوت عملیہ کا بیان ازالہ شبہ (پھر نبی بننے کا کیا فائدہ ہے)

میں نہیں پیروی کرتا مگر اس کی جو وحی کی جاتی ہے میری طرف آپ کہہ دیجئے کیا برابر ہے اندھا اور بینا کیا تم غور و فکر نہیں کرتے

وَأَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ أَنْ يُّحْشَرُوْا إِلٰى رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهِ وَلِيٌّ وَّلَا

فرائض خاتم الانبیاءؑ (انذر سے آخر رکوع تک سرداران قریش کی تردید ہے)

اور آپ ڈرائیں اس (قرآن) کے ذریعہ ان لوگوں کو جو ڈرتے ہیں، اس سے کہ وہ اکٹھے کیے جائیں گے اپنے رب کے پاس نہیں ہوگا ان کے لیے اس کے سوا کوئی حمایتی اور نہ

شَفِيْعٌ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿٥١﴾ وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ

(۱) (۲) انذار عمومی ۔ ممانعت اخراج از مجلس خاتم الانبیاءؑ (خباب، بلال)

کوئی سفارشی تا کہ وہ (آخرت کے عذاب) سے بچ جائیں، اور آپ نہ ہٹائیں (اپنی مجلس سے) ان لوگوں کو جو (عبادت میں) پکارتے اپنے رب کو صبح اور شام

يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ۖ مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّمَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِّنْ شَيْءٍ

صہیب عمار

وہ چاہتے ہیں اس کی رضا ۔ نہیں ہے آپ پر (تبلیغ کے لوازمات میں) ان کے حساب سے کچھ بھی اور نہیں ہے آپ کے حساب سے ان پر کچھ بھی

(۱) نہ تو سب مؤمن مراد ہیں اور نہ ہر ایک کے ساتھ رہنے کا ذکر ہے۔ (۲) اور یہی بات سورۃ کہف آیت نمبر ۲۸ ص ۳۰۵ میں بھی موجود ہے ۔ اور دونوں جگہ خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے حاضر و ناظر ہونے کی نفی صراحتاً ہے ۔ فتدبر

فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُونَ مِنَ الظّٰلِمِينَ ﴿۵۲﴾ وَكَذٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِّيَقُولُوٓا اَهٰٓؤُلَآءِ مَنَّ اللّٰهُ

نتیجہ اخراج (یعنی نااہلوں کو اہلوں کی جگہ بٹھلانے والے امتحان کفر کا فروں کو امیر مومنوں کو غریب کفار کا تکبر

پس آپ ان کو ہٹادیں گے تو ہو جائیں گے ناانصافوں میں سے۔ اور اسی طرح آزمایا ہم نے ان کے بعض کو بعض سے تا کہ وہ کہیں کیا یہ لوگ ہیں کہ اللہ نے احسان کیا

عَلَيْهِمْ مِّنْۢ بَيْنِنَا ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِالشّٰكِرِينَ ﴿۵۳﴾ وَاِذَا جَآءَكَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ

تکبر کا رد بشارت مؤمنین

ان پر ہمارے درمیان میں سے کیا اللہ تعالیٰ خوب نہیں جانتا (اسلام) کے قدر دانوں کو۔ اور جب آتے ہیں آپ کے پاس وہ لوگ جو ایمان رکھتے ہیں

بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ

مجرمین ومؤمنین کا بیان

ہماری آیات پر تو آپ کہہ دیجئے تم پر (ہر قسم کے عذاب سے) سلامتی ہو تمہارے رب نے لکھدی ہے اپنے اوپر رحمت کہ بیشک تم میں سے جس نے عمل کیا

سُوٓءًۢا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَصْلَحَ ۙ فَاَنَّهٗ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿۵۴﴾ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ

(بمعنی احمقیت) شفقت خداوندی حکمت تفصیل آیات برائے فریقین

برا ناواقفیت سے پھر اس کے بعد توبہ کی اور اصلاح کر لی پس تحقیق وہ (اللہ) بخشنے والا مہربان ہے۔ اور اسی طرح ہم تفصیل سے بیان کرتے ہیں

ع ۶ / ۱۲ الْاٰيٰتِ وَلِتَسْتَبِينَ سَبِيلُ الْمُجْرِمِينَ ﴿۵۵﴾ ع

آیتیں اور تا کہ واضح ہو جائے مجرموں کا راستہ

قُلْ اِنِّي نُهِيتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ ؕ قُلْ لَّآ اَتَّبِعُ اَهْوَآءَكُمْ ۙ قَدْ

دلیل نقلی بر توحید از خاتم الانبیاء و طریق تعلیم نمبر ۱ نمبر ۲ نتیجہ اتباع

آپ کہہ دیجئے میں روک دیا گیا ہوں عبادت کرنے سے ان کی جن کو تم پکارتے ہو اللہ کو چھوڑ کر آپ کہہ دیجئے میں نہیں پیروی کرتا تمہاری خواہشات کی تحقیق

ضَلَلْتُ اِذًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُهْتَدِينَ ﴿۵۶﴾ قُلْ اِنِّي عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّي وَكَذَّبْتُمْ

(مستقبل میں) طریق تعلیم نمبر ۳ (۱)

میں اس وقت گمراہ ہو جاؤں گا اور میں نہیں رہوں گا ہدایت پاتے والوں میں سے، آپ کہہ دیجئے میں اپنے رب کی طرف سے واضح دلیل پر ہوں اور تم نے اس کو جھٹلایا۔

بِهٖ ؕ مَا عِنْدِي مَا تَسْتَعْجِلُونَ بِهٖ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ يَقُصُّ الْحَقَّ وَهُوَ خَيْرُ

مطالبہ عذاب نمونہ عذاب انفال ۳۲ دیکھیں جواب مطالبہ

نہیں ہے میرے پاس وہ (عذاب) جس کو تم جلدی سے مانگتے ہو (کیونکہ) نہیں حکم چلتا مگر اللہ تعالیٰ کا۔ وہ حق بیان کرتا ہے اور وہ بہترین (عذاب کا)

الْفٰصِلِينَ ﴿۵۷﴾ قُلْ لَّوْ اَنَّ عِنْدِي مَا تَسْتَعْجِلُونَ بِهٖ لَقُضِيَ الْاَمْرُ بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ

نمبر ۴

فیصلہ کرنے والا ہے۔ آپ کہہ دیجئے اگر (بالفرض) میرے اختیار میں ہوتا وہ جس کا تم جلدی مطالبہ کرتے ہو تو البتہ نمٹا دیا جاتا معاملہ میرے اور تمہارے درمیان اور اللہ

اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِينَ ﴿۵۸﴾ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ؕ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ

(۲) توحید پر عقلی دلیل اور خصوصی علم کا بیان احاطہ علمی کا بیان

خوب جانتا ہے ظالموں کو۔ اور اسی کے پاس ہیں غیب کی چابیاں نہیں جانتا ان کو مگر وہی اور وہ جانتا ہے جو کچھ خشکی اور تری میں ہے

وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِي ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِي

(۳) (۴)

اور نہیں گرتا کوئی پتہ مگر وہ اس کو جانتا ہے اور نہ کوئی دانہ زمین کی تاریکیوں میں اور نہ کوئی تر چیز اور نہ کوئی خشک چیز مگر

(۱) بینۃ: سے مراد قرآن کریم ہے اس لیے آگے "بہ" مذکر ضمیر لوٹائی ہے

(۲) علم غیب خاصہ خداوندی ہے دلیل نمبر ۴، اور دلیل نمبر ۵ یہی سورۃ اعراف آیت نمبر ۷۳ ص ۱۴۵ میں دیکھیں

(۳) دلیل نمبر ۷ نفی علم غیب از خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم اور دلیل نمبر ۸ سورۃ اعراف آیت نمبر ۱۸۷ ص ۱۸۳ میں دیکھیں

(۴) فائدہ: فیضی کا استدلال: عن ابن عباس رضی اللہ عنہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یری باللیل فی الظلمة کما یری بالنہار فی الضوء (نظریات صحابہ ص ۳۴، ۳۵)

كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿۵۹﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ فِيْهِ

احاطۂ قدرت کا بیان وعدہ موت نیند (۱) کماتے

سب لوح محفوظ میں موجود ہے۔ اور وہی ہے جو لے لیتا ہے تم کو رات میں اور وہ جانتا ہے جو تم نے دن میں کمایا پھر وہ تم کو اٹھاتا ہے دن میں

لِيُقْضٰٓى اَجَلٌ مُّسَمًّى ۚ ثُمَّ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۶۰﴾ ع

ع ٧ ٥ ١٤

تذکیر بمابعد الموت مجازات اعمال

تا کہ پورا کیا جائے مقرر وقت (دنیوی حیات کا) پھر اسی کی طرف تم سب کو لوٹ کر جانا ہے پھر وہ بتادے گا تم کو جو تم کیا کرتے تھے

وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ

غلبۂ خداوندی محافظت خداوندی

اور وہ غالب ہے اپنے بندوں پر اور وہ بھیجتا ہے تم پر (جان و اعمال کے) نگہبان یہاں تک کہ جب آتی ہے تم میں سے ایک کو موت

تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُوْنَ ﴿۶۱﴾ ثُمَّ رُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ ؕ اَلَا لَهُ الْحُكْمُ وَهُوَ

تذکیر بمابعد الموت

وصول کرتے اس کو ہمارے فرشتے اور وہ کوتاہی نہیں کرتے۔ پھر پھیرے جائیں گے وہ اللہ کی طرف جو ان کا برحق آقا ہے خوب سن لو فیصلہ اسی کا ہوگا، اور وہ

اَسْرَعُ الْحٰسِبِيْنَ ﴿۶۲﴾ قُلْ مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا

طریق مناظرہ سے توحید پر استدلال

جلد حساب لینے والا ہے۔ کہہ دیجئے کون تمہیں بچا کر لاتا ہے خشکی اور تری کے اندھیروں سے تم پکارتے ہو اس کو گڑگڑا کر

وَّخُفْيَةً ۚ لَئِنْ اَنْجٰىنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۶۳﴾ قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ

کہتے ہیں فریضۂ خاتم الانبیاء سے سوال و جواب متعین

اور چپکے سے (کہتے ہو) اگر ہمیں نجات دے دے اس آفت سے تو البتہ ہم ہوجائیں گے شکر گزاروں میں سے۔ کہہ دیجئے اللہ تمہیں بچاتا ہے اس سے

كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿۶۴﴾ قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰٓى اَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّنْ

تذکیر بایام اللہ سے تخویف دنیوی عاد و لوط و

اور ہر سختی سے پھر بھی تم شرک کرتے ہو۔ آپ کہہ دیجئے وہ قادر ہے اس بات پر کہ بھیجے تم پر عذاب

فَوْقِكُمْ اَوْ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِكُمْ اَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَّيُذِيْقَ بَعْضَكُمْ بَاْسَ بَعْضٍ ؕ

اصحاب فیل۔ نوح و فرعون و قارون یا تم کو خلط ملط کردے مختلف فرقوں میں (۲) (۳) (۴) جنگ جمل و صفین

تمہارے اوپر سے یا تمہارے پاؤں کے نیچے سے یا ٹکرا دے تمہیں مختلف فرقے بنا کر اور مزہ چکھا دے ایک کو دوسرے کی لڑائی کا

اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَفْقَهُوْنَ ﴿۶۵﴾ وَكَذَّبَ بِهٖ قَوْمُكَ وَهُوَ الْحَقُّ ؕ قُلْ

شفقت خداوندی دلائل توحید مکذبین عذاب قیامت ازالۂ شبہ

(توجہ سے) دیکھو کس طرح ہم بیان کرتے ہیں دلائل تا کہ وہ سمجھیں۔ اور آپ کی قوم نے اس کو جھٹلایا حالانکہ وہ حق ہے آپ کہہ دیجئے

لَّسْتُ عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۶۶﴾ ؕ لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ ؗ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَاِذَا رَاَيْتَ الَّذِيْنَ

وقت عذاب مقرر ہے مخالفین کی مجلس میں بیٹھنے

میں تم پر ذمہ دار نہیں ہوں، ہر خبر کے ظاہر ہونے کا وقت مقرر ہے اور عنقریب تم جان لو گے۔ اور جب آپ دیکھیں ان لوگوں کو

يَخُوْضُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖ ؕ وَاِمَّا يُنْسِيَنَّكَ

کی ممانعت۔ بجز ضرورت تبلیغ۔ و نفی حاضر و ناظر از خاتم الانبیاء

جو الجھتے ہیں ہماری باتوں میں تو آپ ان سے کنارہ کشی کریں یہاں تک کہ وہ مشغول ہوجائیں کسی اور بات میں اور اگر آپ کو بھلا دے

(۱) اور وہ اللہ تعالیٰ ایسا ہے کہ اکثر رات سونے کے وقت تمہاری روح نفسانی کو جس سے احساس و ادراک متعلق ہے ایک گونہ قبض یعنی معطل کر دیتا ہے۔ بیان القرآن حضرت تھانوی رحمہ اللہ۔ (۲) لفظ شیعہ کا معنی گروہ ہوتا ہے شیعان علیؓ اور شیعان معاویہؓ ان حضرات کے حامیوں کو کہا جاتا ہے۔ یہ کوئی مذھب کا نام نہیں ہے اور اس کا اطلاق قرآن کریم میں یہود و نصاریٰ فرعونیوں اور دوزخیوں پر بھی کیا گیا ہے اس پر سر دست پانچ دلائل حاضر خدمت ہیں۔ دلیل نمبر ۱ یہی آیت ہے اور دلیل نمبر ۲ یہی سورۃ انعام آیت نمبر ۱۵۹ ص ۱۵۸ میں دیکھیں (۳) حضرت عثمانؓ نے فرمایا اس آیت کا مصداق ۳۵ سال بعد پورا ہوا۔ جنگ جمل و صفین کے محاربین کے بارے میں حضرت علیؓ نے فرمایا! جعفر عن ابیه ان علیا علیه السلام کان یقول لاهل حربه انا لم نقاتلهم علی التکفیر لهم ولم نقاتلهم علی التکفیر لنا ولکنا رأینا انا علی حقٍ وَرَأَوْا أنهم علی حق۔ قرب الاسناد ص ۴۵۔ مزید ضمیمہ ص ۶۵۰ میں دیکھیں

الشَّيْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۶۸﴾ وَمَا عَلَى الَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ

(۱) کفار کے جرائم کا آپ پر مواخذہ نہیں

شیطان پس آپ مت بیٹھیں یاد آنے کے بعد ظالم لوگوں کے ساتھ ، اور نہیں ہے ان لوگوں پر جو بچتے ہیں

مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّلٰكِنْ ذِكْرٰى لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۶۹﴾ وَذَرِ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ

(کافروں) اجازت برائے نصیحت تعمیم بعد التخصیص۔ یعنی ترک مصاحبت کفار

ان کے حساب سے کچھ بھی (جواب دہی) لیکن نصیحت کرنا تا کہ وہ بچیں ۔اور چھوڑ دیں ان لوگوں کو جنھوں نے بنایا اپنے دین (اسلام) کو

لَعِبًا وَّلَهْوًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌۢ بِمَا كَسَبَتْ ۖ لَيْسَ

فریضہ خاتم الانبیاء نفی شفیع قہری

کھیل اور تماشہ اور دھوکہ میں رکھا ان کو دنیا کی زندگی نے اور اس (قرآن) کے ذریعہ سے نصیحت کریں کہ کوئی گرفتار نہ ہوجائے اپنے کیے میں۔ نہیں

لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ ۚ وَاِنْ تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ لَّا يُؤْخَذْ مِنْهَا ۗ اُولٰٓئِكَ

فدیہ کے عدم قبول ہونے کا بیان

اس کے لیے اللہ کے سوا کوئی حمایتی اور نہ کوئی سفارشی اور اگر وہ معاوضہ دے دنیا بھر کا معاوضہ تو وہ اس سے نہ لیا جائے گا یہی

ع ۱۴ / ۸ الَّذِيْنَ اُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا ۚ لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌۢ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ﴿۷۰﴾ ع

وہ لوگ ہیں جو گرفتار کیے گئے ہیں اپنے کیے میں ان کے پینے کے لیے گرم پانی ہوگا اور دردناک عذاب ہوگا ان کے کفر کے بدلے میں

قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ هَدٰىنَا اللّٰهُ

مشرکین کے ساتھ طریق مناظرہ بصورت عبادت بصورت ترک عبادت (اس کا عطف (نَدْعُوْا) پر ہے

آپ کہہ دیجئے کیا ہم پکاریں اللہ کو چھوڑ کر اس کو جو نہ ہمیں نفع پہنچا سکے اور نہ ہمیں نقصان پہنچا سکیں اور کیا ہم پھر جائیں الٹے پاؤں اس کے بعد کہ جب اللہ نے ہمیں (آخرت کا) سیدھا راہ بتایا

كَالَّذِي اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ فِي الْاَرْضِ حَيْرَانَ ۖ لَهٗٓ اَصْحٰبٌ يَّدْعُوْنَهٗٓ اِلَى الْهُدَى

گمراہ ابن عباسؓ سے ایک تمثیل ہے

(پھر ہماری مثال) اس شخص کی طرح جس کو بھلا دیا شیاطین نے (راستہ) جنگل میں پریشان (کھڑا ہے) اس کے ساتھی ہیں وہ اس کو بلاتے ہیں ہدایت کی طرف

ائْتِنَا ۗ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ۗ وَاُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۱﴾ وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ

اصول کامیابی

ہمارے پاس آجا آپ کہہ دیجئے بیشک راہنمائی اللہ کی وہی راہنمائی ہے اور ہم حکم دیے گئے ہیں کہ رب العالمین کی فرمانبرداری کریں۔ اور نماز قائم رکھو

وَاتَّقُوْهُ ۚ وَهُوَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۖ وَيَوْمَ

تذکیر بما بعد الموت۔ تذکیر بآلاء اللہ سے توحید پر عقلی دلیل

اور اسی سے ڈرو اور وہی ہے جس کے سامنے تم (قبروں سے) اکٹھے کیے جاؤ گے ۔ اور وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو ٹھیک طور پر بنایا اور جس دن

يَقُوْلُ كُنْ فَيَكُوْنُ ۚ قَوْلُهُ الْحَقُّ ۚ وَلَهُ الْمُلْكُ يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ

(۲) ماغاب عن المخلوق

وہ کہے گا (قیامت) ہوجا تو وہ ہوجائے گی اس کی بات (کن فیکون) سچی ہے اور اسی کے لیے بادشاہی ہوگی جس دن پھونکا جائے گا صور میں وہ غیب اور ظاہر کو جاننے والا ہے

وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ﴿۷۳﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ اٰزَرَ اَتَتَّخِذُ اَصْنَامًا اٰلِهَةً ۚ اِنِّيْٓ اَرٰىكَ

حضرت ابراہیمؑ کی دعوت توحید (۳)

اور وہ حکمت والا خبردار ہے۔ اور جب کہا ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ آزر سے کیا تو نے بنانا ہے بتوں کو خدا۔ بیشک میں دیکھتا ہوں تجھے

(۱) رفع تعارض کے لیے دوسری آیت سورۃ نساء آیت ۱۴۰ ص ۱۰۹ میں دیکھیں

(۲) علم غیب خاصہ خداوندی ہے دلیل نمبر ۵، اور دلیل نمبر ۶ توبہ آیت ۷۸ ص ۲۰۸ میں دیکھیں

(۳) ممکن ہے تارخ نام اور آزر لقب ہو۔ تفسیر عثمانی

وَقَوْمَكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٧٤﴾ وَكَذٰلِكَ نُرِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِيَكُوْنَ

حضرت ابراہیمؑ کی علمی بصیرت (۱)

اور تیری قوم کو کھلی گمراہی میں۔ اور اسی طرح ہم نے دکھائے (نور توحید کے عجائبات) ابراہیم علیہ السلام کو آسمانوں اور زمین کے اور تا کہ وہ ہو جائے

مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ ﴿٧٥﴾ فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ الَّيْلُ رَاٰ كَوْكَبًا ۚ قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَآ اُحِبُّ

حضرت ابراہیمؑ کا اپنے والد سے ربوبیت باری تعالیٰ کے متعلق تفصیلی مکالمہ۔ استفہام انکاری۔ آھذا ربی۔ تو الزاماً

کامل یقین کرنے والوں میں سے۔ پھر جب اندھیرا کیا اس پر رات نے اس نے ایک ستارہ دیکھا کہا (کیا) یہ میرا رب ہے پھر جب وہ غائب ہو گیا کہا میں نہیں پسند کرتا

الْاٰفِلِيْنَ ﴿٧٦﴾ فَلَمَّا رَاَ الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَئِنْ لَّمْ يَهْدِنِيْ رَبِّيْ

(۲) حضرت ابراہیم کے عدم شرک پر پانچ دلائل نمبرا

غائب ہونے والوں کو۔ پھر جب دیکھا چاند کو چمکتا ہوا کہا (کیا) یہ میرا رب ہے پھر جب وہ غائب ہو گیا تو کہا اگر مجھے میرا رب راہ نہیں دکھائے گا

لَاَكُوْنَنَّ مِنَ الْقَوْمِ الضَّآلِّيْنَ ﴿٧٧﴾ فَلَمَّا رَاَ الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ هٰذَا رَبِّيْ هٰذَآ اَكْبَرُ ۚ فَلَمَّآ

(تمہارے زعم میں)

تو میں ضرور ہو جاؤں گا راہ راست سے ہٹنے والوں سے۔ پھر جب دیکھا سورج کو چمکتا ہوا کہا (کیا) یہ میرا رب ہے یہ اس سے (وجود میں) بڑا ہے پھر جب

اَفَلَتْ قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿٧٨﴾ اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ

اعلان برأت — قولی و فعلی و اعتقادی شرک کی نفی۔ خالق کل ہونے کا بیان

وہ غائب ہو گیا کہا اے میری قوم میں ان سے بیزار ہوں جن کو تم اللہ کا شریک ٹھہراتے ہو۔ بیشک میں نے پھیر لیا اپنا رخ اس ذات کی طرف جس نے پیدا کیا آسمانوں

وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿٧٩﴾ وَحَآجَّهٗ قَوْمُهٗ ۭ قَالَ اَتُحَآجُّوْٓنِّيْ فِي اللّٰهِ وَقَدْ

برأت شرک — قوم کا رویہ۔ — فہمائش

اور زمین کو یکسو ہو کر اور میں نہیں ہوں شریک ٹھہرانے والوں میں سے۔ اور جھگڑا کیا اس سے اس کی قوم نے کہا کیا تم مجھ سے جھگڑا کرتے ہو اللہ کے بارے میں حالانکہ

هَدٰىنِ ۭ وَلَآ اَخَافُ مَا تُشْرِكُوْنَ بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّشَاۗءَ رَبِّيْ شَيْـــًٔا ۭ وَسِعَ رَبِّيْ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ۭ

اس نے میری راہنمائی کی ہے اور میں نہیں ڈرتا ان سے جن کو تم اس کے ساتھ شریک ٹھہراتے ہو مگر یہ کہ جو میرا رب چاہے وسیع ہے میرا پروردگار ہر چیز کو علم کے لحاظ سے

اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٨٠﴾ وَكَيْفَ اَخَافُ مَآ اَشْرَكْتُمْ وَلَا تَخَافُوْنَ اَنَّكُمْ اَشْرَكْتُمْ بِاللّٰهِ مَا لَمْ

تنبیہ — حضرت ابراہیمؑ کا استقلال اور فہمائش

کیا تم نہیں سوچتے۔ اور میں کیسے ڈروں ان سے جن کو تم نے شریک ٹھہرایا ہے اور تم نہیں ڈرتے کہ تم نے شریک بنایا اللہ کے ساتھ ان کو کہ

يُنَزِّلْ بِهٖ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا ۭ فَاَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ اَحَقُّ بِالْاَمْنِ ۚ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٨١﴾ اَلَّذِيْنَ

موحد یا مشرک

اتاری اس نے اس (کے ساتھ شریک ٹھہرانے) کی تم پر کوئی دلیل پس دو جماعتوں میں سے کونسی جماعت زیادہ حق دار ہے امن کی اگر تم جانتے ہو۔ جو لوگ

اٰمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿٨٢﴾

مؤمنین کی کامیابی

ایمان لائے اور نہیں ملایا انہوں نے اپنے ایمان کو شرک کے ساتھ انہی کے لیے امن ہے اور وہی (دنیا میں) ہدایت یافتہ لوگ ہیں

وَتِلْكَ حُجَّتُنَآ اٰتَيْنٰهَآ اِبْرٰهِيْمَ عَلٰي قَوْمِهٖ ۭ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَاۗءُ ۭ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿٨٣﴾

گزشتہ دلیل توحید پر بشری تعلیم کا اثر نہ تھا۔ ۱۸۔ انبیاء کی فہرست نمبرا

اور یہ ہماری دلیل تھی ہم نے دی تھی ابراہیم علیہ السلام کو اس کی قوم کے مقابلہ میں ہم بلند کرتے ہیں درجات (علمی، عملی) جس کو ہم چاہیں۔ بیشک تیرا رب حکمت والا جاننے والا ہے

(۱)
اہل بدعت کی دلیل
حضرت معاذ اور حضرت علی کی مرفوع حدیث
ج: ولکن لایصح اسنادھما
ابن کثیر اور ابن عباسؓ کا موقوف اثر ہے۔ ج: تہذیب میں ہے اس کی سند میں العوفی نامی غالی شیعہ تھا۔

(۲)
صیغہ جمع کا لانے میں اس طرف اشارہ ہے کہ صرف کوکب زہرہ یا مشتری افول اور غروب کے ساتھ مخصوص نہیں بلکہ کوئی بھی کواکب ہو وہ معبود ہونے کے لائق نہیں
(بحر محیط ص ۱۶۷ ج ۴)

۱۵ وقف لازم

یہاں سے حضرت ابراہیم کے اصول اور فروغ کا ذکر ہے

۱) الیسع: پر الف لام زائدہ برائے تعریف ہے

وَوَهَبْنَا لَهُ إِسْحٰقَ وَيَعْقُوبَ ۚ كُلًّا هَدَيْنَا ۚ وَنُوحًا هَدَيْنَا مِنْ قَبْلُ ۖ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِ

نمبر ۲ نمبر ۳

فروعات خاندان ابراہیم علیہ السلام کے لیے فضل اضافی کا بیان — نمبر ۴، اصول برائے ابراہیم

اور بخشا ہم نے اس کو اسحاق اور یعقوب علیہم السلام سب کی ہم نے رہنمائی کی اور اس سے پہلے نوح علیہ السلام کی راہنمائی کی اور اس کی اولاد میں سے

دَاوُدَ وَسُلَيْمٰنَ وَأَيُّوبَ وَيُوسُفَ وَمُوسٰى وَهٰرُونَ ۚ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ﴿٨٤﴾ وَزَكَرِيَّا

نمبر ۵ نمبر ۶ نمبر ۷ نمبر ۸ نمبر ۹ نمبر ۱۰ نمبر ۱۱

داؤد اور سلیمان اور ایوب اور یوسف اور موسیٰ اور ہارون علیہم السلام کو اور اسی طرح ہم بدلہ دیتے ہیں (باعتبار اعمال کے) نیکی کرنے والوں کو۔ اور زکریا

وَيَحْيٰى وَعِيسٰى وَإِلْيَاسَ ۖ كُلٌّ مِنَ الصّٰلِحِينَ ﴿٨٥﴾ وَإِسْمٰعِيلَ وَالْيَسَعَ وَيُونُسَ وَلُوطًا ۚ وَكُلًّا

نمبر ۱۲ نمبر ۱۳ نمبر ۱۴ کامل نمبر ۱۵ نمبر ۱۶ (۱) نمبر ۱۷ نمبر ۱۸

اور یحییٰ اور عیسیٰ اور الیاس علیہم السلام کو۔ سب نیکوکاروں میں سے تھے۔ اور اسماعیل اور یسع اور یونس اور لوط علیہم السلام کو اور سب کو

فَضَّلْنَا عَلَى الْعٰلَمِينَ ﴿٨٦﴾ وَمِنْ اٰبَائِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَإِخْوَانِهِمْ ۖ وَاجْتَبَيْنٰهُمْ وَهَدَيْنٰهُمْ إِلٰى

اصول وفروع میں برتری کا بیان — تفصیل ہدایت

ہم نے فضیلت دی (نبوت میں) جہان والوں پر۔ اور بعض ان کے آباء میں سے اور بعض ان کی اولاد میں سے اور بعض ان کے بھائیوں میں سے اور چن لیا ہم نے ان کو اور ہم نے ہدایت دی ان کو

صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ ﴿٨٧﴾ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِي بِهِ مَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ ۚ وَلَوْ أَشْرَكُوا

تہدید علی الشرک

سیدھے راستہ کی طرف، یہ اللہ کی ہدایت ہے اور ہدایت دیتا ہے اس کے ذریعہ جس کو وہ چاہے اپنے بندوں میں سے اور اگر وہ شرک کریں

لَحَبِطَ عَنْهُمْ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٨٨﴾ أُولٰئِكَ الَّذِينَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ۚ فَإِنْ

مذکورہ انبیاء کے لیے بیان نبوت کتاب اور شریعت مجموعہم — شریعت — تسلی

تو ضائع ہوجائیں گے ان سے جو اعمال کیا کرتے تھے۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کو دیں ہم نے کتابیں اور دانشمندی اور نبوت پھر اگر

يَكْفُرْ بِهَا هٰؤُلَاءِ فَقَدْ وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا لَيْسُوا بِهَا بِكٰفِرِينَ ﴿٨٩﴾ أُولٰئِكَ الَّذِينَ هَدَى اللّٰهُ

خاتم الانبیاء — مہاجرین وانصار — مذکورین ہدایت یافتہ جماعت کی اقتدا کا حکم

انکار کریں (مکہ والے) ان باتوں کا تو تحقیق ہم نے مقرر کیے ہیں ان باتوں کے ماننے والے ایسے لوگ جو ان کا انکار نہیں کرتے، یہ وہ لوگ ہیں جن کو اللہ نے ہدایت دی ہے

فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ ۗ قُلْ لَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْرًا ۖ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٰى لِلْعٰلَمِينَ ﴿٩٠﴾

ع ۱۰ / ۸ / ۱۶

طریق تبلیغ

پس آپ ان کے طریقہ پر چلیں، کہہ دیجئے میں نہیں مانگتا تم سے اس پر اجرت نہیں ہے وہ مگر نصیحت جہاں والوں کے لیے

وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهِ إِذْ قَالُوا مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى بَشَرٍ مِنْ شَيْءٍ ۗ قُلْ مَنْ أَنْزَلَ

شکوۂ کفار۔ مالک بن صیف — تشریح شکوہ — (۲) — جواب شکوہ

اور نہیں تعظیم کی انہوں نے اللہ کی جیسا کہ اس کی تعظیم کا حق ہے جب کہا انہوں نے اللہ نے نہیں اتارا کسی انسان پر کچھ، آپ کہہ دیجئے کس نے اتارا

الْكِتٰبَ الَّذِي جَاءَ بِهِ مُوسٰى نُورًا وَهُدًى لِلنَّاسِ ۖ تَجْعَلُونَهُ قَرَاطِيسَ تُبْدُونَهَا

کیفیت کتاب — کیفیت یہود

اس کتاب کو جس کو موسیٰ علیہ السلام لے کر آئے جو لوگوں کے لیے روشنی اور ہدایت تھی جس کو تم ورق ورق کر کے (لوگوں کو) دکھلاتے ہو

وَتُخْفُونَ كَثِيرًا ۖ وَعُلِّمْتُمْ مَا لَمْ تَعْلَمُوا أَنْتُمْ وَلَا اٰبَاؤُكُمْ ۖ قُلِ اللّٰهُ ۖ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِي

(۳) تعلیم بدولت توراۃ — فریضہ خاتم الانبیاء

اور تم بہت سی باتوں کو چھپاتے ہو، اور سکھلائے گئے تم جو نہیں جانتے تھے تم اور نہ تمہارے باپ دادا۔ آپ کہہ دیں اللہ نے (اتاری ہے) پھر آپ ان کو چھوڑ دیں

(۳) دلیل نمبر ا ہر جگہ "ما" عموم کے لیے نہیں اور دلیل نمبر ۲ سورۃ اقراء آیت نمبر ۵ ص ۶۱۰ میں دیکھیں۔

(۲)
یہ یہود مدینہ نے مشرکین کی ہم نوائی میں کہا تھا کہ بشر نبی نہیں ہوسکتا اور زمانہ حاضر کا مشرک کہتا ہے کہ نبی بشر نہیں ہوسکتا الفاظ کو آگے پیچھے تبدیل کیا ہے مگر مطلب سب کا ایک ہے۔ دونوں طبقات بشریت کو نبوت کے منافی سمجھتے تھے بشریت پر آپ ۲۲ دلائل پڑھ چکے ہیں دہرانے کی ضرورت نہیں، پھر ان سے سوال ہوا کہ نبوت اور رسالت کا حقدار کون ہے؟ تو سب مشرکوں نے کہا کسی فرشتوں کو۔ تو اہل بدعت کے احمد رضا نے کہا:

تیری نسل پاک میں ہے
بچہ بچہ نور کا
تو ہے عین نور تیرا سب
گھرانہ نور کا
انبیاء اجزا تو بالکل ہے
جملہ نور کا
اس علاقہ سے ہے ان پر
نام سچا نور کا
(حدائق بخشش)

اور صلاۃ الصفا میں لکھتے ہیں:
جس نے ٹکڑے کیے ہیں
قمر کے وہ ہے
نور وحدت کا ٹکڑا ہمارا نبی
انا للہ وانا الیہ راجعون

آخر انہوں ایسا عقیدہ کیوں اپنایا؟ وجہ یہ ہے یہ سمجھتے ہیں نور بشر سے افضل ہے۔ بشریت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے دلیل نمبر ۷، اور دلیل نمبر ۸ سورۃ یونس آیت نمبر ۲ ص ۲۱۶ میں دیکھیں۔

خَوْضِهِمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿۹۱﴾ وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ مُّصَدِّقُ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلِتُنْذِرَ

صداقت قرآن (۱) فضیلت قرآن ۔ جامعیت قرآن (۲) فریضہ خاتم الانبیاء

کہ وہ اپنی بیہودہ بکواس میں کھیلتے رہیں ۔ اور یہ کتاب ہم نے اس کو اتارا ہے بابرکت تصدیق کرنے والی ہے اس کی جو اس سے پہلے (کتابیں) ہیں اور تا کہ آپ ڈرائیں

اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا ؕ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَهُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ

مستفیدین من القرآن کے اوصاف نمبر ۱ نمبر ۲ نمبر ۳

مکہ والوں کو اور ان کو جو اس کے آس پاس ہیں اور جو لوگ ایمان رکھتے ہیں آخرت پر وہی اس پر ایمان رکھتے ہیں اور وہ اپنی نمازوں کی

يُحَافِظُوْنَ ﴿۹۲﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ قَالَ اُوْحِيَ اِلَيَّ وَلَمْ يُوْحَ

تنبیہ مجرمین یعنی مدعیان نبوت نمبر ۱ مالک بن صیف نمبر ۲ مسیلمہ کذاب

حفاظت کرتے ہیں ۔ اور اس سے بڑھ کر کون ظالم ہے جو گھڑتا ہے اللہ پر جھوٹ یا اس نے کہا وحی کی گئی میری طرف حالانکہ اس کی طرف وحی نہیں کی گئی تھی

اِلَيْهِ شَيْءٌ وَّمَنْ قَالَ سَاُنْزِلُ مِثْلَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ غَمَرٰتِ

نمبر ۳ عبداللہ بن سعد ابی سرح (۳) کیفیت مجرمین (۴)

کچھ بھی اور جس نے کہا میں بنا لیتا ہوں اس کی مانند جو اللہ نے اتارا ہے اور اگر آپ دیکھیں جب (گزشتہ تینوں) ظالم لوگ موت کی سختیوں میں ہوں گے

الْمَوْتِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَاسِطُوْٓا اَيْدِيْهِمْ ۚ اَخْرِجُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا

سبب عذاب

اور فرشتے پھیلانے والے ہوں گے اپنے ہاتھ نکالو اپنی جانیں (یعنی روحیں جسموں سے) آج تمہیں بدلہ دیا جائے گا ذلت ناک عذاب کا

كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ عَنْ اٰيٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۹۳﴾ وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا

قیامت کے دن کیفیت برائے

ان باتوں کی وجہ سے جو تم کہتے تھے اللہ تعالی پر غلط اور تھے تم اس کی آیتوں سے تکبر کرتے ۔ اور البتہ تحقیق آ گئے ہو تم ہمارے پاس

فُرَادٰى كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّتَرَكْتُمْ مَّا خَوَّلْنٰكُمْ وَرَآءَ ظُهُوْرِكُمْ ۚ وَمَا نَرٰى مَعَكُمْ شُفَعَآءَكُمُ

مجرمین کہ سفارشی بچائیں گے ۔ تردید

ایک ایک کر کے جس طرح پیدا کیا ہم نے تم کو پہلی مرتبہ اور تم چھوڑ آئے ہو جو کچھ ہم نے تم کو دیا تھا اپنی پیٹھوں کے پیچھے اور ہم نہیں دیکھتے تمہارے ساتھ تمہارے سفارشی

ع ۱۱ ۱۷ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ اَنَّهُمْ فِيْكُمْ شُرَكٰٓؤُا ؕ لَقَدْ تَّقَطَّعَ بَيْنَكُمْ وَضَلَّ عَنْكُمْ مَّا كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۹۴﴾

جن کا تم نے دعوی کیا تھا کہ وہ تمہارے معاملہ میں شریک ہیں البتہ تحقیق تمہارا آپس میں قطع تعلق ہو گیا اور گم ہو گئے تم سے جو تم دعوی کرتے تھے

اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰى ؕ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ

دلیل عقلی نمبر ۱ عجائبات قدرت

بیشک اللہ پھاڑنے والا ہے دانہ اور گٹھلی وہ نکالتا ہے زندہ کو مردہ سے اور وہ نکالنے والا ہے مردہ کو زندہ سے یہی تمہارا اللہ ہے

فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿۹۵﴾ فَالِقُ الْاِصْبَاحِ ۚ وَجَعَلَ الَّيْلَ سَكَنًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا ؕ ذٰلِكَ

نمبر ۲ آیات آفاقیہ

پھر تم (اس کو چھوڑ کر) کدھر پھرے جا رہے ہو ۔ وہ نکالنے والا ہے صبح کی روشنی کو اور بنایا اس نے رات کو راحت اور سورج اور چاند کو حساب سے چلنے والا یہ

تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۹۶﴾ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ

دلیل عقلی نمبر ۳

نظام ہے غالب جاننے والے کا ۔ اور وہ ذات جس نے بنایا تمہارے لیے ستاروں کو تا کہ تم راہ پا جاؤ ان کے ذریعہ خشکی اور تری کے اندھیروں میں

(۳)
سورۃ مومنون
آیت نمبر ۱۲ ص ۳۵۱
میں وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ عبداللہ نے یہ الفاظ اپنی سے لکھ دیئے فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ۔

(۴)
عذاب قبر و برزخ پر آٹھ دلائل ۔ پہلی دلیل یہی آیت کریمہ ہے دلیل نمبر ۲ سورۃ انفال آیت ۵۰ ص ۱۹۲ میں دیکھیں ۔

عذاب قبر و برزخ کے دلائل کی تشریح

(۱) مقام حیات علامہ خالد محمود پی ایچ ڈی لندن

۲) تحقیق المتین مولانا محمد امین صاحب

۳) تسکین الصدور مولانا محمد سرفراز خان صفدرؒ

۴) حیات الازکیاء مولانا محمد امین اکاڑویؒ دیکھیں

(۱) دلیل نمبر ۹ قرآن کریم کے منجانب اللہ ہونے پر اور دلیل نمبر ۱۰ یہی سورۃ الانعام آیت ۱۱۴ ص ۱۵۱ میں دیکھیں

(۲) دلیل نمبر ۴ قرآن کریم کے نازل کرنے کی کیا غرض ہے؟ اور دلیل نمبر ۵ یہی سورۃ الانعام آیت ۱۵۷ ص ۱۵۸ میں دیکھیں

قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿٩٧﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ

نمبر ۴ قرارگاہ

تحقیق ہم نے تفصیل سے بیان کی آیات ان لوگوں کے لیے جو (چیزوں کی حقیقت) جانتے ہیں، اور وہ ذات جس نے پیدا کیا تم کو ایک جان سے پھر ٹھہرنے کی جگہ ہے

وَّمُسْتَوْدَعٌ ۭ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّفْقَهُوْنَ ﴿٩٨﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً ۚ

دوسری امانت کی جگہ نمبر ۵

اور امانت رکھنے کی جگہ ہے تحقیق ہم تفصیل سے بیان کرتے ہیں آیات ان لوگوں کے لیے جو (عقل سے حقائق) کو سمجھتے ہیں۔ اور وہی ذات ہے جس نے اتارا آسمان سے پانی

فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ كُلِّ شَيْءٍ فَاَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ۚ وَ

پھر نکالی ہم نے اس سے اگنے والی ہر چیز کو پھر نکالی ہم نے اس سے سبز کھیتی نکالتے ہیں ہم اس سے ایک دوسرے پر چڑھے ہوئے دانے

مِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَّجَنّٰتٍ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ

اور کھجور سے اس کے شگوفوں میں سے گچھے جھکے ہوئے اور باغ انگور کے اور زیتون اور انار کے

مُشْتَبِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ۭ اُنْظُرُوْٓا اِلٰى ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَيَنْعِهٖ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكُمْ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

آپس میں ملتے جلتے اور جدا جدا بھی دیکھو۔ اس کے پھل کی طرف جب پھل لاتا ہے اور اس کے پکنے کو بیشک اس میں نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے

يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٩٩﴾ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَاۗءَ الْجِنَّ وَخَلَقَهُمْ وَخَرَقُوْا لَهٗ بَنِيْنَ وَبَنٰتٍۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۭ

ابطال شرک واثبات توحید سے کیفیت مشرکین جہالت سے

جو (مستقبل میں) ایمان رکھتے ہیں۔ اور بنائے انہوں نے اللہ کے لیے جنات کو شریک حالانکہ اس نے ان کو پیدا کیا ہے اور تجویز کرتے ہیں اس کے لیے بیٹے اور بیٹیاں بغیر علم کے

ع ۱۲ / ۶ / ۱۸ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿١٠٠﴾ ع

ابطال شرک وجواب شکوہ

اس کی ذات پاک ہے اور بلند ہے ان چیزوں سے جن کو وہ بیان کرتے ہیں۔

بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اَنّٰى يَكُوْنُ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ ۭ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ ۚ وَهُوَ

دلیل عقلی نمبر ۶ اولاد کی نفی صفت خلق (۱)

پیدا کرنے والا ہے (بغیر مادہ سابق کے) آسمانوں اور زمین کو۔ کیسے ہوسکتا ہے اس کے بیٹا حالانکہ اس کی کوئی بیوی نہیں ہے اور اس نے ہر چیز کو پیدا کیا ہے اور وہ

بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿١٠١﴾ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ ۚ وَهُوَ

حصر علم الغیب فی ذات باری تعالیٰ نتیجہ دلائل یعنی یہ صفات صرف اللہ کی ہیں

ہر چیز کو جاننے والا ہے۔ یہی اللہ تمہارا رب ہے اس کے سوا کوئی اور معبود نہیں وہ ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے پس اسی کی عبادت کرو اور وہ

عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿١٠٢﴾ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ ۡ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿١٠٣﴾

رؤیت باری تعالیٰ

ہر چیز کا کارساز ہے، نہیں پا سکتی اس کو آنکھیں اور وہ آنکھوں کو پالیتا ہے اور وہ باریک بین خبردار ہے۔

قَدْ جَاۗءَكُمْ بَصَاۗىِٕرُ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنْ اَبْصَرَ فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ عَمِيَ فَعَلَيْهَا ۭ وَمَآ اَنَا

دلائل توحید، رسالت اور قیامت کیفیت بعد از دلائل

تحقیق آئیں تمہارے پاس (توحید کی) کھلی دلیلیں تمہارے رب کی طرف سے جو جس نے آنکھ کھول کر دیکھا تو اپنے فائدہ کے لیے اور جو اندھا رہا تو اپنے نقصان میں اور نہیں ہوں میں

(۱) لفظ کل کے ترجمہ کی وجہ سے تقویۃ الایمان کی عبارت پر شاہ اسماعیل شہید پر اعتراض

عَلَيۡكُمۡ بِحَفِيۡظٍ ۝١٠٤ وَكَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الۡاٰيٰتِ وَلِيَقُوۡلُوۡا دَرَسۡتَ وَلِنُبَيِّنَهٗ لِقَوۡمٍ يَّعۡلَمُوۡنَ ۝١٠٥

(جبراً منوانا میرے ذمہ) شفقت خداوندی

تم پر نگہبان، اور اسی طرح ہم مختلف طریقوں سے دلائل حقہ بیان کرتے ہیں اور تا کہ وہ کہیں آپ نے پڑھ لیا ہے اور تا کہ ہم اس کو واضح بیان کریں ان لوگوں کے لیے جو جانتے ہیں

اِتَّبِعۡ مَاۤ اُوۡحِىَ اِلَيۡكَ مِنۡ رَّبِّكَ‌ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ‌ۚ وَاَعۡرِضۡ عَنِ الۡمُشۡرِكِيۡنَ ۝١٠٦ وَلَوۡ شَآءَ

توحید پر دلیل وحی وجہ اعراض

آپ پیروی کریں اس کی جو آپ کی طرف وحی کی گئی آپ کے رب کی جانب سے۔ نہیں کوئی معبود مگر وہی اور آپ منہ پھیریں مشرکوں سے۔ اور اگر اللہ چاہتا

اللّٰهُ مَاۤ اَشۡرَكُوۡا‌ؕ وَمَا جَعَلۡنٰكَ عَلَيۡهِمۡ حَفِيۡظًا‌ۚ وَمَاۤ اَنۡتَ عَلَيۡهِمۡ بِوَكِيۡلٍ ۝١٠٧ وَلَا تَسُبُّوا

تسلی خاتم الانبیاء (ان اعمال پر نگران) طریق دعوت وتبلیغ میں معبودانِ

تو وہ شرک نہ کرتے اور نہیں بنایا ہم نے آپ کو ان پر نگہبان اور نہیں آپ ان پر داروغہ ۔ اور مت گالی دو تم

الَّذِيۡنَ يَدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدۡوًاۢ بِغَيۡرِ عِلۡمٍ‌ؕ كَذٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمۡ

باطلہ کی مذمت کے لیے دلخراش الفاظ کے استعمال کی ممانعت (۱)

ان کو جن کو وہ اللہ کے سوا پکارتے ہیں تو وہ گالی دیں گے اللہ کو بے ادبی سے بغیر علم کے اسی طرح مزین کیا ہم نے ہر امت کے لیے ان کے عمل کو

ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمۡ مَّرۡجِعُهُمۡ فَيُنَبِّئُهُمۡ بِمَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ۝١٠٨ وَاَقۡسَمُوۡا بِاللّٰهِ جَهۡدَ

تذکیر بما بعد الموت مجازات اعمال منکرین کا فرمائشی معجزہ کا مطالبہ

پھر ان کے رب کی طرف ان کا لوٹنا ہے پس وہ بتائے گا ان کو جو وہ کیا کرتے تھے ۔اور انہوں نے اللہ کی قسمیں کھائیں پختہ کر کے

اَيۡمَانِهِمۡ لَئِنۡ جَآءَتۡهُمۡ اٰيَةٌ لَّيُؤۡمِنُنَّ بِهَا‌ؕ قُلۡ اِنَّمَا الۡاٰيٰتُ عِنۡدَ اللّٰهِ وَمَا

نمبرا جواب مطالبہ اجمالی

اپنی قسمیں اگر آئی ان کے پاس کوئی نشانی تو وہ ضرور مان لیں گے اس کو آپ کہہ دیجئے نشانیاں اللہ کے پاس ہیں اور تمہیں کیا

يُشۡعِرُكُمۡ ۙ اَنَّهَاۤ اِذَا جَآءَتۡ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ ۝١٠٩ وَنُقَلِّبُ اَفۡـِٕدَتَهُمۡ وَاَبۡصَارَهُمۡ كَمَا لَمۡ

معجزات (لازائدہ) معاندین کا انجام دنیوی

پتہ کہ جب وہ (نشانیاں) آئیں تو یہ لوگ ایمان نہ لائیں گے ۔ اور ہم پھیر دیں گے ان کے دلوں کو اور ان کی آنکھوں کو جس طرح یہ

ع ۱۳ ۱۹ يُؤۡمِنُوۡا بِهٖۤ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّنَذَرُهُمۡ فِىۡ طُغۡيَانِهِمۡ يَعۡمَهُوۡنَ ۝١١٠ ع

امہال مجرمین

ایمان نہیں لائے اس (قرآن) پر پہلی بار اور ہم ان کو چھوڑ دیں گے ان کی سرکشی میں سرگردان رہیں۔

(۱) بتوں کو بُرا کہنا فی نفسہ مباح ہے مگر جب وہ ذریعہ بن جائے ایک امر حرام یعنی گستاخی بجناب باری تعالیٰ کا تو وہ بھی منہی عنہ اور قبیح ہو جائے گا، اس سے ایک قاعدہ شرعیہ ثابت ہوا کہ مباح جب حرام کا سبب بن جائے تو وہ حرام ہو جاتا ہے اور قرآن مجید کی بعض آیات میں جو معبودان باطلہ کی تحقیر مذکور ہے وہ بقصد سبّ وشتم نہیں بلکہ مناظرہ میں بطور تحقیق مطلوب واستدلال الزام خصم کے ہے جو مناظرات میں مستعمل ہے اور قرائن سے مخاطب کو معلوم ہو جاتا ہے کہ تحقیق مقصود ہے یا تحقیر اول جائز، دوسرا ناجائز۔ بیان القرآن تھانویؒ۔ الغرض گالی دینے کی ممانعت ہے مگر تحقیق حقیقت کے لیے ان کے نقائص اور عجز درماندگی بیان کرنا ممنوع نہیں کیونکہ مقصود غیر اللہ سے نفی معبودین ہے۔

وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ

جواب مطالبہ تفصیلی — نبوت کی تصدیق — تمام موجودات غیبیہ

اور اگر ہم اتارتے ان کی طرف فرشتے اور مردے بھی ان سے باتیں کرتے اور ہم (زندہ کر کے) جمع کرتے ان پر ہر چیز کو

قُبُلًا مَّا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْٓا اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ وَكَذٰلِكَ

(۱) — ازل میں مؤمن — تسلی خاتم الانبیاء

گروہ گروہ (یا روبرو) وہ ایمان نہیں لاتے مگر یہ کہ اللہ چاہے لیکن ان کے اکثر ناواقف ہیں۔ اور اسی طرح

جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ

اور اقسام عوام الناس

بنائے ہم نے ہر نبی کے لیے دشمن شریر انسانوں اور جنات کو۔ القاء کرتے ہیں ان کے بعض بعض کی طرف بناوٹ کی ہوئی

الْقَوْلِ غُرُوْرًا ؕ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ وَلِتَصْغٰٓى

حکمت نمبر ۱ — (دل کا ابال نکالیں) — حکمت نمبر ۲

باتیں دھوکہ دینے کے لیے اور اگر آپ کا رب چاہتا تو وہ اس (قسم کے القاء کے) کام کو نہ کرتے پس آپ ان کو چھوڑ دیں وہ جو جھوٹے (الزام) بناتے ہیں، اور تا کہ مائل ہوں

اِلَيْهِ اَفْـِٕدَةُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَلِيَرْضَوْهُ وَلِيَقْتَرِفُوْا مَا هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ ﴿۱۱۳﴾

اس ملمع کی ہوئی بات کی طرف ان لوگوں کے دل جو آخرت پر یقین نہیں رکھتے تا کہ وہ اس چیز کو پسند کریں اور تا کہ کمائیں (افعال سیئہ) جو وہ کمانے والے ہیں

اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِيْ حَكَمًا وَّهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ اِلَيْكُمُ الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا ؕ وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ

(۲) منکرین رسالت کی تجویز اور اس کا جواب۔ (۳) کمالات قرآن نمبر ۱، اعجاز، نمبر ۲، تنزیل من اللہ، نمبر ۳، مضامین، نمبر ۴، دلیل نقلی از امم سابقہ

کیا اللہ کے سوا میں (اپنی نبوت پر) فیصل تلاش کروں حالانکہ وہی ذات ہے جس نے اتاری تمہاری طرف کتاب مفصل اور وہ لوگ کہ دی ہم نے ان کو

الْكِتٰبَ يَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿۱۱۴﴾

کتاب وہ جانتے ہیں کہ وہ (قرآن) اتارا ہوا ہے آپ کے رب کی طرف سے برحق، پس ہرگز نہ ہوں آپ شک کرنے والوں میں سے

وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا ؕ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۱۵﴾ وَاِنْ

کمال نمبر ۵ — خبریں سچی / احکام — نمبر ۶ (حقائق قرآن میں کوئی غلطی ثابت نہیں کرسکتا۔ (انا لہ لحافظون) — تنبیہ

اور پوری ہوئی آپ کے رب کی بات سچ اور انصاف پر مبنی، نہیں کوئی تبدیل کرنے والا اس کی باتوں کو وہ سننے والا جاننے والا ہے، اور اگر

تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ فِي الْاَرْضِ يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ

خاتم الانبیاء مراد امت — عقائد

آپ اطاعت کریں اکثر ان لوگوں کی جو زمین میں ہیں تو وہ آپ کو اللہ کے راستہ سے ہٹا دیں گے نہیں وہ پیروی کرتے مگر گمان کی

وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿۱۱۶﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ مَنْ يَّضِلُّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۱۱۷﴾

اعمال — تسلی خاتم الانبیاء

اور نہیں ہیں وہ مگر قیاس آرائیاں کرتے ہیں، بیشک آپ کا رب وہ خوب جانتا ہے اس کو جو گمراہ ہوا اس کے راستہ سے اور وہ خوب جانتا ہے ہدایت یافتہ لوگوں کو

فَكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ وَمَا لَكُمْ اَلَّا تَاْكُلُوْا مِمَّا

ازالہ اشتباہ — تحریمات عباد کی تردید

پس کھاؤ تم اس میں سے کہ لیا گیا اس پر اللہ کا نام اگر ہو تم اس کی آیات (احکام) پر ایمان رکھنے والے۔ اور تمہیں کیا ہو گیا کہ تم نہیں کھاتے اس میں سے کہ

(۱) قُبُلًا: قَبِيْلٌ کی جمع ہو تو معنی ہوگا گروہ گروہ، جماعت جماعت اور اگر ''قابل'' کی جمع ہو تو معنی ہوگا آگے، آنکھوں کے سامنے، روبرو، یہ ''كُلَّ'' کا حال ہے۔

(۲) ولید بن مغیرہ

(۳) دلیل نمبر ۱۰ قرآن کریم کے منجانب اللہ ہونے پر اور دلیل نمبر ۱۱ یہی سورۃ انعام آیت ۱۵۵ ص ۱۵۷ میں دیکھیں

ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ اِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ اِلَيْهِ ؕ

لیا گیا اس پر اللہ کا نام حالانکہ تحقیق واضح بتا دیا اس نے تمہارے لیے جو اس نے حرام کیا تم پر مگر جو مجبور کیے گئے اس کی طرف

وَاِنَّ كَثِيْرًا لَّيُضِلُّوْنَ بِاَهْوَآئِهِمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِيْنَ ﴿۱۱۹﴾

تہدید خداوندی

اور بیشک بہت سارے لوگ البتہ وہ گمراہ کرتے ہیں اپنی خواہشات کے ساتھ بغیر علم کے۔ بیشک آپ کا رب وہ خوب جانتا ہے حد سے تجاوز کرنے والوں کو

وَذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْسِبُوْنَ الْاِثْمَ سَيُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوْا

فرائض مؤمنین سے ترک معصیت کا حکم — ارتکاب معاصی پر تہدید — نتیجہ

اور چھوڑ دو تم کھلا ہوا گناہ اور چھپا ہوا بیشک جو لوگ کماتے ہیں گناہ عنقریب وہ بدلہ دئے جائیں گے ان کاموں کا

يَقْتَرِفُوْنَ ﴿۱۲۰﴾ وَلَا تَاْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَاِنَّهٗ لَفِسْقٌ ؕ وَاِنَّ الشَّيٰطِيْنَ

تحریمات الٰہیہ کا بیان — خباثت شیاطین

جو وہ کماتے ہیں اور مت کھاؤ اس میں سے کہ نہیں لیا گیا اس پر (عمداً) اللہ کا نام اور بیشک وہ البتہ گناہ ہے اور بیشک شیاطین

ع ۱۴ لَيُوْحُوْنَ اِلٰٓى اَوْلِيٰٓئِهِمْ لِيُجَادِلُوْكُمْ ۚ وَاِنْ اَطَعْتُمُوْهُمْ اِنَّكُمْ لَمُشْرِكُوْنَ ﴿۱۲۱﴾

اطاعت مشرکین سے تحذیر

البتہ القاء کرتے ہیں اپنے دوستوں کو تا کہ وہ تم سے جھگڑا کریں اور اگر تم نے ان کی بات کو مان لیا (تو) بیشک تم شرک کرنے والے ہو جاؤ گے

اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِى النَّاسِ كَمَنْ مَّثَلُهٗ

تفاوت بین المسلم والکافر — (نور ایمان دیا)

کیا بھلا وہ شخص جو مردہ تھا پھر ہم نے اس کو زندہ کیا اور بنائی ہم نے اس کے لیے روشنی وہ چلتا ہے اس کے ساتھ لوگوں میں وہ کہیں اس کے برابر ہوسکتا ہے

فِى الظُّلُمٰتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكٰفِرِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۲﴾

جو اندھیروں میں پڑا ہوا ہے نہیں وہ نکلنے والا ان (اندھیروں) سے اسی طرح آراستہ کر دیا گیا کافروں کے لیے جو وہ کرتے تھے۔

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا فِىْ كُلِّ قَرْيَةٍ اَكٰبِرَ مُجْرِمِيْهَا لِيَمْكُرُوْا فِيْهَا ؕ وَمَا يَمْكُرُوْنَ اِلَّا بِاَنْفُسِهِمْ

کفار کی تدابیر — (تعلیم حق کے مخالف) — تسلی خاتم الانبیاء

اور اسی طرح بنایا ہم نے ہر بستی میں سردار اس کے گناہ گاروں کو تا کہ وہ حیلہ سازی کریں اس میں اور وہ نہیں حیلہ سازی کرتے مگر اپنی جانوں سے

وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ وَاِذَا جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ قَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ حَتّٰى نُؤْتٰى مِثْلَ مَآ اُوْتِىَ

کفار کا گستاخانہ مطالبہ یعنی وحی

اور وہ سمجھتے نہیں۔ اور جب آتی ان کے پاس کوئی (نبوت کی) نشانی تو وہ کہتے کہ ہم ہرگز ایمان نہیں لائیں گے یہاں تک کہ ہمیں دیا جائے مثل اس کے کہ جو دیا گیا

رُسُلُ اللّٰهِ ؔ ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسٰلَتَهٗ ؕ سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا صَغَارٌ

جواب مطالبہ — وھبی — انجام — ذلت

اللہ کے رسولوں کو اللہ خوب جانتا ہے جس جگہ وہ رکھتا ہے اپنا پیغام (رسالت)۔ عنقریب پہنچے گی ان لوگوں کو جنہوں نے گناہ کیا ذلت

عِنْدَ اللّٰهِ وَعَذَابٌ شَدِيْدٌۢ بِمَا كَانُوْا يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ

خدائی تقسیم وانشراح قلب برائے مستفیدین

اللہ کے ہاں اور سخت سزا اس کی جو وہ مکاریاں کرتے تھے۔ پس جو شخص چاہتا ہے اللہ ان کی راہنمائی کرے تو کھول دیتا ہے

صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ ۚ وَمَنْ يُّرِدْ اَنْ يُّضِلَّهٗ يَجْعَلْ صَدْرَهٗ ضَيِّقًا حَرَجًا كَاَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي

ایمان لانے کے ممتنع ہونے کا بیان — غیر مستفیدین

ان کے سینے کو اسلام کے لیے اور جو شخص کہ چاہتا ہے کہ اللہ اس کو بے راہ کر دے (تو) اس کے سینے کو تنگ کر دیتا ہے نہایت تنگ گویا کہ وہ چڑھتا ہے،

السَّمَآءِ ۚ كَذٰلِكَ يَجْعَلُ اللّٰهُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٢٥﴾ وَهٰذَا صِرَاطُ رَبِّكَ

طریق اسلام — تسلط شیطان رجس میں خیر نہ ہو رعذاب رلعنت

اونچائی میں اسی طرح اللہ کر دیتا ہے گندگی ان لوگوں پر جو ایمان نہیں لاتے۔ اور یہ تیرے رب (تک پہنچنے) کا سیدھا راستہ ہے

مُسْتَقِيْمًا ۚ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ﴿١٢٦﴾ لَهُمْ دَارُ السَّلٰمِ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَهُوَ وَلِيُّهُمْ

نتائج مستفیدین من الاسلام — مستفیدین من الآیات

تحقیق ہم نے تفصیل سے بیان کی آیتیں ان لوگوں کے لیے جو نصیحت (کے مضمون کو) یاد رکھتے ہیں۔ ان کے لیے گھر ہے سلامتی کا ان کے رب کے پاس اور وہ ان کا کارساز ہے

بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٢٧﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ۚ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ مِّنَ

توبیخ خداوندی — موقف قیامت

ان کاموں کی وجہ سے جو وہ کرتے ہیں۔ اور جس دن وہ ان سب کو اٹھائے گا (کہے گا) اے جنات کی جماعت! تحقیق تم نے بہت زیادہ (گمراہ) کر لیا

الْاِنْسِ ۚ وَقَالَ اَوْلِيٰٓؤُهُمْ مِّنَ الْاِنْسِ رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ وَّبَلَغْنَآ اَجَلَنَا الَّذِيْٓ

باب ضلال واضلال میں — جواب جنات

انسانوں میں سے اور کہیں گے ان کے دوست انسانوں سے اے رب ہمارے! فائدہ اٹھایا ہم میں سے ہر ایک نے دوسرے سے اور پہنچے ہم اپنی اس مدت کو

اَجَّلْتَ لَنَا ۚ قَالَ النَّارُ مَثْوٰىكُمْ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۚ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿١٢٨﴾

(١) فیصلہ خداوندی — موت رقیامت

جو آپ نے ہمارے لیے مقرر کی تھی، اللہ فرمائیں گے تمہارا ٹھکانہ دوزخ ہے اس میں سدا رہو گے مگر جو اللہ چاہیں بیشک تیرا رب حکمت والا جاننے والا ہے۔

١٥ ع ٨ ٢ وَكَذٰلِكَ نُوَلِّيْ بَعْضَ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضًا بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿١٢٩﴾ ع

کفار کا باہمی تعلق۔ نمبر ١ املا دیں گے، نمبر ٢ دوست، نمبر ٣ قریب، نمبر ٤ مسلط یہ سب معانی درست ہیں

اور اسی طرح ہم ملائیں گے بعض ظالموں کو بعض کے ساتھ ان کے اعمال کی وجہ سے جو وہ کمایا کرتے تھے

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ

مکالمہ خداوندی تخویف برائے جن وانس۔ جنات کی دعوت: ولوا الی قومهم منذرين۔ احقاف ٢٩ ص ٥١٤ میں دیکھیں

اے جن و انس کے گروہ، کیا نہیں آئے تھے تمہارے پاس رسول تم میں سے جو بیان کرتے تھے تم پر میری آیات اور ڈراتے تھے تم کو

لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۚ قَالُوْا شَهِدْنَا عَلٰٓى اَنْفُسِنَا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَشَهِدُوْا عَلٰٓى

سبب ضلال — اقرار جرم

تمہارے اس دن کی ملاقات سے انہوں نے کہا ہم گواہی دیتے ہیں اپنے خلاف اور دھوکہ میں رکھا ان کو دنیا کی زندگی نے اور انہوں نے گواہی دی

اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ﴿١٣٠﴾ ذٰلِكَ اَنْ لَّمْ يَكُنْ رَّبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا

حکمت ارسال انبیاء علیہم السلام

اپنے خلاف کہ بیشک وہ کفر کرنے والے تھے، یہ بات اس لیے ہے کہ نہیں ہے آپ کا رب ہلاک کرنے والا بستیوں کو ان کے ظلم کی وجہ سے اس حال میں کہ اس کے باشندے

غٰفِلُوْنَ ﴿١٣١﴾ وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ۚ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٣٢﴾ وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ

ترہیب وترغیب سے ازالہ شبہ — متبعین اور مجرمین کے نتائج کا تفاوت

(احکام سے) بے خبر ہوں۔ اور ہر ایک (مکلف) کے لیے درجات ہیں اس سے جو انہوں نے کیا اور نہیں ہے آپ کا رب بے خبر ان کاموں سے جو وہ کرتے ہیں۔ اور آپ کا رب (عبادات سے) بے نیاز ہے

(١) اس فیصلہ کے درمیان اور دخول نار درمیان جتنا وقفہ عدم دخول کا چاہے گا اللہ تعالیٰ تو استثناء ابتداء سے ہے نہ آخر سے (کذافی المظہری)

ذُو الرَّحْمَةِ ۚ إِن يَشَأْ يُذْهِبْكُمْ وَيَسْتَخْلِفْ مِن بَعْدِكُم مَّا يَشَاءُ كَمَا أَنشَأَكُم مِّن ذُرِّيَّةِ

تخویف دنیوی

رحمت والا ہے اگر وہ چاہے لے جائے تم کو (اے اہل مکہ) اور قائم مقام بنادے تمہارے بعد جس کو وہ چاہے جیسا کہ پیدا کیا تمہیں (قرناً بعد قرن) دوسرے لوگوں کی

قَوْمٍ آخَرِينَ ﴿١٣٣﴾ إِنَّ مَا تُوعَدُونَ لَآتٍ ۖ وَمَا أَنتُم بِمُعْجِزِينَ ﴿١٣٤﴾ قُلْ يَا قَوْمِ اعْمَلُوا

تخویف اخروی — معاندین کے لیے آخری فیصلہ تہدید

اولاد سے۔ بیشک جو تمہیں وعدہ دیا جاتا ہے ضرور آنے والا ہے اور نہیں ہو تم (قیامت کے عذاب سے) عاجز کرنے والے۔ کہہ دیجئے اے میری قوم عمل کرو تم

عَلَىٰ مَكَانَتِكُمْ إِنِّي عَامِلٌ ۖ فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ مَن تَكُونُ لَهُ عَاقِبَةُ الدَّارِ ۗ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ

(قرینہ)

اپنی جگہ پر بیشک میں عمل کر رہا ہوں تو عنقریب تم جان لو گے کہ کس کے لیے آخرت کا گھر ہے بیشک نہیں کامیاب ہوں گے

الظَّالِمُونَ ﴿١٣٥﴾ وَجَعَلُوا لِلَّهِ مِمَّا ذَرَأَ مِنَ الْحَرْثِ وَالْأَنْعَامِ نَصِيبًا فَقَالُوا هَٰذَا لِلَّهِ بِزَعْمِهِمْ

چھ باطل رسوم جاہلیت برائے سفاہت عقل — نیازات غیر اللہ کا بیان رسم اول

ظالم۔اور بنایا انہوں نے اللہ کے لیے اس میں سے جو پیدا کیا کھیتی اور مویشی سے ایک حصہ پھر کہا انہوں نے یہ اللہ کے لیے ہے ان کے خیال میں

وَهَٰذَا لِشُرَكَائِنَا ۖ فَمَا كَانَ لِشُرَكَائِهِمْ فَلَا يَصِلُ إِلَى اللَّهِ ۖ وَمَا كَانَ لِلَّهِ فَهُوَ يَصِلُ

مصرف بتوں کے خدام

اور یہ ہمارے شریکوں کے لیے ہے تو جو ہے ان کے شریکوں کے لیے تو وہ نہیں پہنچتا اللہ تک، اور جو اللہ کے لیے ہے پس وہ پہنچتا ہے

إِلَىٰ شُرَكَائِهِمْ ۗ سَاءَ مَا يَحْكُمُونَ ﴿١٣٦﴾ وَكَذَٰلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِينَ قَتْلَ أَوْلَادِهِمْ

رسم دوم

ان کے شریکوں تک کتنا برا ہے وہ فیصلہ جو وہ کرتے ہیں۔ اور اسی طرح مزین کیا بہت سوں کے لیے مشرکین میں اپنی اولاد کو قتل کرنا

شُرَكَاؤُهُمْ لِيُرْدُوهُمْ وَلِيَلْبِسُوا عَلَيْهِمْ دِينَهُمْ ۖ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا فَعَلُوهُ ۖ فَذَرْهُمْ

شیطان — (یعنی ان کے رسم جاہلیت کی وجہ)

ان کے شریکوں نے تاکہ وہ ان کو ہلاک کریں اور تاکہ مشتبہ کریں ان پر ان کا دین اور اگر اللہ چاہتا تو وہ یہ کام نہ کرتے پس آپ ان کو چھوڑ دیں

وَمَا يَفْتَرُونَ ﴿١٣٧﴾ وَقَالُوا هَٰذِهِ أَنْعَامٌ وَحَرْثٌ حِجْرٌ لَّا يَطْعَمُهَا إِلَّا مَن نَّشَاءُ بِزَعْمِهِمْ

حرام — رسم سوم

اور جو وہ گھڑتے ہیں۔ اور انہوں نے کہا یہ مویشی اور کھیتی ممنوع ہیں نہیں کھاسکتے اس کو مگر جس کو ہم چاہیں ان کے خیال میں

وَأَنْعَامٌ حُرِّمَتْ ظُهُورُهَا وَأَنْعَامٌ لَّا يَذْكُرُونَ اسْمَ اللَّهِ عَلَيْهَا افْتِرَاءً عَلَيْهِ ۚ سَيَجْزِيهِم

رسم چہارم۔سواری یا بار برداری۔ — رسم پنجم

اور دوسرے مویشی ہیں حرام کی گئی ہیں ان کی (سواری کے لیے) پیٹھیں اور (تیسرے) مویشی ہیں جو نہیں لیتے اللہ کا نام ان پر بہتان باندھتے ہوئے اس پر عنقریب وہ بدلہ دے گا ان کو

بِمَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ﴿١٣٨﴾ وَقَالُوا مَا فِي بُطُونِ هَٰذِهِ الْأَنْعَامِ خَالِصَةٌ لِّذُكُورِنَا وَمُحَرَّمٌ

رسم ششم

اس کا جو وہ گھڑتے تھے۔ اور انہوں نے کہا جو ان مویشیوں کے پیٹوں میں ہے یہ خالص ہمارے مردوں کے لیے ہے اور حرام ہے وہ

عَلَىٰ أَزْوَاجِنَا ۖ وَإِن يَكُن مَّيْتَةً فَهُمْ فِيهِ شُرَكَاءُ ۚ سَيَجْزِيهِمْ وَصْفَهُمْ ۚ إِنَّهُ حَكِيمٌ

ہماری عورتوں پر اور اگر وہ مردار ہو تو وہ سب اس میں شریک ہوتے عنقریب بدلہ دے گا ان کو ان کے بیان کا بیشک وہ حکمت والا

عَلِيمٌ ﴿١٣٩﴾ قَدْ خَسِرَ الَّذِينَ قَتَلُوا أَوْلَادَهُمْ سَفَهًا بِغَيْرِ عِلْمٍ وَحَرَّمُوا مَا رَزَقَهُمُ اللَّهُ

قتل اولاد کی حماقت — تحریمات عباد

جاننے والا ہے۔ تحقیق نقصان میں پڑے ہوئے ہیں وہ لوگ جنہوں نے قتل کیا اپنی اولاد کو بے وقوفی سے علم نہ ہونے کی وجہ سے اور حرام ٹھہرائی انہوں جو اللہ نے ان کو روزی دی

ع افْتِرَاءً عَلَى اللَّهِ ۚ قَدْ ضَلُّوا وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ ﴿١٤٠﴾

بہتان باندھتے ہوئے اللہ پر تحقیق گمراہ ہوئے وہ اور نہیں تھے وہ ہدایت پانے والے

وَهُوَ الَّذِي أَنْشَأَ جَنَّاتٍ مَعْرُوشَاتٍ وَغَيْرَ مَعْرُوشَاتٍ وَالنَّخْلَ وَالزَّرْعَ مُخْتَلِفًا أُكُلُهُ

تذکیر بآلاء اللہ سے توحید پر عقلی دلائل

اور وہی ہے جس نے پیدا کیا باغات کو چھپروں پر چڑھائے ہوئے اور نہ چڑھائے ہوئے اور کھجور اور کھیتی کو مختلف ہے اس کی پیداوار

وَالزَّيْتُونَ وَالرُّمَّانَ مُتَشَابِهًا وَغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ۚ كُلُوا مِنْ ثَمَرِهِ إِذَا أَثْمَرَ وَآتُوا حَقَّهُ

کا واحد منھا

اور زیتون اور انار کو کچھ ملتے جلتے پھلوں والے اور کچھ جدا جدا تم کھاؤ اس کے پھل سے جب وہ پھل دے اور دو تم اس کا حق

يَوْمَ حَصَادِهِ ۖ وَلَا تُسْرِفُوا ۚ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِينَ ﴿١٤١﴾ وَمِنَ الْأَنْعَامِ حَمُولَةً وَفَرْشًا ۚ

تحریمات عباد کی تردید۔ باربرداری (ذبح ہوئے)

جس دن اس کو کاٹو اور تم فضول خرچی مت کرو بیشک۔ اللہ فضول خرچی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتے، اور (پیدا کیے) مویشی میں سے بوجھ اٹھانے والے اور زمین سے لگے ہوئے

كُلُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ وَلَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ ۚ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُبِينٌ ﴿١٤٢﴾ ثَمَانِيَةَ

حلال

کھاؤ اس میں سے جو تم کو اللہ نے روزی دی ہے اور مت چلو شیطان کے قدموں پر۔ بیشک وہ تمہارا صریح دشمن ہے۔ آٹھ قسمیں پیدا کیں

أَزْوَاجٍ ۖ مِنَ الضَّأْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ۗ قُلْ آلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ أَمِ الْأُنْثَيَيْنِ

مویشیوں کی اقسام — مشرکین سے طریق مناظرہ

بھیڑ میں سے دو اور بکری میں دو آپ ان سے پوچھیں کیا دونوں نر اللہ نے حرام کیے یا دونوں مادہ،

أَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ أَرْحَامُ الْأُنْثَيَيْنِ ۖ نَبِّئُونِي بِعِلْمٍ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ﴿١٤٣﴾ وَمِنَ الْإِبِلِ

بڑے قد والے — مطالبہ دلیل علمی

یا وہ بچہ جو دونوں مادہ کے رحم میں ہیں مجھے بتاؤ علم کے ساتھ اگر تم سچے ہو۔ اور اونٹ میں سے

اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ ۗ قُلْ آلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ أَمِ الْأُنْثَيَيْنِ أَمَّا اشْتَمَلَتْ

حلال مویشیوں کے بیان

دو اور گائے میں سے دو آپ پوچھ لیجیے کیا دونوں نر حرام کیے ہیں یا دونوں مادہ یا وہ بچہ جو دونوں

عَلَيْهِ أَرْحَامُ الْأُنْثَيَيْنِ ۖ أَمْ كُنْتُمْ شُهَدَاءَ إِذْ وَصَّاكُمُ اللَّهُ بِهَٰذَا ۚ فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ

مشرکین پر تنبیہ — مطالبہ دلیل وحی

مادہ کے رحم میں ہیں کیا تم موجود تھے جب اللہ نے تم کو یہ حکم دیا تھا پس اس سے بڑھ کر کون ظالم ہے جو

ع ۱۷ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا لِيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ﴿١٤٤﴾

اللہ پر جھوٹا بہتان باندھے تا کہ لوگوں کو گمراہ کرے بغیر تحقیق کے بیشک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتے

قُلْ لَّآ اَجِدُ فِیْ مَآ اُوْحِیَ اِلَیَّ مُحَرَّمًا عَلٰی طَاعِمٍ یَّطْعَمُهٗٓ اِلَّآ اَنْ یَّكُوْنَ مَیْتَةً اَوْ دَمًا

تحریماتِ الٰہیہ کا بیان

آپ کہہ دیجئے میں نہیں پاتا اس میں جو وحی کیا گیا میری طرف کوئی حرام (چیز) کسی کھانے والے پر کہ وہ اس کو کھائے مگر یہ کہ ہو وہ مردار یا خون

مَّسْفُوْحًا اَوْ لَحْمَ خِنْزِیْرٍ فَاِنَّهٗ رِجْسٌ اَوْ فِسْقًا اُهِلَّ لِغَیْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَیْرَ بَاغٍ

بہتا ہوا یا خنزیر کا گوشت پس تحقیق وہ ناپاک ہے یا نافرمانی کا ذریعہ ہو کہ اس پر غیر اللہ کا نام لیا گیا ہو پس جو شخص مجبور ہو نہ بغاوت کرنے والا ہو

وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ رَبَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۴۵﴾ وَعَلَی الَّذِیْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِیْ ظُفُرٍ ۚ

یہود کے لیے بعض اشیاء کی حرمت (۱)

اور نہ حد سے بڑھنے والا ہو پس تحقیق تیرا رب بخشنے والا مہربان ہے۔ اور ان لوگوں پر جو یہودی ہوئے حرام کیا ہم نے ہر ناخن والا جانور

وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَیْهِمْ شُحُوْمَهُمَآ اِلَّا مَا حَمَلَتْ ظُهُوْرُهُمَآ اَوِ الْحَوَایَآ

اور گائے اور بکری سے حرام کی ہم نے ان پر ان دونوں کی چربی مگر جو لگی ہوئی ہو ان دونوں کی پشت پر یا انتڑیوں پر

اَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ ؕ ذٰلِكَ جَزَیْنٰهُمْ بِبَغْیِهِمْ ۖ٘ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۱۴۶﴾ فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ رَّبُّكُمْ

تسلی خاتم الانبیاء

یا جو ہڈی سے ملی ہوئی ہو۔ یہ سزا دی تھی ہم نے ان کو ان کی شرارت کی وجہ سے اور بیشک ہم سچے ہیں۔ پس اگر یہ آپ کو جھٹلائیں تو آپ کہہ دیجئے تمہارا رب

ذُوْ رَحْمَةٍ وَّاسِعَةٍ ۚ وَلَا یُرَدُّ بَاْسُهٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِیْنَ ﴿۱۴۷﴾ سَیَقُوْلُ الَّذِیْنَ اَشْرَكُوْا

سبب رحمت — شکوۂ مشرکین

وسیع رحمت والا ہے اور اس کا عذاب دور نہیں کیا جائے گا مجرم لوگوں سے۔ عنقریب کہیں گے وہ لوگ جنہوں نے شرک کیا۔

لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكْنَا وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ شَیْءٍ ؕ كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِیْنَ مِنْ

جواب شکوہ ۔(۲) (تم سے پہلے لوگوں

اگر اللہ تعالیٰ چاہتا (تو) ہم اور ہمارے باپ دادا شرک نہ کرتے اور نہ ہم حرام کرتے کسی چیز کو اسی طرح جھٹلایا ان لوگوں نے جو ان سے

قَبْلِهِمْ حَتّٰی ذَاقُوْا بَاْسَنَا ؕ قُلْ هَلْ عِنْدَكُمْ مِّنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوْهُ لَنَا ؕ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا

کی گرفت کیوں ہوئی؟) — مشرکین سے دلیل کا مطالبہ — تحلیل و تحریم والے مقدمہ پر

پہلے تھے یہاں تک کہ چکھا انہوں نے ہمارا عذاب کہہ دیجئے کیا تمہارے پاس کوئی علمی ثبوت ہے تو اس کو ہمارے سامنے پیش کرو نہیں پیروی کرتے مگر

الظَّنَّ وَاِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَخْرُصُوْنَ ﴿۱۴۸﴾ قُلْ فَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ۚ فَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِیْنَ ﴿۱۴۹﴾

فی الاقوال والاعمال۔ — تتمہ ماسبق — کاملہ — جبراً

تم گمان کی اور نہیں تم مگر قیاس آرائیاں کرتے ہو۔ آپ کہہ دیجئے تو اللہ ہی کے لیے حجت پوری ہے پس اگر وہ چاہتا تو تم سب کو ہدایت دے دیتا

قُلْ هَلُمَّ شُهَدَآءَكُمُ الَّذِیْنَ یَشْهَدُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ هٰذَا ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا فَلَا تَشْهَدْ

دلیل نقلی کا مطالبہ — یعنی ثمٰنیۃ ازواج میں سے بعض کو

کہہ دیجئے تم لاؤ اپنے گواہ جو گواہی دیں کہ بیشک اللہ نے اس کو حرام کیا ہے پس اگر وہ گواہی دیں (غلط) تو آپ ان کے ساتھ گواہی نہ دیں

مَعَهُمْ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا وَالَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَهُمْ

اور آپ نہ پیروی کریں ان لوگوں کی خواہشات کی جنہوں نے جھٹلایا ہماری آیات کو اور وہ لوگوں جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اور وہ

(۱)
جن کی انگلیاں پھٹی ہوئی نہ ہوں جیسے گھوڑے ۔ اونٹ، شترمرغ، بطخ۔

(۲)
تفصیلی جواب شکوہ سورۃ نحل آیت نمبر ۳۵۔۳۶ ص ۲۷۹ دیکھیں

١٨ ع ٥

بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُونَ ﴿١٥٠﴾

اپنے رب کے ساتھ شریک بناتے ہیں

قُلْ تَعَالَوْا أَتْلُ مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ ۖ أَلَّا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا ۖ وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا ۖ

تحریماتِ الٰہیہ کا بیان (دس چیزوں کی حرمت) نمبر ۱ نمبر ۲

آپ کہہ دیجئے آؤ میں پڑھ کر سناؤں وہ جو حرام کیا ہے تمہارے رب نے تم پر کہ نہ شریک کرو تم اس کے ساتھ کسی چیز کو اور والدین سے نیکی کرو

وَلَا تَقْتُلُوا أَوْلَادَكُمْ مِنْ إِمْلَاقٍ ۖ نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَإِيَّاهُمْ ۖ وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ

نمبر ۳ نمبر ۴ زنا خواہ علانیہ یا پوشیدہ

اور اپنی اولاد کو قتل مت کرو بھوک کی وجہ سے۔ ہم روزی دیتے ہیں تمہیں اور ان کو اور مت قریب جاؤ بےحیائی کے کاموں کے

مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ ۖ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللَّهُ إِلَّا بِالْحَقِّ ۚ ذَٰلِكُمْ

نمبر ۵

جو ظاہر ہو اس میں سے اور جو پوشیدہ ہو اور مت قتل کرو اس جان کو جس کو اللہ نے حرام کیا ہے مگر (شرعی) حق کی وجہ سے اس کی اللہ

وَصَّاكُمْ بِهِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ﴿١٥١﴾ وَلَا تَقْرَبُوا مَالَ الْيَتِيمِ إِلَّا بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ حَتَّىٰ

نمبر ۶ احکاماتِ عملیہ

تمہیں تاکید کرتا ہے تاکہ تم (ان کے فوائد) سمجھو۔ اور مت قریب جاؤ یتیم کے مال کے مگر اس طریقہ پر جو وہ بہتر ہے یہاں تک

يَبْلُغَ أَشُدَّهُ ۖ وَأَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيزَانَ بِالْقِسْطِ ۖ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا ۖ وَإِذَا قُلْتُمْ

نمبر ۷ نمبر ۸

وہ پہنچ جائے اپنی جوانی کو اور پورا کرو ناپ اور تول کو انصاف کے ساتھ ہم ذمہ داری نہیں ڈالتے کسی شخص پر مگر اس کی گنجائش کے مطابق اور جب تم بات کہو

فَاعْدِلُوا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبَىٰ ۖ وَبِعَهْدِ اللَّهِ أَوْفُوا ۚ ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُمْ بِهِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ﴿١٥٢﴾

نمبر ۹

تو انصاف کی کہو اگرچہ وہ ہو رشتہ دار اور اللہ کے عہد کو پورا کرو اس نے تمہیں ان باتوں کا تاکید حکم دیا ہے تاکہ تم یاد رکھو

وَأَنَّ هَٰذَا صِرَاطِي مُسْتَقِيمًا فَاتَّبِعُوهُ ۖ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِيلِهِ ۚ

نمبر ۱۰۔ قانون عام یعنی مذکورہ احکام پر چلنا صراطِ مستقیم کی تشریح

اور اس لیے کہ یہ میرا سیدھا راستہ ہے پس اس کی پیروی کرو اور مت پیروی کرو دوسرے راستوں کی کہ متفرق کر دیں گی تمہیں وہ راہیں اللہ کے رستہ سے

ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُمْ بِهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ﴿١٥٣﴾ ثُمَّ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ تَمَامًا عَلَى الَّذِي أَحْسَنَ

شفقت خداوندی دلیل نقلی برائے اتمام انعامات۔ توراۃ کی چار خوبیاں نمبر ۱

اس کا تمہیں تاکیدی حکم دیا جاتا ہے تاکہ تم (عذاب الٰہی) سے بچ جاؤ۔ پھر دی ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب اتمام نعمت کے لیے اس پر جس نے نیک کام کیا

١٩ ع ٦

وَتَفْصِيلًا لِكُلِّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً لَعَلَّهُمْ بِلِقَاءِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُونَ ﴿١٥٤﴾

نمبر ۲ جس میں اوامر اور نواہی کی ضرورت ہے۔ نمبر ۳ نمبر ۴ نزول تورات کا مقصد

اور ہر چیز کی تفصیل اور ہدایت اور رحمت، تاکہ وہ لوگ اپنے رب کی ملاقات پر ایمان لائیں۔

وَهَٰذَا كِتَابٌ أَنْزَلْنَاهُ مُبَارَكٌ فَاتَّبِعُوهُ وَاتَّقُوا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ﴿١٥٥﴾ أَنْ تَقُولُوا إِنَّمَا أُنْزِلَ

صداقت قرآن (۱) حکمت نزول قرآن حکمت انزال کتاب۔ دفع عذر نمبر ۱

اور یہ کتاب ہے ہم نے اس کو اتارا ہے بابرکت پس اس کی پیروی کرو اور (گناہوں سے) بچتے رہو تاکہ تم رحم کیے جاؤ۔ تاکہ تم یہ نہ کہو بیشک نازل کی گئی

(۱) دلیل نمبر ۱۱ قرآن کے منجانب اللہ ہونے پر، اور دلیل نمبر ۱۲ سورۃ الاعراف آیت ۲ ص ۱۵۹ میں دیکھیں

ف :دلیل نمبر۵ قرآن کریم کے نازل کرنے کی کیا غرض ہے؟اور دلیل نمبر٦ سورۃ یونس آیت ۵۷ ص ۲۲۳ میں دیکھیں

الْكِتٰبُ عَلٰى طَآئِفَتَيْنِ مِنْ قَبْلِنَا ۪ وَاِنْ كُنَّا عَنْ دِرَاسَتِهِمْ لَغٰفِلِيْنَ ﴿١٥٦﴾ اَوْ تَقُوْلُوْا لَوْ اَنَّآ

(خطاب اہل مکہ) اختلاف لغت کی وجہ دفعہ عذر نمبر۲

کتاب دو جماعتوں پر ہم سے پہلے اور بیشک ہم اس کے پڑھنے پڑھانے سے بے خبر تھے۔ یا یہ کہو تم کہ اگر

اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْكِتٰبُ لَكُنَّآ اَهْدٰى مِنْهُمْ ۚ فَقَدْ جَآءَكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى

ف

اتاری جاتی ہم پر کتاب تو ہم ان سے زیادہ ہدایت پر ہوتے تو تحقیق آئی تمہارے پاس واضح کتاب تمہارے رب کی طرف سے اور ہدایت

وَّرَحْمَةٌ ۚ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَصَدَفَ عَنْهَا ؕ سَنَجْزِى الَّذِيْنَ

تنبیہ

اور رحمت پس اس سے بڑھ کر کون ظالم ہے جو اللہ کی آیات کو جھٹلائے اور اس سے منہ موڑے عنقریب ہم بدلہ دیں گے ان لوگوں کو

يَصْدِفُوْنَ عَنْ اٰيٰتِنَا سُوْٓءَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا يَصْدِفُوْنَ ﴿١٥٧﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ

تنبیہ برعدم ایمان

جو منہ موڑتے ہیں ہماری آیات سے برا عذاب اس لیے کہ وہ اعراض کرتے تھے۔ نہیں وہ دیکھتے مگر اس بات کو کہ

تَاْتِيَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ يَاْتِىَ رَبُّكَ اَوْ يَاْتِىَ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ ؕ يَوْمَ يَاْتِىْ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ

(موت یا عذاب، آنحضرتؐ یا قرآن کی شہادت دیں) سورج کا مغرب سے طلوع ہونا ہے

آئیں ان کے پاس فرشتے یا آئے آپ کے رب کا (عذاب) یا آئیں بعض نشانیاں آپ کے رب کی جس دن آئیں گی تیرے رب کی بعض نشانیاں

لَا يَنْفَعُ نَفْسًا اِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ اَوْ كَسَبَتْ فِىْٓ اِيْمَانِهَا

نہیں کام آئے گا کسی شخص کو اس کا ایمان لانا، جو نہ ایمان لایا تھا اس سے پہلے یا نہیں کمائی تھی اس نے اپنے ایمان میں

خَيْرًا ؕ قُلِ انْتَظِرُوْٓا اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿١٥٨﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا

فریضہ خاتم الانبیاء سے دھمکی دین حق میں تفریق سے ترہیب۔ یہود و نصاریٰ مشرکین اہل بدعت (۱)

کوئی بھلائی آپ کہہ دیجئے تم انتظار کرو بیشک ہم بھی انتظار کرنے والے ہیں بیشک۔ وہ لوگ جنھوں نے تفریق ڈالی اپنے دین میں اور وہ مختلف فرقوں میں بٹ گئے

لَّسْتَ مِنْهُمْ فِىْ شَىْءٍ ؕ اِنَّمَآ اَمْرُهُمْ اِلَى اللّٰهِ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿١٥٩﴾

تسلی خاتم الانبیاء فیصلہ خداوندی

آپ کا ان سے کچھ بھی تعلق نہیں ہے۔ بیشک ان کا معاملہ اللہ کے سپرد ہے پھر وہ ان کو بتادے گا ان کاموں کے بارے میں جو وہ کرتے تھے۔

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا ۚ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا

دستور خداوندی : قیامت کے دن عمل کا فیصلہ کیا ہوگا؟

جو شخص ایک نیکی لائے گا پس اس کے لیے دس گنا ہوگا اور جو شخص ایک برائی لائے گا تو وہ نہیں بدلہ دیا جائے گا مگر

مِثْلَهَا وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿١٦٠﴾ قُلْ اِنَّنِىْ هَدٰىنِىْ رَبِّىْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۚ

فرائض خاتم الانبیاء اعلان نمبر۱

اس کے برابر اور وہ ظلم نہیں کیے جائیں گے، آپ کہہ دیجئے بیشک میری راہنمائی کی میرے رب نے سیدھے راستہ کی طرف

دِيْنًا قِيَمًا مِّلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۚ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١٦١﴾ قُلْ اِنَّ صَلَاتِىْ

برأت شرک اعلان نمبر۲ نفی شرک اعتقادی

ایک صحیح دین ملت ابراہیم علیہ السلام کی جو ایک ہی طرف یکسو تھا اور نہیں تھا شرک کرنے والوں میں سے۔ آپ کہہ دیجئے بیشک میری نماز

(۱)
حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی لکھتے ہیں کہ شیعا فلعل من اعجاز القرآن الاشارۃ الی فرق الروافض الذین یسمون انفسھم شیعا بقولہ تعالیٰ وکانوا شیعاً مظہری ص ۳۴۱ جلد ۲۔ لفظ شیعہ پر دلیل نمبر۲، اور دلیل نمبر۳، سورۃ مریم آیت ٦۹ ص ۳۱۹ میں دیکھیں

ف
خوارج، روافض، قدریہ مرجیہ غیر مقلدین۔ وغیرہ سب داخل ہیں۔ مذاہب عالم میں برحق مذہب سواد اعظم اہل سنت والجماعت ہے تفصیل معارف الفرقان میں دیکھیں

وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶۲﴾ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ۚ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ

خلاصۂ دین / نفی شرک فعلی — خلاصۂ اعلانات سابقہ

اور میری قربانی اور میری زندگی اور میری موت اللہ ہی کے لیے ہے جو سب جہانوں کا پالنے والا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور مجھے اسی کا حکم دیا گیا تھا

وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۶۳﴾ قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِيْ رَبًّا وَّهُوَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ ۭ وَلَا تَكْسِبُ

اعلان نمبر ۳ تردید رسم شرکیہ — تخویف اخروی

اور میں سب سے پہلے فرمانبردار ہوں، آپ کہہ دیجئے کیا میں اللہ کے سوا کوئی اور رب تلاش کروں حالانکہ وہی رب ہے ہر چیز کا اور نہیں کماتا،

كُلُّ نَفْسٍ اِلَّا عَلَيْهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰي ۚ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ

کوئی نفس مگر اس کا وبال اس پر ہے اور نہیں اٹھائے گا کوئی بوجھ اٹھانے والا دوسرے کا بوجھ پھر تمہیں اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر جانا ہے

فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۶۴﴾ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰۗىِٕفَ الْاَرْضِ

مجازات اعمال — تذکیر بالآء اللہ

پھر وہ تم کو بتادے گا جو تم اس میں اختلاف کرتے تھے۔ اور وہی ہے جس نے بنایا تم کو جانشیں زمین میں

وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ ۭ اِنَّ رَبَّكَ سَرِيْعُ الْعِقَابِ ڮ

تفاضل — احوال مختلف — ترھیب

اور بلند کیا تم میں سے بعض کو بعض پر مراتب میں تا کہ وہ تم کو جانچے اس میں جو تم کو اس نے دیا، بیشک تیرا رب جلد عذاب دینے والا ہے

النصف ع ۲۰

وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۶۵﴾ ع

ترغیب

اور بیشک وہ البتہ بخشنے والا مہربان ہے

سُوْرَۃُ الْاَعْرَافِ مَکِّیَّۃٌ وَّھِیَ مِائَتَانِ وَّسِتُّ اٰیَاتٍ وَّاَرْبَعٌ وَّعِشْرُوْنَ رُکُوْعًا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ترتیب تلاوت نمبر ۷، ترتیب نزول ۳۹، آیات ۲۰۶، رکوعات ۲۴

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

الۗمّۗصۗ ﴿۱﴾ كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِيْ صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ وَ

صداقت قرآن (۱) — یعنی الم نشرح لك صدرك — نزول کتاب کا مقصد و فریضۂ خاتم الانبیاء

المص ۔ یہ کتاب اتاری گئی آپ کی طرف لہٰذا نہ ہو آپ کے سینہ میں اس سے کوئی تنگی تا کہ آپ ڈرائیں اس کے ذریعہ اور

ذِكْرٰي لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲﴾ اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ

مستفیدین من القرآن۔ — فرائض امتِ محمدیہ

یہ نصیحت ہے ایمانداروں کے لیے ۔ پیروی کرو اس کی جو اتاری گئی تمہاری طرف تمہارے رب کی جانب سے ، اور نہ پیروی کرو اس کو چھوڑ کر

اَوْلِيَاۗءَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۳﴾ وَكَمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا فَجَاۗءَهَا بَاْسُنَا بَيَاتًا اَوْ

جیسے شیاطین الجن والانس ہیں — تذکیر بایام اللہ سے تخویف دنیوی

دوسرے دوستوں کی بہت کم تم نصیحت مانتے ہو، اور کتنی بستیاں ہم نے ان کو ہلاک کیا تو آیا ان کے پاس ہمارا عذاب رات کو یا

هُمْ قَاۗىِٕلُوْنَ ﴿۴﴾ فَمَا كَانَ دَعْوٰىهُمْ اِذْ جَاۗءَهُمْ بَاْسُنَآ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۵﴾

مجرمین کا اقرار

اس حال میں کہ وہ دوپہر کو سونے والے تھے ۔ پھر نہیں تھی ان کی پکار جب آیا ان کے پاس ہمارا عذاب مگر انہوں کہا بیشک ہم ظالم تھے۔

موضوع سورۃ : سورۃ البقرہ میں یہود کو دعوت الی الکتاب دی گئی تھی۔ آل عمران میں نصاریٰ کو دعوت الی التوحید، مائدہ اور نساء میں اصلاحِ عرب اور انعام میں اصلاحِ مجوس مقصود تھی۔ اس سورۃ میں بقیہ اقوام عالم کو دعوت الی القرآن دی گئی ہے۔

(۱) دلیل نمبر ۱۲ قرآن کریم کے منجانب اللہ نازل ہونے پر، اور دلیل نمبر ۱۳ سورۃ یونس آیت ۷ ۳ ص ۲۲۱ میں دیکھیں

فَلَنَسْـَٔلَنَّ الَّذِيْنَ اُرْسِلَ اِلَيْهِمْ وَلَنَسْـَٔلَنَّ الْمُرْسَلِيْنَ ۝۶ فَلَنَقُصَّنَّ عَلَيْهِمْ

تذکیر بمابعد الموت سے تخویف اخروی — علم خداوندی سے احوال

تو ہم ضرور پوچھیں گے ان لوگوں سے جن کی طرف بھیجے گئے (رسول) اور ہم ضرور پوچھیں گے رسولوں سے بھی۔ پھر ہم خود بیان کریں گے (احوال) ان پر

بِعِلْمٍ وَّمَا كُنَّا غَآئِبِيْنَ ۝۷ وَالْوَزْنُ يَوْمَئِذِ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ

(۱) اتمام حجت کے لیے تفصیلی بیان میزان عمل اس کی حقانیت (معتزلہ عدل) مؤمنین کے لیے کامیابی (۲)

اپنے علم سے اور ہم غیر حاضر نہیں تھے۔ اور اس دن وزن کیا جانا برحق ہے پس جس شخص کہ بھاری ہوں گے اس کے اوزان تو وہ

هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝۸ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ بِمَا

مجرمین کے لیے ناکامی

کامیاب ہونے والے ہیں۔ اور جو شخص کہ ہلکے ہوں گے اس کے اوزان پس ان لوگوں نے اپنے آپ کو نقصان میں رکھا اس لیے کہ

كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَظْلِمُوْنَ ۝۹ وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِى الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ؕ

ناحق شناسی — (۳) تذکیر بالآء اللہ سے ترغیب ایمان نمبر ۱ — نمبر ۲ نعمت معیشت کا بیان

وہ ہماری آیتوں کے ساتھ زیادتی کرتے تھے۔ اور البتہ تحقیق ہم نے تم کو زمین میں رہنے کی جگہ دی اور بنائے ہم نے تمہارے لیے اس میں ذریعہ معاش

قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝۱۰ ع

ع ۱-۸

بہت کم ہی تم (منعم کا) شکر کرتے ہو

وَلَقَدْ خَلَقْنٰكُمْ ثُمَّ صَوَّرْنٰكُمْ ثُمَّ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ ۖ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ

نمبر ۳ نعمت ایجاد — نمبر ۴ — نمبر ۵ نعمت اکرام

اور البتہ تحقیق پیدا کیا ہم نے تم کو پھر ہم نے تمہاری صورتیں بنائیں پھر ہم نے کہا فرشتوں سے سجدہ کرو آدم کو تو انہوں نے سجدہ کیا مگر

اِبْلِيْسَ ؕ لَمْ يَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ۝۱۱ قَالَ مَا مَنَعَكَ اَلَّا تَسْجُدَ اِذْ اَمَرْتُكَ ؕ قَالَ اَنَا خَيْرٌ

مکالمۂ خداوندی — جواب مکالمہ

ابلیس نہیں تھا سجدہ کرنے والوں میں سے۔ اللہ نے فرمایا کسی چیز نے روکا تجھ کو کہ تو نے سجدہ نہیں کیا جب میں نے تجھے حکم دیا اس نے کہا میں بہتر ہوں

مِّنْهُ ۚ خَلَقْتَنِىْ مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ۝۱۲ قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا فَمَا يَكُوْنُ لَكَ

حکم خداوندی ۔ جنت یا آسمان سے

اس سے پیدا کیا تو نے مجھے آگ سے اور پیدا کیا تو نے اس کو مٹی سے۔ کہا کہ اتر جا تو اس سے پس نہیں ہے تیرے لیے (حق) کہ

اَنْ تَتَكَبَّرَ فِيْهَا فَاخْرُجْ اِنَّكَ مِنَ الصّٰغِرِيْنَ ۝۱۳ قَالَ اَنْظِرْنِىْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ۝۱۴

مطالبۂ ابلیس

تو تکبر کرے اس میں پس نکل جا بیشک تو ذلیلوں میں سے ہے، کہا مجھے مہلت دیجئے دوبارہ اٹھائے جانے کے دن تک،

قَالَ اِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ۝۱۵ قَالَ فَبِمَآ اَغْوَيْتَنِىْ لَاَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝۱۶ لا

جواب مطالبہ — ابلیس کی جذبۂ انتقام سے سرکشی — مراد سعی بلیغ

کہا تحقیق تو مہلت دیئے ہوؤں میں سے ہے، اس نے کہا اس لیے کہ تو نے مجھے گمراہ کیا ضرور میں بیٹھوں گا ان کے لیے تیرے سیدھے راستہ پر

ثُمَّ لَاٰتِيَنَّهُمْ مِّنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ وَعَنْ اَيْمَانِهِمْ وَعَنْ شَمَآئِلِهِمْ ؕ

ابلیس کے حملے کا طریقہ — نمبر ۱ — نمبر ۲ — نمبر ۳ — نمبر ۴

پھر میں ضرور آؤں گا ان کے پاس ان کے سامنے سے اور ان کے پیچھے سے اور ان دائیں سے اور ان کے بائیں سے

(۱)
اللہ تعالیٰ کے حاضر و ناظر پر واضح دلیل ہے فتدبر

(۲)
سورۃ انبیاء ۔ آیت ۴۷ میں جمع کا لفظ ہے ص ۳۳۵ میں دیکھیں

(۳)
اوپر عدم ایمان پر ترھیب تھی اب ایمان لانے پر ترغیب کا ذکر ہے

وَلَا تَجِدُ اَكْثَرَهُمْ شٰكِرِيْنَ ﴿۱۷﴾ قَالَ اخْرُجْ مِنْهَا مَذْءُوْمًا مَّدْحُوْرًا ؕ لَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ لَاَمْلَـَٔنَّ

لاقعدنّ لهم کا جواب — ابلیس کے لیے جنت سے نکلنے کا حکم

اور آپ نہیں پائیں گے ان کے اکثر کو شکر گزار، فرمایا نکل تو اس سے بدحال دھتکارا ہوا (قسم ہے کہ) جو شخص پیروی کرے گا تیری ان میں (تو) میں ضرور بھروں گا

جَهَنَّمَ مِنْكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۸﴾ وَيٰۤاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ فَكُلَا مِنْ حَيْثُ شِئْتُمَا

اعزاز آدم وحواء

جہنم کو تم سب سے، اور اے آدم! رہیں آپ اور آپ کی بیوی جنت میں پس کھاؤ تم دونوں جہاں سے تم دونوں چاہو،

وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۹﴾ فَوَسْوَسَ لَهُمَا الشَّيْطٰنُ لِيُبْدِيَ

پرہیز — نتیجہ بد پرہیزی (سخت تکلیف اٹھانے والوں سے) — وسوسہ ابلیس

اور مت قریب جاؤ تم دونوں اس درخت کے کہ ہو جاؤ گے تم دونوں ناانصافوں میں سے۔ پس وسوسہ پیدا کیا ان دونوں کے لیے شیطان نے تاکہ ظاہر کر دے

لَهُمَا مَا وٗرِيَ عَنْهُمَا مِنْ سَوْاٰتِهِمَا وَقَالَ مَا نَهٰىكُمَا رَبُّكُمَا عَنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ اِلَّاۤ اَنْ

(۱) — وسوسہ ابلیس کی تشریح

دونوں کے لیے جو پوشیدہ رکھا گیا ہے ان دونوں سے، ان دونوں کی شرمگاہوں سے اور اس نے کہا نہیں روکا تم دونوں کو تمہارے رب نے اس درخت سے مگر اس لیے کہ

تَكُوْنَا مَلَكَيْنِ اَوْ تَكُوْنَا مِنَ الْخٰلِدِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَقَاسَمَهُمَاۤ اِنِّيْ لَكُمَا لَمِنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿۲۱﴾ۙ

شیطان کی اظہار خیر خواہی و فریب

ہو جاؤ تم دونوں فرشتے یا ہو جاؤ سدا رہنے والوں میں سے، اور پختہ قسم کھائی دونوں کے سامنے کہ بیشک میں تم دونوں کے لیے البتہ خیر خواہ ہوں

فَدَلّٰىهُمَا بِغُرُوْرٍ ۚ فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا

شیطان کی مقصد میں کامیابی — شیطان کی کامیابی کا نتیجہ

پھر دونوں کو مائل کر لیا دھوکہ سے پھر جب چکھا ان دونوں نے درخت کو تو ظاہر ہو گئیں ان دونوں کے لیے دونوں کی شرمگاہیں اور وہ دونوں اپنے اوپر جوڑنے لگے،

مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ؕ وَنَادٰىهُمَا رَبُّهُمَاۤ اَلَمْ اَنْهَكُمَا عَنْ تِلْكُمَا الشَّجَرَةِ وَاَقُلْ لَّكُمَاۤ

نداء خداوندی

جنت کے پتوں سے اور پکارا ان دونوں کو ان کے رب نے کہ کیا میں نے تمہیں روکا تھا تم دونوں کو اس درخت سے اور کیا میں نے نہیں کہا تھا تم دونوں سے

اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمَا عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۲۲﴾ قَالَا رَبَّنَا ظَلَمْنَاۤ اَنْفُسَنَا ٚ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا

حضرت آدمؑ و حواؑ کے توبہ کے کلمات

کہ بیشک شیطان تمہارے لیے کھلا دشمن ہے۔ ان دونوں نے کہا اے ہمارے رب! زیادتی کی ہم نے اپنی جانوں پر اور اگر تو ہمیں معاف نہیں کرے گا اور ہم پر رحم نہیں کرے گا

لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾ قَالَ اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِي الْاَرْضِ

حاکمانہ جواب برائے خروج جنت ۔ آدم وحواء

تو البتہ ہم ضرور تباہ ہو جائیں گے ۔ کہا اتر جاؤ تم ایک دوسرے کے دشمن رہو گے اور تمہارے لیے زمین میں

مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۲۴﴾ قَالَ فِيْهَا تَحْيَوْنَ وَفِيْهَا تَمُوْتُوْنَ وَمِنْهَا تُخْرَجُوْنَ ﴿۲۵﴾ ع ۹ ۱۵ ۲

(۲) — خطاب آدم وحوا اور اولاد آدم

ٹھکانا ہے اور ایک وقت تک نفع اٹھانا ہے، کہا تم اسی زمین میں زندہ رہو گے اور اسی میں مرو گے اور اسی سے نکالے جاؤ گے

يٰبَنِيْۤ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا ؕ وَلِبَاسُ التَّقْوٰى ذٰلِكَ خَيْرٌ ؕ

تذکیر بالآء اللہ سے بنی آدم پر انعامات — ایمان، حیا، عمل صالح، خشیۃ اللہ، پاک دامنی (۳)

اے اولاد آدم! تحقیق اتاری ہم نے تم پر پوشاک جو ڈھانکتی ہے تمہاری شرمگاہیں اور آرائش بھی اور پرہیز گاری کا لباس وہ سب سے بہتر ہے۔

(۱) اس درخت کے کھانے سے اس لیے منع کیا تھا کہ اس کے کھانے سے قوت ملکیت یا دائمی زندگی پیدا ہو جاتی ہے اس وقت تم دونوں اس کے کھانے کے متحمل نہیں تھے اب اس کے متحمل ہو لہٰذا ممانعت ختم ہو گئی ہے۔

(۲) عارضی حیات، اسی زمینی قبر کو قبر ہی کہا جاتا ہے اس پر چار دلائل دلیل نمبر ۱، اور دلیل نمبر ۲ سورۃ طٰہٰ آیت نمبر ۵۵ ص ۳۲۴

(۳) یہ سب تفسیریں درست ہیں

ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۲۶﴾ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ لَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ كَمَآ اَخْرَجَ

شیطان سے بچنے کا حکم

یہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہے تا کہ وہ نصیحت حاصل کریں ، اے اولاد آدم ہر گز نہ بہکائے تمہیں شیطان جس طرح نکالا

اَبَوَيْكُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ يَنْزِعُ عَنْهُمَا لِبَاسَهُمَا لِيُرِيَهُمَا سَوْاٰتِهِمَا ؕ اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ هُوَ وَقَبِيْلُهٗ

اس نے تمہارے ماں باپ کو جنت سے اتروائے ان سے ان کے کپڑے تا کہ دکھائے انہیں ان کی شرم گاہیں یقیناً وہ دیکھتا ہے تمہیں اور اس کی قوم

مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ ؕ اِنَّا جَعَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَآءَ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَاِذَا فَعَلُوْا

منکرین توحید کی

جہاں سے تم نہیں دیکھتے بیشک ہم نے شیاطین کو ان لوگوں کا دوست بنایا ہے جو ایمان نہیں لاتے۔ اور جب وہ کرتے ہیں

فَاحِشَةً قَالُوْا وَجَدْنَا عَلَيْهَآ اٰبَآءَنَا وَاللّٰهُ اَمَرَنَا بِهَا ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ ؕ

رسم بد کی تردید دلیل اول۔ جواب دلیل نمبرا (۱) دلیل دوم۔ جواب دلیل دوم

کوئی بے حیائی کا کام تو کہتے ہیں پایا ہم نے اس پر اپنے باپ دادا کو اور اللہ نے ہمیں حکم دیا ہے اس کا، آپ کہہ دیجئے بیشک اللہ نہیں حکم دیتے بے حیائی کے کاموں کا

اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸﴾ قُلْ اَمَرَ رَبِّيْ بِالْقِسْطِ ۣ وَاَقِيْمُوْا وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ

لباس تقویٰ کے مقدمات نمبرا کی تشریح نمبر ۲

کیا تم کہتے ہو اللہ پر جو تم نہیں جانتے ۔آپ کہہ دیجئے میرے رب نے حکم دیا ہے انصاف کا اور سیدھا رکھو اپنے چہروں کو

كُلِّ مَسْجِدٍ وَّادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۬ؕ كَمَا بَدَاَكُمْ تَعُوْدُوْنَ ﴿۲۹﴾ ؕ فَرِيْقًا هَدٰى

(۲) نمبر ۳ تذکیر بما بعد الموت جزاء وسزا کا محل

ہر عبادت کے وقت اور پکارو اس کو خالص اس کی اطاعت کرتے ہوئے جس طرح تم کو (پہلی) مرتبہ پیدا کیا تم لوٹو گے۔ ایک جماعت کو اس نے راہ دکھائی

وَفَرِيْقًا حَقَّ عَلَيْهِمُ الضَّلٰلَةُ ؕ اِنَّهُمُ اتَّخَذُوا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَيَحْسَبُوْنَ

اور دوسری جماعت ثابت ہوگی اس پر گمراہی، بیشک بنایا انہوں نے شیاطین کو دوست اللہ کو چھوڑ کر اور وہ سمجھتے ہیں

اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۳۰﴾ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّكُلُوْا وَاشْرَبُوْا

نماز کے وقت زینت کا حکم (۳)

کہ وہ ہدایت یافتہ ہیں، اے اولاد آدم! لے لو اپنی آرائش ہر عبادت کے وقت اور کھاؤ اور پیئو

ع۳ ۱۰

وَلَا تُسْرِفُوْا ۚ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۱﴾ ع

نتیجہ اسراف

اور اسراف مت کرو۔ بیشک وہ نہیں پسند کرتا بے جا خرچ کرنے والوں کو

قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ؕ قُلْ هِيَ لِلَّذِيْنَ

فرائض خاتم الانبیاء سے تحریمات عباد کی تردید

پوچھو کس نے حرام کی اللہ کی زینت جو پیدا کی اس نے اپنے بندوں کے لیے اور پاکیزہ روزی ۔ آپ کہہ دیجئے وہ ان لوگوں کے لیے ہے

اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۳۲﴾

جو ایمان لائے دنیا کی زندگی میں (وہ) خالص قیامت کے دن۔ اسی طرح ہم تفصیل سے بیان کرتے ہیں ان لوگوں کے لیے جو جانتے ہیں۔

(۱)
غلط تقلید پر سورۃ مائدہ آیت نمبر ۱۰۴ ص ۱۳۴ میں دیکھیں

(۲)
مسجد : مصدر میمی: مراد عبادت ہے۔

(۳)
کل مسجد : عام ہے، مگر مراد کعبہ شریف ہے

قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّیَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَالْاِثْمَ وَالْبَغْیَ بِغَیْرِ الْحَقِّ

تحریمات الٰہیہ کا بیان نِنگا طواف ۔ زنا جھگڑا

آپ کہہ دیجئے پکی بات ہے کہ حرام کیے میرے رب نے بے حیائی کے کام خواہ وہ علانیہ ہوں یا پوشیدہ اور ہر گناہ اور ناحق (کسی پر) ظلم کرنا

وَاَنْ تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ یُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۳﴾

مثلاً تحلیل و تحریم

اور یہ کہ شریک ٹھہراؤ تم اللہ کے ساتھ ایسی چیز کو جس کی اس نے کوئی دلیل نہیں اتاری اور یہ کہ تم کہو اللہ پر وہ بات جو تم جانتے نہیں ہو۔

وَلِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا یَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا یَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۳۴﴾ یٰبَنِیْۤ اٰدَمَ

ازالہ شبہ ۔ منکر احکامات زندہ کیوں ہیں؟ انبیاء کے ارسال

اور ہر امت کے لیے ایک وقت مقرر ہے جب آئے گا ان کا مقرر وقت نہ وہ پیچھے رہ سکیں گے ایک گھڑی اور وہ نہ آگے بڑھ سکیں گے، اے اولاد آدم،

اِمَّا یَاْتِیَنَّكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ یَقُصُّوْنَ عَلَیْكُمْ اٰیٰتِیْ ۙ فَمَنِ اتَّقٰى وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ

کا مقصد (آئیں گے) (۱) مرزے کی نبوت پر استدلال رمستقبل

اگر آئیں تمہارے پاس رسول تم میں سے جو بیان کریں تمہارے سامنے میری آیتیں تو جو شخص ڈرا اور سنور گیا پس نہ ان پر کوئی خوف ہوگا

وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَالَّذِیْنَ كَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَاۤ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ

مکذبین کا انجام اُخروی

اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ اور وہ لوگ جنہوں نے تکذیب کی ہماری آیات کی اور ان سے تکبر کیا وہی لوگ دوزخ والے ہیں وہ

فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۳۶﴾ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰیٰتِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ یَنَالُهُمْ

مکذبین کے لیے زجر رزق ۔ عمر

اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ پس اس سے بڑھ کر کون ظالم ہے جس نے گھڑا اللہ پر جھوٹ یا جھٹلایا اس کی آیات کو وہی لوگ ہیں پہنچے گا ان کو

نَصِیْبُهُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا یَتَوَفَّوْنَهُمْ ۙ قَالُوْۤا اَیْنَ مَا كُنْتُمْ تَدْعُوْنَ

ان کا حصہ لکھے ہوئے سے یہاں تک آتے ہیں ان کے پاس ہمارے فرشتے ان (کی روح) قبض کرنے کو تو کہیں گے کہاں گئے وہ جن کی تم عبادت کیا کرتے تھے

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا وَشَهِدُوْا عَلٰۤى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِیْنَ ﴿۳۷﴾

اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر؟ (تو جواب میں) کہیں گے کہ وہ ہم سے غائب ہو گئے اور گواہی دیں گے اپنی جانوں پر اس کی کہ وہ کفر کرتے تھے

قَالَ ادْخُلُوْا فِیْۤ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ فِی النَّارِ ؕ كُلَّمَا دَخَلَتْ

مکالمہ خداوندی برائے نتیجہ اُخروی مشرکین کا باہمی

(اللہ) کہے گا داخل ہو جاؤ ان امتوں کے ساتھ جو تم سے پہلے گزر چکی ہیں جن و انس میں سے دوزخ میں جب ایک امت داخل ہوگی

اُمَّةٌ لَّعَنَتْ اُخْتَهَا ؕ حَتّٰۤى اِذَا ادَّارَكُوْا فِیْهَا جَمِیْعًا ۙ قَالَتْ اُخْرٰىهُمْ لِاُوْلٰىهُمْ رَبَّنَا هٰۤؤُلَآءِ اَضَلُّوْنَا

مکالمہ متبوعین کا مکالمہ

تو دوسری اس پر لعنت کرے گی یہاں تک کہ جب گر جائیں گے اس میں سب لوگ تو ان کے پچھلے پہلوں سے کہیں گے اے ہمارے رب! انہوں نے ہمیں گمراہ کیا

فَاٰتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ ؕ قَالَ لِكُلٍّ ضِعْفٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۸﴾ وَقَالَتْ

مطالبہ جواب ربانی (۲) تابعین کا

پس تو دے ان کو عذاب دگنا دوزخ سے فرمائے گا ہر ایک کے لیے دگنا ہے لیکن تم نہیں جانتے ، اور کہیں گے

(۱) یعنی عالم ارواح

(۲) جو تابع ہیں ان کو ایک عذاب گمراہی کا دوسرا ان کی تقلید کا اور متبوعین کو ایک عذاب گمراہی کا دوسرا گمراہ کرنے کا۔

ع ۴ / ۸

أُولٰىهُمْ لِأُخْرٰىهُمْ فَمَا كَانَ لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُونَ ﴿۳۹﴾

جواب مکالمہ ۔۔۔ فیصلہ خداوندی

پہلے پچھلوں سے پس نہ ہوئی تمہارے لیے ہم پر (تخفیف عذاب میں) کوئی فضیلت پس چکھو عذاب اس وجہ سے کہ جو تم (دنیا میں بداعمال) کماتے تھے،

إِنَّ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَاسْتَكْبَرُوا عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ أَبْوَابُ السَّمَاءِ وَلَا يَدْخُلُونَ

تذکیر بمابعد الموت

بیشک وہ لوگ جنہوں نے تکذیب کی ہماری آیات کی اور تکبر کیا ان کے مقابلہ میں نہیں کھولے جائیں گے ان کے لیے آسمان کے دروازے اور وہ داخل نہیں ہوں گے،

الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِي سَمِّ الْخِيَاطِ ۚ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُجْرِمِينَ ﴿۴۰﴾ لَهُمْ مِنْ جَهَنَّمَ

تعلیق بالمحال کے قبیل سے ہے ۔۔۔ نتیجہ مجرمین

جنت میں یہاں تک کہ داخل ہوجائے اونٹ سوئی کے ناکے میں اور اسی طرح ہم بدلہ دیتے ہیں مجرم لوگوں کو۔ ان کے لیے جہنم کا

مِهَادٌ وَمِنْ فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ ۚ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِينَ ﴿۴۱﴾ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا

بشارت

بچھونا اور ان کے اوپر سے اوڑھنا ہے۔ اور اسی طرح ہم بدلہ دیتے ہیں ظالموں کو ۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل

الصّٰلِحٰتِ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا أُولٰئِكَ أَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيهَا خٰلِدُونَ ﴿۴۲﴾

جملہ معترضہ

کیے ہم بوجھ نہیں رکھتے کسی پر مگر اس کی طاقت کے مطابق یہی لوگ جنت والے ہیں وہ اس میں سدا رہنے والے ہیں

وَنَزَعْنَا مَا فِي صُدُورِهِمْ مِنْ غِلٍّ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهِمُ الْأَنْهٰرُ ۖ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ

جنتیوں کی کیفیت قلبی

اور ہم دور کردیں گے جو کچھ ان کے دلوں میں ناراضگی ہے بہتی ہیں ان کے نیچے نہریں اور وہ کہیں گے تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں

الَّذِي هَدٰىنَا لِهٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَا أَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ ۖ لَقَدْ جَاءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۖ

جس نے ہمیں یہاں تک پہنچایا اور ہم راہ نہ پاتے اگر اللہ ہمیں راہ نہ دکھاتا البتہ تحقیق آئے ہمارے رب کے رسول دین حق کے ساتھ

الثلاثة

وَنُودُوا أَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ أُورِثْتُمُوهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿۴۳﴾ وَنَادٰى أَصْحٰبُ الْجَنَّةِ

اصحاب جنت کا اصحاب نار سے مکالمہ

اور ان کو آواز دی جائے گی کہ یہ جنت ہے اس کے تم وارث بنائے گئے ہو بہ سبب ان اعمال کے جو تم کرتے تھے ۔اور پکاریں گے جنت والے

أَصْحٰبَ النَّارِ أَنْ قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا فَهَلْ وَجَدْتُمْ مَا وَعَدَ رَبُّكُمْ

اھل نار سے تکمیل وعدہ پر مکالمہ

دوزخ والوں کو کہ تحقیق ہم نے پایا جو ہم سے وعدہ کیا ہمارے رب نے بالکل سچا پس کیا پایا تم نے جو وعدہ کیا تمہارے رب نے

حَقًّا ۖ قَالُوا نَعَمْ ۚ فَأَذَّنَ مُؤَذِّنٌ بَيْنَهُمْ أَنْ لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِينَ ﴿۴۴﴾ الَّذِينَ يَصُدُّونَ

جواب مکالمہ ۔۔۔ اوصاف ظالمین نمبر ۱

بالکل سچا؟ کہا جی ہاں تو اعلان کرے گا ایک (فرشتہ) اعلان کرنے والا ان کے درمیان کہ اللہ کی لعنت ہو ظالموں پر۔ جو روکتے ہیں

وقف لازم

عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ وَيَبْغُونَهَا عِوَجًا وَهُمْ بِالْآخِرَةِ كٰفِرُونَ ﴿۴۵﴾ وَبَيْنَهُمَا حِجَابٌ ۚ وَعَلَى الْأَعْرَافِ

نمبر ۲ ۔۔۔ نمبر ۳ ۔۔۔ مقام اعراف ۔۔۔ داستانِ اعراف

اللہ کے راستہ سے اور تلاش کرتے ہیں اس میں کجی اور وہ آخرت کا انکار کرنے والے ہیں۔ اور ان دونوں کے درمیان ایک پردہ ہے اور اعراف پر

رِجَالٌ يَّعْرِفُوْنَ كُلًّاۢ بِسِيْمٰهُمْ ۚ وَنَادَوْا اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ ۣ لَمْ يَدْخُلُوْهَا

حال اہل اعراف — اصحاب اعراف کی منادی — اطلاع خداوندی

کچھ مرد ہیں پہچانے جاتے ہیں ہر ایک کو اس کی مخصوص علامت سے اور پکاریں گے وہ جنت والوں کو کہ سلامتی ہو تم پر نہیں داخل ہوئے وہ (اعراف والے) جنت میں

وَهُمْ يَطْمَعُوْنَ ﴿٤٦﴾ وَاِذَا صُرِفَتْ اَبْصَارُهُمْ تِلْقَآءَ اَصْحٰبِ النَّارِ ۙ قَالُوْا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا

دوزخیوں کو دیکھ کر اصحاب اعراف کی دعا

اور وہ امید رکھتے ہیں ۔ اور جب پھیری جائیں گی ان کی نگاہیں جہنم والوں کی طرف کہیں گے وہ اے رب ہمارے! نہ بنائیں ہمیں

مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٤٧﴾ ع

ع ١٢

(عذاب میں شامل کرنے کے لیے) ظالم لوگوں کے ساتھ

وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ الْاَعْرَافِ رِجَالًا يَّعْرِفُوْنَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ قَالُوْا مَآ اَغْنٰى عَنْكُمْ جَمْعُكُمْ وَمَا

اصحاب اعراف کا اھل نار سے مکالمہ

اور پکاریں گے اعراف والے کچھ مردوں کو وہ پہچانتے ہیں ان کو ان کی مخصوص علامت سے کہیں گے نہیں کام آئی (عذاب سے بچانے کے لیے) تم سے تمہاری جماعت اور

كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿٤٨﴾ اَهٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَقْسَمْتُمْ لَا يَنَالُهُمُ اللّٰهُ بِرَحْمَةٍ ۭ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ لَا خَوْفٌ

بقیہ مکالمہ برائے ضعفاء مسلمان — اصحاب اعراف کے لیے

تمہارا اپنے کو بڑا سمجھنا، (فرمایا) کیا یہ وہی لوگ ہیں جن کے بارے میں تم قسمیں کھاتے کہ نہیں پہنچیں گے ان کو اللہ تعالیٰ رحمت کے ساتھ۔ کہ داخل ہو جاؤ جنت میں کچھ خوف نہیں

عَلَيْكُمْ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿٤٩﴾ وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ النَّارِ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ اَفِيْضُوْا عَلَيْنَا

دخول جنت کا حکم — اصحاب نار کا اصحاب جنت سے سوال

تم پر اور نہ تم غمگین ہوؤ گے، اور پکاریں گے دوزخ والے جنت والوں کو کہ ڈالو ہم پر

مِنَ الْمَآءِ اَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ۭ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَهُمَا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٥٠﴾ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا

جواب سوال — دین کا مذاق اڑانے

پانی سے یا اس میں سے جو اللہ نے تم کو روزی دی وہ (جواب میں کہیں گے) بیشک اللہ نے ان دونوں کو حرام کیا ہے کافروں پر۔ جنھوں نے بنایا

دِيْنَهُمْ لَهْوًا وَّلَعِبًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ نَنْسٰىهُمْ كَمَا نَسُوْا لِقَآءَ يَوْمِهِمْ هٰذَا ۙ

کے اسباب نمبرا — نمبر۲ — سلوک الٰہی

اپنے دین کو تماشہ اور کھیل اور دھوکہ دیا ان کو دنیا کی زندگی نے پس آج کے دن ہم ان کو فراموش کر دیں گے جیسا کہ انہوں نے بھلایا اس دن کی ملاقات کو اور یہ کہ

وَمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿٥١﴾ وَلَقَدْ جِئْنٰهُمْ بِكِتٰبٍ فَصَّلْنٰهُ عَلٰي عِلْمٍ هُدًى

(۱) — نسیانی قیامت کا علاج — صداقت قرآن

وہ ہماری آیات کا انکار کرتے تھے۔ اور البتہ تحقیق لائے ہم ایک ان کے پاس اہم کتاب ہم نے تفصیل سے بیان کیا اس کو علم کامل سے راستہ دکھانے والی

وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٥٢﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا تَاْوِيْلَهٗ ۭ يَوْمَ يَاْتِيْ تَاْوِيْلُهٗ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ

مستفیدین — تذکیر بعد الموت سے تخویف اُخروی — مصداق

اور رحمت ان لوگوں کے لیے جو ایمان رکھتے ہیں۔ نہیں وہ انتظار کرتے مگر اس کے آخری نتیجہ کا جس دن آئے گا اس کا آخری نتیجہ کہیں گے وہ لوگ جنہوں نے

نَسُوْهُ مِنْ قَبْلُ قَدْ جَاۗءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۚ فَهَلْ لَّنَا مِنْ شُفَعَاۗءَ فَيَشْفَعُوْا لَنَآ

بھلا دیا اس کو اس سے پہلے تحقیق آئے تھے رسول ہمارے رب کے دین حق کے ساتھ پس کیا ہمارے لیے ہیں کوئی سفارشی کہ وہ سفارش کریں ہمارے لیے

(۱) ما: مصدریہ ہے

اَوْ نُرَدُّ فَنَعْمَلَ غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ ؕ قَدْ خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ

مجرمین کے نتیجہ کا خلاصہ

یا ہم واپس کر دیئے جائیں تو ہم عمل کریں اس کے سوا جو ہم عمل کرتے تھے تحقیق انہوں نے اپنی جانوں کو نقصان میں ڈالا اور غائب ہوگئے ان سے

ع ٦ ١٣ ٢ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۟ ﴿۵۳﴾

جو وہ گھڑا کرتے تھے

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ قف

تعارف خداوندی تصرفات سے توحید پر عقلی دلیل (۱)

بیشک تمہارا رب اللہ ہے جس نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو چھ دن (کی مقدار) میں پھر قصد کیا عرش پر

يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا ۙ وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ بِاَمْرِهٖ ؕ

وہ طلب کرتا ہے اس کو تیزی سے

وہ ڈھانپتا ہے رات کو دن پر وہ (دن) اس کے پیچھے دوڑتا ہوا آتا ہے اور سورج اور چاند اور ستاروں کو اپنے حکم کا پابند بنایا

اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۴﴾ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ؕ

پیدا کرنا — حکم کرنا — نتیجہ دلیل وطریق دعا (۲)

آگاہ رہو اسی کے لیے ہے پیدا کرنا اور حکم کرنا اللہ بڑی برکت والا ہے جو سارے جہانوں کا رب ہے۔ پکارو اپنے رب کو گڑ گڑا کر اور چپکے سے

اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ۚ﴿۵۵﴾ وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا

(۳) — فساد فی الارض کی ممانعت — آداب قلبی

بیشک وہ نہیں پسند کرتا حد سے تجاوز کرنے والوں کو ۔اور مت فساد پھیلاؤ زمین میں اس (زمین) کی اصلاح کے بعد اور پکارو اس کو خوف

وَّطَمَعًا ؕ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۶﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًا

تذکیر بالآء اللہ سے اثبات توحید

اور امید سے بیشک اللہ کی رحمت (قبولیت دعا) قریب ہے نیکو کاروں سے۔ وہ ذات جو بھیجتا ہے ہوائیں خوشخبری دینے والی

بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ؕ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ

باران رحمت سے پہلے

اپنی رحمت سے پہلے یہاں تک کہ جب (وہ ہوائیں) اٹھاتی ہیں بھاری بادلوں کو ہم اس کو چلاتے ہیں مردہ شہر کی جانب پس ہم اتارتے ہیں

الْمَآءَ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ كَذٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتٰى لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۷﴾

اثبات بعث بعد الموت

اس شہر میں پانی پس ہم نکالتے ہیں اس پانی کے ذریعہ ہر طرح کے پھل اسی طرح ہم نکالیں گے مردوں کو تا کہ تم نصیحت حاصل کرو

وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهٗ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۚ وَالَّذِيْ خَبُثَ لَا يَخْرُجُ اِلَّا نَكِدًا ؕ كَذٰلِكَ

طیب الاستعداد اور فاسد الاستداد کی مثال — خراب — ناقص — شفقت

اور جو شہر عمدہ ہے نکلتا ہے اس کا سبزہ اس کے رب کے حکم سے اور وہ جو خراب ہے نہیں نکلتا مگر ناقص اس طرح

ع ٥ ١٤ ٧ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّشْكُرُوْنَ ۟ ﴿۵۸﴾

خداوندی

ہم بیان کرتے ہیں آیتیں ان لوگوں کے لیے جو شکر گزار ہیں۔

---

(۱) امام مالکؒ فرماتے ہیں الایمان بہ واجب والکیفیۃ مجھولۃ والسوال عنہ بدعۃ ابن کثیر

(۲) ابتداء اذان میں صلوٰۃ وسلام کا آغاز ۷۸۱ھ مصر میں ہوا۔

(۳) دعا میں تجاوز یعنی مقام نبوت، یا حد سے بلند آواز دعا میں نکالنا۔

(۱) یہاں سے پانچ انبیاء علیھم السلام کی داستانیں اوران کی امتوں کے ہلاکت کے واقعات برائے عبرت امت محمدیہ کے ذکر ہیں

لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اِنِّيْۤ اَخَافُ

(۱) اثبات رسالت حضرت نوح علیہ السلام دعوت۔ حضرت نوح علیہ السلام کی

البتہ بحقیق بھیجا ہم نے نوح علیہ السلام کو اس کی قوم کی طرف (رسول بنا کر) پس کہا اے میری قوم اللہ کی عبادت کرو نہیں ہے تمہارے لیے اس کے سوا کوئی معبود بیشک میں ڈرتا ہوں

عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿٥٩﴾ قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهٖۤ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٦٠﴾

ہمدردی قوم کے سرداروں کا عنادًا مکالمہ

تم پر بڑے دن کے عذاب سے۔ کہا سرداروں نے اس کی قوم میں سے بیشک ہم تجھے دیکھتے ہیں کھلی گمراہی میں

قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ ضَلٰلَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٦١﴾ اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ

جواب مکالمہ نکرہ تحت نفی عموم کا فائدہ دیتا ہے حضرت نوحؑ کے فرائض

کہا اے میری قوم مجھے کوئی گمراہی نہیں لیکن میں رب العالمین کی طرف سے رسول ہوں۔ میں پہنچاتا ہوں تمہیں اپنے رب کے پیغامات

وَاَنْصَحُ لَكُمْ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٦٢﴾ اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ

سبب تکذیب یا قوم کا تعجب

اور میں تمہاری خیر خواہی کرتا ہوں اور میں اللہ کی طرف سے جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے ۔ کیا تمہیں تعجب ہوا اس پر کہ آئی تمہاری پاس ایک نصیحت

رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ وَلِتَتَّقُوْا وَلَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿٦٣﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاَنْجَيْنٰهُ

بشریت نوحؑ تکذیب قوم نوح۔ حضرت نوحؑ

تمہارے رب کی طرف سے ایک آدمی پر جو تم میں سے ہے تا کہ وہ ڈرائے تمہیں اور تا کہ تم ڈرو اور تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔ پھر اس کو انہوں نے جھٹلایا پھر بچالیا ہم نے اس کو

ع ۸ ۱۵ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ فِي الْفُلْكِ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا عَمِيْنَ ﴿٦٤﴾

ومتبعین کی نجات مخالفین کا انجام (۲)

اور ان لوگوں کو جو اس کے ساتھ کشتی میں تھے اور غرق کیا ہم نے ان لوگوں کو جنھوں نے جھٹلایا ہماری آیات کو یقیناً وہ اندھی قوم تھی۔

(۲) حق سے فائدہ نہ اٹھانے کی وجہ سے ان کفار کو اندھا کہا گیا ہے۔ فتدبر

وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ

اثبات رسالت حضرت ہودؑ دعوت ہود

اور عاد کی طرف ان کے بھائی ہود علیہ السلام کو اور کہا اے میری قوم اللہ کی عبادت کرو نہیں ہے تمہارے لیے اس کے سوا کوئی معبود

اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿٦٥﴾ قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖۤ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ سَفَاهَةٍ وَّاِنَّا لَنَظُنُّكَ

قوم کے باثر سرداروں کا حضرت ہود سے عنادًا مکالمہ

کیا پھر تم ڈرتے نہیں ہو؟ کہا سرداروں نے جنھوں نے کفر کیا اس کی قوم سے بیشک ہم البتہ تجھے دیکھتے ہیں بے قوفی میں اور بیشک ہم البتہ خیال کرتے ہیں تجھے

مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿٦٦﴾ قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ سَفَاهَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٦٧﴾

جواب مکالمہ

جھوٹوں سے ۔ کہا اس نے اے میری قوم میرے اندر کوئی بےقوفی نہیں ہے لیکن میں رب العالمین کی جانب سے رسول ہوں

اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ اَمِيْنٌ ﴿٦٨﴾ اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

فرائض حضرت ہودؑ قوم کا تعجب

میں پہنچاتا ہوں تمہیں اپنے رب کے پیغامات اور میں تمہارے لیے خیر خواہ ہوں قابل اعتماد ہوں کیا تمہیں تعجب ہوا کہ لایا ہوں میں تمہارے پاس ایک نصیحت تمہارے رب کی طرف سے

عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ ؕ وَاذْكُرُوْۤا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ بَعْدِ قَوْمِ نُوْحٍ

بشریت حضرت ہودؑ

ایک آدمی پر تم میں سے تا کہ وہ تمہیں ڈرائے اور یاد کرو جب بنایا اس نے تم کو جانشین قوم نوح کے بعد

وَّزَادَكُمْ فِي الْخَلْقِ بَصْطَةً ۚ فَاذْكُرُوْٓا اٰلَاۗءَ اللّٰهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ ۶۹ قَالُوْٓا

جسموں میں پھیلاؤ عنادِ قوم

اور زیادہ کیا تمہیں مخلوق میں پھیلاؤ کے اعتبار سے پس یاد کرو اللہ کی نعمتوں کو تا کہ تم کامیاب ہوجاؤ۔ انہوں نے کہا

اَجِئْتَنَا لِنَعْبُدَ اللّٰهَ وَحْدَهٗ وَنَذَرَ مَا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ

قوم کا مطالبہ

کیا آیا ہے تو ہمارے پاس تا کہ ہم عبادت کریں اللہ تنہا کی اور چھوڑ دیں ہم جن کو پوجتے تھے ہمارے آباؤ پس لے آ ہمارے پاس جس کی تو ہمیں دھمکی دیتا ہے اگر تو

مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ ۷۰ قَالَ قَدْ وَقَعَ عَلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ رِجْسٌ وَّغَضَبٌ ۭ اَتُجَادِلُوْنَنِيْ

جوابِ مطالبہ تنبیہ

سچوں میں سے ہے۔ کہا تحقیق ثابت ہوگیا تم پر تمہارے رب کی جانب سے عذاب اور ناراضگی کیا تم مجھ سے جھگڑا کرتے ہو

فِيْٓ اَسْمَاۗءٍ سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَاۗؤُكُمْ مَّا نَزَّلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ۭ فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّيْ

چند ناموں میں جن کو تم اور تمہارے باپ دادا نے رکھ لیا نہیں اتاری ہے اس پر اللہ نے کوئی دلیل پس تم انتظار کرو میں

مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ۝ ۷۱ فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَقَطَعْنَا دَابِرَ الَّذِيْنَ

حضرت ہودؑ و متبعین کی نجات مخالفین کا انجام

تمہارے ساتھ انتظار کرنے والا ہوں۔ پھر بچالیا ہم نے اس کو اور انہیں جو اس کے ساتھ تھے اپنی مہربانی سے اور ہم نے کاٹ دی جڑ ان لوگوں کی جنھوں نے

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَمَا كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۝ ۷۲ ع

ع ۹ ۸ ۱۲ وقف لازم

تکذیب کی ہماری آیات کی اور وہ نہیں تھے ایمان لانے والے

وَاِلٰي ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۘ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ قَدْ جَاۗءَتْكُمْ

اثبات رسالت حضرت صالحؑ حضرت صالحؑ کی دعوت معجزہ

اور قوم ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح علیہ السلام کو (بھیجا) کہا اس نے اے میری قوم! عبادت کرو اللہ کی نہیں ہے تمہارے لیے کوئی معبود اس کے سوا تحقیق آئی تمہارے پاس

بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۭ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا

تشریح معجزہ

واضح دلیل تمہارے رب کی طرف سے یہ اللہ کی اونٹنی ہے تمہارے لیے بڑی نشانی پس چھوڑ دو اس کو کھائے وہ اللہ کی زمین میں اور نہ ہاتھ لگاؤ اس کو

بِسُوْۗءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ ۷۳ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَاۗءَ مِنْۢ بَعْدِ عَادٍ وَّبَوَّاَكُمْ

معجزہ کی توہین کا نتیجہ تذکیر بالآء اللہ سے قوم ثمود کے لیے انعامات اور ان کے فرائض

برائی سے کہ پکڑے گا تم کو درد ناک عذاب، اور یاد کرو تم جب بنایا اس نے تم کو جانشین قوم عاد کے بعد، اور ٹھکانہ دیا تم کو

فِي الْاَرْضِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْ سُهُوْلِهَا قُصُوْرًا وَّتَنْحِتُوْنَ الْجِبَالَ بُيُوْتًا ۚ فَاذْكُرُوْٓا اٰلَاۗءَ

نرم جگہوں میں موسم گرما گزارنے کے لیے موسم سرما

زمین میں تم بناتے ہو اس کی نرم زمین میں محلات تم تراشتے ہو پہاڑوں میں گھر پس یاد کرو اللہ کی نعمتوں کو

اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۝ ۷۴ قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ

قوم کے سرداروں کا عناد

اور مت پھرو زمین میں فساد مچاتے ہوئے۔ کہا اس کی قوم کے سرداروں نے جنہوں نے تکبر کیا تھا

لِلَّذِیْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِمَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ صٰلِحًا مُّرْسَلٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ

سرداروں کا قوم کے کمزور افراد سے سوال

ان لوگوں سے جو کمزور سمجھے گئے ان سے جو ایمان لائے ان میں سے کیا تم جانتے ہو کہ صالح علیہ السلام بھیجے ہوئے ہیں ان کے پروردگار کی طرف سے

قَالُوْۤا اِنَّا بِمَاۤ اُرْسِلَ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿۷۵﴾ قَالَ الَّذِیْنَ اسْتَكْبَرُوْۤا اِنَّا بِالَّذِیْۤ اٰمَنْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۷۶﴾

جواب سوال — قوم کی ہٹ دھرمی

انہوں نے کہا بیشک ہم اس پر جس کے ساتھ اسے بھیجا گیا ہے ایمان رکھتے ہیں۔ کہا ان لوگوں نے جنھوں نے تکبر کیا بیشک ہم انکار کرتے ہیں اس کے ساتھ جس پر تم ایمان رکھتے ہوں

فَعَقَرُوا النَّاقَةَ وَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ وَقَالُوْا یٰصٰلِحُ ائْتِنَا بِمَا تَعِدُنَاۤ اِنْ كُنْتَ

قوم کی گستاخی و بے باکی — قوم کا مطالبہ

پھر انہوں نے اونٹنی کی کونچو کو کاٹ ڈالا اور انہوں نے سرکشی کی اپنے رب کے حکم سے اور انہوں نے کہا اے صالح لے آ تو ہمارے پاس وہ عذاب جس کا تو ہمیں وعدہ دیتا ہے اگر تو

مِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ﴿۷۷﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِیْ دَارِهِمْ جٰثِمِیْنَ ﴿۷۸﴾ فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ

جواب مطالبہ و انجام — اعراض صالح

رسولوں میں سے ہے۔ پس پکڑا ان کو زلزلہ نے پھر ہو گئے وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے ہوئے ۔ پھر صالح (علیہ السلام) ان سے منہ پھیر لیا

وَقَالَ یٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّیْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُحِبُّوْنَ النّٰصِحِیْنَ ﴿۷۹﴾

اور قوم سے خیر خواہی

اور کہا اے میری قوم البتہ تحقیق پہنچا دیا میں نے تم کو اپنے رب کا پیغام اور خیر خواہی کی میں نے تمہاری لیکن تم نہیں محبت کرتے خیر خواہی کرنے والوں سے

وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖۤ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۸۰﴾

حضرت لوطؑ کی رسالت ۔ حضرت لوطؑ کی تبلیغ

اور لوط علیہ السلام کو (بھیجا) جب کہا اس نے اپنی قوم سے کیا تم آتے ہو بے حیائی کو نہیں پہلے گزرا تم سے اس کے ساتھ کوئی ایک بھی جہان والوں میں سے

اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿۸۱﴾ وَمَا كَانَ جَوَابَ

تشریح تبلیغ اور قوم کے کردار پر فہمائش — قوم لوطؑ کا عدم جواب

بیشک تم البتہ آتے ہو مردوں کے پاس شہوت سے عورتوں کو چھوڑ کر بلکہ تم حد سے بڑھنے والے لوگ ہو۔ اور اس کی قوم کے پاس جواب نہیں تھا

قَوْمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ قَالُوْۤا اَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ قَرْیَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ یَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَاَنْجَیْنٰهُ

ڈھٹائی — لوطؑ اور متبعین کی

مگر یہ کہ انہوں نے کہا نکالو ان کو تم اپنی بستی سے بیشک وہ ایسے لوگ ہیں جو پاک بنے پھرتے ہیں۔ پس ہم نے اس کو بچایا

وَاَهْلَهٗۤ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۖ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِیْنَ ﴿۸۳﴾ وَاَمْطَرْنَا عَلَیْهِمْ مَّطَرًا ؕ فَانْظُرْ كَیْفَ كَانَ

کی نجات — کیفیت عذاب۔ آنکھوں کی بینائی سلب کر لی۔ ۲۔ پتھروں کی بارش ۳۔ علاقہ زیر و زبر ۴۔ چیخ

اور اس (لوط) کے گھر والوں کو سوائے اس کی بیوی کے تھی وہ تباہ ہونے والوں میں۔ اور برسائی ہم نے ان پر بارش پس دیکھ کیسا

ع ۱۰ / ۱۷ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِیْنَ ﴿۸۴﴾

انجام ہوا مجرم لوگوں کا

وَاِلٰى مَدْیَنَ اَخَاهُمْ شُعَیْبًا ؕ قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ قَدْ جَآءَتْكُمْ

رسالت حضرت شعیبؑ — دعوت — صداقت

اور مدین کی طرف ان کے بھائی شعیب علیہ السلام کو (بھیجا) اس نے کہا اے میری قوم عبادت کرو اللہ کی، نہیں ہے تمہارے لیے اس کے سوا کوئی معبود تحقیق آئی

بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تُفْسِدُوْا

کی دلیل (۱)۔ تفسیر نمبر۱ کوئی معجزہ فرائض قوم نمبر۱ نمبر۲ نمبر۳

تمہارے پاس واضح دلیل تمہارے رب کی طرف سے پس پورا کرو ناپ اور تول اور نہ کم دو لوگوں کو ان کی چیزیں اور مت فساد مچاؤ

فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَلَا تَقْعُدُوْا بِكُلِّ

ہمدردی راستہ پر بیٹھنے کی ممانعت

زمین میں اس کی درستگی کے بعد یہ تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم مؤمن ہو۔ اور مت بیٹھو تم راستہ پر

صِرَاطٍ تُوْعِدُوْنَ وَتَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِهٖ وَتَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ

دھمکاتے ہوئے اور روکتے ہوئے اللہ کی راہ سے اس کو جو ایمان لایا اللہ پر اور چاہتے ہو اس میں کجی

وَاذْكُرُوْٓا اِذْ كُنْتُمْ قَلِيْلًا فَكَثَّرَكُمْ ۨ وَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۸۶﴾ وَاِنْ كَانَ

تذکیر نعمت سے ترغیب ترھیب فریقین کے

اور یاد کرو جب تم تھوڑے تھے تو اس نے تم کو زیادہ کیا اور دیکھو کیسا ہوا تھا انجام فساد مچانے والوں کا۔ اور اگر

طَآئِفَةٌ مِّنْكُمْ اٰمَنُوْا بِالَّذِيْٓ اُرْسِلْتُ بِهٖ وَطَآئِفَةٌ لَّمْ يُؤْمِنُوْا فَاصْبِرُوْا حَتّٰى يَحْكُمَ

نتائج کا تفاوت التزام صبر

ایک جماعت ایمان لائی تم میں سے اس پر جس کے ساتھ مجھے بھیجا گیا اور ایک دوسری جماعت ایمان نہیں لائی تو (تھوڑا وقت) صبر کرو یہاں تک کہ فیصلہ کرے

اللّٰهُ بَيْنَنَا ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۸۷﴾

اللہ تعالیٰ ہمارے درمیان اور وہ بہترین (عدل سے) فیصلہ کرنے والا ہے۔

(۱) تفسیر نمبر۲ بیّنة سے مراد نبی کی بعثت ہے ہدایت القرآن

الجزء التاسع

قَالَ الْمَلَأُ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَنُخْرِجَنَّكَ يٰشُعَيْبُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَكَ مِنْ

سرداروں کی عناد اً دھمکی

کہا سرداروں نے جنھوں نے تکبر کیا تھا اس کی قوم میں سے ہم آپ کو ضرور نکال دیں گے اے شعیب اور ان لوگوں کو جو ایمان لائے آپ پر

قَرْيَتِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ؕ قَالَ اَوَلَوْ كُنَّا كٰرِهِيْنَ ﴿۸۸﴾ قَدِ افْتَرَيْنَا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا

جواب نمبر ۱ از شعیبؑ علیہ السلام

اپنی بستی سے یا تم ضرور لوٹ آؤ گے ہماری ملت میں شعیب علیہ السلام نے فرمایا کیا اگرچہ ہم تمہارے (دین کو) ناپسند کرتے ہوں؟ تحقیق گھڑا ہم نے اللہ پر جھوٹ

اِنْ عُدْنَا فِيْ مِلَّتِكُمْ بَعْدَ اِذْ نَجّٰىنَا اللّٰهُ مِنْهَا ؕ وَمَا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّعُوْدَ فِيْهَآ اِلَّآ

جواب نمبر ۲ استقامت

اگر ہم لوٹ آئے تمہاری ملت میں بعد اس کے کہ جب نجات دی ہمیں اللہ نے اس (ملت) سے اور نہیں ہے (ممکن) ہمارے لیے کہ ہم لوٹیں اس میں مگر

اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّنَا ؕ وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ؕ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ؕ رَبَّنَا افْتَحْ

علم محیط باری تعالیٰ — تمہاری دھمکیوں کے خلاف حضرت شعیبؑ

یہ کہ اللہ چاہے جو ہمارا رب ہے احاطہ کیے ہوئے ہے ہمارا رب ہر چیز کو علم سے، اللہ پر ہم بھروسہ کرتے ہیں اے رب ہمارے فیصلہ کر دے

بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ﴿۸۹﴾ وَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ

کی دعا برائے عملی فیصلہ — سرداروں کا عوام الناس کو گمراہ کرنے کا مکالمہ

ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان ٹھیک ٹھیک، اور تو بہترین فیصلہ کرنے والا ہے۔ اور کہا ان سرداروں نے جنھوں نے کفر کیا

قَوْمِهٖ لَئِنِ اتَّبَعْتُمْ شُعَيْبًا اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۹۰﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ

گرفت خداوندی ۔ زلزلہ

اس کی قوم سے اگر تم نے پیروی کی شعیب علیہ السلام کی بیشک تم اس وقت نقصان اٹھانے والے ہوگے۔ تو پکڑا ان کو زلزلہ نے پھر ہوگئے

دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۹۱﴾ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ۚ اَلَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا

کیفیت مکذبین اور لنخرجنك کا رد — یقیموا — انکم اذا لخاسرون کا جواب

وہ اپنے گھروں میں اوندھے ۔ جن لوگوں نے تکذیب کی شعیب علیہ السلام کی گویا نہیں بسے تھے وہ ان میں، جنھوں نے جھٹلایا شعیب کو

كَانُوْا هُمُ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۹۲﴾ فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ

قوم کی ہلاکت کے بعد اظہار افسوس (۱)

وہی نقصان اٹھانے والے ہوئے۔ پس آپ نے ان سے منہ پھیر لیا اور کہا اے میری قوم البتہ تحقیق میں نے پہنچا دیئے تمہیں اپنے رب کے پیغامات اور میں نے خیر خواہی کی

ع

لَكُمْ ۚ فَكَيْفَ اٰسٰى عَلٰى قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ﴿۹۳﴾

احزن

تمہارے لیے پس کیسے غم کھاؤں میں کافر لوگوں پر

(۱) دلیل نمبر ۲ یہ آیت قبر و برزخ کی حیات وسماع پر واضح دلیل ہے۔ فافهم

وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّآ اَخَذْنَآ اَهْلَهَا بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ

تذکیر بایام اللہ سے بقیہ اقوام کے مکذبین کی ہلاکت کا اجمالاً ذکر ہے — قانون الٰہی برائے امتحان نمبر ۱ — غرض امتحان

اور نہیں بھیجا ہم نے کسی بستی میں کوئی نبی مگر پکڑا ہم نے اس کے باشندوں کو (نہ ماننے پر) سختی اور تکلیف میں تا کہ وہ

يَضَّرَّعُوْنَ ﴿۹۴﴾ ثُمَّ بَدَّلْنَا مَكَانَ السَّيِّئَةِ الْحَسَنَةَ حَتّٰى عَفَوْا وَّقَالُوْا قَدْ مَسَّ اٰبَآءَنَا الضَّرَّآءُ

نمبر ۲ خوشحالی — بدحالی ۔ خوشحالی — شکوہ ۔ امتحانات زمانہ کی عادت ہے

عاجزی کریں۔ پھر ہم نے بدلے میں لائے برائی کی جگہ بھلائی کو یہاں تک کہ وہ زیادہ ہوگئے (مال و اولاد میں) اور انہوں نے کہا تحقیق پہنچی ہمارے آباؤ کو بھی تکلیف۔

وَالسَّرَّآءُ فَاَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۹۵﴾ وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰٓى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا

گرفت خداوندی — ترغیب ایمان

اور خوشی سے پس پکڑا ہم نے ان کو اچانک اور وہ شعور نہیں رکھتے تھے۔ اور اگر بستیوں والے ایمان لے آتے اور ڈرتے

لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنْ كَذَّبُوْا فَاَخَذْنٰهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۹۶﴾

قبول ایمان کا نتیجہ — عدم قبول ایمان کا نتیجہ

تو البتہ ہم کھول دیتے ان پر برکتیں آسمان اور زمین سے لیکن انہوں نے تکذیب کی تو پکڑا ہم نے ان کو اس وجہ سے جو وہ کماتے تھے

اَفَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا بَيَاتًا وَّهُمْ نَآئِمُوْنَ ﴿۹۷﴾ اَوَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى

موجودہ کفار کے لیے درس عبرت نمبر ۱ — نمبر ۲

کیا پھر بے غم ہو گے بستیوں والے کہ آئے ان کے پاس ہمارا عذاب رات میں اور وہ سو رہے ہوں؟ کیا اور بے غم ہو گے بستیوں والے

اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا ضُحًى وَّهُمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿۹۸﴾ اَفَاَمِنُوْا مَكْرَ اللّٰهِ ۚ فَلَا يَاْمَنُ مَكْرَ اللّٰهِ اِلَّا

نمبر ۳ ناگہانی عذاب سے غفلت

کہ آئے ان کے پاس ہمارا عذاب چاشت کے وقت اور وہ کھیل رہے تھے۔ کیا پھر وہ بے غم ہو گئے ہیں اللہ کی خفیہ تدبیر سے تو بے غم نہیں ہوتے اللہ کی خفیہ تدبیر سے مگر

۲ع۲

الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۹۹﴾ ع

وہ لوگ جنہوں نے (اپنے آپ کو) نقصان میں ڈالا ہے۔

اَوَلَمْ يَهْدِ لِلَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْاَرْضَ مِنْ بَعْدِ اَهْلِهَآ اَنْ لَّوْ نَشَآءُ اَصَبْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ ۚ

تذکیر بایام اللہ سے تنبیہ — مبتلا مصیبت

کیا اور نہیں یہ ظاہر ہوا ان لوگوں کے لیے جو وارث ہوئے زمین کے وہاں کے لوگوں کے (ہلاک) ہونے کے بعد کہ اگر ہم چاہیں تو پکڑ لیں ان کو ان کے گناہوں کی وجہ سے

وَنَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ تِلْكَ الْقُرٰى نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآئِهَا ۚ

(۱) — خلاصہ ماسبق برائے تسلی خاتم الانبیاءؑ — نفی علم غیب کلی از خاتم الانبیاء

اور ہم مہر لگاتے ہیں ان کے دلوں پر پس وہ نہیں سنتے۔ یہ بستیاں ہیں ہم بیان کرتے ہیں آپ پر ان (کی ہلاکت) کے کچھ حالات

(۱) زندہ کفار کے سماع نافع سے محرومی کی دلیل نمبر ۲ یہی آیت ہے۔ اور دلیل نمبر ۳، یہی سورۃ اعراف آیت نمبر ۱۷۹ ص ۱۸۲ میں دیکھیں

وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا مِنْ قَبْلُ ؕ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ

آمد انبیاء علیہم السلام — منکرین کی ضد — منکرین کا نتیجہ

اور البتہ تحقیق آئے تھے ان کے پاس ان کے رسول روشن نشانیاں لے کر پس نہ تھے وہ کہ ایمان لاتے اس وجہ سے انہوں نے جھٹلایا اس سے پہلے اسی طرح اللہ نے مہر لگا دیتا ہے

عَلٰى قُلُوْبِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۱﴾ وَمَا وَجَدْنَا لِاَكْثَرِهِمْ مِّنْ عَهْدٍ ۚ وَاِنْ وَّجَدْنَآ اَكْثَرَهُمْ لَفٰسِقِيْنَ ﴿۱۰۲﴾

حق عبودیت میں بے وفائی کرنے کا بیان

کافر لوگوں کے دلوں پر۔ اور نہیں پایا ہم نے ان کے اکثر کے لیے کوئی (ایفاء) عہد اور بیشک پایا ہم نے ان کے اکثر کو البتہ فاسق

ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَظَلَمُوْا بِهَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ

بعثت موسوی۔ چھٹی داستان اجمالی

پھر بھیجا ہم نے ان کے بعد موسیٰ علیہ السلام کو اپنی نشانیاں دے کر فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف پس زیادتی کی انہوں نے ان کے ساتھ پس دیکھو کیسا

كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَقَالَ مُوْسٰى يٰفِرْعَوْنُ اِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۴﴾ لا

داستان تفصیلی حضرت موسیٰؑ کا فرعون کے دربار میں اظہار رسالت

انجام ہوا فسادیوں کا۔ اور موسیٰ علیہ السلام نے کہا اے فرعون بیشک میں رسول ہوں رب العالمین کی طرف سے

حَقِيقٌ عَلٰٓى اَنْ لَّآ اَقُوْلَ عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ؕ قَدْ جِئْتُكُمْ بِبَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَرْسِلْ مَعِيَ

فرعون کو دعوت حق — دعویٰ رسالت پر دلیل — حضرت موسیٰؑ کا مطالبہ(۱)

میرے لیے یہی مناسب ہے کہ میں نہ کہوں اللہ پر سوائے حق کے تحقیق میں لایا ہوں تمہارے پاس بڑی نشانی تمہارے رب کی طرف سے پس بھیج دیں میرے ساتھ

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۱۰۵﴾ قَالَ اِنْ كُنْتَ جِئْتَ بِاٰيَةٍ فَاْتِ بِهَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۰۶﴾

فرعون کا معجزے کا مطالبہ

بنی اسرائیل کو ۔ کہا اس نے اگر تو کوئی نشانی (نبوت کی) لے کر آیا ہے تو اس کو ظاہر کر اگر تو سچا ہے

فَاَلْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۰۷﴾ وَّنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِيَ بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿۱۰۸﴾

تعمیل مطالبہ ومعجزات موسوی نمبرا — نمبر۲

تو ڈالا اس نے اپنا عصا تو اچانک وہ صریح اژدھا بن گیا۔ اور نکالا اس نے اپنے ہاتھ تو فوراً وہ سفید تھا دیکھنے والوں کے لیے

قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۰۹﴾ يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ

سرداروں کا حضرت موسیٰؑ پر الزام نمبرا — نمبر۲

کہا سرداروں نے فرعون کی قوم میں سے بیشک یہ البتہ ماہر جادو گر ہے ۔ یہ چاہتا ہے کہ نکال دے تمہیں

اَرْضِكُمْ ۚ فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ قَالُوْٓا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ وَاَرْسِلْ فِي الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿۱۱۱﴾

فرعون کے مشورہ لینے کا بیان۔ — درباریوں کا متفقہ مشورہ برائے درآمد ساحرین

تمہاری زمین سے پس کیا تم حکم دیتے ہو (فرعون کو) انہوں نے کہا آپ اس کو ڈھیل دیں اور اس کے بھائی کو اور آپ بھیجیں شہروں میں جمع کرنے والوں کو

يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ﴿۱۱۲﴾ وَجَآءَ السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ قَالُوْٓا اِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۳﴾

ماہر ساحرین کے انتظام کا بیان۔ — ساحرین کے فرعون کی دربار میں حاضری۔ ساحرین کا مطالبہ

وہ لے کر آئیں آپ کے پاس ہر ماہر جادوگر۔ اور جادو گر آئے انہوں نے فرعون سے کہا (کیا) بیشک ہمارے لیے البتہ مزدوری ہوگی اگر ہم جیت جائیں

قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ لَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ

جواب مطالبہ — ساحرین کا موسیٰؑ سے مقابلہ کے لیے مکالمہ

فرعون نے کہا ہاں اور بیشک تم (میرے) خاص لوگوں میں سے ہوگے ، (جادوگروں نے) کہا اے موسیٰ یا تو یہ کہ آپ ڈالیں یا یہ کہ

نَحْنُ الْمُلْقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ قَالَ اَلْقُوْا ۚ فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْ

جواب موسیٰ، تعمیل جواب

ہم ڈالنے والے ہوں، موسیٰ علیہ السلام نے کہا تم ڈالو پھر جب انہوں نے ڈالا لوگوں کی آنکھوں میں جادو کر دیا اور ان کو ڈرا دیا اور وہ لائے

بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۱۶﴾ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿۱۱۷﴾

حکم خداوندی برائے تردید سحر — کارنامہ عصا

بڑا جادو اور وحی کی ہم نے موسیٰ علیہ السلام کی طرف کہ آپ اپنا عصا ڈالیں تو اچانک وہ نگلنے لگا ان کی بنائی ہوئی شعبدی بازی کو

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَاُلْقِيَ

غلبۂ حق — نتیجہ مقابلہ — فرعونیوں کی ناکامی — ساحرین کا

پس ثابت ہوگیا حق اور غلط ہوگیا جو وہ کرتے تھے۔ پس وہاں وہ ہار گئے اور وہ پلٹے ذلیل ہو کر۔ اور ڈال دیئے گئے

السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ قَالَ فِرْعَوْنُ

اظہار ایمان کے لیے سجدہ — ساحرین کا قبولیت ایمان — تمثیل ایمان — (۲) — فرعون کا ساحرین

جادو گر سجدہ میں ، انہوں نے کہا ہم ایمان لائے رب العالمین پر ۔ جو موسیٰ اور ہارون کا رب ہے، فرعون نے کہا

ع ۱۳ / ۳

(۱)

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لیے دو اہم مضامین کی ذمہ داری تھی نمبرا دعوت الی التوحید نمبر۲ آزادی بنی اسرائیل، اس آیت سے معلوم ہوا کہ اصل حق پر دعوت تبلیغ و رسالت اور قیامت کو بیان کرنا بھی واجب ہے اور ایسے ہی ظالم کافر حکومت سے عوام الناس کو آزادی دلوانا بھی واجب ہے، الحمدللہ میرے اکابر نے ہمیشہ ان امور پر عمل کر کے دکھایا ہے۔

(۲)

اس واقعہ کے مشاہدہ کے بعد چھ لاکھ بنی اسرائل نے ایمان قبول کرنے کا اظہار کیا فرعون مرعوب ہو کر بولا کہیں قبطی بھی ایمان نہ لائیں رعب ڈالنے کے لیے دھمکی دی مگر کوئی بھی متاثر نہ ہوا۔

اٰمَنْتُمْ بِهٖ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّ هٰذَا لَمَكْرٌ مَّكَرْتُمُوْهُ فِی الْمَدِیْنَةِ لِتُخْرِجُوْا مِنْهَاۤ

ے مکالمہ بہادری کا اظہار فرعون کا ساحرین پر باغیانہ الزام

کیا تم ایمان لائے ہو اس پر پہلے اس کے کہ میں اجازت دو تمہیں بیشک یہ ایک چال ہے جس کو تم چلے ہو اس شہر میں تا کہ تم نکالو اس (شہر) سے

اَهْلَهَا ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ لَاُقَطِّعَنَّ اَیْدِیَكُمْ وَ اَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ ثُمَّ

مبہم دھمکی تفصیل دھمکی (۱)

اس کے باشندوں کو پس عنقریب تم جان لو گے۔ میں ضرور کاٹوں گا تمہارے ہاتھوں اور تمہارے پاؤں کو مخالف جانب سے پھر

لَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِیْنَ ﴿۱۲۴﴾ قَالُوْۤا اِنَّاۤ اِلٰی رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿۱۲۵﴾ ۚ وَ مَا تَنْقِمُ مِنَّاۤ اِلَّاۤ اَنْ اٰمَنَّا

جواب دھمکی اقرار جرم

میں ضرور سولی پر لٹکاؤں گا تم سب کو۔ انہوں نے کہا بیشک ہم اپنے رب کی طرف پلٹ کر جانے والے ہیں۔ اور نہیں ہے تجھے ہم سے دشمنی مگر یہ کہ ہم ایمان لائے

۱۴ ع

بِاٰیٰتِ رَبِّنَا لَمَّا جَآءَتْنَا ؕ رَبَّنَاۤ اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَّ تَوَفَّنَا مُسْلِمِیْنَ ﴿۱۲۶﴾ ع

مناجات ساحرین

اپنے رب کی آیات کے ساتھ جب وہ آئی ہمارے پاس اے رب ہمارے ڈال دے ہم پر صبر اور ہمیں مسلمانوں کی موت دے

وَ قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اَتَذَرُ مُوْسٰی وَ قَوْمَهٗ لِیُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ وَ یَذَرَكَ

سرداروں کی شورش اور مکالمہ

اور کہا سرداروں نے فرعون کی قوم سے کیا تو چھوڑتا ہے موسیٰ اور اس کی قوم کو تا کہ وہ فساد مچائیں زمین میں اور چھوڑ دے تجھے

وَ اٰلِهَتَكَ ؕ قَالَ سَنُقَتِّلُ اَبْنَآءَهُمْ وَ نَسْتَحْیٖ نِسَآءَهُمْ ۚ وَ اِنَّا فَوْقَهُمْ قٰهِرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾

فرعون کا جواب مکالمہ۔ بنی اسرائیل کے مردوں کو ختم کرنے کے لیے

اور تیرے (تجویز کردہ) معبودوں کو کہا ہم ان کے بیٹوں کو قتل کریں گے اور ان کی عورتوں کو زندہ چھوڑیں گے اور بیشک ہم ان پر غالب ہیں۔

قَالَ مُوْسٰی لِقَوْمِهِ اسْتَعِیْنُوْا بِاللّٰهِ وَ اصْبِرُوْا ۚ اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ ۙ۫ یُوْرِثُهَا مَنْ یَّشَآءُ مِنْ

حضرت موسیٰ کا قوم کو تسلی دشمن پر غلبہ کا نسخہ نمبرا نمبر ۲ ان کی حکومت کا زوال قریب ہے (۲)

موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے کہا مدد مانگو اللہ سے اور سہتے رہو (ان کے اقوال باطلہ) بیشک زمین اللہ کی ہے وہ وارث بنا دے جسے وہ چاہے

عِبَادِهٖ ؕ وَ الْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِیْنَ ﴿۱۲۸﴾ قَالُوْۤا اُوْذِیْنَا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَاْتِیَنَا وَ مِنْۢ بَعْدِ مَا جِئْتَنَا ؕ

نمبر ۲ نسخہ کے عدم فہم کی بنا پر شکایات قوم نمبرا

اپنے بندوں میں سے اور اچھا انجام ہے پرہیزگاروں کے لیے۔ انہوں نے کہا ہمیں تکلیف دی گئی آپ کے آنے سے پہلے اور آپ کے آنے کے بعد بھی

۱۵ ع ۵

قَالَ عَسٰی رَبُّكُمْ اَنْ یُّهْلِكَ عَدُوَّكُمْ وَ یَسْتَخْلِفَكُمْ فِی الْاَرْضِ فَیَنْظُرَ كَیْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۹﴾ ع

جواب شکایت نمبرا نمبر ۲ خلیفہ پر انعام (۳) آیت نمبر ۱۶۵ ص ۱۵۹ دیکھیں ے

کہا جلد تمہارا رب ہلاک کر دے گا تمہارے دشمن کو اور (اس کی بجائے) تمہیں حاکم بنا دے گا اس زمین کا پھر وہ نظر کرے گا کیسے تم عمل کرتے ہو

وَ لَقَدْ اَخَذْنَاۤ اٰلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِیْنَ وَ نَقْصٍ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ یَذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۳۰﴾

فرعونیوں کے لیے سات قسم کے عذابات و امتحانات (آغاز عذابات نمبرا نمبر ۲

اور البتہ تحقیق پکڑا ہم نے فرعون والوں کو قحطوں میں اور میووں کی کمی میں تا کہ وہ نصیحت پکڑیں

فَاِذَا جَآءَتْهُمُ الْحَسَنَةُ قَالُوْا لَنَا هٰذِهٖ ۚ وَ اِنْ تُصِبْهُمْ سَیِّئَةٌ یَّطَّیَّرُوْا بِمُوْسٰی

آل فرعون کا شگون

تو جب آتی ان پر خوشحالی تو کہتے یہ تو ہمارے لیے ہونی چاہئے اور اگر پہنچتی ان کو بدحالی تو وہ شگون لیتے موسیٰ علیہ السلام

(۱)
فرعون نے اپنی دھمکی کو پایا تکمیل تک پہنچایا تھا یا نہیں؟ دیکھیں سورۃ قصص آیت ۳۵ ص ۳۹۸

(۲)
عقیدۃ الشیعۃ الشرك باللہ تعالیٰ ضمیمہ ص ۶۵۱ میں دیکھیں

(۳)
اللہ تعالیٰ ناظر ہے ضمیمہ ص ۶۵۳ میں دیکھیں

ے دلیل ۲، اللہ تعالیٰ ناظر ہے اور دلیل ۳ سورۃ یونس آیت نمبر ۱۴ ص ۲۱۸ میں دیکھیں

وَمَنْ مَّعَهٗ ۭ اَلَآ اِنَّمَا طٰۗىِٕرُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٣١﴾ وَقَالُوْا مَهْمَا تَاْتِنَا

جواب شگون — انکار ایمان (۱)

اور ان کے ساتھیوں کا۔ آگاہ رہو ان کا شگون اللہ کے پاس ہے لیکن ان کے اکثر لوگ نہیں جانتے ۔ اور انہوں نے کہا جو کچھ بھی لائے تو ہمارے پاس

بِهٖ مِنْ اٰيَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا ۙ فَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٣٢﴾ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الطُّوْفَانَ

فرعونیوں کے لیے عذاب الٰہی نمبر۳، امتحان

کوئی نشانی تا کہ تو جادو کرے ہم پر اس (نشانی) کے ذریعہ تو ہم تجھ پر ایمان نہیں لانے والے۔ پس بھیجا ہم نے ان پر طوفان

وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ اٰيٰتٍ مُّفَصَّلٰتٍ ۣ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿١٣٣﴾

نمبر۴ ٹڈی دل — نمبر۵ گھن — نمبر۶ — نمبر۷ (۲)

اور ٹڈیاں اور جوئیں اور مینڈک اور خون جدا جدا نشانیاں تو انہوں نے (ان معجزات سے) تکبر کیا اور وہ (عادی) مجرم لوگ تھے

وَلَمَّا وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ قَالُوْا يٰمُوْسَى ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ لَىِٕنْ

وقوع عذاب ٹالنے کے لیے آل فرعون کی درخواست دعا

اور جب ان پر عذاب آیا انہوں نے کہا اے موسیٰ دعا کر تو ہمارے لیے اپنے رب سے اس عہد کی وجہ سے جو تیرے پاس ہے۔(عذاب ٹلنے کا) اگر

كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ وَلَنُرْسِلَنَّ مَعَكَ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ﴿١٣٤﴾ فَلَمَّا كَشَفْنَا

وعدہ ایمان - بنی اسرائیل کو اپنے آبائی وطن بھیجنے کا وعدہ — قہر کے دور کرنے کا بیان

دور کر دیا آپ نے ہم سے عذاب ہم ضرور آپ کی پر ایمان لائیں گے اور ہم ضرور بھیجیں گے آپ کے ساتھ بنی اسرائیل کو۔ پھر جب دور کر دیتے ہم

عَنْهُمُ الرِّجْزَ اِلٰٓى اَجَلٍ هُمْ بٰلِغُوْهُ اِذَا هُمْ يَنْكُثُوْنَ ﴿١٣٥﴾ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ

طاعون — بدعہدی یعنی ایمان نہ لائے — بار بار عہد شکنی سے انتقام خداوندی

ان سے عذاب ایک مدت کے لیے وہ اس کو پہنچنے والے ہوتے تو اچانک وہ عہد توڑ ڈالتے ، پس بدلہ لیا ہم نے ان سے پس غرق کیا ہم نے ان کو

فِي الْيَمِّ بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا عَنْهَا غٰفِلِيْنَ ﴿١٣٦﴾ وَاَوْرَثْنَا الْقَوْمَ الَّذِيْنَ

سبب انتقام — بنی اسرائیل کے لیے خلافت ارضی کا بیان

سمندر میں اس لیے کہ انہوں نے جھٹلایا ہماری معجزات کو اور وہ اس سے غافل تھے ۔ اور (فرعونیوں کی ہلاکت کے بعد) وارث بنایا ہم نے ان لوگوں کو

كَانُوْا يُسْتَضْعَفُوْنَ مَشَارِقَ الْاَرْضِ وَمَغَارِبَهَا الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ۭ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ

وعدہ خداوندی کے پورا ہونے کا بیان

جو کمزور سمجھے جاتے تھے اس زمین (شام) کی مشرق اور اس کی مغرب کا جس میں ہم نے برکتیں رکھیں ہیں اور پورا ہوگیا

رَبِّكَ الْحُسْنٰى عَلٰي بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ڏ بِمَا صَبَرُوْا ۭ وَدَمَّرْنَا مَا كَانَ يَصْنَعُ فِرْعَوْنُ

آیات ۱۲۹ دیکھیں — سبب وعدہ — فرعون اور ان کی قوم کی تدبیروں کی تباہی

تیرے رب کا اچھا وعدہ بنی اسرائیل پر ان کے صبر کی وجہ سے اور ہم نے تباہ کر دیا جو فرعون اور اس کی قوم نے بنایا تھا

وَقَوْمُهٗ وَمَا كَانُوْا يَعْرِشُوْنَ ﴿١٣٧﴾ وَجٰوَزْنَا بِبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ الْبَحْرَ فَاَتَوْا عَلٰي قَوْمٍ يَّعْكُفُوْنَ

فرعونیوں سے معجزانہ نجات — بنی اسرائیل کا مشاہدہ

اور وہ جو اونچا چڑھاتے تھے۔ اور پار کر دیا ہم نے بنی اسرائیل کو سمندر سے تو وہ پہنچے ایک ایسی قوم پر جو لگے ہوئے تھے

عَلٰٓي اَصْنَامٍ لَّهُمْ ۚ قَالُوْا يٰمُوْسَى اجْعَلْ لَّنَآ اِلٰهًا كَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ ۭ قَالَ اِنَّكُمْ

جاھل قوم کا مطالبہ — جواب مطالبہ

اپنے بتوں کے پوجنے میں انہوں نے (یعنی بنی اسرائیل نے) کہا اے موسیٰ بنا دے ہمارے لیے معبود جیسا کہ ان کے لیے معبود ہیں کہا بیشک تم

(۱) مھما :اسم ظرف بمعنی متی :جوبھی، جو کچھ بھی دو فعلوں کو جزم دیتا ہے اور ما: غیر ذوالعقول کے معنی میں ہوتا ہے

(۲) یہ بھی معجزات ہیں ان کو عذاب وسزا سے تعبیر کیا گیا ہے۔ ان پر سال با سال کے وقفے پر نازل ہوتے رہے جیسا کہ ابن ابی حاتم نے زید بن اسلم سے نقل کیا ہے۔

قوم تجهلون ﴿١٣٨﴾ إن هؤلاء متبر ما هم فيه وبطل ما كانوا يعملون ﴿١٣٩﴾ قال أغير الله

تتمہ جواب مطالبہ — تنبیہ موسیٰ علیہ السلام

جاہل لوگ ہو ۔ بیشک یہ لوگ برباد ہیں جس حالت میں بھی ہیں اور وہ کام ضائع ہونے والا ہے جو وہ کر رہے ہیں۔ کہا کیا اللہ کے سوا

أبغيكم إلها وهو فضلكم على العلمين ﴿١٤٠﴾ وإذ أنجينكم من ال فرعون

انعامات باطنیہ — انعاماتِ الٰہیہ ظاہریہ

میں چاہوں تمہارے لیے معبود حالانکہ اس نے تم کو فضیلت دی (اس دور کے) جہان والوں پر۔ اور جب نجات دی ہم نے تمہیں فرعون والوں سے

يسومونكم سوء العذاب يقتلون أبناءكم ويستحيون نساءكم وفي ذلكم بلاء

وہ چکھاتے تھے تمہیں برا عذاب وہ قتل کرتے تھے تمہارے بیٹوں کو اور زندہ چھوڑتے تھے تمہاری عورتوں کو اور اس میں (انعام یا) آزمائش تھی

من ربكم عظيم ﴿١٤١﴾

تمہارے رب کی طرف سے بڑی

وواعدنا موسى ثلثين ليلة وأتممنها بعشر فتم ميقات ربه أربعين ليلة

تورات دینے کا وعدہ — تتمہ وعدہ

اور ہم نے وعدہ لیا موسیٰ علیہ السلام سے تیس راتوں کا اور پورا کیا ہم نے اس کو دس کے ساتھ پس پوری ہوگئی مدت اس کے رب کی چالیس راتیں

وقال موسى لأخيه هرون اخلفني في قومي وأصلح ولا تتبع سبيل المفسدين ﴿١٤٢﴾

نیابت موسیٰؑ — فرائض حضرت ہارونؑ — بدنظم

اور کہا موسیٰ علیہ السلام نے اپنے بھائی ہارون علیہ السلام سے آپ نیابت کریں میری، میری قوم میں اور سنوار کے رکھنا اور مت پیروی کرنا مفسدوں کے راستہ کی

ولما جاء موسى لميقتنا وكلمه ربه قال رب أرني أنظر إليك قال لن ترىني

کوہ طور پر آمد — حضرت موسیٰؑ کی دیدار کی درخواست — جواب درخواست

اور جب موسیٰ علیہ السلام ہمارے مقرر وقت پر پہنچے اور کلام کیا ان سے ان کے رب نے موسیٰ علیہ السلام نے کہا اے میرے رب دکھلائیے مجھے میں آپ کو دیکھوں اللہ تعالیٰ نے فرمایا تم مجھے ہرگز نہیں دیکھ سکو گے

ولكن انظر إلى الجبل فإن استقر مكانه فسوف ترىني فلما تجلى ربه للجبل

تشفی موسیٰؑ علیہ السلام — تجلیاتِ الٰہیہ

لیکن آپ پہاڑ کی طرف دیکھیں پس اگر وہ اپنی جگہ ٹھہرا رہا تو عنقریب مجھے دیکھے گا پس جب تجلی فرمائی اس کے رب نے پہاڑ پر

جعله دكا وخر موسى صعقا فلما أفاق قال سبحنك تبت إليك وأنا أول

کیفیت موسیٰ — افاقہ — عجز موسیٰؑ

تو کر دیا اس کو ریزہ ریزہ اور گر (جھک) گئے موسیٰ علیہ السلام بے ہوش ہو کر پھر جب ہوش آیا تو کہا پاک ہے آپ کی ذات رجوع کیا میں نے آپ کی طرف اور میں پہلا

المؤمنين ﴿١٤٣﴾ قال يموسى إني اصطفيتك على الناس برسلتي وبكلمي فخذ

انتخاب موسیٰ برائے نبوت اور کلام — حکم خداوندی

ایمان لانے والا ہوں۔ اللہ نے فرمایا! اے موسیٰ بے شک میں نے چن لیا ہے آپ کو لوگوں پر اپنے پیغام اور ہم کلامی کے لیے پس آپ لیں

ما أتيتك وكن من الشكرين ﴿١٤٤﴾ وكتبنا له في الألواح من كل شيء موعظة

برائے تورات و رسالت اور ہم کلامی — مضمون تورات

جو میں آپ کو دوں اور ہوجائیں شکر گزاروں میں سے۔ اور لکھدیا ہم نے اس کے لیے تختیوں میں ہر قسم کی نصیحت

وَّتَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ ۚ فَخُذْهَا بِقُوَّةٍ وَّاْمُرْ قَوْمَكَ يَاْخُذُوْا بِاَحْسَنِهَا ۗ سَاُورِيْكُمْ (۱)

اور ہر چیز کی (ضروری) تفصیل پس آپ لیں اس کو مضبوطی سے اور اپنی قوم کو حکم دیں کہ لیں وہ اس کو بہتر طریقہ سے عنقریب میں دکھاؤں گا تمہیں

دَارَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۱۴۵﴾ سَاَصْرِفُ عَنْ اٰيٰتِيَ الَّذِيْنَ يَتَكَبَّرُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۗ

احکام الٰہی سے برگشتگی کرنے والوں کا بیان

فاسقوں کا گھر، میں عنقریب پھیروں گا اپنی آیتوں سے ان لوگوں کو جنھوں نے تکبر کیا زمین میں ناحق

وَاِنْ يَّرَوْا كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ۚ وَاِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ الرُّشْدِ لَا يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ۚ

اثر برگشتگی، نمبر ۱ فہم قرآن — نمبر ۲ راہ رشد سے محرومین کا بیان

اور اگر وہ دیکھیں سب نشانیاں تو اس پر ایمان نہ لائیں اور اگر وہ دیکھیں ہدایت کی راہ تو وہ نہ بنائیں اس کو راہ

وَاِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ الْغَيِّ يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ۗ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا

سبب برگشتگی — نتیجہ دنیاوی

اور اگر وہ دیکھیں گمراہی کی راہ تو بنائیں اس کو راہ یہ اس لیے کہ انہوں نے تکذیب کی ہماری آیات کی اور وہ

عَنْهَا غٰفِلِيْنَ ﴿۱۴۶﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَاءِ الْاٰخِرَةِ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ۗ هَلْ يُجْزَوْنَ

نتیجہ آخروی

اس سے بے خبر تھے ۔ اور وہ لوگ جنہوں نے تکذیب کی ہماری آیات کی اور آخرت کی ملاقات کی برباد ہو گئے ان کے اعمال نہیں بدلہ دیئے جائیں گے وہ

اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۷﴾ ع

ع ۱۷ ۶ ۷

مگر اس کا جو وہ کام کرتے تھے

وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوْسٰى مِنْ بَعْدِهٖ مِنْ حُلِيِّهِمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ ۗ اَلَمْ يَرَوْا اَنَّهٗ

بنی اسرائیل کی حماقت — سامری کا کارنامہ — تردید الوہیت بچھڑا

اور بنایا موسیٰ علیہ السلام کی قوم نے ان کے جانے بعد اپنے زیورات سے بچھڑا ایک دھڑ تھا اس کے لیے گائے کی آواز تھی کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ وہ

لَا يُكَلِّمُهُمْ وَلَا يَهْدِيْهِمْ سَبِيْلًا ۘ اِتَّخَذُوْهُ وَكَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۸﴾ وَلَمَّا سُقِطَ

عدم متکلم کا بیان — عدم ہادی کا بیان — بنی اسرائیل کی کم عقلی کا بیان — بنی اسرائیل کی ندامت

ان کے ساتھ بات نہیں کرتا اور نہ وہ ان کو راہ دکھاتا ہے بنا لیا انہوں نے اس کو (معبود) اور وہ (اپنے نفسوں پر) ظالم تھے ۔ اور جب پشیمانی ہوئی

فِيْ اَيْدِيْهِمْ وَرَاَوْا اَنَّهُمْ قَدْ ضَلُّوْا ۙ قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ يَرْحَمْنَا رَبُّنَا وَيَغْفِرْ لَنَا لَنَكُوْنَنَّ

بعد از تنبیہ موسیٰ علیہ السلام — بنی اسرائیل کا اقرار گمراہی اور الفاظ توبہ

ان کے ہاتھوں میں اور انہوں نے سمجھ لیا کہ وہ بیشک گمراہ ہو گئے تھے تو انہوں نے کہا اگر ہمارے رب نے ہم پر رحم نہ کیا اور ہمیں نہ بخشا تو ہم ضرور ہوں گے

مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۱۴۹﴾ وَلَمَّا رَجَعَ مُوْسٰى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا ۙ قَالَ بِئْسَمَا خَلَفْتُمُوْنِيْ

کوہ طور سے موسیٰ علیہ السلام کی واپسی — ہارون علیہ السلام سے مکالمہ

نقصان اٹھانے والوں سے ۔ اور جب لوٹے موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم کی طرف غصے اور غم میں بھرے ہوئے تو کہا بری نیابت کی تم نے

مِنْ بَعْدِيْ ۚ اَعَجِلْتُمْ اَمْرَ رَبِّكُمْ ۚ وَاَلْقَى الْاَلْوَاحَ وَاَخَذَ بِرَاْسِ اَخِيْهِ يَجُرُّهٗ اِلَيْهِ ۗ

احکام تورات — ہارون علیہ السلام سے معاملہ

میرے بعد کیا جلد بازی کی تم نے اپنے رب کے حکم آنے سے اور رکھ دی انہوں نے تختیاں اور اپنے بھائی کا سر پکڑا گھسیٹ رہے تھے اس کو اپنی طرف

(۱) دلیل نمبر ۳ یہاں بھی "کل" سے بعض مراد ہے ورنہ قرآن کریم اور شریعت محمدیؐ پر تورات کی فوقیت لازم آئے گی، اور دلیل نمبر ۴ سورۃ احقاف آیت نمبر ۲۵ ص ۵۱۴ میں دیکھیں۔

قَالَ ابْنَ أُمَّ إِنَّ الْقَوْمَ اسْتَضْعَفُونِي وَكَادُوا يَقْتُلُونَنِي فَلَا تُشْمِتْ بِيَ الْأَعْدَاءَ

حضرت ہارونؑ کی معذرت

کہا (ہارون نے) اے میرے ماں کے بیٹے! بیشک لوگوں نے مجھے کمزور سمجھا تھا اور قریب تھا کہ وہ مجھے قتل کر ڈالتے پس نہ ہنسا مجھ پر دشمنوں کو

وَلَا تَجْعَلْنِي مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ﴿۱۵۰﴾ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِي وَلِأَخِي وَأَدْخِلْنَا فِي رَحْمَتِكَ

حضرت موسیٰؑ کی اپنے اور بھائی کے لیے دعا

اور نہ ملا مجھے ظالم لوگوں کے ساتھ ، کہا اے میرے رب! معاف کر دے مجھے اور میرے بھائی کو اور ہمیں اپنی رحمت میں داخل فرما

ع ۱۸ وَأَنتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ﴿۱۵۱﴾

اور تو سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے

إِنَّ الَّذِينَ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ سَيَنَالُهُمْ غَضَبٌ مِّن رَّبِّهِمْ وَذِلَّةٌ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۚ وَكَذَٰلِكَ

غیر تائبین کا بیان — مثل سامری — دستور خداوندی

بیشک وہ جنھوں نے بنایا بچھڑے کو معبود عنقریب پہنچے گا ان کو ان کے رب کا غضب اور ذلت دنیا کی زندگی میں اور اسی طرح

نَجْزِي الْمُفْتَرِينَ ﴿۱۵۲﴾ وَالَّذِينَ عَمِلُوا السَّيِّئَاتِ ثُمَّ تَابُوا مِن بَعْدِهَا وَآمَنُوا إِنَّ

تائبین — بشارت

ہم بدلہ دیتے ہیں بہتان باندھنے والوں کو۔ اور وہ لوگ جنھوں نے برے کام کیے پھر اس کے بعد انہوں نے توبہ کر لی اور ایمان لائے بیشک

رَبَّكَ مِن بَعْدِهَا لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿۱۵۳﴾ وَلَمَّا سَكَتَ عَن مُّوسَى الْغَضَبُ أَخَذَ الْأَلْوَاحَ

موسیٰ علیہ السلام کے غصے تھمنے کا بیان

تیرا رب اس کے بعد البتہ بخشنے والا مہربان ہے، اور جب ٹھنڈا ہوا موسیٰ علیہ السلام سے غصہ اس نے تختیوں کو اٹھایا

وَفِي نُسْخَتِهَا هُدًى وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِينَ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُونَ ﴿۱۵۴﴾ وَاخْتَارَ مُوسَىٰ قَوْمَهُ

مضمون تورات — علماً — عملاً — مستفیدین — ستر افراد کا انتخاب

اور جو اس میں لکھا ہوا تھا اس میں ہدایت اور رحمت تھی ان لوگوں کے لیے جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں، اور چن لیا موسیٰ علیہ السلام نے اپنے قوم سے

سَبْعِينَ رَجُلًا لِّمِيقَاتِنَا ۖ فَلَمَّا أَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ قَالَ رَبِّ لَوْ شِئْتَ أَهْلَكْتَهُم مِّن

(عبادت عجل سے توبہ کرنے کے لیے) بعض کے نزدیک میقات اول توراتی، کلامی مراد ہے۔موسیٰ کی دعا کی ابتداء

ستر آدمی ہمارے وعدہ پر لانے کے لیے پھر جب پکڑا ان کو زلزلہ نے کہا اے میرے رب! اگر تو چاہتا تو مجھے اور ان کو اس سے

قَبْلُ وَإِيَّايَ ۖ أَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ السُّفَهَاءُ مِنَّا ۖ إِنْ هِيَ إِلَّا فِتْنَتُكَ تُضِلُّ بِهَا مَن

امتحان

پہلے ہلاک کر دیتا کیا۔ تو ہمیں ہلاک کرتا ہے اس کام پر جو کیا ہماری قوم کے بے قوف لوگوں نے نہیں ہے یہ مگر تیری آزمائش گمراہ کردے اس کے ساتھ جسے

تَشَاءُ وَتَهْدِي مَن تَشَاءُ ۖ أَنتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا ۖ وَأَنتَ خَيْرُ الْغَافِرِينَ ﴿۱۵۵﴾

تو چاہے اور ہدایت دے جسے تو چاہے تو ہی ہمارا کارساز ہے پس تو ہمیں معاف کر دے اور ہم پر رحم فرما اور تو سب سے بہتر بخشنے والا ہے

وَاكْتُبْ لَنَا فِي هَٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ إِنَّا هُدْنَا إِلَيْكَ ۚ قَالَ عَذَابِي أُصِيبُ

موسیٰؑ کی بقیہ دعا — انتہائے دعا — جواب دعا

اور لکھ دے ہمارے لیے اس دنیا میں اچھائی اور آخرت میں بھی اور بیشک ہم نے تیری طرف رجوع کیا ۔ کہا میں اپنا عذاب اس کو پہنچاتا ہوں

بِهٖ مَنْ اَشَآءُ ۚ وَرَحْمَتِىْ وَسِعَتْ كُلَّ شَىْءٍ ؕ فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ

مستحقین رحمت کاملہ کے اوصاف نمبر ۱ نمبر ۲

جس کو میں چاہتا ہوں ۔ (کیونکہ) میری رحمت ہر چیز پر محیط ہے پس میں لکھوں گا اسے ان کے لیے جو ڈرتے ہیں اور زکوۃ دیتے ہیں

وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِنَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۵۶﴾ ۚ اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِىَّ الْاُمِّىَّ الَّذِىْ

نمبر ۳ اتباع محمدی میں کامیابی اوصاف محمد صلی اللہ علیہ وسلم نمبر ۱

اور وہ لوگ جو ہماری آیات پر ایمان رکھتے ہیں۔ وہ جو پیروی کرتے ہیں اس رسول کی جو نبی امی ہے

يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِى التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ ۚ يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهٰىهُمْ

دلیل نبوت نمبر ۲ صفات وفرائض خاتم الانبیاء نمبر ۱ نمبر ۲

جسے پاتے ہیں لکھا ہوا اپنے ہاں توراۃ اور انجیل میں وہ ان کو نیکی کا حکم دیتا ہے اور برائی سے

عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ

نمبر ۳ (۱) حلت وحرمت نمبر ۴ نمبر ۵

ان کو روکتا ہے اور حلال بتاتا ہے ان کے لیے پاک چیزیں اور حرمت ظاہر کرتا ہے ان پر ناپاک چیزوں کی اور اتارتا ہے ان سے ان کے بوجھ

وَالْاَغْلٰلَ الَّتِىْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِىْۤ

نمبر ۶ مومنین کے اوصاف نمبر ۱ نمبر ۲ نمبر ۳ نمبر ۴ (۲)

اور وہ طوق جو ان پر (پہلے شرائع کے) پڑے تھے پس جو لوگ اس (نبی) پر ایمان لائے اور اس کی تائید کی اور اس کی مدد کی اور تابعداری کی اس نور کی

ع ۱۹ ۹ اُنْزِلَ مَعَهٗۤ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۵۷﴾

نتیجہ

جو اتارا گیا اس پر یہی لوگ کامیاب ہونے والے ہیں۔

قُلْ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعَا ۨ الَّذِىْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ

عمومی بعثت خاتم الانبیاء کا بیان ختم نبوت پر دلیل آفاقی

آپ کہہ دیجئے اے لوگو! میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول ہوں (وہ اللہ وہ ہے) جس کے لیے حکومت ہے آسمانوں کی اور زمین کی

لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْىٖ وَيُمِيْتُ ۖ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِىِّ الْاُمِّىِّ الَّذِىْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ

حصر الالوہیت فی ذات باری تعالیٰ اصول کامیابی نمبر ۱، نمبر ۲، نمبر ۳

نہیں کوئی معبود مگر وہ وہی زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے پس ایمان لاؤ اللہ اور اس کے رسول نبی امی پر جو خود اللہ پر اور اس کے سب کلاموں پر یقین رکھتا ہے

وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ وَمِنْ قَوْمِ مُوْسٰۤى اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ

فرائض مؤمنین ۔نتیجہ حضرت موسیٰؑ کی قوم میں سے امت اجابت کے فرائض کا بیان

اور تم اس (نبی امی) کی پیروی کرو تا کہ تم راہ پاجاؤ ۔ اور موسیٰ علیہ السلام کی قوم میں سے ایک جماعت ہے جو راہ حق بتاتی ہے اور اس کے

يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ وَقَطَّعْنٰهُمُ اثْنَتَىْ عَشْرَةَ اَسْبَاطًا اُمَمًا ؕ وَاَوْحَيْنَاۤ اِلٰى مُوْسٰۤى اِذِ اسْتَسْقٰهُ

(انصاف) اصلاحی اور انتظامی امور کے لیے بنی اسرائیل کی بارہ قبیلوں میں تقسیم۔ انعامات نمبر ۱ نمبر ۲ قوم موسیٰ کا پانی کا مطالبہ

موافق انصاف کرتی ہے۔ اور ہم نے ان کو جدا جدا کر دیا بارہ دادوں کی اولاد بڑی بڑی جماعتیں تھیں اور وحی کی ہم نے موسیٰ علیہ السلام کی طرف جب پانی مانگا

قَوْمُهٗۤ اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ۚ فَانْۢبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ

طریق حصول ماء جریان بارہ عدد چشمہ جات معرفت مشرب

اس سے اس کی قوم نے کہ مار اپنی لاٹھی اس پتھر پر تو پھوٹ پڑے اس سے بارہ چشمے تحقیق پہچان لیا

(۱) حلت وحرمت کا تعارض آئے گا سورۃ تحریم آیت ۱ سے ص ۵۷۰ میں دیکھیں

(۲) دلیل نمبر ۲ کہ نور سے مراد قرآن ہے اور دلیل نمبر ۳ سورۃ شوریٰ آیت نمبر ۵۲ ص ۹۷۴ میں دیکھیں

أُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ۚ وَظَلَّلْنَا عَلَيْهِمُ الْغَمَامَ وَأَنزَلْنَا عَلَيْهِمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوَىٰ ۖ كُلُوا مِن

نمبر ۳ ۔ نمبر ۴ ۔ خوراک ۔ فرائض

سب لوگوں نے اپنا گھاٹ اور سایہ کیا ہم نے ان پر بادل کا اور اتارا ہم نے ان پر من اور سلوی۔ کھاؤ

طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ ۚ وَمَا ظَلَمُونَا وَلَٰكِن كَانُوا أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ﴿١٦٠﴾ وَإِذْ قِيلَ لَهُمُ اسْكُنُوا

بنی اسرائیل۔ ۔ قوم کی نافرمانی ۔ بنی اسرائیل کو قروی زندگی

صاف ستھری چیزیں جو ہم نے تمہیں دیں اور نہیں کیا انہوں نے ہمارا کوئی نقصان لیکن وہ اپنا ہی نقصان کرتے رہے، اور جب کہا گیا انہیں اس

(۱) بیت المقدس اریحاء، ایلیاء یا شام

هَٰذِهِ الْقَرْيَةَ وَكُلُوا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ وَقُولُوا حِطَّةٌ وَادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا نَّغْفِرْ

گزارنے کا حکم (۱) ۔ طریق بخشش

بستی میں جا کر رہو اور کھاؤ وہاں سے جہاں سے تم (رغبت سے) چاہو اور کہتے جاؤ توبہ اور داخل ہو دروازے میں جھک کر ہم معاف کر دیں گے تمہیں

لَكُمْ خَطِيئَاتِكُمْ ۚ سَنَزِيدُ الْمُحْسِنِينَ ﴿١٦١﴾ فَبَدَّلَ الَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْهُمْ قَوْلًا غَيْرَ الَّذِي قِيلَ لَهُمْ

بنی اسرائیل کی سرکشی

تمہاری غلطیاں اور ہم زیادہ دیں گے اجر نیکوکاروں کو، تو تبدیل کیا ان لوگوں نے جنھوں نے ظلم کیا ان میں سے بات کو اس کے سوا جو ان سے کہی گئی تھی

ع ۲۰ / ۱۰

فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِجْزًا مِّنَ السَّمَاءِ بِمَا كَانُوا يَظْلِمُونَ ﴿١٦٢﴾

نتیجہ سرکشی

تو بھیجا ہم نے ان پر (طاعون کا) عذاب آسمان سے اس لیے کہ وہ ظالم تھے۔

وَاسْأَلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِي كَانَتْ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ إِذْ يَعْدُونَ فِي السَّبْتِ إِذْ تَأْتِيهِمْ

داستان اصحاب سبت (ایلہ) ۔ اہل سبت کی آزمائش

اور آپ ان سے پوچھیں اس بستی کا حال جو دریا کے کنارے پر تھی جب وہ حد سے بڑھنے لگے ہفتہ کے معاملہ میں جب آنے لگیں ان کے پاس

حِيتَانُهُمْ يَوْمَ سَبْتِهِمْ شُرَّعًا وَيَوْمَ لَا يَسْبِتُونَ ۙ لَا تَأْتِيهِمْ ۚ كَذَٰلِكَ نَبْلُوهُم بِمَا كَانُوا

تیرتی بھی ۔ سبب آزمائش

ان کی مچھلیاں ہفتہ کے دن پانی کے اوپر اور جس دن ہفتہ نہیں ہوتا تھا تو ان کے پاس نہیں آتی تھیں اسی طرح ہم نے ان کو آزمایا اس لیے کہ وہ

النصف

يَفْسُقُونَ ﴿١٦٣﴾ وَإِذْ قَالَتْ أُمَّةٌ مِّنْهُمْ لِمَ تَعِظُونَ قَوْمًا ۙ اللَّهُ مُهْلِكُهُمْ أَوْ مُعَذِّبُهُمْ

اہل سبت کے دوسرے طبقہ کا مکالمہ

نافرمان لوگ تھے۔ اور جب کہا ایک جماعت نے ان میں سے کیوں تم نصیحت کرتے ہو ان لوگوں کو جن کو اللہ ہلاک کرنے والا ہے یا ان کو سخت عذاب دینے والا ہے

عَذَابًا شَدِيدًا ۖ قَالُوا مَعْذِرَةً إِلَىٰ رَبِّكُمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ﴿١٦٤﴾ فَلَمَّا نَسُوا مَا ذُكِّرُوا بِهِ أَنجَيْنَا

پہلے طبقہ کا جواب مکالمہ ۔ نجات طبقہ اول

انہوں نے کہا تمہارے رب کے سامنے عذر کرنے کے لیے اور تا کہ وہ ڈر جائیں۔ پھر جب وہ بھول گئے اس چیز کو جو انہیں سمجھائی گئی تھی تو ہم نے بچا لیا

الَّذِينَ يَنْهَوْنَ عَنِ السُّوءِ وَأَخَذْنَا الَّذِينَ ظَلَمُوا بِعَذَابٍ بَئِيسٍ بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ ﴿١٦٥﴾

گرفت خداوندی ۔ سخت عذاب

ان لوگوں کو جو برائی سے روکتے تھے اور پکڑا ہم نے ان لوگوں کو جنھوں نے ظلم کیا برے عذاب کے ساتھ اس لیے کہ وہ نافرمان تھے

فَلَمَّا عَتَوْا عَن مَّا نُهُوا عَنْهُ قُلْنَا لَهُمْ كُونُوا قِرَدَةً خَاسِئِينَ ﴿١٦٦﴾ وَإِذْ تَأَذَّنَ رَبُّكَ لَيَبْعَثَنَّ

تفصیل ماسبق ۔ انجام دنیوی ۔ انبیاء بنی اسرائیل کی زبانی اعلان

پھر جب وہ اس کام میں حد سے بڑھ گئے جس سے ان کو روکا گیا تھا (تو) ہم نے ان سے کہا ہو جاؤ بندر ذلیل، اور جب دھمکی آمیز اعلان کیا تیرے رب نے کہ وہ ضرور بھیجے گا

عليهم الى يوم القيمة من يسومهم سوء العذاب ؕ ان ربك لسريع العقاب ۚۖ و

باز

ان پر قیامت کے دن تک (ایسے لوگوں کو) جو انہیں برا عذاب پہنچاتے رہیں گے بیشک تیرا رب (قاتل انبیاء کو) جلد سزا دینے والا ہے اور

انه لغفور رحيم ﴿۱۶۷﴾ وقطعنهم في الارض امما ۚ منهم الصلحون ومنهم دون

آنے پر بخشش کا اعلان — یہود کی آبادی کے متفرق کرنے کا بیان۔ اقسام الناس، نمبر ۱ — نمبر ۲

بیشک وہ بخشنے والا مہربان ہے ۔ اور متفرق کر دیا ہم نے ان کو زمین میں مختلف جماعتیں (بنا کر) بعض ان میں سے نیک ہیں اور بعض ان میں

ذلك وبلونهم بالحسنت والسيات لعلهم يرجعون ﴿۱۶۸﴾ فخلف من بعدهم خلف ورثوا

یہود کی آزمائش — سبب آزمائش — یہود کے نااھل علماء کا حال

اور طرح کے ہیں، اور آزمایا ہم نے ان کو بھلائیوں اور برائیوں سے تا کہ وہ لوٹ آئیں۔ پھر آئے ان کے بعد نااہل جانشین وارث ہوئے وہ

الكتب ياخذون عرض هذا الادنى ويقولون سيغفر لنا ۚ وان ياتهم عرض

یہود کی بے باکی — دین فروشی کا عوض

میرے کتاب کے وہ لیتے ہیں سامان اس ادنیٰ زندگی کا اور وہ کہتے ہیں کہ ہمیں معاف کر دیا جائے گا اور اگر ان کے پاس ایسا مال اور

مثله ياخذوه ؕ الم يؤخذ عليهم ميثاق الكتب ان لا يقولوا على الله الا الحق

تہدید

آئے تو اس کو لے لیتے ہیں کیا ان سے نہیں لیا گیا تھا عہد کتاب میں کہ نہ کہو تم اللہ پر مگر سچ

ودرسوا ما فيه ؕ والدار الاخرة خير للذين يتقون ؕ افلا تعقلون ﴿۱۶۹﴾ والذين

قانون الٰہی

اور انہوں نے پڑھا ہے جو کچھ اس میں (لکھا) تھا اور آخرت کا گھر بہتر ہے ڈرنے والوں کے لیے کیا پھر تم (ہمیشہ رشوت لیتے رہو گے) سمجھتے نہیں ہو۔ اور جو لوگ

يمسكون بالكتب واقاموا الصلوة ؕ انا لا نضيع اجر المصلحين ﴿۱۷۰﴾ واذ نتقنا

کی پابندی کرنیوالوں کے لیے اعلان بشارت — پہاڑ کا سروں

تھامتے ہیں اللہ کی کتاب کو اور نماز کی پابندی کرتے ہیں بیشک ہم نہیں ضائع کرتے اجر نیک کام کرنے والوں کا۔ اور جب اکھاڑا ہم نے

الجبل فوقهم كانه ظلة وظنوا انه واقع بهم ۚ خذوا ما اتينكم بقوة واذكروا

پر معلق کرنے کا بیان۔ برائے تاکید میثاق۔ — تورات

پہاڑ کو ان کے اوپر (تورات پر عمل کرنے کے لیے) گویا کہ وہ سائبان ہے اور انہوں نے گمان کیا کہ وہ ان پر گرنے والا ہے۔ لو تم جو ہم نے تم کو دیا مضبوطی سے اور یاد کرو

ع ۲۱ ۹ ۱۱ ما فيه لعلكم تتقون ﴿۱۷۱﴾

جو کچھ اس میں ہے تا کہ تم (عذاب سے) بچتے رہو

واذ اخذ ربك من بني ادم من ظهورهم ذريتهم واشهدهم على انفسهم ۚ الست

عالم ارواح میں عمومی اقرار ربوبیت والوھیت (۱) — وادی نعمان

اور جب لیا تیرے پروردگار نے اولاد آدم سے ان کی پیٹھوں سے ان کی اولاد کو اور اقرار کروایا ان کو ان کی جانوں پر کیا میں تمہارا

بربكم ؕ قالوا بلى ۛ شهدنا ۛ ان تقولوا يوم القيمة انا كنا عن هذا غفلين ﴿۱۷۲﴾ لا

ھندوستان، مابین مکہ وطائف۔ حکمت اقرار نمبر ۱

رب نہیں ہوں انہوں نے کہا کیوں نہیں ہم نے اقرار کیا تا کہ تم کہیں یوں نہ کہو قیامت کے دن بیشک ہم اس (توحید) سے بے خبر تھے

(۱) رب وہ ہستی ہے جو تین کام کرے (۱) کسی چیز کو موجود کرے، نیست سے ہست کرے (۲) وجود پذیر ہونے والی مخلوق کی بقاء کا سامان کرے تا کہ وہ آناً فاناً ختم نہ ہو جائے (۳) پھر بتدریج اس مخلوق کو ترقی دے کر منتہائے کمال تک پہنچائے، یہ تینوں کام اللہ تعالیٰ ہی کرتا ہے، اور توحید ربوبیت اور توحید الوہیت میں چولی دامن کا ساتھ ہے ایک دوسرے سے جدا نہیں، یہی معبود ہوتا ہے، پس انسانوں کا اقرار ربوبیت اقرار الوہیت بھی ہے (ہدایت القرآن)

اَوْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ اَشْرَكَ اٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِّنْۢ بَعْدِهِمْ ۚ اَفَتُهْلِكُنَا بِمَا

نمبر ۲

یا تم یوں نہ کہو کہ بیشک شرک کیا ہمارے باپ دادا نے ہم سے پہلے اور ہم اولاد تھے ان کی ان کے بعد کیا پس تو ہمیں ہلاک کرتا ہے اس

فَعَلَ الْمُبْطِلُوْنَ ۱۷۳ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ۱۷۴ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ

شفقت خداوندی — مقصد تفصیل آیات

(شرکیہ) کام پر جو باطل پرستوں نے کیا۔ اور اسی طرح ہم تفصیل سے بیان کرتے ہیں آیتیں تا کہ وہ (شرک سے) لوٹ آئیں، اور آپ پڑھ کر سنائیں ان پر اس شخص کا حال

الَّذِيْٓ اٰتَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا فَاَتْبَعَهُ الشَّيْطٰنُ فَكَانَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ۱۷۵ وَلَوْ شِئْنَا

تذکیر بایام اللہ سے فرائض خاتم الانبیاء (۱) — نتیجہ — آیات الٰہی پر عمل کرنے کا

جس کو ہم نے اپنی آیتیں دی تھی پھر وہ ان سے نکل گیا تھا پھر اس کے پیچھے لگا شیطان تو وہ گمراہوں میں سے ہو گیا۔ اور اگر ہم چاہتے

لَرَفَعْنٰهُ بِهَا وَلٰكِنَّهٗٓ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ ۚ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ ۚ اِنْ

مقتضیٰ — دنیا کی طرف مائل ہونے والوں کی مثال — ترک آیات کا نتیجہ

تو اس کا مقام بلند کرتے (ان آیتوں کی برکت سے) لیکن وہ دنیا کی طرف مائل ہو گیا اور اپنی خواہش کی پیروی کی، پس اس کا حال کتے جیسا ہے ۔ اگر

تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ اَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ ۭ ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ

(۲) — ہوا پرستوں کی مثال

آپ اس کو بھگائیں تو بھی ہانپے اور اگر اسے چھوڑ دے تو بھی ہانپے یہ مثال ان لوگوں کی ہے جنہوں نے تکذیب کی ہماری آیات کی

فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۱۷۶ سَاۗءَ مَثَلَا ِۨ الْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا

فریضہ خاتم الانبیاء — تتمہ مثال ماسبق

پس آپ یہ احوال بیان کریں تا کہ وہ غور وفکر کریں۔ کتنی بری مثال ہے ان لوگوں کی جنھوں نے جھٹلایا ہماری آیات کو

وَاَنْفُسَهُمْ كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ۱۷۷ مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِيْ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَاُولٰۗىِٕكَ

تسلی خاتم الانبیاء سے حصر الھدایت فی ذات باری

اور وہ اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں۔ جس کو اللہ ہدایت دے تو وہ ہدایت پانے والا ہے اور جس کو وہ گمراہ کردے تو وہی

هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۱۷۸ وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ڮ لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ

جہنم کی روزی — کیفیت غافلین

نقصان اٹھانے والے ہیں، اور البتہ تحقیق پیدا کیا ہم نے جہنم کے لیے بہت سے جنات اور انسان ان کے لیے دل ہیں وہ سمجھتے نہیں ہیں ان سے

بِهَا ۡ وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا ۡ وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا ۭ اُولٰۗىِٕكَ كَالْاَنْعَامِ

(۳) زندہ کفار کے قلب ۔ سماع نافع سے محروم

اور ان کے لیے آنکھیں ہیں ان سے وہ دیکھتے نہیں ہیں اور ان کے لیے کان ہیں وہ ان سے سنتے نہیں ہیں وہ لوگ جانوروں کی طرح ہیں

بَلْ هُمْ اَضَلُّ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ۱۷۹ وَلِلّٰهِ الْاَسْمَاۗءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا ۠ وَذَرُوا

ازالۂ شبہ، یا رحمٰن یا رحیم — کفار سے قطع تعلق کا بیان

بلکہ وہ اس سے بھی زیادہ گمراہ یہی لوگ (نتیجے سے) غافل ہیں۔ اور اللہ کے لیے سب اچھے نام ہیں پس پکارو اس کو اس کے ناموں کے ساتھ اور چھوڑ دوں

الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اَسْمَاۗىِٕهٖ ۭ سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۱۸۰ وَمِمَّنْ خَلَقْنَآ اُمَّةٌ

یعنی اسماء الٰہیہ میں الحاد کرنے والوں سے — امت محمدیہ کی فضیلت

ان لوگوں کو جو اس کے ناموں میں کجروی اختیار کرتے ہیں عنقریب سزا دیے جائیں گے اس کی جو وہ کرتے ہیں۔ اور ان لوگوں میں سے جنہیں ہم نے پیدا کیا ایک جماعت ہے۔

(۱)
مشہور قول بلعم بن باعورا ہے حق بات یہ ہے کہ جو بھی دین حق کا تارک ہوگا وہ اس سے مراد ہے۔
(۲) تحمل : اس کا مصدر حَمْلاً آتا ہے اس کا معنیٰ لادنا بوجھ اٹھانا یہاں یہ معنیٰ مراد نہیں کتے پر بوجھ نہیں لادا جاتا بلکہ معنیٰ حَمْلاً دھتکارنا بھگانا ہے

(۳)
سماع نافع سے محروم کی دلیل نمبر ۱۳ اور دلیل نمبر ۱۴ سورۃ انفال آیت نمبر ۲۱ ص ۱۸۸ میں دیکھیں

ع ۲۲ ۱۰ ۱۲

يَهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۸۱﴾ ع

جو سچی راہ بتاتی ہے اور اسی کے مطابق فیصلہ کرتے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۲﴾ وَاُمْلِيْ لَهُمْ ۭ اِنَّ

مجرمین کے لیے مہلت (۱) — تتمہ ماسبق

اور وہ لوگ جنہوں نے تکذیب کی ہماری آیات کی ہم انہیں آہستہ آہستہ پکڑیں گے ایسی جگہ سے جہاں انہیں خبر بھی نہ ہوگی، اور میں مہلت دیتا ہوں انہیں بیشک

كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ﴿۱۸۳﴾ اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا ۫ مَا بِصَاحِبِهِمْ مِّنْ جِنَّةٍ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۸۴﴾

مشرکین کے لیے دعوت فکر سے اثبات رسالت خاتم الانبیاء

میری تدبیر بہت مضبوط ہے۔ کیا انہوں نے غور و فکر نہیں کیا، نہیں ان کے ساتھی کو کوئی جنون، نہیں ہے وہ مگر صریح ڈرانے والا،

اَوَلَمْ يَنْظُرُوْا فِيْ مَلَكُوْتِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ ۙ وَّاَنْ عَسٰٓى

تنبیہ — حاکمیت باری تعالیٰ سے توحید خداوندی پر عقلی دلیل

اور کیا انہوں نے نہیں دیکھا آسمان و زمین کی بادشاہی میں اور ان دوسری چیزوں میں جو اللہ نے پیدا کی ہیں اور یہ کہ ممکن ہے

اَنْ يَّكُوْنَ قَدِ اقْتَرَبَ اَجَلُهُمْ ۚ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۢ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۸۵﴾ مَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَا

تکذیب قرآن پر تہدید — حصر الهدایت باری تعالیٰ

کہ ان کی موت کا وقت قریب ہو پھر اس قرآن کے بعد کس بات پر ایمان لائیں گے۔ جس کو اللہ گمراہ کر دے تو اس کو

هَادِيَ لَهٗ ۭ وَيَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۸۶﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ

تسلی خاتم الانبیاء — منکرین قیامت کا شکوہ (۲) نفی علم غیب کلی از خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم

کوئی راہ پر لانے والا نہیں اور وہ چھوڑتا ہے ان کو ان کی سرکشی میں وہ سرگرداں پھرتے ہیں، وہ پوچھتے ہیں آپ سے قیامت کے بارے کہ اس کا وقوع

مُرْسٰىهَا ۭ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ ۚ لَا يُجَلِّيْهَا لِوَقْتِهَآ اِلَّا هُوَ ۘ ثَقُلَتْ فِي السَّمٰوٰتِ

جواب شکوہ (۳) — (۴)

کب ہے؟ آپ کہہ دیجئے اس کا علم میرے رب کے پاس ہے، نہیں نمودار کریگا اس کو اس کے وقت میں مگر وہی وہ بہت بھاری ہے آسمانوں

وَالْاَرْضِ ۭ لَا تَاْتِيْكُمْ اِلَّا بَغْتَةً ۭ يَسْـَٔلُوْنَكَ كَاَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا ۭ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ

اصرار مبالغہ کے لیے سوال (۵) — جواب شکوہ

اور زمین میں نہیں آئے گی وہ تمہارے پاس مگر اچانک وہ پوچھتے ہیں آپ سے گویا کہ آپ اس کی کھود کرید میں لگے ہوئے ہیں آپ کہہ دیجئے اس کا علم میرے اللہ کے پاس ہے

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۷﴾ قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَاۗءَ اللّٰهُ ۭ

مختاریت باری تعالیٰ — تکوینی، نفی مختار کل رتکوینی

لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے، آپ کہدیجئے نہیں مالک ہوں میں اپنی ذات کے لیے کسی نفع کا اور نہ کسی نقصان کا مگر جو اللہ چاہے،

وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۚ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْۗءُ ۚ اِنْ اَنَا

دلیل نمبر ۹ نفی علم غیب کلی از خاتم الانبیاء — اموراختیاریہ — نفی از علم مضر — فرائض

ع ۲۳ ۷ ۱۳

اور اگر میں جانتا ہوتا غیب کو تو بہت کچھ حاصل کر لیتا بھلائی سے اور نہ چھوتی مجھے برائی۔ نہیں میں

اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۱۸۸﴾ ع

خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم

مگر ڈرانے والا اور خوشخبری دینے والا ان لوگوں کے لیے جو ایمان رکھتے ہیں۔

---

(۱)
تکذیب کلام عرب میں اعتدال سے ہٹنے کو کہتے ہیں

(۲)
دلیل نمبر ۸ نفی علم غیب از خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم اور دلیل نمبر ۹، اگلی آیت نمبر ۱۸۸ ہے اور دلیل نمبر ۱۰ سورۃ انفال آیت نمبر ۶۷ ص ۱۹۴ میں دیکھیں

(۳)
نبوت کا اصل مقصود امور تکوینہ کا احاطہ نہیں اس لیے ان امور کا علم جس میں تعین قیامت بھی داخل ہو نبی کو ملنا ضروری نہیں نبوت کا اصل مقصود امور تشریعہ کا علم وافی ہے سو وہ مجھ کو حاصل ہے۔ بیان القرآن

(۴)
لوقتھا: لام بمعنی فی ہے

(۵)
حفی: بروزن فعیل، صفت مشبہ کا وزن متلاشی، ریسرچ کرنے والا پورے طور پر باخبر، علمی تحقیق کیا ہوا استحفی عن الشئی زبردست کھوج لگانا کھود کرید کر، حد سے زیادہ پوچھ پاچھ کرنا

هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِیَسْكُنَ اِلَیْهَا ۚ فَلَمَّا

تذکیر بالآء اللہ سے توحید پر عقلی دلیل مطلق

وہ ذات جس نے پیدا کیا تمہیں ایک جان سے اور بنایا اس سے اس کا جوڑا تا کہ وہ آرام پکڑے اس کے پاس پھر جب

تَغَشّٰىهَا حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِیْفًا فَمَرَّتْ بِهٖ ۚ فَلَمَّاۤ اَثْقَلَتْ دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا لَىِٕنْ

مرد و عورت

ڈھانکا مرد نے اس کو اٹھایا اس نے ہلکا سا اٹھانا پس وہ چلتی رہی اس کے ساتھ پس جب وہ بوجھل ہوگئی تو پکارا ان دونوں نے اللہ کو جو ان کا رب ہے اگر تو دے ہمیں

اٰتَیْتَنَا صَالِحًا لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِیْنَ ﴿۱۸۹﴾ فَلَمَّاۤ اٰتٰىهُمَا صَالِحًا جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ فِیْمَاۤ اٰتٰىهُمَا ۚ

طریق شرک

اچھی بھلی (اولاد) تو ہم ضرور شکر گزار ہو جائیں گے۔ پھر جب دی اللہ نے اچھی بھلی اولاد بنایا دونوں نے اللہ کے لیے شریک اس اولاد میں جو ان دونوں کو دی اس نے

فَتَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ﴿۱۹۰﴾ اَیُشْرِكُوْنَ مَا لَا یَخْلُقُ شَیْـًٔا وَّهُمْ یُخْلَقُوْنَ ﴿۱۹۱﴾ ۚ وَلَا

معبودان باطلہ کا عجز و تنبیہ مشرکین نمبر ا

تو اللہ تعالیٰ بلند ہے اس سے جو وہ شریک ٹھہراتے ہیں، کیا وہ شریک ٹھہراتے ہیں اس کو جو پیدا نہیں کرتا کسی چیز کو اور وہ خود پیدا کیے جاتے ہیں۔ اور وہ

یَسْتَطِیْعُوْنَ لَهُمْ نَصْرًا وَّلَاۤ اَنْفُسَهُمْ یَنْصُرُوْنَ ﴿۱۹۲﴾ وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى

نمبر ۲ نمبر ۳

طاقت نہیں رکھتے ان کے لیے مدد کرنے کی اور نہ وہ اپنی جانوں کی مدد کرتے ہیں۔ اور اگر آپ ان کو بلائیں راہ ہدایت کی طرف

لَا یَتَّبِعُوْكُمْ ؕ سَوَآءٌ عَلَیْكُمْ اَدَعَوْتُمُوْهُمْ اَمْ اَنْتُمْ صَامِتُوْنَ ﴿۱۹۳﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ تَدْعُوْنَ

مشرکین کو چیلنج

نہ وہ پیروی کریں تمہاری۔ برابر ہے تم پر کہ آپ ان کو پکاریں یا ہوں آپ خاموش رہنے والے۔ بیشک جن کو تم پکارتے ہو

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ عِبَادٌ اَمْثَالُكُمْ فَادْعُوْهُمْ فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۱۹۴﴾ اَلَهُمْ

مشرکین

اللہ کے سوا (وہ) بندے ہیں تم جیسے پس پکارو ان کو پس چاہئے کہ وہ جواب دیں تمہیں اگر تم سچے ہو، کیا ان کے لیے

اَرْجُلٌ یَّمْشُوْنَ بِهَاۤ ؗ اَمْ لَهُمْ اَیْدٍ یَّبْطِشُوْنَ بِهَاۤ ؗ اَمْ لَهُمْ اَعْیُنٌ یُّبْصِرُوْنَ بِهَاۤ ؗ

کے لیے تنبیہ نمبر ا نمبر ۲ نمبر ۳

پاؤں ہیں جن سے وہ چلتے ہیں کیا ان کے لیے ہاتھ ہیں جن سے وہ پکڑتے ہیں کیا ان کے لیے آنکھیں ہیں کہ جن سے وہ دیکھتے ہیں

اَمْ لَهُمْ اٰذَانٌ یَّسْمَعُوْنَ بِهَا ؕ قُلِ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ كِیْدُوْنِ فَلَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۱۹۵﴾ اِنَّ وَلِیِّ ۦَ

نمبر ۴ سماع نافع سے محروم ۔ تاکید برائے چیلنج کارساز مطلق

کیا ان کے لیے کان ہیں کہ وہ ان سے سنتے ہیں، کہہ دیجئے پکارو تم اپنے شرکاء کو پھر میرے خلاف تدبیر کرو، پس مجھے مہلت مت دو، بیشک میرا کارساز

اللّٰهُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ ۖ ؗ وَهُوَ یَتَوَلَّى الصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۹۶﴾ وَالَّذِیْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ

مشرکین کے لیے تنبیہ عجز ماسوا اللہ

اللہ ہے جس نے اتارا کتاب کو اور وہ کارسازی کرتا ہے نیک بندوں کی ۔اور جن کو تم پکارتے ہو اللہ کے سوا

لَا یَسْتَطِیْعُوْنَ نَصْرَكُمْ وَلَاۤ اَنْفُسَهُمْ یَنْصُرُوْنَ ﴿۱۹۷﴾ وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا یَسْمَعُوْا ؕ

سماعت سے معذور

وہ طاقت نہیں رکھتے تمہاری مدد کرنے کی اور نہ وہ اپنی مدد کرتے ہیں۔ اور اگر تم بلاؤ ان کو راہ ہدایت کی طرف تو وہ نہیں سنتے

وَتَرٰىهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ وَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۹۸﴾ خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ

آداب تبلیغ دین اور فرائض خاتم الانبیاء

اور آپ ان کو دیکھتے ہیں اور وہ آپ کو تک رہے ہیں حالانکہ ان کو نظر نہیں آتا آپ درگزر کریں اور نیکی کا حکم دیں

وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۱۹۹﴾ وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ

شیطان سے بچنے کا طریقہ

اور جاہلوں سے روگردانی کریں۔ اور اگر آپ کو وسوسہ آئے شیطان کی طرف سے کوئی وسوسہ تو آپ پناہ مانگیں اللہ تعالیٰ سے بیشک وہ

سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۰۰﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّيْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا

اولیاء اللہ کا وصف — خیال — وہ یاد کرتے ہیں

سننے والا جاننے والا ہے ۔ بیشک جن لوگوں نے تقویٰ اختیار کیا جب چھوتا ہے ان کو کوئی وسوسہ شیطان کی طرف سے تو وہ (اللہ) کو یاد کرتے ہیں تو اچانک

هُمْ مُّبْصِرُوْنَ ﴿۲۰۱﴾ وَاِخْوَانُهُمْ يَمُدُّوْنَهُمْ فِى الْغَيِّ ثُمَّ لَا يُقْصِرُوْنَ ﴿۲۰۲﴾ وَاِذَا لَمْ

بصیرت والے ہوتے ہیں — اولیاء شیطان کا وصف — مشرکین کا

وہ دیکھنے والے ہوتے ہیں، اور ان کے بھائی گھسیٹتے ہیں ان کو گمراہی میں پھر وہ کوتاہی نہیں کرتے، اور جب تو نہ

تَاْتِهِمْ بِاٰيَةٍ قَالُوْا لَوْلَا اجْتَبَيْتَهَا ؕ قُلْ اِنَّمَآ اَتَّبِعُ مَا يُوْحٰٓى اِلَىَّ مِنْ رَّبِّىْ ۚ هٰذَا بَصَآئِرُ

شکوہ ومطالبہ — (یعنی معجزہ) — جواب شکوہ

لائے ان کے پاس کوئی نشانی تو کہتے ہیں کیوں نہیں چن کر لائے اس کو آپ کہہ دیجئے بیشک میں پیروی کرتا ہوں اس چیز کی جو میری طرف وحی کی جاتی ہے میرے رب کی طرف سے یہ بصیرت کی باتیں ہیں

مِنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۲۰۳﴾ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا

آداب تلاوت قرآن

تمہارے رب طرف سے اور ہدایت اور رحمت ان لوگوں کے لیے جو ایمان رکھتے ہیں ۔ اور جب پڑھا جائے قرآن تو کان لگا کر سنو

لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۲۰۴﴾ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِىْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِيْفَةً وَّدُوْنَ

اثبات ذکر قلبی ادنیٰ درجہ — آداب دعا — ذکر

اس کو اور خاموش رہو تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔ اور یاد کرو اپنے رب کو اپنے دل میں گڑگڑاتے ہوئے اور ڈرتے ہوئے اور

الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ ﴿۲۰۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ

(۱) اعلیٰ درجہ — اوصاف ذاکرین

زبان سے آواز بلند کیے بغیر (یعنی ہلکی آواز سے) صبح اور شام اور نہ ہو تو غافلوں میں سے ۔ بیشک جو تیرے

۲۴ ع ۱۸ ۱۴ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ يَسْجُدُوْنَ ﴿۲۰۶﴾ السجدۃ الثالثۃ

نمبر ۱ — نمبر ۲ — نمبر ۳

رب کے پاس ہیں وہ تکبر نہیں کرتے اس کی عبادت سے اور اس کی پاکی بیان کرتے ہیں اور اسی کو سجدہ کرتے ہیں

سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسٌ وَّسَبْعُوْنَ اٰيَةً وَّعَشْرُ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

ترتیب تلاوت نمبر ۸، ترتیب نزول ۸۸، آیات ۷۵، رکوعات ۱۰۔ شان نزول عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ؕ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَصْلِحُوْا ذَاتَ

سوال برائے انفال (۲) — فریضۂ خاتم الانبیاء سے جواب — اپنی رائے قائم کرنے میں — اہل ایمان کے فرائض نمبر ۱۔ نمبر ۲۔ خصوصاً تقسیم غنائم میں تعلقات کو

یہ پوچھتے ہیں آپ سے غنیمت کا حکم آپ کہہ دیجئے غنیمت کا مال (ملکاً) اللہ کا اور (تصرفاً) اس کے رسول کا ہے پس اللہ سے ڈرو اور سنوارو آپس کے معاملات

(۱) اکثر احناف کا قول ادنیٰ جہر غیر کو سنانا ادنیٰ سر اپنے نفس کو سنانا۔ تصوف کے سلاسل اربعہ برحق ہیں ان کے اذکار مخاطب کے مزاج کے مطابق تجویز کرنا درست ہیں۔ قرآن و سنت کے خلاف نہیں یاد رکھیں معارف القرآن میں جو کچھ ہیں نے لکھا ہے اس کا بھی یہی مطلب ہے۔

موضوع سورۃ: داستانِ بدر کی حکمت اور احکامات ضروریہ للمؤمنین۔

(۲) انفال: نَفَل، بفتح الفاء کی جمع ہے بمعنی زائد، مزید، یعنی مال غنیمت، مال فئی، اور عطیہ وغیرہ اور نَفْل: سکون الفا کے ساتھ اس کے معنی انعام

بَيْنِكُمْ ۠ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗٓ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ① اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا

درست رکھو نمبر۳ نمبر۴ اوصاف مؤمنین باطنی نمبر۱

اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اگر تم ایمان والے ہو۔ بیشک ایمان والے وہی ہیں کہ جب

ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّعَلٰى رَبِّهِمْ

(۱) نمبر۲ تمام احکام میں انقیاد الٰہی نمبر۳، انقطاع عن ماسوی اللہ

اللہ کا نام آئے تو ان کے دل سہم جاتے ہیں اور جب پڑھی جاتی ہیں ان کے سامنے اس کی آیتیں تو ان کا ایمان زیادہ ہوتا ہے اور وہ اپنے رب پر

يَتَوَكَّلُوْنَ ② ۚ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ③ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ

نمبر۴ ظاہر بدن نمبر۵ ظاہر مال حاملین اوصاف مذکورہ کے نتائج

بھروسہ کرتے ہیں ۔ جو لوگ نماز قائم کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں دیا اس میں سے خرچ کرتے ہیں ۔ وہی (عالی صفات والے) سچے مؤمن ہیں۔

حَقًّا ؕ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ④ ۚ كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْ

دنیوی/اخروی نمبر۱ یہ پہلے تین صفات کے متعلق ہے نمبر۲ نماز سے متعلق نمبر۳ انفاق سے متعلق (۲) غزوہ بدر کے لیے مشورہ خروج

ان کے لیے درجات ہیں (قرب کے) ان کے رب کے ہاں اور بخشش اور عزت کی روزی ہے۔ جیسے آپ کو نکالا آپ کے رب نے

بَيْتِكَ بِالْحَقِّ ۠ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَكٰرِهُوْنَ ⑤ ۙ يُجَادِلُوْنَكَ فِي الْحَقِّ بَعْدَمَا تَبَيَّنَ

(۳) نمبر۱ وجہ کراہت قلت جماعت ۔ نمبر۲ قلت سامان بیان اختلاف یعنی غلبہ مسلمانوں کا

آپ کے گھر سے خاص مقصد کے لیے اور بیشک ایک جماعت ایمان والوں کی البتہ گراں سمجھتی تھی ۔ وہ آپ سے اختلاف رائے کر رہے تھے حق کے مقابلہ میں اس کے ظاہر ہو چکنے کے بعد

كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى الْمَوْتِ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ⑥ ؕ وَاِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ اِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ

یعنی قریش کے مقابلہ میں وعدۂ خداوندی (قافلہ یا میدان

گویا کہ وہ ہانکے جاتے ہیں موت کی طرف اور وہ آنکھوں سے دیکھتے ہیں ۔ اور جب وعدہ کیا تم سے اللہ نے دو جماعتوں میں سے ایک تمہارے ہاتھ لگے گی

اَنَّهَا لَكُمْ وَتَوَدُّوْنَ اَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُوْنُ لَكُمْ وَيُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّحِقَّ الْحَقَّ

(جیت) ارادہ مؤمنین اللہ کی چاہت یعنی نصرت بدر کی حکمتوں کا بیان نمبر۱

اور تم چاہتے ہو (غیر مسلح قافلہ) جس میں کانٹا نہ ہو وہ تمہیں ملے اور اللہ چاہتا ہے کہ حق (اسلام اور مسلمانوں) کو غالب کر دے

بِكَلِمٰتِهٖ وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكٰفِرِيْنَ ⑦ ۙ لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَلَوْ كَرِهَ

نمبر۲ خلاصہ وجہ چاہت نمبر۱ نمبر۲

اپنے حکم سے اور کاٹ دے کافروں کی جڑ ، تا کہ قرآن کی سچائی دکھلا دے اور شرک کو مٹا دے اگرچہ ناپسند کریں

الْمُجْرِمُوْنَ ⑧ ۚ اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ اَنِّيْ مُمِدُّكُمْ بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ

دعا استغاثہ اجابت دعا امداد الٰہی کا اظہار

مجرم، اور جب تم فریاد کر رہے تھے اپنے پروردگار سے تو اس نے تمہاری (فریاد) کو قبول کیا کہ میں تمہاری امداد کے لیے ایک ہزار فرشتے

مُرْدِفِيْنَ ⑨ وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى وَلِتَطْمَئِنَّ بِهٖ قُلُوْبُكُمْ ؕ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ

حکمت اجابت دعا نمبر۱ تشفی نمبر۲

پے در پے بھیج رہا ہوں یہ تو اللہ نے صرف خوشخبری دی تھی اور تا کہ مطمئن ہوجائیں اس سے تمہارے دل اور نہیں مدد مگر اللہ کی

ع ۱ / ۱۵ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ⑩ ع

(۴)

طرف سے ہے بیشک اللہ غالب حکمت والا ہے۔

(۱)
وجل : از باب سمع بمعنی ڈرنا، گھبرانا، سہم جانا۔

(۲)
کاف حرف تشبیہ ہے اور ما مصدریہ اور شبہ مقدر ہے ای هذه المواعيد حق كاخراجك من المدينة بالحق

(۳)
مختلف معانی کے لیے آتا ہے یہاں اسلام کی سربلندی مراد ہے جو حکمت کے مقتضی کے مطابق ہے اس کو خاص مقصد کہا ہے

(۴) اس لیے کہ نصرت صرف اسی کی طرف سے ہوتی ہے ''حکیم'' بسا اوقات نصرت ماتحت الاسباب مستور ہوئی ہے

إِذْ يُغَشِّيكُمُ النُّعَاسَ أَمَنَةً مِّنْهُ وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُم مِّنَ السَّمَاءِ مَاءً لِّيُطَهِّرَكُم بِهِ وَ

چھ وجوہ نصرت روعلاج پریشانی نمبر۱، امن دلانے کے لیے نمبر۲

جس وقت ڈال دی تھی تم پر اونگھ اس نے اپنی طرف سے تسکین کے لیے اور اتارا تم پر آسمان سے پانی تا کہ پاک کردے تمہیں اس (حدث اصغر اور اکبر) سے اور

يُذْهِبَ عَنكُمْ رِجْزَ الشَّيْطَانِ وَلِيَرْبِطَ عَلَىٰ قُلُوبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْأَقْدَامَ ⑪ إِذْ يُوحِي

وسوسہ بلاکت نمبر۳ نمبر۴ نمبر۵ ملائکہ کو حکم

لے جائے تم سے شیطان کی گندگی اور تمہارے دلوں کو مضبوط کر دے اس سے اور (تمہارے) قدموں کو جما دے۔ جب حکم بھیجا

رَبُّكَ إِلَى الْمَلَائِكَةِ أَنِّي مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا الَّذِينَ آمَنُوا ۚ سَأُلْقِي فِي قُلُوبِ الَّذِينَ

برائے امداد مجاہدین نمبر۶ أنی معکم کا بیان

تیرے رب نے فرشتوں کی طرف کہ میں تمہارے ساتھ ہوں پس تم مسلمانوں کے (دل) کو ثابت رکھو میں ڈال دوں گا ان لوگوں کے دلوں میں

كَفَرُوا الرُّعْبَ فَاضْرِبُوا فَوْقَ الْأَعْنَاقِ وَاضْرِبُوا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ⑫

حکم قتال ضرب کے لیے نشانہ فثبتوا کا بیان (۱)

جنہوں نے کفر کیا دہشت پس مارو ان کی گردنوں پر اور مارو ان کی پور پور پر

ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ شَاقُّوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ ۚ وَمَن يُشَاقِقِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَإِنَّ اللَّهَ شَدِيدُ

سبب سزا دستور خداوندی نتیجہ

یہ (سزا) اس لیے ہے کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کی ہے اور جو کوئی اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرے گا تو تحقیق اللہ سخت

الْعِقَابِ ⑬ ذَٰلِكُمْ فَذُوقُوهُ وَأَنَّ لِلْكَافِرِينَ عَذَابَ النَّارِ ⑭ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا

عذاب دنیوی (۲) عذاب اخروی دفعات قانون جنگ

عذاب دینے والا ہے۔ یہ (سزائیں) پس تم ان کو چکھو اور بیشک کافروں کے لیے دوزخ کا عذاب ہے۔ اے ایمان والو!

إِذَا لَقِيتُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوهُمُ الْأَدْبَارَ ⑮ وَمَن يُوَلِّهِمْ يَوْمَئِذٍ دُبُرَهُ

دفعہ نمبر۱ صف قتال میں استقامت لڑائی بزدلی کی ممانعت میدان جنگ سے پھرنے کی دو صورتیں

جب ملو تم ان لوگوں سے جنھوں نے کفر کیا میدان جنگ میں پس تم نہ پھیرو اپنی پیٹھوں کو ان سے۔ اور جو شخص پھیرے گا ان کی طرف اس دن اپنی پیٹھ

إِلَّا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ أَوْ مُتَحَيِّزًا إِلَىٰ فِئَةٍ فَقَدْ بَاءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللَّهِ وَمَأْوَاهُ جَهَنَّمُ ۖ

نمبر۱ پینترا یعنی حکمت عملی نمبر۲ ٹھکانا یعنی اپنی فوج سے جا ملے نتیجہ دنیوی نتیجہ اخروی

مگر اس حال میں پینترا بدلنے والا ہو لڑائی کے لیے یا سمٹنے والا جماعت کی طرف تو تحقیق وہ لوٹا اللہ کے غضب کے ساتھ اور اس کا ٹھکانہ دوزخ ہے

وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ⑯ فَلَمْ تَقْتُلُوهُمْ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ قَتَلَهُمْ ۚ وَمَا رَمَيْتَ إِذْ رَمَيْتَ

تنبیہ مؤمنین حکمت نصرت بدر

اور برا ٹھکانہ ہے۔ پس تم نے ان کو قتل نہیں کیا لیکن اللہ نے ان کو قتل کیا اور نہیں پھینکی آپ نے مٹی جب کہ آپ نے پھینکی تھی

وَلَٰكِنَّ اللَّهَ رَمَىٰ ۚ وَلِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِينَ مِنْهُ بَلَاءً حَسَنًا ۚ إِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ⑰

کیفیت نصرت بدر خلاصہ حکمت نصرت بدر اچھے طریقے سے آزمانا

بلکہ اللہ نے پھینکی تھی اور تا کہ وہ (نعمت دے کر) جانچے ایمان والوں کو اس سے اچھی طرح جانچنا بیشک اللہ سننے والا جاننے والا ہے،

ذَٰلِكُمْ وَأَنَّ اللَّهَ مُوهِنُ كَيْدِ الْكَافِرِينَ ⑱ إِن تَسْتَفْتِحُوا فَقَدْ جَاءَكُمُ الْفَتْحُ ۖ وَإِن تَنتَهُوا

تسلی مؤمنین اور کفار کی ناکامی کفار قریش کا مطالبہ، فریقین کے مابین فیصلہ (مقام بدر)

یہ بات (تو ہو چکی ہے) اور بیشک اللہ تعالیٰ کمزور کرنے والا ہے کافروں کی سازشوں کو، اگر تم فیصلہ (حق کا) چاہتے ہو تو تحقیق آ گیا تمہارے پاس فیصلہ اور اگر تم باز آجاؤ

(۱)
فوق اور علیٰ میں تھوڑا سا فرق ہے اول میں اتصال ضروری نہیں اور علیٰ میں اتصال ہوتا ہے جیسے کتاب فوق الکتاب، کتاب کے اوپر کتاب خواہ متصل ہو یا جدا ہو اور کتاب علی الکتاب کتاب پر کتاب یعنی ملی ہوئی۔ جاننا چاہیے کہ ضَرَبَ متعدی بنفسہ ہے اگر گردن پر مارنا ہوتا تو ''فاضربوا الاعناق'' ہوتا فوق اس لیے بڑھایا ہے کہ فرشتے گردنوں پر نہیں مارتے بلکہ ان کے اوپر (یعنی سر پر) ماریں گے اور ٹھیک گردن پر مجاہد مارے گا۔ اور ''کل بنان'' پوریوں پر مارنے سے ہاتھ بیکار ہو جائے گا اب کافر تلوار نہیں چلا سکے گا اور مجاہد اس کا کام تمام کر دے گا (ہدایت القرآن)

(۲)
سرداروں کا قتل وغیرہ

فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَإِنْ تَعُودُوا نَعُدْ ۚ وَلَنْ تُغْنِيَ عَنْكُمْ فِئَتُكُمْ شَيْئًا وَّلَوْ كَثُرَتْ ۙ

(مخالفت رسول سے) تو وہ بہتر ہے تمہارے لیے اور اگر تم (مخالفت میں) لوٹو تو ہم بھی (قتل وقید کے لیے) لوٹیں گے اور ہر گز (دفاع کے) کام نہیں آئے گا تمہیں تمہارا جتھا کچھ بھی خواہ وہ کتنے زیادہ ہوں

وَأَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۹﴾ ع

اور بیشک اللہ (مدد میں) ایمان والوں کے ساتھ ہے۔

(۱)
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَوَلَّوْا عَنْهُ وَاَنْتُمْ تَسْمَعُوْنَ ﴿۲۰﴾

دفعہ نمبر ۲ کامل اطاعت میں عمومی تعمیل حکم — سماع نافع

اے ایمان والو، اطاعت کرو (تمام احکام میں) اللہ اور اس کے رسول کی اور مت رخ پھیرو تم اس سے اور تم سنتے ہو۔

وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۲۱﴾ ۚ اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ

تنبیہ مؤمنین — سماع قبول — (۲) سماع نافع سے محروم — مثال بدترین خلائق

اور نہ ہوجاؤ تم ان لوگوں کی طرح جنہوں نے کہا ہم نے سنا حالانکہ وہ نہیں سنتے۔ بیشک بد ترین جاندار

عِنْدَ اللّٰهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَلَوْ عَلِمَ اللّٰهُ فِيْهِمْ خَيْرًا لَّاَسْمَعَهُمْ ۭ

عن الحق ۔ عن النطق بہ — خیر سے خالی لوگوں کی کیفیت — نیکی کامادہ — سماع مفہم

اللہ کے نزدیک بہرے گونگے جو نہیں سمجھتے ۔ اور اگر اللہ دیکھتے ان لوگوں میں کوئی بہتری (کا مادہ) تو البتہ ضرور سناتے ان کو

وَلَوْ اَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۲۳﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَ

محض سماع یعنی بغیر صلاحیت ہدایت کا سماعت دینا — دفعہ نمبر ۳، خصوصی اطاعت جہاد میں تعمیل حکم بیان

اور اگر وہ ان کو سنائے تو وہ ضرور رخ پھیریں گے اور وہ منہ موڑنے والے ہوں گے۔اے ایمان والو! حکم قبول کرو اللہ اور

لِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ ۚ وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ يَحُوْلُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ

نتیجہ دنیوی یعنی حق کے قبول کرنے میں

اس کے رسول کا جب وہ بلائے تم کو اس کام کے لیے جو تمہیں اخروی زندگی دے اور جان لو بیشک اللہ بندے اور اس کے دل کے درمیان آڑ بن جاتا ہے

وَاَنَّهٗۤ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَآصَّةً ۚ

اخروی — مداہنین اور مرتکبین کی سزا میں مساوات

اور بیشک تم اسی کی طرف اکٹھے کیے جاؤ گے، اور بچو اس آزمائش سے (وبال) اس کا ہر گز نہیں پہنچے گا تم میں سے ظالموں کو خاص طور پر

وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۵﴾ وَاذْكُرُوْۤا اِذْ اَنْتُمْ قَلِيْلٌ مُّسْتَضْعَفُوْنَ فِي

تذکیر انعامات خداوندی، قبل ہجرت عدد میں — (مکہ)

اور جان لو بیشک اللہ سخت سزا دینے والے ہیں ۔ اور یاد کرو جب تم تھوڑے تھے کمزور سمجھے جاتے تھے

الْاَرْضِ تَخَافُوْنَ اَنْ يَّتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ فَاٰوٰىكُمْ وَاَيَّدَكُمْ بِنَصْرِهٖ وَرَزَقَكُمْ

(مدینہ)

زمین میں، تم ڈرتے تھے کہ اچک لیں گے تم کو لوگ پس ٹھکانا دیا اس نے تم کو اپنی مدد سے اور روزی دی تمہیں

مِّنَ الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۲۶﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ

(دفعہ نمبر ۴، اداء فرض میں، ارتکاب خیانت کی ممانعت۔

پاکیزہ چیزوں سے تا کہ تم شکر کرو۔ اے ایمان والو! مت خیانت کرو (جنگی رازوں میں) اللہ اور اس کے رسول سے

(۱)
اس دن صبح کی نماز کے بعد میرے شیخ مولانا عزیز الرحمٰن صاحب ہزاروی نے دنیا سے رحلت فرمائی ۔ اسی وقت میں نے یہاں سے ترجمہ لکھنا شروع کیا تھا اللہ حضرت کی مغفرت فرما کر درجات بلند فرمائے آمین
23-06-2020

(۲)
زندہ کفار کے سماع نافع سے محروم کی دلیل نمبر ۴ ،اور دلیل نمبر ۵ یہی سورۃ انفال آیت ۳۱ ص ۱۸۹ میں دیکھیں

وَ تَخُوْنُوْٓا اَمٰنٰتِكُمْ وَ اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَ اعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَ اَوْلَادُكُمْ

(۱) ابولبابہ انصاری رہنی قریظہ نے صلح کی درخواست کی — قانون سابقہ کا تتمہ ۔ اسباب خیانت

اور تم مت خیانت کرو آپس کی امانتوں کی (افشاء اسرار میں) حالانکہ تم (نقصان) جانتے ہو۔ اور جان لو (دین میں) بیشک تمہارے اموال اور تمہاری اولاد

۳ ع ۹ ۱۷

فِتْنَةٌ ۙ وَّ اَنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۲۸﴾ ع

(۲)

آزمائش ہیں — اور بیشک اللہ کے ہاں اجر عظیم ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا وَّ يُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَ يَغْفِرْ لَكُمْ ؕ

دفعہ نمبر ۵ حصول فرقان یعنی مدد کے لیے التزام تقویٰ — فیصلہ کن بات

اے ایمان والو! اگر تم اللہ سے ڈرتے رہو تو وہ کرے گا تمہارے لیے مدد (دشمن کے مقابلہ میں) اور وہ مٹائے گا تم سے تمہاری برائیاں اور وہ بخشے گا تمہیں

وَ اللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۹﴾ وَ اِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ اَوْ يَقْتُلُوْكَ

تدبیرات کفار برائے خاتم الانبیاءؐ نمبر ۱ رفتہ رفتہ مدینہ چلے گئے — نمبر ۲

اور اللہ بڑے فضل والے ہیں۔ اور جب چال چل رہے تھے آپ کے بارے میں وہ جنہوں نے کفر کیا تا کہ وہ آپ کو قید کریں یا وہ آپ کو قتل کریں

اَوْ يُخْرِجُوْكَ ؕ وَ يَمْكُرُوْنَ وَ يَمْكُرُ اللّٰهُ ؕ وَ اللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ﴿۳۰﴾ وَ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا

نمبر ۳ — تدبیر کفار — تدبیر خداوندی — حفاظت خداوندی — تفصیل ذمائم کفار ۔ نضر بن حارث

یا وہ آپ کو باہر نکال دیں وہ داؤ چل رہے تھے اور اللہ بھی داؤ چل رہا تھا اور اللہ بہترین داؤ چلنے والے ہیں۔ اور جب پڑھی جاتی ہیں ان کے سامنے ہماری آیتیں

قَالُوْا قَدْ سَمِعْنَا لَوْ نَشَآءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَآ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۱﴾

(۳)

کہتے ہیں تحقیق ہم نے سنا اگر ہم چاہتے تو ہم ضرور کہتے اس کی مثل۔ نہیں ہے یہ مگر پہلے لوگوں کی کہانیاں

وَ اِذْ قَالُوا اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَآءِ

مشرکین کا مطالبہ ۔ ابو جہل

اور جب انہوں نے کہا اے اللہ اگر یہ دین برحق ہے آپ کی طرف سے ہے تو آپ برسائیں ہم پر پتھر آسمان سے

اَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۳۲﴾ وَ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَ اَنْتَ فِيْهِمْ ؕ وَ مَا كَانَ اللّٰهُ

مانع عذاب وجود خاتم الانبیاءؐ نمبر ۱ (۴) — نمبر ۲

یا لے آئیں ہمارے پاس کوئی اور درد ناک عذاب، اور نہیں تھے اللہ تعالیٰ کہ سزا دیتے ان کو حالانکہ آپ ان میں ہیں اور نہ تھے اللہ تعالیٰ

مُعَذِّبَهُمْ وَ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَ مَا لَهُمْ اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَ هُمْ يَصُدُّوْنَ عَنِ

کیا وجہ ہے ۔ مقتضیات عذاب نمبر ۱

ان کو سزا دینے والے حالانکہ وہ معافی مانگ رہے ہوں، اور کیا (مانع) ہے ان کے لیے کہ نہ سزا دیں ان کو اللہ تعالیٰ حالانکہ وہ روکتے ہیں

الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَ مَا كَانُوْٓا اَوْلِيَآءَهٗ ؕ اِنْ اَوْلِيَآؤُهٗٓ اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۴﴾

مستحقین مسجد حرام

مسجد حرام سے اور نہیں ہیں وہ اس کے متولی۔ نہیں اس کے متولی مگر پرہیز گار۔ لیکن ان کے اکثر نہیں جانتے،

وَ مَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ اِلَّا مُكَآءً وَّ تَصْدِيَةً ؕ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا

نمبر ۲ — فیصلہ بدر میں ہوا یا آخرت

اور نہیں ہے ان کی نماز بیت اللہ کے پاس مگر سیٹیاں اور تالیاں پس چکھو عذاب اس وجہ سے کہ

(۱)
تخونوا : کا عطف لا تخونوا کے مجزوم پر ہے اس لیے "لا" یہاں بھی آئے گا اور خیانت امانت کی ضد ہے۔

(۲)
ان اللہ : کا عطف "انما" پر ہے پس یہ بھی "اعلموا" کے تحت ہے

(۳)
زندہ کفار کے سماع نافع سے محروم کی دلیل نمبر ۵ اور دلیل نمبر ۶ سورۃ کہف آیت نمبر ۱۰۱ ص ۳۱۳ میں دیکھیں

(۴)
حضرت ابوہریرہؓ اور حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ تم میں دو امان تھے جن کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کا عذاب نازل نہیں ہوتا تھا، ایک امان تو دنیا سے چلا گیا ہے وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا وجود مسعود تھا، اور دوسرا باقی ہے وہ دعا اور استغفار ہے۔ بمعناہ مستدرک ج ۱ ص ۵۴۲۔ یہاں یہ بات یاد رکھیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی برکت سے عمومی عذاب پوری امت پر بیک وقت قیامت تک نہیں آئے گا۔ البتہ نفس عذاب کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔ واللہ اعلم

كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿٣٥﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ لِيَصُدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ

کفار کے ارادہ فاسدہ کا بیان

تم کفر کرتے تھے ۔ بیشک وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا وہ خرچ کرتے ہیں اپنے مال تاکہ وہ روکیں اللہ کے رستہ سے

فَسَيُنْفِقُوْنَهَا ثُمَّ تَكُوْنُ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً ثُمَّ يُغْلَبُوْنَ ۬ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى

احد یا دیگر جنگیں) نتیجہ دنیوی نتیجہ اخروی

پس اب خرچ کریں گے اس کو پھر ہوگا ان پر پچھتاوا پھر مغلوب کیے جائیں گے۔ اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا

جَهَنَّمَ يُحْشَرُوْنَ ﴿٣٦﴾ لِيَمِيْزَ اللّٰهُ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ وَيَجْعَلَ الْخَبِيْثَ بَعْضَهٗ

امتیاز الٰہی یعنی حکمت نصرت بدر کا بیان

وہ جہنم کی طرف اکٹھے کیے جائیں گے۔ تاکہ جدا کرے اللہ ناپاک کو پاک سے اور رکھ دے ناپاک کو اس کے

ع ۵ ۹ ۱۸ عَلٰى بَعْضٍ فَيَرْكُمَهٗ جَمِيْعًا فَيَجْعَلَهٗ فِيْ جَهَنَّمَ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٣٧﴾

تذکیر بما بعد الموت سے نتیجہ

ایک کو دوسرے پر پھر ڈھیر بنا دے گا ان سب کو پھر وہ اس کو ڈال دے گا دوزخ میں یہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیں،

قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّنْتَهُوْا يُغْفَرْ لَهُمْ مَّا قَدْ سَلَفَ ۚ وَاِنْ يَّعُوْدُوْا

معاندین حق کو دعوت اسلام کی ترغیب اور اس کے نتائج ترھیب

آپ کہہ دیجئے ان لوگوں سے جنھوں نے کفر کیا، اگر وہ باز آجائیں تو ان کو معاف کر دیا جائے گا جو تحقیق پہلے گزر چکا ہے اور اگر وہ لوٹیں

فَقَدْ مَضَتْ سُنَّتُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٣٨﴾ وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ

(۱) دفعہ نمبر ۶ غایت قتال کفر و شرک

تو تحقیق گزر چکا ہے برتاؤ اگلوں کا ۔ اور لڑو تم ان سے یہاں تک کہ نہ رہے فساد اور ہوجائے

الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ ۚ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿٣٩﴾ وَاِنْ تَوَلَّوْا

خالص کفر کفار کے مقابلے میں (۲)

سارا دین اللہ کے لیے پھر اگر وہ باز آجائیں تو پس تحقیق اللہ تعالیٰ جو وہ کرتے ہیں اسے دیکھنے والا ہے۔ اور اگر وہ روگردانی کریں

فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَوْلٰىكُمْ ؕ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿٤٠﴾

حکم استقلال

تو جان لو کہ اللہ تعالیٰ تمہارا حمایتی ہے کیا ہی خوب حمایتی ہے اور کیا ہی خوب مددگار

(۱)
سنی نام قرآن میں موجود ہے ۔ اس پر دلیل نمبر ۲ اور دلیل نمبر ۳ سورۃ حجر آیت نمبر ۱۳ ص ۲۷۱ میں دیکھیں

(۲)
روگردانی کریں اسلام سے تو قتال جاری رکھو

الجزء العاشر

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِی الْقُرْبٰی وَالْیَتٰمٰی

دفعہ نمبر ۷ قانون تقسیم غنائم (۱) (۲) پانچویں حصے کے پانچ مصارف نمبر ۱ نمبر ۲ بنی ہاشم و بنی مطلب۔ نمبر ۳

اور جان لو بیشک جو کچھ تمہیں غنیمت میں سے ملے کوئی بھی چیز تو تحقیق اللہ کے لیے ہے اس کا پانچواں حصہ۔ اور رسول کے لیے اور رشتہ داروں کے لیے اور یتیموں

وَالْمَسٰكِیْنِ وَابْنِ السَّبِیْلِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰی عَبْدِنَا یَوْمَ

نمبر ۴ نمبر ۵

اور غریبوں اور مسافروں کے لیے اگر تم ایمان رکھتے ہو اللہ پر اور اس (نصرت) پر جو اتاری ہم نے اپنے بندے پر

الْفُرْقَانِ یَوْمَ الْتَقَی الْجَمْعٰنِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿٤١﴾ اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ

دو جماعتیں ملی یعنی یوم بدر — یوم بدر کی کیفیات و تفصیلات، مقام بدر

فیصلہ کے دن (میں) جس دن آمنے سامنے ہوئے دو لشکر اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ جب تم وادی کے اس طرف کے کنارے پر تھے

الدُّنْیَا وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰی وَالرَّكْبُ اَسْفَلَ مِنْكُمْ ؕ وَلَوْ تَوَاعَدْتُّمْ لَاخْتَلَفْتُمْ

میں فریقین کا وقوع محل، نعمت نمبر ۱ — قافلے — نعمت نمبر ۲، آپس میں وعدہ

اور وہ وادی کے اس طرف کے کنارہ پر تھے اور تجارتی قافلہ تم سے نیچے تھا، اور اگر تم آپس میں (وقت کا) وعدہ کرتے تو ایک ساتھ وعدہ پر نہ پہنچتے

فِی الْمِیْعٰدِ ۙ وَلٰكِنْ لِّیَقْضِیَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ۙ لِّیَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْۢ بَیِّنَةٍ وَّ

حسن تدبیر باری تعالیٰ — نصرت بدر کی حکمتوں کا بیان

لیکن اللہ تعالیٰ کو ایک کام کرنا تھا جو (تقدیر میں) مقرر ہو چکا تھا تا کہ ہلاک ہو جو ہلاک ہو (کفار سے) اتمام حجت کے بعد اور

یَّحْیٰی مَنْ حَیَّ عَنْۢ بَیِّنَةٍ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَسَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ﴿٤٢﴾ اِذْ یُرِیْكَهُمُ اللّٰهُ فِیْ مَنَامِكَ

کہ اسلام برحق ہے — کلمات اسلامیہ یا غیر اسلامیہ کو اور فریقین کی نیت کو نعمت نمبر ۳

زندہ رہے جو زندہ رہے اتمام حجت کے بعد اور بیشک اللہ تعالیٰ البتہ سننے والا جاننے والا ہے۔ جب دکھایا اللہ نے ان لوگوں کو آپ کے خواب میں

قَلِیْلًا ؕ وَلَوْ اَرٰىكَهُمْ كَثِیْرًا لَّفَشِلْتُمْ وَلَتَنَازَعْتُمْ فِی الْاَمْرِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ سَلَّمَ ؕ اِنَّهٗ

قتال

تھوڑے اور اگر وہ دکھلاتا ان (کی فوج) کو زیادہ تو تم ہمت ہار جاتے اور تم ضرور جھگڑتے معاملہ میں لیکن اللہ نے بچا لیا بیشک وہ

عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿٤٣﴾ وَاِذْ یُرِیْكُمُوْهُمْ اِذِ الْتَقَیْتُمْ فِیْٓ اَعْیُنِكُمْ قَلِیْلًا وَّیُقَلِّلُكُمْ

نمبر ۴ میدان جنگ میں فریقین کا عجیب منظر

جاننے والا ہے سینے کے رازوں کو۔ اور جب دکھائے تمہیں وہ لوگ جب تم آمنے سامنے ہوئے تمہاری آنکھوں میں تھوڑے اور تھوڑا کیا اس نے تمہیں

فِیْٓ اَعْیُنِهِمْ لِیَقْضِیَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ؕ وَاِلَی اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿٤٤﴾

(قتل، قید، شکست) — جنگی مقدمات کا فیصلہ

ان کی نگاہوں میں تا کہ پورا کر دے اللہ ایک کام کو جو مقرر ہو چکا تھا، اور سب کام اللہ کی طرف لوٹتے ہیں۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِیْتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوْا وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِیْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿٤٥﴾

دفعہ نمبر ۸ قتال میں آداب ظاہری و باطنی کی مسلمانوں کو تعلیم نمبر ۱، نمبر ۲

اے ایمان والو! جب تمہارا آمنا سامنا ہو کسی جماعت سے تو جم جاؤ اور اللہ کو بہت یاد کرو تا کہ تم (جہاد میں) کامیاب ہو جاؤ

وَاَطِیْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِیْحُكُمْ وَاصْبِرُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ

دفعہ نمبر ۹ تمام امور میں اطاعت خاتم الانبیاء نمبر ۳، نمبر ۴ — نمبر ۵

اور اطاعت کرو اللہ اور اس کے رسول کی اور باہم (آراء کا) جھگڑا مت کرو کہ تم بے ہمت ہو جاؤ گے اور نکل جائے گی تمہاری ہوا اور جمے رہو (میدان میں) بیشک

(۱)
انما: دو حرف ہیں
ان: حرف تحقیق
مشبہ بالفعل اور
ما: موصولہ ہے۔

(۲)
مال غنیمت کے کل
پانچ حصے کیے جائیں
گے، چار حصے
مقاتلین ومجاہدین پر
تقسیم کیے جائیں گے
سوار کو دو حصے اور
پیدل کو ایک حصہ
پھر پانچویں حصے
کے پانچ مصارف
ہیں تفصیل آیت میں
موجود ہے۔

ع ٥

مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۚ﴿٤٦﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بَطَرًا وَّرِئَآءَ النَّاسِ

تنبیہ مؤمنین برائے تشبہ بالاعداء — نمبر ۶

اللہ جمے رہنے والا کے ساتھ ہے۔اور نہ ہو جاؤ تم ان لوگوں کی طرح جو نکلے اپنے گھروں سے اکڑتے ہوئے اور (جنگی سامان) دکھلاتے ہوئے لوگوں کو

وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿٤٧﴾ وَاِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ

نمبر ۷ — کفار مکہ کو شیطان کا دھوکہ

اور وہ روکتے تھے اللہ کے رستہ سے اور اللہ جو وہ (مذکورہ) عمل کرتے ہیں احاطہ میں لانے والا ہے، اور جب مزین کیا ان کے لیے شیطان نے

اَعْمَالَهُمْ وَقَالَ لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَاِنِّيْ جَارٌ لَّكُمْ ۚ فَلَمَّا تَرَآءَتِ

تقریر شیطان — تشریح تقریر — کیفیت دھوکہ

ان کے اعمال کو اور کہا آج تم سے کوئی جیتنے والا نہیں لوگوں سے اور بیشک میں تمہارا حمایتی ہوں پھر جب (ابلیس نے) دیکھا

الْفِئَتٰنِ نَكَصَ عَلٰى عَقِبَيْهِ وَقَالَ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكُمْ اِنِّيْٓ اَرٰى مَا لَا تَرَوْنَ

مکالمہ شیطان

دونوں جماعتیں ایک دوسرے کے آمنے سامنے آگئیں تو، پھر اوہ اپنی ایڑیوں پر اور کہا بے شک میں بے تعلق ہوں تم سے بیشک میں دیکھتا ہوں (فرشتوں کو) جو تم نہیں دیکھتے

ربع

اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ ؕ وَاللّٰهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿٤٨﴾ ع

شیطان کی مکاری

بیشک میں اللہ سے ڈرتا ہوں اور اللہ سخت عذاب والا ہے۔

اِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ غَرَّ هٰٓؤُلَآءِ دِيْنُهُمْ ؕ وَمَنْ

منافقین کا مسلمانوں پر طنز — تشریح طنز (مسلمان تعداد میں کم ہیں) جواب طنز

جب کہا منافقین اور ان لوگوں نے جن کے دلوں میں بیماری ہے دھوکہ دیا ان کو ان کے دین نے اور جو شخص

يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٤٩﴾ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ يَتَوَفَّى الَّذِيْنَ كَفَرُوا الْمَلٰٓئِكَةُ

سرزنش کفار

اللہ پر بھروسہ کرتا ہے پس تحقیق اللہ غالب حکمت والا ہے۔ اور اگر آپ دیکھتے جب جان وصول کرتے ان کی جنھوں نے کفر کیا فرشتے

يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ ۚ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿٥٠﴾ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ

نمبر ۱ — نمبر ۲ — سرزنش کفار برائے ذائقہ دائمی (۱) — سبب رسوائی

مارتے ہیں ان کے چہروں پر اور ان کی پیٹھوں پر اور (کہتے جاتے ہیں) چھکو سزا جلنے کی۔ یہ (سزا بدلہ) ہے اس کا جو آگے بھیجا ہے

اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿٥١﴾ۙ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ

عدل وانصاف باری تعالیٰ (۲) — تذکیر بایام اللہ سے مشرکین کی تخویف اجمالی برائے بدر

تمہارے ہاتھوں نے اور بیشک اللہ تعالیٰ ذرا بھر بھی بندوں پر ظلم نہیں کرتے، جیسے دستور ہے فرعون والوں کا اور ان لوگوں کا جو ان سے پہلے گزرے ہیں

كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿٥٢﴾

گرفت خداوندی — سبب گرفت — شدت گرفت خداوندی

جنہوں نے انکار کیا اللہ کی آیات کا تو ان کو اللہ نے پکڑا ان کے گناہوں کی وجہ سے بیشک اللہ طاقتور سخت سزا والا ہے۔

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً اَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا

قانون خداوندی

یہ (سخت) سزا اس لیے ہے کہ اللہ نہیں بدلنے والے کسی نعمت کو جو اس نے کسی قوم پر کی یہاں تک وہ خود تبدیل کرڈالیں

(۱) عذاب قبر و برزخ پر دلیل نمبر ۲ اور دلیل نمبر ۳ سورۃ توبہ آیت ۱۰۱ ص ۲۱۲ میں دیکھیں

(۲) کیونکہ تم اس عذاب کے مستحق ہو تو ہر حق والے کو تو اس کا حق ملنا چاہیے تو یہ عذاب تمہارا اپنا حق ہے جو تم کو مل رہا ہے تو یہ عدل ہے ظلم نہیں ہے۔

بِاَنْفُسِهِمْ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۙ﴿۵۳﴾ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذَّبُوْا

(اقوال) (نیات) تذکیر بایام اللہ سے تخویف مشرکین تفصیلی

اپنی ذاتی (اعمال) کو اور بیشک اللہ سننے والا اور جاننے والا ۔ جیسے دستور فرعون والوں کا اور ان لوگوں کا جو ان سے پہلے گزرے ہیں جھٹلایا

بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَغْرَقْنَاۤ اٰلَ فِرْعَوْنَ ۚ وَكُلٌّ كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿۵۴﴾

گرفت خداوندی، سبب گرفت، طریق گرفت نتیجہ ہلاکت

انہوں نے اپنے رب کی آیات کو تو ہم نے ان کو ہلاک کیا ان کے گناہوں کی وجہ سے اور غرق کیا ہم نے فرعون والوں کو اور وہ سب ظالم تھے،

اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۖ ۚ﴿۵۵﴾ اَلَّذِيْنَ عٰهَدْتَّ

اوصاف اھل کتاب نمبرا نمبر ۲

بیشک بدترین جانداروں میں اللہ کے نزدیک وہ لوگ ہیں جنہوں نے کفر کیا تو وہ ایمان نہیں لاتے، ان لوگوں میں سے جن سے آپ نے معاہدہ کیا

مِنْهُمْ ثُمَّ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَهُمْ فِيْ كُلِّ مَرَّةٍ وَّهُمْ لَا يَتَّقُوْنَ ﴿۵۶﴾ فَاِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ

ناقضین عہد سے قانون جہاد (یہود

پھر وہ اپنے عہد کو توڑتے ہیں ہر مرتبہ اور وہ ڈرتے نہیں، پس اگر آپ ان پر قابو پالیں

فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِمْ مَّنْ خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَاِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ

بنی قریظہ) بھگادیں ناقضین عہد سے رویہ

جنگ میں تو انہیں ایسی سزا دیں کہ ان کے پچھلے دیکھ کر بھاگ جائیں تاکہ انہیں عبرت ہو۔ اور اگر آپ کو ڈر ہو کسی قوم کی

ع ۷ ۲ خِيَانَةً فَانْۢبِذْ اِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَآءٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْخَآئِنِيْنَ ﴿۵۸﴾ ع

بدعہدی کا تو آپ پھینک دیں ان کی طرف (ان کے عہد کو اسی طرح کہ تم اور) وہ برابر ہو جاؤ بیشک اللہ نہیں پسند کرتے بدعہدی کرنے والوں

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَبَقُوْا ؕ اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ

تسلی خاتم الانبیاء میدان بدر دفعہ نمبر ۱۰ آلات جنگ کی تیاری

اور ہرگز نہ گمان کریں وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا کہ وہ بھاگ جائیں گے بیشک وہ ہمیں عاجز نہیں کر سکتے۔ اور تیار کرو تم ان کے لیے جو کچھ تمہارے بس میں

مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ وَاٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ

کفار فارس، روم وغیرہ

ہو طاقت سے، اور پلے ہوئے گھوڑوں سے تم اس کے ذریعہ دھاک بیٹھاؤ اللہ کے دشمنوں پر اور اپنے دشمنوں پر اور دوسروں پر ان کے سوا

لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ ۚ اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يُوَفَّ

یا تعیین نہیں جانتے۔ نفی علم غیب کلی از خاتم الانبیاء ترغیب انفاق فی سبیل اللہ

تم ان کو نہیں جانتے اللہ ان کو جانتے ہیں اور جو کچھ تم خرچ کرو کوئی بھی چیز اللہ کی راہ میں وہ تم کو پوری پوری

اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿۶۰﴾ وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى

یعنی ثواب دفعہ نمبر ۱۱ قانون برائے صلح رد احتمال خیانت

ملے گی اور تم ظلم نہیں کیے جاؤ گے۔ اور اگر وہ جھکیں صلح کے لیے تو آپ اس کے لیے جھک جائیں اور اللہ پر بھروسہ کریں

اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۶۱﴾ وَاِنْ يُّرِيْدُوْۤا اَنْ يَّخْدَعُوْكَ فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ ؕ هُوَ

اقوال، احوال وعدہ حفاظت

بیشک وہ سننے والا جاننے والا ہے۔ اور اگر وہ چاہیں کہ آپ کو دھوکہ دیں تو تحقیق اللہ آپ کے لیے کافی ہے

الَّذِیْٓ اَیَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَ بِالْمُؤْمِنِیْنَ ۝۶۲ وَ اَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ ؕ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِی

نمونہ کفایت ملائکہ ظاہری مدد باہمی اتحاد و الفت نفی مختار کل از خاتم الانبیاء

وہی ہے جس نے قوی کیا آپ کو اپنی مدد سے اور مسلمانوں سے۔ اور اتفاق پیدا کیا ان کے دلوں کے درمیان اگر آپ خرچ کرتے جو کچھ

الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَیْنَهُمْ ؕ اِنَّهٗ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ۝۶۳

قدرت خداوندی

زمین میں ہے سب نہ اتفاق پیدا کرسکتے تھے ان کے دلوں کے درمیان اور لیکن اللہ نے ان کے درمیان اتفاق پیدا کیا بیشک وہ غالب حکمت والا ہے،

ع ۸

یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَ مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ۝۶۴

تسلی خاتم الانبیاء

اے نبی! آپ کو اللہ کافی ہے (حقیقت میں) اور جو آپ کی پیروی کرتے ہیں ایمان والوں میں سے،

یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلَى الْقِتَالِ ؕ اِنْ یَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ

دفعہ نمبر ۱۲ تحریض علی القتال یعنی ترغیب قتال اور حکم استقامت ثابت قدم

اے نبی تیار کریں مسلمانوں کو قتال پر اگر ہونگے تم میں سے بیس ثابت قدم رہنے والے

یَغْلِبُوْا مِائَتَیْنِ ۚ وَ اِنْ یَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ یَّغْلِبُوْٓا اَلْفًا مِّنَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ

سبب مغلوبیت

وہ غالب ہوں گے دو سو پر اور اگر ہوں گے تم میں سے سو وہ غالب ہوں گے ہزار پر ان لوگوں میں سے جنہوں نے کفر کیا اس لیے کہ وہ لوگ

لَّا یَفْقَهُوْنَ ۝۶۵ اَلْـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَ عَلِمَ اَنَّ فِیْكُمْ ضَعْفًا ؕ فَاِنْ یَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ

حکم تخفیف برائے تعداد سبب تخفیف

سمجھ نہیں رکھتے ۔اب اللہ نے ہلکا کر دیا تم سے اور وہ جانتا ہے کہ بیشک تم میں کمزور ہیں پس اگر ہوں گے تم میں سے سو

صَابِرَةٌ یَّغْلِبُوْا مِائَتَیْنِ ۚ وَ اِنْ یَّكُنْ مِّنْكُمْ اَلْفٌ یَّغْلِبُوْٓا اَلْفَیْنِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ

ثابت قدم رہنے والے وہ دو سو پر غالب ہوں گے اور اگر ہوں گے تم میں سے ہزار تو وہ غالب ہوں گے دو ہزار پر اللہ کے حکم ساتھ

وَ اللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ ۝۶۶ مَا كَانَ لِنَبِیٍّ اَنْ یَّكُوْنَ لَهٗٓ اَسْرٰی (۱) حَتّٰی یُثْخِنَ فِی الْاَرْضِ ؕ

جو دل اور قدم سے ثابت رہیں گے بدر کے قیدیوں کے متعلق مسلمانوں کی غلطی پر تنبیہ (۲) (۳)

اور اللہ ثابت قدم رہنے والوں کے ساتھ ہے۔ نہیں لائق تھی نبی کے لیے کہ ہوں اس کے لیے قیدی یہاں تک کہ خوب خون ریزی کرے زمین میں

تُرِیْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْیَا ۖۗ وَ اللّٰهُ یُرِیْدُ الْاٰخِرَةَ ؕ وَ اللّٰهُ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ۝۶۷ لَوْ لَا

اسباب دنیا (۴) سبب

تم چاہتے ہو دنیا کا سامان اور اللہ چاہتے ہیں آخرت اور اللہ غالب حکمت والا ہے اگر نہ ہوتا

كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِیْمَآ اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِیْمٌ ۝۶۸ فَكُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ

مانع عذاب الٰہی (مال غنیمت) سبب عذاب مال غنیمت کے استعمال کی اجازت

نوشتہ اللہ کی طرف سے جو پہلے لکھا جا چکا ہے ضرور پہنچتا تم کو اس امر میں جو تم نے اختیار کیا ہے بڑا عذاب۔ پس کھاؤ اس میں سے جو تم نے غنیمت میں لیا

ع ۵

حَلٰلًا طَیِّبًا ۖ٘ وَّ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝۶۹

حلال پاکیزہ اور اللہ سے ڈرو بیشک اللہ (لغزشوں کو) بخشنے والا مہربان ہے

(۱) جن میں حضرت عباسؓ اور حضرت عقیلؓ بن ابی طالب بھی تھے۔

(۲) دلیل نمبر ۱۰ نفی علم غیب از خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم اور دلیل نمبر ۱۱ سورۃ توبہ آیت نمبر ۱۰۱ ص ۲۱۲ میں دیکھیں

(۳) اے عمر تیری شان حضرت نوح اور موسیٰ علیہم السلام کی سی ہے جنہوں نے اپنی اپنی قوم کے حق میں یہ دعا کی چنانچہ نوح علیہ السلام کی دعا دیکھیں سورۃ نوح آیت ۲۶ ـ ۲۷ ص ۵۸۳

(۴) یعنی فتوحات کے ذریعہ تمہیں مالدار بنا دیں گے اور غنائم میں قدرے دیر ہے تو اس میں حکمت ہے۔

يَاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّمَنْ فِيْٓ اَيْدِيْكُمْ مِّنَ الْاَسْرٰٓى ۙ اِنْ يَّعْلَمِ اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ

فریضہ خاتم الانبیاء سے قیدیوں سے خطاب (حضرت عباسؓ نے جوام الفضلؓ کو دیا تھا) (۱) عباسؓ نے کہا بیس اوقیہ فدیہ کے عوض وعدہ نمبرا

اے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ کہہ دیجئے ان لوگوں سے جو تمہارے ہاتھ میں قیدیوں میں سے ہیں اگر اللہ جانتے تمہارے دلوں میں

خَيْرًا يُّؤْتِكُمْ خَيْرًا مِّمَّآ اُخِذَ مِنْكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۷۰﴾ وَاِنْ

فدیہ — وعدہ نمبر ۲، اللہ خلاف ورزی نہیں کرے گا۔ — خیانت

کچھ نیکی تو دے گا تم کو اس سے بہتر جو لیا گیا تم سے اور وہ تمہیں بخش دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اور اگر

يُّرِيْدُوْا خِيَانَتَكَ فَقَدْ خَانُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ فَاَمْكَنَ مِنْهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۷۱﴾

کی سزا

وہ چاہیں آپ سے خیانت کرنا کا تو تحقیق وہ خیانت کر چکے ہیں اللہ سے اس سے پہلے پھر (اللہ) نے قابو دے دیا ان پر اور اللہ جاننے والے حکمت والے ہیں

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجَاهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ

دفعہ نمبر ۱۳۔ مہاجرین و انصار کے فضائل احکامات وراثت اور ان کے چار اقسام۔ قسم اول مہاجرین — دوسری قسم

بیشک جو ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی اور انہوں نے جہاد کیا اپنے مالوں اور اپنی جانوں کے ساتھ اللہ کے رستے میں، اور جن لوگوں نے

اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا اُولٰٓئِكَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يُهَاجِرُوْا مَا لَكُمْ

انصار مدینہ۔ — تیسری قسم جو ہجرت نہ کر سکے۔ اس کے دو حکم ہیں نمبرا

ٹھکانہ دیا اور ان کی مدد کی یہ لوگ بعض ان کے دوست ہیں بعض کے، اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت نہیں کی، نہیں ہے تمہارے لیے

مِّنْ وَّلَايَتِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا ۚ وَاِنِ اسْتَنْصَرُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ فَعَلَيْكُمُ

(رفاقت سے کوئی تعلق نہیں) — نمبر ۲

ان کی دوستی میں سے کچھ بھی یہاں تک کہ وہ ہجرت کریں اور اگر وہ تم سے مدد چاہیں دین کے معاملہ میں تو تم پر لازم ہے۔

النَّصْرُ اِلَّا عَلٰى قَوْمٍۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۷۲﴾

ان کی مدد کرنا مگر ان لوگوں کے مقابلہ میں کہ تمہارے اور ان کے درمیان عہد ہے اور اللہ تعالیٰ جو تم کرتے ہو اسے خوب جاننے والا ہے

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ اِلَّا تَفْعَلُوْهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ فِي الْاَرْضِ وَفَسَادٌ

مقاطعہ عن الکفار کا حکم — عدم عمل حکم مذکور کا نتیجہ (۳)

اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا بعض ان کے دوست ہیں بعض کے تو (مومنو) اگر تم یہ نہ کرو گے (تو) ہو جائے گا فتنہ زمین میں اور فساد

كَبِيْرٌ ﴿۷۳﴾ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجَاهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا

قسم اوّل، دوم، مہاجرین اور انصار کے لیے بشارت

بڑا۔ اور وہ جو ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی اور انہوں نے اللہ کے رستہ میں جہاد کیا اور جن لوگوں نے جگہ دی اور ان کی مدد کی

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ؕ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿۷۴﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْۢ بَعْدُ

(۴) دنیا میں — وعدہ اخروی نمبرا — نمبر ۲ — چوتھی قسم کے صحابہؓ کی تعریف جو

وہ لوگ سچے مؤمن ہیں ان کے لیے بخشش (ہے) اور عزت والی روزی۔ اور جو لوگ ایمان لائے اس کے بعد

وَهَاجَرُوْا وَجَاهَدُوْا مَعَكُمْ فَاُولٰٓئِكَ مِنْكُمْ ؕ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ

صلح حدیبیہ کے بعد مسلمان ہوئے۔ ایمان صحابہؓ کے لیے قبول روایت میں اہل سنت کا اصول (۵)

اور انہوں نے ہجرت کی اور انہوں نے جہاد کیا تمہارے ساتھ مل کر تو وہ لوگ تم میں سے (ہیں) اور قرابت والے بعض ان کے زیادہ حق دار ہیں بعض کے

یہ جملہ نفس رشتہ داروں کے لیے مقدم ہے اگر وہ نہ ہوں تو پھر مہاجر اور انصاری کو وراثت میں داخل کیا جائے گا۔ مگر سورۃ احزاب کی آیت النبی اولی بالمؤمنین سے منسوخ ہے خواہ رشتہ دار، دار الحرب میں ہوں یا دار الاسلام میں وارث ہوں گے۔

(۱)
بیس غلام ہیں۔ ادنی غلام بیس ہزار درہم ادا کرتا ہے۔

(۲)
مقاصد سیاسیہ میں مسلمانوں میں سے فقط ان قوموں اور جماعتوں کا خیال رکھا جائے گا جو مرکز سے وابستہ ہیں۔

(۳)
وہ باہم ایک دوسرے کے وارث ہیں اور حکم مذکور پر عمل نہ کرو گے تو دنیا میں بڑا فساد پھیلے گا۔

(۴)
دلیل نمبر ۳ تمام صحابہؓ معیار حق اور تنقید سے بالاتر اور جنتی ہیں، دلیل نمبر ۴ سورۃ توبہ آیت ۱۰۰ ص ۲۱۲

(۵)
عن ابی هريرة عن النبی صلى الله عليه وسلم أنه قال سيأتيكم عنی احاديث مختلفة فما جاءكم موافقا لكتاب الله و سنتی فهو منی وما جاءكم مخالفاً لكتاب الله و سنتی فليس منی۔ الكفاية فی علم الرواية ص ۴۳۰۔ اصول اہل تشیع از امام باقر۔ فاذا اتاكم الحديث فاعرضوه على كتاب الله عزوجل وسنتی فما وافق كتاب الله وسنتی فخذوا به وما خالف كتاب الله وسنتی فلا تأخذوا به۔ احتجاج طبرسی صفحہ نمبر ۲۲۹ طبع قدیم ایران۔ عقیدة الشیعة ارتداد الصحابة ضمیمہ ص ۲۵۳ میں دیکھیں۔ و عقیدة الشیعة اهانة الخلفاء الثلاثه رضی الله عنهم، ضمیمہ ص ۲۵۵ میں دیکھیں

ع ۱۰

فِىْ كِتٰبِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۷۵﴾

اللہ کے حکم (وراثت) میں بیشک اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔

سُوْرَةُ التَّوْبَةِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ وَّتِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّسِتَّةَ عَشَرَ رُكُوْعًا

سورۃ براۃ

ترتیب تلاوت ۹، ترتیب نزول ۱۱۳، آیات ۱۲۹، رکوعات ۱۶

موضوع سورۃ: اعلان جنگ۔ اقسام کفار۔ نمبر۱ معاہدہ سے عہد شکن نمبر۲ معاہدہ خاص معیاد نمبر۳ بلاتعیین عہد نمبر۴ کوئی عہد نہیں تھا۔

بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖۤ اِلَى الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ؕ ﴿۱﴾ فَسِيْحُوْا فِى الْاَرْضِ

تیسری قسم اور چوتھی قسم کے کفار سے اعلان جنگ — بلاتعیین معاہدین اور غیر معاہدین مشرکین کے لیے اطلاع۔

بیزاری کا اعلان ہے اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے ان لوگوں کی طرف جن مشرکین سے تم نے (بلاتعیین) عہد لیا۔ پس چلو پھرو تم زمین میں

اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّاعْلَمُوْۤا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِى اللّٰهِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ مُخْزِى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲﴾

مہلت کا فائدہ تم مسلمانوں سے بچ سکتے ہو ورنہ تم قتل و مقاتلت سے نہیں بچ سکتے

چار ماہ اور جان لو کہ بیشک تم نہیں عاجز کرنے والے اللہ تعالیٰ کو، اور بیشک اللہ تعالیٰ کافروں کو رسوا کرنے والے ہیں

وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖۤ اِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ اَنَّ اللّٰهَ بَرِىْٓءٌ

تمام کفار سے عمومی بیزاری کا اعلان اور حکم نفاذ — ہر حج حج اکبر ہوتا ہے عمرہ کے مقابلہ میں — ملفوظات تھانوی

اور اعلان عام ہے اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے لوگوں کی طرف بڑے حج کے دن کہ بیشک اللہ بیزار ہے

مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۙ۬ وَرَسُوْلُهٗ ؕ فَاِنْ تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْۤا اَنَّكُمْ

کفر سے توبہ (۱) — اعراض

مشرکین سے اور اس کا رسول (بھی) پس اگر تم توبہ کرو تو وہ بہتر ہے تمہارے لیے اور اگر تم روگردانی کرو تو جان لو تحقیق تم

شان نزول: بنی خزاعہ مسلمانوں کے حلیف تھے۔ اور بنی بکر قریش کے، بنی بکر نے بنی خزاعہ پر شب خون مارا۔

غَيْرُ مُعْجِزِى اللّٰهِ ؕ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۙ ﴿۳﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ

اعراض کی سزا — قسم دوم معاهدہ خاص معیادی کا حکم

نہیں عاجز کرنے والے اللہ کو اور خوشخبری سنائیں ان لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا دردناک عذاب کی۔ مگر وہ لوگ جن سے تم نے عہد لیا

الْمُشْرِكِيْنَ ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ شَيْـًٔا وَّلَمْ يُظَاهِرُوْا عَلَيْكُمْ اَحَدًا فَاَتِمُّوْۤا اِلَيْهِمْ

مشرکین سے پھر نہ کم کیا انہوں نے عہد کو تمہارے ساتھ پورا کرنے میں کچھ، اور نہ تمہارے مقابلہ میں کسی (دشمن) کی مدد کی، پس پورا کرو تم ان کی طرف

عَهْدَهُمْ اِلٰى مُدَّتِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۴﴾ فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا

نتیجہ نقض عہد سے بچنے والوں سے — قسم اول اور بقیہ کفار سے قتال کا حکم۔ حضرات سلف اور خلف

ان کے عہد کو ان کی مدت (مقررہ) تک بیشک اللہ پسند کرتا ہے متقی لوگوں کو۔ پھر جب گزر جائیں حرمت کے مہینے تو قتل کرو

الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ ۚ فَاِنْ

کے نزدیک یہ آیت، آیت السیف ہے اور کفار سے قتال عام کا حکم ہے اس سے قبل ہر عہد کے لیے ناسخ ہے۔ — قبول کی اسلام کی

مشرکوں کو جہاں تم ان کو پاؤ اور پکڑو ان کو اور گھیرو ان کو اور بیٹھو ان کے لیے ہر گھات میں پھر اگر

تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۵﴾

کی برکات

وہ (کفر سے) توبہ کرلیں اور نماز کا اہتمام کریں اور زکوۃ دیں تو ان کا رستہ چھوڑ دو بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

(۱) دنیا میں عہد شکنی کی معافی اور قتل ہونے سے بچاؤ اور آخرت کی نجات صرف کفر سے باز آنے اور توبہ میں ہے۔ تفصیل آگے آرہی ہے کہ اسلامی برادری میں شامل ہونے کے لیے تین باتیں ضروری ہیں۔ نمبر۱ صرف کلمہ اسلام کافی نہیں ہوگا بلکہ کفریہ اعمال و عقائد سے بالکلیہ توبہ۔ نمبر۲ نماز کا اہتمام نمبر۳ زکوۃ کی ادائیگی ضروری ہے ورنہ اسلامی حکومت ایسے شخص کا راستہ روک سکتی ہے۔

وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ اسْتَجَارَكَ فَاَجِرْهُ حَتّٰى يَسْمَعَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ اَبْلِغْهُ

حقانیت اسلام کے لیے کفار کو پناہ دینے کا حکم — دلائل حق

اور اگر (ان) مشرکوں میں سے آپ سے کوئی پناہ چاہے (دین کی خوبیاں سننے کے لیے تو) آپ اس کو پناہ دو یہاں تک کہ وہ سن لے اللہ کا کلام پھر اس کو پہنچا دو

ع مَاْمَنَهٗ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْلَمُوْنَ ۶

سوچ سمجھ کر رائے قائم کرلیں

اس کے ٹھکانے میں یہ (پناہ کا حکم) اس لیے کہ وہ لوگ (دین) نہیں جانتے

كَيْفَ يَكُوْنُ لِلْمُشْرِكِيْنَ عَهْدٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ رَسُوْلِهٖۤ اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ

قسم اوّل بدعہدوں کا معاملہ — قسم دوم عہد نبھانے والے

کیسے ہوگا عہد مشرکوں کے لیے اللہ اور اس کے رسول کے نزدیک مگر وہ (مستثنیٰ ہیں) جن سے تم نے عہد کیا

عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۚ فَمَا اسْتَقَامُوْا لَكُمْ فَاسْتَقِيْمُوْا لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ۷

مسجد حرام کے پاس پس جب تک وہ تمہارے لیے سیدھے رہیں تو تم بھی سیدھے رہو ان کے لیے بیشک اللہ پسند کرتا ہے متقی لوگوں کو،

كَيْفَ وَاِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ لَا يَرْقُبُوْا فِيْكُمْ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ؕ يُرْضُوْنَكُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ

عود مضمون جماعت اول کفار سے دوستی اور صلح کا قول مشکل ہے۔ قرابت

کیسے؟ حالانکہ اگر وہ غالب آجائیں تم پر تو وہ تمہارے حق میں خیال نہ رکھیں کسی قرابت کا اور نہ عہد کا وہ تمہیں خوش کرتے ہیں مونہوں سے

وَتَاْبٰى قُلُوْبُهُمْ ۚ وَاَكْثَرُهُمْ فٰسِقُوْنَ ۸ اِشْتَرَوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا فَصَدُّوْا

قسم اوّل کے شریر ہونے کی وجہ

اور ان کے دل انکار کرتے ہیں اور اکثر ان کے بدعہد ہیں۔ خریدا انہوں نے اللہ کی آیات کے بدلے تھوڑے پیسوں کو تو روکا انہوں نے

عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۹ لَا يَرْقُبُوْنَ فِيْ مُؤْمِنٍ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ؕ

کیفیت کفار (۱) قرابت

اس کے راستہ سے بیشک برا ہے جو وہ کرتے ہیں۔ نہیں خیال کرتے کسی مسلمان کے حق میں قرابت (کا) اور نہ عہد (کا)

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُعْتَدُوْنَ ۱۰ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَاِخْوَانُكُمْ

ترغیب توبہ — حکم تائبین

اور یہی لوگ حد سے بڑھنے والے ہیں۔ تو اگر وہ توبہ کر لیں اور نماز کا اہتمام کریں اور زکوٰۃ دیتے رہیں تو وہ تمہارے بھائی ہیں

فِي الدِّيْنِ ؕ وَنُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۱۱ وَاِنْ نَّكَثُوْۤا اَيْمَانَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ

بدعہدوں سے قتال

دین میں اور ہم تفصیل سے بیان کرتے ہیں حکموں کو ان لوگوں کے لیے (جو) جانتے ہیں۔ اور اگر وہ اپنی قسمیں توڑ دیں اپنے

عَهْدِهِمْ وَطَعَنُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ فَقَاتِلُوْۤا اَئِمَّةَ الْكُفْرِ ۙ اِنَّهُمْ لَاۤ اَيْمَانَ لَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَنْتَهُوْنَ ۱۲

(۲)

عہد کے پیچھے اور عیب جوئی کریں تمہارے دین میں تو لڑو کفر کے سرداروں سے بیشک وہ ان کی قسمیں عہد والی نہیں (ہیں) تا کہ وہ باز آجائیں۔

اَلَا تُقَاتِلُوْنَ قَوْمًا نَّكَثُوْۤا اَيْمَانَهُمْ وَهَمُّوْا بِاِخْرَاجِ الرَّسُوْلِ وَهُمْ بَدَءُوْكُمْ اَوَّلَ

کیوں نہیں۔ ترغیب قتال۔ بعد نقض عہد بنی بکر کے بمقابلہ خزاعہ کی مدد کی۔ مقتضی قتال نمبر ۱۔ مقتضی قتال نمبر ۲۔ نمبر ۳۔ ابتداء بدعہدی کی

کیا تم نہیں لڑتے ایسے لوگوں سے جنھوں نے توڑ دیں اپنی قسمیں اور ارادہ کیا انہوں نے رسول کو نکالنے کا اور انہوں نے تم سے (جنگ کی) شروع کی پہلی بار

(۱) لا یرقبون: باب (نصر) سے مصدر رقوبا: بمعنی نظر رکھنا، خیال رکھنا، لحاظ کرنا۔ اِلًّا: مصدر ہے اَلَّ یَؤُلُّ کا اس کے کئی معانی ہیں قرابت، حلیف اور عہد اور مشترک معنی ہیں پاس و لحاظ کرنا اور اِلًّا یہاں اسم کی جگہ استعمال ہوا ہے اس لیے اس کا معنی قرابت کیا ہے

(۲) لفظ امام پر دلیل نمبر ۲ اس سے مراد کفر کے امام ہیں کیونکہ کافر لوگ ان کی اقتداء کرتے تھے۔ اور دلیل نمبر ۳ سورۃ ھود آیت ۱۷ ص ۲۳۲ میں دیکھیں

مَرَّةٍ ۚ أَتَخْشَوْنَهُمْ ۚ فَاللَّهُ أَحَقُّ أَنْ تَخْشَوْهُ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ﴿١٣﴾ قَاتِلُوهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللَّهُ

نمبر ۴ قتال کا حکم۔ وعدہ نمبر ۱

کیا تم ان سے ڈرتے ہو۔ تو اللہ زیادہ حق رکھتا ہے کہ تم اس سے ڈرو اگر ہو تم ایمان والے۔ لڑو ان سے اللہ ان کو سزا دے گا

بِأَيْدِيكُمْ وَيُخْزِهِمْ وَيَنْصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُؤْمِنِينَ ﴿١٤﴾ وَيُذْهِبْ

نمبر ۲ نمبر ۳ نتیجہ حکمت قتال

تمہارے ہاتھوں سے اور ان کو رسوا کرے گا اور وہ تمہاری مدد کرے گا ان پر اور ٹھنڈا کرے گا (ان کی ایذاؤں سے) مؤمن لوگوں کے سینوں کو۔ اور وہ دور کرے گا

غَيْظَ قُلُوبِهِمْ ۗ وَيَتُوبُ اللَّهُ عَلَىٰ مَنْ يَشَاءُ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿١٥﴾ أَمْ حَسِبْتُمْ

دلوں سے غصّہ کا ازالہ / نتیجہ تائبین یعنی بعض کفار فتح مکہ پر مسلمان ہو گئے تھے نتیجہ کفر یا اسلام امتحان خداوندی

غصہ ان کے دلوں کا اور اللہ رجوع فرماتا ہے جس پر وہ چاہتا ہے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ کیا تم گمان کرتے ہو

أَنْ تُتْرَكُوا وَلَمَّا يَعْلَمِ اللَّهُ الَّذِينَ جَاهَدُوا مِنْكُمْ وَلَمْ يَتَّخِذُوا مِنْ دُونِ اللَّهِ وَلَا

برائے جہاد، تنبیہ

کہ تم چھوڑ دیئے جاؤ گے (بغیر جہاد کے) حالانکہ ابھی تک نہیں ممتاز کیا اللہ نے ان لوگوں کو جنہوں نے جہاد کیا تم میں سے اور نہیں بنایا انہوں نے اللہ کے سوا اور نہ

ع۲ ۸

رَسُولِهِ وَلَا الْمُؤْمِنِينَ وَلِيجَةً ۚ وَاللَّهُ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿١٦﴾ ع

(۱) دلی دوست / جہاد میں سستی یا چستی

اس کے رسول کے اور نہ مومنوں کے کوئی بھیدی اور اللہ خبر رکھتے ہیں اس کی جو تم کرتے ہو۔

مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِينَ أَنْ يَعْمُرُوا مَسَاجِدَ اللَّهِ شَاهِدِينَ عَلَىٰ أَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ ۚ

(۲) مانع جہاد نمبر ۱۔ اور مشرکین عرب کا ناز اور اس کا رد۔ عمل محمود شرک اس کے منافی ہے

نہیں تھا مشرکوں کے لیے کہ آباد کریں وہ اللہ کی مسجدوں کو گواہی دیتے ہوئے اپنی جانوں کے خلاف کفر کی

أُولَٰئِكَ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ وَفِي النَّارِ هُمْ خَالِدُونَ ﴿١٧﴾ إِنَّمَا يَعْمُرُ مَسَاجِدَ اللَّهِ مَنْ

شرط قبولیت کے مفقود ہونے کی وجہ مساجد الٰہیہ آباد کرنے والے کے اوصاف

یہ لوگ برباد ہوگئے ان کے عمل اور دوزخ میں یہ سدا رہیں گے۔ اللہ کی مسجدوں کو وہی آباد کرتا ہے جو

آمَنَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَأَقَامَ الصَّلَاةَ وَآتَى الزَّكَاةَ وَلَمْ يَخْشَ إِلَّا اللَّهَ ۖ قف

نمبر ۱ نمبر ۲ نمبر ۳ نمبر ۴ نمبر ۵ اصلاح اخلاق

اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اور نماز کا اہتمام کرتا ہے اور (خوشی سے) زکوۃ دیتا ہے اور وہ اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتا ہے

فَعَسَىٰ أُولَٰئِكَ أَنْ يَكُونُوا مِنَ الْمُهْتَدِينَ ﴿١٨﴾ أَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَاجِّ وَعِمَارَةَ

نتیجہ موانع جہاد نمبر ۲

پس امید ہے کہ یہی لوگ ہدایت پانے والوں سے ہیں، کیا تم نے کر دیا حاجیوں کے پانی پلانے کو اور

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْٓا اُولِيْ قُرْبٰى مِنْۢ

مشرک کے لیے دعائے مغفرت کی ممانعت (چچا ابوطالب)

اور نہیں مناسب نبی کے لیے اور نہ ان لوگوں کے لیے جو ایمان لائے کہ بخشش کی دعا کریں مشرکوں کے لیے اگرچہ وہ قریبی رشتہ دار ہی ہوں

بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۱۱۳﴾ وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا سورۃ ابراہیم آیت۔ ۴۱

بعد اس کے کہ ان کے لیے ظاہر ہوگیا کہ وہ دوزخ والے ہیں، اور نہیں تھی ابراہیم علیہ السلام کی دعا اپنے باپ کے لیے مگر ایک

مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗٓ اَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّاَ مِنْهُ ؕ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ

(۱)

کا یہ جواب

وعدہ کی وجہ سے جو اس سے کیا تھا پھر جب یہ بات ان کے لیے کھل گئی کہ وہ اللہ کا دشمن ہے تو وہ اس سے بیزار ہوگئے یقیناً ابراہیم علیہ السلام بڑے نرم دل

حَلِيْمٌ ﴿۱۱۴﴾ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوْمًاۢ بَعْدَ اِذْ هَدٰىهُمْ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمْ مَّا يَتَّقُوْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

تسلی مؤمنین

حلم والے تھے۔ اور نہیں تھا اللہ کا (طریقہ) کہ کسی قوم کو گمراہ کریں ہدایت دینے کے بعد یہاں تک کہ بیان فرما دیتے ہیں ان کے لیے وہ چیز (جن سے) وہ بچیں، بیشک اللہ تعالیٰ

بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ؕ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ

حصر المالکیت باری تعالیٰ

ہر چیز کو جاننے والا ہے، بیشک اللہ ہی کے لیے بادشاہی آسمانوں اور زمین کی وہ زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور نہیں ہے تمہارے لیے اللہ

اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۱۱۶﴾ لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ الَّذِيْنَ

(۲) آنحضرت ؐ اور بعض مہاجرین کے خطرات کی معافی کا اعلان

کے سوا کوئی حمایتی اور نہ کوئی مددگار۔ البتہ تحقیق اللہ متوجہ ہوئے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور مہاجرین و انصار پر اور ان لوگوں پر

اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِنْۢ بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيْغُ قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ ؕ

توجہ خداوندی

جنھوں نے ان کی پیروی کی تنگی کی گھڑی میں بعد اس کے کہ قریب تھا کہ ڈگمگا جائیں کچھ لوگوں کے دل ان میں سے پھر اللہ متوجہ ہوا ان پر

اِنَّهٗ بِهِمْ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۷﴾ لا وَّعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا ؕ حَتّٰٓى اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ

کیفیت متخلفین اصحاب ثلاثہ

حقیقۃً وہ ان لوگوں پر شفقت کرنے والا مہربان ہے۔ اور ان تین (صحابہ) پر (بھی) جن کا معاملہ ملتوی کیا گیا یہاں تک کہ جب ان پر زمین تنگ ہوگئی

بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوْٓا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّآ اِلَيْهِ ؕ

باوجود کشادہ ہونے کے اور تنگ ہوگئیں ان پر ان کی جانیں اور انہوں نے سمجھ لیا کہ اللہ سے کوئی پناہ نہیں بس اسی کی طرف

ع ۱۴

ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۱۸﴾ ع

توجہ خداوندی

پھر (اللہ) ان پر متوجہ ہوا تاکہ وہ توبہ کریں بیشک اللہ توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے

(۱)

اوّاہٌ فَعَّالٌ کے وزن پر مبالغہ کا صیغہ ہے آوّہٌ سے بنا ہے جس کے معنی آہ آہ کرنا۔ اور آہ کہتے ہیں دل کی آواز کو۔ اس لیے حکیم اختر فرماتے تھے:

اہل دل کے دل سے نکلے آہ آہ
بس وہی اختر ہے اصلی خانقاہ

(۲)

خلاصہ: غزوہ تبوک کے موقع پر مسلمانوں کی پانچ قسمیں بن گئی تھیں (۱) مخلص جو جہاد کے لیے فوراً تیار ہوگئے تھے۔ (۲) مخلص جو شروع میں حالات کے پیش نظر متردد پھر اٹھ کھڑے ہوئے۔ ان دونوں کا اسی آیت میں ذکر ہے۔ (۳) جو کسی بیماری وغیرہ سے معذور تھے آیت ۹۲،۱۹ میں ذکر آچکا ہے (۴) منافقین جن کا پہلے بھی اور بعد میں بھی ذکر آئے گا۔ (۵) مخلص کاہل مسلمان جن کا ذکر آیت ۱۰۲ سے ۱۰۶ تک آچکا ہے۔ واللہ اعلم

مقصود کا بیان احتراز عن المعاصی طریق مقصود کا بیان :صرف اکتفاء معیت نہ ہو بلکہ اعمال میں کمال حاصل کرو کہ اطاعت بجالاؤ اور معاصی سے اجتناب کرو

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ مَا كَانَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ

اصول کامیابی — ترغیب صحبت صالحین۔ — (۱) ملامت متخلفین بضمن فضیلت مجاہدین

اے ایمان والو! اللہ سے ڈرتے رہو اور رہو سچے لوگوں کے ساتھ، مناسب نہیں ہے اہل مدینہ کے اور

حَوْلَهُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَلَا يَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ

اس کے آس پاس رہنے والے دیہاتیوں کے کہ وہ پیچھے رہ جائیں اللہ کے رسول کے اور یہ بھی مناسب نہیں کہ عزیز سمجھیں اپنی جانوں کو

نَّفْسِهٖ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ لَا يُصِيْبُهُمْ ظَمَاٌ وَّلَا نَصَبٌ وَّلَا مَخْمَصَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا

علت ممانعت تخلف

اس کی جان سے یہ اس لیے ہے کہ انہیں جو تکلیف پہنچتی ہے پیاس کی یا محنت کی یا بھوک کی اللہ کے راستے میں

يَطَـُٔوْنَ مَوْطِئًا يَّغِيْظُ الْكُفَّارَ وَلَا يَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهٖ عَمَلٌ

یا ایسی جگہ چلتے ہیں جو کافروں کے غصہ کو بھڑکائے یا دشمنوں سے کوئی چیز چھین لیتے ہر بات پر ان کے لیے عمل

صَالِحٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ وَلَا يُنْفِقُوْنَ نَفَقَةً صَغِيْرَةً وَّلَا

راہِ جہاد میں کوڑی کوڑی کا اجر ملے گا

صالح لکھا جاتا ہے بیشک اللہ اجر ضائع نہیں کرتے نیکی کرنے والوں کی۔ اور جو وہ تھوڑا

كَبِيْرَةً وَّلَا يَقْطَعُوْنَ وَادِيًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۱﴾

یا زیادہ خرچہ کرتے ہیں یا کوئی میدان طے کرتے ہیں تو یہ سب کچھ لکھ دیا جاتا ہے ان کے لیے تا کہ اللہ ان کے ان کاموں کا اچھا بدلہ دے جو وہ کیا کرتے تھے۔

وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا كَآفَّةً ؕ فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ

(۲) جہاد و تفقہ فی الدین کے فرضِ کفایہ (۳) ہونے کا بیان، خزاعہ کے خلاف تبوک (۴) میں جنگ تھی سارے چلے گئے منع فرمادیا (۵)

اور نہیں مناسب ایمان والوں کے لیے کہ کوچ کریں سارے پس ایسا کیوں نہ ہوا کہ نکلتی مسلمانوں کی ہر جماعت میں سے کچھ لوگ

۱۵ع ۴ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ اِذَا رَجَعُوْٓا اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾

فرائض طلبہ قبل از تکمیل ۔ — فرائض جماعت علماء۔(۶) — حکمت انداز

تا کہ وہ دین کی سمجھ پیدا کریں اور تا کہ وہ خبردار کریں اپنی قوم کو جب ان کی طرف واپس لوٹیں تا کہ وہ (عذاب الٰہی سے) بچیں

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَاتِلُوا الَّذِيْنَ يَلُوْنَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوْا فِيْكُمْ غِلْظَةً ؕ وَاعْلَمُوْٓا

ترتیب جہاد و قتال کا اہم اصول — قریب

اے ایمان والو! جنگ کرو ان لوگوں سے جو تمہارے قریب ہیں کفار میں سے اور چاہیئے کہ وہ پائیں تمہارے اندر سختی اور جان لو

اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۲۳﴾ وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ اَيُّكُمْ زَادَتْهُ هٰذِهٖٓ

منکرین کا شکوہ و تمسخر آیات الٰہیہ

کہ بیشک اللہ متقیوں کے ساتھ ہے۔ اور جب کوئی سورت نازل کی جاتی ہے تو ان میں کچھ لوگ ایسے ہیں جو کہتے ہیں کہ تم میں سے کس کا اس سورت نے ایمان زیادہ کر دیا

اِيْمَانًا ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّهُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ

جواب تمسخر — منافقین

تو بہرحال وہ لوگ جو ایمان لائے تو زیادہ کر دیا (اس سورت نے) ان کا (نور) ایمان اور وہ خوشیاں مناتے ہیں۔ اور بہرحال وہ لوگ

(۶) اثبات تقلید کے لیے، دلیل نمبر ۳، اور دلیل نمبر ۴ سورۃ نحل آیت ۴۳ ص ۲۸۰ دیکھیں

(۱) غزوہ تبوک سے پیچھے رہنے والوں پر عمومی تبصرہ کہ وہ بڑی خیر سے محروم ہو گئے

(۲) پس خلاصہ مجموع آیات کا یہ ہوا کہ فی نفسہ جہاد فرض کفایہ ہے مگر امام کے حکم سے ہر مخاطب پر فرض عین ہو جائے گا۔ بیان القرآن۔

(۳) لام نفی تاکید کے لیے لیے (روح البیان)

(۴) لولا :تحضیضیہ ہے یہ جب مضارع پر داخل ہوتا ہے تحضیض و عرض کے لیے ہوتا ہے یعنی کسی کام پر سختی کے ساتھ ابھارنے کے لیے یا نرمی سے کسی کام کی طلب کرنے کے لیے اول تحضیض ہے اور دوسرا عرض اور جب یہ ماضی پر داخل ہوتا ہے تو ڈانٹنے اور توبیخ کرنے کے لیے ہوتا ہے جیسے :لولا جآءوا علیہ باربعۃ شھدآء، اس پر چار گواہ کیوں نہ لائے؟

(۵) خبر واحد کی حجیت پر دلیل نمبر ۲، اور دلیل نمبر ۳ سورۃ قصص آیت نمبر ۲۰-۲۱ ص نمبر ۳۹۶ میں دیکھیں۔

فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا اِلٰى رِجْسِهِمْ وَ مَاتُوْا وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۲۵﴾ اَوَلَا

کا مرض — پہلے ایک حصہ کا اب جدید حصہ کا انکار کیا (۱)

جن کے دلوں میں (نفاق کا) مرض ہے تو زیادہ کر دیا (اس سورت نے) ان کی گندگی کو ان کی (سابقہ) گندگی پر اور وہ مرے اس حال میں کہ وہ کفر میں مبتلا تھے کیا اور وہ نہیں

يَرَوْنَ اَنَّهُمْ يُفْتَنُوْنَ فِیْ كُلِّ عَامٍ مَّرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ لَا يَتُوْبُوْنَ وَلَا هُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۲۶﴾

منافقین کی آزمائش

دیکھتے کہ بیشک وہ آزمائش میں ڈالے جاتے ہیں ہر سال ایک بار یا دو بار پھر وہ (نفاق و تمسخر سے) توبہ نہیں کرتے اور نہ وہ نصیحت حاصل کرتے ہیں

وَاِذَا مَاۤ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ نَّظَرَ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ ؕ هَلْ يَرٰىكُمْ مِّنْ اَحَدٍ ثُمَّ انْصَرَفُوْا ؕ

منافقین کی شرمندگی

اور جب اتاری جاتی ہے کوئی سورت تو دیکھنے لگتے ہیں ایک دوسرے کو۔ کیا دیکھ رہا ہے تمہیں کوئی (مسلمان) پھر منہ پھیر کر چل دیتے ہیں

صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ

بعثت خاتم الانبیاءؐ۔ بشریت خاتم الانبیاءؐ قوم کی قیادت کے لیے تین اوصاف ضروری ہیں

اللہ نے ان کے دلوں کو پھیر دیا اس لیے کہ یہ لوگ سمجھتے نہیں ہیں۔ البتہ تحقیق آیا تمہارے پاس رسول تم ہی میں سے

عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا

نمبر ۱ شفقت خاتم الانبیاء، نمبر ۲ — نمبر ۳ — (۲) — تسلی خاتم الانبیاء۔

بہت گراں گزرتی ان پر تمہاری تکلیف کی بات وہ حریص ہیں تمہاری بھلائی پر (بالخصوص) ایمان والوں پر شفیق مہربان ہیں۔ پس اگر یہ (منافق) منہ پھیریں

فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ ۖؗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۲۹﴾ ع

فریضہ خاتم الانبیاء۔ میرا کیا نقصان ہے — البتہ تم اپنی فکر کر لو

تو آپ کہہ دیجئے مجھے اللہ کافی ہے نہیں کوئی معبود (حقیقی) مگر وہی اسی پر میں بھروسہ کرتا ہوں اور وہ عرش عظیم کا مالک ہے۔

سُوْرَةُ يُوْنُسَ مَكِّيَّةٌ وَّهِیَ مِائَةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — تِسْعُ اٰيَاتٍ وَّاَحَدَ عَشَرَ رُكُوْعًا

(۳) ترتیب تلاوت ۱۰، ترتیب نزول ۵۱، آیات ۱۰۹، رکوعات ۱۱

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

الٓرٰ ۚ قف تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ﴿۱﴾ اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ اَوْحَيْنَاۤ اِلٰى رَجُلٍ

دعوت الی القرآن — منکرین رسالت کا شبہ — اثبات بشریت خاتم الانبیاء

الٓمرٰ: یہ آیتیں (جن کا ذکر قرآن) میں ہے حکمت سے بھری کتاب کی، کیا اس بات سے لوگوں کو تعجب ہوا کہ وحی بھیجی ہم نے ان میں سے ایک آدمی کی طرف

مِّنْهُمْ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ

(۴) فرائض خاتم الانبیاء نمبر ۱ — نمبر ۲ — (۵) حضورؐ، نیکیوں کا بدلہ۔ قدم ڈگمگائے گا نہیں

کہ آپ سب لوگوں کو ڈرائیں اور خوشخبری سنائیں ان لوگوں کو جو ایمان لائے کہ ان کے لیے سچا بلند مرتبہ ہے ان کے رب کے نزدیک

قَالَ الْكٰفِرُوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۲﴾ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

شکوہ و اثر تعجب — جواب شبہ اور توحید خداوندی پر عقلی دلیل بیان قدرت

کافروں نے کہا بیشک یہ شخص یقیناً جادو گر ہے کھلم کھلا۔ بیشک تمہارا رب اللہ ہے وہ جس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو

فِیْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ مَا مِنْ شَفِيْعٍ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ

مقدار — مناسب تدبیر۔ نفی شفیع قہری

چھ دن (کی مقدار) میں پھر متوجہ ہوا عرش پر وہ تدبیر کرتا ہے ہر کام کی نہیں کوئی سفارش کرنے والا مگر اس کی اجازت کے بعد

(۱)
نزول قرآن سے منافقین کے نفاق میں اضافہ ہوتا ہے اس میں قرآن کریم کا کیا قصور ہے؟۔ شیخ سعدیؒ فرماتے ہیں:
باراں کہ در لطافت
طبعش خلاف نیست
در باغ لالہ روید و در
شورہ بوم خس۔ یعنی بارش کے پانی کی پاکیزگی میں کچھ شبہ نہیں مگر باغ میں لالہ اور شور زمین میں کوڑا اگتا ہے

(۲)
اللہ تعالیٰ اور آنحضرت کی صفت رؤف میں اشتراک ثابت کرنے والا ملحد ہے۔

(۳)
ربط اوپر قرآن و رسالت اور توحید کا ذکر تھا اب بھی اسی کا ہے۔
موضوع سورۃ: دعوت الی القرآن اور روئے سخن صرف مشرکین

(۴)
بشریت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے دلیل نمبر ۱۸ اور دلیل نمبر ۹ سورۃ ابراہیم آیت ۱۱ ص ۲۶۵ میں دیکھیں۔

(۵)
قدم موصوف کی صفت صدق کی طرف اضافت ہے قدم کے اصلی معنیٰ پاؤں کے ہیں لیکن سعی و عمل اور ترقی کا ذریعہ چونکہ قدم ہوتا ہے اس لیے مجازاً بلند مرتبہ کہہ دیا جاتا ہے اور پھر اس کی اضافت صدق کی طرف کر کے بتلایا گیا ہے کہ بلند مرتبہ جو ان کو ملنے والا ہے وہ یقینی ہے اور ہمیشہ باقی رہنے والا ہے دنیا کی منصبوں کی طرح نہیں۔

اِذْنِهٖ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۳﴾ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا ؕ وَعْدَ اللّٰهِ

نتیجہ دلائل مذکورہ — تنبیہ — تذکیر بمابعد الموت

یہی اللہ تمہارا رب ہے پس تم اس کی عبادت کرو کیا پھر بھی تم نہیں سمجھتے ، اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے تم سب کو یہ اللہ کا وعدہ

حَقًّا ؕ اِنَّهٗ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ بِالْقِسْطِ ؕ

نتیجہ مؤمنین

سچا ہے بیشک وہی پہلی بار پیدا کرتا ہے پھر وہی دوبارہ پیدا کرے گا تا کہ بدلہ دے ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کیے انصاف کے ساتھ

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌۢ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ﴿۴﴾ هُوَ الَّذِيْ

نتیجہ کفار — توحید خداوندی

اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لیے پینا ہوگا کھولتے ہوئے پانی سے اور درد ناک عذاب ہوگا اس وجہ سے کہ وہ کفر کرتے تھے۔ وہی ذات ہے

جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَآءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا وَّقَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ؕ

پر عقلی دلیل — (۱)

جس نے بنایا سورج کو چمکدار اور چاند کو نورانی اور مقرر کردیں اس کی منزلیں تا کہ تم جان لو سالوں کی گنتی اور (روز مرہ) کا حساب

(۱) سورج گرھن اور چاند گرھن کی سائنسی حقیقت :چاند کی منزلیں ۲۸۔اور سورج کی ۳۶۰یا۳۶۵ ہیں

مَا خَلَقَ اللّٰهُ ذٰلِكَ اِلَّا بِالْحَقِّ ۚ يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۵﴾ اِنَّ فِي اخْتِلَافِ

تخلیق کائنات بامقصد ہے۔ — غافلین توحید وبعث

نہیں پیدا کیا اللہ نے یہ سب کچھ مگر بامقصد، تفصیل سے بیان کرتا ہے دلائل (توحید) ان لوگوں کے لیے جو علم رکھتے ہیں ۔ بیشک رات دن کی

الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَّقُوْنَ ﴿۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

مستفیدین من الآیات — کیفیت منکرین آخرت

تبدیلی میں اور جو کچھ پیدا کیا اللہ نے آسمانوں اور زمین میں البتہ نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو ڈرتے ہیں۔ بیشک جو لوگ

لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا وَرَضُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاطْمَاَنُّوْا بِهَا وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنْ اٰيٰتِنَا

غافلین توحید ورسالت

نہیں امید رکھتے ہم سے ملنے کی اور خوش ہوگئے دنیا کی زندگی پر اور اس پر مطمئن ہوگئے ، اور جو لوگ ہماری آیات (توحید اور بعث بعد الموت) سے

غٰفِلُوْنَ ﴿۷﴾ لا اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمُ النَّارُ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۸﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

نتیجہ منکرین قیامت — مؤمنین کے لیے بشارت

غافل ہیں۔ان ہی لوگوں کا ٹھکانا دوزخ ہے اس وجہ سے جو وہ کمایا کرتے تھے، بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک

الصّٰلِحٰتِ يَهْدِيْهِمْ رَبُّهُمْ بِاِيْمَانِهِمْ ۚ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۹﴾

جنت

کام کیے ان کا رب ان کو منزل مقصود تک پہنچا دے گا ان کے ایمان کی وجہ سے، بہتی ہیں ان کے نیچے نہریں وہ نعمتوں کے باغوں میں ہوں گے

دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ۚ وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ

جنتیوں کا آخری کلام — باہمی سلام

ان کی صدا اس جنت میں ہوگی آپ تمام نقائص سے پاک ہیں اے اللہ اور ان کی اس میں ملاقاتی دعا یہ ہوگی سلامتی ہو!اور ان کی (ہر بات) کا خاتمہ اس پر ہوگا کہ سب تعریفیں

ع ۱ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰﴾ ع

اللہ کے لیے ہیں جو سب جہانوں کا پروردگار ہے۔

وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ اِلَيْهِمْ اَجَلُهُمْ ؕ فَنَذَرُ الَّذِيْنَ

مجرمین کے لیے جواب مطالبہ، (جلد بازی انسان) جیسا کہ وہ جلدی طلب کرتے ہیں (ان کی عمروں) — تاخیر عذاب کی حکمت

اور اگر اللہ جلدی بھیجتا لوگوں پر عذاب جس طرح کہ وہ جلدی مانگتے ہیں بھلائی تو پوری کر دی جاتی ان تک ان کی مدت (عمر) پس ہم چھوڑتے ہیں ان لوگوں کو

لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْۢبِهٖٓ اَوْ قَاعِدًا

کیفیت انسان

جو نہیں امید رکھتے ہم سے ملنے کی ان کو ان کی سرکشی میں سرگرداں چھوڑے رہتے ہیں، اور جب پہنچتی ہے انسان کو تکلیف تو ہمیں پکارنے لگتا ہے کروٹ پر یا بیٹھے

اَوْ قَآئِمًا ۚ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ لَّمْ يَدْعُنَآ اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِيْنَ

سبب غفلت

یا کھڑے پھر جب ہم دور کر دیتے ہیں اس سے اس کی تکلیف تو چلا جاتا ہے گویا اس نے ہمیں کبھی پکارا ہی نہ تھا کسی تکلیف کے (ہٹانے) کے لیے جو اس کو پہنچی تھی، اس طرح خوبصورت بنایا گیا حد سے بڑھنے والوں کے لیے

مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا ۙ وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ

تذکیر بایام اللہ سے تخویف مشرکین — سبب ہلاکت نمبر ۱ کفر شرک نمبر ۲

جو وہ کیا کرتے تھے۔ اور البتہ تحقیق ہم ہلاک کر چکے ہیں بہت ساری قوموں کو تم سے پہلے جب انہوں نے ظلم کیا اور آئے ان کے پاس ان کے رسول

بِالْبَيِّنٰتِ وَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۳﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰكُمْ

فیصلہ خداوندی — اھل مکہ کے لیے ترغیب

واضح دلائل لے کر اور وہ (ایسے) نہ تھے کہ ایمان لاتے، اسی طرح ہم بدلہ دیتے ہیں مجرم لوگوں کو۔ پھر بنایا ہم نے تم کو

خَلٰٓئِفَ فِي الْاَرْضِ مِنْ بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيَاتُنَا بَيِّنٰتٍ ۙ

(۱) — منکرین قرآن کا شکوہ

ان کا جانشین زمین میں ان کے بعد تا کہ ہم نظر کریں کہ تم کیسے کام کرتے ہو۔ اور جب پڑھ کر سنائی جاتی ہیں ان پر ہماری آیتیں واضح

قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا ائْتِ بِقُرْاٰنٍ غَيْرِ هٰذَآ اَوْ بَدِّلْهُ ؕ قُلْ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ

تشریح شکوہ — جواب نمبر ۱

کہتے وہ لوگ جو ہمارے ملنے کی امید نہیں رکھتے آپ لے آئیں کوئی اور قرآن اس کی بجائے یا اس میں ترمیم کر دیں، آپ کہہ دیجئے مجھے حق نہیں پہنچتا کہ میں اس میں

اُبَدِّلَهٗ مِنْ تِلْقَآئِ نَفْسِيْ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ

فریضہ نبوی — نتیجہ ترمیم وتبدیلی

ترمیم کروں اپنی طرف سے میں نہیں اتباع کرتا مگر (اس حکم کی) جو میری طرف وحی کیا جاتا ہے۔ بیشک میں ڈرتا ہوں اگر میں نافرمانی کروں

رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۵﴾ قُلْ لَّوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا تَلَوْتُهٗ عَلَيْكُمْ وَلَآ اَدْرٰىكُمْ بِهٖ ۖ فَقَدْ

جواب نمبر ۲ — قرآن

اپنے رب کی، (ایک) بڑے دن کے عذاب سے، آپ کہہ دیجئے اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو میں نہ پڑھتا اس (قرآن) کو تمہارے سامنے اور نہ تمہیں اس کی خبر دیتا

لَبِثْتُ فِيْكُمْ عُمُرًا مِّنْ قَبْلِهٖ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۶﴾ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ

کے معجزہ ہونے کا بیان — تنبیہ — مفتری اور مکذب کا بیان

تو (کیونکہ) میں رہ چکا ہوں تمہارے اندر زندگی کا ایک بڑا حصہ اس سے پہلے کیا پھر تم نہیں سمجھتے؟ تو (اب بتاؤ) اس سے بڑھ کر کون ظالم ہے جو گھڑ کر اللہ کی طرف

كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ

نتیجہ — مشرکین کی حماقت

جھوٹ (منسوب) کرے۔ یا جھٹلائے اس کی آیتوں کو بیشک مجرم کامیاب نہیں ہوتے۔ اور یہ عبادت کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر ایسی چیزوں کی جو نہ ان کو نقصان پہنچا سکیں۔

ے لام نفی تاکید کے لیے ہے

(۱) ناظر پر دلیل نمبر ۲ دو دلائل مکمل شد۔

ے ابوبکر ابن العربی نے لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے صفاتی نام ایک ہزار ہیں۔ اور امام رازی نے ایک ہزار ایک۔ اور ابن کثیر نے پانچ ہزار۔ اور محشی مشکوۃ نے ص ۱۹۹ الشھید کا معنی بین السطور (ای الحاضر) کیا ہے دیکھیں۔ اور سورۃ اعراف آیت نمبر ۱۲۹ ص ۱۷۴ میں بھی دیکھیں۔ اور اعلیٰ حضرت بریلوی نے سورۃ الانبیاء آیت نمبر ۷۸ ''وکنا لحکمھم شھدین'' کا ترجمہ حاضر کیا ہے۔ پھر کیا باقی رہ گیا؟ یہ عذر امتحانِ جذبِ دل کیسا نکل آیا میں الزام اس کو دیتا تھا۔ قصور اپنا نکل آیا۔

وَلَا يَنفَعُهُمْ وَيَقُولُونَ هَٰؤُلَاءِ شُفَعَاؤُنَا عِندَ اللَّهِ ۚ قُلْ أَتُنَبِّئُونَ اللَّهَ بِمَا لَا يَعْلَمُ

شکوہ مشرکین (۱) ملائکہ، شمس وقمر، کواکب جواب شکوہ

اور نہ ان کو نفع دے سکیں اور وہ کہتے ہیں کہ یہ ہمارے سفارشی ہیں اللہ کے ہاں آپ کہہ دیجئے کیا تم اللہ تعالیٰ کو خبر دیتے ہو ایسی چیز کی جس کو وہ نہیں جانتا

فِي السَّمَاوَاتِ وَلَا فِي الْأَرْضِ ۚ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَىٰ عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿١٨﴾ وَمَا كَانَ النَّاسُ

غلط نظریہ کا رد فطرت انسانی

آسمانوں میں اور نہ زمین میں۔ اس کی ذات پاک اور بلند ہے ان لوگوں کے شرک سے۔ اور نہیں تھے سب لوگ

إِلَّا أُمَّةً وَاحِدَةً فَاخْتَلَفُوا ۚ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ فِيمَا

(زمانہ نوح یا اس سے قدرے پہلے) ازالہ شبہ (تقدیر الٰہی کا فیصلہ)

مگر ایک امت پھر وہ جدا جدا ہوگئے اور اگر نہ ہوتی ایک بات جو پہلے سے طے ہو چکی ہے تو (یقیناً) فیصلہ کر دیا جاتا ان کے درمیان جن باتوں

فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿١٩﴾ وَيَقُولُونَ لَوْلَا أُنزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِّن رَّبِّهِ ۖ فَقُلْ إِنَّمَا الْغَيْبُ لِلَّهِ

کفار مکہ کا عناداً مطالبہ۔ جواب مطالبہ۔ (۲) (۳)

میں وہ اختلاف کر رہے ہیں۔ اور وہ کہتے ہیں کیوں نہیں اتاری گئی اس پر (فرمائشی) کوئی نشانی اس کے رب کی طرف سے آپ کہہ دیجئے غیب (کا علم) تو صرف اللہ کے لیے ہے

فَانتَظِرُوا إِنِّي مَعَكُم مِّنَ الْمُنتَظِرِينَ ﴿٢٠﴾ ع ۲

پس تم انتظار کرو (نزول عذاب کا) بیشک میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کر رہا ہوں

وَإِذَا أَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّن بَعْدِ ضَرَّاءَ مَسَّتْهُمْ إِذَا لَهُم مَّكْرٌ فِي آيَاتِنَا ۚ قُلِ اللَّهُ

کفار کا تنعم کی وجہ سے اعراض کفار کے حیلے کہ ستاروں کی تاثیر سے ہوا جواب حیلے

اور جب ہم چکھا دیتے ہیں لوگوں کو رحمت ایک تکلیف کے بعد جو ان کو پہنچی تھی تو فوراً ہی ان کے لیے چال بازیاں ہیں ہماری آیتوں میں آپ کہہ دیجئے کہ اللہ

أَسْرَعُ مَكْرًا ۚ إِنَّ رُسُلَنَا يَكْتُبُونَ مَا تَمْكُرُونَ ﴿٢١﴾ هُوَ الَّذِي يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۖ

فرشتوں کی ڈیوٹی توحید خداوندی پر عقلی دلیل

تیز تر (ہیں) چال (سزا دینے میں) بیشک ہمارے فرشتے لکھ رہے ہیں تمہاری سب شرارتوں کو۔ وہ ہی چلاتا ہے تمہیں خشکی اور تری میں

حَتَّىٰ إِذَا كُنتُمْ فِي الْفُلْكِ وَجَرَيْنَ بِهِم بِرِيحٍ طَيِّبَةٍ وَفَرِحُوا بِهَا جَاءَتْهَا رِيحٌ عَاصِفٌ

پھر جب تم ہوتے ہو کشتیوں میں اور وہ لے کر چلتی ہیں ان کو باد موافق کے ذریعہ اور خوش ہوتے ہیں اس کے وجہ سے (تو اچانک) آجاتی ہے ان پر آندھی

وَجَاءَهُمُ الْمَوْجُ مِن كُلِّ مَكَانٍ وَظَنُّوا أَنَّهُمْ أُحِيطَ بِهِمْ ۙ دَعَوُا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ

حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ بن ابو جہل مکہ سے بھاگ گئے

اور اٹھتی ہیں ان پر موجیں ہر طرف سے اور سمجھ لیتے ہیں کہ بیشک وہ (ہر طرف) سے گھر گئے تو اس وقت پکارتے ہیں اللہ کو خالص کرتے ہوئے اس کے لیے

الدِّينَ لَئِنْ أَنجَيْتَنَا مِنْ هَٰذِهِ لَنَكُونَنَّ مِنَ الشَّاكِرِينَ ﴿٢٢﴾ فَلَمَّا أَنجَاهُمْ إِذَا هُمْ يَبْغُونَ فِي

مشرکین کی شرارت

عبادت کو (یوں کہتے ہیں کہ) اگر آپ ہمیں نجات دے دیں اس (مصیبت) سے تو ہم ضرور ہوں گے شکر گزاروں سے۔ پھر جب وہ نجات دیتا ہے ان کو تو وہ فوراً سرکشی کرنے لگتے ہیں

الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۗ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلَىٰ أَنفُسِكُم ۖ مَّتَاعَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ ثُمَّ إِلَيْنَا

جواب شرارت بے ثباتی دنیا تذکیر بما

زمین میں ناحق۔ اے لوگو! تمہاری سرکشی کا (وبال) صرف تمہاری جانوں پر ہوگا۔ تم فائدہ اٹھا لو دنیا کی زندگی کا پھر ہماری طرف

(۱) اس قسم کی آیات سے ممایتوں کا استدلال اور اس کا جواب معارف الفرقان میں دیکھیں۔

(۲) دلیل نمبر ۹ علم غیب خاصہ خداوندی ہے اور دلیل نمبر ۱۰ یہی سورۃ یونس آیت ۶۱ ص ۲۲۴ میں دیکھیں

(۳) نفی علم غیب از خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم پر دلیل نمبر ۱۲ ہے اور دلیل نمبر ۱۳ سورۃ ھود آیت نمبر ۹۴ ص ۲۳۶ میں دیکھیں

مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ۲۳ إِنَّمَا مَثَلُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ أَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ

بعد الموت۔ مجازات اعمال (۱) دنیا کی زندگی کی مثال

لوٹ کر آؤ گئے پھر ہم تمہیں بتا دیں گئے جو کچھ تم کیا کرتے تھے ۔ حال دنیا کی زندگی کا محض اس پانی کی طرح جسے اتارا ہم نے آسمان سے

(۱) مثل مبتداء ہے اور کماءٍ الخ خبر ہے

فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْأَرْضِ مِمَّا يَأْكُلُ النَّاسُ وَالْأَنْعَامُ حَتّٰىٓ إِذَآ أَخَذَتِ الْأَرْضُ زُخْرُفَهَا

پھر رلا ملا نکلا اس کی وجہ سے زمین کا سبزہ اس سے جو کھاتے ہیں لوگ اور جانور یہاں تک کہ جب لی زمین نے اپنی رونق

وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ أَهْلُهَآ أَنَّهُمْ قٰدِرُونَ عَلَيْهَآ أَتٰىهَآ أَمْرُنَا لَيْلًا أَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنٰهَا حَصِيدًا

حادثہ

اور خوب آراستہ ہوگئی اور سمجھ لیا زمین کے مالکوں نے کہ بیشک وہ اس پر پوری قدرت رکھتے ہیں (تو اچانک) پہنچا اس پر ہمارا حکم رات یا دن میں پس کر ڈالا ہم نے اس کو کٹی ہوئی کھیتی

كَأَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْأَمْسِ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْآيٰتِ لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُونَ ۲۴ وَاللّٰهُ يَدْعُوٓا إِلٰى

مستفیدین من الآیات اخروی زندگی کا حال

گویا کل وہاں نہ تھی۔ اسی طرح ہم تفصیل سے بیان کرتے ہیں آیتیں ان لوگوں کے لیے جو غور و فکر کرتے ہیں، اور اللہ بلاتے ہیں

دَارِ السَّلٰمِ وَيَهْدِي مَنْ يَّشَآءُ إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ۲۵ لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ

نمبر ا جنت نمبر ۲، دار البقاء منعمین جنت، دو حوریں، دیدار تین حوریں

سلامتی کے گھر کی طرف اور رہنمائی کرتے ہیں جس کی چاہتے ہیں سیدھے راستہ کی طرف ۔ ان لوگوں کے لیے جنھوں نے نیکی کی، بھلائی ہے اور کچھ اور بھی ہے

وَلَا يَرْهَقُ وُجُوهَهُمْ قَتَرٌ وَّلَا ذِلَّةٌ أُولٰٓئِكَ أَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمْ فِيهَا خٰلِدُونَ ۲۶ وَالَّذِينَ

نتیجہ بقاء آخرت کیفیت غیر

اور نہ چھائے گی ان کے چہروں پر سیاہی اور نہ ذلت ۔ یہی لوگ جنت والے ہیں وہ اس جنت میں سدا رہیں گے۔ اور ان لوگوں کے لیے

كَسَبُوا السَّيِّاٰتِ جَزَآءُ سَيِّئَةٍ بِمِثْلِهَا وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ مَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ

مہتدین

جنہوں نے برائیاں کمائیں بدلہ برائی کا اس کی مانند ہے اور چھا جائے گی ان پر ذلت نہیں ہوگا ان کے لیے اللہ سے کوئی بچانے والا

كَأَنَّمَآ أُغْشِيَتْ وُجُوهُهُمْ قِطَعًا مِّنَ الَّيْلِ مُظْلِمًا أُولٰٓئِكَ أَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيهَا

آخرت میں کفار کے چہروں کا حال نتیجہ

گویا کہ ڈھانک دیئے گئے ان کے چہرے اندھیری رات کے ٹکڑوں سے یہی لوگ دوزخ والے ہیں وہ اس میں

خٰلِدُونَ ۲۷ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ نَقُولُ لِلَّذِينَ أَشْرَكُوا مَكَانَكُمْ أَنْتُمْ وَشُرَكَآؤُكُمْ

تخویف اخروی مکالمہ خداوندی

سدا رہیں گے، اور جس دن ہم جمع کریں گے ان سب کو پھر ہم کہیں گے مشرکوں سے اپنی اپنی جگہ ٹھہرے رہو تم اور تمہارے شریک

فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ وَقَالَ شُرَكَآؤُهُمْ مَّا كُنْتُمْ إِيَّانَا تَعْبُدُونَ ۲۸ فَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيدًا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ

جواب مکالمہ از بت تردید مشرکین

پس ہم جدائی ڈال دیں گے ان کے درمیان، اور کہیں گے ان کے شریک تم ہماری عبادت نہیں کیا کرتے تھے، پس کافی ہے اللہ گواہ ہمارے اور تمہارے درمیان

إِنْ كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغٰفِلِينَ ۲۹ هُنَالِكَ تَبْلُوا كُلُّ نَفْسٍ مَّآ أَسْلَفَتْ وَرُدُّوٓا إِلَى اللّٰهِ

معبودان باطلہ کا کفار سے اعلان بیزاری توہمات کا خاتمہ

یقیناً ہم تھے تمہاری عبادت سے غافل، وہاں معلوم کرلے گا ہر نفس ان اعمال کو جو اس نے آگے بھیجے۔ اور وہ لوٹائے جائیں گے اللہ کی طرف

ع ۳ النصف

مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿٣٠﴾

جو ان کے حقیقی مالک ہیں اور گم ہو جائیں گے ان سے وہ سب جو تراشا کرتے تھے

قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَمَنْ يُّخْرِجُ الْحَيَّ

توحید خداوندی پر دلیل عقلی الزامی

آپ کہہ دیجئے کون روزی دیتا ہے تمہیں آسمان اور زمین سے یا کون مالک ہے کانوں اور آنکھوں کا اور کون نکالتا ہے زندہ کو

مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَنْ يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ فَسَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ ۚ فَقُلْ اَفَلَا

فریضہ سے تنبیہ

مردہ سے اور (کون) نکالتا ہے مردہ کو زندہ سے اور کون تدبیر کرتا ہے سب کاموں کی تو وہ جلد بولیں گے اللہ تو آپ کہہ دیجئے کیا پھر

تَتَّقُوْنَ ﴿٣١﴾ فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۚ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا الضَّلٰلُ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ﴿٣٢﴾

ثمرہ دلیل تنبیہ

تم ڈرتے نہیں ہو، تو یہ اللہ تمہارا رب حقیقی ہے پھر کیا رہ گیا ہے حق کے بعد مگر گمراہی پھر تم کہاں پھرے جا رہے ہو۔

كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ فَسَقُوْۤا اَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٣٣﴾ قُلْ هَلْ مِنْ

تسلی خاتم الانبیاء تقطیع الطمع عن ایمان المعاندین مشرکین سے طریق

اسی طرح ثابت ہو کر رہی تیرے رب کی بات ان لوگوں پر جو نافرمان ہیں یقیناً وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ آپ پوچھئے کیا

شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ؕ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿٣٤﴾

مناظرہ سے احتجاج نمبر ۱

تمہارے شریکوں میں سے کوئی ہے جو پہلی مرتبہ مخلوق کو پیدا کرے پھر وہ اسے دوبارہ پیدا کرے آپ کہہ دیجئے اللہ پہلی مرتبہ مخلوق کو پیدا کرتے ہیں پھر اس کو دوبارہ پیدا کریں گے تو تم کہاں الٹی راہ چل رہے ہو

قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّهْدِيْۤ اِلَى الْحَقِّ ؕ قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ لِلْحَقِّ ؕ اَفَمَنْ يَّهْدِيْۤ اِلَى

مشرکین سے طریق مناظرہ نمبر ۲

آپ کہہ دیجئے کیا تمہارے شریکوں میں سے کوئی ہے جو راہ بتائے دین حق کی؟ آپ کہہ دیجئے اللہ ہی راہ بتاتے ہیں دین حق کی کیا پھر جو راہ بتاتا ہے

الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا يَهِدِّيْۤ اِلَّاۤ اَنْ يُّهْدٰى ۚ فَمَا لَكُمْ ۟ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿٣٥﴾

تنبیہ

دین حق کی زیادہ لائق ہے کہ اس کی پیروی کی جائے یا وہ جو راہ نہیں پاتا مگر یہ کہ راہ بتائی جائے اسے پس کیا ہو گیا ہے تمہیں کیسے فیصلے کر رہے ہو تم؟

وَمَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ اِلَّا ظَنًّا ؕ اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا

قباحت مشرکین (۱)

اور نہیں پیروی کرتی ان کی اکثریت مگر خیالات کی بیشک خیالات کے (تیر) حق کے سامنے کچھ کام نہیں آتے بیشک اللہ جاننے والا جو کچھ وہ

يَفْعَلُوْنَ ﴿٣٦﴾ وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ يُّفْتَرٰى مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ

حقانیتِ قرآن چار خصوصیات کی بنیاد پر ف نمبر ۱

کرتے ہیں ۔ اور یہ قرآن (ایسا تو) نہیں کہ گھڑا جائے اللہ کے سوا سے اور لیکن تصدیق ہے

الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٣٧﴾ ۟ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ

نمبر ۲ احکام ضروریہ (۲) نمبر ۳ نمبر ۴ منکرین قرآن کا شکوہ

ان (کتابوں) کی جو اس سے پہلے ہیں اور تفصیل (ہے) کتاب (کی) اس میں کچھ شبہ نہیں پروردگار عالم کی طرف سے ہے، کیا (وہ لوگ یوں) کہتے ہیں کہ آپ نے اس کو بنا لیا ہے۔

(۱)
ظن بمعنی گمان پر دو دلائل ملاحظہ فرمائیں ۔ دلیل نمبر ۱ سورۃ حجرات آیت ۱۲ ص ۵۲۵ میں دیکھیں ۔ اور دلیل نمبر ۲ سورۃ نجم آیت نمبر ۲۸ ص نمبر ۵۳۶ میں اور ظن بمعنی یقین دلیل نمبر ۱ سورۃ بقرہ آیت نمبر ۴۶ ص نمبر ۱۰، اور دلیل نمبر ۲ سورۃ نور آیت نمبر ۱۲ ص نمبر ۳۶۰ میں دیکھیں ۔ نیز خبر واحد کی حجت پر سات دلائل ۔ سورۃ ال عمران کی آیت نمبر ۱۸۷ سے بیان ہو چکے ہیں

(۲) فی الکتب احکام ضروریہ فالکتاب بمعنی المکتوب جنس شامل للاحکام المکتوبۃ بمعنی المفروضۃ ۱۲۔ حاشیہ بیان القرآن

ف: دلیل نمبر ۱۳ قرآن کریم کے من جانب اللہ ہونے پر، اور دلیل نمبر ۱۴ یہی سورۃ یونس آیت ۵۷ ص ۲۲۳ میں دیکھیں

قُلْ فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِّثْلِهِ وَادْعُوا مَنِ اسْتَطَعْتُم مِّن دُونِ اللَّهِ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٣٨﴾

جواب شکوہ و چیلنج

آپ فرما دیجئے تو بنا کر لاؤ تم بھی ایک سورۃ اس جیسی اور بلا لو جن کو تم بلا سکتے ہو اللہ کو چھوڑ کر اگر تم سچے ہو۔

بَلْ كَذَّبُوا بِمَا لَمْ يُحِيطُوا بِعِلْمِهِ وَلَمَّا يَأْتِهِمْ تَأْوِيلُهُ ۚ كَذَٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِينَ مِن

منکرین کی جہالت۔ صحیح سقیمہ تعلیمات قرآنیہ سے ناواقفیت۔ تکذیب کا نتیجہ (۱) تسلی خاتم الانبیاء

بلکہ انہوں نے جھٹلایا ایسی چیز کو جس کو اپنے احاطہ علمی میں نہیں لائے اور ابھی تک نہیں ان کے پاس اس کی حقیقت، اسی طرح جھٹلایا ان لوگوں نے جو

قَبْلِهِمْ ۖ فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظَّالِمِينَ ﴿٣٩﴾ وَمِنْهُم مَّن يُؤْمِنُ بِهِ وَمِنْهُم مَّن

مکذبین کا نتیجہ تقسیم خداوندی

ان سے پہلے گزرے پس آپ دیکھیں کیسا انجام ہوا ظالموں کا، اور بعض ان میں سے (ایسے ہیں) جو ایمان رکھتے اور بعض ان میں سے (ایسے ہیں)

ع لَّا يُؤْمِنُ بِهِ ۚ وَرَبُّكَ أَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِينَ ﴿٤٠﴾

وسعت علم باری تعالیٰ

جو ایمان نہیں لائیں گے اس (قرآن) پر اور تیرا رب خوب جانتا ہے فسادی لوگوں کو

وَإِن كَذَّبُوكَ فَقُل لِّي عَمَلِي وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ ۖ أَنتُم بَرِيئُونَ مِمَّا أَعْمَلُ وَأَنَا بَرِيءٌ مِّمَّا

تسلی خاتم الانبیاء اعلان بیزاری

اور اگر وہ آپ کو جھٹلاتے ہیں تو کہہ دیجئے کہ میرے لیے میرا کام ہے اور تمہارے لیے تمہارا کام ہے تم بری ہو ان کاموں سے جو میں کرتا ہوں اور میں بری ہوں ان کاموں سے

تَعْمَلُونَ ﴿٤١﴾ وَمِنْهُم مَّن يَسْتَمِعُونَ إِلَيْكَ ۚ أَفَأَنتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ وَلَوْ كَانُوا لَا يَعْقِلُونَ ﴿٤٢﴾

ظاہری کیفیت تقطیع الطمع عن ایمان المعاندین (۲)

جو تم کرتے ہو، اور بعض ان میں سے (ایسے ہیں) جو کان لگاتے ہیں آپ کی طرف کیا پھر آپ سنا دیں گے بہروں کو اگرچہ وہ نہ سمجھیں

وَمِنْهُم مَّن يَنظُرُ إِلَيْكَ ۚ أَفَأَنتَ تَهْدِي الْعُمْيَ وَلَوْ كَانُوا لَا يُبْصِرُونَ ﴿٤٣﴾ إِنَّ اللَّهَ لَا يَظْلِمُ

بعض محرومین عن البصیرت (۳) عدل وانصاف

اور بعض ان میں سے (ایسے ہیں) جو دیکھتے ہیں آپ کی طرف کیا پھر آپ ہدایت دیں گے اندھوں کو اگرچہ وہ نہ دیکھیں۔ بیشک اللہ ظلم نہیں کرتے

النَّاسَ شَيْئًا وَلَٰكِنَّ النَّاسَ أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ﴿٤٤﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَأَن لَّمْ يَلْبَثُوا إِلَّا سَاعَةً

باری تعالیٰ۔ قابلیت موہوبہ کو ضائع کرنے کا بیان۔ ترہیب سے تذکیر بما بعد الموت دنیا وقبر وبرزخ

لوگوں (پر) کچھ بھی لیکن لوگ اپنی جانوں پر زیادتی کرتے ہیں، اور جس دن (اللہ تعالیٰ) اکٹھا کرے گا ان کو گویا وہ نہیں ٹھہرے مگر ایک گھڑی

مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُونَ بَيْنَهُمْ ۚ قَدْ خَسِرَ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِلِقَاءِ اللَّهِ وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ ﴿٤٥﴾

پہچانیں گے مگر مدد نہ کر سکیں گے

دن کی وہ آپس میں ایک دوسرے کو پہچانیں گے بھی۔ یقیناً نقصان میں رہے وہ لوگ جنھوں نے جھٹلایا اللہ سے ملنے کو اور نہیں تھے وہ ہدایت یافتہ

وَإِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِي نَعِدُهُمْ أَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَإِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ اللَّهُ شَهِيدٌ عَلَىٰ

وعدہ الٰہی سے تسلی خاتم الانبیاءؑ

اور اگر ہم آپ کو دکھائیں کچھ (ان باتوں میں سے) جن کا ہم آپ سے وعدہ کرتے ہیں یا ہم آپ کو وفات دے دیں پس ہماری طرف ہی انہیں لوٹنا ہے پھر اللہ مطلع ہے ان کاموں پر

مَا يَفْعَلُونَ ﴿٤٦﴾ وَلِكُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولٌ ۖ فَإِذَا جَاءَ رَسُولُهُمْ قُضِيَ بَيْنَهُم بِالْقِسْطِ وَهُمْ

دستور الٰہی ہر زمانے میں ایک رسول آتا رہا۔ ترجمہ مقبول۔ جواب معارف الفرقان میں دیکھیں

جو وہ کرتے ہیں، اور ہر امت کے لیے ایک رسول ہے پھر جب آجائے گا ان کا رسول فیصلہ کر دیا جائے گا ان کے درمیان انصاف کے ساتھ اور وہ

(۱) یعنی ابھی عذاب نہیں ملا۔

(۲) ورنہ بہرے پن میں بھی کام چل جاتا

(۳) ورنہ اندھے پن میں بھی کام چل جاتا

لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿٤٧﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٤٨﴾ قُلْ لَّآ اَمْلِكُ

مکذبین کا شکوہ — جواب شکوہ۔ نفی مختار کل از خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم

(وہ قیامت کے دن) ظلم نہیں کیے جائیں گے۔ اور وہ کہتے ہیں کب ہوگا یہ وعدہ اگر تم سچے ہو؟ آپ کہہ دیجئے نہیں میں مالک

لِنَفْسِيْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ؕ اِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَاْخِرُوْنَ

اپنے لیے کسی نقصان کا اور نہ کسی نفع کا مگر جو اللہ چاہے، ہر امت کے لیے ایک وقت مقرر ہے جب ان کا مقرر وقت آجائے گا پس نہ پیچھے رہیں گے

سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿٤٩﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُهٗ بَيَاتًا اَوْ نَهَارًا مَّاذَا يَسْتَعْجِلُ

تنبیہ

ایک گھڑی اور نہ وہ آگے بڑھیں گے، آپ کہہ دیجئے تم مجھے بتاؤ اگر آئے تمہارے پاس اس کا عذاب رات یا دن میں پھر ایسی کیا چیز ہے جس کو جلدی مانگ رہے ہیں

(۱) کیا عذاب واقعی امر ہے

مِنْهُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٥٠﴾ اَثُمَّ اِذَا مَا وَقَعَ اٰمَنْتُمْ بِهٖ ؕ آٰلْـٰٔنَ وَقَدْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿٥١﴾

تنبیہ کفار — ویقال

اس سے مجرم لوگ۔ کیا پھر جب (وہ عذاب) واقع ہوجائے گا تو (تب) اس پر ایمان لاؤ گے (کہا جائے گا) اب مانا حالانکہ تم اس کی جلدی کیا کرتے تھے

ثُمَّ قِيْلَ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ ۚ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿٥٢﴾

تذکیر بما بعد الموت

پھر کہا جائے گا ان سے جنہوں نے ظلم کیا چکھو ہمیشہ کا عذاب نہیں بدلہ دیئے جاؤ گے تم مگر اس کمائی کا جو تم کمایا کرتے تھے

وقف النبی علیہ السلام — ع ۱۳

وَيَسْتَنْۢبِـُٔوْنَكَ اَحَقٌّ هُوَ ؔؕ قُلْ اِيْ وَرَبِّيْٓ اِنَّهٗ لَحَقٌّ ؔؕ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿٥٣﴾

کفار کا غایت تعجب (۱) — جواب تعجب

اور وہ آپ سے پوچھتے ہیں کہ کیا وہ (عذاب) واقعی چیز ہے آپ کہہ دیجئے ہاں میرے رب کی قسم بیشک وہ واقعی ہے اور نہیں ہو تم (کسی طرح) عاجز کرنے والے

(۲) دلیل نمبر ۱۴ قرآن کریم کے منجانب اللہ ہونے پر، اور دلیل نمبر ۱۵ سورۃ ھود آیت ۱۳، ۱۴ ص ۲۳۱ میں دیکھیں

وَلَوْ اَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا فِي الْاَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهٖ ؕ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ

منکرین قیامت کے لیے تخویف اُخروی۔ برائے عدم قبول فدیہ

اور اگر ہو ہر نفس کے لیے، جس نے ظلم کیا وہ (سب کچھ) جو زمین میں ہے اس کو جان چھڑانے کے لیے فدیہ میں دے اور چھپائیں گے پشیمانی کو

لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ۚ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿٥٤﴾ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي

عدل و انصاف باری تعالیٰ — توحید خداوندی پر

جب وہ عذاب کو دیکھیں گے اور فیصلہ کر دیا جائے گا ان کے درمیان انصاف کے ساتھ اور وہ ظلم نہیں کیے جائیں گے، سنو بیشک اللہ کے لیے ہے جو کچھ ہے

(۳) دلیل نمبر ۶ قرآن کریم کے نازل کرنے کی کیا غرض ہے؟ اور دلیل نمبر ۷ سورۃ نحل آیت ۶۴ ص ۲۸۲ میں دیکھیں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَلَآ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٥٥﴾ هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ

عقلی دلیل (تصرف کا حق) — وعدہ قیامت — منکرین کی جہالت — حصر التصرف باری تعالیٰ

آسمانوں اور زمین میں سنو بیشک اللہ کا وعدہ برحق ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ وہی زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے

وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٥٦﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي

ترغیب سے دعوتِ الی القرآن خصوصیات قرآن نمبر ۱ (۲) — نمبر ۲ (۳)

اور اسی طرف تم پھیرے جاؤ گے، اے لوگو! یقیناً تمہارے پاس آگئی نصیحت تمہارے رب کی طرف سے اور شفاء ان (بیماریوں) کی جو

الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٥٧﴾ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ؕ

نمبر ۳ — نمبر ۴ ذریعہ ثواب ہے (۴) نتیجہ۔ برکات نبوت و قرآن (۵)

سینوں میں ہیں اور راہنمائی اور رحمت ایمان والوں کے لیے، آپ کہہ دیجئے (خوشی مناؤ) اللہ کے انعام اور اس کی مہربانی پر بس اس پر چاہئے کہ خوشی منائیں

(۴) یہ سب برکات ایمان والوں کے لیے ہیں (۵) ولایت علی پر شیعہ کی خوشی کا استدلال۔ مقبول دہلوی۔ فیضی کا عید میلاد النبی پر خوشی کا استدلال جواب معارف الفرقان میں دیکھیں۔ نیز یہاں سب سے اعلیٰ تفسیر یہ ہے کہ اس فضل اور رحمت سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا قدوم مبارک لیا جائے کیونکہ جتنی اللہ کی عطا کردہ نعمتیں ہیں وہ سب آپ کے طفیل ہیں حتیٰ کہ ایمان بھی۔

هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿٥٨﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مِّنْ رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِّنْهُ حَرَامًا

دنیا کا نفع قلیل ہے آپ اعلیٰ وافضل ہیں — نفی شرک فعلی۔ — نفع — اپنی گھڑت سے

وہ بہتر ہے ان (چیزوں) سے جو وہ جمع کرتے ہیں۔ آپ فرما دیجئے بھلا یہ تو تم بتاؤ جو اتاری اللہ نے تمہارے لیے روزی پھر کر دیا تم نے اس میں سے کچھ حرام

وَّحَلٰلًا ؕ قُلْ آٰللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ ﴿٥٩﴾ وَمَا ظَنُّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ

طریق مناظرہ۔ — مجرمین کے لیے وعید

اور کچھ حلال آپ پوچھیں کیا اللہ نے تم کو حکم دیا ہے یا تم اللہ پر بہتان باندھتے ہو۔ اور کیا گمان ہے ان لوگوں کا جو باندھتے ہیں اللہ پر

ع ۷ ۱۱

الْكَذِبَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٦٠﴾

سزا نہیں دیتا توبہ کے لیے مہلت دیتا ہے۔ — ناقدری کا بیان

جھوٹ قیامت کے بارے میں بیشک اللہ فضل کرنے والے ہیں لوگوں پر اور لیکن ان کی اکثریت قدر نہیں کرتی

وَمَا تَكُوْنُ فِيْ شَاْنٍ وَّمَا تَتْلُوْا مِنْهُ مِنْ قُرْاٰنٍ وَّلَا تَعْمَلُوْنَ مِنْ عَمَلٍ اِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ

تسلی خاتم الانبیاء — نہیں عمل۔ — حصر علم الغیب فی ذات باری

اور آپ جس حال میں ہوتے ہیں اور جو قرآن تلاوت کر رہے ہوتے ہیں اور تم جو عمل بھی کر رہے ہوتے مگر ہم تمہیں

شُهُوْدًا اِذْ تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ؕ وَمَا يَعْزُبُ عَنْ رَّبِّكَ مِنْ مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا

(۱) مصروف۔ علم غیب خاصہ خداوندی ہے دلیل نمبر ۱۰، اور دلیل نمبر ۱۱ سورۃ ھود آیت ۵ ص ۲۳۰ میں دیکھیں

دیکھ رہے ہوتے ہیں جب تم مشغول ہوتے ہو اس میں اور نہیں پوشیدہ رہتی تیرے رب سے کوئی چیز ایک ذرے کے برابر زمین میں اور نہ

فِي السَّمَآءِ وَلَآ اَصْغَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرَ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿٦١﴾ اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ

شانِ اولیاء اللہ اور ان کے محفوظ ہونے کا بیان

آسمان میں اور نہ کوئی چھوٹی اس ذرے سے اور نہ کوئی بڑی مگر یہ سب لوح محفوظ میں لکھی ہوئی ہے۔ آگاہ رہو بیشک جو اللہ کے دوست ہیں نہ کوئی خوف ہوگا

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٦٢﴾ ج اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿٦٣﴾ ط لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ

(۲) اولیاء اللہ کی علامت — دنیوی و اخروی بشارت/ مرزا کا

ان پر اور نہ وہ غمگین ہوں گے، (یہ وہ لوگ ہیں) جو ایمان لائے اور تقویٰ کی زندگی گزارتے رہے۔ ان کے لیے خوشخبری ہے دنیا کی زندگی

الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ؕ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿٦٤﴾ ط وَلَا يَحْزُنْكَ

تسلی خاتم الانبیاء — نبوت پر استدلال اور اس کا جواب (۳) — (اللہ کے وعدے)

میں اور آخرت میں، نہیں بدلتی اللہ کی باتیں یہی تو بڑی کامیابی ہے۔ اور نہ غمگین کریں آپ کو

قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ؕ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٦٥﴾ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ

حصر المالکیت فی ذات باری تعالیٰ

ان کی باتیں بیشک ساری عزتیں اللہ کے لیے ہیں وہ سننے والا جاننے والا ہے، سنو بیشک اللہ کے لیے ہے جو آسمانوں میں ہے اور جو

فِي الْاَرْضِ ؕ وَمَا يَتَّبِعُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُرَكَآءَ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ

(جو) ازالۂ شبہ۔ شاید شرکاء مزاحمت کر سکیں

زمین میں ہے اور نہیں پیروی کرتے وہ لوگ جو پکارتے ہیں اللہ کو چھوڑ کر شریکوں کو نہیں وہ پیروی کرتے مگر گمان کی

وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿٦٦﴾ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ

توحید پر عقلی دلیل

اور نہیں ہے وہ مگر قیاس آرائیاں کرتے ہیں۔ وہی جس نے بنائی تمہارے لیے رات تا کہ تم چین پاؤ اس میں اور دن دکھلانے والا،

(۱)
دلیل نمبر ۳، حاضر و ناظر صرف اللہ ہے۔ اور دلیل نمبر ۴ سورۃ حدید آیت نمبر ۴ ص نمبر ۶۴۵ میں دیکھیں۔

(۲)
الذین مبتداء محذوف کی خبر ہے ای ھم الذین

(۳)
ح نمبر ۱ انا خاتم النبیین لا نبی بعدی۔ مشکوۃ ۔ ۴۵۷
ح نمبر ۲ ان الرسالة والنبوة انقطعت فلا رسول بعدی ولا نبوة۔ ابن کثیر ص ۸۹ جلد ۸
ح نمبر ۳ یا ایھا الناس انه لم یبق من مبشرات النبوة الا الرؤیا الصالحة۔ (مسلم)
بقیہ ضمیمہ ص ۶۵۸ میں دیکھیں

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَسْمَعُونَ ﴿٦٧﴾ قَالُوا اتَّخَذَ اللَّهُ وَلَدًا ۗ سُبْحَانَهُ ۖ هُوَ الْغَنِيُّ ۖ لَهُ مَا

مستفیدین من الآیات — یعنی تدبر سے سنتے ہیں — شکوہ — جواب شکوہ — مملوکیت

بیشک اس میں نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو سنتے ہیں۔ انہوں نے کہا اللہ نے اولاد بنالی ہے، اس کی ذات پاک ہے وہ بے نیاز ہے اسی کے

فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۚ إِنْ عِندَكُم مِّن سُلْطَانٍ بِهَٰذَا ۚ أَتَقُولُونَ عَلَى اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿٦٨﴾

خداوندی کا بیان — تنبیہ

ملک (میں ہے) جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے نہیں ہے تمہارے پاس کوئی دلیل اس بات کی ۔ کیا تم کہتے ہو اللہ پر جو تم نہیں جانتے

قُلْ إِنَّ الَّذِينَ يَفْتَرُونَ عَلَى اللَّهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُونَ ﴿٦٩﴾ مَتَاعٌ فِي الدُّنْيَا ثُمَّ إِلَيْنَا

فرائض خاتم الانبیاء — مفترین کا انجام — ازالہ شبہ۔ منکرین کو خوب کامیاب پایا ہے؟ — تذکیر

آپ کہہ دیجئے بیشک جو لوگ اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں وہ کامیاب نہیں ہوں گے۔ چند روزہ مزے ہیں دنیا میں پھر ہماری طرف

مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ نُذِيقُهُمُ الْعَذَابَ الشَّدِيدَ بِمَا كَانُوا يَكْفُرُونَ ﴿٧٠﴾

بما بعد الموت

ان کو آنا ہے پھر ہم انہیں چکھائیں گے سخت سزا اس کی جو وہ کفر کیا کرتے تھے۔

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ نُوحٍ إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ يَا قَوْمِ إِن كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُم مَّقَامِي وَتَذْكِيرِي

تذکیر بایام اللہ سے فریضہ خاتم الانبیاء۔ حضرت نوحؑ کی دعوت

اور آپ پڑھ کر سنائیں انہیں نوح علیہ السلام کی داستان جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا اے میری قوم! اگر گراں ہے تم پر میرا کھڑا ہونا اور میری نصیحت کرنا

بِآيَاتِ اللَّهِ فَعَلَى اللَّهِ تَوَكَّلْتُ فَأَجْمِعُوا أَمْرَكُمْ وَشُرَكَاءَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُنْ أَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ غُمَّةً

نفی خوف — حضرت نوحؑ کی دھمکی — کوئی اشتباہ

اللہ کی آیتوں کے ذریعہ پس میں نے اللہ پر بھروسہ کیا تو تم جمع کر لو اپنی چالیں اور تمہارے شریک مل کر پھر نہ ہو تمہاری تدبیر تم پر پوشیدہ

ثُمَّ اقْضُوا إِلَيَّ وَلَا تُنظِرُونِ ﴿٧١﴾ فَإِن تَوَلَّيْتُمْ فَمَا سَأَلْتُكُم مِّنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَى اللَّهِ

اعراض عن الدعوت کی وجہ

پھر کر گزرو (اس تدبیر) کو میرے (خلاف) اور مجھے تم مہلت مت دو۔ پھر اگر تم نے منہ موڑا تو نہیں مانگی میں نے تم سے کوئی اجرت۔ نہیں ہے میری اجرت مگر اللہ پر

وَأُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ ﴿٧٢﴾ فَكَذَّبُوهُ فَنَجَّيْنَاهُ وَمَن مَّعَهُ فِي الْفُلْكِ

تعمیل حکم — قوم کا تکذیب کرنا۔ نوحؑ و متبعین کی نجات

اور میں حکم دیا گیا ہوں کہ میں فرماں برداروں میں سے رہوں۔ پھر انہوں نے اس کو جھٹلایا تو اس کو ہم نے بچا لیا اور ان کو جو اس کے ساتھ تھے کشتی میں

وَجَعَلْنَاهُمْ خَلَائِفَ وَأَغْرَقْنَا الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا ۖ فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

مکذبین کا نتیجہ

اور ہم نے ان کو بنایا جانشیں اور غرق کر دیا ہم نے ان سب لوگوں کو جو جھٹلاتے تھے ہماری آیتوں کو پس آپ دیکھ لیں کیسا انجام ہوا

الْمُنذَرِينَ ﴿٧٣﴾ ثُمَّ بَعَثْنَا مِن بَعْدِهِ رُسُلًا إِلَىٰ قَوْمِهِمْ فَجَاءُوهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَمَا كَانُوا

اجمالی نمونہ بعثت انبیاء

ڈرائے ہوئے لوگوں کا۔ پھر بھیجے ہم نے ان کے (طویل زمانہ کے) بعد رسول ان کی قوموں کی طرف پس آئے وہ ان کے پاس واضح نشانیاں لے کر تو وہ ایسے لوگ نہ تھے کہ

لِيُؤْمِنُوا بِمَا كَذَّبُوا بِهِ مِن قَبْلُ ۚ كَذَٰلِكَ نَطْبَعُ عَلَىٰ قُلُوبِ الْمُعْتَدِينَ ﴿٧٤﴾ ثُمَّ بَعَثْنَا

مہر جباریت — حضرت موسیٰ

ایمان لائیں جس کو وہ جھٹلا چکے تھے پہلے سے ۔ اس طرح ہم مہر لگا دیتے ہیں حد سے تجاوز کرنے والوں پر۔ پھر بھیجا ہم نے

مِنْ بَعْدِهِمْ مُّوسٰى وَهٰرُوْنَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ بِاٰيٰتِنَا فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا

وہارونؑ کی بعثت | مرسل الیہم کا بیان | معجزات | مرسل الیہم کا تکبر

ان کے بعد موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام کو فرعون اور اس (کی قوم) کے سرداروں کی طرف اپنی نشانیوں کے ساتھ تو تکبر کیا انہوں نے اور تھے وہ لوگ

مُّجْرِمِيْنَ (٧٥) فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْٓا اِنَّ هٰذَا لَسِحْرٌ مُّبِيْنٌ (٧٦) قَالَ مُوْسٰٓى اَتَقُوْلُوْنَ

معجزات موسیٰؑ | شکوہ | حضرت موسیٰؑ کا مکالمہ

جرائم پیشہ، پھر جب آئی ان کے پاس سچی باتیں ہماری طرف سے تو انہوں نے کہا بیشک یہ یقیناً جادو ہے کھلا، کہا موسیٰ علیہ السلام نے کیا تم کہتے ہو

لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَكُمْ ۭ اَسِحْرٌ هٰذَا ۭ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُوْنَ (٧٧) قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا عَمَّا

نتیجہ ساحرین | جواب مکالمہ

سچی باتوں کے بارے میں جب وہ آئے تمہارے پاس کیا یہ جادو ہے حالانکہ نہیں کامیاب ہوتے جادوگر، انہوں نے کہا کیا آئے آپ ہمارے پاس تاکہ آپ ہمیں ہٹادو اس طریقہ سے

وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا وَتَكُوْنَ لَكُمَا الْكِبْرِيَآءُ فِي الْاَرْضِ ۭ وَمَا نَحْنُ لَكُمَا بِمُؤْمِنِيْنَ (٧٨) وَقَالَ

فرعون اور اس کے لشکر کی تباہی | فرعون کا

جس پر پایا ہم نے اس پر اپنے باپ دادا کو اور ہوجائے تم دونوں کے لیے بڑائی زمین میں اور نہیں ہیں ہم تمہیں ماننے والے ۔ اور کہا

فِرْعَوْنُ ائْتُوْنِيْ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ (٧٩) فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ

سرداروں سے مطالبہ | ساحرین کی آمد | مکالمہ موسیٰؑ

فرعون نے حاضر کرو میرے پاس ہر ماہر فن جادوگر کو، پھر جب آئے جادو گر کہا ان سے موسیٰ علیہ السلام نے ڈالو جو

اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ (٨٠) فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ

تعمیل حکم | حضرت موسیٰؑ کا مکالمہ

کچھ تم ڈالنے والے ہو۔ پھر جب انہوں نے ڈال دیا کہا موسیٰ علیہ السلام نے جو کچھ تم لائے ہو وہ جادو ہے بیشک اللہ اس کو جلدی مٹا دے گا

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ (٨١) وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ (٨٢) ع ۸ ۱۳

علت نمبر ۱ | علت نمبر ۲

بیشک اللہ نہیں سنوارتا شریروں کے کام کو، اور ثابت کر دیتا ہے اللہ حق کو اپنے حکم سے اگرچہ ناپسند کریں مجرم لوگ،

فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰٓى اِلَّا ذُرِّيَّةٌ مِّنْ قَوْمِهٖ عَلٰي خَوْفٍ مِّنْ فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهِمْ اَنْ

حضرت موسیٰؑ پر چند افراد کا ایمان | (قوم موسیٰؑ یا فرعون)

پس نہ ایمان لائے موسیٰ علیہ السلام پر مگر چند لڑکے اس کی قوم میں سے ڈرتے ہوئے فرعون سے اور اس کی جماعت سے

يَّفْتِنَهُمْ ۭ وَاِنَّ فِرْعَوْنَ لَعَالٍ فِي الْاَرْضِ ۚ وَاِنَّهٗ لَمِنَ الْمُسْرِفِيْنَ (٨٣) وَقَالَ مُوْسٰى

مکالمہ موسیٰؑ

کہ انہیں آزمائش میں ڈالیں گے اور یقیناً فرعون بڑا سرکش ہے زمین میں اور بیشک وہ حد سے بڑھنے والا ہے ۔ اور کہا موسیٰ علیہ السلام نے

يٰقَوْمِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّسْلِمِيْنَ (٨٤) فَقَالُوْا عَلَى اللّٰهِ

جواب مکالمہ از قوم

اے میری قوم! اگر تم ایمان لائے ہو اللہ پر تو اس پر بھروسہ کرو اگر تم فرمانبردار ہو ۔ تو انہوں نے کہا ہم نے اللہ پر

تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ (٨٥) ۙ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ

دعاء مؤمنین

بھروسہ کیا، اے رب ہمارے! نہ بنا ہمیں آزمائش ظالم لوگوں کے لیے ۔ اور نجات دے ہمیں اپنی رحمت سے کافر لوگوں سے ۔

الْكٰفِرِيْنَ ﴿٨٦﴾ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰى وَاَخِيْهِ اَنْ تَبَوَّاٰ لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُيُوْتًا وَّاجْعَلُوْا

حکم برائے اہتمام عبادت خانہ

اور وحی کی ہم نے موسیٰ اور اس کے بھائی کی طرف کہ تم تیار کرو اپنی قوم کے لیے مصر میں گھر اور تم بناؤ

بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٨٧﴾ وَقَالَ مُوْسٰى رَبَّنَآ اِنَّكَ اٰتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَ

قبلہ رخ — حضرت موسیٰؑ کی تمہید دعا

اپنے گھروں کو عبادت گاہ اور نماز کا اہتمام کرو اور آپ مؤمنوں کو خوشخبری دے دو۔ اور عرض کیا موسیٰ علیہ السلام نے اے ہمارے رب! بیشک آپ نے دیئے ہیں فرعون اور

مَلَاَهٗ زِيْنَةً وَّاَمْوَالًا فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ رَبَّنَا لِيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِكَ ۚ رَبَّنَا اطْمِسْ

للعاقبۃ — تشریح دعاء (۱)

اس کے درباریوں کو سامان آرائش اور طرح طرح کے اموال دنیا کی زندگی میں اے رب! ہمارے (اس کا نتیجہ یہ ہو رہا ہے) کہ وہ لوگوں کو آپ کے راہ سے گمراہ کریں، اے رب ہمارے مٹا دے

عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿٨٨﴾ قَالَ

ان کے مالوں کو اور سخت کر دے ان کے دلوں کو کہ وہ ایمان نہ لائیں یہاں تک کہ وہ دیکھیں درد ناک عذاب، (اللہ تعالیٰ نے) فرمایا

قَدْ اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيْمَا وَلَا تَتَّبِعٰٓنِّ سَبِيْلَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٨٩﴾ وَجٰوَزْنَا

اجابتِ دعاء — بنی اسرائیل

بیشک تم دونوں کی دعا قبول کر لی گئی پس تم (اپنے مشن) پر ثابت قدم رہو اور ہرگز نہ پیروی کرنا ان لوگوں کے راستہ کی جو نہیں جانتے۔ اور پار کر دیا ہم نے

بِبَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْبَحْرَ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُوْدُهٗ بَغْيًا وَّعَدْوًا ؕ حَتّٰٓى اِذَآ اَدْرَكَهُ

کا عبور دریا — فرعون اور

بنی اسرائیل کو سمندر سے پھر پیچھا کیا ان کا فرعون اور اس کے لشکروں نے ظلم اور زیادتی کے ساتھ یہاں تک کہ جب

الْغَرَقُ قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِىْٓ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا اِسْرَآءِيْلَ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿٩٠﴾

من معہ کی تباہی — اقرار ایمان از فرعون اضطراری جو اکثر کفار کو حاصل ہے۔ اور مقبول ایمان تصدیق اختیاری اور تکلم اختیاری ہے

غرق ہونے لگا تو کہا میں ایمان لایا ہوں اس بات پر کہ یقیناً نہیں کوئی معبود مگر وہ ذات جس پر ایمان لائے بنی اسرائیل اور میں فرمانبرداروں میں (داخل ہوتا) ہوں

اٰۗلْئٰنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَكُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٩١﴾ فَالْيَوْمَ نُنَجِّيْكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُوْنَ

مکالمہ خداوندی ''اتو امن الان'' — عبرت کے لیے فرعون کی لاش کو پانی کی تہہ سے نجات

(اس کو جواب ملا) کیا اب (ایمان لایا ہے) حالانکہ تحقیق تو نے نافرمانی کی (اس سے) پہلے اور تھا تو فسادیوں میں سے۔ پس آج کے دن ہم تجھے بچائیں گے تیرے بدن کے ساتھ تا کہ تو بنے

لِمَنْ خَلْفَكَ اٰيَةً ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ عَنْ اٰيٰتِنَا لَغٰفِلُوْنَ ﴿٩٢﴾ ع

ع ۹ ۱۴

ان لوگوں کے لیے جو تیرے پیچھے ہیں نشانی اور بیشک بہت سے لوگ ہماری نشانیوں سے غافل ہیں،

وَلَقَدْ بَوَّاْنَا بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ مُبَوَّاَ صِدْقٍ وَّرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوْا

بنی اسرائیل پر خصوصی انعام — تیہ، شام، مصر — علمی خیانت

اور البتہ تحقیق تیار کیا ہم نے بنی اسرائیل کے لیے ٹھکانہ، بہت اچھا اور روزی دی ہم نے ان کو نفیس چیزوں سے پھر نہیں اختلاف کیا انہوں نے

حَتّٰى جَآءَهُمُ الْعِلْمُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِىْ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿٩٣﴾

یہاں تک کہ ان کے پاس (دین) کا علم آ گیا، بیشک تیرا رب ان کے درمیان فیصلہ کرے گا قیامت کے دن ان (چیز کے بارے) میں جس سے وہ اختلاف کرتے تھے۔

(۱) ابوبکرؓ تیری شان حضرت ابراہیم اور حضرت عیسیٰ علیہم السلام کی سی ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا آیت ۳۶ ص ۲۶۸ میں دیکھیں

فَإِنْ كُنْتَ فِي شَكٍّ مِّمَّآ أَنْزَلْنَآ إِلَيْكَ فَسْـَٔلِ الَّذِيْنَ يَقْرَءُوْنَ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَقَدْ

صداقت قرآن بطرز خاص (۱) منصفین اہل کتاب ۔ جو اصل مضمون کو پڑھتے ہیں

پس اگر آپ شک میں ہیں اس (وحی) کے بارے میں جو ہم نے آپ کی طرف اتاری تو آپ پوچھ لیں ان لوگوں سے جو کتاب پڑھتے ہیں آپ سے پہلے، البتہ تحقیق

جَآءَكَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ۙ ۝۹۴ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الَّذِيْنَ

پہنچا ہے آپ کے پاس دین حق آپ کے رب کی طرف سے پس ہرگز نہ ہوں آپ شک کرنے والوں میں سے۔ اور ہرگز نہ ہوں ان لوگوں میں سے

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَتَكُوْنَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝۹۵ إِنَّ الَّذِيْنَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ

صداقت قول خداوندی

اور بیشک وہ شک میں مبتلا ہیں اس (قرآن) سے قوی شبہ میں، اور بیشک سب کے سب البتہ ایسے ہیں کہ ضرور پورا بدلہ دے گا ان کو تیرا رب ان کے اعمال کا بیشک وہ ان سب کے اعمال سے

(١)
دوزخ تیار ہو چکی ہے صرف دو دلیلیں نمبر ١ سورۃ بقرۃ آیت ٢٤ ص ٨، اور دلیل نمبر ٢ سورۃ شعراء آیت ٩١ ص ٣٨٠ میں دیکھیں اور کفار دائمی دوزخ میں رہیں گے دلیل سورۃ مائدہ آیت نمبر ٣٧ ص ١٢٢ میں دیکھیں۔ مؤمن عارضی طور پر جہنم میں داخل ہوں گے دلیل یہی آیت۔

(٢)
شیعہ کے نزدیک قرآن ال محمد کے پاس ہے (ترجمہ مقبول دہلوی) کے تحت تفسیر آیت ھذا دیکھیں۔

(٣)
ان : حرف مشبہ بالفعل، کلاً لما، اس کا اسم ہے اور جملہ لیوفینھم، اس کی خبر ہے۔ کُلاً کی تنوین مضاف الیہ کے عوض میں ہے تقدیر عبارت اس طرح ہے ان کُلَّ الْمُخْتَلِفِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْكَافِرِيْنَ۔ لَمَّا بدل ہے کُلًّا سے اور لما میں لام قسمیہ ہے اور "ما" کی اصل مِنْ مَا ہے اس میں مِن جارہ ہے اور ما موصولہ ہے چونکہ نون ساکن میم کے ساتھ جمع ہو گیا ہے اس لیے ادغام واجب ہوا ہے پھر جب ادغام کرنے کے لیے نون کو میم سے بدلا تین میم جمع ہو گئے اس لیے درمیان والا میم حذف کر دیا تو لَمَّا ہو گیا۔ لیوفینھم کا لام جواب قسم کا لام ہے۔ فتدبر

خَبِيرٌ ﴿١١١﴾ فَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا ۚ إِنَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ﴿١١٢﴾ وَلَا تَرْكَنُوا

(۱) نمبر ۱ فرائض خاتم الانبیاء ومؤمنین برائے استقامت علی الدین — نمبر ۲ تنبیہ وفریضہ

باخبر ہے۔ پس آپ سیدھے رہیں جیسا کہ آپ کو حکم دیا گیا اور آپ کے وہ ساتھی بھی جو متوجہ ہیں (اللہ کی طرف) اور نہ تم حد سے بڑھو بیشک وہ دیکھتا ہے جو کام تم کرتے ہو، اور مت جھکو

إِلَى الَّذِينَ ظَلَمُوا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِنْ دُونِ اللَّهِ مِنْ أَوْلِيَاءَ ثُمَّ

ان لوگوں کی طرف جو ظالم ہیں کہ پہنچے گی تمہیں دوزخ کی آگ اور نہیں ہے تمہارے لیے اللہ کے سوا کوئی کارساز پھر

لَا تُنْصَرُونَ ﴿١١٣﴾ وَأَقِمِ الصَّلَاةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِنَ اللَّيْلِ ۚ إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ

نمبر ۳ فرائض خاتم الانبیاء ومؤمنین برائے نماز

تم مدد نہ کیے جاؤ گے، اور آپ نماز کا اہتمام کریں دن کے دونوں کناروں میں اور رات کے کچھ حصہ میں بیشک نیکیاں دور کر دیتی ہیں

السَّيِّئَاتِ ۚ ذَٰلِكَ ذِكْرَىٰ لِلذَّاكِرِينَ ﴿١١٤﴾ وَاصْبِرْ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ ﴿١١٥﴾ فَلَوْلَا

نمبر ۴ فرائض خاتم الانبیاء فضیلت صبر — امم سابقہ

برائیوں کو یہ بات (مکمل) نصیحت ہے نصیحت ماننے والوں کے لیے، اور آپ صبر کریں بیشک اللہ تعالیٰ نہیں ضائع کرتے ثواب نیکوکاروں کا۔ پس کیوں نہ ہوئے

كَانَ مِنَ الْقُرُونِ مِنْ قَبْلِكُمْ أُولُو بَقِيَّةٍ يَنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي الْأَرْضِ إِلَّا قَلِيلًا

نمبر ۵ — سے ذی فہم افراد کی نفی

ان امتوں میں جو تم سے پہلے تھی ایسے سمجھ دار لوگ جو روکتے زمین میں فساد کرنے سے مگر تھوڑے سے

مِمَّنْ أَنْجَيْنَا مِنْهُمْ ۗ وَاتَّبَعَ الَّذِينَ ظَلَمُوا مَا أُتْرِفُوا فِيهِ وَكَانُوا مُجْرِمِينَ ﴿١١٦﴾ وَمَا كَانَ

دستورِ خداوندی

جن کو ہم نے بچالیا ان میں سے اور پیچھے پڑے رہے ظالم لوگ ان چیزوں کے جن میں وہ عیش دیئے گئے اور جرائم کا ارتکاب کرتے رہے۔ اور نہیں ہے آپ کا رب ایسا

رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرَىٰ بِظُلْمٍ وَأَهْلُهَا مُصْلِحُونَ ﴿١١٧﴾ وَلَوْ شَاءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ

حکمتِ خداوندی

کہ ہلاک کردے بستیوں کو ناحق اس حال میں کہ اس کے رہنے والے نیک ہوں، اور اگر آپ کا رب چاہتا تو سب لوگوں کو

أُمَّةً وَاحِدَةً ۖ وَلَا يَزَالُونَ مُخْتَلِفِينَ ﴿١١٨﴾ إِلَّا مَنْ رَحِمَ رَبُّكَ ۚ وَلِذَٰلِكَ خَلَقَهُمْ ۗ

اختلاف سے محفوظ ہونے کا بیان۔ وجہ اختلاف

ایک امت بنا دیتا (لیکن) وہ ہمیشہ اختلاف کرتے رہیں گے۔ مگر ہاں جن پر آپ کا رب رحم کرے اور اسی (اختلاف) کے لیے ان کو پیدا کیا ہے

وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ ﴿١١٩﴾ وَكُلًّا نَقُصُّ

بعض کو جنت۔ بعض کو دوزخ — (۲) امم سابقہ کے بعض قصص کی حکمتیں وفوائد پر تنبیہ

اور پوری ہوگی آپ کے رب کی بات کہ میں ضرور بھردوں گا دوزخ کو سب جنوں اور انسانوں سے، اور یہ سب قصے ہم بیان کرتے ہیں

عَلَيْكَ مِنْ أَنْبَاءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهِ فُؤَادَكَ ۚ وَجَاءَكَ فِي هَٰذِهِ الْحَقُّ وَ

آپ سے رسولوں کے قصوں میں سے جن کے ذریعہ ہم تقویت دیتے آپ کے دل کو اور پہنچا ہے آپ کے پاس ان قصوں میں (ایسا مضمون) جو حق ہے

مَوْعِظَةٌ وَذِكْرَىٰ لِلْمُؤْمِنِينَ ﴿١٢٠﴾ وَقُلْ لِلَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ اعْمَلُوا عَلَىٰ مَكَانَتِكُمْ إِنَّا عَامِلُونَ ﴿١٢١﴾

تنبیہ منکرین

اور نصیحت ہے اہل ایمان کے لیے، اور آپ کہہ دیجئے ان لوگوں سے جو ایمان نہیں لاتے کہ تم عمل کرتے رہو اپنی حالت پر بیشک ہم بھی عمل کر رہے ہیں۔

---

(۱)
سورہ کے خاتمہ پر پانچ قیمتی نصائح
(۱) استقامت
(۲) ظالموں کی طرف نہ جھکنا (۳) نمازوں کا اہتمام (۴) صبر و ہمت سے کام لینا
(۵) دعوت وارشاد

(۲)
وکُلاًّ نُصِبَ بِنَقُصُّ وتنوینہ بدلٌ عن مضاف الیہ ای کل ما یحتاج الیہ نقص علیک من انباء الرسل ما بدلٌ من کلا ما نثبت بہ فؤادک نطمئن بہ فؤادک قلبک۔ (جلالین ص ۱۸۹)

یہ سورۃ ہود ہے اس کا نزول نمبر ۵۲ ہے اور سورۃ مومن کا نزول نمبر ۶۰ ہے اور سورۃ نساء کا نزول ۹۲ ویں نمبر پر ہے۔ چنانچہ دیکھیں آیت ۷۸ سورۃ نساء آیت ۱۶۴ میں ہے۔ ورسلاً لم نقصصھم علیک ان سے تعارض لازم آئے گا۔

(۱) دلیل نمبر ۱۷ قرآن کریم کے منجانب اللہ نازل ہونے پر، اور دلیل نمبر ۱۸ یہی سورۃ یوسف آیت ۱۰۲ ص ۲۵۶ میں دیکھیں

وَانْتَظِرُوْا ۚ اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِلَيْهِ يُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ

نتیجۂ اعمال — حصر علم الغیب فی ذاتِ باری تعالیٰ ۔ دلیل نمبر ۱۳ علم غیب خاصہ خداوندی اور دلیل ۱۴ سورۃ رعد آیت نمبر ۸ ص ۲۵۸ میں دیکھیں

اور تم انتظار کرو بیشک ہم بھی منتظر ہیں ۔ اور اللہ ہی کو ہے علم آسمانوں اور زمین کی چھپی چیزوں کا اور اسی کی طرف لوٹائے جائیں گے سارے معاملات

فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ ؕ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۳﴾

پس اسی کی عبادت کرو اور اسی پر بھروسہ کرو اور نہیں ہے آپ کا رب غافل جو کام تم کرتے ہو۔

سُوْرَةُ يُوْسُفَ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَّاِحْدٰى عَشْرَةَ اٰيَةً وَّاثْنَا عَشَرَ رُكُوْعًا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورہ یوسف

ترتیب تلاوت ۱۲، ترتیب نزول ۵۳، آیات ۱۱۱، رکوعات ۱۲ — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓرٰ ۫ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۱﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۲﴾ نَحْنُ نَقُصُّ

صداقت قرآن وتمہید داستان — (۱) لسان قرآن — آغاز داستان

الٓر : یہ آیتیں واضح کتاب کی ہیں، بیشک ہم نے اس کو اتارا ہے قرآن عربی زبان کا بنا کر تاکہ تم سمجھو۔ ہم آپ کے سامنے بیان کرتے ہیں

عَلَيْكَ اَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ هٰذَا الْقُرْاٰنَ ۖ وَاِنْ كُنْتَ مِنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ

حضرت یوسفؑ سے اثبات رسالت خاتم الانبیاء — نفی علم غیب کلی از خاتم الانبیاء

بہترین قصہ اس لیے کہ ہم نے وحی کیا ہے آپ کی طرف یہ قرآن ۔ اور یقیناً آپ اس سے

الْغٰفِلِيْنَ ﴿۳﴾ اِذْ قَالَ يُوْسُفُ لِاَبِيْهِ يٰٓاَبَتِ اِنِّيْ رَاَيْتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ

حال نمبر ۱ حضرت یوسفؑ کا مکالمہ برائے خواب

پہلے بے خبر لوگوں میں سے تھے ۔ جب کہا یوسف نے اپنے والد گرامی سے اے میرے ابا جی! بیشک میں نے دیکھا گیارہ ستارے سورج اور چاند کو

رَاَيْتُهُمْ لِيْ سٰجِدِيْنَ ﴿۴﴾ قَالَ يٰبُنَيَّ لَا تَقْصُصْ رُءْيَاكَ عَلٰٓى اِخْوَتِكَ فَيَكِيْدُوْا لَكَ كَيْدًا ؕ

جواب مکالمہ برائے احتیاطی تدابیر

میں نے ان کو دیکھا اپنے لیے سجدہ کرتے ہوئے ۔ کہا اے پیارے بیٹے مت بیان کرنا اپنا خواب اپنے بھائیوں سے پس وہ چال چلیں گے آپ کے لیے کوئی چال

اِنَّ الشَّيْطٰنَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۵﴾ وَكَذٰلِكَ يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ وَيُعَلِّمُكَ مِنْ تَاْوِيْلِ

حضرت یعقوبؑ کا مکالمہ برائے دیگر انعامات ۔ نفی علم غیب از یوسفؑ

بیشک شیطان انسان کے لیے کھلا دشمن ہے۔ اور اسی طرح چن لے گا تجھے تیرا رب اور سکھلائے گا تجھے خوابوں کو

الْاَحَادِيْثِ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اٰلِ يَعْقُوْبَ كَمَآ اَتَمَّهَا عَلٰٓى اَبَوَيْكَ مِنْ قَبْلُ

ٹھکانے پر لگانے کا طریقہ اور پورا کرے گا اپنی نعمت کو تجھ پر اور آل یعقوب پر جس طرح پوری کی اس نے یہ نعمت تیرے بزرگوں پر اس سے پہلے

اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۶﴾

(یعنی) ابراہیم اور اسحاق پر بیشک تیرا رب جاننے والا حکمت والا ہے۔

لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖٓ اٰيٰتٌ لِّلسَّآئِلِيْنَ ﴿۷﴾ اِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ وَاَخُوْهُ اَحَبُّ

حکمت داستان یوسف علیہ السلام — (اللہ کی قدرت کاملہ اور آپ کی نبوت پر دلائل) — (۲) حال نمبر ۲ برادران کا اظہار حسد برائے یوسف علیہ السلام

البتہ تحقیق تھیں یوسف اور اس کے بھائیوں کے (قصہ میں) بڑی نشانیاں پوچھنے والوں کے لیے۔ جب انہوں نے کہا یقیناً یوسف اور اس کا بھائی زیادہ پیارا ہے

موضوع سورۃ: داستان یوسف کے ضمن میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مستقبل کی پیشنگوئی ۔

خلاصہ سورۃ: داستان یوسف علیہ السلام کو قرآن کریم نے تین حصوں پر تقسیم کیا ہے ۔
نمبر ۱ خواب دیکھنے سے عزیز مصر کے گھر میں فروکش ہونے تک ۔ ماخذ آیت ۴ تا ۲۱ ۔
نمبر ۲ جوانی سے سلطنت مصر کے تخت شاہی پر متمکن ہونے تک ۔ ماخذ آیت ۲۷ تا ۵۷ ۔
نمبر ۳ بھائیوں کے دربار میں حاضری سے لے کر حضرت یعقوب اور پورے خاندان کے داخلہ مصر تک ۔ ماخذ آیت ۵۸ تا ۱۰۱ اور اس داستان کے ضمن میں متعدد مسائل بھی زیر بحث لائے گئے ہیں ۔ واللہ اعلم

(۲) دلیل نمبر ۷ نفی علم غیب از سابق نبی یعقوب علیہ السلام آیت نمبر ۸ تا ۱۲ اور دلیل نمبر ۸ یہی سورۃ یوسف آیت نمبر ۱۳ ص ۲۴۵ میں دیکھیں

(ف) یعنی کھلی شدید محبت میں ہے اس معنی کے شواہد کما قال اللہ تعالیٰ "تَاللّٰهِ اِنَّكَ لَفِیْ ضَلٰلِكَ الْقَدِیْمِ" اخرج ابن جریر عن مجاھد ان الضلال ھنا لمغی الحب ای لفی حبك القدیم و فی الکبیر عن قتادہ ای حبك القدیم و قال قتادۃ و سفیان لفی محبتك القدیم (قرطبی)

اِلٰۤى اَبِیْنَا مِنَّا وَ نَحْنُ عُصْبَةٌ ؕ اِنَّ اَبَانَا لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنِۚۖ ⑧ اقْتُلُوْا یُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ

وبنیامین — آیت ۳۰ دیکھیں (ف) — برادران یوسفؑ کا مشورہ نمبر ا نمبر ۲

ہمارے ابا جان کو ہم سے حالانکہ ہم طاقت ور جماعت ہیں بیشک ہمارا والد شدید محبت میں ہے۔ قتل کر ڈالو یوسف کو یا اس کو پھینک دو

اَرْضًا یَّخْلُ لَكُمْ وَجْهُ اَبِیْكُمْ وَ تَكُوْنُوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ قَوْمًا صٰلِحِیْنَ ⑨ قَالَ قَآىٕلٌ مِّنْهُمْ لَا

(توبہ) — یہودا کا مشورہ نمبر ۳

کسی زمین میں خالی ہو جائے تمہارے باپ کی توجہ تمہارے لیے اور تم ہو جاؤ گے اس کے بعد نیک لوگ، کہا ان میں سے ایک کہنے والے نے یوسف کو مت

تَقْتُلُوْا یُوْسُفَ وَ اَلْقُوْهُ فِیْ غَیٰبَتِ الْجُبِّ یَلْتَقِطْهُ بَعْضُ السَّیَّارَةِ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِیْنَ ⑩ قَالُوْا

(اس کام کو پایہ تکمیل تک پہنچانے والے) برادران

قتل کرو اور ڈالدو اس کو گہرے کنویں میں تا کہ اس کو اٹھالے کوئی راہ چلتا قافلہ اگر ہو تم کرنے والے ۔ انہوں نے کہا

یٰۤاَبَانَا مَا لَكَ لَا تَاْمَنَّا عَلٰى یُوْسُفَ وَ اِنَّا لَهٗ لَنٰصِحُوْنَ ⑪ اَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا یَّرْتَعْ وَ یَلْعَبْ

کے حیلے بہانے کی تمہید برائے حصول اعتماد — بعد از تمہید برادران کا مطالبہ حیلہ نمبر ا — نمبر ۲

اے ہمارے ابا جان! آپ کو ہم پر کیوں اعتماد نہیں ہے یوسف کے بارے میں حالانکہ ہم اس کے خیر خواہ ہیں، اس کو ہمارے ساتھ بھیج دیجئے کل کہ وہ پھل کھائے اور وہ کھیلے

وَ اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ⑫ قَالَ اِنِّیْ لَیَحْزُنُنِیْۤ اَنْ تَذْهَبُوْا بِهٖ وَ اَخَافُ اَنْ یَّاْكُلَهُ الذِّئْبُ وَ اَنْتُمْ

دیکھیں آیت ۶۳ — جواب مطالبہ از ذکر موانعات نمبر ا — نمبر ۲ — (۱)

اور بیشک ہم اس کی حفاظت کرنے والے ہیں، کہا یقیناً مجھے یہ بات غمگین کرتی ہے کہ تم اسے لے جاؤ اور میں ڈرتا ہوں کہ اس کو بھیڑیا کھا جائے اور تم

عَنْهُ غٰفِلُوْنَ ⑬ قَالُوْا لَىٕنْ اَكَلَهُ الذِّئْبُ وَ نَحْنُ عُصْبَةٌ اِنَّاۤ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ⑭ فَلَمَّا

برادران کا مکالمہ برائے تسلی ورفع مانع ثانی — برادران

اس سے بے خبر ہو۔ انہوں نے کہا (اللہ کی قسم) اگر اس کو بھیڑیا کھا جائے حالانکہ ہم طاقت ور جماعت ہیں بیشک ہم اس وقت نقصان اٹھانے والے ہوں گے۔ پھر جب

ذَهَبُوْا بِهٖ وَ اَجْمَعُوْۤا اَنْ یَّجْعَلُوْهُ فِیْ غَیٰبَتِ الْجُبِّ ۚ وَ اَوْحَیْنَاۤ اِلَیْهِ لَتُنَبِّئَنَّهُمْ بِاَمْرِهِمْ

یوسفؑ کی منصوبہ میں کامیابی۔ صحرائی زندگی کا امتحان نمبر ا — (۲) اطلاع خداوندی از الہام (برائے اطمینان قلب)

وہ اس کو لے گئے اور انہوں نے طے کر لیا کہ اس کو گہرے کنویں میں ڈال دیں اور ہم نے اس کی طرف وحی کی کہ آپ ان کو ضرور بتائیں گے ان کا یہ معاملہ

هٰذَا وَ هُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ ⑮ وَ جَآءُوْۤ اَبَاهُمْ عِشَآءً یَّبْكُوْنَ ؕ ⑯ قَالُوْا یٰۤاَبَانَاۤ اِنَّا ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ

برادران یوسفؑ کے حیلہ عملی کی کیفیت ۔ — حیلہ قولی کی تفصیل

وہ شعور نہیں رکھتے ہوں گے۔ اور وہ آئے اپنے والد کے پاس عشاء کے وقت روتے ہوئے انہوں نے کہا اے ہمارے ابا جان بیشک ہم گئے آپس میں دوڑ لگاتے

وَ تَرَكْنَا یُوْسُفَ عِنْدَ مَتَاعِنَا فَاَكَلَهُ الذِّئْبُ ۚ وَ مَاۤ اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا وَ لَوْ كُنَّا صٰدِقِیْنَ ⑰

اور ہم نے چھوڑ دیا یوسف کو اپنے سامان کے پاس تو اس کو بھیڑیئے نے کھا لیا اور آپ ہماری بات پر یقین نہیں کریں گے اگرچہ ہم سچے ہوں

وَ جَآءُوْ عَلٰى قَمِیْصِهٖ بِدَمٍ كَذِبٍ ؕ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ؕ فَصَبْرٌ جَمِیْلٌ ؕ

حیلہ عملی — (۳) حضرت یوسفؑ کا کرتہ — جواب حیلہ عملی۔ — نمبر ا ہوشیار تھا نمبر ۲ کرتہ مٹی آلودہ نہ ہوا۔

اور وہ لائے اس کے کرتے پر جھوٹا کا خون لگا کر فرمایا بلکہ بنائی تمہارے نفسوں نے ایک بات (جو حقیقت کے خلاف ہے) تو صبر جمیل کرتا ہوں

وَ اللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ⑱ وَ جَآءَتْ سَیَّارَةٌ فَاَرْسَلُوْا وَارِدَهُمْ فَاَدْلٰى دَلْوَهٗ ؕ

حال نمبر ۳ مسافر قافلہ کی آمد ۔ — پانی لانے والے کو

اور اللہ سے مدد مانگی جاتی ہے اس پر جو تم بیان کرتے ہو، اور آیا ایک مسافر قافلہ تو بھیجا انہوں نے ایک پانی بھرنے والا پس اس نے اپنا ڈول لٹکایا

(۱)
نفی علم غیب از یعقوب علیہ السلام دلیل نمبر ۸ اور دلیل نمبر ۹ یہی سورۃ یوسف آیت نمبر ۸۴ ص ۲۵۴ میں دیکھیں

(۲)
کنواں کہاں تھا؟ مابین مدین و مصر ارض اردن: بیت المقدس: مکان یعقوب : سے تین میل دور تھا۔

(۳)
یوسف کا کرتا دو مرتبہ آیا نمبر ا یہی آیت نمبر ۱۸ دیکھیں اور دوسری بار تلاش کرنے کا حکم دیا آیت نمبر ۸۷ ص ۲۵۴ میں دیکھیں

قَالَ يٰبُشْرٰى هٰذَا غُلٰمٌ ؕ وَاَسَرُّوْهُ بِضَاعَةً ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍۢ

صحرائی زندگی کا امتحان نمبر ۲

بولا اے خوشخبری یہ لڑکا ہے اور چھپا لیا انہوں نے اس کو سامان تجارت بنا کر اور اللہ جاننے والے اس کو جو وہ کر رہے ہیں، اور بیچ ڈالا اس کو بہت

ع ۲ ۱۲ بَخْسٍ دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ ۚ وَكَانُوْا فِيْهِ مِنَ الزَّاهِدِيْنَ ﴿۲۰﴾

کم گنتی کے دراہم کی قیمت پر اور وہ تھے اس میں بے رغبت

وَقَالَ الَّذِى اشْتَرٰىهُ مِنْ مِّصْرَ لِامْرَاَتِهٖۤ اَكْرِمِىْ مَثْوٰىهُ عَسٰۤى اَنْ يَّنْفَعَنَاۤ اَوْ نَتَّخِذَهٗ

حال نمبر ۴ عزیز مصر کا بیوی سے مکالمہ خاص

اور کہا اس شخص نے جس نے ان کو مصر سے خریدا اپنی بیوی سے کہ باعزت رکھ تو اس کے رہائش گاہ کو شاید یہ ہمارے کام آئے یا اس کو ہم لڑکا بنا لیں

وَلَدًا ؕ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِى الْاَرْضِ ۘ وَلِنُعَلِّمَهٗ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ؕ وَاللّٰهُ

وعدۂ خداوندی کا اظہار نمبر ا ۔ آیت نمبر ۵۶

اور اس طرح ہم نے قدم جمائے یوسف کے (مصر) کی زمین میں اور تا کہ ہم اس کو سکھائیں کچھ باتوں کو ٹھکانے پر لگانے کا طریقہ اور اللہ

غَالِبٌ عَلٰۤى اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗۤ اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا

(۱) کمال جوانی حکومت یا نبوت

غالب ہے اپنے کام پر اور لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے ۔ اور جب وہ پہنچا اپنی جوانی کو دیا ہم نے اس کو دانائی

وَّعِلْمًا ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۲۲﴾ وَرَاوَدَتْهُ الَّتِىْ هُوَ فِىْ بَيْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ وَغَلَّقَتِ

تفقہ فی الدین (فتوحات ملکی) حال نمبر ۵ مصری زندگی کا امتحان زلیخا کی محبت اظہار

اور علم اور اسی طرح ہم بدلہ دیتے ہیں نیکی کرنے والوں کو، اور پھسلانے لگی (یوسف) کو وہ (عورت) جس کے گھر میں رہتے تھے اپنا جی تھامنے سے اور بند کر دیے اس نے

الْاَبْوَابَ وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ ؕ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ رَبِّىْۤ اَحْسَنَ مَثْوَاىَ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۳﴾

محبت کا طریق دعوت عشرت ۔ جواب دعوت

تمام دروازے اور کہنے لگی جلدی آ جا اس نے کہا اللہ کی پناہ بیشک وہ میرا آقا ہے جس نے اچھا بنایا میرا ٹھکانا بیشک کبھی کامیاب نہیں ہوتے احسان فراموش

وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ ۚ وَهَمَّ بِهَا ۚ لَوْلَاۤ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ؕ كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ

حضرت یوسفؑ کی کمال عفت در مقام دعوت عشرت (۲) محافظت باری تعالیٰ

اور البتہ تحقیق ارادہ کر ہی لیا تھا اس (عورت) نے (یوسف) کا (یوسف بھی) ارادہ کر لیتا اس کا اگر وہ اپنے رب کی دلیل نہ دیکھ لیتا، اسی طرح (ہم نے کیا) تا کہ ہم پھیر دیں اس (یوسف) سے برائی

وَالْفَحْشَآءَ ؕ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۲۴﴾ وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَقَدَّتْ قَمِيْصَهٗ مِنْ دُبُرٍ

فریقین کا مقاصد کی کامیابی کے لیے دوڑ ۔ زلیخا کا کارنامہ

اور بے حیائی کو بیشک وہ ہمارے چنے ہوئے بندوں میں سے تھا اور دونوں دوڑے دروازے کی طرف اور پھاڑ دیا عورت نے اس کا کرتہ پیچھے سے

وَّاَلْفَيَا سَيِّدَهَا لَدَا الْبَابِ ؕ قَالَتْ مَا جَزَآءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ سُوْٓءًا اِلَّاۤ اَنْ يُّسْجَنَ اَوْ

زلیخا کی شکایت تجویز نمبر ا نمبر ۲

اور پایا دونوں نے اس (زلیخا) کے شوہر کو دروازے کے پاس کہنے لگی کیا سزا ہے اس کی جو ارادہ کرے تیری بیوی کے ساتھ برائی کا مگر یہ کہ اس کو قید کیا جائے یا

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۵﴾ قَالَ هِىَ رَاوَدَتْنِىْ عَنْ نَّفْسِىْ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ كَانَ

حضرت یوسفؑ کا عزیز مصر سے مکالمہ۔ حضرت یوسفؑ کی صفائی۔ طریق صفائی

دردناک سزا دی جائے۔ کہا (یوسف) نے اس عورت نے مجھے پھسلانا چاہا ہے میرے نفس سے اور گواہی دی ایک گواہی دینے والے نے اس عورت کے خاندان میں سے کہ اگر ہو

(۱)
کسی کو ان کی ظاہری غلامی سے غلط فہمی میں مبتلا نہیں ہونا چاہیے کہ ان کو تمکین فی الارض کیسے ملے گی؟

(۲)
دلائل معصومیت پیغمبر

قَمِيصُهُ قُدَّ مِنْ قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَهُوَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿٢٦﴾ وَإِنْ كَانَ قَمِيصُهُ قُدَّ مِنْ

اس کی قیص پھٹی ہوئی آگے سے تو یہ سچ کہتی ہے اور وہ جھوٹوں میں سے ہے ۔ اور اگر اس کی قیص پھٹی ہوئی

دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿٢٧﴾ فَلَمَّا رَاٰ قَمِيصَهُ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ قَالَ إِنَّهُ مِنْ كَيْدِكُنَّ ط

عزیز مصر کا مشاہدہ زلیخا کو تنبیہ

پیچھے سے تو وہ عورت جھوٹ کہتی ہے اور وہ سچوں میں سے ہے ۔ پھر جب دیکھا (عزیز مصر نے) اس کی قیص کو پھٹی ہوئی ہے پیچھے سے کہنے لگا بیشک یہ تمہارے فریبوں میں سے ہے

إِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيْمٌ ﴿٢٨﴾ يُوْسُفُ أَعْرِضْ عَنْ هٰذَا سکتہ وَاسْتَغْفِرِيْ لِذَنْبِكِ ج إِنَّكِ كُنْتِ

حضرت یوسفؑ سے درگذر کی درخواست ۔ زلیخا کو غلطی پر معافی کا حکم

بیشک تمہاری فریب بڑا ہے، اے یوسف! اس بات سے درگزر کریں اور تو معافی مانگ اپنے گناہ سے بیشک تو

٣ ع ٩ ١٣ مِنَ الْخٰطِئِيْنَ ﴿٢٩﴾ ع

ہی خطا کاروں میں سے ہے۔

وَقَالَ نِسْوَةٌ فِي الْمَدِيْنَةِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ تُرَاوِدُ فَتٰهَا عَنْ نَّفْسِهٖ ج قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ط إِنَّا لَنَرٰهَا

حال نمبر ۶ مصر کی چند عورتوں کا زلیخا پر طعن

اور کہنے لگیں چند بیگمات شہر میں بیگم عزیز پھسلاتی ہے اپنے غلام کو اس سے اپنا (ناجائز) مطلب حاصل کرنے کے لیے یقیناً وہ اس کی محبت میں فریفتہ ہو چکی ہے بیشک ہم دیکھتی ہیں اس کو

فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٣٠﴾ فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ أَرْسَلَتْ إِلَيْهِنَّ وَأَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَاً وَّاٰتَتْ

تدبیر اظہار معذوری

صریح غلطی میں ۔ تو جب سنی اس نے ان کی مکارانہ باتیں تو بھیج دیا ان کی طرف (قاصد) اور تیار کیے اس نے ان کے لیے گاؤ تکئے اور دے دی

كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ سِكِّيْنًا وَّقَالَتِ اخْرُجْ عَلَيْهِنَّ ج فَلَمَّا رَاَيْنَهٗ أَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ أَيْدِيَهُنَّ

زلیخا کا مطالبہ برائے خروج الی المجلس ۔ مصر کی مصری عورتوں کا مشاہدہ وکیفیت

اس نے ہر ایک کو ان میں سے ایک چھری اور وہ کہنے لگی تو نکل کر آ ان کے سامنے پھر جب دیکھا ان عورتوں نے اس کو تو اس کو بڑا سمجھا اور کاٹ ڈالے انہوں نے اپنے ہاتھ

وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ط إِنْ هٰذَا إِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ ﴿٣١﴾ قَالَتْ فَذٰلِكُنَّ الَّذِيْ لُمْتُنَّنِيْ

اقرار حسن یوسفؑ مصری عورتوں کو زلیخا کی تنبیہ (۱)

اور کہنے لگیں پاکی ہے اللہ کے لیے ۔ نہیں ہے یہ شخص آدمی ۔ نہیں ہے یہ شخص مگر فرشتہ بزرگ، وہ کہنے لگی یہی تو وہ ہے کہ تم مجھے ملامت کرتی تھی

فِيْهِ ط وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ ط وَلَئِنْ لَّمْ يَفْعَلْ مَا اٰمُرُهٗ لَيُسْجَنَنَّ

اقرار جرم زلیخا زلیخا کی حضرت یوسفؑ کو دھمکی

اس کے بارے میں اور البتہ تحقیق میں نے پھسلایا اس کو اس کے نفس سے (شادکام کے لیے) پس وہ باز رہا اور اگر وہ نہ کرے جو میں اس کو حکم دوں تو وہ ضرور قید کیا جائے گا

وَلَيَكُوْنًا مِّنَ الصّٰغِرِيْنَ ﴿٣٢﴾ قَالَ رَبِّ السِّجْنُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِمَّا يَدْعُوْنَنِيْ إِلَيْهِ ج وَإِلَّا تَصْرِفْ

حضرت یوسفؑ کی دعا اظہار بے بسی

اور وہ ضرور ہو جائے گا بے عزت، آپ نے کہا اے میرے رب! قید خانہ مجھے زیادہ محبوب ہے بہ نسبت اس چیز کے کہ وہ مجھے بلا رہی ہیں اس کی طرف اور اگر آپ نہ پھیریں گے

عَنِّيْ كَيْدَهُنَّ أَصْبُ إِلَيْهِنَّ وَأَكُنْ مِّنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿٣٣﴾ فَاسْتَجَابَ لَهٗ رَبُّهٗ فَصَرَفَ عَنْهُ

اجابت دعاء

مجھ سے ان کی چالیں تو میں مائل ہو جاؤں گا ان کی طرف اور ہو جاؤں گا میں ناواقفوں میں سے ۔ تو اس کے رب نے اس کی دعا قبول فرمائی پھر پھیر دیں اس سے

(۱)
اگر یوں کہوں تو بے جا نہیں ہوگا عزیز کی بیگم سینہ تان کر بولی۔
ایں است کہ خون خوردہ و دل بُردہ بسے را بسم اللہ اگر تاب نظر ہست بسے را
یعنی یہی ہے جو کتنوں کا خون پی گیا اور دل لے گیا بسم اللہ اگر کسی میں نظارے کی سکت ہے۔ مجمع کا یہ رنگ دیکھ کر عزیز کی بیوی کھل پڑی اور پھر مجمع میں یوسف کی عصمت کو بیان کر ڈالا

كَيْدَهُنَّ ۚ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿٣٤﴾ ثُمَّ بَدَا لَهُم مِّن بَعْدِ مَا رَأَوُا الْآيَاتِ لَيَسْجُنُنَّهُ

برأت یوسف کے لیے ابتلاء جیل

ان عورتوں کی فریب کاریاں بیشک وہ سننے والا جاننے والا ہے۔ پھر انہیں خیال آیا ان کے لیے (مختلف) نشانیاں دیکھنے کے بعد کہ وہ ان کو (مصلحۃً) ضرور قید کر دیں

حَتَّىٰ حِينٍ ﴿٣٥﴾

ایک مدت تک۔

وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيَانِ ۖ قَالَ أَحَدُهُمَا إِنِّي أَرَانِي أَعْصِرُ خَمْرًا ۖ وَقَالَ الْآخَرُ إِنِّي

حال نمبر ۲ دخول جیل خانہ مع شاہی ملزمان ساقی کا بیان خواب — خبّاز کا بیان خواب

اور داخل ہوئے ان کے ساتھ قید خانہ میں دو غلام کہا ان میں سے ایک نے بیشک میں اپنے آپ کو (خواب میں) دیکھتا ہوں کشید کر رہا ہوں شراب اور دوسرے نے کہا بیشک میں

أَرَانِي أَحْمِلُ فَوْقَ رَأْسِي خُبْزًا تَأْكُلُ الطَّيْرُ مِنْهُ ۖ نَبِّئْنَا بِتَأْوِيلِهِ ۖ إِنَّا نَرَاكَ مِنَ الْمُحْسِنِينَ ﴿٣٦﴾

قیدیوں کا اظہار محبت

نے بھی اپنے آپ کو (خواب میں) دیکھتا ہوں کہ اپنے سر پر روٹیاں اٹھائے ہوئے ہوں پرندے اس میں سے کھا رہے ہیں تو آپ ہمیں اس کی تعبیر بتا دیجئے یقیناً ہم آپ کو نیکوکار دیکھتے ہیں

قَالَ لَا يَأْتِيكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقَانِهِ إِلَّا نَبَّأْتُكُمَا بِتَأْوِيلِهِ قَبْلَ أَن يَأْتِيَكُمَا ۚ ذَٰلِكُمَا مِمَّا

(۱) قبل از طعام تعبیر کا وعدہ و تسلّی — انباء غیب

(۱) اثبات نبوت کے لیے اظہار و معجزہ

کہا نہیں آئے گا تمہارے پاس وہ کھانا جو تم دونوں کو روزی کے طور پر دیا جاتا ہے مگر میں تم دونوں کو بتا دوں گا اس کی تعبیر اس سے پہلے کہ وہ تم دونوں کے پاس آئے، یہ تعبیر اس میں سے

عَلَّمَنِي رَبِّي ۚ إِنِّي تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَهُم بِالْآخِرَةِ هُمْ كَافِرُونَ ﴿٣٧﴾

اثبات توحید کا بیان

جو سکھایا ہے مجھ کو میرے رب نے بیشک میں نے چھوڑ دیا ہے ان لوگوں کی ملت کو جو اللہ پر یقین نہیں رکھتے اور وہ آخرت کے منکر ہیں

وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ آبَائِي إِبْرَاهِيمَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ ۚ مَا كَانَ لَنَا أَن نُّشْرِكَ بِاللَّهِ

مسلکی تقلید — مذہب آباء کا لب لباب

اور میں نے پیروی کی ہے اپنے بزرگوں کے دین کی (یعنی) ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب (علیہم السلام) کی نہیں لائق ہمارے لیے کہ ہم شریک ٹھہرائیں اللہ کے ساتھ

مِن شَيْءٍ ۚ ذَٰلِكَ مِن فَضْلِ اللَّهِ عَلَيْنَا وَعَلَى النَّاسِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُونَ ﴿٣٨﴾

کسی چیز کو، یہ (عقیدہ توحید) اللہ کا ہم پر فضل ہے اور تمام انسانوں پر لیکن اکثر لوگ (نعمت توحید کا) شکر ادا نہیں کرتے

يَا صَاحِبَيِ السِّجْنِ أَأَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُونَ خَيْرٌ أَمِ اللَّهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿٣٩﴾ مَا تَعْبُدُونَ مِن

طریق دعوتِ توحید — طریق غیر کی نفی

اے دو قیدخانہ کے ساتھیو کیا کئی معبود جدا جدا بہتر ہیں یا ایک اللہ جو سب پر غالب ہے۔ نہیں تم پوجتے

دُونِهِ إِلَّا أَسْمَاءً سَمَّيْتُمُوهَا أَنتُمْ وَآبَاؤُكُم مَّا أَنزَلَ اللَّهُ بِهَا مِن سُلْطَانٍ ۚ

اس کے سوا مگر چند (بے حقیقت) ناموں کی جن کو تم نے اور تمہارے آباء نے رکھ لیا ہے نہیں اتاری اللہ نے اس بارے میں کوئی دلیل

إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلَّهِ ۚ أَمَرَ أَلَّا تَعْبُدُوا إِلَّا إِيَّاهُ ۚ ذَٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ

نہیں ہے حکم (عبادت کا) مگر اللہ کے لیے، حکم دیا ہے اس نے کہ نہ عبادت کرو تم مگر خالص اس کی یہ سیدھا دین ہے مگر اکثر لوگ

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٤٠﴾ يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ اَمَّآ اَحَدُكُمَا فَيَسْقِيْ رَبَّهٗ خَمْرًا ۚ وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَيُصْلَبُ

خواب کی تعبیر

نہیں جانتے ۔ (اثبات توحید کے بعد اخبار تعبیر) اے قید خانہ کے ساتھیوں بہر حال تم میں سے ایک تو پلائے گا اپنے آقا کو شراب اور رہا دوسرا وہ سولی دیا جائے گا

فَتَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْ رَّاْسِهٖ ۭ قُضِيَ الْاَمْرُ الَّذِيْ فِيْهِ تَسْتَفْتِيٰنِ ﴿٤١﴾ وَقَالَ لِلَّذِيْ

حضرت یوسفؑ کا

پس کھائیں گے پرندے اس کے سر سے فیصلہ کر دیا گیا معاملہ کا جس کے بارے میں تم مجھ سے پوچھتے ہو۔ اور فرمایا اس

ظَنَّ اَنَّهٗ نَاجٍ مِّنْهُمَا اذْكُرْنِيْ عِنْدَ رَبِّكَ ۡ فَاَنْسٰىهُ الشَّيْطٰنُ ذِكْرَ رَبِّهٖ فَلَبِثَ فِي السِّجْنِ

ساقی کے ذریعہ پیغام — شیطان کا کارنامہ

شخص کو کہ یقین کیا کہ وہ نجات پانے والا ہے ان دونوں میں سے میرا ذکر کرنا اپنے آقا کے پاس پس بھلا دیا اس کو شیطان نے اپنے آقا کے پاس ذکر کرنے کو پس آپ ٹھہرے رہے قید خانے میں

ع ۵ ۷ ۱۵ بِضْعَ سِنِيْنَ ﴿٤٢﴾ ع

کئی سال

وَقَالَ الْمَلِكُ اِنِّيْٓ اَرٰى سَبْعَ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ يَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعَ سُنْۢبُلٰتٍ

حال نمبر ۸ بادشاہ کا خواب

اور کہا بادشاہ نے بیشک میں نے دیکھی ہیں سات گائیں ہیں خوب موٹی کھاتی ہیں ان کو سات پتلی دبلی گائیں اور سات خوشے

خُضْرٍ وَّاُخَرَ يٰبِسٰتٍ ۭ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ اَفْتُوْنِيْ فِيْ رُءْيَايَ اِنْ كُنْتُمْ لِلرُّءْيَا تَعْبُرُوْنَ ﴿٤٣﴾

(۱) — تعبیر کا مطالبہ، از عقلاء مصر

سبز اور دوسرے خشک ، اے درباریو! مجھے بتاؤ میرے خواب کے بارے میں اگر ہو تم خواب کی تعبیر بیان کرتے

قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ ۚ وَمَا نَحْنُ بِتَاْوِيْلِ الْاَحْلَامِ بِعٰلِمِيْنَ ﴿٤٤﴾ وَقَالَ الَّذِيْ

جواب مطالبہ۔ تعبیر سے سب عقلا کی عاجزی — ساقی کی تجویز برائے تعبیر خواب

انہوں نے کہا یہ پریشان کن خیالات ہیں اور ہم پریشان کن خیالات کی تعبیر کو جاننے والے نہیں ہیں اور کہا اس شخص نے جس نے

نَجَا مِنْهُمَا وَادَّكَرَ بَعْدَ اُمَّةٍ اَنَا اُنَبِّئُكُمْ بِتَاْوِيْلِهٖ فَاَرْسِلُوْنِ ﴿٤٥﴾ يُوْسُفُ اَيُّهَا الصِّدِّيْقُ

تمہید احترامی

نجات پائی تھی ان دونوں میں اور اس کو یاد آیا ایک مدت کے بعد، میں تم کو خبر دیتا ہوں اس خواب کی تعبیر کی پس تم مجھ کو بھیجو۔ اے یوسف (علیہ السلام) اے سچے

اَفْتِنَا فِيْ سَبْعِ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ يَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعِ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ

تشریح خواب

ہمیں بتائیں سات گائیوں کے بارے میں جو خوب موٹی ہیں ان کو کھاتی ہیں سات پتلی دبلی گائیں اور سات خوشے سرسبز اور سات اور ہیں

يٰبِسٰتٍ ۙ لَّعَلِّيْٓ اَرْجِعُ اِلَى النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿٤٦﴾ قَالَ تَزْرَعُوْنَ سَبْعَ سِنِيْنَ

حضرت یوسفؑ کی کمال فراست علمی سے

خشک تاکہ میں لوٹوں لوگوں کی طرف تاکہ وہ جان لیں (آپ کی قدر و منزلت اور تعبیرات) فرمایا تم کاشت کرو گے سات سال لگاتار

دَاَبًا ۚ فَمَا حَصَدْتُّمْ فَذَرُوْهُ فِيْ سُنْۢبُلِهٖٓ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّا تَاْكُلُوْنَ ﴿٤٧﴾ ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ

تعبیر خواب کی تفصیل — جمع شدہ غلہ استعمال میں لانا

پس جو تم کاٹو کھیتی تو چھوڑ دو اس کو اس کے خوشوں میں مگر تھوڑا سا اس میں جس کو تم کھاؤ ۔ پھر آئیں گے اس کے بعد

(۱) ان سات خشک بالوں نے ان سات سبز پر لپیٹ کر ان کو خشک کر دیا ہے

ذٰلِكَ سَبْعٌ شِدَادٌ يَّاْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّا تُحْصِنُوْنَ ﴿۴۸﴾

سات سال سخت جو کھا جائیں گے اس چیز (ذخیرہ) کو جو پہلے تم نے اس کے لیے تیار رکھا ہوگا مگر بہت کم جس کی تم (اگلے سال کے بیج کے لیے) حفاظت کرو گے

ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ فِيْهِ يُغَاثُ النَّاسُ وَفِيْهِ يَعْصِرُوْنَ ﴿۴۹﴾ ع

سات سال کے بعد قحط کا خاتمہ

پھر آئے گا اس کے بعد ایک سال جس میں بارش برسائی جائے گی لوگوں پر اور اس میں لوگ جوس نکالیں گے (کثرت پیداوار کی وجہ سے پھلوں کا)

وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ فَسْئَلْهُ

حال نمبر ۹ بادشاہ کا حکم نامہ — قاصد کی آمد — حضرت یوسفؑ کا جواب حکم برائے تحقیق واقعہ

اور کہا بادشاہ نے لاؤ اس کو میرے پاس پس جب آیا اس (یوسف علیہ السلام) کے پاس قاصد فرمایا لوٹ جا اپنے آقا کی طرف پس اس سے پوچھ

مَا بَالُ النِّسْوَةِ الّٰتِيْ قَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ ؕ اِنَّ رَبِّيْ بِكَيْدِهِنَّ عَلِيْمٌ ﴿۵۰﴾ قَالَ مَا

بادشاہ

کیا حال ہے ان عورتوں کا جنھوں نے اپنے ہاتھ کاٹے تھے (پھر مجھے بتلا) بیشک میرا رب ان کے مکر کو خوب جاننے والا ہے۔ کہا (بادشاہ نے) کیا

خَطْبُكُنَّ اِذْ رَاوَدْتُّنَّ يُوْسُفَ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ قُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ مِنْ سُوْٓءٍ ؕ

کی تحقیق مصر کی بیگمات سے — بیگماتِ مصر کا اقرار برائے پاکدامنی یوسفؑ

معاملہ تھا تمہارا جب تم نے پھسلایا یوسف کو اس کے نفس سے۔ ان عورتوں نے کہا پاکی ہے اللہ تعالیٰ کے لیے ہم نہیں جانتی اس کے بارے میں کوئی برائی

قَالَتِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ الْـٰٔنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ ۫ اَنَا رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ وَاِنَّهٗ لَمِنَ

اقرارِ زلیخا

کہنے لگی عزیز مصر کی بیوی اب حق ظاہر ہوچکا ہے میں نے اس سے مطالبہ کیا تھا اس کے نفس کے بارے اور بیشک وہ البتہ

الصّٰدِقِيْنَ ﴿۵۱﴾ ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ اَنِّيْ لَمْ اَخُنْهُ بِالْغَيْبِ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ

حضرت یوسفؑ یا زلیخا کا مقولہ برائے عدمِ خیانت

سچوں میں سے ہے۔ (یوسف نے کہا) یہ (میں نے اس لیے کیا) کہ جان لے وہ (عزیز) کہ بیشک میں نے اس سے خیانت نہیں کی اس کی عدم موجودگی میں اور بیشک اللہ نہیں چلنے دیتا

كَيْدَ الْخَآئِنِيْنَ ﴿۵۲﴾

خیانت کرنے والوں کے فریب کو

الجزء الثالث عشر ١٣

وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِیْ ۚ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌۢ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ ؕ اِنَّ رَبِّیْ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿٥٣﴾

حضرت یوسفؑ کی انکساری

اور نہیں میں بری قرار دیتا اپنے نفس کو بیشک نفس بہت اکسانے والا ہے برائی پر مگر جو مہربانی فرمائی میرا رب نے بیشک میرا رب بخشنے والا نہایت مہربان ہے

وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِیْ بِهٖٓ اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِیْ ۚ فَلَمَّا كَلَّمَهٗ قَالَ اِنَّكَ الْیَوْمَ لَدَیْنَا مَكِیْنٌ

فرمان شاہی (۱) — اعلان سرفرازی — مقرب خاص ہونے کا اعلان۔ قدر والے

(۱) پھر جب بادشاہ یوسف کی نزاہت نفس اور زکاوت ذہن کو معلوم کرلیا تو ان کی ملاقات کا بڑا شائق ہوا، اور یوسف علیہ السلام کی قابلیتوں سے مستفید ہونے کا عزم کرلیا تو کہا

اور کہا بادشاہ نے تم میرے پاس لاؤ اس کو مخصوص کرلوں میں اس کو اپنے کام کے لیے پھر جب بات چیت کی اس سے (بادشاہ نے) کہا بیشک آپ آج ہمارے نزدیک صاحب قدر

اَمِیْنٌ ﴿٥٤﴾ قَالَ اجْعَلْنِیْ عَلٰی خَزَآئِنِ الْاَرْضِ ۚ اِنِّیْ حَفِیْظٌ عَلِیْمٌ ﴿٥٥﴾ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِیُوْسُفَ

حضرت یوسف علیہ السلام کا مطالبہ برائے وزارت خزانہ — حسن تدابیر خداوندی واجرِ دنیوی

امانت دار ہیں، کہا مجھے مقرر کر دیجئے زمین کی پیداوار پر بیشک میں حفاظت کرنے والا جاننے والا ہوں۔ اور اسی طرح (عجیب طور پر) ہم نے قدم جمائے یوسف کے

فِی الْاَرْضِ ۚ یَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَیْثُ یَشَآءُ ؕ نُصِیْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ وَلَا نُضِیْعُ

زمین میں تا کہ وہ رہیں اس میں جہاں چاہیں ہم نوازتے ہیں اپنی رحمت سے جس کو ہم چاہتے ہیں اور ہم ضائع نہیں کرتے

ع ٨/٧ ١ — اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ ﴿٥٦﴾ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ خَیْرٌ لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا یَتَّقُوْنَ ﴿٥٧﴾ ع

اجر اُخروی

اجر نیکو کاروں کا (دنیا میں) اور البتہ آخرت کا اجر کئی حصے بہتر ہے ان لوگوں کے لیے جو ایمان لائے اور بچتے رہے

وَجَآءَ اِخْوَةُ یُوْسُفَ فَدَخَلُوْا عَلَیْهِ فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿٥٨﴾ وَلَمَّا جَهَّزَهُمْ

حال نمبر ۱۰ ظہور قحط و برادران یوسفؑ کا مصر میں پہلا داخلہ — برادران یوسفؑ کے لیے

اور آئے بھائی یوسف کے پس وہ پہنچے اس کے پاس تو آپ نے ان کو پہچان لیا اور وہ آپ سے ناواقف تھے۔ جب تیار کر کے دیا ان کو

بِجَهَازِهِمْ قَالَ ائْتُوْنِیْ بِاَخٍ لَّكُمْ مِّنْ اَبِیْكُمْ ۚ اَلَا تَرَوْنَ اَنِّیْٓ اُوْفِی الْكَیْلَ وَاَنَا

سامان کی تکمیل۔ حضرت یوسفؑ کا بھائیوں سے مطالبہ طریق ہمدردی

ان کا سامان کہا تم لے آنا میرے پاس اپنے بھائی کو اپنے باپ سے کیا تم نہیں دیکھتے کہ بیشک میں پورا دیتا ہوں پیمانہ اور میں

خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ ﴿٥٩﴾ فَاِنْ لَّمْ تَاْتُوْنِیْ بِهٖ فَلَا كَیْلَ لَكُمْ عِنْدِیْ وَلَا تَقْرَبُوْنِ ﴿٦٠﴾ قَالُوْا سَنُرَا

یوسفؑ کی دھمکی — برادران یوسفؑ کا

بہترین مہمان نواز ہوں۔ پھر اگر تم نہ لائے اس کو میرے پاس تو نہ پیمانہ ہوگا تمہارے لیے میرے پاس اور نہ تم میرے پاس آنا۔ انہوں نے کہا ہم عنقریب

وِدُ عَنْهُ اَبَاهُ وَاِنَّا لَفٰعِلُوْنَ ﴿٦١﴾ وَقَالَ لِفِتْیٰنِهِ اجْعَلُوْا بِضَاعَتَهُمْ فِیْ رِحَالِهِمْ لَعَلَّهُمْ

وعدہ اور کوشش — حضرت یوسفؑ کی حسن تدبیر

پھسلائیں گے اس کے بارے میں اس کے والد کو اور بیشک ہم یہ کام کرنے والے ہیں۔ اور حکم دیا اس نے اپنے خدمت گاروں کو کہ رکھ دو ان کی پونجی ان کے سامان میں تا کہ

یَعْرِفُوْنَهَآ اِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓی اَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ یَرْجِعُوْنَ ﴿٦٢﴾ فَلَمَّا رَجَعُوْٓا اِلٰٓی اَبِیْهِمْ قَالُوْا یٰٓاَبَانَا

برادران یوسفؑ کا تمہید مکالمہ ۔تشریح مکالمہ

وہ اس کو پہچانیں جب لوٹیں اپنے گھر کی طرف تا کہ وہ دوبارہ آئیں۔ پھر وہ جب لوٹے اپنے والد کی طرف تو انہوں نے کہا اے ابا جان!

مُنِعَ مِنَّا الْكَیْلُ فَاَرْسِلْ مَعَنَآ اَخَانَا نَكْتَلْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ﴿٦٣﴾ قَالَ هَلْ اٰمَنُكُمْ

(پوری) — جواب مکالمہ (میں نہیں)

روک دیا گیا ہم سے پیمانہ (غلہ) پس بھیجئے ہمارے ساتھ ہمارے بھائی کو کہ ہم نپوا کرلائیں اور بیشک ہم اس کی حفاظت کرنے والے ہیں، فرمایا کیا اعتبار کروں میں تم پر

عَلَيْهِ إِلَّا كَمَا أَمِنتُكُمْ عَلَىٰ أَخِيهِ مِن قَبْلُ ۖ فَاللَّهُ خَيْرٌ حَافِظًا ۖ وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ﴿٦٤﴾

اس کے بارے میں مگر جیسا اعتبار کیا میں نے تمہارا اس کے بھائی کے بارے میں اس سے پہلے پس اللہ بہتر محافظ ہے اور وہ سب سے زیادہ مہربان ہے

وَلَمَّا فَتَحُوا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ إِلَيْهِمْ ۖ قَالُوا يَا أَبَانَا مَا نَبْغِي ۖ هَٰذِهِ

واپسی کی سہولت

اور جب انہوں نے کھولا اپنا سامان تو پائی اپنی پونچی ان کی طرف لوٹا دی گئی تھی انہوں نے کہا اے ابا جان! کیا ہمیں چاہیے یہ

بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ إِلَيْنَا ۖ وَنَمِيرُ أَهْلَنَا وَنَحْفَظُ أَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيرٍ ۖ ذَٰلِكَ كَيْلٌ يَسِيرٌ ﴿٦٥﴾

اناج (پوری)

ہماری پونچی لوٹا دی گئی ہے ہماری طرف اور ہم رسد لائیں گے اپنے گھر والوں کے لیے اور ہم اپنے بھائی کی حفاظت کریں گے اور ہم زیادہ لائیں گے پیمانہ ایک اونٹ کا یہ پیمانہ تھوڑا ہے

قَالَ لَنْ أُرْسِلَهُ مَعَكُمْ حَتَّىٰ تُؤْتُونِ مَوْثِقًا مِّنَ اللَّهِ لَتَأْتُنَّنِي بِهِ إِلَّا أَن يُحَاطَ بِكُمْ

جواب مکالمہ از پدر — حضرت یعقوبؑ کی شرط

کہا ہرگز نہیں بھیجوں گا میں اس کو تمہارے ساتھ یہاں تک کہ دو تم مجھ کو اللہ کی طرف سے عہد و پیماں کہ تم اس کو ضرور لاؤ گے میرے پاس مگر یہ کہ گھیر لیا جائے تم کو

فَلَمَّا آتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللَّهُ عَلَىٰ مَا نَقُولُ وَكِيلٌ ﴿٦٦﴾ وَقَالَ يَا بَنِيَّ لَا تَدْخُلُوا

(یعقوب نے) — (۱) حضرت یعقوبؑ کی تدبیر و نصیحت

پھر جب انہوں نے دیا اس کو اپنا عہد و پیمان فرمایا اللہ جو ہم باتیں کر رہے ہیں اس پر نگہبان ہے۔ اور (چلتے وقت) فرمایا اے بیٹو نہ داخل ہونا

مِن بَابٍ وَاحِدٍ وَادْخُلُوا مِنْ أَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ ۖ وَمَا أُغْنِي عَنكُم مِّنَ اللَّهِ مِن شَيْءٍ ۖ

بچا سکتا

ایک دروازے سے اور داخل ہونا کئی دروازوں سے جدا جدا اور میں ٹال نہیں سکتا تم سے اللہ کی طرف سے کوئی چیز

(۱) ظاہری اسباب اختیار کرنا شرعاً مطلوب ہیں

إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلَّهِ ۖ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۖ وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُونَ ﴿٦٧﴾ وَلَمَّا دَخَلُوا مِنْ حَيْثُ

تعمیل نصیحت و دوسرا داخلہ

نہیں ہے حکم مگر اللہ کے لیے اسی پر میں نے بھروسہ کیا اور اسی پر چاہیے کہ بھروسہ کریں بھروسہ کرنے والے ۔ اور جب وہ داخل ہوئے جہاں سے

أَمَرَهُمْ أَبُوهُم مَّا كَانَ يُغْنِي عَنْهُم مِّنَ اللَّهِ مِن شَيْءٍ إِلَّا حَاجَةً فِي نَفْسِ يَعْقُوبَ قَضَاهَا ۚ

بات

ان کو حکم دیا تھا ان کے والد نے نہیں ٹال رہے تھے وہ ان سے اللہ کی طرف سے کوئی چیز مگر ایک بات یعقوب کے دل میں جسے انہوں نے پورا کیا

۸ ع ۲ وَإِنَّهُ لَذُو عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنَاهُ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٦٨﴾ ع

اور بیشک البتہ وہ صاحب علم تھے ہمارے اس کو سکھلانے کی وجہ سے مگر اکثر لوگ نہیں جانتے

وَلَمَّا دَخَلُوا عَلَىٰ يُوسُفَ آوَىٰ إِلَيْهِ أَخَاهُ ۖ قَالَ إِنِّي أَنَا أَخُوكَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوا

حال نمبر ۱۱ برادران کی حاضری در خدمت یوسفؑ — تعارف — تسلی یوسفؑ برائے بنیامین

اور جب وہ داخل ہوئے یوسف پر ٹھکانا دیا اپنے پاس اپنے بھائی کو کہا بیشک میں تیرا بھائی ہوں پس نہ تو پریشان ہو اس کارروائی پر

يَعْمَلُونَ ﴿٦٩﴾ فَلَمَّا جَهَّزَهُم بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَايَةَ فِي رَحْلِ أَخِيهِ ثُمَّ أَذَّنَ مُؤَذِّنٌ

تدبیر یوسفؑ — خدام یوسفؑ

جو یہ کرتے تھے ۔ پھر جب تیار کر دیا ان کو ان کا سامان تو ان کے ساتھ رکھ دیا پیالہ اپنے بھائی کے سامان میں پھر ایک اعلان کرنے والے نے اعلان کیا۔

أَيَّتُهَا الْعِيرُ إِنَّكُمْ لَسَارِقُونَ ﴿۷۰﴾ قَالُوا وَأَقْبَلُوا عَلَيْهِمْ مَّاذَا تَفْقِدُونَ ﴿۷۱﴾ قَالُوا نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ

کا اعلان — براداران کا مکالمہ — جواب مکالمہ از خدام

اے قافلے والو! بیشک تم البتہ چور ہو۔ انہوں نے کہا اور وہ متوجہ ہوئے ان پر کیا چیز تم گم پاتے ہو۔ انہوں نے کہا ہم گم پاتے ہیں بادشاہ کا پیمانہ

وَلِمَنْ جَاءَ بِهِ حِمْلُ بَعِيرٍ وَأَنَا بِهِ زَعِيمٌ ﴿۷۲﴾ قَالُوا تَاللَّهِ لَقَدْ عَلِمْتُمْ مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ فِي الْأَرْضِ

اعلان برائے انعام — صفائی براداران یوسفؑ

اور جو خود اس کو لائے گا اس کے لیے ایک بوجھ اونٹ کا ہوگا اور میں اس کا ذمہ دار ہوں، انہوں نے کہا اللہ کی قسم البتہ تحقیق تم جانتے ہو ہم نہیں آئے کہ فساد مچائیں زمین میں

وَمَا كُنَّا سَارِقِينَ ﴿۷۳﴾ قَالُوا فَمَا جَزَاؤُهُ إِنْ كُنْتُمْ كَاذِبِينَ ﴿۷۴﴾ قَالُوا جَزَاؤُهُ مَنْ وُجِدَ فِي

منادی کا مطالبہ برائے سزا چور — براداران کا جواب برائے سزا

اور ہم چور نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کیا ہوگا اس کا بدلہ اگر تم جھوٹے ثابت ہوئے ۔ انہوں نے کہا اس کا بدلہ جس کے سامان میں وہ چیز پائی گئی

رَحْلِهِ فَهُوَ جَزَاؤُهُ ۚ كَذَٰلِكَ نَجْزِي الظَّالِمِينَ ﴿۷۵﴾ فَبَدَأَ بِأَوْعِيَتِهِمْ قَبْلَ وِعَاءِ أَخِيهِ

کمال فراستِ یوسفی سے تفتیش پیمانہ

تو وہی اس کا بدلہ ہوگا، اسی طرح ہم بدلہ دیتے ہیں ظالموں کو ۔ پس ابتداء کی ان کے سامان سے اپنے بھائی کے سامان سے پہلے

ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا مِنْ وِعَاءِ أَخِيهِ ۚ كَذَٰلِكَ كِدْنَا لِيُوسُفَ ۖ مَا كَانَ لِيَأْخُذَ أَخَاهُ فِي دِينِ

تدبیر خداوندی ۔ نفی علم غیب از یوسف علیہ السلام

پھر نکالا اس پیمانہ کو اپنے بھائی کے سامان سے اسی طرح ہم نے تدبیر بتائی یوسف (علیہ السلام) کو نہیں تھے وہ کہ لیتے اپنے بھائی کو اس بادشاہ کے قانون میں

الْمَلِكِ إِلَّا أَنْ يَشَاءَ اللَّهُ ۚ نَرْفَعُ دَرَجَاتٍ مَّنْ نَّشَاءُ ۗ وَفَوْقَ كُلِّ ذِي عِلْمٍ عَلِيمٌ ﴿۷۶﴾ قَالُوا

براداران

مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ چاہے ہم بلند کرتے ہیں درجے جس کے ہم چاہتے ہیں اور ہر علم والے کے اوپر جاننے والا ہے۔ بھائیوں نے کہا

إِنْ يَسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ أَخٌ لَّهُ مِنْ قَبْلُ ۚ فَأَسَرَّهَا يُوسُفُ فِي نَفْسِهِ وَلَمْ يُبْدِهَا لَهُمْ ۚ قَالَ

یوسفؑ کا الزام — حضرت یوسفؑ

اگر چوری کی ہے اس نے پس تحقیق چوری کی ہے اس کے بھائی نے اس سے پہلے پس پوشیدہ رکھا اس بات کو یوسف (علیہ السلام) نے اپنے دل میں اور نہ ظاہر کیا ان کے سامنے فرمایا

أَنْتُمْ شَرٌّ مَّكَانًا ۖ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا تَصِفُونَ ﴿۷۷﴾ قَالُوا يَا أَيُّهَا الْعَزِيزُ إِنَّ لَهُ أَبًا شَيْخًا كَبِيرًا فَخُذْ

کا جواب الزام — براداران یوسفؑ کی عاجزی

تم برے ہو درجے کے لحاظ سے اور اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ تم بیان کرتے ہو۔ وہ کہنے لگے اے عزیز! بیشک اس کا باپ بہت بوڑھا ہے پس لے لے

أَحَدَنَا مَكَانَهُ ۖ إِنَّا نَرَاكَ مِنَ الْمُحْسِنِينَ ﴿۷۸﴾ قَالَ مَعَاذَ اللَّهِ أَنْ نَّأْخُذَ إِلَّا مَنْ وَّجَدْنَا مَتَاعَنَا

حضرت یوسفؑ کا جواب عاجزی

ہم میں ایک کو اس کی جگہ بیشک ہم دیکھتے آپ کو نیکی کرنے والوں میں سے۔ فرمایا اللہ کی پناہ کہ ہم لیں مگر اسی کو کہ پایا ہم نے اپنا سامان اس کے پاس

ع ۹ / ۱۲ عِنْدَهُ ۙ إِنَّا إِذًا لَّظَالِمُونَ ﴿۷۹﴾ ع

بیشک ہم اس وقت زیادتی کرنے والے ہوں گے

فَلَمَّا اسْتَيْأَسُوا مِنْهُ خَلَصُوا نَجِيًّا ۖ قَالَ كَبِيرُهُمْ أَلَمْ تَعْلَمُوا أَنَّ أَبَاكُمْ قَدْ أَخَذَ عَلَيْكُمْ

حال نمبر ۱۲ براداران یوسفؑ کا باہمی مشورہ — بڑے بھائی کا بھائیوں سے مکالمہ

پس جس وقت وہ ناامید ہو گئے اس سے تو الگ ہوئے مشورہ کرتے ہوئے تو کہا ان میں سے بڑے نے کیا تم نہیں جانتے کہ بیشک تمہارے والد نے تحقیق لیا تھا تم سے

مَّوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ وَمِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُّمْ فِيْ يُوْسُفَ ۚ فَلَنْ اَبْرَحَ الْاَرْضَ حَتّٰى يَاْذَنَ لِيْٓ

جزِ اوّل مشورہ

پختہ وعدہ اللہ تعالیٰ (کو گواہ بنا کر) اور اس سے پہلے جو کوتاہی کی تم نے یوسف (علیہ السلام) کے بارے میں پس میں ہرگز نہیں ٹلوں گا اس زمین سے یہاں تک کہ مجھے اجازت دے

اَبِيْٓ اَوْ يَحْكُمَ اللّٰهُ لِيْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿٨٠﴾ اِرْجِعُوْٓا اِلٰٓى اَبِيْكُمْ فَقُوْلُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّ ابْنَكَ

جزِ دوم مشورہ

میرا والد یا اللہ تعالیٰ فیصلہ کرے (کوئی) میرے لیے اور وہ سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔ لوٹو تم اپنے والد کی طرف پس کہو اے ہمارے ابا جان! بیشک آپ کے بیٹے نے

سَرَقَ ۚ وَمَا شَهِدْنَآ اِلَّا بِمَا عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ حٰفِظِيْنَ ﴿٨١﴾ وَسْـَٔلِ الْقَرْيَةَ الَّتِيْ

تصدیق

چوری کی ہے اور ہم نہیں گواہی دیتے مگر اس چیز کی جو ہم جانتے ہیں اور نہیں ہیں ہم غیب کی چیزوں کی حفاظت کرنے والے۔ اور آپ پوچھ لیں اس شہر والوں سے

كُنَّا فِيْهَا وَالْعِيْرَ الَّتِيْٓ اَقْبَلْنَا فِيْهَا ۭ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿٨٢﴾ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ

حضرت یعقوبؑ کا جواب اور کمال صبر

جس میں ہم تھے اور اس قافلے والوں سے جس میں ہم واپس آئے ہیں اور بیشک ہم سچے ہیں، یعقوب (علیہ السلام) نے فرمایا بلکہ بنایا ہے تمہارے لیے

اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ۭ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ۭ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَنِيْ بِهِمْ جَمِيْعًا ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿٨٣﴾

(۱) حضرت یعقوبؑ کا حسن ظنّ

تمہارے نفسوں نے ایک معاملہ پس صبر ہی اچھا ہے ممکن ہے اللہ تعالیٰ لے آئے ان سب کو میرے پاس اکٹھا بیشک وہ سب کچھ جاننے والا حکمت والا ہے

وَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰٓاَسَفٰى عَلٰي يُوْسُفَ وَابْيَضَّتْ عَيْنٰهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيْمٌ ﴿٨٤﴾

حضرت یعقوبؑ کا اعراض (۲) قدیم غم کی تازگی۔ (۳) کیفیت حضرت یعقوبؑ۔

اور منہ پھیر لیا ان سے اور کہا ہائے افسوس یوسف پر اور سفید ہوگئیں اس کی دونوں آنکھیں غم سے پس اس کا سانس رکتا تھا

قَالُوْا تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ يُوْسُفَ حَتّٰى تَكُوْنَ حَرَضًا اَوْ تَكُوْنَ مِنَ الْهٰلِكِيْنَ ﴿٨٥﴾

برادرانِ یوسفؑ کا مکالمہ برائے تسلی

انہوں نے کہا اللہ کی قسم آپ ہمیشہ رہیں گے یاد کرتے یوسف کو یہاں تک آپ ہو جائیں گے لاغر یا ہو جائیں گے آپ ہلاک ہونے والوں میں سے

قَالَ اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٨٦﴾ يٰبَنِيَّ اذْهَبُوْا

جواب مکالمہ حضرت یعقوبؑ (اندرونی دکھ کا) یوسفؑ اور

فرمایا پختہ بات ہے کہ میں شکایت کرتا ہوں اپنی پریشانی کی اور اپنے غم کی اللہ تعالیٰ کی طرف اور میں جانتا ہوں اللہ تعالیٰ کی طرف سے وہ کچھ جو تم نہیں جانتے، اے میرے بیٹو! جاؤ

فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ وَلَا تَايْـَٔسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ لَا يَايْـَٔسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ

بنیامین کی تلاش کا حکم

پس تلاش کرو تم یوسف کو اور اس کے بھائی کو اور نہ مایوس ہو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے بیشک مایوس نہیں ہوتے اللہ کی رحمت سے

اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿٨٧﴾ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلَيْهِ قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ مَسَّنَا وَاَهْلَنَا الضُّرُّ وَجِئْنَا

حال نمبر ۱۳ برادران یوسفؑ کا مصر میں تیسرا داخلہ۔ نیازمندی کا اظہار

مگر وہ جو کفر کرنے والے ہیں۔ تو جب وہ داخل ہوئے یوسف پر وہ کہنے لگے اے عزیز (مصر) پہنچی ہے ہمیں اور ہمارے گھر والوں کو تکلیف اور ہم لائے ہیں

بِبِضَاعَةٍ مُّزْجٰىةٍ فَاَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَجْزِي الْمُتَصَدِّقِيْنَ ﴿٨٨﴾

کھوٹا سرمایہ پس پورا پورا ماپ کر دیدو ہمیں اناج اور خیرات کرو ہم پر بیشک اللہ تعالیٰ بدلہ دیتا ہے خیرات کرنے والوں کو

(۱) جب حکمت کا تقاضا ہوگا تو ہم سب کو آپس میں مدد دے گا

(۲) ان کی شریعت میں یہ ایسا تھا جیسا کہ ہماری شریعت میں ہے "انا للہ وانا الیہ راجعون"

(۳) دلیل نمبر ۹ نفی علم غیب از سابق نبی یعقوب علیہ السلام اور دلیل نمبر ۱۰ سورۃ ابراھیم آیت نمبر ۳۸ ص نمبر ۲۶۹ میں دیکھیں۔

قَالَ هَلْ عَلِمْتُمْ مَّا فَعَلْتُمْ بِيُوسُفَ وَأَخِيهِ إِذْ أَنْتُمْ جَاهِلُونَ ﴿۸۹﴾ قَالُوا أَإِنَّكَ لَأَنْتَ يُوسُفُ ط

جواب عاجزی تمہید تعارف — برادران یوسف کا تعجب

فرمایا کیا تم جانتے ہو کیا برتاؤ کیا تم نے یوسف اور اس کے بھائی کے ساتھ جب تم بے خبر تھے۔ وہ کہنے لگے کیا بیشک آپ ہی یوسف ہیں

قَالَ أَنَا يُوسُفُ وَهَٰذَا أَخِي قَدْ مَنَّ اللَّهُ عَلَيْنَا ط إِنَّهُ مَنْ يَتَّقِ وَيَصْبِرْ فَإِنَّ اللَّهَ

جواب تعجب — (مزید تشخص کے لیے فرمایا)

فرمایا (ہاں) میں یوسف ہوں اور یہ میرا بھائی ہے تحقیق اللہ تعالیٰ نے ہم پر احسان کیا (کہ ہم مل گئے اور ابا کی مراد پوری ہوگئی) بیشک جو ڈرتا ہے اور صبر کرتا ہے تو بیشک اللہ

لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ ﴿۹۰﴾ قَالُوا تَاللَّهِ لَقَدْ آثَرَكَ اللَّهُ عَلَيْنَا وَإِنْ كُنَّا لَخَاطِئِينَ ﴿۹۱﴾

اقرارِ فضیلت یوسفؑ از برادران

نہیں ضائع کرتا اجر نیکی کرنے والوں کا۔ کہنے لگے اللہ کی قسم تحقیق اللہ تعالیٰ نے آپ کو ترجیح دی ہے ہم پر اور بیشک ہم البتہ خطا کار تھے

قَالَ لَا تَثْرِيبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ط يَغْفِرُ اللَّهُ لَكُمْ ز وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ﴿۹۲﴾ اذْهَبُوا بِقَمِيصِي

عام معافی کا اعلان — کُرتہ لے جانے کا حکم

فرمایا نہیں ملامت تم پر آج کے دن کچھ۔ معاف کرے اللہ تعالیٰ تمہیں اور وہ سب سے بڑھ کر شفقت کرنے والا ہے۔ لے جاؤ میری یہ قمیص

ع ۱۰ ۱۴ ٤ هَٰذَا فَأَلْقُوهُ عَلَىٰ وَجْهِ أَبِي يَأْتِ بَصِيرًا ج وَأْتُونِي بِأَهْلِكُمْ أَجْمَعِينَ ﴿۹۳﴾ ع

حال نمبر ۱۴ برادران کو حکم اہل وعیال کو مصر میں لانے کا

پھر ڈالو تم اس (قمیص) کو میرے باپ کے چہرے پر وہ آئیں گے دیکھتے ہوئے اور لاؤ تم میرے پاس اپنے گھر کے سب افراد کو

وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيرُ قَالَ أَبُوهُمْ إِنِّي لَأَجِدُ رِيحَ يُوسُفَ ط لَوْلَا أَنْ تُفَنِّدُونِ ﴿۹۴﴾ قَالُوا تَاللَّهِ

مصر سے قافلے کی روانگی — حضرت یعقوب کا مکالمہ (۱) — مخاطبین کا

اور جب جدا ہوا قافلہ کہا ان کے والد نے بیشک میں البتہ پاتا ہوں یوسف کی خوشبو اگر تم مجھے بوڑھا بے عقل نہ کہو۔ کہنے لگے اللہ کی قسم

إِنَّكَ لَفِي ضَلَالِكَ الْقَدِيمِ ﴿۹۵﴾ فَلَمَّا أَنْ جَاءَ الْبَشِيرُ أَلْقَاهُ عَلَىٰ وَجْهِهِ فَارْتَدَّ بَصِيرًا ج ط

استبعاد اجواب مکالمہ — محبت — مبشر کی آمد تردید استبعاد۔

بیشک آپ پرانی محبت میں مبتلا ہیں، پھر جس وقت آیا خوشخبری سنانے والا ڈالا اس قمیص کو اپنے والد کے چہرے پر تو وہ لوٹ آئے بینا ہو کر

قَالَ أَلَمْ أَقُلْ لَكُمْ ج إِنِّي أَعْلَمُ مِنَ اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿۹۶﴾ قَالُوا يَا أَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا

حضرت یعقوبؑ کا بیٹوں سے مکالمہ — برادران یوسفؑ کی اپنی غلطی پر معافی

فرمایا کیا میں نے نہیں کہا تھا تمہیں بیشک میں جانتا ہوں اللہ کی طرف سے جو تم نہیں جانتے۔ کہنے لگے اے ہمارے ابا جان! معافی مانگ ہمارے لیے

ذُنُوبَنَا إِنَّا كُنَّا خَاطِئِينَ ﴿۹۷﴾ قَالَ سَوْفَ أَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّي ط إِنَّهُ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ﴿۹۸﴾ فَلَمَّا

کی درخواست — جواب درخواست اور وعدہ — حال نمبر ۱۵ مصر میں

ہمارے گناہوں کی بیشک ہم قصوروار تھے، فرمایا عنقریب میں بخشش مانگوں گا تمہارے لیے اپنے رب سے بیشک اللہ تعالیٰ ہی بخشنے والا مہربان ہے۔ پس جب

دَخَلُوا عَلَىٰ يُوسُفَ آوَىٰ إِلَيْهِ أَبَوَيْهِ وَقَالَ ادْخُلُوا مِصْرَ إِنْ شَاءَ اللَّهُ آمِنِينَ ﴿۹۹﴾ ط

چوتھا داخلہ مع حضرت یعقوبؑ واہل وعیال واستقبال

وہ داخل ہوئے یوسف (علیہ السلام) کے پاس تو انہوں نے جگہ دی اپنے پاس اپنے والدین کو اور فرمایا داخل ہو مصر میں اگر اللہ نے چاہا پرامن

وَرَفَعَ أَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ وَخَرُّوا لَهُ سُجَّدًا ج وَقَالَ يَا أَبَتِ هَٰذَا تَأْوِيلُ رُؤْيَايَ

تعظیم والدین — حضرت یوسفؑ کا مکالمہ تفصیلی

اور بلند کیا اپنے والدین کو تخت پر اور وہ جھک گئے ان کے سامنے سجدہ کرتے ہوئے اور کہا یوسف (علیہ السلام) نے اے میرے ابا جان! یہ ہے تعبیر میرے خواب کی۔

(۱)
شیخ سعدیؒ گلستان کے دوسرے باب میں لکھتے ہیں

یکے پرسید ازاں گم کردہ فرزند
کہ اے روشن گہر پیر خردمند
زمصرش بوئے پیراہن شنیدی
چرا در چاہِ کنعانش ندیدی

یعنی ایک شخص نے حضرت یعقوب علیہ السلام سے دریافت کیا کہ اے روشن ذات عقلمند پیر یہ کیا بات تھی کہ مصر سے یوسف علیہ السلام کے قمیص کی بو آپ نے سونگھ لی، لیکن کنعان کے کنویں میں جو آپ سے زیادہ دور نہیں تھا، آپ یوسف علیہ السلام کو نہ دیکھ سکے۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کا پر مغز معرفت بھرا جواب فرمایا:

بگفت احوال ما برق جہان است۔ دمے پیدا و دیگر دم نہاں است۔ گہے برطارم اعلیٰ نشینم۔ گہے بر پشت پائے خود نہ بینم۔

کہ ہمارے احوال کوندنے والی بجلی کی طرح ہیں، ایک سانس میں ظاہر اور دوسرے سانس میں پوشیدہ ہو جاتے ہیں کبھی ہم اونچی اناؤں پر بیٹھتے ہیں یعنی مقامات عالیہ حاصل کر لیتے ہیں اور عرش تک کی خبر لے آتے ہیں اور کبھی اپنے پاؤں کی پشت بھی نہیں دیکھ سکتے عروج ہوتا ہے تو ایسا اور نزول ہوتا ہے تو ایسا ہمارے اختیار میں کچھ بھی نہیں ہے۔

مِنْ قَبْلُ ۫ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّيْ حَقًّا ۭ وَقَدْ اَحْسَنَ بِيْٓ اِذْ اَخْرَجَنِيْ مِنَ السِّجْنِ وَجَاۗءَ بِكُمْ

لطیف تدبیرات

جو اس سے پہلے میں نے دیکھا تھا بیشک کر دیا ہے اس کو میرے رب نے سچا اور تحقیق اس نے احسان کیا میرے ساتھ جس وقت نکالا مجھے قید خانے سے اور لایا وہ تمہیں

مِّنَ الْبَدْوِ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ نَّزَغَ الشَّيْطٰنُ بَيْنِيْ وَبَيْنَ اِخْوَتِيْ ۭ اِنَّ رَبِّيْ لَطِيْفٌ لِّمَا يَشَاۗءُ ۭ

دیہات سے بعد اس کے کہ جھگڑا ڈال دیا شیطان نے میرے اور میرے بھائیوں کے درمیان بیشک میرا رب باریک تدبیر کرنے والا ہے جس کام کے لیے چاہتا ہے

اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝١٠٠ رَبِّ قَدْ اٰتَيْتَنِيْ مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِيْ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ۚ

وجوہ مصالح داستان، کنواں، جیل عزیز مصر کے گھر میں تربیت اقتدار تک۔ حضرت یوسفؑ کی عاجزی واشتیاق موت

بیشک اللہ تعالیٰ ہی جاننے والا حکمت والا ہے۔ اے میرے رب! تحقیق دی آپ نے مجھے کچھ حکومت اور آپ نے مجھے سکھایا خوابوں کو ٹھکانے لگانے کا طریقہ

فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۣ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ

(اختتام داستان، دعا حسن خاتمہ)

اے پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمین کے! آپ میرے کارساز ہیں دنیا و آخرت میں مجھے وفات دینا اسلام کی حالت میں اور مجھے ملا دینا۔

بِالصّٰلِحِيْنَ ۝١٠١ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَاۗءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ۚ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ اَجْمَعُوْٓا

داستانِ یوسفؑ کے ضمن میں اثبات رسالت خاتم الانبیاء۔ (۱) نفی علم غیب از خاتم الانبیاء (۲) (۳) کنویں

نیک لوگوں کے ساتھ۔ یہ غیب کی خبروں میں سے ہے ہم اس کو وحی کر رہے ہیں آپ کی طرف اور آپ ان کے پاس نہیں تھے جب اتفاقی طور پر طے کی

اَمْرَهُمْ وَهُمْ يَمْكُرُوْنَ ۝١٠٢ وَمَآ اَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِيْنَ ۝١٠٣ وَمَا تَسْـَٔــلُهُمْ

نہیں (۴) بے لوث تبلیغ

انہوں نے اپنی بات اور وہ تدبیریں کر رہے تھے۔ اور نہیں ہیں اکثر لوگ اگرچہ آپ حریص ہوں ان کے ایمان لانے پر۔ اور نہیں آپ ان سے مانگتے

ع ۱۱ / ۵ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝١٠٤ۧ

اس پر کوئی اجرت۔ نہیں ہے وہ مگر نصیحت جہان والوں کے لیے

وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ ۝١٠٥

تذکیر بایام اللہ سے دعوتِ توحید

اور کتنی نشانیاں ہیں آسمانوں اور زمین میں وہ گزرتے ہیں ان پر حالانکہ وہ اس سے منہ پھیرنے والے ہوتے

وَمَا يُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ مُّشْرِكُوْنَ ۝١٠٦ اَفَاَمِنُوْٓا اَنْ تَاْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ مِّنْ

کیفیت منکرینِ توحید (۵) تخویفِ دنیوی

اور نہیں ایمان لاتے ان کے اکثر اللہ تعالیٰ پر مگر اس حال میں کہ وہ شریک ٹھہرانے والے ہیں، کیا بے غم ہوگئے وہ کہ آئے ان پر کوئی محیط آفت

عَذَابِ اللّٰهِ اَوْ تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝١٠٧ قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا

تخویف اُخروی — فرائض خاتم الانبیاءؑ سے دعوت توحید

اللہ کے عذاب سے یا آئے ان کے پاس اچانک قیامت اور وہ شعور بھی نہ رکھتے ہوں۔ آپ کہہ دیجئے یہ میرا راستہ ہے میں بلاتا ہوں

اِلَى اللّٰهِ ڢ عَلٰي بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ ۭ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝١٠٨

ورسالت مکرر برائے اہتمام حجت

اللہ کی طرف میں بصیرت پر ہوں اور وہ بھی جنہوں نے میری پیروی کی اور اللہ کی ذات پاک ہے اور میں شرک کرنے والوں میں سے نہیں

وقف النبی علیہ الصلوٰۃ والسلام

(۱)
دلیل نمبر ۱۴ نفی علم غیب از خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم اور دلیل نمبر ۱۵ سورۃ رعد آیت نمبر ۴۰ ص نمبر ۲۶۳ میں دیکھیں

(۲)
دلیل نمبر ۱۶ انبیاء سابقین کے دور میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم حاضر وناظر نہ تھے اور آپ کو یہی خبر وحی کے ذریعہ دی گئی تھی۔ اور دلیل نمبر ۷ سورۃ قصص آیت نمبر ۴۴ ص ۳۹۹ میں دیکھیں۔ علم غیب عطائی پر استدلال بقیہ ضمیمہ ص ۲۵۹ میں دیکھیں

(۳)
دلیل نمبر ۱۸ قرآن کریم کے منجانب اللہ نازل ہونے پر، اور دلیل نمبر ۱۹ سورۃ ابراہیم آیت ا ص ۲۶۴ میں دیکھیں۔

(۴)
تسلی خاتم الانبیاء آپ نے وحی کے ذریعہ یوسف علیہ السلام کا قصہ بھی بتا دیا مگر پھر بھی ایمان نہ لائے تسلی دی کہ آپ غمگین نہ ہوں۔

(۵)
سب کو یہ مسلّم ہے کہ معبود وہی ہے۔ کم ہیں جو سمجھتے ہیں کہ مقصود وہی ہے۔ کلمہ اور نمازیں پڑھنے والوں مشرکوں کا عقیدہ بھی ملاحظہ فرمائیں:
امداد کن امداد کن از بند غم آزاد کن
در دین و دنیا شاد کن یا شیخ عبدالقادر

ـــــ۱ اس آیت کی تفسیر میں سب سے آسان بات حضرت مفتی شفیعؒ نے معارف القرآن میں تفسیر مظہری کے حوالہ سے لکھی ہے وہاں ملاحظہ فرمائیں

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى ؕ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ

ازالہ شبہ — تذکیر بایام اللہ سے تخویف دُنیوی

اور نہیں بھیجا ہم نے آپ سے پہلے مگر مردوں کو ہم ان کی طرف وحی بھیجتے تھے بستی کے رہنے والوں میں سے ، کیا پس وہ چلے پھرے نہیں زمین میں

فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اتَّقَوْا ؕ

پھر وہ دیکھتے کہ کیسا انجام ہوا ان لوگوں کا جوان سے پہلے گزرے اور البتہ آخرت کا گھر بہتر ہے ان لوگوں کے لیے جنہوں نے تقوی اختیار کیا

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰۹﴾ حَتّٰٓى اِذَا اسْتَيْئَسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا جَآءَهُمْ

تاخیر نصرت کی کیفیت کا بیان ـــ۱

کیا پس تم سمجھتے نہیں ہو ۔ یہاں تک کہ جب ناامید ہوگئے رسول اور خیال کیا ان (رسولوں) نے کہ تحقیق وہ جھٹلائے گئے تو آگئی ان کے پاس

نَصْرُنَا ۙ فَنُجِّيَ مَنْ نَّشَآءُ ؕ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُنَا عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۱۰﴾ لَقَدْ كَانَ فِيْ

انبیاء وامم سابقہ کی

ہماری مدد پس نجات دی گئی ان لوگوں کو جن کو ہم نے چاہا اور نہیں ہٹایا جاتا ہمارا عذاب مجرم قوم سے۔ البتہ تحقیق ان کے

قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ؕ مَا كَانَ حَدِيْثًا يُّفْتَرٰى وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ

داستانوں میں سامان عبرت۔ — صداقت قرآن

واقعات میں عبرت ہے عقل مندوں کے لیے اور نہیں ہے یہ قرآن ایسی بات جو گھڑی گئی ہو اور لیکن تصدیق ہے ان کتابوں کی

١٢ ع ٧ ٦ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

(۳) (۲) (۱)

جو اس سے پہلے آچکی ہیں اور تفصیل ہے ہر چیز کی اور ہدایت ہے اور رحمت ہے ان لوگوں کے لیے جو ایمان رکھتے ہیں ۔

سُوْرَةُ الرَّعْدِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ ثَلٰثٌ وَّاَرْبَعُوْنَ اٰيَةً وَّسِتُّ رُكُوْعَاتٍ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورہ رعد

ترتیب تلاوت ۱۳، ترتیب نزول ۹۶، آیات ۴۳، رکوعات ۶ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓمّٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ ؕ وَالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ

صداقت قرآن

المر : یہ آیتیں ہیں کتاب کی اور جو اتار گیا آپ کی طرف آپ کے رب کی طرف سے بالکل سچ (ہے) لیکن اکثر لوگ

لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ

توحید خداوندی پر عقلی دلائل علویات

ایمان نہیں لاتے، اللہ کی ذات وہ ہے جس نے بلند کیا آسمانوں کو بغیر ستونوں کے تم ان کو دیکھتے ہو پھر قصد کیا عرش پر

وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ

اور کام پر لگا دیا سورج اور چاند کو ہر ایک چل رہا ہے مقرر وقت کے لیے وہ تدبیر کرتا ہے ہر کام کی کھول کھول کر بیان کرتا ہے آیات

لَعَلَّكُمْ بِلِقَآءِ رَبِّكُمْ تُوْقِنُوْنَ ﴿۲﴾ وَهُوَ الَّذِيْ مَدَّ الْاَرْضَ وَجَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْهٰرًا ؕ

توحید خداوندی پر عقلی دلائل سفلیات

تاکہ تم اپنے رب کی ملاقات کا یقین کرو۔ اور وہی ہے جس نے زمین کو پھیلایا اور بنائے اس میں پہاڑ اور دریا

موضوع سورۃ :(۱) آفتاب نبوت کے طلوع ہونے کے بعد بھی بعض ہستیاں منوّر نہیں ہوتیں بلکہ اپنے کفر وضلالت کی ظلمت میں محجوب رہتی ہیں

(۲) دین حق کی بنیادی تعلیمات توحید، رسالت، اور معاد میں بصیرت پیدا کرو۔

(۱)
اہل بدعت کے لیے مختصر جواب لفظ کل تین مقام پر ہے۔ نمبر ایک یہی آیت نمبر ۲ سورۃ نحل آیت نمبر ۸۹ اور سورۃ انعام آیت نمبر ۳۸ میں دیکھیں

(۲)
فریق مخالف کے جواب کے لیے تفصیلی جواب اگرچہ لفظ "کل" اپنے لغوی مفہوم کے لحاظ سے عام ہے لیکن استعمال کے لحاظ سے "کل" بعض اور عموم و خصوص دونوں کے لیے برابر آتا ہے مگر داخلی وخارجی قرائن کا محتاج ہوتا ہے۔ چنانچہ اس پر ۸ دلائل یاد رکھیں، دلیل نمبر ۱ سورۃ بقرہ آیت نمبر ۲۶۰ ص ۵۰ میں دیکھیں۔

(۳)
اور معنیٰ وتفصیلُ کلِّ شیئٍ کاما یحتاجُ العباد الیہ من الحلالِ و الحرامِ والامر و النہی : معالم ص ۔ ۷۰۰ ج ۲ بقیہ ضمیمہ ص ۶۵۸ میں دیکھیں

وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِيْهَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ يُغْشِى الَّيْلَ النَّهَارَ ؕ اِنَّ فِىْ

اور ہر طرح کے پھل اور بنایا اس میں (ہر پھل کا) جوڑا جوڑا وہ ڈھانپتا ہے رات کودن پر بیشک اس میں

ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝ وَفِى الْاَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ وَّجَنّٰتٌ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّزَرْعٌ

اقسام ارض سے قدرت باری کا اثبات ایک دوسرے کے ساتھ ملے ہوئے

البتہ نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو غوروفکر کرتے ہیں ۔اور زمین میں ٹکڑے ہیں قریب قریب اور باغات انگوروں کے اور کھیت

وَّنَخِيْلٌ صِنْوَانٌ وَّغَيْرُ صِنْوَانٍ يُّسْقٰى بِمَآءٍ وَّاحِدٍ قف وَنُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ

ایک تنے سے نکلے ہوئے اور الگ الگ بھی

اور کھجور جڑ ملے ہوئے اور نہ جڑ ملے ہوئے سیراب کیے جاتے ہیں ایک (ہی) پانی سے اور فوقیت دیتے ہیں ہم ان کے ایک کو دوسرے پر

فِى الْاُكُلِ ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝ وَاِنْ تَعْجَبْ فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ ءَاِذَا

منکرین قیامت کا شکوہ

پھل میں بیشک اس میں البتہ نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو سمجھتے ہیں۔ اور اگر آپ تعجب کریں تو تعجب ہے ان کی اس بات پر کہ کیا جب

كُنَّا تُرٰبًا ءَاِنَّا لَفِىْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ الْاَغْلٰلُ فِىْٓ

وعید کیفیت منکرین قیامت

ہم مٹی ہوجائیں گے، کیا ہم نئی پیدائش میں پیدا کیے جائیں گے، یہی لوگ ہیں جنہوں نے کفر کیا اپنے رب کے ساتھ اور یہی لوگ ہیں طوق ہوں گے

اَعْنَاقِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالسَّيِّئَةِ

مطالبہ معاندین نتیجہ

ان کی گردنوں میں اور یہی لوگ ہیں دوزخ والے وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور وہ آپ سے جلدی مطالبہ کرتے ہیں برائی کا

قَبْلَ الْحَسَنَةِ وَقَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمُ الْمَثُلٰتُ ؕ وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ

ترغیب منکرین قیامت کے لیے استدراج

بھلائی سے پہلے حالانکہ گزر چکی ہیں ان سے پہلے عبرت ناک سزائیں اور بیشک تیرا رب بخشنے والا ہے لوگوں کی

عَلٰى ظُلْمِهِمْ ۚ وَاِنَّ رَبَّكَ لَشَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ

منکرین رسالت کا شکوہ ترہیب

ان کی زیادتیوں پر اور بیشک تیرا رب البتہ سخت سزا والا ہے ۔ اور کہتے ہیں وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا کیوں نہیں اتاری گئی اس پر

ع ۱ ۷ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ۝

جواب شکوہ۔ تسلی خاتم الانبیاء(۱)

کوئی نشانی اس کے رب کی طرف سے بیشک آپ ڈرانے والے ہیں اور ہر قوم کے لیے کوئی راہ نما ہے۔

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَكُلُّ شَىْءٍ عِنْدَهٗ

(۲) حصر علم الغیب فی ذات باری تعالیٰ دلیل نمبر ۱۴، اور دلیل نمبر ۱۵ یہی سورۃ رعد آیت نمبر ۹ ص نمبر ۲۵۸ میں دیکھیں وسعت علم باری

اللہ ہی جانتا ہے اس چیز کو جو اٹھاتی ہے ہر مادہ اور جو کم ہوتے ہیں رحم اور جو زیادہ ہوتے ہیں اور ہر چیز اس کے نزدیک

بِمِقْدَارٍ ۝ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ۝ سَوَآءٌ مِّنْكُمْ مَّنْ اَسَرَّ

برتر

دلیل نمبر ۱۵ علم غیب خاصہ خداوندی ہے اور دلیل ۱۶ سورۃ حجر آیت نمبر ۲۱ ص ۲۷۲ میں دیکھیں وسعت علم باری

ایک مقدار کے ساتھ ہے، وہ جاننے والا ہے غیب کو اور حاضر کو وہ بہت بڑی ذات ہے اور بہت بلند ہے۔ برابر ہے تم سے وہ شخص جو آہستہ

(۱) انك لا تهدى من احببت ولكن الله يهدى من يشاء۔ نمبر(۲) وما ارسلنك من قبلك الا رجالاً نمبر(۳) قل يايها الناس انى رسول الله اليكم جميعا۔ یہاں یہ بات یاد رکھیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے جس قدر انبیاء علیہم السلام کی تشریف آوری ہوئی ہے ان پر اجمالاً ایمان رکھنا ضروری ہے البتہ جن کے اسماء قطعی دلائل سے ثابت ہیں ان پر ایمان رکھنا قطعیت کے ساتھ ضروری ہے اور کسی شخص کو بغیر دلیل قطعی کے نبی مان لینا ویسا ہی ہے جیسا کہ سچے نبی کو جھٹلا دینا ہے۔

(۲) عربی کا قاعدہ ہے کہ فعل پہلے ہوتا ہے فاعل بعد میں ہوتا ہے جیسے ضَرَبَ زَیْدٌ مارا زید نے لیکن جب فاعل فعل سے پہلے آجائے تو حصر کا فائدہ دیتا ہے۔ یعنی بندش کا مثلاً زَیْدٌ ضَرَبَ تو اس کا معنی ہوگا کہ زید نے ہی مارا ہے تو مارنا زید میں بند ہوگیا۔ یا یوں کہیں: یہاں پر آیت کریمہ کی ابتداء جملہ اسمیہ سے ہے، جملہ اسمیہ کے معنی میں دوام ہوتا ہے۔ جبکہ جملہ فعلیہ کے معنی میں حدوث ہوتا ہے۔ یہاں اللہ یعلم میں حصر ہے معنی ہوگا اللہ ہی جانتا ہے۔ وما تغیض الارحام الخ سے مراد مدت حمل نو ماہ سے کم زیادہ ہوسکتی ہے۔

ے ماغاب عن المخلوق

الْقَوْلَ وَمَنْ جَهَرَ بِهٖ وَمَنْ هُوَ مُسْتَخْفٍۭ بِالَّيْلِ وَسَارِبٌۢ بِالنَّهَارِ ﴿۱۰﴾ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ

چلنے — محافظتِ باری تعالیٰ

بات کرتا ہے۔ اور وہ شخص جس نے بلند آواز میں بات کی اور وہ شخص جو چھپا ہوا ہے رات کو اور جو چلنے والا ہے دن میں۔ اس کے لیے باری باری آنے والے فرشتے ہیں

مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى

اجتماعی اصلاح (۱) قوموں کا عروج وزوال اجتماعی طور پر ہوتا ہے

جو (انسان کے) آگے سے اور اس کے پیچھے سے اس کی حفاظت کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کے حکم سے بیشک اللہ تعالیٰ نہیں بدلتا اس حالت کو جو کسی قوم کی ہے یہاں تک

يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاِذَاۤ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْٓءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ

نہ افراد واشخاص سے (عثمانی) — مختاریت باری تعالیٰ — پھیرنے والا — نفی شفیع قہری

کہ وہ بدلیں جو کچھ ان کے نفسوں میں ہے اور جس وقت ارادہ کرتا ہے اللہ تعالیٰ کسی قوم کے بارے میں تکلیف کا پس نہیں ٹلنا ہے اس تکلیف کو اور نہیں ہے ان کے لیے اللہ تعالیٰ کے سوا

مِنْ وَّالٍ ﴿۱۱﴾ هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّيُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ ۚ ﴿۱۲﴾

کارساز — توحید خداوندی پر عقلی دلیل

کوئی بچانے والا۔ وہی ہے وہی اللہ دکھاتا ہے تمہیں بجلی ڈرانے اور امید دلانے کے لیے اور وہ اٹھاتا ہے بادل بھاری

وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ ۚ وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيْبُ بِهَا

مشاغل ملائکہ — (زید بن ربیعہ کافر) کمال قدرت کا بیان

اور پاکی بیان کرتا ہے رعد (فرشتہ) اس کی حمد کے ساتھ اور (دیگر اعوان) فرشتے اس کے ڈر سے اور وہ بھیجتا ہے کڑک پس وہ پہنچاتا ہے اس کو

مَنْ يَّشَآءُ وَهُمْ يُجَادِلُوْنَ فِي اللّٰهِ ۚ وَهُوَ شَدِيْدُ الْمِحَالِ ﴿۱۳﴾ ؕ لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ ؕ وَالَّذِيْنَ

قوت والا ناممکن چھوٹ — دعوت حق کا بیان — غیر اللہ کے آگے سرخم کرنا بے اثر ہے

جس پر وہ چاہتا ہے، اور وہ جھگڑا کر رہے ہیں اللہ تعالیٰ کے بارے میں اور وہ سخت پکڑنے والا ہے۔ اسی کے لیے سچی پکار ہے اور وہ جو

يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُمْ بِشَيْءٍ اِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ اِلَى الْمَآءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ

اس کے سوا کو پکارتے ہیں وہ ان کو جواب نہیں دے سکتے کچھ بھی مگر اپنی ہتھیلیوں کو پھیلانے والے کی طرح پانی کی طرف تا کہ وہ اس کے منہ تک پہنچ جائے

وَمَا هُوَ بِبَالِغِهٖ ؕ وَمَا دُعَآءُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۱۴﴾ وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ

نتیجہ نداء غیر اللہ — عظمتِ خداوندی سے حصر السجدۃ فی ذات باری کا بیان

حالانکہ وہ نہیں ہے اس کے منہ کو پہنچنے والا اور نہیں ہے کافروں کا پکارنا مگر گمراہی میں۔ اور اللہ ہی کو سجدہ کرتے ہیں جو آسمانوں

وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ﴿۱۵﴾ السجدۃ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ

السجدۃ ۲

طریق مناظرہ

اور زمین میں ہیں خوشی (مؤمن) اور ناخوشی سے (منافق) اور ان کے سائے (بھی سرخم ہیں) صبح اور شام، پوچھئے کون ہے رب آسمانوں اور زمین کا

وَالْاَرْضِ ؕ قُلِ اللّٰهُ ؕ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءَ لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا

جواب — فریضہ تنبیہ — عجز ماسوا اللہ

آپ جواب دیجئے اللہ آپ کہہ دیجئے کیا پھر تم نے بنا لیا اس کے سوا کو کارساز جو نہیں اختیار رکھتے اپنے لیے کسی نفع کے

وَّلَا ضَرًّا ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ اَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ ۚ

مشرک وموحّد کے درمیان عدم مساوات مثال نمبر ۱، نمبر ۲

اور نہ کسی نقصان کے، آپ ان سے پوچھئے کیا برابر ہوسکتا ہے اندھا اور بینا اور کیا برابر ہوسکتی تاریکیاں اور روشنی

(۱) جواب (۳) ایمان نہ لانے کا قصور خود کفار کا ہے۔ سورۃ ھود آیت نمبر ۲۸ ص نمبر ۲۳۳ دیکھیں۔

أَمْ جَعَلُوا لِلَّهِ شُرَكَاءَ خَلَقُوا كَخَلْقِهِ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ ۚ قُلِ اللَّهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ

طریق مناظرہ — جواب — حصر الخالقیت باری تعالیٰ

کیا بنا لیے ہیں انہوں نے اللہ کے لیے ایسے شریک جنہوں نے پیدا کیا ہے اللہ کے پیدا کرنے کی طرح تو مشتبہ ہوگئی مخلوق ان پر آپ کہہ دیجئے اللہ ہر چیز کو پیدا کرنے والا ہے

وَهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿١٦﴾ أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَسَالَتْ أَوْدِيَةٌ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ

حق و باطل کی دو مثالوں سے دعوت توحید نمبرا (۱)

اور وہ اکیلا سب (مخلوقات) کو مغلوب رکھنے والا ہے۔ اتارا اس نے آسمان سے پانی تو بہہ پڑے نالے اپنے ظرف کے مطابق پس اوپر لے آیا سیلاب

زَبَدًا رَابِيًا ۚ وَمِمَّا يُوقِدُونَ عَلَيْهِ فِي النَّارِ ابْتِغَاءَ حِلْيَةٍ أَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِثْلُهُ ۚ كَذَٰلِكَ

نمبر۲، گرم کرتے ہیں

جھاگ پھولا ہوا اور اس چیز سے جس کو یہ گرم کرتے ہیں آگ میں زیور یا سازو سامان کی تلاش کے لیے جھاگ (آتا) ہے اسی طرح

يَضْرِبُ اللَّهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ ۚ فَأَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَاءً ۖ وَأَمَّا مَا يَنْفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ

تکمیل مثال

بیان کرتا ہے اللہ تعالیٰ حق اور باطل کو پس بہرحال جو جھاگ ہے پھر وہ چلا جاتا ہے خشک ہو کر اور بہرحال وہ چیز جو نفع دیتی ہے لوگوں کو تو وہ ٹھہر جاتی ہے

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

فِي الْأَرْضِ ۚ كَذَٰلِكَ يَضْرِبُ اللَّهُ الْأَمْثَالَ ﴿١٧﴾ لِلَّذِينَ اسْتَجَابُوا لِرَبِّهِمُ الْحُسْنَىٰ ۚ وَالَّذِينَ

شفقت خداوندی — نتیجہ مومنین — جنت — نتیجہ

زمین میں اسی طرح بیان کرتا ہے اللہ تعالیٰ مثالیں ۔ان لوگوں کے لیے جنہوں نے اپنے رب کے حکم کو قبول کیا ان کے لیے بھلائی ہے اور وہ لوگ

لَمْ يَسْتَجِيبُوا لَهُ لَوْ أَنَّ لَهُمْ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا وَمِثْلَهُ مَعَهُ لَافْتَدَوْا بِهِ ۚ أُولَٰئِكَ

منکرین

جنہوں نے رب کے حکم کو قبول نہیں کیا اگر بیشک ان کے لیے ہو جو کچھ زمین میں ہے سارا اور اس جیسا اس کے ساتھ اور بھی ہو البتہ وہ فدیہ دے دیں اس کے ساتھ یہی لوگ ہیں

۲ ع ۸ النصف

لَهُمْ سُوءُ الْحِسَابِ وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ ۖ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿١٨﴾ ع

عذاب عسیر

ان کے لیے برا حساب ہے اور ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے اور وہ بہت ہی برا ٹھکانہ ہے۔

أَفَمَنْ يَعْلَمُ أَنَّمَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ أَعْمَىٰ ۚ إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُولُو الْأَلْبَابِ ﴿١٩﴾

اہل حق و باطل کے درمیان تفاوت — قبولیت نصیحت

کیا پس جو شخص یہ جانتا ہے کہ جو کچھ اتارا گیا ہے آپ کی طرف آپ کے رب کی طرف سے بالکل سچ ہے، کیا وہ اس شخص کی مانند ہو سکتا ہے جو اندھا ہے؟ یقیناً نصیحت حاصل کرتے ہیں عقلمند لوگ

الَّذِينَ يُوفُونَ بِعَهْدِ اللَّهِ وَلَا يَنْقُضُونَ الْمِيثَاقَ ﴿٢٠﴾ وَالَّذِينَ يَصِلُونَ مَا أَمَرَ اللَّهُ بِهِ أَنْ

عقلمندوں کے اوصاف نمبرا — نمبر۲ — نمبر۳، ملاتے ہیں اس چیز کو

جو لوگ پورا کرتے ہیں اللہ کے عہد کو اور وہ نہیں توڑتے پختہ عہد کو ۔اور وہ جو جوڑتے ہیں اس کو کہ اللہ نے حکم دیا ہے اس کے بارے میں کہ

يُوصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُونَ سُوءَ الْحِسَابِ ﴿٢١﴾ وَالَّذِينَ صَبَرُوا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ

نمبر۴ جلال خداوندی — نمبر۵ — نمبر۶

جوڑا جائے اور وہ ڈرتے ہیں اپنے رب سے اور خوف کھاتے ہیں برے حساب کا ۔اور وہ جنہوں نے صبر کیا چاہتے ہیں اپنے رب کی خوشنودی

وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَنْفَقُوا مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ سِرًّا وَعَلَانِيَةً وَيَدْرَءُونَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ

نمبر۷ — نمبر۸ — نمبر۹ — (۲) اوقات

اور انہوں نے نماز کا اہتمام کیا اور انہوں نے خرچ کیا اس میں سے جو روزی دی ہم نے ان کو پوشیدہ اور ظاہراً اور وہ ہٹاتے ہیں بھلائی کے ذریعہ برائی کو

(۱) خرد دیکھے اگر دل کی نگہ سے
جہاں روشن ہو نور لا الہ سے

(۲) بدی کا جواب اچھائی سے

أُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ۝٢٢ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ

نتائج — تین عظیم انعامات کی بشارت نمبر۱ — نمبر۲

یہی لوگ ہیں ان کے لیے آخرت کا گھر ہے۔ ہمیشہ رہنے کے باغات وہ ان میں داخل ہوں گے، اور جو نیک ہوئے ان کے باپ دادا اور ان کی بیویاں

وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ۝٢٣ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ

نمبر۳ — فرشتوں کا پیغام

اور ان کی اولاد میں سے اور فرشتے آئیں گے ان کے پاس ہر دروازے سے۔ (کہیں گے) سلامتی ہو تم پر اس لیے کہ تم نے صبر کیا

فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ۝٢٤ وَالَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ

(۱) نافرمانوں کے اوصاف ثلاثہ نمبر۱ — نمبر۲

پس کتنا اچھا آخرت کا گھر ہے، اور جو لوگ توڑتے ہیں اللہ کے عہد کو اس کو مضبوط کرنے کے بعد اور کاٹتے ہیں

مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِى الْاَرْضِ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ

نمبر۳ — نتیجہ

اس کو کہ اللہ نے حکم دیا ہے کہ اس کو جوڑا جائے اور فساد کرتے ہیں زمین میں یہی لوگ ان کے لیے لعنت ہے اور ان کے لیے

سُوْٓءُ الدَّارِ ۝٢٥ اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ وَفَرِحُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَمَا الْحَيٰوةُ

ازالہ شُبہ (۲)

برا گھر ہے، اللہ کشادہ کرتے ہیں روزی جس کے لیے چاہتے ہیں اور تنگ کرتے ہیں اور خوش ہوگئے وہ دنیوی زندگی پر اور نہیں ہے

۳ ع۴ ۹

الدُّنْيَا فِى الْاٰخِرَةِ اِلَّا مَتَاعٌ ۝٢٦

دنیا کی زندگی آخرت کے مقابلہ میں مگر (چندروز) برتنے کا سامان۔

وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ

منکرین کا شکوہ تکبراً وعناداً — جواب شکوہ حاکمانہ، ایمان معجزہ پر موقوف نہیں بلکہ مشیت الٰہی پر موقوف ہے

اور کہتے ہیں وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا کیوں نہیں اتاری گئی اس پر کوئی نشانی اس کے رب کی طرف سے؟ آپ کہہ دیجئے بیشک اللہ گمراہ کرتا ہے جس کو

يَّشَآءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ اَنَابَ ۝٢٧ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ

تشریح منیب اور ان کے اوصاف نمبر۱، نمبر۲ — (۳)

وہ چاہتا ہے اور ہدایت دیتا ہے اپنی طرف اس کو جو (دل سے) متوجہ ہوا۔ وہ لوگ جو ایمان لائے اور مطمئن ہیں ان کے دل اللہ کے ذکر سے

اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۝٢٨ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ ۝٢٩

مطمئن قلوب کا بیان — نتیجہ مؤمنین

توجہ سے سن لو اللہ کے ذکر سے ہی دل مطمئن ہوتے ہیں، جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال کیے ان کے لیے خوشحالی ہے اور بہترین لوٹنے کی جگہ ہے

كَذٰلِكَ اَرْسَلْنٰكَ فِيْٓ اُمَّةٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهَآ اُمَمٌ لِّتَتْلُوَاْ عَلَيْهِمُ الَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ

تذکیر بایام اللہ سے اثبات رسالت خاتم الانبیاء — فریضہ خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم

اسی طرح بھیجا ہم نے آپ کو ایسی قوم میں تحقیق گزر چکی ہیں اس سے پہلے بہت سی قومیں تا کہ پڑھ کر سنائیں آپ ان کو وہ (کتاب) جو وحی کی ہم نے

اِلَيْكَ وَهُمْ يَكْفُرُوْنَ بِالرَّحْمٰنِ قُلْ هُوَ رَبِّيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ مَتَابِ ۝٣٠

فریضہ خاتم الانبیاء سے حصر الالوہیت کا بیان — (رحمٰن تک جانا ہے)

آپ کی طرف اور وہ انکار کر رہے ہیں رحمٰن کا۔ آپ کہہ دیجئے وہی میرا رب ہے، نہیں ہے کوئی معبود مگر وہی اسی پر میں نے بھروسہ کیا اور اسی کی طرف مجھے لوٹ کر جانا ہے۔

(۱)
عقل کے دشمنوں کی زندگی کا نقشہ اور ان کا انجام
(۲)
اوپر عقل کے دشمنوں کا ذکر تھا پھر ان کا حال اچھا کیوں؟ ازالہ، رزق کی کمی زیادتی مقبول مردود ہونے کی علامت نہیں ہے ان کی راحتیں مؤمنوں کی آخرت کی راحتوں کے مقابلہ میں متاع قلیل ہیں۔
(۳)
حکیمانہ جواب: اگر ذکر سے مراد قرآن کریم لیا جائے تو یاد رکھو تمہارے اعتراضات فضول ہیں بس میں تو صرف ایک معجزہ کا اختیار رکھتا ہوں وہ تمہیں سنا سکتا ہوں وہ قرآن ہے پس ایمان قبول کرو اور قرآن کریم کے ذریعہ سے چین حاصل کرو

وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى ؕ بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ

مشرکین کی تین غلط فرمائشیں نمبر ۱ — نمبر ۲ — نمبر ۳ — جواب غلط فرمائشیں۔ یعنی ایمان کے لیے ہدایت

اور اگر کوئی ایسا قرآن ہوتا جس کے ذریعہ چلا دیئے جاتے پہاڑ یا ٹکڑے ٹکڑے کر دی جاتی اس کے ذریعہ زمین یا اس کے ذریعہ مردوں سے کلام کیا جاتا بلکہ اللہ تعالیٰ کے لیے ہے

جَمِيْعًا ؕ اَفَلَمْ يَايْــَٔسِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَلَا يَزَالُ

معجزات میں بند نہیں ہے۔ تنبیہ مؤمن / یعلم — (مگر ایسا نہیں کیا)

سارا معاملہ کیا پس نہیں جانا ان لوگوں نے جو ایمان لائے ہیں اس بات کو کہ اگر اللہ تعالیٰ چاہے تو ہدایت دے دے سب لوگوں کو۔ اور

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا تُصِيْبُهُمْ بِمَا صَنَعُوْا قَارِعَةٌ اَوْ تَحُلُّ قَرِيْبًا مِّنْ دَارِهِمْ حَتّٰى يَاْتِيَ

(۱) — موت یا فتح مکہ

وہ لوگ جو کافر ہیں ہمیشہ پہنچتی رہے گی ان کو (مصیبت) اس وجہ سے جو انہوں نے کیا یا اتریں آپ ان کے گھروں کے قریب یہاں تک آجائے

ع ۱۰/۵

وَعْدُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۳۱﴾ ع

اللہ کا وعدہ۔ بیشک اللہ تعالیٰ نہیں خلاف کرتا وعدہ کے

وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَمْلَيْتُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۟ قف فَكَيْفَ

تسلی خاتم الانبیاء — مجرمین کے لیے مہلت — مجرمین کی گرفت

اور البتہ تحقیق مذاق کیا گیا رسولوں کے ساتھ آپ سے پہلے پھر مہلت دی میں نے ان لوگوں کو جنھوں نے کفر کیا پھر میں نے ان کو پکڑا تو کیسے ہوئی

كَانَ عِقَابِ ﴿۳۲﴾ اَفَمَنْ هُوَ قَآئِمٌ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ ۚ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ ؕ قُلْ

مجرمین سے احتجاج جو بے جان بتوں کو اللہ کا شریک بناتے ہو

میری گرفت؟ کیا پس وہ ذات جو نگہبانی کرنے والا ہے ہر نفس کی اس کے ساتھ جو کمایا اس نے اور انہوں نے ٹھہرائے اللہ کے لیے شریک آپ کہہ دیجئے

سَمُّوْهُمْ ؕ اَمْ تُنَبِّئُوْنَهٗ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِى الْاَرْضِ اَمْ بِظَاهِرٍ مِّنَ الْقَوْلِ ؕ بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ

ان کے نام لو۔ کنایۃً احتجاج۔ اللہ کو بتار (۲) ہے ہو کہ آپ کے شریک بھی ہیں۔ استدراجاً احتجاج۔ سرسری بات۔ اصل سبب

ان کے نام تو لو کیا تم اس کو خبر دیتے ہو اس چیز کی کہ وہ نہیں جانتا زمین میں یا تم سرسری بات کہتے ہو بلکہ مزین کی گئیں ان لوگوں کے لیے

كَفَرُوْا مَكْرُهُمْ وَصُدُّوْا عَنِ السَّبِيْلِ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۳۳﴾

مکر — استعداد اصلی کے ضائع ہونے کا بیان

جنہوں نے کفر کیا ان کی چالیں اور وہ روک دیئے گئے راہ (حق) سے اور جس کو اللہ گمراہ کردے تو اس کو کوئی راہ دکھانے والا نہیں

لَهُمْ عَذَابٌ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَقُّ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿۳۴﴾

مجرمین کے لیے دنیوی اور اخروی نتیجہ، قید و قتل و ذلت اور امراض و مصائب — نفی شفیع قہری

ان کے لیے عذاب ہے دنیا کی زندگی میں اور البتہ آخرت کا عذاب زیادہ سخت ہے اور نہیں ہے ان کے لیے اللہ سے کوئی بچانے والا

مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِىْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ اُكُلُهَا دَآئِمٌ وَّظِلُّهَا ؕ تِلْكَ

مومنین کے لیے انعامات اور فریقین کا انجام

حالت اس جنت کی جس کا وعدہ دیا گیا ہے متقی لوگوں کو بہتی ہیں اس کے نیچے نہریں اس کے پھل دائمی ہیں اور اس کا سایہ بھی یہ

عُقْبَى الَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۖ وَّعُقْبَى الْكٰفِرِيْنَ النَّارُ ﴿۳۵﴾ وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَفْرَحُوْنَ

کفار کا انجام — کیفیت اہل کتاب

(جنت) بدلہ ہے ان لوگوں کا جنھوں نے تقویٰ اختیار کیا اور بدلہ کافروں کا (دوزخ کی) آگ ہے۔ اور وہ لوگ جن کو ہم نے کتاب دی وہ خوش ہیں

---

(۱)
ابن عباس رضؓ سے مروی ہے کہ "قارعۃ" سے مراد وہ سرایا ہیں جن کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم بھیجتے تھے اور "تحل" کا خطاب بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہے جن کا اظہار داستان حدیبیہ سے ہوا "حتی یأتی وعد اللہ" سے مراد فتح مکہ ہے، اس سے معلوم ہوا یہ آیت مدنی ہے

غافل انسان کی سوچ کہ اللہ کو اس کی حرکتوں کی کیا خبر؟ اور وہ اللہ کی گرفت میں کہاں آنے والا ہے؟

(۲)
ضمیر محذوف کا ترجمہ ہے "جو لا یعلم" کا مفعول ہے اور ما موصولہ کی طرف راجع ہے

◆
جن کو تم خدا کا شریک بناتے ہو یہ خالی الفاظ ہیں

بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمِنَ الْاَحْزَابِ مَنْ يُّنْكِرُ بَعْضَهٗ ؕ قُلْ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ

بعض فرقوں میں سے یعنی کعب بن اشرف وغیرہ — فرائض خاتم الانبیاء نمبر ا

اس سے جو نازل کیا گیا ہے آپ کی طرف اور فرقوں میں سے کچھ نہیں مانتے اس کی بعض باتیں آپ کہہ دیجئے میں یہی حکم دیا گیا ہوں کہ عبادت کرو اللہ کی

وَلَآ اُشْرِكَ بِهٖ ؕ اِلَيْهِ اَدْعُوْا وَاِلَيْهِ مَاٰبِ ﴿۳۶﴾ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ حُكْمًا عَرَبِيًّا ؕ وَلَئِنِ

نمبر ۲ — نمبر ۳ — نمبر ۴ — لسانِ قرآن — تنبیہ خاتم الانبیاءؑ

اور اس کے ساتھ شریک نہ ٹھہراؤ اسی کی طرف میں بلاتا ہوں اور اسی کی طرف میرا لوٹنا ہے۔ اور ایسے ہی ہم نے اس فرمان کو اتارا عربی زبان میں اور اگر

اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا وَاقٍ ﴿۳۷﴾ ع ۵ / ۱۱

نفی شفیع قہری

آپ پیروی کریں ان کی خواہشات کی بعد اس کے کہ آچکا آپ کے پاس علم سے نہیں ہے آپ کے لیے (اللہ کے عذاب) سے کوئی حمایتی اور نہ کوئی بچانے والا

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّذُرِّيَّةً ؕ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ

تذکیر بایام اللہ سے اثبات رسالت خاتم الانبیاء شبہ اوّل کا جواب — شبہ نمبر ۲ کا جواب

اور البتہ تحقیق بھیجا ہم نے رسولوں کو آپ سے پہلے اور بنائیں ہم نے ان کے لیے بیویاں اور اولاد اور نہیں تھا کسی رسول کے لیے

اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ لِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ ﴿۳۸﴾ يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ ۖ ۚ وَعِنْدَهٗ

(۱) تیسرے شبہ کا جواب۔ — احکام خداوندی میں تنسیخ و ترمیم کا بیان

کہ لے آئے کوئی نشانی مگر اللہ کے حکم سے ہر ایک کے لیے نوشتہ مقرر ہے۔ اللہ مٹاتے ہیں جو چاہتے ہیں اور باقی رکھتے ہیں اور اسی کے پاس

اُمُّ الْكِتٰبِ ﴿۳۹﴾ وَاِنْ مَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ

تخویفِ مشرکین سے تسلی خاتم الانبیاءؑ — (۲) — فریضہ خاتم الانبیاء

اصل کتاب ہے، اور اگر ہم آپ کو دکھادیں کچھ حصہ اس (عذاب) کا جس کا ہم نے ان سے وعدہ کیا ہے یا ہم آپ کو اٹھالیں بہرصورت آپ کے ذمہ پیغام پہنچا دینا ہے

وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ ﴿۴۰﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَاْتِي الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ؕ وَاللّٰهُ

کفر کا زوال اور اسلام کا عروج

اور ہمارے ذمہ حساب لینا ہے۔ کیا وہ نہیں دیکھ رہے کہ ہم آتے ہیں اس حال میں کہ ہم اس کو کم کر رہے ہیں اس کے کناروں سے اور اللہ

يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ ؕ وَهُوَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۴۱﴾ وَقَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلِلّٰهِ

تسلی خاتم الانبیاء — منکرین کی تدبیر — اللہ کی تدبیر

فیصلہ فرماتے ہیں کوئی نہیں اس کے فیصلہ کے خلاف فیصلہ کرنے والا اور وہ جلد حساب لینے والا ہے۔ اور تحقیق داؤ کیا ان لوگوں نے جو ان سے پہلے گزرے ہیں پس اللہ کے لیے

الْمَكْرُ جَمِيْعًا ؕ يَعْلَمُ مَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ ؕ وَسَيَعْلَمُ الْكُفّٰرُ لِمَنْ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۴۲﴾

تھدید ماکرین

ہیں ساری تدبیریں (کیونکہ وہ ہر چیز کا خالق ہے) وہ جانتا ہے جو کماتا ہے ہر شخص اور جلد جان لیں گے کافر کس کے لیے آخرت کا گھر ہے

وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَسْتَ مُرْسَلًا ؕ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۙ

کفار کا شکوہ — (۳) — جوابِ شکوہ بطرز شہادت عالیہ

اور کہہ رہے ہیں وہ لوگ جنھوں نے کفر کیا آپ بھیجے ہوئے نہیں ہیں آپ کہہ دیجئے کہ اللہ کافی ہے گواہ میرے اور تمہارے درمیان

وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ ﴿۴۳﴾ ع ۶ / ۱۲

اور وہ شخص جس کے پاس (آسمانی کتاب کا) علم ہے۔

---

(۱)
عذاب کے لیے جلدی کرتے ہیں

(۲)
دلیل نمبر ۱۵ نفی علم غیب از خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم اور دلیل نمبر ۱۶ سورۃ ابراہیم آیت نمبر ۹ ص نمبر ۲۶۵ میں دیکھیں

(۳)
جو لوگ فیض محمدی سے محروم رہے کسی نے سچ کہا ہے
تہی دستان قسمت را چہ سود از رہبر کامل۔
کہ خضر از آبِ حیواں تشنہ می آرد سکندر را
یعنی تباہی ان لوگوں کے لیے مقدر ہے جو دنیا کی زندگی کو آخرت پر ترجیح دیتے ہیں

سُوْرَةُ اِبْرٰهِيْمَ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ اِثْنَتَانِ وَخَمْسُوْنَ اٰيَةً وَّسَبْعُ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورہ ابراہیم

ترتیب تلاوت ۱۴، نزول ۲۷، آیات ۵۲، رکوعات ۷ — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓرٰ قف كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى

(۱) صداقت قرآن (۲) حکمت نزولِ قرآن ومقصد بعثت محمدی

الٓرٰ: یہ کتاب ہے جس کو ہم نے اتارا ہے آپ کی طرف تا کہ آپ نکالیں لوگوں کو (ہمہ قسم کے) اندھیروں سے روشنی کی طرف ان کے رب کے حکم کے ساتھ

صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۙ (۱) اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَوَيْلٌ

حصر المالکیت باری تعالیٰ — نتیجہ

غالب، تعریفوں والے کے راستے کی طرف۔ وہ اللہ جس کے ملک میں ہیں جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور ہلاکت ہے

لِّلْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ شَدِيْدِ ۙ (۲) الَّذِيْنَ يَسْتَحِبُّوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ وَيَصُدُّوْنَ

منکرین توحید کے اوصاف نمبر ۱ — نمبر ۲

کافروں کے لیے سخت عذاب سے۔ وہ لوگ جو پسند کرتے ہیں دنیا کی زندگی کو آخرت کے مقابلہ میں اور روکتے ہیں

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ فِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ (۳) وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ

(۳) منکرین نبوت کے شبہ — نمبر ۳ شبہات — نتیجۂ دُنیوی

اللہ تعالیٰ کے راستے سے اور وہ تلاش کرتے ہیں اس میں کجی یہ لوگ دور کی گمراہی میں مبتلا ہیں، اور نہیں بھیجا ہم نے

رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ ۭ فَيُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ

شفقتِ خداوندی۔

کوئی رسول مگر اس قوم کی زبان میں تا کہ وہ بیان کرے ان کے سامنے پھر اللہ تعالیٰ گمراہ کرتا ہے جس کو چاہتا ہے اور ہدایت دیتا ہے جس کو چاہتا ہے

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (۴) وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اَنْ اَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ

اثبات رسالت موسیٰ علیہ السلام — مقصد موسوی

اور وہ غالب حکمت والا ہے۔ اور البتہ تحقیق بھیجا ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو اپنی نشانیاں دے کر یہ کہ نکال اپنی قوم کو اندھیروں سے

اِلَى النُّوْرِ ۙ وَذَكِّرْهُمْ بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ (۵) وَاِذْ قَالَ

فرائض حضرت موسیٰؑ (امم ماضیہ) — عبرتیں — (قرینہ) — حضرت موسیٰؑ کا

روشنی کی طرف اور یاد دلائے ان کو اللہ تعالیٰ کے دن بیشک اس میں البتہ بہت سی نشانیاں ہیں ہر صبر کرنے والے شکر گزار کے لیے۔ اور جس وقت فرمایا

مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ اَنْجٰىكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ

قوم سے مکالمہ برائے یاددہانی انعامات — یاددہانی نمبر ۱

موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم کو یاد کرو اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو جو تم پر ہوئیں جس وقت اس نے تمہیں نجات دی فرعونیوں سے وہ چکھاتے تھے تمہیں

سُوْۗءَ الْعَذَابِ وَيُذَبِّحُوْنَ اَبْنَاۗءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَاۗءَكُمْ ۭ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَاۗءٌ مِّنْ

نمبر ۲ — نمبر ۳ — انعام یا ابتلا

برا عذاب اور وہ ذبح کرتے تھے تمہارے بیٹوں کو اور وہ زندہ چھوڑتے تھے تمہاری عورتوں کو اور اس میں آزمائش تھی

رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ (۶) ع

تمہارے رب کی طرف سے بہت بڑی

ع ۱ — ۱۳

موضوع سورۃ: مقصد بعثت محمدی و موسوی ایک ہے۔

(۱) فَضْلُ كَلَامِ اللهِ عَلٰى سَائِرِ الْكَلَامِ كَفَضْلِ اللهِ عَلٰى خَلْقِهٖ (ترمذی)

قرآن کا اصطلاحی معنیٰ "هو الكتاب المنزل على الرسول المكتوب في المصاحف المنقول الينا نقلاً متواترًا بلا شبهة: التلويح مع التوضيح۔

(۲) دلیل نمبر ۱۹ قرآن کریم کے منجانب اللہ نازل ہونے پر، اور دلیل نمبر ۲۰ سورۃ نمل آیت ۸۹ ص ۲۸۴ میں دیکھیں

(۳) قرآن کسی اور زبان میں نازل ہوتا تو قوی احتمال تھا کہ محمدؐ نے بنالیا ہو۔

وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ اِنَّ عَذَابِیْ

اعلان خداوندی (ضابطہ عمومی) نتیجہ ناشکری

اور جب خبردار کیا تمہارے رب نے کہ اگر تم شکر کرو گے تو میں تمہیں ضرور زیادہ دوں گا اور اگر تم نے ناشکری کی (تو) بیشک میرا عذاب

لَشَدِيْدٌ ۝۷ وَقَالَ مُوْسٰۤى اِنْ تَكْفُرُوْۤا اَنْتُمْ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۙ

حضرت موسیٰؑ کی نصیحت

البتہ سخت ہے۔اور کہا موسیٰ (علیہ السلام) نے اگر تم کفر کرو گے اور جو لوگ زمین میں ہیں سب

فَاِنَّ اللّٰهَ لَغَنِیٌّ حَمِيْدٌ ۝۸ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ

تذکیر بایام اللہ سے تخویف

تو تحقیق اللہ تعالیٰ بے نیاز تعریفوں والا ہے۔ کیا نہیں آئی تمہارے پاس خبر ان لوگوں کی جو تم سے پہلے گزرے ہیں (یعنی) قوم نوح، اور

وَّثَمُوْدَ ۛ وَالَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۛ لَا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا اللّٰهُ ؕ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ

نفی علم غیب از خاتم الانبیاء (۱) آمد انبیاء علیہم السلام

عاد اور ثمود کی اور جو لوگ ان کے بعد ہوئے نہیں جانتا ان کو مگر اللہ۔ آئے ان کے پاس ان کے رسول واضح دلائل کے ساتھ

فَرَدُّوْۤا اَيْدِيَهُمْ فِیْۤ اَفْوَاهِهِمْ وَقَالُوْۤا اِنَّا كَفَرْنَا بِمَاۤ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ وَاِنَّا لَفِیْ شَكٍّ مِّمَّا

کیفیت کفار منکرین توحید و رسالت کا شکوہ نمبر ۱

تو لوٹائے انہوں نے اپنے ہاتھ اپنے مونہوں میں اور انہوں نے کہا یقیناً ہم انکار کرتے ہیں اس بات کا جو بھیجے گئے ہو تم اس کے ساتھ اور یقیناً ہم البتہ شک میں ہیں اس راہ (توحید) کی طرف

تَدْعُوْنَنَاۤ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ۝۹ قَالَتْ رُسُلُهُمْ اَفِی اللّٰهِ شَكٌّ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يَدْعُوْكُمْ

جواب شکوہ

جس کی طرف تم ہم کو بلاتے ہو بے چین کرنے والے شک میں کہا ان کے رسولوں نے کیا اللہ کے بارے میں شک ہے جو بغیر نمونہ کے پیدا کرنے والا ہے آسمانوں اور زمین کو وہ تمہیں بلاتا ہے

لِيَغْفِرَ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُؤَخِّرَكُمْ اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ قَالُوْۤا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ؕ

شکوہ نمبر ۲ (۲)

تاکہ وہ بخشے تمہارے لیے تمہارے گناہ اور تمہیں مہلت دے ایک مقرر مدت تک انہوں نے کہا نہیں ہو تم مگر انسان ہماری طرح

تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَصُدُّوْنَا عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا فَاْتُوْنَا بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝۱۰ قَالَتْ

مقاصد انبیاء کا اظہار مطالبۂ دلیل جواب

تم چاہتے ہو کہ ہم کو روک دو ان سے جن کی بندگی کرتے تھے ہماری باپ دادا پس تم لاؤ ہمارے پاس کھلی دلیل۔ جواب میں

لَهُمْ رُسُلُهُمْ اِنْ نَّحْنُ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَمُنُّ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ

شکوہ نمبر ۲ از رسل (۳) امتیاز خداوندی

ان کو ان کے رسولوں نے کہا نہیں ہیں ہم مگر انسان تمہاری طرح لیکن اللہ تعالیٰ احسان کرتا ہے جس پر چاہتا ہے

عِبَادِهٖ ؕ وَمَا كَانَ لَنَاۤ اَنْ نَّاْتِيَكُمْ بِسُلْطٰنٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ

نفی مختار کل از انبیاء علیہم السلام علاج مخالفت

اپنے بندوں میں سے اور نہیں ہے ہمارے اختیار میں کہ ہم لے آئیں تمہارے پاس کوئی معجزہ مگر اللہ تعالیٰ کی اجازت سے اور اللہ پر پس چاہیئے کہ

الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۱۱ وَمَا لَنَاۤ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنَا سُبُلَنَا ؕ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَاۤ

انبیاء کا مشن التزام صبر

بھروسہ کریں ایمان والے، اور کیا (مانع) ہے ہمارے لیے کہ ہم بھروسہ نہ کریں اللہ تعالیٰ پر حالانکہ راہنمائی کی ہے اس نے ہماری، ہمارے راستوں کی طرف اور البتہ ہم ضرور صبر کریں گے

مع عند المتقدمین ۱۲ الثالثۃ

(۱)
دلیل نمبر ۱۶، نفی علم غیب از خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم اور دلیل نمبر ۱۷ سورۃ نحل آیت نمبر ۷۷ ص نمبر ۲۸۴ میں دیکھیں

(۲)
مولانا رومیؒ فرماتے ہیں:
آنچہ می بینم خلاف آدم اند
نیستند آدم غلاف آدم اند

(۳)
بشریت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے دلیل نمبر ۹، اور دلیل نمبر ۱۰ سورۃ نحل آیت نمبر ۸۹ ص ۲۸۵ میں دیکھیں۔

ع ۲/۱۴

اٰذَيۡتُمُوۡنَا ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلۡيَتَوَكَّلِ الۡمُتَوَكِّلُوۡنَ ‏﴿۱۲﴾

علاج اذیت

ان تکلیفوں پر جو تم ہمیں دو گے اور اللہ پر پس چاہئے کہ بھروسہ کریں بھروسہ کرنے والے۔

وَقَالَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لِرُسُلِهِمۡ لَـنُخۡرِجَنَّكُمۡ مِّنۡ اَرۡضِنَاۤ اَوۡ لَتَعُوۡدُنَّ فِىۡ مِلَّتِنَا ؕ

کفار کی دھمکی

اور کہا ان لوگوں نے جو کافر تھے اپنے رسولوں کو البتہ ہم ضرور نکالیں گے تمہیں اپنی زمین سے یا یہ کہ تم لوٹ آؤ ہماری ملت میں

فَاَوۡحٰۤى اِلَيۡهِمۡ رَبُّهُمۡ لَــنُهۡلِكَنَّ الظّٰلِمِيۡنَ ۙ‏ ﴿۱۳﴾ وَلَـنُسۡكِنَنَّكُمُ الۡاَرۡضَ مِنۡۢ بَعۡدِهِمۡ ؕ

جواب دھمکی اور تسلی نمبر ۱ — تسلی نمبر ۲

پس وحی بھیجی ان کی طرف ان کے رب نے البتہ ہم ضرور ہلاک کردیں گے ظالموں کو۔ اور البتہ ہم ضرور بسائیں گے تمہیں زمین میں ان کے بعد

ذٰلِكَ لِمَنۡ خَافَ مَقَامِىۡ وَخَافَ وَعِيۡدِ ﴿۱۴﴾ وَاسۡتَفۡتَحُوۡا وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيۡدٍ ۙ‏ ﴿۱۵﴾

وعدہ نجات — کفار کا فیصلہ کا مطالبہ (۱) نتیجہ دنیوی (۲)

یہ اس شخص کے لیے ہے جو ڈرتا ہے میرے سامنے کھڑا ہونے سے اور خوف کھاتا ہے میری وعید کا۔ اور انہوں نے فتح طلب کی اور نامراد ہو گیا ہر جبر کرنے والا ضدی۔

مِّنۡ وَّرَآئِهٖ جَهَنَّمُ وَيُسۡقٰى مِنۡ مَّآءٍ صَدِيۡدٍ ۙ‏ ﴿۱۶﴾ يَّتَجَرَّعُهٗ وَلَا يَكَادُ يُسِيۡغُهٗ وَيَاۡتِيۡهِ الۡمَوۡتُ

معاندین کا نتیجہ اخروی — غایت تشنگی۔ غایت حرارت وکراہت رکیفیت

اور اس کے آگے دوزخ ہے اور پلایا جائے گا پیپ کے پانی سے، وہ اس کو گھونٹ گھونٹ پیئے گا اور قریب نہیں کہ وہ اس کو آسانی سے گلے سے اتار سکے اور آئے گی موت

مِنۡ كُلِّ مَكَانٍ وَّمَا هُوَ بِمَيِّتٍ ؕ وَمِنۡ وَّرَآئِهٖ عَذَابٌ غَلِيۡظٌ‏ ﴿۱۷﴾ مَثَلُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا

احوال دوزخ۔ اور اس کو سخت عذاب کا سامنا — کفار کے حبط اعمال کی مثال

ہر طرف سے اور نہیں ہے وہ مرنے والا اور اس کے آگے سخت عذاب ہے، حال ان لوگوں کا جنہوں نے انکار کیا

بِرَبِّهِمۡ‌ اَعۡمَالُهُمۡ كَرَمَادِ ۟اشۡتَدَّتۡ بِهِ الرِّيۡحُ فِىۡ يَوۡمٍ عَاصِفٍ‌ ؕ لَا يَقۡدِرُوۡنَ مِمَّا كَسَبُوۡا

شدید آندھی کے دنوں میں

اپنے رب کا ان کے اعمال راکھ کی طرح ہیں سخت ہو گئی ہے ان کے ساتھ ہوا شدید آندھی کے دن نہیں قادر ہوں گے وہ (قیامت کے دن) اس چیز میں سے

عَلٰى شَىۡءٍ‌ ؕ ذٰ لِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الۡبَعِيۡدُ‏ ﴿۱۸﴾ اَلَمۡ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ بِالۡحَـقِّ‌ ؕ

(قیامت کے دن کوئی فائدہ نہیں ہوگا) قدرت خداوندی پر دلیل

کسی چیز پر جو انہوں نے کمائی وہ گمراہی ہے دور کی، کیا آپ نے نہیں دیکھا بیشک اللہ نے پیدا کیا آسمان و زمین کو بامقصد

اِنۡ يَّشَاۡ يُذۡهِبۡكُمۡ وَيَاۡتِ بِخَلۡقٍ جَدِيۡدٍ ۙ‏ ﴿۱۹﴾ وَّمَا ذٰ لِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيۡزٍ‏ ﴿۲۰﴾ وَبَرَزُوۡا لِلّٰهِ

اگر وہ چاہئے تمہیں فنا کر دے اور لے آئے نئی مخلوق ۔ اور نہیں ہے یہ اللہ پر کوئی مشکل۔ اور آمنے سامنے کھڑے ہوں گے

جَمِيۡعًا فَقَالَ الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِيۡنَ اسۡتَكۡبَرُوۡۤا اِنَّا كُنَّا لَـكُمۡ تَبَعًا فَهَلۡ اَنۡـتُمۡ مُّغۡنُوۡنَ

تابعین کا مکالمہ

سارے ہی اللہ کے، پس کہا کمزوروں نے ان سے جو بڑے بنے ہوئے تھے بیشک ہم تمہاری پیروی کرنے والے تھے پس کیا تم ہم سے دور کرنے والے ہو

عَنَّا مِنۡ عَذَابِ اللّٰهِ مِنۡ شَىۡءٍ‌ ؕ قَالُوۡا لَوۡ هَدٰٮنَا اللّٰهُ لَهَدَيۡنٰكُمۡ‌ ؕ سَوَآءٌ عَلَيۡنَاۤ اَجَزِعۡنَاۤ

متبوعین کا جواب مکالمہ

اللہ تعالیٰ کے عذاب سے کچھ بھی انہوں نے جواب دیا اگر اللہ ہمیں راہ دیکھاتا تو ضرور ہم راہ دیکھاتے تمہیں برابر ہے ہمارے حق میں خواہ ہم روئیں پیٹیں

(۱) آیت ۲۲ تک انسداد جمیع طرف محتملہ نجات کفار کا بیان ہے۔

(۲) متی هذا الوعد ربنا افتح بیننا وبین قومنا بالحق

ع ۳ ۱۵

أَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِن مَّحِيصٍ ﴿٢١﴾ ع

یا ہم صبر کریں نہیں ہمارے لیے کوئی بھاگنے کی جگہ

وَقَالَ الشَّيْطَانُ لَمَّا قُضِيَ الْأَمْرُ إِنَّ اللَّهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ وَوَعَدتُّكُمْ فَأَخْلَفْتُكُمْ ۖ

مکالمہ شیطان دوزخ میں — تشریح مکالمہ

اور کہے گا شیطان جب فیصلہ ہوجائے گا معاملہ کا بیشک اللہ نے تم سے وعدہ کیا سچا وعدہ اور میں نے تم سے وعدہ کیا پس نہ پورا کیا میں نے تم سے

وَمَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُم مِّن سُلْطَانٍ إِلَّا أَن دَعَوْتُكُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ لِي ۖ فَلَا تَلُومُونِي وَلُومُوا

اعلان بیزاری

اور نہیں تھا میرے لیے تم پر کوئی زور مگر یہ کہ میں نے تم کو دعوت دی تو تم نے میری دعوت کو قبول کرلیا پس تم مجھے ملامت مت کرو اور تم ملامت کرو

أَنفُسَكُم ۖ مَّا أَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَا أَنتُم بِمُصْرِخِيَّ ۖ إِنِّي كَفَرْتُ بِمَا أَشْرَكْتُمُونِ مِن قَبْلُ ۗ

اپنے آپ کو میں نہیں ہوں تمہاری فریاد کو پہنچنے والا اور نہیں ہو تم میری فریاد کو پہنچنے والے بیشک میں نے انکار کیا کہ تم نے مجھے شریک ٹھہرایا اس سے پہلے

إِنَّ الظَّالِمِينَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٢٢﴾ وَأُدْخِلَ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ

بشارت

بیشک مشرکوں کے لیے درد ناک عذاب ہے۔ اور داخل کیے جائیں گے وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک کام کیے

جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا بِإِذْنِ رَبِّهِمْ ۖ تَحِيَّتُهُمْ فِيهَا سَلَامٌ ﴿٢٣﴾ أَلَمْ تَرَ كَيْفَ

کلمۂ اسلام

باغات میں ہوں گے بہتی ہیں ان کے نیچے نہریں اس میں سدا رہنے والے ہوگا اپنے رب کے حکم سے ان کی ملاقات ہوگی اس میں (لفظ) سلام (کے ساتھ) کیا نہیں دیکھا آپ نے کیسے

ضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ أَصْلُهَا ثَابِتٌ وَفَرْعُهَا فِي السَّمَاءِ ﴿٢٤﴾

کی مثال

بیان کی اللہ تعالیٰ نے مثال پاک کلمے کی جیسا کہ ایک پاکیزہ درخت ہوتا ہے اس کی جڑیں مضبوط ہیں اور اس کی شاخیں آسمان کی طرف پہنچی ہوئی ہیں

تُؤْتِي أُكُلَهَا كُلَّ حِينٍ بِإِذْنِ رَبِّهَا ۗ وَيَضْرِبُ اللَّهُ الْأَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ﴿٢٥﴾

اہل ایمان کے لیے تسلی — شفقت خداوندی

لاتا ہے وہ (درخت) اپنا پھل ہر وقت اپنے رب کے حکم کے ساتھ اور بیان کرتا ہے اللہ تعالیٰ مثالیں لوگوں کے لیے تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں

وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيثَةٍ اجْتُثَّتْ مِن فَوْقِ الْأَرْضِ مَا لَهَا مِن قَرَارٍ ﴿٢٦﴾

کلمہ کفر کی مثال

اور مثال گندے کلمے کی جیسے گندہ پودا ہے۔اکھیڑ دیا گیا ہو زمین کے اوپر سے نہیں ہے اس کے لیے کوئی ٹھہراؤ

يُثَبِّتُ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ ۖ وَيُضِلُّ اللَّهُ

کلمہ طیبہ کے ابقاء کے اثرات — مضبوط بات کے ساتھ — (قبر و برزخ) (۱) — اہل کفر کا نتیجہ

ثابت رکھتا ہے اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو جو ایمان لائے مضبوط بات (یعنی کلمہ طیبہ) کے ساتھ دنیا کی زندگی میں اور آخرت میں اور بہکاتا ہے اللہ تعالیٰ

الظَّالِمِينَ ۚ وَيَفْعَلُ اللَّهُ مَا يَشَاءُ ﴿٢٧﴾ ع

ظالموں کو اور کرتا ہے اللہ تعالیٰ جو چاہے۔

ع ۴ ۱۶

(۱) عذاب قبر و برزخ پر دلیل نمبر ۴ اور دلیل نمبر ۵ سورۃ طٰہٰ آیت ۱۲۴ ص ۳۲۹ میں دیکھیں۔ نیز یہ بات یاد رکھیں کہ صحیح بخاری میں ہے کہ آخرت سے مراد اس آیت میں برزخ ہے، حضرت براء بن عازب رضی فرماتے ہیں ان رسول الله قال المسلم اذا سئل فی القبر یشھد ان لا الہ الا الله... الخ ص ۶۸۲ ج ۲۔ تقریباً چالیس صحابہ کرام رضی اللہ عنھم سے معتبر اسانید کے ساتھ اس مضمون کی حدیثیں منقول ہیں، ان سب حضرات نے اس آیت سے آخرت سے مراد قبر لی اور اس آیت کو قبر کے عذاب وثواب سے متعلق قرار دیا ہے۔ بحوالہ مقام حیات ص ۱۴۴)

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ بَدَّلُوا نِعْمَتَ اللَّهِ كُفْرًا وَأَحَلُّوا قَوْمَهُمْ دَارَ الْبَوَارِ ﴿٢٨﴾ جَهَنَّمَ يَصْلَوْنَهَا

مشرکین کا کفرانِ نعمت — حضور۔ رقبہ حرم، ظاہری باطنی نعمتیں — نتیجہ

کیا نہیں دیکھا آپ نے ان لوگوں کو جنھوں نے اللہ کی نعمتوں کے بدلے میں ناشکری کی اور اتارا اپنی قوم کو ہلاکت کے گھر۔ دوزخ میں وہ اس میں جلیں گے

وَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿٢٩﴾ وَجَعَلُوا لِلَّهِ أَندَادًا لِّيُضِلُّوا عَن سَبِيلِهِ ۗ قُلْ تَمَتَّعُوا فَإِنَّ مَصِيرَكُمْ

مشرکین کی خباثت — فریضۂ خاتم الانبیاء سے امہال مجرمین

اور بری ہے ٹھہرنے کی جگہ۔ اور بنائے انہوں نے اللہ کے شریک تا کہ وہ لوگوں کو گمراہ کریں اس کے راستے سے آپ کہہ دیجئے چند روز فائدہ اٹھا لو کیونکہ تمہارا لوٹنا

إِلَى النَّارِ ﴿٣٠﴾ قُل لِّعِبَادِيَ الَّذِينَ آمَنُوا يُقِيمُوا الصَّلَاةَ وَيُنفِقُوا مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ سِرًّا وَعَلَانِيَةً

فرائض خاتم الانبیاءؐ — تعمیم کیفیات

آگ کی طرف ہے۔ آپ کہہ دیجئے میرے ان بندوں سے جو ایمان لائے نماز کا اہتمام کریں اور اس میں سے خرچ کریں جو ہم نے ان کو روزی دی پوشیدہ اور ظاہراً

مِّن قَبْلِ أَن يَأْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيهِ وَلَا خِلَالٌ ﴿٣١﴾ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ

دنیوی فوائد کے معدوم ہونے کا بیان — توحید خداوندی پر عقلی آفاقی وسماوی دلائل

اس سے پہلے کہ آئے وہ دن کہ نہ اس میں خرید و فروخت ہوگی اور نہ دوستی۔ اللہ کی ذات وہ ہے جس نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو

وَأَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجَ بِهِ مِنَ الثَّمَرَاتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۖ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ لِتَجْرِيَ فِي الْبَحْرِ

اور اتارا آسمان سے پانی پھر نکالا اس کے ذریعہ پھلوں سے روزی تمہارے لیے اور کام میں لگا دیا تمہارے لیے کشتیوں کو تا کہ وہ چلیں سمندر میں

بِأَمْرِهِ ۖ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْأَنْهَارَ ﴿٣٢﴾ وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَائِبَيْنِ ۖ وَسَخَّرَ لَكُمُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ ﴿٣٣﴾

اس کے حکم سے اور تمہارے کام لگا دیا نہروں کو۔ اور تمہارے کام میں لگا دیا سورج اور چاند کو جو لگاتار چلنے والے ہیں اور تمہارے کام لگا دیا رات اور دن کو

ع ۵ / ۱۷ وَآتَاكُم مِّن كُلِّ مَا سَأَلْتُمُوهُ ۚ وَإِن تَعُدُّوا نِعْمَتَ اللَّهِ لَا تُحْصُوهَا ۗ إِنَّ الْإِنسَانَ لَظَلُومٌ كَفَّارٌ ﴿٣٤﴾

تذکیر بالآء اللہ۔ (حسب مصالحکم) — (۱)

اور تمہیں دیا ہر اس چیز میں سے جو تم نے اس سے مانگی اور اگر تم شمار کرو اللہ کی نعمتوں کو تو ان کو شمار نہیں کرسکو گے بیشک انسان بڑا ناانصاف ناشکرا ہے۔

وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ رَبِّ اجْعَلْ هَٰذَا الْبَلَدَ آمِنًا وَاجْنُبْنِي وَبَنِيَّ أَن نَّعْبُدَ الْأَصْنَامَ ﴿٣٥﴾

حضرت ابراھیمؑ کی ادعیہ — (۲) دعاء اوّل — دعاء ثانی

اور جب کہا ابراہیم علیہ السلام نے اے میرے رب بنا دے اس شہر کو امن والا اور بچائے رکھنا مجھے اور میرے لڑکوں کو کہ ہم عبادت کریں بتوں کی

رَبِّ إِنَّهُنَّ أَضْلَلْنَ كَثِيرًا مِّنَ النَّاسِ ۖ فَمَن تَبِعَنِي فَإِنَّهُ مِنِّي ۖ وَمَنْ عَصَانِي

سبب گمراہی — (۳) — (۴)

اے میرے رب ان بتوں نے گمراہ کیا ہے بہت سے لوگوں کو پس جس شخص نے میری پیروی کی پس وہ یقیناً وہ مجھ سے ہے اور جس نے میری نافرمانی کی

فَإِنَّكَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٣٦﴾ رَّبَّنَا إِنِّي أَسْكَنتُ مِن ذُرِّيَّتِي بِوَادٍ غَيْرِ ذِي زَرْعٍ عِندَ بَيْتِكَ

دعاء ثالث

تو تحقیق تو بخشنے والا مہربان ہے، اے میرے رب بیشک میں نے بسایا اپنی کچھ اولاد کو بن کھیتی والے میدان میں آپ کے محترم گھر کے پاس

الْمُحَرَّمِ رَبَّنَا لِيُقِيمُوا الصَّلَاةَ فَاجْعَلْ أَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِي إِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُم مِّنَ

اے ہمارے رب! تا کہ وہ نماز کا اہتمام کریں پس بنا دیجئے کچھ لوگوں کے دلوں کو کہ مشتاق ہوں ان کی طرف اور روزی دے ان کو پھلوں کی

(۱) مذکورہ تینوں آیات کا مقتضیٰ کہ عبادت صرف اللہ ہی کی کی جائے

(۲) حضرت ابراہم علیہ السلام کی مختلف زمانوں کی چھ دعائیں

(۳) دلیل نمبر ۲، امکان نظیر اور خلف وعید پر اور دلیل نمبر ۳ سورۃ بنی اسرائیل آیت ۸۶ ص ۲۹۹ میں دیکھیں

(۴) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی دعا قیامت کے دن فرمائیں گے چنانچہ سورۃ مائدہ آیت ۱۱۸ ص ۱۳۶ میں دیکھیں

الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُوْنَ ﴿٣٧﴾ رَبَّنَآ اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِيْ وَمَا نُعْلِنُ ؕ وَمَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْ

دعاء رابع وسعت علم باری تعالیٰ (۱)

تا کہ وہ شکر کریں۔ اے ہمارے رب! بیشک آپ جانتے ہیں جو کچھ ہم چھپاتے ہیں اور جو کچھ ہم ظاہر کرتے ہیں اور نہیں پوشیدہ اللہ تعالیٰ پر کوئی چیز

شَيْءٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ﴿٣٨﴾ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ وَهَبَ لِيْ عَلَى الْكِبَرِ اِسْمٰعِيْلَ

التزام شکر خداوندی

زمین میں اور نہ آسمان میں ۔ سب تعریفیں اللہ ہی کی ہیں جس نے مجھے عطا کیا بڑھاپے میں اسماعیل

وَاِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبِّيْ لَسَمِيْعُ الدُّعَآءِ ﴿٣٩﴾ رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ

دعاء خامس

اور اسحاق بیشک میرا رب البتہ سننے والا ہے دعا کو، اے میرے رب بنا دیجئے مجھے نماز کا اہتمام کرنے والا اور کچھ میری اولاد کو، اے رب ہمارے! اور قبول فرما

دُعَآءِ ﴿٤٠﴾ رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ﴿٤١﴾ ع

دعاء سادس (۲)

میری دعاء، اے رب ہمارے! مجھے معاف فرما دیجئے اور میرے والدین کو اور مؤمنوں کو جس دن قائم ہوگا حساب

وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ ؕ اِنَّمَا يُؤَخِّرُهُمْ لِيَوْمٍ تَشْخَصُ فِيْهِ الْاَبْصَارُ ﴿٤٢﴾

خطاب عام وتنبیہ کیفیت کفار

اور آپ ہرگز گمان نہ کریں کہ اللہ تعالیٰ بے خبر ہے ان کاموں سے جو ظلم کرتے ہیں یقیناً وہ ان کو مہلت دیتا ہے اس دن کے لیے کہ جس دن پھٹی رہ جائیں گی آنکھیں

مُهْطِعِيْنَ مُقْنِعِيْ رُءُوْسِهِمْ لَا يَرْتَدُّ اِلَيْهِمْ طَرْفُهُمْ ۚ وَاَفْـِٕدَتُهُمْ هَوَآءٌ ﴿٤٣﴾ وَاَنْذِرِ

کیفیت کفار میدان حشر فرائض

دوڑنے والے ہوں گے سر اوپر اٹھائے ہوئے ہوں گے نہیں لوٹے گی ان کی طرف نگاہ اور ان کے دل اڑ رہے ہوں گے۔ اور آپ ڈرائیں

النَّاسَ يَوْمَ يَاْتِيْهِمُ الْعَذَابُ فَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رَبَّنَآ اَخِّرْنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ نُّجِبْ

خاتم الانبیاء معاندین کی درخواست

لوگوں کو اس دن سے کہ آئے گا ان کے پاس عذاب تو کہیں گے وہ لوگ جنہوں نے ظلم کیا اے ہمارے رب! ہمیں مہلت دے دے قریب وقت تک تا کہ ہم قبول کریں

دَعْوَتَكَ وَنَتَّبِعِ الرُّسُلَ ؕ اَوَلَمْ تَكُوْنُوْٓا اَقْسَمْتُمْ مِّنْ قَبْلُ مَا لَكُمْ مِّنْ زَوَالٍ ﴿٤٤﴾ ۙ وَّسَكَنْتُمْ

جواب درخواست وتنبیہ تنبیہ کفار

تیری دعوت کو اور ہم پیروی کریں رسولوں کی (کہا جائے گا) کیا نہیں تھے تم قسمیں اٹھاتے اس سے پہلے کہ تمہارے لیے (دنیا سے) کوئی ٹلنا نہیں ہے۔ اور ٹھہرے رہے تم

فِيْ مَسٰكِنِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَتَبَيَّنَ لَكُمْ كَيْفَ فَعَلْنَا بِهِمْ وَضَرَبْنَا لَكُمُ الْاَمْثَالَ ﴿٤٥﴾

ان لوگوں کے گھروں میں جنہوں نے ظلم کیا اپنی جانوں پر اور واضح ہو گیا تمہارے لیے کہ کیسا (سلوک) کیا ہم نے ان کے ساتھ اور بیان کیں ہم نے تمہارے لیے مثالیں

وَقَدْ مَكَرُوْا مَكْرَهُمْ وَعِنْدَ اللّٰهِ مَكْرُهُمْ ؕ وَاِنْ كَانَ مَكْرُهُمْ لِتَزُوْلَ مِنْهُ الْجِبَالُ ﴿٤٦﴾ فَلَا

کفار کے مکر و فریب اگرچہ ان کی تدبیر ایسی تھی (تعلیمات دینیہ) وعدہ

اور تحقیق انہوں نے چال کی اپنی چال اور اللہ کے پاس ہے ان کی چال اور نہیں تھی ان کی چال کہ ٹل جائیں اس کے ذریعہ پہاڑ، پس آپ ہرگز

تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ مُخْلِفَ وَعْدِهٖ رُسُلَهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ﴿٤٧﴾ ؕ يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ

الٰہی برائے اولیاء اللہ و منکرین وتنبیہ کفار (۳) قیامت کے دن زمین و آسمان کی تبدیلی

گمان نہ کرنا اللہ تعالیٰ کے بارے میں کہ وہ اپنے وعدہ کی خلاف ورزی کرے گا اپنے رسولوں کے ساتھ۔ بیشک اللہ تعالیٰ غالب ہے انتقام لینے والا ہے۔ جس دن بدل دی جائے گی زمین اس زمین کے علاوہ

(۱)
دلیل نمبر ۱۰ نفی علم غیب از سابق نبی ابراہیم علیہ السلام اور دلیل نمبر ۱۱ سورۃ کہف آیت نمبر ۶۳ ص نمبر ۳۰۹ میں دیکھیں

ع ۷ / ۱۸

(۲)
اے کریم اللہ اس ترجمہ کے پڑھنے اور پڑھانے، سننے، عمل کرنے والوں، کمپوزنگ کرنے والے اور اہل ایمان کی بخشش فرما اور قیامت کے ہر قسم کی ذلت سے محفوظ فرما۔ آمین بجاہ النبی الکریم وصلی اللہ علیہ وسلم یا رب العالمین

(۳) دلیل سورۃ زمر آیت نمبر ۴۷ ص ۵۷۴ میں دیکھیں

وَالسَّمٰوٰتُ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿۴۸﴾ وَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ مُّقَرَّنِيْنَ فِي

مجرمین کی رسوائی اور کیفیت

اور آسمان بھی اور (قبروں سے اٹھ کر) سب پیش ہوں گے اللہ تعالیٰ کے سامنے جو اکیلا زبردست ہے۔ اور آپ دیکھیں گے مجرموں کو اس دن جکڑے ہوئے

الْاَصْفَادِ ﴿۴۹﴾ سَرَابِيْلُهُمْ مِّنْ قَطِرَانٍ وَّتَغْشٰى وُجُوْهَهُمُ النَّارُ ﴿۵۰﴾ لِيَجْزِيَ اللّٰهُ كُلَّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ

کیفیت لباس | نتیجہ

زنجیروں میں۔ کُرتے ان کے گندھک کے ہوں گے اور چھا جائے گی ان کے چہروں پر آگ ۔تا کہ بدلہ دے اللہ تعالیٰ ہر نفس کو جو اس نے کمایا

اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۵۱﴾ هٰذَا بَلٰغٌ لِّلنَّاسِ وَلِيُنْذَرُوْا بِهٖ وَلِيَعْلَمُوْٓا اَنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ

مضامین سورۃ کا خلاصہ۔ صداقت قرآن فریضہ نمبر ۱، نمبر ۲

بیشک اللہ تعالیٰ جلد حساب لینے والا ہے۔ یہ (قرآن کا) پیغام پہنچانا ہے لوگوں کو اور تا کہ وہ ڈر جائیں اس کے ذریعے اور تا کہ وہ جان لیں بیشک وہ معبود

ع ۱۱ ۱۹

وَّاحِدٌ وَّلِيَذَّكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۵۲﴾ ع

مستفیدین من الآیات

ایک ہی ہے اور تا کہ نصیحت حاصل کریں عقلمند لوگ

سُوْرَةُ الْحِجْرِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ وَّ تِسْعُوْنَ اٰيَةً وَّسِتُّ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۃ حجر

تلاوت ۱۵، نزول ۵۴، د آیات ۹۹، رکوعات ۶

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

حجر مابین خیبر و تبوک

الٓرٰ قف تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ وَقُرْاٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱﴾

صداقت قرآن | جو کھول کر

آلر : یہ کتاب کی آیتیں ہیں اور قرآن کی جو کھول کر بیان کرنے والا ہے

موضوع سورۃ : دعوت کے بعد مخالفین کو مہلت کا ملنا سنت اللہ میں داخل ہے

رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ۞۲ ذَرْهُمْ يَاْكُلُوْا وَيَتَمَتَّعُوْا وَيُلْهِهِمُ

کفار کی تمنا — امہال مجرمین سے تسلی خاتم الانبیاء — (غفلت میں

بسا اوقات پسند کریں گے وہ لوگ جو کافر ہیں کاش کہ وہ (دنیا میں) مسلمان ہوتے ۔ ان کو چھوڑیں وہ کھائیں اور مزے اُڑائیں اور غفلت میں ڈالے ان کی

الْاَمَلُ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۞۳ وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا وَلَهَا كِتَابٌ مَّعْلُوْمٌ ۞۴

ڈالے ان کو امید) — حکمت امہال خداوندی

امیدیں تو عنقریب وہ جان لیں گے، اور نہیں ہلاک کیا ہم نے کسی بستی کو مگر اس حال میں کہ اس کے لیے ایک نوشتہ لکھا ہوا تھا

مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ۞۵ وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْ نُزِّلَ عَلَيْهِ

موت کا وقت مقرر ہے (کسی امت سے) — منکرین رسالت کا الزام

نہیں ہلاک ہوئی کوئی امت اپنی مقرر معیاد سے پہلے اور نہ پیچھے رہی ہے اور انہوں نے (یوں) کہا کہ اے وہ شخص جس پر اتارا گیا ہے

الذِّكْرُ اِنَّكَ لَمَجْنُوْنٌ ۞۶ لَوْ مَا تَاْتِيْنَا بِالْمَلٰٓئِكَةِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۞۷ مَا نُنَزِّلُ

معاندین کا مطالبہ — جواب مطالبہ نمبر ۱

قرآن یقیناً آپ دیوانے ہیں، کیوں نہیں لے آتا ہمارے پاس فرشتوں کو اگر آپ (دعویٰ نبوت میں) سچوں میں سے ہیں۔ نہیں ہم اتارتے

الْمَلٰٓئِكَةَ اِلَّا بِالْحَقِّ وَمَا كَانُوْٓا اِذًا مُّنْظَرِيْنَ ۞۸ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ

نہیں — حقانیت قرآن کا دعویٰ خداوندی (۱) (۲)

فرشتوں کو مگر حق کے فیصلہ کے ساتھ اور نہیں ہوں گے وہ اس وقت مہلت دیئے ہوئے، بیشک ہم نے ہی اتارا ہے قرآن اور یقیناً ہم اس کی

لَحٰفِظُوْنَ ۞۹ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ شِيَعِ الْاَوَّلِيْنَ ۞۱۰ وَمَا يَاْتِيْهِمْ

اتمام حجت برائے ارسال رسل — گروہ — تسلی خاتم الانبیاء

حفاظت کرنے والے ہیں، اور البتہ تحقیق بھیجا ہم نے آپ سے پہلے اگلے لوگوں کے گروہوں میں۔ اور نہیں آیا تھا ان (فرقوں) کے پاس

مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۞۱۱ كَذٰلِكَ نَسْلُكُهٗ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ۞۱۲

سلسلۂ تمسخر — (مذاق، تکذیب)

کوئی رسول مگر وہ اس کا مذاق اڑاتے تھے، اسی طرح ہم داخل کرتے ہیں اس (استہزاء) کو مجرم لوگوں کے دلوں میں

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ ۞۱۳ وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ فَظَلُّوْا

ایمان نہ لانا گزشتہ کفار کی طرح ہے — (۳) دستور خداوندی۔ — منکرین کی کیفیت عناد (ازالہ شبہ) — پس سارا

(جس کی وجہ سے) وہ ایمان نہیں لائیں گے اس (قرآن) پر، اور تحقیق گزر چکا طریقہ (ہلاکت کا) پہلے لوگوں کا۔ اور اگر ہم کھول دیں ان پر دروازہ آسمان کا پھر وہ (فرشتوں کو دیکھنے کے لیے) سارا دن

فِيْهِ يَعْرُجُوْنَ ۞۱۴ لَقَالُوْٓا اِنَّمَا سُكِّرَتْ اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ ۞۱۵ ع ۱

دن اس پر چڑھتے — عناد امکالمہ

اس میں چڑھتے رہیں ۔ البتہ کہہ دیں گے ہماری نظر بندی کر دی گئی ہے بلکہ ہم ایسی قوم ہیں جن پر جادو (علم مسمریزم) کر دیا گیا ہے

وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّزَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِيْنَ ۞۱۶ وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ۞۱۷

تذکیر بالآء اللہ سے توحید پر عقلی دلائل — محافظت باری تعالیٰ

اور البتہ تحقیق ہم نے بنائے آسمان میں روشن ستارے اور ہم نے اس کو خوشنما بنایا دیکھنے والوں کے لیے۔ اور ہم نے اس کو محفوظ رکھا ہر شیطان مردود سے۔

اِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ مُّبِيْنٌ ۞۱۸ وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا

چور شیاطین کی سزا — حصر التصرف باری تعالیٰ

مگر جو چوری چھپے سن لے تو اس کا پیچھا کرتا ہے شعلہ روشن۔ اور زمین کو ہم نے پھیلا دیا اور ڈال دیئے ہم نے اس میں

(۱)
اعتراض از شیعه
واستدلال براین اهتمام اصحاب واهل اسلام بضبط قرآن بغایت رکیک است بعد از آن اطلاع بر عمل ابی بکر و عمر و عثمان وهم چنین رکیک است استدلال بر آن بقول الله تعالی در سورة حجر "انا نحن نزلنا الذکر وانا له لحافظون" چه این آیت لفظ ماضی است و در سورة مکیه است و بعد از ین سورة بسیار نازل شده در مکه چه جائے مدینه بر قرآن پس دلالت نمی کند بر محفوظ بودن جمیع قرآن. (صافی شرح اصول کافی جزو ششم کتاب فضل القرآن باب النوادر)

ان لوگوں سے جو ایمان لائے بیشک اللہ نہیں پسند کرتا ہر دغاباز ناشکرے کو۔

اُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرُ ﴿٣٩﴾ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا

مدافعت کفار کا طریقہ مشروعیت جہاد فی سبیل اللہ۔ مظلوم کے لیے انتقام کی اجازت — اصحاب رسول کی مظلومیت کا بیان

اجازت دی گئی ان کو جن سے لڑا جاتا ہے اس لیے کہ وہ ظلم کیے گئے اور بیشک اللہ ان کی مدد کرنے پر قادر ہے۔ وہ جو نکالے گئے

مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّآ اَنْ يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ

سبب اخراج — حکمت مشروعیت جہاد۔

اپنے گھروں سے ناحق مگر یہ کہ وہ کہتے ہیں کہ ہمارا رب اللہ ہے اور اگر اللہ نہ ہٹاتا لوگوں کو ان کے بعض کو بعض کے ذریعہ

لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ

خلوت — گرجے — عبادت خانہ — تسلی مؤمنین

تو یقیناً گرادیئے جاتے خلوت خانے اور گرجے اور عبادت خانے اور مسجدیں لیا جاتا جن میں نام اللہ کا بہت زیادہ اور ضرور مدد کرے گا اللہ ان کی

مَنْ يَّنْصُرُهُ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿٤٠﴾ اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِى الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ

قدرت وغلبہ باری — خلفاء کے اوصاف نمبر ا جماد یں (ا) — نمبر ۲

(ا) خلافت راشدہ کی طرف اشارہ ہے

جو اس کے (دین) کی مدد کرتا ہے بیشک اللہ قوی ہے غلبے والا ہے۔ وہ لوگ کہ اگر ہم ان کو اقتدار دیں ملک میں نماز کا اہتمام کریں

وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ﴿٤١﴾ وَاِنْ

نمبر ۳ — نمبر ۴ — نمبر ۵ — تذکیر بایام اللہ

اور زکوہ دیں اور حکم کریں نیک کاموں کا اور وہ روکیں برے کاموں سے اور اللہ کے (اختیار) میں ہے ہر کام کا انجام ۔ اور اگر

يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّثَمُوْدُ ﴿٤٢﴾ وَقَوْمُ اِبْرٰهِيْمَ وَقَوْمُ لُوْطٍ ﴿٤٣﴾

کے ضمن میں تسلی خاتم الانبیاء — نمونہ اقوام سابق

وہ آپ کو جھٹلاتے ہیں تو یقیناً جھٹلایا ان سے پہلے قوم نوح نے اور عاد نے اور ثمود نے ۔ اور قوم ابراہیم نے اور قوم لوط نے۔

وَّاَصْحٰبُ مَدْيَنَ ۚ وَكُذِّبَ مُوْسٰى فَاَمْلَيْتُ لِلْكٰفِرِيْنَ ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۚ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۴۴﴾

گرفتِ خداوندی — شدتِ گرفت

اور اصحاب مدین نے اور جھٹلائے گئے موسیٰ علیہ السلام پس مہلت دی میں نے کافروں کو پھر میں نے ان کو پکڑا پس کیسے تھی میری گرفت

فَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ

تذکیر بایام اللہ سے تنبیہ مشرکین — سببِ ہلاکت — کیفیت ہلاکت

پس کتنی بستیاں ہم نے ان کو ہلاک کیا اور وہ ظالم تھیں پس وہ گرنے والی ہیں اپنی چھتوں پر اور کنویں بیکار پڑے ہوئے

وَّقَصْرٍ مَّشِيْدٍ ﴿۴۵﴾ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَتَكُوْنَ لَهُمْ قُلُوْبٌ يَّعْقِلُوْنَ بِهَا اَوْ

(مکین ھلاک ہوگئے) تنبیہ مجرمین — نتیجہ

اور محل مضبوط بنائے ہوئے۔ کیا وہ نہیں چلتے زمین میں پس ہوتے ان کے لیے دل وہ ان سے سمجھتے یا

اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ۚ فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِيْ فِي الصُّدُوْرِ ﴿۴۶﴾

محرومی کا سبب۔ اندھی ہوتی آنکھیں

کان وہ ان سے سنتے پس حقیقت یہ ہے کہ نہیں اندھی ہوتیں آنکھیں بلکہ اندھے ہوتے ہیں دل جو سینوں میں ہیں

وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ وَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ ۭ وَاِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ

مطالبہ مشرکین — جواب مطالبہ — (عذاب والا) — شدتِ یوم قیامت

اور وہ جلدی کرتے ہیں آپ سے عذاب کے بارے میں اور ہرگز نہیں ٹالے گا اللہ اپنا وعدہ اور بیشک ایک دن تیرے رب کے ہاں ہزار برس کے برابر ہے

مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ﴿۴۷﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ اَخَذْتُهَا ۚ وَاِلَيَّ

تذکیر بایام اللہ سے جواب مذکورہ کا خلاصہ — سبب ہلاکت۔ — گرفت خداوندی۔ — تذکیر

جو تم گنتے ہو۔ اور بہت ساری بستیاں میں نے ان کو مہلت دی اور وہ ظالم تھیں پھر میں نے ان کو پکڑا اور میری طرف ہی

الْمَصِيْرُ ﴿۴۸﴾

بمابعد الموت

لوٹ کر آنا ہے۔

قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَآ اَنَا لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۴۹﴾ ۚ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

فریضہ خاتم الانبیاء — ازالہ شبہ، وقوع عذاب میری ذمہ داری نہیں — نتائج متقین

آپ کہہ دیجئے اے لوگو! بیشک میں تمہیں ڈر سنانے والا ہوں کھول کر۔ پس جو لوگ یقین لائے اور بھلے کام کیے

لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿۵۰﴾ وَالَّذِيْنَ سَعَوْا فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ

نتائج مجرمین

ان کے لیے بخشش ہے اور عزت کی روزی۔ اور جو لوگ کوشش کرتے ہیں ہماری آیتوں میں عاجز کرنے کی وہی

الْجَحِيْمِ ﴿۵۱﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰٓى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ

تسلی خاتم الانبیاء — شبہات شیطان

دوزخ والے ہیں ۔ اور نہیں بھیجا ہم نے آپ سے پہلے کوئی رسول اور نہ نبی مگر جب اس نے پڑھا تو رخنہ ڈالا شیطان نے

فِيْٓ اُمْنِيَّتِهٖ ۚ فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۲﴾ ۙ

ازالۂ شبہات — وسواس شیطانی کی تشریح انبیاء آیت ۹۸ ۔ ص ۳۳۹ میں دیکھیں۔ (مؤمنوں کے دلوں سے زائل کرتا ہے) وسعتِ علم باری تعالیٰ

اس کے پڑھنے میں پس اللہ مٹا دیتا ہے اس کو جو ڈالتا ہے شیطان پھر اللہ پکی کرتا ہے اپنی باتیں اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے،

لِّيَجْعَلَ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْقَاسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاِنَّ

امتحان خداوندی

تا کہ بنائے اس (روگ) کو جو ڈالتا ہے شیطان آزمائش ان کے لیے جن کے دلوں میں روگ ہے اور جن کے دل سخت ہیں اور بیشک

الظّٰلِمِيْنَ لَفِيْ شِقَاقٍ بَعِيْدٍ ﴿۵۳﴾ وَّلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ

اہل علم کے علم میں پختگی پیدا کرنے کا بیان

ظالم دور کی مخالفت میں پڑے ہوئے ہیں ، اور تا کہ جانیں وہ لوگ جن کو علم دیا گیا ہے کہ وہ (قرآن) برحق ہے آپ کے رب کی طرف سے

فَيُؤْمِنُوْا بِهٖ فَتُخْبِتَ لَهٗ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۴﴾

نتیجہ پختگی ۔ عاجزی

پس اس پر ایمان لائیں تو اس کے آگے عاجزی اختیار کریں ان کے دل اور بیشک اللہ البتہ ہدایت دیتا ہے ان کو جو ایمان لائے سیدھے راستے کی طرف۔

وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً اَوْ يَاْتِيَهُمْ عَذَابُ

کیفیت کفار | تخویف نمبر ۱ | نمبر ۲

اور ہمیشہ رہے گا ان لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا اس میں دھوکہ یہاں تک ان کے پاس آپہنچے قیامت اچانک یا آپہنچے ان کو عذاب

يَوْمٍ عَقِيْمٍ ﴿۵۵﴾ اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ؕ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

حصر المالکیت باری تعالی | نتیجہ متقین

بے برکت دن کا۔ بادشاہی اُس دن اللہ کے لیے ہے وہ ان کے درمیان فیصلہ کرے گا۔ پس جو ایمان لائے اور بھلے کام کیے

ع ۷ ۹ ۱۴ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۵۶﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۵۷﴾ ع

نتیجہ مجرمین

نعمتوں کے باغوں میں ہوں گے۔ اور جنہوں نے کفر کیا اور جھٹلایا ہماری آیات کو پس ان کے لیے ذلت ناک عذاب ہے

وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْٓا اَوْ مَاتُوْا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ رِزْقًا حَسَنًا ؕ

مہاجرین ومجاھدین کے لیے بشارت نمبر ۱ | شہید، غیر شہید | (برزخ)

اور جنہوں نے ہجرت کی اللہ کی راہ میں پھر مارے گئے یا (ایام ہجرت میں) مر گئے البتہ ضرور اللہ ان کو دے گا روزی عمدہ روزی

وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۵۸﴾ لَيُدْخِلَنَّهُمْ مُّدْخَلًا يَّرْضَوْنَهٗ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ﴿۵۹﴾

حصر الرزاقیت | بشارت نمبر ۲ | وسعت علم باری تعالی | (ان کے دشمنوں سے سزاء میں تاخیر کی ہوئی ہے)

اور بیشک اللہ البتہ وہ بہترین روزی دینے والا ہے البتہ ضرور داخل کرے گا ان کو داخل ہونے کی جگہ میں جس کو وہ پسند کریں گے، اور بیشک اللہ البتہ جاننے والا بردبار ہے۔

ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوْقِبَ بِهٖ ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

مظلوم کے لیے انتقام کی اجازت۔ | تسلی مظلوم | وسعت

یہ بات تم نے سن لی، اور جس نے سزا دی برابر اس کے جو اس کو تکلیف دی گئی پھر زیادتی کی گئی اس پر البتہ ضرور مدد کرے گا اس کی اللہ تعالی بیشک اللہ

لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ﴿۶۰﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَاَنَّ

مغفرت باری | انتقام کی اجازت کی دلیل نمبر ۱

معاف کرنے والا بخشنے والا ہے، یہ اس لیے کہ اللہ داخل کرتا ہے رات کو دن میں اور داخل کرتا ہے دن کو رات میں اور بیشک اللہ

اللّٰهَ سَمِيْعٌ بَصِيْرٌ ﴿۶۱﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ

دلیل نمبر ۲ | تردید مشرکین

سننے والا دیکھنے والا ہے، یہ اس لیے کہ اللہ وہی برحق ہے اور جس کو وہ پکارتے ہیں اس کے سوا

هُوَ الْبَاطِلُ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِیُّ الْكَبِیْرُ ﴿٦٢﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً

عظمت خداوندی دلیل نمبر ۳

وہ باطل ہے اور اس لیے کہ وہ اللہ بلند ہے بڑا ہے ۔ کیا تو نے نہیں دیکھا کہ بیشک اللہ نے اتارا آسمان سے پانی

فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ ﴿٦٣﴾ۚ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ

وسعت علم باری دلیل نمبر ۴ نمبر ۵ حصر المالکیت باری تعالیٰ

پھر ہوجاتی ہے زمین سبز ۔بیشک اللہ باریک بین خبر رکھنے والا ہے۔ اسی کا ہے جو کچھ آسمان و زمین میں ہے

۱۵ع۷ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ ﴿٦٤﴾ ع

اور بیشک اللہ البتہ وہ بے نیاز سب تعریفوں والا ہے۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِیْ فِی الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ؕ وَیُمْسِكُ السَّمَآءَ

تذکیر بالاء اللہ کے ضمن میں توحید پر عقلی دلیل نمبر ۱ دلیل نمبر ۲ نمبر ۳

کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ بیشک اللہ نے تمہارے بس میں کردیا جو کچھ زمین میں ہے اور کشتیاں چلتی ہیں دریا میں اس کے حکم سے اور تھام رکھا ہے اس نے آسمان کو کہ

اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ﴿٦٥﴾ وَهُوَ الَّذِیْۤ

شفقت خداوندی عقلی دلیل نمبر ۴

وہ گر پڑے زمین پر مگر اس کے حکم سے بیشک اللہ لوگوں کے ساتھ البتہ نرمی کرنے والا مہربان ہے۔ اور اسی نے

اَحْیَاكُمْ ؗ ثُمَّ یُمِیْتُكُمْ ثُمَّ یُحْیِیْكُمْ ؕ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ ﴿٦٦﴾ لِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا

بعث بعد الموت (مذکورہ احسانات کا) اطلاع خداوندی

تم کو زندہ کیا پھر وہ تم کو مارتا ہے پھر وہ تمہیں زندہ کرے گا بیشک انسان البتہ ناشکرا ہے۔ ہر امت کے لیے ہم نے بنا دیا

مَنْسَكًا هُمْ نَاسِكُوْهُ فَلَا یُنَازِعُنَّكَ فِی الْاَمْرِ وَادْعُ اِلٰی رَبِّكَ ؕ اِنَّكَ لَعَلٰی هُدًی

عبادت کا طریقہ تسلی خاتم الانبیاء فروعات فریضہ رسول توحید فضیلت خاتم الانبیاء

ایک طریقہ عبادت کا وہ اس طرح عبادت کرتی ہے پس نہ وہ جھگڑیں آپ سے کام میں اور آپ اپنے رب کی طرف بلائیں بیشک آپ ہدایت کی

مُّسْتَقِیْمٍ ﴿٦٧﴾ وَاِنْ جٰدَلُوْكَ فَقُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿٦٨﴾ اَللّٰهُ یَحْكُمُ بَیْنَكُمْ یَوْمَ

تسلی خاتم الانبیاء وسعت علم باری تعالیٰ حاکمیت باری

سیدھی راہ پر ہیں، اور اگر وہ آپ سے جھگڑنے لگیں پس آپ کہہ دیجئے کہ اللہ بہتر جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔ اللہ فیصلہ کرے گا تمہارے درمیان قیامت

الْقِیٰمَةِ فِیْمَا كُنْتُمْ فِیْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿٦٩﴾ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ یَعْلَمُ مَا فِی السَّمَآءِ

تخویف مشرکین وسعت علم باری (۱)

کے دن جس چیز میں تم اختلاف کرتے تھے۔ کیا آپ کو خبر نہیں کہ بیشک اللہ جانتا ہے جو کچھ آسمان

وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ فِیْ كِتٰبٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ یَسِیْرٌ ﴿٧٠﴾ وَیَعْبُدُوْنَ مِنْ

فیصلہ خداوندی۔ یعنی ان کے سب اقوال واحوال اور عقائد۔ اور ان کے اعمال کی کتابت کرانا مشرکین کی مذمت

اور زمین میں ہے بیشک یہ کتاب میں لکھا ہوا ہے بیشک یہ اللہ پر آسان ہے ۔اور وہ پوجتے ہیں اللہ تعالیٰ کو

دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَمْ یُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّمَا لَیْسَ لَهُمْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِیْنَ

تردید مشرکین نمبر ۱ تردید مشرکین نمبر ۲ نفی شفیع قہری

چھوڑ کر جس کی سند نہیں اتاری اس نے اور جس کی ان کو خبر نہیں اور نہیں بے انصافوں کا کوئی

(۱) دلیل نمبر ۲۹ علم غیب خاصہ خداوندی ہے اور دلیل نمبر ۳۰ یہی سورۃ حج آیت ۷۶ ص ۳۴۹ میں دیکھیں

مِنْ نَّصِيْرٍ ﴿٧١﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الْمُنْكَرَ ؕ

کیفیت منکرین قرآن

مدد گار ، اور جب سنائی جاتی ہیں ان کے سامنے ہماری آیتیں صاف تو آپ پہچانیں گے ان کے چہروں میں جنہوں نے کفر کیا برے آثار

يَكَادُوْنَ يَسْطُوْنَ بِالَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ؕ قُلْ اَفَاُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكُمْ ؕ

ارادہ فاسدہ — نتیجۂ مشرکین

قریب ہے کہ وہ حملہ کردیں ان پر جو تلاوت کرتے ہیں ان کے سامنے ہماری آیتیں ، آپ کہہ دیجئے کیا پس میں خبر دوں تم کو اس سے بری چیز کی

ع ۹ / ۸ / ۱۶

اَلنَّارُ ؕ وَعَدَهَا اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿٧٢﴾

مستحقین جہنم — شدت نارِ جہنم

وہ (دوزخ کی) آگ ہے اس کا وعدہ دیا اللہ نے ان لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا اور بہت بری ہے لوٹ کر جانے کی جگہ ۔

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

مشرکین کے شرک کی حماقت کی مثال — ماسوا اللہ سے خالقیت کی نفی

اے لوگو! بیان کی گئی ہے ایک مثال پس اس کو خوب کان رکھ کر سنو بیشک جن کو تم پوجتے ہو اللہ کے سوا،

لَنْ يَّخْلُقُوْا ذُبَابًا وَّلَوِ اجْتَمَعُوْا لَهٗ ؕ وَاِنْ يَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْـًٔا لَّا يَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ؕ ضَعُفَ

ماسوا اللہ سے تصرف کی نفی — طالب و

ہرگز وہ نہیں بنا سکتے ایک مکھی اگرچہ وہ سارے اس کے لیے جمع ہوجائیں اور اگر چھین لے ان سے مکھی (تو) کچھ نہیں چھڑا سکتے اس سے ۔ کمزور ہے

الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوْبُ ﴿٧٣﴾ مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿٧٤﴾ اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ

مطلوب کی کمزوری بت ، عابد مکھی ربت — مشرکین کی بے انصافی — ے — قدرت وغلبہ باری — سنت قدیمہ برائے انتخاب رسول (۱)

چاہنے والا اور چاہا ہوا۔ انہوں نے قدر نہیں سمجھی اللہ کی جیسی اس کی قدر کا حق ہے بیشک اللہ زور آور زبردست ہے۔ اللہ چن لیتا ہے

مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا وَّمِنَ النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿٧٥﴾ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ

نمبر ۱ — نمبر ۲ — وسعت علم (۲) — حصر علم الغیب (۳)

فرشتوں میں سے پیغام پہنچانے والے اور انسانوں میں سے بیشک اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے۔ وہ جانتا ہے جو ان کے آگے ہے

وَمَا خَلْفَهُمْ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿٧٦﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا

تو مدار انتخاب رسل اللہ کے پاس ہے — ترغیب اعمال ضروریہ نمبر ۱ — نمبر ۲ — نمبر ۳

اور جو ان کے پیچھے ہے اور اللہ تک پہنچتا ہے ہر کام۔ اے ایمان والو! رکوع کرو اور سجدہ کرو اور عبادت کرو

السجدۃ عند الامام الشافعی ؒ

رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿٧٧﴾ ۩ وَجَاهِدُوْا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ؕ هُوَ اجْتَبٰىكُمْ

نمبر ۴ — جہاد فی سبیل اللہ کی ترغیب — فضیلت مؤمنین

اپنے رب کی اور بھلائی کے کام کرو یقیناً تم کامیاب ہوجاؤ گے۔ اور بھر پور کوشش کرو اللہ (کے دین) میں جیسا حق ہے اس کی کوشش کا۔ اس نے تم کو چن لیا ہے

وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ؕ مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ؕ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ۙ۬

تشریح دین — (۴)

اور نہیں رکھی تم پر دین میں کچھ تنگی دین تمہارے باپ ابراہیم علیہ السلام کا اس نے تمہارا نام رکھا مسلمان

مِنْ قَبْلُ وَفِيْ هٰذَا لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ ۖۚ فَاَقِيْمُوا

شرف خاتم الانبیاء وفریضہ رسول (۵) — شرف اُمت محمدیہ علی صاحبہا الصلوۃ والسلام

پہلے سے اور اس (قرآن) میں تا کہ ہو رسول تم پر گواہ اور ہو تم لوگوں پر گواہ پس اہتمام کرو

ے
یا جاہلوں کی بے علمی کا اظہار

(۱) مرزا قادیانی کو جواب نمبر ۱ دلائل سے، دلیل نمبر ۱ یہی آیت ہے کہ یہاں مضارع زمانہ حال کے لیے ہے اور دلیل ۲ سورۃ بقرہ آیت ۸۷ ص ۱۷ میں دیکھیں۔ جواب ۲ : قد تفید الاستمرار التجددی بالقرائن اذا کان الفعل مضارعاً ۔ قواعد اللغۃ العربیہ۔

(۲) یہ کنایہ ہے اللہ تعالیٰ تمام مخلوقات سے باخبر ہے تو جن فرشتوں اور انسانوں میں رسول بننے کی صلاحیت ہے ان کو رسول بناتا ہے یہ منصب اس نے کسی اور کو نہیں دیا۔ لہٰذا کسی کو اعتراض کرنے کا حق بھی نہیں ہے۔

(۳) دلیل ۳۰ علم غیب خاصہ خداوندی ہے اور دلیل ۳۱ سورۃ مؤمنون آیت ۹۲ ص ۳۵۷ میں دیکھیں

(۴) جماعت المسلمین کی بنیاد کی تاریخ ۱۳۸۵ھ مستقل علیحدگی ۱۳۹۵ھ میں ہوئی

(۵) حاضر و ناظر پر فریق مخالف کی دلیل ۳، اور دلیل ۴ سورۃ احزاب آیت نمبر ۴۵ ص ۴۳۳ میں دیکھیں

ع ۱۰ ۱۷

الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰہِ ؕ ھُوَ مَوْلٰکُمْ ۚ فَنِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ ﴿۷۸﴾

اصول کامیابی نمبر ۱ نمبر ۲ نمبر ۳ تسلی مؤمنین ۔ مومن کی نصرت کا اعلان

نماز کا اور دیتے رہو زکوٰۃ اور مضبوط تھا مو اللہ کے (دین) کو وہ تمہارا کارساز ہے پس کیسا اچھا کارساز ہے اور کیسا اچھا مدد گار ہے۔

بقیہ حاشیہ ص ۳۵۱ ۔ مسئلہ رفع یدین ۔ رفع یدین کا معنی دونوں ہاتھوں کو ہمیشہ کندھوں تک اٹھانا یا کانوں تک بھی جائز ہے۔ تکبیر تحریمہ فرض ہے اس کے ساتھ رفع یدین احادیث قولیہ، احادیث فعلیہ، غیر متعارضہ تواتر قدر مشترک سے ثابت ہے اور اس کے سنت ہونے پر اجماع ہے۔ تکبیر تحریمہ کے علاوہ جس جگہ رفع یدین کا ذکر ہے وہ عبادت نہیں بلکہ عادت ہے جس پر کوئی ثواب مرتب نہیں ہوتا۔ فریق مخالف اس کو جو بھی حیثیت دے اس کا حکم صراحتاً قرآن وحدیث کے الفاظ سے پوچھو کہ وہ اس کو ثابت کرے مگر قیامت تک لاجواب رہے گا۔ ترک رفع یدین پر دلائل نمبر ۱ : أَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ حدثنا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِصَلَاةِ رَسُولِ اللّٰہِ صَلَّى اللہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : فَقَامَ فَرَفَعَ يَدَيْهِ أَوَّلَ مَرَّةٍ ثُمَّ لَمْ يَعِدْ (نسائی ص ۱۵۸ ج ۱ وابوداؤد ص ۴۷ ج ۱، ترمذی ص ۳۵ ج ۱)

خبر دی ہمیں سوید بن نصر نے وہ فرماتے ہیں بیان کیا ہم سے عبداللہ بن مبارک نے سفیان سے انہوں نے عاصم بن کلیب سے انہوں عبدالرحمٰن بن اسود سے انہوں علقمہ سے انہوں نے عبداللہ بن مسعودؓ سے کہ انہوں نے فرمایا کہ کیا میں تمہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کی خبر نہ دوں؟ علقمہ فرماتے ہیں پس عبداللہ بن مسعودؓ کھڑے ہوئے تو فرمایا کہ پہلی مرتبہ رفع یدین کی پھر نہیں کی۔

(۱) مسئلہ رفع یدین پر مختصر تشریح ص ۳۵۰ پر دیکھیں ترک رفع یدین پر دلیل نمبر ۲ عن عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ مخبتون متواضعون لا یلتفتون یمینا ولا شمالا ولا یرفعون ایدیھم فی الصلوٰۃ۔ تفسیر ابن عباس ص ۲۱۲ اس مسئلہ کو استاذ محترم مولانا محمد امین صفدر اوکاڑوی نے مختلف انداز میں سمجھایا ہے۔ حضرت کی بے مثال کتب کا مطالعہ کریں۔

الجزء الثامن عشر ۱۸

سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ وَّثَمَانَ عَشَرَةَ اٰيَةً وَّسِتُّ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

ترتیب تلاوت ۲۳، ترتیب نزول ۷۴، آیات ۱۱۸، رکوعات ٦

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۱ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خَاشِعُوْنَ ۝۲ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ

مومنین کاملین کی کامیابی — مؤمنین کے اوصاف — نمبر ۱ عاجزی (۱) — نمبر ۲، اجتناب عن اللغو

تحقیق کامیاب ہوئے ایمان والے۔ جو اپنی نمازوں میں عاجزی کرنے والے ہیں ۔ اور وہ جو بیہودہ باتوں سے

مُعْرِضُوْنَ ۝۳ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ ۝۴ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۝۵

نمبر ۳، ادائیگی زکوٰۃ — نمبر ۴، اجتناب عن الزناء

روگردانی کرنے والے ہیں۔ اور وہ جو زکوٰۃ ادا کرنے والے ہیں، اور وہ جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرنے والے ہیں

اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۝۶ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ

(۲) تشریح حفاظت فروج: منکوحات ومملوکات کے ساتھ صحبت کی اجازت — حدود الٰہیہ سے تجاوز کرنے کی ممانعت

مگر اپنی بیویوں سے یا ان سے جن کے مالک ہیں ان کے دائیں ہاتھ پس تحقیق وہ نہیں ملامت کیے ہوئے پس جو تلاش کرے اس کے

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۝۷ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۝۸ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ

نمبر ۵ — نمبر ٦ — نمبر ۷

علاوہ پس وہ حد سے تجاوز کرنے والے ہیں ۔ اور وہ جو اپنی امانتوں اور اپنے وعدوں کا خیال رکھنے والے ہیں ۔ اور وہ جو اپنی نمازوں کی

يُحَافِظُوْنَ ۝۹ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۝۱۰ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ۭ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝۱۱ وَلَقَدْ

نتیجۂ مؤمنین — تشریح وراثت

حفاظت کرنے والے ہیں ۔ یہی لوگ وارث ہونے والے ہیں ۔ جو وارث ہوں گے بہشت بریں کے وہ اس میں سدا رہنے والے ہوں گے۔ اور البتہ تحقیق

خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ۝۱۲ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ۝۱۳ ثُمَّ

توحید پر عقلی دلائل خلقت بنی آدم کے غذاؤں سے مٹی کے خلاصہ کا بیان (۳) تصرف باری — نمبر ۲ — (حمل ضائع ہونے سے)

پیدا کیا ہم نے انسان کو مٹی کے خلاصہ سے۔ پھر ہم نے اس کو رکھا ایک قطرہ ٹھہرنے کی جگہ میں محفوظ۔ پھر

خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ

نمبر ۳ — نمبر ۴ لوتھڑا گوشت — نمبر ۵ — ہڈیاں — نمبر ٦

ہم نے بنایا قطرے کو جما ہوا خون پھر ہم نے بنایا جمے ہوئے خون بستہ کو ایک بوٹی پھر ہم نے بنایا بوٹی کو ہڈیاں پھر ہم نے پہنایا ہڈیوں کو

لَحْمًا ۤ ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ۭ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ۝۱۴ ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ

نمبر ۷ حسن تدبیر باری تعالیٰ یعنی روح ڈالی — وعدۂ خداوندی دنیوی حیات کے بعد موت

گوشت پھر ہم نے اس کو کھڑا کیا ایک نئی صورت میں پس اللہ بڑی برکت والا ہے جو سب سے بہتر (شکل) بنانے والا ہے۔ پھر تم اس کے بعد

لَمَيِّتُوْنَ ۝۱۵ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ۝۱۶ وَلَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَآئِقَ ڰ وَمَا

بعث بعد الموت — اجرام علویہ کی خلقت

مرو گے، پھر تم قیامت کے دن اٹھائے جاؤگے، اور البتہ تحقیق بنائی ہم نے تم پر سات (فرشتوں اور مواضع رزق) کی راہیں اور نہیں ہیں ہم

كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غٰفِلِيْنَ ۝۱۷ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِي الْاَرْضِ ڰ وَاِنَّا

وسعت علم باری — قدرت باری سے مواضع رزق کی تشریح نمبر ۱ — قدرت علم

مخلوق (کے امور) سے بے خبر، اور اتارا ہم نے آسمان سے پانی ماپ کر پھر ٹھہرا دیا اس کو زمین میں (مختلف ضرورتوں کے لیے) اور بیشک ہم

موضوع سورۃ: تعلق باللہ کی درستگی پر دنیا وآخرت کی عزت کا دارومدار ہے۔

(۲) علیٰ بمعنی من ہے۔ قال ابن عباس رضی اللہ عنہ كُلُّ فَرْجٍ سِوَاهُمَا فَهُوَ حَرَامٌ: ترمذی ص ۱۳۳ ج ۱

(۳) یعنی مادر شکم میں سات اطوار نمبر ۱

عَلٰى ذَهَابٍۭ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ﴿١٨﴾ فَاَنْشَاْنَا لَكُمْ بِهٖ جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ ۘ لَكُمْ فِيْهَا

باری نمبر ۲ تذکیر بالآء اللہ یعنی پانی سے حاصل شدہ نعمتوں کا ذکر بنی آدم کے لیے

اس کے لے جانے پر قدرت رکھتے ہیں، پھر اُگا دیئے ہم نے تمہارے لیے اس سے باغات کھجور اور انگور کے۔ تمہارے لیے اس میں

فَوَاكِهُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿١٩﴾ وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ تَنْۢبُتُ بِالدُّهْنِ

انعامات عمومی بقیہ انعامات (۱) (خاصیت درخت)

بہت سے میوے ہیں اور انہی سے تم (تلذذ کے لیے) کھاتے ہو۔ اور (اسی پانی سے) درخت جو نکلتا ہے سیناء پہاڑ سے اگتا ہے وہ تیل لے کر

وَصِبْغٍ لِّلْاٰكِلِيْنَ ﴿٢٠﴾ وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۭ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِىْ بُطُوْنِهَا وَلَكُمْ

انعامات حیوانیہ کا بیان

اور سالن کھانے والوں کے لیے۔ اور بیشک تمہارے لیے مویشیوں میں یقیناً غور کا مقام ہے ہم تم کو پلاتے ہیں اس سے جو ان کے پیٹوں میں ہے اور تمہارے لیے

فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿٢١﴾ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿٢٢﴾ ع ۲۲

ان میں بہت منافع ہیں اور ان میں سے بعضوں کو تم کھاتے ہو۔ اور ان پر اور کشتیوں پر سوار ہو کر پھرتے ہو۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ اَفَلَا

توحید پر نقلی دلائل حضرت نوحؑ کی تبلیغ تنبیہ

البتہ تحقیق بھیجا ہم نے نوح علیہ السلام کو ان کی قوم کی طرف، پس انہوں نے کہا اے میری قوم اللہ ہی کی عبادت کرو نہیں ہے تمہارے لیے اس کے سوا کوئی معبود کیا تم

تَتَّقُوْنَ ﴿٢٣﴾ فَقَالَ الْمَلَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يُرِيْدُ اَنْ يَّتَفَضَّلَ

قوم مخالفین نوح کی بے ادبی کا بیان کمالات سے خالی سمجھ کر کہا مخالفین نوحؑ کی شورش

ڈرتے نہیں ہو؟ پس بولے سردار جنہوں نے کفر کیا تھا اس کی قوم سے نہیں ہے یہ مگر ایک بشر تم جیسا وہ چاہتا ہے کہ فضیلت پائے

عَلَيْكُمْ ۭ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰۗئِكَةً ښ مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَاۗىِٕنَا الْاَوَّلِيْنَ ﴿٢٤﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا

مخالفین کا پروپیگنڈہ نمبر ۱ نمبر ۲ مخالفین کی

تم پر اور اگر اللہ چاہتا تو اتارتا فرشتے۔ نہیں سنا ہم نے اس بات کو اپنے اگلے باپ دادوں میں۔ نہیں وہ مگر

رَجُلٌۢ بِهٖ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوْا بِهٖ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿٢٥﴾ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿٢٦﴾

بے ادبی حضرت نوحؑ کی دعا نمبر ۱

ایک آدمی جس کو دیوانہ پن ہے پس تم دیکھو اس کو ایک وقت تک۔ کہا اے میرے رب! تو میری مدد کر اس لیے کہ انہوں نے مجھے جھٹلایا ہے۔

فَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا فَاِذَا جَاۗءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ

اجابت دعا۔ حکم خداوندی عذاب علامت عذاب

پھر حکم بھیجا ہم نے اس کی طرف کہ آپ کشتی بنائیں ہمارے سامنے اور ہماری وحی کے مطابق پھر جب آجائے ہمارا حکم اور ابل پڑے تندور

فَاسْلُكْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۚ

حکم خداوندی تاکید حضرت نوحؑ کے بیٹے کی ہلاکت اجمالی

پس داخل کریں اس میں ہر چیز کا جوڑا دو عدد، اور اپنے گھر والوں کو مگر ان میں سے وہ جس کی قسمت میں پہلے (غرق ہونے کی) بات ہو چکی ہے

وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ﴿٢٧﴾ فَاِذَا اسْتَوَيْتَ اَنْتَ وَمَنْ مَّعَكَ

دعا کی ممانعت برائے ظالم فیصلہ خداوندی فرائض حضرت نوح علیہ السلام اور اہل ایمان

اور نہ گفتگو کر مجھ سے ان لوگوں (کی نجات) کے بارے میں جنہوں نے شرک کیا بیشک ان کو ڈبو دیا جائے گا۔ پھر جب برابر آپ چڑھ جائیں اور جو آپ کے ساتھ ہیں

(۱) طوفان کے بعد پہلا درخت زیتون کا پیدا ہوا۔

عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ نَجّٰنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۸﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَنْزِلْنِىْ

التزام شکر — دعا نمبر ۲، اطمینان ظاہری اور باطنی کے ساتھ رکھنے کی

کشتی پر پس آپ کہیں تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے چھڑایا ہمیں ظالم لوگوں سے۔ اور آپ کہیں اے میرے رب آپ مجھے اتارنا

مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿۲۹﴾ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ وَّاِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِيْنَ ﴿۳۰﴾ ثُمَّ اَنْشَاْنَا

شفقت خداوندی۔ اہل عقل — یعنی لوگ عبرت پکڑتے ہیں؟ یا نہیں — قدرت باری

برکت والی جگہ اور آپ بہترین اتارنے والے ہیں۔ بیشک اس (واقعہ) میں البتہ نشانیاں ہیں اور بیشک ہم جانچنے والے ہیں۔ پھر اٹھایا ہم نے

مِنْ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿۳۱﴾ فَاَرْسَلْنَا فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ

قوم ہود یا ثمود ترجیح قول اول — ہود یا صالح علیہما السلام — دعوت الی اللہ

ان کے پیچھے دوسرے زمانے کے لوگ، پس بھیجا ہم نے ان میں رسول ان میں سے کہ عبادت کرو اللہ کی نہیں تمہارے لیے

ع ۲

مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۳۲﴾

تنبیہ

اس کے سوا کوئی معبود کیا پس تم ڈرتے نہیں۔

وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ وَاَتْرَفْنٰهُمْ فِى الْحَيٰوةِ

قوم ہود کے خباثات — نمبر ۱ — نمبر ۲ — سبب خباثت

اور کہا سرداروں نے اس کی قوم سے جنہوں نے کفر کیا اور جھٹلایا آخرت کی ملاقات کو اور خوشحالی دی ہم نے ان کو دنیا

الدُّنْيَا ۙ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يَاْكُلُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ ﴿۳۳﴾

فضائل و کمالات سے خالی سمجھ کر کہا (۱)

کی زندگی میں نہیں ہے یہ مگر ایک انسان تم جیسا وہ کھاتا ہے جس سے تم کھاتے ہو اور پیتا ہے جس سے تم پیتے ہو،

وَلَئِنْ اَطَعْتُمْ بَشَرًا مِّثْلَكُمْ ۙ اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۳۴﴾ اَيَعِدُكُمْ اَنَّكُمْ اِذَا مِتُّمْ وَكُنْتُمْ تُرَابًا

مخالفین کا شکوہ ۔ — معمولی — قوم ہودؑ کا انکار قیامت

اور اگر تم نے اطاعت کی کسی انسان کی اپنے برابر کے بیشک تم اس وقت نقصان اٹھانے والے ہوگے، کیا وہ وعدہ دیتا ہے تم کو کہ بیشک تم جب مر جاؤ گے اور ہو جاؤ گے مٹی

وَّعِظَامًا اَنَّكُمْ مُّخْرَجُوْنَ ﴿۳۵﴾ هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ ﴿۳۶﴾ اِنْ هِىَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ

(قبروں سے) — مخالفین کی بے ادبی

اور ہڈیاں کہ تم کو نکالا جائے گا، کہاں ہوسکتا ہے کہاں ہوسکتا ہے جو تم کو وعدہ دیا جاتا ہے، نہیں ہے یہ مگر ہمارا جینا دنیا کی زندگی کا ہم مرتے ہیں

وَنَحْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿۳۷﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلُ ۨافْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا وَّمَا نَحْنُ لَهٗ

مخالفین کا الزام

اور ہم (نئے) زندہ ہوتے ہیں اور ہم نہیں دوبارہ اٹھائے جائیں گے۔ نہیں ہے وہ مگر ایک آدمی باندھا اس نے اللہ پر جھوٹ اور نہیں ہم اس پر

بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۸﴾ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِىْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿۳۹﴾ قَالَ عَمَّا قَلِيْلٍ لَّيُصْبِحُنَّ نٰدِمِيْنَ ﴿۴۰﴾ فَاَخَذَتْهُمُ

حضرت ہودؑ کی دعا — اجابت دعا۔ تھوڑے عرصہ کے بعد ضرور ہو جائیں گے پشیمان — گرفت خداوندی

ایمان لانے والے، کہا اس نے اے میرے رب میری مدد فرما اس لیے کہ لوگ مجھے جھٹلاتے ہیں، فرمایا تھوڑی دیر بعد البتہ ہوں گے وہ پچھتانے والے۔ پس پکڑا ان کو سخت

الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنٰهُمْ غُثَآءً ۚ فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۱﴾ ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ قُرُوْنًا

(۲) کیفیت ہلاکت — حضرت شعیبؑ و صالحؑ و لوطؑ کی داستان

آواز نے سچے وعدے کے مطابق پس کر دیا ہم نے ان کو کوڑا کرکٹ پس ہلاکت ہے ان لوگوں کے لیے جو ظالم ہیں، پھر پیدا کیا ہم نے ان کے بعد دوسرے لوگوں کو۔

(۱) قوم عاد نے ہود علیہ السلام نبی کو بشر اپنے جیسا کہا نمبر ۳ قوم شعیب نے شعیب علیہ السلام کو اپنے جیسا بشر کہا۔ سورۃ شعراء آیت ۱۸۶ ص ۳۸۴ میں دیکھیں۔

(۲) سخت آواز یا سخت عذاب نے۔

اٰخَرِيْنَ ﴿٤٢﴾ مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ﴿٤٣﴾ ثُمَّ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا ؕ

فیصلہ خداوندی — حضرت شعیبؑ وصالحؑ ولوطؑ کی رسالت

نہیں آگے بڑھتی کوئی امت اپنی مقرر مدت (کے عذاب) سے اور نہیں پیچھے ہٹتی۔ پھر بھیجا ہم نے اپنے رسولوں کو لگاتار

كُلَّمَا جَآءَ اُمَّةً رَّسُوْلُهَا كَذَّبُوْهُ فَاَتْبَعْنَا بَعْضَهُمْ بَعْضًا وَّجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ ۚ فَبُعْدًا

جب بھی آیا کسی امت کے پاس اس کا رسول انہوں نے اس کو جھٹلایا پس پیچھے لگایا ہم نے (ہلاکت) ان کے بعض کو بعض کے اور بنا دیا ہم نے ان کو کہانیاں پس ہلاکت ہے

لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٤٤﴾ ثُمَّ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى وَاَخَاهُ هٰرُوْنَ ۙ بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿٤٥﴾

حضرت موسیٰؑ وہارونؑ کی رسالت — مرسل بہ کا ذکر

ان لوگوں کے لیے جو ایمان نہیں رکھتے۔ پھر بھیجا ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) اور ان کے بھائی ہارون کو اپنی نشانیوں اور واضح دلیل کے ساتھ

اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا عَالِيْنَ ﴿٤٦﴾ ۚ فَقَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا

مرسل الیہم کا ذکر — فرعونیوں کے خباثت — تشریح خباثات نمبرا (۱)

فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف پس انہوں نے تکبر کیا اور تھے وہ متکبر لوگ۔ پس انہوں نے کہا کیا ہم ایمان لے آئیں دو آدمیوں پر جو ہماری طرح ہیں

وَقَوْمُهُمَا لَنَا عٰبِدُوْنَ ﴿٤٧﴾ ۚ فَكَذَّبُوْهُمَا فَكَانُوْا مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ ﴿٤٨﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى

نمبر ۲ — فرعونیوں کی تکذیب — نتیجہ — حضرت موسیٰؑ کی فضیلت

اور ان دونوں کی قوم ہماری غلام ہے۔ پھر انہوں نے ان دونوں کو جھٹلایا پھر ہوئے ہلاک ہونے والوں میں سے۔ اور البتہ تحقیق دی ہم نے موسیٰ علیہ السلام

الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿٤٩﴾ وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗٓ اٰيَةً وَّاٰوَيْنٰهُمَآ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ

(۲) (یعنی بنی اسرائیل) (۳) قدرت خداوندی کی نشانی۔ دونوں مل کر ایک نشانی ہے۔ (۴)

کو کتاب (فرعون کی ہلاکت کے بعد) شاید وہ راہ پائیں۔ اور بنایا ہم نے ابن مریم اور اس کی ماں کو ایک نشانی اور ان دونوں کو ہم نے ٹھکانا دیا ایک ٹیلے پر

ع ٣ ١٨/٤ قَرَارٍ وَّمَعِيْنٍ ﴿٥٠﴾ ع

جہاں ٹھہراؤ تھا اور صاف پانی۔

يٰٓاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ اِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿٥١﴾ ؕ وَاِنَّ

تمام انبیاء کی زندگیوں کا نصیب العین — وسعت علم باری — دین

اے رسولو! کھاؤ پاکیزہ چیزوں سے اور نیک کام کرو بیشک میں جو تم کرتے ہو جانتا ہوں ، اور بیشک

هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّقُوْنِ ﴿٥٢﴾ فَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ زُبُرًا ؕ كُلُّ حِزْبٍ

وحدت ملت انبیا۔ یعنی اکل طیبات اور عمل صالح میں — (یعنی امتوں نے اپنے انبیاء کے دین میں تفریق ڈالی)

یہی تمہارا دین ہے (لازم پکڑو ایک) دین کو اور میں تمہارا رب ہوں پس مجھ سے ڈرو۔ پھر بانٹ لیا انہوں نے اپنا کام آپس میں ٹکڑے ٹکڑے ہر فرقہ

بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ﴿٥٣﴾ فَذَرْهُمْ فِيْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿٥٤﴾ اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ

(عقائد فاسدہ) — سلوک الرسول بالمعاندین/غفلت — استدراج مشرکین

اس پر جو اس کے پاس ہے خوش ہو رہا ہے۔ پس آپ ان کو چھوڑ دیں ان کی گہری گمراہی میں ایک وقت تک، کیا وہ گمان کرتے ہیں کہ ہم جو ان کی مدد کر رہے ہے

مَّالٍ وَّبَنِيْنَ ﴿٥٥﴾ نُسَارِعُ لَهُمْ فِي الْخَيْرٰتِ ؕ بَلْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ﴿٥٦﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ

مشرکین کی حماقت — مؤمنین کے اوصاف نمبرا

مال اور اولاد سے۔ ہم جلدی کر رہے ہیں ان کے لیے بھلائیوں میں بلکہ وہ نہیں سمجھتے ، بیشک وہ لوگ

نمبرا
فضائل وکمالات سے خالی سمجھ کر کہا
(۲) بنی اسرائیل کی شریعت کا مدار صرف تورات پر تھا، زبور، انجیل کی حیثیت صرف ضمنی کتابوں کی تھی۔
(۳) بنی اسرائیل کے آخری نبی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا بیان
(۴) اس لفظ سے قادیانی باطل استدلال اور اس کی مختصر تفصیل تبدیلی نام ربوہ سے چناب نگر فروری ۱۹۹۹ء میں ہوا۔ بنیاد ۱۹۴۸ء۔ جلال الدین شمس نے رکھی ایک ہزار چونتیس ایکڑ پر۔ یاد رکھیں قرآن کریم نے یہاں قادیانی نظریہ بیان نہیں کیا۔ بلکہ قدرت خداوندی کا ایک نمونہ بیان فرمایا ہے تفصیل کے لیے تفسیر معارف الفرقان دیکھیں۔

خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۸﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ

نمبر ۲ نمبر ۳

جو اپنے رب کی ہیبت سے ڈرتے ہیں۔ اور وہ لوگ جو اپنے رب کی آیات پر ایمان رکھتے ہیں۔ اور وہ لوگ جو اپنے رب کے ساتھ

لَا يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ﴿۶۰﴾

نمبر ۴ حاملین صفات مذکورہ کی کیفیت (شاید قبول نہ ہو) تذکیر بمابعد الموت

شریک نہیں کرتے۔ اور جو لوگ دیتے ہیں جو کچھ دیتے ہیں (اللہ کی راہ میں) اس حال میں کہ ان کے دل خوفزدہ ہوتے ہیں اس پر کہ وہ اپنے رب کی طرف جانے والے ہیں

اُولٰٓئِكَ يُسٰرِعُوْنَ فِى الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ﴿۶۱﴾ وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا

نمبر ۵ تکلیف مالا یطاق کی نفی

وہ لوگ دوڑ لگاتے ہیں نیکیوں میں اور وہ ان پر (پہنچتے) ہیں سب سے آگے، اور ہم کسی پر بوجھ نہیں ڈالتے مگر اس کی طاقت کے مطابق اور ہمارے پاس

كِتٰبٌ يَّنْطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۶۲﴾ بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِىْ غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا وَلَهُمْ اَعْمَالٌ

عدل وانصاف باری قلوب کفار دین حق سے غفلت میں ہیں قرآن

ایک کتاب ہے جو سچ سچ بتادے گی اور وہ ظلم نہیں کیے جائیں گے۔ بلکہ ان کے دل سخت غفلت میں ہیں اس سے اور (کفار) ان کے لیے اعمال ہیں

مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ هُمْ لَهَا عٰمِلُوْنَ ﴿۶۳﴾ حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذْنَا مُتْرَفِيْهِمْ بِالْعَذَابِ اِذَا هُمْ يَجْـَٔرُوْنَ ﴿۶۴﴾

گرفت خداوندی نتیجہ مشرکین

اس کے علاوہ بھی وہ ان کو کرنے والے ہیں، یہاں تک کہ جب ہم پکڑیں گے ان کے آسودہ حال لوگوں کو عذاب میں تو اچانک وہ چلائیں گے

لَا تَجْـَٔرُوا الْيَوْمَ اِنَّكُمْ مِّنَّا لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۶۵﴾ قَدْ كَانَتْ اٰيٰتِىْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ عَلٰٓى

تنبیہ نفی شفیع قہری سبب رسوائی

مت چلاؤ آج کے دن بیشک تم ہماری طرف سے مدد نہیں کیے جاؤ گے، تحقیق سنائی جاتی تھیں تم پر میری آیتیں پس تھے تم

اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ ﴿۶۶﴾ مُسْتَكْبِرِيْنَ بِهٖ سٰمِرًا تَهْجُرُوْنَ ﴿۶۷﴾ اَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ اَمْ جَآءَهُمْ

کیفیت اظہار تکبر بیہودہ باتیں۔ (۱) تنبیہ مشرکین نمبر ۱ نمبر ۲

اپنی ایڑیوں پر الٹے بھاگتے۔ تکبر کرتے ہوئے اس کے ساتھ افسانہ گو (کہہ کر) تم چھوڑتے ہوئے۔ کیا غور وفکر نہیں کیا انہوں نے کلام میں یا آئی ان کے پاس

مَّا لَمْ يَاْتِ اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۶۸﴾ اَمْ لَمْ يَعْرِفُوْا رَسُوْلَهُمْ فَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿۶۹﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ

نمبر ۳ (صدق وامانت میں) شکوہ مشرکین

وہ بات جو نہیں آئی ان کے اگلوں کے پاس۔ یا انہوں نے نہیں پہچانا اپنے رسول کو پس وہ اس سے ناواقف بنتے ہیں۔ یا وہ کہتے ہیں

بِهٖ جِنَّةٌ ۭ بَلْ جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ وَاَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿۷۰﴾ وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَآءَهُمْ

نمبر ۴ مجنون نہیں (۲) جواب شکوہ (انکار کی اصل وجہ) سچائی خواہشات کے تابع نہیں

اس کو جنون ہے بلکہ آیا وہ ان کے پاس حق کے ساتھ اور ان کی اکثریت حق کو ناپسند کرنے والی ہے۔ اور اگر پیروی کرتا دین حق ان کی خواہشات کی

لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ۭ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۷۱﴾

لائے ہم ان کے پاس نصیحت کی بات

تو یقیناً تباہ ہوجاتے آسمان وزمین اور جو ان میں ہیں بلکہ ہم آئے ہیں ان کے پاس ان کی نصیحت کے ساتھ پس وہ اپنی نصیحت سے منہ پھیرنے والے ہیں۔

اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ڰ وَّهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۷۲﴾ وَاِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى

نمبر ۵ وجہ تکذیب: اللہ کے لیے دین کی دعوت حصر الرزاقیت باری تعالی فریضہ رسول۔ نمبر ۶ غلط راستہ پر ہیں

کیا آپ ان سے کوئی معاوضہ مانگتے ہیں پس معاوضہ آپ کے رب کا بہتر ہے اور وہ سب سے بہتر روزی دینے والا ہے۔ اور بیشک آپ ان کو بلاتے ہیں

(۱)
یہاں سے کفارو مشرکین کے لیے سات موانع ایمان کا ذکر ہے مگر جب غور کیا جائے تو کوئی بھی موانع ایمان نہیں۔ نمبر ۱ انہوں نے کلام کو نہیں سمجھا، نمبر ۲ قرآن نرالی بات پیش نہیں کرتا نمبر ۳ داعی اجنبی نہیں۔

(۲) بل ابطالیہ پر دلیل نمبر ۳، اور دلیل نمبر ۴ سورۃ سجدہ آیت نمبر ۳ ص ۲۳۴ میں دیکھیں

صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٧٣﴾ وَاِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ لَنٰكِبُوْنَ ﴿٧٤﴾ وَلَوْ رَحِمْنٰهُمْ

کیفیت منکرین آخرت — مرنے والے — آپ کی دعا سے اہل مکہ سے قحط سالی دور ہونے کا بیان

سیدھے راستے کی طرف ، اور بیشک جو لوگ ایمان نہیں لاتے آخرت پر وہ (سیدھے) راستے سے ہٹے جا رہے ہیں ۔ اور اگر ہم رحمت کریں ان پر

وَكَشَفْنَا مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ لَّلَجُّوْا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿٧٥﴾ وَلَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ

کیفیت عناد — نمبر۲ مشرکین بدحالی میں برابر اصرار کریں — دنیوی عذاب یوم بدر : عذاب آنے کے

اور ہم دور کردیں وہ جو ان کے ساتھ بدحالی سے ہے تو یقیناً وہ اصرار کریں اپنی گمراہی میں سرگرداں پھرتے ہوئے ۔ اور البتہ تحقیق ہم نے ان کو پکڑا عذاب میں

فَمَا اسْتَكَانُوْا لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿٧٦﴾ حَتّٰٓى اِذَا فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ

باوجود ہٹ دھرمی پر رہے — اطلاع خداوندی سے شکل عذاب — (آخرت میں)

پس نہیں انہوں نے اظہار عاجزی کی اپنے رب کے سامنے اور نہ وہ گڑگڑائے ۔ یہاں تک کہ جب ہم نے کھولیں گے ان پر دروازہ سخت عذاب والا

ع ٤/٢٧/٤ اِذَا هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿٧٧﴾

تو اچانک وہ اس میں ناامید ہوں گئے ۔

وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿٧٨﴾ وَهُوَ الَّذِيْ

توحید پر دلیل عقلی نمبر۱ — بنی آدم کے انعامات عمومی — دین قبول کرنے — نمبر۲ خالقیت

اور وہی ہے جس نے پیدا کیے تمہارے لیے کان اور آنکھیں اور دل بہت کم تم شکر کرتے ہو۔ اور وہی ہے جس نے

ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿٧٩﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَلَهُ اخْتِلَافُ الَّيْلِ

باری تعالیٰ — تذکیر بما بعد الموت — تصرف باری تعالیٰ کے نمونے نمبر۱ — نمبر۲

پھیلایا تم کو زمین میں اور اسی کی طرف تم اکٹھے کیے جاؤ گے۔ اور وہی ہے جو زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور اسی کے لیے ہے رات

وَالنَّهَارِ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٨٠﴾ بَلْ قَالُوْا مِثْلَ مَا قَالَ الْاَوَّلُوْنَ ﴿٨١﴾ قَالُوْٓا ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا

شکوہ منکرین قیامت — تشریح شکوہ

دن کا آنا جانا کیا تم سمجھتے نہیں ہو۔ بلکہ انہوں نے کہا اس کی مانند جو کہا اگلوں نے۔ انہوں نے کہا کیا جب ہم مرجائیں گے

تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿٨٢﴾ لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَاٰبَاۗؤُنَا هٰذَا مِنْ قَبْلُ اِنْ هٰذَآ

منکرین قیامت کا پروپیگنڈہ

اور ہم ہوجائیں گے مٹی اور ہڈیاں کیا بیشک ہم البتہ دوبارہ زندہ کیے جائیں گے، البتہ تحقیق وعدہ دیا گیا ہمیں اور ہمارے باپ دادا کو اس کا اس سے پہلے نہیں ہے یہ

اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٨٣﴾ قُلْ لِّمَنِ الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهَآ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٨٤﴾ سَيَقُوْلُوْنَ

سوال ۔ دلیل عقلی اعترافی تو اچانک وہ اس میں ناامید ہوں گئے ۔ — جواب

مگر پہلے لوگوں کی کہانیاں ۔ آپ پوچھئے کس کے ملک میں ہے زمین اور جو اس میں ہے اگر ہو تم جانتے۔ عنقریب وہ کہیں گے

لِلّٰهِ ۭ قُلْ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿٨٥﴾ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿٨٦﴾

طریق مناظرہ سے سوال ۔ دلیل عقلی اعترافی

اللہ کے لیے آپ کہہ دیجئے کیا پھر تم نصیحت حاصل نہیں کرتے؟ آپ پوچھئے کون رب ہے ساتوں آسمانوں کا اور رب عرش عظیم کا؟

سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۭ قُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿٨٧﴾ قُلْ مَنْۢ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ يُجِيْرُ

جواب — حصر المالکیت دلیل عقلی اعترافی — حصر التصرف

عنقریب وہ کہیں گے اللہ کے لیے آپ کہئے کیا پھر تم ڈرتے نہیں ہو؟ آپ پوچھئے کون ہے جس کے ہاتھ میں حکومت ہے ہر چیز کی اور وہ پناہ دیتا ہے

ے ماغاب عن الخلوق ے امّا :ان شرطیہ اور ما زائدہ سے مرکب ہے

وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۸﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ فَاَنّٰى تُسْحَرُوْنَ ﴿۸۹﴾ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ

اس کے مقابلہ میں پناہ نہیں دی جاتی — جواب — تنبیہ صداقت قرآن — خلاصہ جوابات

اور اس کے مقابلہ میں پناہ نہیں دی جاتی اگر تم جانتے ہو؟ عنقریب وہ کہیں گے اللہ کے لیے آپ کہہ دیجئے پھر تم کیوں سحر زدہ ہو رہے ہو۔ بلکہ ہم لائے ہیں

بِالْحَقِّ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۹۰﴾ مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ وَّلَدٍ وَّمَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ اِذًا لَّذَهَبَ

(۱) فیصلہ خداوندی — تنزیہہ الرحمٰن عن الاولاد۔ — تنزیہہ الرحمٰن عن الشرکاء

ان کے پاس سچی بات اور بیشک وہ البتہ جھوٹ بولتے ہیں، نہیں بنائی اللہ نے کوئی اولاد اور نہیں اس کے ساتھ کوئی معبود (یوں ہوتا) تو لے جاتا

كُلُّ اِلٰهٍ بِمَا خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۹۱﴾

غالب — تردید مشرکین

ہر معبود جو اس نے بنایا اور البتہ چڑھائی کرتے ایک دوسرے پر اللہ پاک ہے اس سے جو وہ بیان کرتے ہیں

ع ۵ ۱۵ ۵

عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۹۲﴾

حصر علم الغیب فی ذات باری تعالیٰ (۲) — عظمت خداوندی

جاننے والا ہے پوشیدہ اور کھلی باتوں کا پس بلند تر ہے ان سے جن کو وہ شریک بناتے ہیں

قُلْ رَّبِّ اِمَّا تُرِيَنِّيْ مَا يُوْعَدُوْنَ ﴿۹۳﴾ رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِيْ فِي الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۹۴﴾ وَاِنَّا عَلٰۤى اَنْ

فریضۂ خاتم الانبیاءؐ ۔ دعا ۔ — مبہم وقت — مقصد دعا — قدرت باری تعالیٰ ۔ ہم

آپ کہہ دیجئے اے میرے رب! اگر آپ مجھے دکھا دیں جو وہ وعدہ دیئے گئے ہیں۔ اے میرے رب! پس آپ نہ بنائیں مجھے ظالم لوگوں میں۔ اور بیشک ہم اس پر

نُّرِيَكَ مَا نَعِدُهُمْ لَقٰدِرُوْنَ ﴿۹۵﴾ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ السَّيِّئَةَ ؕ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَصِفُوْنَ ﴿۹۶﴾

قادر ہیں اس پر — (۳) طریق تبلیغ و فریضۂ رسولؐ نمبر ۱ — وسعت علم باری

قادر ہیں کہ آپ کو دکھائیں جو ہم ان سے وعدہ کر رہے ہیں ۔ ہٹائیے اچھائی کے ذریعہ سے بری بات کو ہم خوب جانتے ہیں جو وہ بیان کرتے ہیں

وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ﴿۹۷﴾ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ﴿۹۸﴾ حَتّٰۤى

فریضۂ رسول نمبر ۲ علاج غیظ خلاف مصلحت — یہ شیاطین میرے پاس آئیں اور میرے کاموں میں مداخلت کریں مشرکین

اور آپ کہہ دیجئے اے میرے رب میں پناہ چاہتا ہوں آپ کی شیطان کے وسوسوں سے۔ اور میں پناہ چاہتا ہوں آپ کی اے میرے رب! اس بات سے کہ وہ میرے پاس آئیں۔ یہاں تک

اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ ﴿۹۹﴾ لَعَلِّيْۤ اَعْمَلُ صَالِحًا فِيْمَا تَرَكْتُ

کی تمنا — شیعہ کے عقیدہ رجعت کی تردید — غرض تمنا

کہ جب آجائے ان میں سے کسی کو موت تو وہ کہے گا اے میرے رب مجھے لوٹا دے۔ تا کہ میں نیک کام کروں اس میں جو میں چھوڑ آیا ہوں

كَلَّا ؕ اِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَا ؕ وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ فَاِذَا نُفِخَ فِي

تمنا کے غیر مفید ہونے کا بیان۔ — برزخ کا اثبات و معنیٰ (۴) — نفخۂ ثانیہ کا بیان

ہرگز نہیں بیشک وہ ایک بات ہے (بے معنی) وہ شخص اس کو کہے جارہا ہے اور ان کے پیچھے ایک آڑ ہے اس دن تک کہ وہ (قبروں سے) اٹھائے جائیں گے۔ پس جب پھونکا جائے گا

الصُّوْرِ فَلَاۤ اَنْسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَّلَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ

شدت یوم القیامۃ (۵) — نتیجہ مؤمنین

صور میں پس نہ رشتے داریاں ہوں گی ان کے درمیان اس دن اور نہ وہ ایک دوسرے کو پوچھیں گے۔ پس جو شخص بھاری ہوئے اس کے تولے جانے والے اعمال پس وہ

هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ فِيْ جَهَنَّمَ

نتیجہ مجرمین

کامیاب ہونے والے ہیں۔ اور جو شخص ہلکے ہوئے اس کے تولے جانے والے اعمال پس یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے نقصان میں رکھا اپنے آپ کو، دوزخ میں۔

(۱) گزشتہ تمام مقدمات کو مانتے ہو مگر توحید اور بعث اور رسالت کا انکار کرتے ہو حالانکہ جو کچھ ان کو بتایا گیا ہے وہ پہلے لوگوں کی کہانی نہیں ہے بلکہ ہم نے ان کو سچی بات پہنچائی ہے

(۲) دلیل نمبر ۳۱ علم غیب خاصہ خداوندی ہے اور دلیل نمبر ۳۲ سورۃ نور آیت نمبر ۱۹ ص ۳۶۱ میں دیکھیں

(۳) باقی جب تک ان پر عذاب نہ آئے تو طریق تبلیغ یہ ہو

(۴) مرنے کے بعد والے عالم کا نام عالم برزخ ہے اور یہ الی یوم القیامہ رہے گا۔ یعنی مردہ اور ہمارے درمیان پردہ رہے گا فریق مخالف نے اس کا معنیٰ کیا کہ جسم اور روح کے درمیان قیامت تک پردہ حائل رہے گا یہ معنیٰ غلط ہے قرآن کریم کی واضح نصوص کے خلاف ہے۔ نمبر ۱ هُوَ الَّذِيْ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَّهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ۚ وَجَعَلَ بَيْنَهُمَا بَرْزَخًا وَّحِجْرًا مَّحْجُوْرًا ۔ سورۃ الفرقان آیت ۵۳ ص ۳۷۳ میں دیکھیں

نمبر ۲ ۔ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ ۔ سورۃ الرحمٰن آیت ۱۹، ۲۰ ص ۵۴۰ دیکھیں یاد رکھیں دونوں پانیوں میں جنسی اور ذاتی اتحاد ہے اور صفاتی تغیر ہے ایسے ہی میت اور زندہ انسان میں جنسی اور ذاتی اتحاد ہے اور صفاتی تغیر ہے ایسے ہی میت اور زندہ انسان میں جنسی اور ذاتی اتحاد جسم کے اعتبار سے ہے اور صفاتی تغیر ہے زندگی کے اعتبار سے وہ برزخ میں زندہ برزخی زندگی کے اعتبار سے اور یہ دنیا میں زندہ ہے دنیاوی اعتبار سے اس لیے یہ پردہ صفاتی ہے۔ فافہم

(۵) خاندان پیغمبر مستثنیٰ ہے۔ حضرت عمرؓ کا نکاح ام کلثوم بنت علیؓ سے ہوا، مہر چالیس ہزار درہم مقرر ہوا۔

خٰلِدُوْنَ ۱۰۳ تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا كٰلِحُوْنَ ۱۰۴ اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى

مجرمین کی رسوائی — توبیخ کفار

ہمیشہ رہیں گے۔ جھلسا دے گی ان کے چہروں کو آگ اور وہ اس میں بدشکل ہو رہے ہوں گے ۔ کیا نہیں پڑھی جاتی تھی میری آیتیں

عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ۱۰۵ قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ۱۰۶ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا

مجرمین کا اقرار — درخواست

تم پر پس تم ان کو جھٹلاتے تھے ۔انہوں نے کہا اے ہمارے رب غالب آ گئی ہم پر ہماری بدبختی اور ہم گمراہ لوگ تھے۔ اے ہمارے رب نکال دے ہمیں

مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ۱۰۷ قَالَ اخْسَـُٔوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ۱۰۸ اِنَّهٗ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْ

مجرمین کا وعدہ — جواب خداوندی — (۱) عبادالرحمٰن کے اوصاف

اس سے پھر اگر ہم لوٹیں تو ہم ظالم ہوں گے، فرمایا اس میں ذلیل ہو کر پڑے رہو اور مجھ سے بات مت کرو۔ بیشک بات یہ ہے کہ ایک جماعت تھی

عِبَادِيْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۱۰۹ فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ

نمبر۱ — نمبر۲ — تنبیہ — حقوق اللہ اور

میرے بندوں کی وہ کہتی تھی اے ہمارے رب! ہم ایمان لائے پس آپ ہمیں معاف فرمادیں اور ہم پر مہربانی فرمائیں اور آپ بہترین مہربانی کرنے والے ہیں۔ پس بنایا تم نے ان

سِخْرِيًّا حَتّٰٓى اَنْسَوْكُمْ ذِكْرِيْ وَكُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ ۱۱۰ اِنِّيْ جَزَيْتُهُمُ الْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوْٓا

حقوق العباد دونوں ضائع ہوئے — مجازات اعمال — سبب کامیابی

کو مذاق یہاں تک کہ بھلادی تم نے ان کو میری یاد اور تھے تم ان سے ہنسی کرتے۔ بیشک میں نے ان کو بدلہ دیا آج ان کے صبر کی وجہ سے کہ وہ

اَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۱۱۱ قٰلَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِي الْاَرْضِ عَدَدَ سِنِيْنَ ۱۱۲ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ

(مقبول ومحبوب) — استفسار خداوندی — مشرکین کا جواب

یقیناً کامیاب ہیں۔ پوچھا تم کتنی دیر رہے زمین میں برسوں کی گنتی سے؟ انہوں نے کہا ہم رہے ایک دن یا دن سے کچھ کم

يَوْمٍ فَسْـَٔلِ الْعَآدِّيْنَ ۱۱۳ قٰلَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا لَّوْ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۱۱۴ اَفَحَسِبْتُمْ

(فرشتوں سے) — فریضہ خاتم الانبیاء سے جواب خداوندی — انسانوں کے

پس پوچھ لیں گنتی کرنے والوں سے ۔ فرمایا نہیں ٹھہرے تم مگر تھوڑا کاش کہ تم جانتے ۔ کیا پس تم نے گمان کیا

اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۱۱۵ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَآ اِلٰهَ

مکلف ہونے کا بیان — تذکیر بما بعد الموت — عظمت خداوندی — حصر

کہ ہم نے تم کو فضول بنایا ہے اور بیشک تم ہمارے پاس نہیں آؤ گے۔ پس اللہ بلند ہے سچا بادشاہ ہے، نہیں کوئی معبود

اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۱۱۶ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا

الالوہیت باری تعالیٰ عظمتِ خداوندی۔ دلائل توحید قائم ہونے کے بعد

مگر وہی مالک ہے عرش بزرگی والے کا۔ اور جو شخص پکارے اللہ کے ساتھ دوسرا معبود جس کی سند نہیں اس کے پاس پس تحقیق

حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۱۱۷ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ

نتیجہ مشرکین — خاتم الانبیاء کی ادعیہ (۲)

اس کا حساب اس کے رب کے پاس ہے بیشک نہیں کامیاب ہوں گے کافر لوگ ۔ آپ کہہ دیجئے اے میرے رب معاف کر اور رحم کر اور تو ہے

الرّٰحِمِيْنَ ۱۱۸

سب مہربانوں سے بہتر ہے

(۱) انہ : ضمیر شان ان کا اسم ہے اور جملہ کان : اس کی خبر ہے

(۲) اے اللہ ہمیں بھی آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاؤں میں شامل فرما کر معاف فرما دے آمین

فائدہ چار حدود کی سزا مقرر ہے : (۱) چوری (۲) پاک دامنہ پر تہمت (۳) شراب (۴) زنا

سُوْرَةُ النُّوْرِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ اَرْبَعٌ وَّسِتُّوْنَ اٰيَةً وَّتِسْعُ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ترتیب تلاوت ۲۴ ترتیب نزول ۱۰۲، آیات ۶۴، رکوعات ۹

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے، جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا وَاَنْزَلْنَا فِيْهَآ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝١ اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ

صداقت قرآن — احکام الٰہیہ — فضائل قرآن ۔ حکمت انزال قرآن — حکم نمبر ۱ حد زنا کا بیان

یہ ایک سورۃ ہے ہم نے اس کو اتارا اور اس کے احکام کو مقرر کیا اور اتارے ہم نے اس میں صاف احکام تا کہ تم یاد کرو، زنا کرنے والی عورت اور مرد

فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ۖ وَّلَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ

تنبیہ حکام مؤمنین

پس کوڑے مارو ان دونوں میں سے ہر ایک کو سو کوڑے اور نہ آئے تمہیں ان پر ترس اللہ کا حکم چلانے میں

اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَآئِفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝٢

طریق حد زنا

اگر تم ایمان رکھتے ہو اللہ اور آخرت کے دن پر اور چاہئے کہ دیکھے دونوں کی سزا کو مؤمنوں کی ایک جماعت

اَلزَّانِيْ لَا يَنْكِحُ اِلَّا زَانِيَةً اَوْ مُشْرِكَةً ۡ وَّالزَّانِيَةُ لَا يَنْكِحُهَآ اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِكٌ ۚ وَحُرِّمَ

حکم نمبر ۲ تنفیر زنا زانی اورزانیہ کے متعلق — بدکار عورت کے ساتھ ازدواجی تعلقات کی ممانعت — تشدید تنفیر زنا

زانی مرد نہیں نکاح کرتا مگر زانی عورت سے یا مشرک عورت سے اور زانی عورت نہیں نکاح کرتا اس سے مگر زانی مرد یا مشرک مرد ے ۔ اور حرام کیا گیا ہے

ذٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ۝٣ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ

(۱) — حکم نمبر ۳ حد قذف کا بیان

وہ (زنا یا نکاح) مؤمنوں پر ۔ اور جو لوگ الزام لگائیں پاک دامن عورتوں پر پھر نہ لائیں چار (عینی) گواہ

فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً وَّلَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝٤

تین سزائیں نمبر ۱ — نمبر ۲ — نمبر ۳

پس کوڑے مارو ان کو اسی کوڑے اور نہ قبول کرو ان کی گواہی کبھی بھی اور یہ لوگ فاسق ہیں

اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا ۚ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝٥ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ

استثناء تائبین — تائبین کی قبولیت توبہ — تشریح توبہ — وسعت مغفرت باری تعالیٰ — حکم نمبر ۴ لعان کی

مگر جنہوں نے اس کے بعد توبہ کر لی اور اپنی اصلاح کر لی پس تحقیق اللہ بخشنے والا مہربان ہے ۔ اور جو لوگ الزام لگاتے ہیں

اَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَآءُ اِلَّآ اَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ اَحَدِهِمْ اَرْبَعُ شَهٰدٰتٍۢ بِاللّٰهِ ۙ

تشریح — مرد کی گواہی کی تشریح

اپنی بیویوں پر اور نہ ہیں ان کے پاس گواہ مگر خود ان کی ذات تو ان میں سے ایک کی گواہی یہ ہے کہ چار بار گواہی دے اللہ کے نام کی قسم کے ساتھ

اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝٦ وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝٧

(۲)

کہ بیشک وہ (یعنی میں) سچوں میں سے ہوں ۔ اور پانچویں (بار یوں کہے) کہ اللہ کی لعنت ہو اس پر اگر وہ جھوٹوں میں سے ہو۔

وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ اَنْ تَشْهَدَ اَرْبَعَ شَهٰدٰتٍۢ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝٨

عورت کی گواہی کی تشریح اور سزا سے بچنے کا طریقہ — (۳)

اور ٹلتی ہے عورت سے سزا یوں کہ گواہی دے چار بار گواہی اللہ کے نام کی قسم کے ساتھ کہ وہ شخص جھوٹوں میں سے ہے

(۲) اگر عورت مرد کی تصدیق کرے تو عورت پر حد زنا جاری ہوگی (۳) ہلال بن امیہ، عویمر عجلانی، عاصم بن عدی

موضوع سورۃ : قانون انسداد بداخلاقی کے ساتھ پندرہ احکامات ضروریہ للمؤمنین۔

مختصر خلاصہ : شروع سورۃ میں زنا جیسی بدترین بداخلاقی اور اس کی سزا کا بیان اور آیت نمبر ۱۰ تک زنا کی تہمت لگانے اور اس کے احکام کا بیان ہے اس کے بعد واقعہ افک کی تفصیل پیش کی گئی ہے، اور عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا جیسی عفیفہ خاتون پر تہمت طرازی کے سلسلہ میں منافقین کی سازش کا پردہ چاک کیا گیا ہے پھر آیت نمبر ۲۷ تا ۳۱ تک پردہ کے احکام ہیں اس کے بعد نکاح کی ہدایت کی گئی ہے اور درمیان میں مواعظ و نصائح ہے اور اس کے بعد آخر سورۃ تک پردہ اور ستر کے احکام بیان کیے گئے ہیں۔

(۱) ذٰلک : اسم اشارہ بعید کا مشار الیہ فعل زنا ہے جو الزانی اور الزانیۃ سے مفہوم ہوتا ہے، دوسری رائے یہ ہے کہ مشار الیہ نکاح ہے جو لاینکح سے مفہوم کرتا ہے

یہ مبتدا محذوف کی خبر ہے

ص اگر مرد عورت کی بات کی تصدیق کرے گا تو مرد پر حد جاری کی جائے گی۔

وَالْخَامِسَةَ أَنَّ غَضَبَ اللَّهِ عَلَيْهَا إِنْ كَانَ مِنَ الصَّادِقِينَ ﴿٩﴾ وَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ

ص شفقت خداوندی (۱)

بِعَرْشِهَا قَبْلَ اَنْ يَّاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ﴿۳۸﴾ قَالَ عِفْرِيْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ

سرکش جن کا جواب زقوان

اس کا تخت پہلے اس کے کہ وہ آئیں میرے پاس فرمانبردار بن کے، کہا عفریت نے جو جنوں میں سے تھا میں لاؤں گا آپ کے پاس اس کو آپ کی اپنی

مَّقَامِكَ ۚ وَاِنِّيْ عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ اَمِيْنٌ ﴿۳۹﴾ قَالَ الَّذِيْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّرْتَدَّ

حضرت سلیمانؑ کے خصوصی شاگرد اور وزیر کا جواب (کسی سماوی صحیفہ کا)

جگہ سے اٹھنے سے پہلے اور بیشک میں اس پر قوت رکھتا ہوں امین بن کر، کہا اس شخص نے جس کے پاس کتاب کا علم تھا میں لاؤں گا آپ کے پاس اس کو اس سے پہلے کہ پھر آئے

اِلَيْكَ طَرْفُكَ ۭ فَلَمَّا رَاٰهُ مُسْتَقِرًّا عِنْدَهٗ قَالَ هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّيْ ۣ لِيَبْلُوَنِيْٓ ءَاَشْكُرُ اَمْ

حضرت سلیمانؑ کا مشاہدہ التزام شکر امتحان خداوندی

آپ کی طرف آپ کی آنکھ پھر جب دیکھا اس کو اپنے پاس رکھا ہوا کہا یہ میرے رب کے فضل سے ہے تا کہ وہ مجھے جانچے کہ کیا میں شکر کرتا ہوں یا

اَكْفُرُ ۭ وَمَنْ شَكَرَ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ رَبِّيْ غَنِيٌّ كَرِيْمٌ ﴿۴۰﴾ قَالَ نَكِّرُوْا لَهَا

حضرت سلیمانؑ کا حکم ملکہ بلقیس کے عقل نتیجۂ شکر

ناشکری اور جس نے شکر کیا پس تحقیق اس نے اپنے لیے شکر کیا اور جس نے ناشکری کی پس تحقیق میرا رب بے پرواہ فیاض ہے۔ کہا تبدیل کر دو

عَرْشَهَا نَنْظُرْ اَتَهْتَدِيْٓ اَمْ تَكُوْنُ مِنَ الَّذِيْنَ لَا يَهْتَدُوْنَ ﴿۴۱﴾ فَلَمَّا جَاۗءَتْ قِيْلَ اَهٰكَذَا

کے امتحان کے لیے حضرت سلیمانؑ یا کسی کا ملکہ بلقیس سے سوال

اس عورت کے لیے اس کا تخت ہم دیکھیں کیا وہ سمجھتی ہے یا ان میں سے ہے جو نہیں سمجھتے ، پھر جب آ گئی کہا گیا کیا ایسا ہی تیرا

عَرْشُكِ ۭ قَالَتْ كَاَنَّهٗ هُوَ ۚ وَاُوْتِيْنَا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهَا وَكُنَّا مُسْلِمِيْنَ ﴿۴۲﴾ وَصَدَّهَا مَا كَانَتْ تَّعْبُدُ

بلقیس کا جواب وفراست (۱) سبب گمراہی سورج

تخت ہے کہنے لگی گویا کہ یہ وہی ہے اور ہم دیئے گئے ہیں علم اس سے پہلے اور ہم ہو چکے فرمانبردار، اور روکا اس کو ان چیزوں نے جن کی وہ عبادت کرتی تھی

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ اِنَّهَا كَانَتْ مِنْ قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ﴿۴۳﴾ قِيْلَ لَهَا ادْخُلِي الصَّرْحَ ۚ فَلَمَّا رَاَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً وَّكَشَفَتْ

بلقیس کا سابق مسلک حضرت سلیمان کی اظہار سلطنت بلقیس کا مشاہدہ

اللہ کے سوا بیشک وہ تھی منکر لوگوں میں سے۔ کسی نے کہا اس (عورت) سے اندر داخل ہو محل کے پھر جب اس کو دیکھا اس کو سمجھی کہ وہ گہرا پانی ہے اور کھولیں

عَنْ سَاقَيْهَا ۭ قَالَ اِنَّهٗ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّنْ قَوَارِيْرَ ڛ قَالَتْ رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ وَاَسْلَمْتُ

وجہ نمبر ا شادی نمبر ۲ عقل کا امتحان ۔ حضرت سلیمانؑ کا جواب ۔ محل بلقیس کا اقرار جرم (عبادت شمس کی وجہ سے) اظہار اسلام

اس نے اپنی پنڈلیاں کہا بیشک یہ تو ایک محل ہے پالش کیا ہوا شیشوں سے کہنے لگی اے میرے رب بیشک میں نے ظلم کیا اپنی جان پر اور اسلام قبول کیا میں نے

مَعَ سُلَيْمٰنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۴﴾ ع ۳ / ۱۸

سلیمان کے ساتھ اللہ کے لیے جو رب ہے سب جہانوں کا

(۱) اس واقعہ سے پہلے ہی آپ کی نبوت کی تحقیق ہو چکی تھی جب آپ نے گراں تحائف واپس کیے تھے۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ فَاِذَا هُمْ فَرِيْقٰنِ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿۴۵﴾

داستان نمبر ۳۔ حضرت صالحؑ کی رسالت حضرت صالحؑ کی تبلیغ قوم کا باہمی اختلاف

اور البتہ تحقیق بھیجا ہم نے قوم ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح علیہ السلام کو کہ عبادت کرو اللہ کی پس اچانک وہ دو گروہ آپس میں جھگڑتے ہیں،

قَالَ يٰقَوْمِ لِمَ تَسْتَعْجِلُوْنَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ ۚ لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۶﴾

حضرت صالحؑ کی فہمائش ایمان وتوبہ طریق کامیابی

کہا اے میری قوم کیوں جلدی مانگتے ہو برائی بھلائی سے پہلے کیوں نہیں گناہ بخشواتے اللہ سے تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔

قَالُوا اطَّيَّرْنَا بِكَ وَبِمَنْ مَّعَكَ ؕ قَالَ طٰٓئِرُكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تُفْتَنُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَكَانَ فِی

مخالفین صالحؑ کی بے ادبی حضرت صالحؑ کا جواب (علم) سبب کفر مخالفین صالحؑ

انہوں نے کہا ہم نے بدقدم دیکھا آپ کو اور ان کو جو آپ کے ساتھ ہیں کہا تمہاری بدقسمتی اللہ کے پاس ہے بلکہ تم لوگ آزمائے جاتے ہو ۔ اور

الْمَدِیْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ یُّفْسِدُوْنَ فِی الْاَرْضِ وَلَا یُصْلِحُوْنَ ﴿۴۸﴾ قَالُوْا تَقَاسَمُوْا بِاللّٰهِ لَنُبَیِّتَنَّهٗ

کی خباثات (بستی حجر) (خالص مفسد) مخالفین صالحؑ باہمی کی تجویز ۔ رات

شہر میں نو شخص جو فساد مچاتے تھے ملک میں اور نہ سنوارتے تھے ۔ انہوں نے کہا آپس میں قسمیں کھاؤ اللہ کی ہم ضرور رات کو حملہ کریں گے اس پر

وَاَهْلَهٗ ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ لِوَلِیِّهٖ مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ اَهْلِهٖ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَمَكَرُوْا مَكْرًا وَّمَكَرْنَا

کے وقت حملہ (۱) تحقیق واقعہ کے وقت مکالمہ مخالفین کی تدبیر ۔ تدبیر خداوندی

اور اس کے گھر والوں پر پھر ہم ضرور کہیں گے اس کے دعویٰ کرنے والے کو ہم نہیں تھے اس کے ہلاک ہونے کی جگہ میں اور بیشک ہم سچ کہتے ہیں ۔ اور انہوں نے تدبیر کی

مَكْرًا وَّهُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ ﴿۵۰﴾ فَانْظُرْ كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ ۙ اَنَّا دَمَّرْنٰهُمْ وَقَوْمَهُمْ اَجْمَعِیْنَ ﴿۵۱﴾

خطاب ناظرین نتیجہ مخالفین صالحؑ

ایک تدبیر کرنا اور ہم نے تدبیر کی ان کو خبر بھی نہ ہوئی ۔ پس دیکھو کیسا انجام ہوا ان کی تدبیر کا بیشک ہم نے ان کو ملیا ملٹ کیا اور ان کی ساری قوم کو ۔

(۱) متعلقین ایمان والوں کو

فَتِلْكَ بُیُوْتُهُمْ خَاوِیَةًۢ بِمَا ظَلَمُوْا ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَاَنْجَیْنَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا

کیفیت ہلاکت سبب ہلاکت مستفیدین من الآیات مؤمنین کی نجات

پس یہ ان کے گھر گرے پڑے ہیں اس لیے کہ انہوں نے ظلم کیا بیشک اس بات میں نشانی ہے ان لوگوں کے لیے جو جانتے ہیں ۔ اور بچا لیا ہم نے ان لوگوں کو جو ایمان لائے

وَكَانُوْا یَتَّقُوْنَ ﴿۵۳﴾ وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖۤ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ﴿۵۴﴾ اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ

داستان نمبر ۲ حضرت لوطؑ کا قوم سے مکالمہ حضرت لوطؑ کی

اور وہ ڈرتے تھے ۔ اور لوط علیہ السلام جب کہا انہوں نے اپنی قوم سے کیا تم کرتے ہو بے حیائی اور تم دیکھتے ہو ۔ کیا تم دوڑتے ہو

الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ﴿۵۵﴾ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ

فہمائش تنبیہ قوم مخالفین لوطؑ کا پروپیگنڈہ

مردوں پر شہوت کے لیے عورتوں کو چھوڑ کر بلکہ تم لوگ ناسمجھ ہو ۔ پس نہ تھا جواب اس کی قوم کے پاس مگر انہوں نے

قَالُوْۤا اَخْرِجُوْۤا اٰلَ لُوْطٍ مِّنْ قَرْیَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ یَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿۵۶﴾ فَاَنْجَیْنٰهُ وَاَهْلَهٗۤ اِلَّا امْرَاَتَهٗ

حضرت لوطؑ و متبعین کی کامیابی اور

یہی کہا کہ نکالو آل لوط کو اپنے شہر سے بیشک یہ لوگ پاک بنتے ہیں ۔ پس بچا دیا ہم نے اس کو اور اس کے گھر والوں کو مگر اس کی بیوی

ع ۱۴/۴ ۱۹ قَدَّرْنٰهَا مِنَ الْغٰبِرِیْنَ ﴿۵۷﴾ وَاَمْطَرْنَا عَلَیْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِیْنَ ﴿۵۸﴾ ع

بیوی کی بربادی کیفیت ہلاکت

تجویز کیا ہم نے اس کو پیچھے رہ جانے والوں سے ۔ اور برسائی ہم نے ان پر برسائی ایک بارش پس بری ہے بارش ڈرائے ہوؤں کی

قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰى ؕ آٰللّٰهُ خَیْرٌ اَمَّا یُشْرِكُوْنَ ﴿۵۹﴾

خطبہ فریضہ رسول ۔ استحقاق الحمد والثناء، انبیاء کی فضیلت مشترکہ مشرکین کے ساتھ طریق مناظرہ سے توحید کا بیان

آپ کہہ دیجئے ساری تعریفیں اللہ کے لیے ہیں اور سلام اس کے ان بندوں پر جن کو اس نے چن لیا کیا اللہ بہتر ہے یا جن کو وہ شریک کرتے ہیں ۔

الجزء العشرون ۲۰

اَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ حَدَآئِقَ

توحید پر دلیل عقلی اعترافی نمبر ۱ و خالقیت باری — قدرت باری

بھلا کس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو اور اتار دیا تمہارے لیے آسمان سے پانی پھر اگائے ہم نے اس سے باغات

ذَاتَ بَهْجَةٍ ۚ مَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُنْۢبِتُوْا شَجَرَهَا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ هُمْ قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ ؕ﴿۶۰﴾

بارونق — ماسوا اللہ سے تصرف کی نفی — تنبیہ مشرکین — انحراف کرنے والے

بارونق۔ نہیں ہے (ممکن) تمہارا کام کہ تم اگا سکو اس کے درخت کیا کوئی معبود ہے اللہ کے ساتھ بلکہ وہ لوگ بے انصاف ہیں

اَمَّنْ جَعَلَ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّجَعَلَ خِلٰلَهَآ اَنْهٰرًا وَّجَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ وَجَعَلَ بَيْنَ

دلیل عقلی نمبر ۲ قدرت باری کا نمونہ نمبر ۱ — نمبر ۲ — نمبر ۳ — نمبر ۴

بھلا کس نے بنایا زمین کو قرار گاہ اور بنائیں اس کے درمیان نہریں، اور رکھے ہیں اس میں بھاری پہاڑ اور رکھی ہے

الْبَحْرَيْنِ حَاجِزًا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ؕ﴿۶۱﴾ اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ

تنبیہ مشرکین — مشرکین کی جہالت — دلیل عقلی نمبر ۳ حصر التصرف ذات باری

دو دریاؤں کے درمیان آڑ کیا کوئی معبود ہے اللہ کے ساتھ بلکہ ان کی اکثریت نہیں جانتی۔ بھلا کون جواب دیتا ہے بے قرار کو

اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ؕ﴿۶۲﴾

تنبیہ مشرکین

جب وہ اس کو پکارتا ہے اور دور کر دیتا ہے برائی کو اور بناتا ہے تم کو نائب زمین میں کیا کوئی معبود ہے اللہ کے ساتھ، تھوڑے ہیں جو تم میں سے سوچ رکھتے ہیں

اَمَّنْ يَّهْدِيْكُمْ فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَنْ يُّرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَيْ

دلیل عقلی نمبر ۴ تصرف باری — نمونہ تصرف نمبر ۱ — نمبر ۲

بھلا کون ہے جو تمہیں راہ بتاتا ہے اندھیروں میں خشکی اور تری کے اور کون چلاتا ہے ہوائیں کو خوشخبری دینے والی سامنے

رَحْمَتِهٖ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ؕ﴿۶۳﴾ اَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ

تنبیہ مشرکین — عظمت خداوندی — دلیل عقلی نمبر ۵ حصر التصرف باری

اپنی رحمت کے کیا کوئی معبود ہے اللہ کے ساتھ اللہ بلند ہیں اس سے جو وہ شریک بناتے ہیں۔ بھلا کون ہے جو نئے سرے سے پیدا کرتا ہے پھر اس کو لوٹائے گا،

وَمَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ

حصر الرزاقیت باری — تنبیہ مشرکین — دلائل کا مطالبہ

اور کون روزی دیتا ہے تمہیں آسمان سے اور زمین سے کیا کوئی معبود ہے اللہ کے ساتھ آپ کہہ دیجئے لاؤ تم اپنی سند اگر

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۶۴﴾ قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ ؕ وَمَا

ازالہ شبہ۔ حصر علم الغیب باری برائے بعث بعد الموت (۱) (۲) — (۳)

تم سچے ہو۔ آپ کہہ دیجئے نہیں جانتا کوئی آسمانوں میں اور زمین میں غیب کو سوائے اللہ کے اور نہیں

يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ﴿۶۵﴾ بَلِ ادّٰرَكَ عِلْمُهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ ۚ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ

تخصیص بعد تعمیم یعنی تعیین قیامت کا علم — (۴) — انتقالات ثلاثہ برائے ترقی نمبر ۱ — نمبر ۲ یعنی کبھی مثبت اور کبھی منفی

وہ خبر رکھتے کہ کب اٹھائے جائیں گے۔ بلکہ گر گیا ہے ان کا علم آخرت کے (وجود کے) بارے میں بلکہ وہ اس سے شک میں ہیں

مِّنْهَا ۚ بَلْ هُمْ مِّنْهَا عَمُوْنَ ﴿۶۶﴾ ع

نمبر ۳

بلکہ وہ اس سے اندھے بنے ہوئے ہیں،

(۱)
مَنْ برائے عموم۔
دلیل نمبر ۳۵ علم غیب
خاصہ خداوندی اور دلیل
نمبر ۳۶ سورۃ عنکبوت
آیت نمبر ۵۲ ص ۴۱۱
میں دیکھیں

(۲)
دلیل نمبر ۲۳ نفی علم
غیب از خاتم الانبیاء صلی
اللہ علیہ وسلم اور دلیل
نمبر ۲۴ سورۃ قصص
آیت نمبر ۵۶
ص ۴۰۱ میں دیکھیں

ع ۵ / ۱

(۳) غیب: پوشیدہ، غیر حاضر، جو چیز انسان کے حواس سے بالاتر ہے، جو چیزیں حس اور عقل کی رسائی سے خارج ہیں، جن کا علم انبیاء کی اطلاع کے بغیر نہیں ہو سکتا جیسے جنت و جہنم اور آخرت کے معاملات۔ اور جب اطلاع ہو جائے تو وہ غیب نہیں بلکہ ان کو اطلاع غیب، اخبار غیب اور انباء غیب کہا جاتا ہے۔ کاش یہ بات رضا خانیوں کو سمجھ آجائے۔

(۴) قیامت کے وقت کو نہ بتلانے پر عدم وقوع پر استدلال۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا وَّاٰبَآؤُنَآ اَئِنَّا لَمُخْرَجُوْنَ ۝۶۷ لَقَدْ وُعِدْنَا هٰذَا نَحْنُ

شکوہ منکرین قیامت نمبر ۱ — منکرین قیامت کا پروپیگنڈا (اخراج کا)

اور کہا ان لوگوں نے جنہوں نے کفر کیا کیا جب ہم ہو جائیں گے مٹی اور ہمارے باپ دادا تو کیا ہم (قبروں سے) نکالے جائیں گے؟ البتہ تحقیق وعدہ دیا گیا یہ ہمیں

وَاٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝۶۸ قُلْ سِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا

قیامت — فریضہ خاتم الانبیاء سے مکذبین اخراج پر تہدید — نتیجہ

اور ہمارے باپ دادا کو اس سے پہلے کچھ نہیں یہ مگر پہلے لوگوں کی کہانیاں۔ آپ کہہ دیجئے چلو پھرو زمین میں پس دیکھو

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ۝۶۹ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُنْ فِىْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ۝۷۰

تسلی خاتم الانبیاء

کیسا انجام ہوا مجرموں کا، اور آپ ان پر غم نہ کھائیں اور نہ دل میں تنگ ہوں ان کے داؤ پیچ سے۔

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۷۱ قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ رَدِفَ لَكُمْ

شکوہ منکرین قیامت نمبر ۲ — جواب شکوہ ۔ عذاب یوم بدر

اور وہ کہتے ہیں کب یہ وعدہ پورا ہوگا اگر تم سچے ہو؟ آپ کہہ دیجئے شاید تمہاری پیٹھ پر پہنچا ہو

بَعْضُ الَّذِىْ تَسْتَعْجِلُوْنَ ۝۷۲ وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ

(دیر کی وجہ) شفقت خداوندی

بعض وہ جس کی تم جلدی کرتے ہو۔ اور بیشک تیرا رب فضل کرنے والا ہے لوگوں پر لیکن اس کی اکثریت

لَا يَشْكُرُوْنَ ۝۷۳ وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۝۷۴

حصر علم الغیب باری

شکر گزار نہیں ہے۔ اور بیشک تیرا رب البتہ جانتا ہے جو تم اپنے سینوں میں (چھپاتے ہو) یا جو ظاہر کرتے ہو۔

وَمَا مِنْ غَآئِبَةٍ فِى السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِلَّا فِىْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝۷۵ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ

تعمیم بعد تخصیص احاطہ علم باری — صداقت قرآن

اور نہیں ہے کوئی چیز پوشیدہ آسمان میں اور زمین میں مگر وہ کھلی کتاب میں (محفوظ) ہے بیشک یہ قرآن

يَقُصُّ عَلٰى بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَكْثَرَ الَّذِىْ هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۝۷۶ وَاِنَّهٗ لَهُدًى

فضائل قرآن (عقائد)

بیان کرتا ہے بنی اسرائیل پر اکثر وہ جس میں وہ اختلاف کرتے ہیں ۔ اور بیشک یہ (قرآن) ہدایت

وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝۷۷ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِىْ بَيْنَهُمْ بِحُكْمِهٖ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ۝۷۸

(اعمال) — تسلی خاتم الانبیاء — (عقائد حقہ اور باطلہ کا اور اعمال صالحہ اور فاسدہ کا)

اور رحمت ہے ایمان والوں کے لیے ۔ بیشک تیرا رب فیصلہ کرے گا ان کے درمیان اپنے حکم سے اور وہ زبردست جاننے والا ہے۔

فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّكَ عَلَى الْحَقِّ الْمُبِيْنِ ۝۷۹ اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ

فریضہ رسول یعنی اپنے تمام امور کے فیصلہ پر۔ فضیلت خاتم الانبیاء — (۱) تقطیع الطمع عن الکفار (زندہ کفار) (۲) سماع (۳)

پس آپ بھروسہ کریں اللہ پر بیشک آپ واضح حق پر ہیں۔ بیشک آپ نہیں سنا سکتے مردوں کو اور نہیں سنا سکتے

الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ ۝۸۰ وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِى الْعُمْىِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ۭ اِنْ تُسْمِعُ

نافع سے محروم (زندہ کفار) — حصر الھدایت فی ذات باری — (۴) — مستفیدین

بہروں کو پکار جب وہ پھریں پیٹھ دے کر، اور نہ آپ راہ دکھا سکتے ہیں اندھوں کو ان کی گمراہی سے نہیں آپ سنا سکتے۔

(۱) اس آیت کی تفسیر حضرت تھانویؒ نے خوب لکھی ہے دیکھیں بیان القرآن۔ اور بقیہ ضمیمہ سورۃ نمل آیت نمبر ۸۰ ص ۶۷۱ میں دیکھیں۔ کہ لاتسمع الموتیٰ سے مراد زندہ کفار کا عدم انتفاع ہے۔

(۲) زندہ کفار کے سماع نافع سے محروم ہونے کی دلیل نمبر ۸ دلیل نمبر ۹، سورۃ روم آیت نمبر ۵۲ ص ۴۱۹ میں دیکھیں۔

(۳) نیز یہ بھی یاد رکھیں زندہ کفار باطنی کانوں سے نہ سنتے تھے صرف تین دلائل نمبر ۱ سورۃ ملک آیت نمبر ۱۰ اور سورۃ اعراف آیت نمبر ۱۰۰، اور سورۃ انفال آیت ۲۱ دیکھیں

(۴) تو کلمہ ضلالت کا قرینہ ہے کہ ''عمی'' سے مراد حقیقی اندھے نہیں ہیں ورنہ لازم آئے گا کہ آنکھوں کا کوئی بھی نابینا ہدایت پر نہیں آسکتا حالانکہ یہ بات واقع کے خلاف ہے جیسے عبداللہ بن ام مکتومؓ بلکہ ''عمی'' سے حکماً اندھے مراد ہیں جو کہ دل کے اندھے ہیں ارشاد باری تعالیٰ : ولھم اعین لایبصرون بھا۔

(۱) ظاہر ہے اس سے مراد وہ احیاء ہیں جواب مؤمن ومخلص ہیں یا مستقبل میں ایمان کو خلوص سے قبول کریں گے اور اس سے مراد قبروں والے مردے نہیں ہیں ورنہ لازم آئے گا کہ مؤمن قبروں والے سنتے ہیں نہ کافر قبروں والے۔ وفی فیض الباری :قال الشیخ الانور اقول والاحادیث فی سمع الأمواتِ قد بلغت مَبْلَغَ التواتر ۔ (کتاب الجنائز ص ۴۲ ج ۳)

اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿٨١﴾ وَاِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ اَخْرَجْنَا لَهُمْ

مَن لآیات — (۱) — علامت قیامت

مگر جو ایمان لائے ہماری آیتوں پر پس وہ فرمانبردار ہیں۔ اور جب وعدہ پورا ہوگا وقوع قیامت کا۔ ان پر ہم نکالیں گے ان کے لیے

دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ ۙ اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا لَا يُوْقِنُوْنَ ﴿٨٢﴾ ع

ایک جانور زمین سے جو ان سے باتیں کرے گا کہ (کافر) لوگ ہماری نشانیوں پر یقین نہیں رکھتے تھے ۔

وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ فَوْجًا مِّمَّنْ يُّكَذِّبُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿٨٣﴾ حَتّٰۤى اِذَا جَآءُوْ

مجرمین کی کیفیت حشر — (ایک جگہ ان کی جماعت بندی کی جائے گی) مجرمین کی سرزنش

اور جس دن ہم اکٹھا کریں گے ہر جماعت سے ایک گروہ ان میں سے جو جھٹلاتے تھے ہماری آیتوں کو پس وہ روکے جائیں گے ۔ یہاں تک کہ جب سب آجائیں گے

قَالَ اَكَذَّبْتُمْ بِاٰيٰتِىْ وَلَمْ تُحِيْطُوْا بِهَا عِلْمًا اَمَّاذَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٨٤﴾ وَوَقَعَ الْقَوْلُ

(۱) — فیصلۂ خداوندی

تو اللہ کہے گا کیا تم نے جھٹلا دیا تھا میری آیتوں کو حالانکہ تم نے نہ احاطہ کیا تھا ان پر اپنے علم سے یا (اس کے علاوہ) کیا تھے تم کرتے ۔ اور وعدہ پورا ہوگا عذاب کا

(۱)
اَمَّاذَا : اصل میں ام ماذا ہے ام متصلہ اور ما استفہامیہ ہے

عَلَيْهِمْ بِمَا ظَلَمُوْا فَهُمْ لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿٨٥﴾ اَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا الَّيْلَ لِيَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ

سبب عذاب — شدت — لیل ونہار سے بعث بعد الموت پر استدلال

ان پر ان کے ظلم کے سبب پس وہ بول بھی نہ سکیں گے ۔ کیا نہیں دیکھا انہوں نے کہ بیشک ہم نے بنایا رات کو تا کہ وہ سکون کریں اس میں اور دن کو

مُبْصِرًا ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٨٦﴾ وَيَوْمَ يُنْفَخُ فِى الصُّوْرِ فَفَزِعَ

مستفیدین من الآیات — نفخہ ثانیہ کی تاثیر جانداروں میں — نتیجہ

روشن بیشک اس بات میں البتہ نشانی ہے ان لوگوں کے لیے جو ایمان رکھتے ہیں۔ اور جس دن پھونکا جائے گا صور میں تو گھبرا جائیں گے

مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِى الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَكُلٌّ اَتَوْهُ دٰخِرِيْنَ ﴿٨٧﴾

جبریل، میکائیل، اسرافیل، ملک الموت، شہداء حور وغلمان، انبیاء کرام علیہ السلام — عظمت خداوندی۔ عجز ماسواء اللہ

وہ سب جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں مگر وہ جس کو اللہ چاہے اور سب کے سب حاضر ہوں گے اس کے پاس عاجز ہو کر

وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَّهِىَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ؕ صُنْعَ اللّٰهِ الَّذِىْۤ اَتْقَنَ كُلَّ شَىْءٍ ؕ

بے جانوں میں تاثیر — چلیں گے مثل بادلوں کے۔ حصر التصرف باری — جس نے مستحکم بنایا ہے

اور تو دیکھتا ہے پہاڑوں کو خیال کرتا ہے تو ان کو جمے ہوئے حالانکہ وہ (اس دن) اڑتے پھریں گے بادلوں کی طرح یہ اللہ کا کام ہوگا جس نے مضبوط بنایا ہے ہر چیز کو

اِنَّهٗ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَفْعَلُوْنَ ﴿٨٨﴾ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَهُمْ مِّنْ فَزَعٍ

وسعت علم باری — نفخہ ثانیہ کے وقت نتیجہ متقین

بیشک وہ خبردار ہے اس سے جو تم کرتے ہو۔ جو شخص نیکی لے کر آئے گا تو اس کے لیے اس سے بہتر بدلہ ہوگا اور وہ لوگ بڑی گھبراہٹ سے

يَّوْمَئِذٍ اٰمِنُوْنَ ﴿٨٩﴾ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَكُبَّتْ وُجُوْهُهُمْ فِى النَّارِ ؕ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا

نفخہ ثانیہ کے وقت نتیجہ مجرمین — مجازات اعمال

اس دن امن میں رہیں گے ۔ اور جو شخص برائی لے کر آئے گا تو اوندھے ڈالے جائیں گے ان کے منہ آگ میں (اور کہا جائے گا) نہیں بدلہ دیئے جاتے تم مگر

مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٩٠﴾ اِنَّمَاۤ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ رَبَّ هٰذِهِ الْبَلْدَةِ الَّذِىْ حَرَّمَهَا وَلَهٗ

تمام دلائل کا نتیجہ فریضۂ رسول نمبرا

ان اعمال کا جو تم کرتے تھے (آپ کہہ دیجئے) بیشک مجھے تو یہی حکم ملا ہے کہ میں عبادت کروں اس شہر کے رب کی جس نے اس کو محترم بنایا اور اسی کی ہیں

كُلُّ شَيْءٍ وَّ اُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۹۱﴾ وَاَنْ اَتْلُوَا الْقُرْاٰنَ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى

فریضہ نمبر ۲ — فریضہ نمبر ۳ — نتیجہ مستفید ین من القرآن

سب چیزیں اور مجھے یہ بھی حکم ہوا ہے کہ میں اس کا فرمانبردار رہوں۔ اور یہ کہ میں قرآن پڑھ پڑھ کر سناؤں پس جو شخص راہ پر آئے گا

فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَقُلْ اِنَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿۹۲﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ

نتیجہ مجرمین — فریضہ نمبر ۴

پس جو شخص راہ پر آئے گا وہ اپنی ہی فائدہ کے لیے اور جو شخص گمراہ رہے گا تو آپ کہہ دیں میں تو ڈرانے والوں میں ہوں۔ اور آپ کہہ دیجئے تمام تعریفیں اللہ ہی کے ہیں

ع ۷ ۳

سَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ فَتَعْرِفُوْنَهَا ۭ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾ ع

قیامت — تخویف مشرکین — وسعت علم باری

عنقریب وہ تم کو دکھائے گا اپنی نشانیاں تو تم اس کو پہچان لوگے اور نہیں ہے تیرا رب بے خبر ان کاموں سے جو تم کرتے ہو

سُوْرَةُ الْقَصَصِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — وَّثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَّتِسْعُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ القصص — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

ترتیب تلاوت ۲۸، ترتیب نزول ۴۹، آیات ۸۸، رکوعات ۹

موضوع سورۃ: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے اس سورۃ میں پیشین گوئی کا ذکر ہے کہ خدا تعالیٰ آپ کو فتح دیں گے جس طرح موسیٰؑ کو فرعون کے مقابلہ میں فتح عطا فرمائی۔

طٰسٓمّٓ ﴿۱﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۲﴾ نَتْلُوْا عَلَيْكَ مِنْ نَّبَاِ مُوْسٰى وَفِرْعَوْنَ

صداقت قرآن — اثبات رسالت خاتم الانبیاء بذکر اخبار ماضیہ — اجمالی داستان حضرت موسیٰؑ اور فرعون کی

طٰسٓمّٓ: یہ آیتیں ہیں واضح کتاب کی۔ ہم تلاوت کرتے آپ پر کچھ احوال موسیٰ (علیہ السلام) اور فرعون کے

بِالْحَقِّ لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۳﴾ اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِي الْاَرْضِ وَجَعَلَ اَهْلَهَا

مستفید ین من الآیات — فرعون کے خباثات نمبر ۱ — نمبر ۲

تحقیق کے ساتھ ان لوگوں (کے نفع) کے لیے جو یقین رکھتے ہیں۔ بیشک فرعون بڑھ رہا تھا زمین میں اور بنایا اس کے رہنے والوں کو

شِيَعًا يَّسْتَضْعِفُ طَآئِفَةً مِّنْهُمْ يُذَبِّحُ اَبْنَآءَهُمْ وَيَسْتَحْيٖ نِسَآءَهُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ

مختلف گروہوں میں — رکھتا — نمبر ۳ — واقعی

گروہ گروہ کمزور کرتا تھا ان میں سے ایک جماعت کو ذبح کرتا ان کے بیٹوں کو اور زندہ چھوڑتا ان کی عورتوں کو بیشک تھا

مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۴﴾ وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِي الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ

بنی اسرائیل پر انعام نمبر ۱ — نمبر ۲ بنا دیں گے

وہ فساد مچانے والوں میں سے۔ اور ہم چاہتے ہیں کہ احسان کریں ان لوگوں پر جو کمزور سمجھے جاتے تھے زمین میں اور ہم بنا دیں ان کو

اَىِٕمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿۵﴾ لا وَنُمَكِّنَ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَنُرِيَ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ

(۱) نبوت / بادشاہت نمبر ۳ — نمبر ۴ حصر التصرف۔ پختہ — نمبر ۵

سردار اور بنا دیں ان کو (ملک مصر کا) وارث۔ اور ہم جمائیں ان کو زمین میں اور دکھا دیں فرعون اور ہامان

وَجُنُوْدَهُمَا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ ﴿۶﴾ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّ مُوْسٰٓى اَنْ اَرْضِعِيْهِ ۚ

(کمزوروں کے ہاتھوں) — ڈرتے ہیں — تفصیل داستان۔ حکم خداوندی نمبر ۱

اور ان دونوں کے لشکروں کو ان کے (ہاتھ) سے جس چیز کا وہ خطرہ رکھتے تھے۔ اور ہم نے حکم بھیجا موسیٰ علیہ السلام کی ماں کو کہ اس کو دودھ پلاتی رہے

(۱) لفظ امام پر دلیل نمبر ۸ اور دلیل نمبر ۹ یہی سورۃ قصص آیت نمبر ۴۱ ص ۳۹۹ میں دیکھیں۔

فَاِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَاَلْقِيْهِ فِي الْيَمِّ وَلَا تَخَافِيْ وَلَا تَحْزَنِيْ ۚ اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ

نمبر ۲ — ام موسیٰؑ کو تسلی — وعدہ خداوندی نمبر ۱

پھر جب تجھے اس پر ڈر ہو پس ڈال دے اس کو دریا میں اور نہ خطرہ کر (ہلاک ہونے کا) اور نہ غم کھا (فراق کا) بیشک ہم اس کو لوٹانے والے ہیں تیری طرف

وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝٧ فَالْتَقَطَهٗۤ اٰلُ فِرْعَوْنَ لِيَكُوْنَ لَهُمْ عَدُوًّا وَّحَزَنًا ؕ

حسن تدبیر باری تعالیٰ

اور بنانے والے ہیں اس کو رسولوں میں سے۔ پس اٹھا لیا اس کو فرعون کے گھر والوں نے تاکہ ہو ان کا دشمن اور کڑھانے والا،

اِنَّ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا كَانُوْا خٰطِـِٕيْنَ ۝٨ وَقَالَتِ امْرَاَتُ فِرْعَوْنَ قُرَّتُ عَيْنٍ

نمبر ۱ قتل طفل ۔ نمبر ۲ رفع موسیٰؑ حضرت آسیہ کا مکالمہ

بیشک فرعون اور ہامان اور ان کے لشکر خطا کار تھے ۔ اور کہنے لگی فرعون کی عورت (وہ) آنکھوں کی ٹھنڈک

لِّيْ وَلَكَ ؕ لَا تَقْتُلُوْهُ ۖۗ عَسٰۤى اَنْ يَّنْفَعَنَاۤ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝٩

حضرت آسیہ کی تجویز بقیہ مکالمہ

میری اور آپ کی اس کو قتل نہ کرو شاید یہ ہمارے کام آئے (امور سلطنت میں) یا ہم اس کو بنالیں بیٹا اور وہ (انجام کی) خبر نہیں رکھتے تھے

وَاَصْبَحَ فُؤَادُ اُمِّ مُوْسٰى فٰرِغًا ؕ اِنْ كَادَتْ لَتُبْدِيْ بِهٖ لَوْلَاۤ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى

اُمِّ موسیٰؑ کی پریشانی عدم اظہار کا سبب

صبح کو موسیٰ علیہ السلام کی ماں کے دل میں قرار نہ رہا بیشک قریب تھا کہ ظاہر کر دیتی اس (کے احوال) اگر ہم نے اس کے دل پر گرہ نہ کر دی ہوتی

قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝١٠ وَقَالَتْ لِاُخْتِهٖ قُصِّيْهِ ۫ فَبَصُرَتْ بِهٖ عَنْ جُنُبٍ

اُمِّ موسیٰؑ کی تجویز ۔ اس کا سراغ لگاؤ ۔ اخت موسیٰؑ کا مشاہدہ ۔ دور سے

تا کہ ہو وہ یقین کرنے والوں سے۔ اور کہنے لگی اس کی بہن سے اس کے پیچھے جا پھر دیکھتی رہ اس کو اجنبی ہو کر

وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝١١ ۙ وَحَرَّمْنَا عَلَيْهِ الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ فَقَالَتْ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰۤى

اخت موسیٰؑ کا مکالمہ

اور ان کو خبر نہ ہوئی۔ اور روک دیا ہم نے اس پر دودھ پلانے والیوں کو پہلے سے پس کہنے لگی وہ کیا میں تمہیں بتاؤ

اَهْلِ بَيْتٍ يَّكْفُلُوْنَهٗ لَكُمْ وَهُمْ لَهٗ نٰصِحُوْنَ ۝١٢ فَرَدَدْنٰهُ اِلٰۤى اُمِّهٖ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا

(۱) (وہ لوگ سرکاری خیر خواہ ہیں) وعدۂ خداوندی کے پورا ہونے کا بیان

ایک ایسا گھر جو پالے اس کو تمہارے لیے اور وہ اس کے خیر خواہ ہیں۔ پس لوٹا دیا ہم نے اس کو اس کی ماں کی طرف تا کہ ٹھنڈی ہوں اس کی آنکھیں

وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝١٣ ع

(عین الیقین کا درجہ حاصل ہو) تعریض علی الکفار بمعنی لا یوقنون

اور وہ غمگین نہ ہو اور وہ جان لے کہ بیشک اللہ کا وعدہ برحق ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔

وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَاسْتَوٰۤى اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝١٤

حضرت موسیٰؑ کے فضائل سنبھل گئے (۲) قوت فیصلہ نہ کہ نبوت سنت اللہ

اور جب وہ پہنچا اپنی بھر پور جوانی کو اور سنبھل گیا تو دیا ہم نے اس کو فہم اور علم اور اس طرح ہم بدلہ دیتے ہیں محسنین کو

وَدَخَلَ الْمَدِيْنَةَ عَلٰى حِيْنِ غَفْلَةٍ مِّنْ اَهْلِهَا فَوَجَدَ فِيْهَا رَجُلَيْنِ يَقْتَتِلٰنِ ۫

حضرت موسیٰؑ کی شہر میں آمد حضرت موسیٰؑ کا مشاہدہ

اور وہ شہر میں داخل ہوئے جس وقت بے خبر تھے وہاں کے لوگ پھر پایا دو آدمیوں کو جو لڑتے تھے

هٰذَا مِنْ شِيْعَتِهٖ وَهٰذَا مِنْ عَدُوِّهٖ ۚ فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِيْ مِنْ شِيْعَتِهٖ عَلَى الَّذِيْ مِنْ

(۳) بنی اسرائیلی کی درخواست تعاون

یہ اس کے لوگوں سے اور یہ اس کے دشمن سے پھر فریاد کی اس نے جو اس کے لوگوں میں سے تھا اس پر جو

(۱)
جب ہمارا پرورشدہ ہوگا تو مخالفت نہیں کرے گا۔ یا اس بچی نے کہا وہ بچوں کی پرورش میں خیر خواہی کرتے ہیں بچوں کا دل ان کی طرف مائل ہوجاتا ہے۔ تو ہامان نے کہا ہمیں بھی ایسی دائی چاہیے

ع ۱ ۳ ۴

(۲)
فہم سلیم وعقل مستقیم جس سے حسن وقبیح میں امتیاز کرسکیں

(۳) دلیل نمبر ۴ لفظ شیعہ اور آیت نمبر ۴ میں بھی گزر چکا ہے اور دلیل نمبر ۵ سورۃ روم آیت نمبر ۳۲ ص ۴۱۶ میں دیکھیں

عَدُوِّهٖ ۚ فَوَكَزَهٗ مُوْسٰى فَقَضٰى عَلَيْهِ ۖ قَالَ هٰذَا مِنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ عَدُوٌّ مُّضِلٌّ

طریق تعاون — حضرت موسیٰؑ کی معذرت — شیطان کی عداوت

اس کے دشمن سے تھا پس مکا مارا اس کو موسیٰ علیہ السلام نے پس اس کا کام تمام کر دیا کہا یہ حرکت ہے شیطان کے کام سے بیشک وہ دشمن ہے گمراہ کرنے والا

مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ فَغَفَرَ لَهٗ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶﴾

حضرت موسیٰؑ کی دعا نمبر ۱ — اجابت دعا — وسعت مغفرت باری

کھلا۔ کہا اے میرے رب بیشک میں نے زیادتی کی اپنی جان پر پس آپ مجھے معاف فرما دیں تو اس کو معاف کر دیا بیشک وہ بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔

قَالَ رَبِّ بِمَآ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ فَلَنْ اَكُوْنَ ظَهِيْرًا لِّلْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۷﴾ فَاَصْبَحَ فِي الْمَدِيْنَةِ

دعاء نمبر ۲ — حضرت موسیٰؑ کی پریشانی

کہا اے میرے رب آپ کے احسان کرنے کی وجہ سے مجھ پر پھر میں کبھی نہ ہوگا مددگار مجرموں کا ۔ پھر صبح کو اٹھا شہر میں

خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ فَاِذَا الَّذِي اسْتَنْصَرَهٗ بِالْاَمْسِ يَسْتَصْرِخُهٗ ؕ قَالَ لَهٗ مُوْسٰٓى اِنَّكَ

بنی اسرائیلی کا دوبارہ استغاثہ — حضرت موسیٰؑ کا جواب

ڈرتے ہوئے نگاہ رکھتے ہوئے پس اچانک وہ جس نے کل اس سے مدد مانگی تھی اس کو مدد کے لیے فریاد کر رہا ہے کہا اس کو موسیٰ علیہ السلام نے بیشک تو

لَغَوِيٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۸﴾ فَلَمَّآ اَنْ اَرَادَ اَنْ يَّبْطِشَ بِالَّذِيْ هُوَ عَدُوٌّ لَّهُمَا ۙ قَالَ يٰمُوْسٰٓى

اسرائیلی کے تعاون کے لیے دست درازی — اسرائیلی کی

بے راہ ہے صریح ۔ پھر جب چاہا کہ ہاتھ ڈالے اس پر جو ان دونوں کا دشمن تھا کہا اے موسیٰ

اَتُرِيْدُ اَنْ تَقْتُلَنِيْ كَمَا قَتَلْتَ نَفْسًا بِالْاَمْسِ ۖ اِنْ تُرِيْدُ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ جَبَّارًا

شورش — پروپیگنڈا نمبر ۱

کیا تو چاہتا ہے کہ قتل کر دے مجھے جیسے تو نے قتل کیا ایک جی کو گزشتہ کل نہیں تو چاہتا مگر یہ کہ ہو تو زبردستی کرنے والا

فِي الْاَرْضِ وَمَا تُرِيْدُ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْمُصْلِحِيْنَ ﴿۱۹﴾ وَجَآءَ رَجُلٌ مِّنْ اَقْصَا

نمبر ۲ — حمایتی کی آمد حزقیل

زمین میں، اور نہیں تو چاہتا کہ ہو تو ملاپ کر دینے والا۔ اور آیا ایک شخص شہر کے پرلے کنارے سے

الْمَدِيْنَةِ يَسْعٰى ۫ قَالَ يٰمُوْسٰٓى اِنَّ الْمَلَاَ يَاْتَمِرُوْنَ بِكَ لِيَقْتُلُوْكَ فَاخْرُجْ

(۱) حمایتی کا مکالمہ — تشریح مشاورت — مخلص کی تجویز

دوڑتا ہوا کہا اے موسیٰ بیشک سردار آپ کے بارے میں مشورہ کر رہے ہیں کہ آپ کو قتل کر دیں پس آپ نکل جائیں

اِنِّيْ لَكَ مِنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿۲۰﴾ فَخَرَجَ مِنْهَا خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ ۫ قَالَ رَبِّ نَجِّنِيْ مِنَ

تعمیل تجویز — حضرت موسیٰؑ کی دعاء

بیشک میں تیرے خیرخواہوں میں سے ہوں۔ پس نکلے وہاں سے ڈرتے ہوئے نگاہ رکھتے ہوئے (مدین کی طرف) کہا اے میرے رب بچا مجھے

ع ۵

الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۱﴾

ظالم لوگوں سے۔

وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَآءَ مَدْيَنَ قَالَ عَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يَّهْدِيَنِيْ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿۲۲﴾ وَلَمَّا

تتمہ داستان، حضرت موسیٰؑ کا سفر نمبر ۱ مدین۔ — حضرت موسیٰؑ کی امید واثق — حضرت

اور جب (راہ متعین ہوگی تو) منہ پھیرا مدین کی طرف، کہا امید ہے کہ میرا رب مجھے لے جائے سیدھے راہ کی طرف۔ اور جب پہنچا

(۱) دلیل نمبر ۳ خبر واحد کی حجیت پر اور دلیل نمبر ۴ یہی سورۃ قصص آیت نمبر ۲۵ ص ۳۹۷ میں دیکھیں

وَلَمَّا وَرَدَ مَاءَ مَدْيَنَ وَجَدَ عَلَيْهِ أُمَّةً مِّنَ النَّاسِ يَسْقُونَ وَوَجَدَ مِن دُونِهِمُ امْرَأَتَيْنِ

موسیٰؑ کا مشاہدہ نمبر ا

مدین کے پانی پر پایا اس پر ایک جماعت کو لوگوں کی وہ (اپنے مویشیوں کو پانی) پلا رہے ہیں اور پایا ان کے سوا دو عورتوں کو

تَذُودَانِ ۖ قَالَ مَا خَطْبُكُمَا ۖ قَالَتَا لَا نَسْقِي حَتَّىٰ يُصْدِرَ الرِّعَاءُ ۖ وَأَبُونَا شَيْخٌ كَبِيرٌ ﴿٢٣﴾

حضرت موسیٰؑ کا مکالمہ ۔ بنات شعیبؑ کا جواب — حقیقت حال کا اظہار

روکے کھڑی ہیں (اپنی بکریوں کو) کہا تمہارا معاملہ کیا ہے؟ وہ بولیں ہم نہیں پلاتی پانی یہاں تک پھر جائیں چرواہے اور ہمارے ابا بوڑھے ہیں

فَسَقَىٰ لَهُمَا ثُمَّ تَوَلَّىٰ إِلَى الظِّلِّ فَقَالَ رَبِّ إِنِّي لِمَا أَنزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيرٌ ﴿٢٤﴾

حضرت موسیٰؑ کے مکارم اخلاق — حضرت موسیٰؑ کا اظہار عجز

پھر پلایا ان دونوں کے (جانوروں) کو پھر مڑے چھاؤں کی طرف پس کہا اے میرے رب بیشک میں اس کے لیے جو آپ اتاریں میری طرف اچھی چیزوں میں سے اس کا محتاج ہوں،

فَجَاءَتْهُ إِحْدَاهُمَا تَمْشِي عَلَى اسْتِحْيَاءٍ قَالَتْ إِنَّ أَبِي يَدْعُوكَ لِيَجْزِيَكَ أَجْرَ مَا سَقَيْتَ

حضرت شعیبؑ کی لڑکی کی آمد — مکالمہ سفر — (۱) بلانے کی حکمت

پس آئی اس کے پاس ان دو میں ایک چلتی شرماتے ہوئے کہنے لگی بیشک میرا باپ آپ کو بلاتا ہے تا کہ بدلہ دے تجھے اس حق کا جو آپ نے پلائے

لَنَا ۚ فَلَمَّا جَاءَهُ وَقَصَّ عَلَيْهِ الْقَصَصَ قَالَ لَا تَخَفْ ۖ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ﴿٢٥﴾

حضرت موسیٰؑ کی آمد اور اظہار حقیقت — تسلی

ہمارے (جانور کو) پھر جب آیا اس کے پاس اور بیان کیا اس کے سامنے سارا واقعہ کہا آپ مت ڈریں آپ بچ آئے ظالم لوگوں سے۔

قَالَتْ إِحْدَاهُمَا يَا أَبَتِ اسْتَأْجِرْهُ ۖ إِنَّ خَيْرَ مَنِ اسْتَأْجَرْتَ الْقَوِيُّ الْأَمِينُ ﴿٢٦﴾ قَالَ إِنِّي أُرِيدُ

حضرت شعیبؑ کی لڑکی کی درخواست — حضرت شعیبؑ کا

کہنے لگی ان دو میں سے ایک اے میرے ابا اس کو نوکر رکھ لیں بیشک بہتر جس کو آپ نوکر رکھیں طاقت ور امانت دار ہے۔ کہا بیشک میں چاہتا ہوں

أَنْ أُنكِحَكَ إِحْدَى ابْنَتَيَّ هَاتَيْنِ عَلَىٰ أَن تَأْجُرَنِي ثَمَانِيَ حِجَجٍ ۖ فَإِنْ أَتْمَمْتَ عَشْرًا

مکالمہ — شرائط نکاح — بقیہ مکالمہ

کہ بیاہ دوں آپ کو ایک بیٹی کا ان دونوں میں سے اس پر کہ آپ میری نوکری کریں آٹھ برس پس اگر آپ نے پورا کر دیا اس کو دس سال

فَمِنْ عِندِكَ ۖ وَمَا أُرِيدُ أَنْ أَشُقَّ عَلَيْكَ ۚ سَتَجِدُنِي إِن شَاءَ اللَّهُ مِنَ الصَّالِحِينَ ﴿٢٧﴾

حضرت شعیبؑ کے مکارم اخلاق ۔ حضرت موسیٰؑ کو تسلی

پس وہ تیری طرف سے (احسان) ہوگا اور میں نہیں چاہتا کہ آپ پر مشقت ڈالوں آگے تو پائے گا مجھے اگر اللہ نے چاہا نیک بختوں میں سے۔

قَالَ ذَٰلِكَ بَيْنِي وَبَيْنَكَ ۖ أَيَّمَا الْأَجَلَيْنِ قَضَيْتُ فَلَا عُدْوَانَ عَلَيَّ ۖ وَاللَّهُ عَلَىٰ

حضرت شعیبؑ و موسیٰؑ کا معاہدہ — محافظت باری

کہا یہ (عہد) ہو چکا میرے اور آپ کے درمیان جونسی دو مدتیں میں سے پوری کروں تو نہیں زیادتی مجھ پر اور اللہ اس پر

ع ۳ ۷

مَا نَقُولُ وَكِيلٌ ﴿٢٨﴾

جو ہم کہہ رہے ہیں کفیل ہے۔

فَلَمَّا قَضَىٰ مُوسَى الْأَجَلَ وَسَارَ بِأَهْلِهِ آنَسَ مِن جَانِبِ الطُّورِ نَارًا ۖ قَالَ لِأَهْلِهِ

حضرت موسیٰؑ کا دوسرا سفر برائے واپسی — اہلیہ سے مکالمہ ے

پھر جب پوری کر دی موسیٰ علیہ السلام نے وہ مدت اور لے کر چلا اپنے گھر والوں کو وہ طور کی طرف تو محسوس کی پہاڑ کی طرف ایک آگ، کہا اپنے گھر والوں سے

(۱)
دلیل نمبر ۴ خبر واحد کی حجیت پر اور دلیل نمبر ۵ سورۃ حجرات آیت نمبر ۶ ص ۵۲۴ میں دیکھیں

ے دلیل نمبر ۱۶ نفی علم غیب از سابق نبی موسیٰ علیہ السلام اور دلیل نمبر ۱۷ سورۃ صافات آیت نمبر ۱۰۲ تا ۱۱۵ ص ۴۵۹ میں دیکھیں

امْكُثُوْٓا اِنِّيْٓ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّيْٓ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ جَذْوَةٍ مِّنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ﴿۲۹﴾

تشریح مکالمہ۔ ہود کی ۳۷۔ آیت مذکر کی ضمیر مؤنث کے لیے مستعمل ہے۔ ص ۲۳۸ دیکھیں

ٹھہرو بیشک میں نے محسوس کی ہے آگ تا کہ میں لے آؤں تمہارے پاس اس سے کوئی خبر یا انگارہ آگ کا تا کہ تم سینک سکو۔

فَلَمَّآ اَتٰىهَا نُوْدِيَ مِنْ شَاطِئِ الْوَادِ الْاَيْمَنِ فِي الْبُقْعَةِ الْمُبٰرَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ اَنْ

حضرت موسیٰؑ کے لیے خصوصی نداء

پھر جب آیا اس کے پاس ہم نے آواز دی میدان کے داہنے کنارے سے بابرکت خطہ میں درخت سے

يّٰمُوْسٰٓى اِنِّيْٓ اَنَا اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۰﴾ وَاَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ۭ فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ

تشریح نداء — حضرت موسیٰؑ کا معجزہ نمبر ۱ — کیفیت معجزہ

اے موسیٰ بیشک میں اللہ ہوں سب جہانوں کا رب۔ اور آپ ڈالیں اپنی لاٹھی پھر جب دیکھا اسکو حرکت کرتی گویا وہ پتلا سانپ ہے

وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّلَمْ يُعَقِّبْ ۭ يٰمُوْسٰٓى اَقْبِلْ وَلَا تَخَفْ ۣ اِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِيْنَ ﴿۳۱﴾ اُسْلُكْ يَدَكَ

حضرت موسیٰؑ کی پریشانی — حضرت موسیٰؑ کو تسلی — معجزہ نمبر ۲

پھرے پیٹھ پھیر کر اور واپس نہیں لوٹے اے موسیٰ متوجہ ہو اور مت ڈر بیشک آپ امن والوں سے ہیں۔ داخل کر اپنا

فِيْ جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَاۗءَ مِنْ غَيْرِ سُوْۗءٍ ۡ وَّاضْمُمْ اِلَيْكَ جَنَاحَكَ مِنَ الرَّهْبِ

ہاتھ اپنے گریبان میں نکلے گا نہایت سفید بغیر کسی بیماری کے اور ملا لینا اپنی طرف اپنا بازو ڈر کی وجہ سے

فَذٰنِكَ بُرْهَانٰنِ مِنْ رَّبِّكَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ىِٕهٖ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿۳۲﴾

مرسل الیہم — خلاصہ خباثات

پس یہ دو دلیلیں ہیں تیرے رب کی فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف بیشک وہ فاسق لوگ تھے

قَالَ رَبِّ اِنِّيْ قَتَلْتُ مِنْهُمْ نَفْسًا فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنِ ﴿۳۳﴾ وَاَخِيْ هٰرُوْنُ هُوَ اَفْصَحُ

حضرت موسیٰؑ کی معذرت — موسیٰؑ کی درخواست

کہا اے میرے رب بیشک میں نے قتل کیا ہے ان میں سے ایک شخص کو پس مجھے خطرہ ہے کہ وہ مجھے قتل کر دیں گے۔ اور میرا بھائی ہارون اس کی زباں رواں ہے

مِنِّيْ لِسَانًا فَاَرْسِلْهُ مَعِيَ رِدْاً يُّصَدِّقُنِيْٓ ۡ اِنِّيْٓ اَخَافُ اَنْ يُّكَذِّبُوْنِ ﴿۳۴﴾ قَالَ سَنَشُدُّ

بطور معاون — اجابت دعاء

مجھ سے پس بھیج دے اس کو میرے ساتھ مددگار وہ تصدیق کرے میری (تقریر کی) بیشک میں ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے جھٹلائیں گے۔ فرمایا ہم مضبوطی دیں گے

عَضُدَكَ بِاَخِيْكَ وَنَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطٰنًا فَلَا يَصِلُوْنَ اِلَيْكُمَا ۚ بِاٰيٰتِنَآ ۚ اَنْتُمَا وَمَنِ

موسیٰؑ و متبعین

آپ کے بازو کو آپ کے بھائی کے ساتھ اور ہم بنائیں گے تم دونوں کے لیے غلبہ پس وہ نہیں پہنچیں گے تم دونوں تک ہماری نشانیوں کے سبب تم دونوں اور جو

اتَّبَعَكُمَا الْغٰلِبُوْنَ ﴿۳۵﴾ فَلَمَّا جَاۗءَهُمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ

کی کامیابی — حضرت موسیٰؑ کی تبلیغ — فرعونیوں کا شکوہ

تمہاری پیروی کریں گے غالب رہیں گے۔ پھر جب آیا ان کے پاس موسیٰ علیہ السلام ہماری کھلی نشانیاں لے کر انہوں نے کہا نہیں یہ مگر جادو

مُّفْتَرًى وَّمَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَاۗىِٕنَا الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۶﴾ وَقَالَ مُوْسٰى رَبِّيْٓ اَعْلَمُ بِمَنْ جَاۗءَ

فرعونیوں کا پروپیگنڈا — حضرت موسیٰؑ کی بقیہ تبلیغ اور عقیدہ — وسعت علم باری

گھڑا ہوا اور نہیں سنا ہم نے اسے اپنے اگلے باپ دادوں میں۔ اور کہا موسیٰ علیہ السلام نے میرا رب بہتر جانتا ہے جو کوئی لایا ہے۔

بِالْهُدٰى مِنْ عِنْدِهٖ وَمَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾

ہدایت اس کی طرف سے اور جس شخص کو ملے گا آخرت کا گھر یقیناً نہیں کامیاب ہوں گے ظالم

وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَاُ مَا عَلِمْتُ لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرِیْ ۚ فَاَوْقِدْ لِیْ يٰهَامٰنُ عَلَى

فرعون کادرباریوں مکالمہ — فرعون کا استکبار

اور کہا فرعون نے اے درباریو! میں نہیں جانتا تمہارے لیے کوئی معبود اپنے سوا پس اے ہامان تو آگ جلا میرے لیے

الطِّيْنِ فَاجْعَلْ لِّیْ صَرْحًا لَّعَلِّیْۤ اَطَّلِعُ اِلٰۤى اِلٰهِ مُوْسٰى ۙ وَاِنِّیْ لَاَظُنُّهٗ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۳۸﴾

فرعون کی خباثت

مٹی (کی اینٹوں) پر پھر بنا میرے لیے ایک محل تا کہ میں جھانک کر دیکھ لو موسیٰ کے الٰہ کو اور بیشک میں گمان کرتا ہوں اس کو جھوٹوں سے۔

وَاسْتَكْبَرَ هُوَ وَجُنُوْدُهٗ فِی الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَظَنُّوْۤا اَنَّهُمْ اِلَيْنَا لَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۳۹﴾

فرعون اور فرعونیوں کی سرکشی

اور مغرور ہو رہا تھا وہ اور اس کے لشکر ملک میں ناحق اور گمان کرتے تھے کہ بیشک وہ ہماری طرف (قیامت کے دن) لوٹ کر نہیں آئیں گے

فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِی الْيَمِّ ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۰﴾ وَجَعَلْنٰهُمْ

فرعون اور فرعونیوں کا نتیجہ — کیفیت گرفت — (نظر عبرت) — دوزخیوں کے

تو پکڑ لیا ہم نے اس کو اور اس کے لشکر کو پھر پھینک دیا ہم نے ان کو دریا میں پس دیکھ کیسا انجام ہوا ظالموں کا۔ اور بنایا تھا ہم نے ان کو

اَئِمَّةً يَّدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۱﴾ وَاَتْبَعْنٰهُمْ فِیْ هٰذِهِ

قائدین (۱) — نفی شفیع قہری — نتیجہ دنیوی

ایسا پیشوا جو بلاتے رہے دوزخ کی طرف اور قیامت کے دن وہ نہ مدد کیے جائیں گے۔ اور ہم نے ان کے پیچھے لگادی اس

الدُّنْيَا لَعْنَةً ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ هُمْ مِّنَ الْمَقْبُوْحِيْنَ ﴿۴۲﴾ ع

ع ۱۴ ۷

اخروی نتیجہ

دنیا میں بھی لعنت — اور قیامت کے دن — وہ بدحال لوگوں میں سے ہوں گے۔

(۱) لفظ امام پر دلیل نمبر ۹، اور دلیل نمبر ۱۰ سورۃ سجدہ آیت نمبر ۲۴ ص ۴۲۶ میں دیکھیں

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِ مَاۤ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ الْاُوْلٰى بَصَآئِرَ لِلنَّاسِ

حضرت موسیٰؑ کے تین خصوصی احوال سے اثبات رسالت خاتم الانبیاء (۲) — جیسے قوم نوح دعاوثمود وغیرہ — فضائل تورات

اور البتہ تحقیق دی ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب بعد اس کے کہ ہم ہلاک کر چکے پہلی امتیں جو لوگوں کے لیے موجب بصیرت

وَهُدًى وَّرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۳﴾ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الْغَرْبِیِّ اِذْ قَضَيْنَاۤ اِلٰى

مقصد نزول تورات۔ — تشریح احوال نمبر ۱ خاتم الانبیاء کے حاضر وناظر ہونے کی نفی (۳)

اور ہدایت اور رحمت تھی تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں ، اور آپ نہیں تھے جانب غربی کی طرف جب بھیجا ہم نے

مُوْسَى الْاَمْرَ وَمَا كُنْتَ مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَلٰكِنَّاۤ اَنْشَاْنَا قُرُوْنًا فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ

(یعنی امر نبوت توراۃ کے ساتھ دے کر) (یعنی جن کو میقاتی توراۃ کے لیے موسیٰؑ لے آئے ان کے ساتھ نہ تھے) تصرف باری تعالیٰ

موسیٰ علیہ السلام کو حکم دے کر اور نہ آپ وہاں موجود تھے۔ اور لیکن (موسیٰ علیہ لسلام کے بعد) ہم نے اٹھائیں کئی امتیں پھر لمبی ہوگی ان پر

الْعُمُرُ ۚ وَمَا كُنْتَ ثَاوِيًا فِیْۤ اَهْلِ مَدْيَنَ تَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۙ وَلٰكِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ﴿۴۵﴾

حال نمبر ۲ خاتم الانبیاء سے حاضر ناظر ہونے کی نفی — سنت اللہ

مدت (تو آپ کو آخر الزمان نبی بنا کر بھیجا) اور آپ نہیں رہتے تھے مدین والوں میں کہ آپ ان پر پڑھ کر سناتے ہماری آیتیں، لیکن ہم رسول بھیجتے رہے ہیں۔

(۲) ایک خصوصی حال جس میں ان کو توراۃ ملی جس سے ان کی شریعت میں استقرار تھا فرمایا : وما کنت الخ دوسرا خصوصی حال جب مدین میں تھے اس کو قطعی طور پر بیان کرنا یہ بھی آپ کے برحق نبی ہونے کی دلیل ہے فرمایا'' وما کنت ۔۔۔ الخ تیسرا خصوصی حال جب ان کو نبوت ملی تھی اس کو قطعی طور پر بیان کرنا یہ بھی آپ کی نبوت کی دلیل ہے فرمایا'' وما کنت بجانب الطور الخ

(۳) نفی حاضر وناظر پر دلیل نمبر ۷، آیت ۴۴، اور دلیل نمبر ۸ یہی سورۃ۔ آیت ۴۵، اور دلیل نمبر ۹ یہی سورۃ قصص آیت نمبر ۴۶ دیکھیں۔ ۹ دلائل ختم شد۔ یہ وہ دلائل ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے جسد اطہر میں روح مبارک جلوہ گر نہیں تھی، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت حاضر وناظر نہیں تھے۔

وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الطُّوْرِ اِذْ نَادَيْنَا وَلٰكِنْ رَّحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا

حال نمبر ۳ خاتم الانبیاء کے حاضر ناظر ہونے کی نفی (یعنی آپ نبی بنائے گئے) فریضہ خاتم الانبیاء

اور آپ نہیں تھے طور کے کنارے پر جب آواز دی ہم نے (موسیٰ علیہ السلام کو) لیکن یہ تیرے رب کی رحمت سے ہے تا کہ آپ ڈرائیں ان لوگوں کو

مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَلَوْلَآ اَنْ تُصِيْبَهُمْ

حکمت انذار حکمت بعثت الانبیاء برائے اتمام حجت

کہ نہیں آیا جن کے پاس کوئی ڈرانے والا آپ سے پہلے تا کہ وہ نصیحت حاصل کریں ۔ اور اگر نہ ہوتی یہ بات کہ پہنچے ان کو کوئی مصیبت

مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَيَقُوْلُوْا رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ

بہ سبب اس کے جو ان کے ہاتھ آگے بھیج چکے ہیں تو یہ کہنے لگیں اے ہمارے رب کیوں نہیں بھیجا آپ نے ہماری طرف کوئی رسول پس ہم پیروی کرتے

اٰيٰتِكَ وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۷﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْا لَوْلَآ

تکمیل اتمام حجت پر روبیہ (رسول حق ۔ دین حق) منکرین قرآن

آپ کی آیات کی اور ہم ایمانداروں میں سے ہوتے۔ پھر جب آیا ان کے پاس حق ہماری طرف سے انہوں نے کہا کیوں نہیں

اُوْتِيَ مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى ؕ اَوَلَمْ يَكْفُرُوْا بِمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ۚ قَالُوْا سِحْرٰنِ

کا مطالبہ تنبیہ منکرین کفار مکہ کے خباثات

دیا گیا اس کو جیسا دیا گیا موسیٰ علیہ السلام کو کیا انہوں نے انکار نہیں کیا اس کا جو دیا گیا موسیٰ علیہ السلام کو اس سے پہلے انہوں نے کہا دونوں جادوگر ہیں

تَظٰهَرَا ۫ وَقَالُوْٓا اِنَّا بِكُلٍّ كٰفِرُوْنَ ﴿۴۸﴾ قُلْ فَاْتُوْا بِكِتٰبٍ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ هُوَ اَهْدٰى

مددگار کفار مکہ کا عناد کفار سے زجراً دلیل نقلی کا مطالبہ

آپس میں موافق اور انہوں نے کہا ہم دونوں کو نہیں مانتے ۔آپ کہہ دیں کہ اب لاؤ کوئی کتاب اللہ کی طرف سے جو ان دونوں سے بہتر راہ بتائے

مِنْهُمَآ اَتَّبِعْهُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۹﴾ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكَ فَاعْلَمْ اَنَّمَا يَتَّبِعُوْنَ

سبب گمراہی نتیجہ اتباع ہوا

میں اس پر چلوں میں اگر تم سچے ہو۔ پس اگر آپ کا وہ مطالبہ پورا نہ کریں تو جان لے کہ وہ بیشک چلتے ہیں

اَهْوَآءَهُمْ ؕ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى

تقطیع الطمع و تسلی خاتم الانبیاء

اپنی خواہشات پر اور اس سے زیادہ کون گمراہ ہے جو چلے اپنی خواہش پر بغیر اللہ کے راہ بتائے۔ بیشک اللہ نہیں راہ دیتا

ع ۵ / ۸

الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۰﴾

ظالم لوگوں کو۔

النصف

وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۱﴾ؕ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِهٖ

(۱) ازالہ شبہ (یعنی تدریجاً فتدریجاً) صداقت قرآن۔ حکمت انزال قرآن منصفین اہل کتاب کے اوصاف نمبر ۱

اور البتہ تحقیق پے در پے بھیجا ہم نے ان لوگوں کے لیے اس کلام کو تا کہ وہ نصیحت حاصل کریں۔ جن لوگوں کو ہم نے دی اس سے پہلے کتاب

هُمْ بِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَاِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖٓ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّنَآ اِنَّا كُنَّا مِنْ

نمبر ۲ منصفین کا مسلک

وہ اس پر ایمان لائے ہیں۔ اور جب ان کو قرآن پڑھ کر سنایا جاتا ہے تو کہتے ہیں ہم ایمان لائے اس کے ساتھ بیشک وہ حق ہے ہمارے رب کی طرف سے بیشک ہم اس سے پہلے

(۱) شبہ لولا اوتی مثل ما اوتی موسیٰ الخ

قَبْلِهٖ مُسْلِمِيْنَ ﴿٥٣﴾ اُولٰٓئِكَ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَّرَّتَيْنِ بِمَا صَبَرُوْا وَيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ

منصفین کا انعام — وصف نمبر ۳

فرمانبردار تھے۔ وہ لوگ دیئے جائیں اپنا اجر دوہرا اس لیے کہ انہوں نے صبر کیا اور وہ دور کرتے ہیں بھلائی سے

السَّيِّئَةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿٥٤﴾ وَاِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا عَنْهُ وَقَالُوْا لَنَآ اَعْمَالُنَا

وصف نمبر ۴ — نمبر ۵ — مؤمنین کا استقلال

برائی کو اور جو ہم نے ان کو روزی دی اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔ اور جب سنیں وہ بیہودہ باتیں ان سے کنارہ کش ہوتے ہیں اور کہتے ہیں ہمارے لیے ہمارے اعمال (کا نتیجہ)

وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ لَا نَبْتَغِي الْجٰهِلِيْنَ ﴿٥٥﴾ اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ اَحْبَبْتَ

سلام مشارکت — نفی مختار کل از خاتم الانبیاء۔ عبد مناف ابو طالب۔ ابوجہل عبداللہ بن ابی

اور تمہارے لیے تمہارے اعمال (کا نتیجہ) سلامتی ہو تم پر ہم نہیں (الجھنا) چاہتے جاہلوں سے۔ بیشک آپ نہیں ہدایت دیتے جس کو آپ چاہیں

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿٥٦﴾ وَقَالُوْٓا اِنْ نَّتَّبِعِ الْهُدٰى

حصر الہدایت باری — وسعت علم باری (۱) — موانع ایمان نمبر ۱ (۲)

لیکن اللہ ہدایت دیتا ہے جس کو چاہتا ہے اور وہ خوب جانتا ہے ہدایت پانے والوں کو۔ اور انہوں نے کہا اگر ہم پیروی کریں آپ کی راہ کی

مَعَكَ نُتَخَطَّفْ مِنْ اَرْضِنَا ۭ اَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَّهُمْ حَرَمًا اٰمِنًا يُّجْبٰٓى اِلَيْهِ ثَمَرٰتُ كُلِّ

جواب موانع نمبر ۱ — (۳)

آپ کے ساتھ تو ہم اچک لیے جائیں گے اپنے ملک سے کیا ہم نے ان کو ٹھکانا نہیں دیا محترم امن کے مقام میں کھنچے چلے آتے اس کی طرف میوے ہر

شَيْءٍ رِّزْقًا مِّنْ لَّدُنَّا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍۢ بَطِرَتْ

جہالت مشرکین — تذکیر بایام اللہ سے دوسرے موانع مقدر کا جواب

چیز کے روزی ہماری طرف سے لیکن ان کی اکثریت بے سمجھ ہے۔ اور کتنی ہلاک کی ہم نے بستیاں جو اترا چکی تھی

مَعِيْشَتَهَا ۚ فَتِلْكَ مَسٰكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَنْ مِّنْۢ بَعْدِهِمْ اِلَّا قَلِيْلًا ۭ وَكُنَّا نَحْنُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿٥٨﴾

شدت گرفت خداوندی جیسے حجر ثمود — (جیسے مسافر تھوڑی دیر کھڑا) — مالکیت باری

اپنی معیشت میں پس یہ ان کے گھر ہیں نہیں بسے ان کے پیچھے مگر تھوڑے دن اور ہم ہی وارث ہیں

وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى حَتّٰى يَبْعَثَ فِيْٓ اُمِّهَا رَسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۚ وَمَا

تیسرے موانع مقدر کا جواب (۴)

اور نہیں ہے تیرا رب ہلاک کرنے والا بستیوں کو یہاں تک کہ بھیجے ان کی بڑی بستی میں (اہم) رسول کو جو پڑھ کر سنائے ان کو ہماری آیتیں اور نہیں

كُنَّا مُهْلِكِي الْقُرٰٓى اِلَّا وَاَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ ﴿٥٩﴾ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ

عدل و انصاف باری — سبب گرفت — موانع نمبر ۴ مقدر کا جواب — دنیا کی بے ثباتی

ہم ہلاک کرنے والے بستیوں کو مگر جب وہاں کے رہنے والے ظالم ہوں۔ اور جو کچھ تمہیں دیا گیا کسی چیز میں سے پس برتنا ہے

ع ۶ — الدُّنْيَا وَزِيْنَتُهَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٦٠﴾ ع

فضیلت آخرت — تنبیہ

دنیا کی زندگی میں اور اس کی رونق ہے اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے (دین اسلام قبول کرنے کی وجہ سے) وہ بہتر اور باقی رہنے والا ہے کیا تم نہیں سمجھتے؟

اَفَمَنْ وَّعَدْنٰهُ وَعْدًا حَسَنًا فَهُوَ لَاقِيْهِ كَمَنْ مَّتَّعْنٰهُ مَتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ هُوَ

تقابل فریقین یوم قیامۃ — (جنت کا)

کیا بھلا ایک شخص ہم نے اس کو وعدہ دیا ہو وعدہ اچھا پس وہ اس کو پانے والا ہے کیا برابر اس شخص کے ہے جس کو فائدہ اٹھانے کے لیے دیا ہم نے سامان دنیا کی زندگی کا پھر وہ

(۱)
دلیل ۲۴ نفی علم غیب از خاتم الانبیاءؐ اور دلیل ۲۵ سورۃ لقمان آیت ۳۴ ص ۴۲۳ میں دیکھیں

(۲)
سارا عرب دشمن جان و مال سلامت نہیں رہے گا۔

(۳)
دلیل ۵ یہاں بھی 'کل' سے مراد بعض ہے اور دلیل ۶ سورۃ نمل آیت ۱۶ ص ۳۸۷ میں دیکھیں

(۴)
ہمیں تباہ کیوں نہیں کرتا؟

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ۝٦١ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ

ندائے خداوندی نمبر ا

قیامت کے دن حاضر کیے ہوؤں میں سے ہوگا۔ اور جس دن ان کو پکارے گا تو وہ کہے گا کہاں ہیں وہ میرے شریک جن کے بارے میں

كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ۝٦٢ قَالَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَغْوَيْنَا ۚ اَغْوَيْنٰهُمْ

تابعین کا اقرار جرم (۱) متبوعین یعنی شرکاء کا جواب

تم دعوی کرتے تھے۔ کہیں گے وہ لوگ جن پر بات ثابت ہوجائے گی، اے رب ہمارے یہ وہ لوگ ہیں جن کو ہم نے گمراہ کیا ان کو ہم نے گمراہ کیا تھا

كَمَا غَوَيْنَا ۚ تَبَرَّاْنَآ اِلَيْكَ ۖ مَا كَانُوْٓا اِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ ۝٦٣ وَقِيْلَ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ فَدَعَوْهُمْ

متبوعین کی برأت (بلکہ اپنی خواہش نفس کی عبادت کرتے تھے) شرکاء کی بے رخی سے مشرکین کی سرزنش

جیسے ہم خود گمراہ ہوئے اب ہم بیزاری کا اعلان کرتے ہیں آپ کے سامنے وہ ہماری عبادت نہیں کرتے تھے۔ اور کہا جائے گا پکار و اپنے شریکوں کو پھر وہ پکاریں گے

فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَرَاَوُا الْعَذَابَ ۚ لَوْ اَنَّهُمْ كَانُوْا يَهْتَدُوْنَ ۝٦٤ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ

متبوعین کا عدم جواب تابعین کفار کی تمنا طریق کامیابی نداء خداوندی نمبر ۲ مشرکین سے سوال

ان کو تو وہ ان کو جواب نہیں دیں گے اور دیکھیں گے عذاب کو کاش کہ وہ ہدایت یافتہ ہوتے۔ اور جس دن وہ ان کو پکارے گا تو وہ کہے گا

مَاذَآ اَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِيْنَ ۝٦٥ فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْاَنْۢبَآءُ يَوْمَئِذٍ فَهُمْ لَا يَتَسَآءَلُوْنَ ۝٦٦

شدت یوم قیامت (کہ کیا جواب دینا ہے)

کیا جواب دیا تھا تم نے رسولوں کو۔ پس بند ہوجائیں گی ان پر سب خبریں اس دن پس وہ آپس میں نہیں پوچھیں گے

فَاَمَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ ۝٦٧ وَرَبُّكَ

نتیجہ تائبین (۲) کفار کے

بہرحال جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور نیک عمل کیے پس امید ہے کہ وہ ہوگا کامیاب ہوتے والوں میں سے۔ اور تیرا رب

يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وَيَخْتَارُ ۗ مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ ۗ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝٦٨

اعتراض کا جواب نمبر ا

پیدا کرتا ہے جو چاہتا ہے اور پسند کرتا ہے نہیں ان (مشرکوں) کے (ہاتھ) میں چناؤ اللہ پاک ہے اور بہت بلند ہے اس سے جو وہ شریک بناتے ہیں۔

وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۝٦٩ وَهُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۗ لَهُ الْحَمْدُ فِي

حصر علم الغیب سے دوسرا جواب (بغض و کینہ) (عداوت) حصر الالوہیت و نتیجہ سابقہ۔ استحقاق الحمد و الثناء

اور تیرا رب ہی جانتا ہے جو ان کے سینوں میں پوشیدہ ہے اور وہ جو ظاہر کرتے ہیں۔ اور وہی اللہ ہے نہیں کوئی معبود مگر وہی اسی کے لیے ہے ساری تعریفیں

الْاُوْلٰى وَالْاٰخِرَةِ ۖ وَلَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝٧٠ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ

حصر الحاکمیت باری تذکیر بمابعد الموت ۔ توحید پر دلیل عقلی اعترافی نمبر ا

پہلوں میں اور پچھلوں میں اور اسی کے ہاتھ میں حکومت ہے اور اسی کی طرف (قضاء کے لیے) تم پھیرے جاؤ گے۔ آپ کہہ دیجئے بھلا بتاؤ تم اگر بنادے اللہ

عَلَيْكُمُ الَّيْلَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِضِيَآءٍ ۗ

مشرکین کے ساتھ طریق مناظرہ

تم پر رات ہمیشہ قیامت کے دن تک کون معبود ہے اللہ کے سوا وہ لائے تمہارے پاس روشنی (معیشت کے لیے)

اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ ۝٧١ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ النَّهَارَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ

تنبیہ دلیل عقلی اعترافی نمبر ۲

کیا تم سنتے نہیں ہو؟ (دلائل توحید کو) آپ کہہ دیجئے بھلا بتاؤ تم اگر بنادے اللہ تم پر دن ہمیشہ قیامت کے دن تک

(۱) یعنی یہ فرمان الٰہی : لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ

(۲) اعتراض : قرآن مکہ یا طائف کے کسی سردار پر نازل کیوں نہیں ہوا؟

الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِلَيْلٍ تَسْكُنُوْنَ فِيْهِ ؕ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَمِنْ رَّحْمَتِهٖ

طریق مناظرہ — تنبیہ (۱) — شفقت خداوندی

کون معبود ہے اللہ کے سوا جو لائے تمہارے پاس رات جس میں تم سکون کرو کیا تم دیکھتے نہیں ہو؟ اور اس نے اپنی رحمت سے

جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۳﴾

خلقت لیل ونہار۔ — حکمت — فریضۂ بنی آدم

بنا دیا تمہارے لیے رات اور دن تا کہ تم اس میں سکون کرو اور تم تلاش کرو اس کے فضل سے اور تا کہ تم شکر کرو۔

وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۷۴﴾ وَنَزَعْنَا مِنْ كُلِّ

نداء خداوندی نمبر ۳ — مشرکین کی سرزنش — (۲) — کیفیت یوم حساب

اور جس دن وہ ان کو پکارے گا پس وہ کہے گا کہاں ہیں میرے وہ شریک جن کا تم دعویٰ کرتے تھے۔ اور ہم نکالیں گے ہر

ع ۷ ۱۵ ۱۰ اُمَّةٍ شَهِيْدًا فَقُلْنَا هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ فَعَلِمُوْٓا اَنَّ الْحَقَّ لِلّٰهِ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۷۵﴾ ع

مشرکین کی سرزنش (شرک کے دعویٰ کی صحت پر) تردید منکرین قیامت واقرار مجرمین (جو نبی کے ذریعہ معلوم ہوئی)

امت میں سے ایک احوال بتانے والا پھر ہم کہیں گے لاؤ اپنی دلیل تب وہ جان لیں گے کہ سچی بات اللہ کی ہے اور گم ہو جائیں گی وہ باتیں جو وہ جوڑتے تھے۔

اِنَّ قَارُوْنَ كَانَ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰى فَبَغٰى عَلَيْهِمْ ۪ وَاٰتَيْنٰهُ مِنَ الْكُنُوْزِ مَآ اِنَّ

داستان قارون (چچا زاد بھائی تھا) — قارون کی خباثت۔ — قارون کی سرمایہ داری۔ اس قدر

بیشک قارون موسیٰ علیہ السلام کی قوم میں سے تھا پھر وہ ان پر سرکشی کرنے لگا اور ہم نے دیئے تھے اس کو خزانوں سے جو بیشک

مَفَاتِحَهٗ لَتَنُوْٓاُ بِالْعُصْبَةِ اُولِي الْقُوَّةِ ۗ اِذْ قَالَ لَهٗ قَوْمُهٗ لَا تَفْرَحْ اِنَّ اللّٰهَ

قارون کے لیے طریق کامیابی نمبر ۱

اس کی چابیاں اٹھاتی تھی ایک جماعت زور آور جب کہا اس کو اس کی قوم نے مت اترا بیشک اللہ

لَا يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ ﴿۷۶﴾ وَابْتَغِ فِيْمَآ اٰتٰىكَ اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ

نتیجہ — نمبر ۲ — نمبر ۳

نہیں پسند کرتا اترانے والوں کو۔ اور تلاش کر اس میں سے جو دیا تجھ کو اللہ نے آخرت کا گھر اور نہ بھول اپنا حصہ

مِنَ الدُّنْيَا وَاَحْسِنْ كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَيْكَ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْاَرْضِ ؕ اِنَّ

نمبر ۴ — نمبر ۵

دنیا سے اور اچھائی کر جیسے اللہ نے اچھائی کی تجھ سے اور نہ تلاش کر فساد زمین میں بیشک

اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۷۷﴾ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ عِنْدِيْ ؕ اَوَلَمْ يَعْلَمْ

نتیجۂ فساد — قارون کا استکبار

اے ایمان والو! مت داخل ہو تم نبی کے گھروں میں مگر یہ کہ تم کو اجازت دی جائے کھانے کی

غَیْرَ نٰظِرِیْنَ اِنٰىهُ ۙ وَ لٰكِنْ اِذَا دُعِیْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَ لَا مُسْتَاْنِسِیْنَ

نمبر۲ نمبر۳ نمبر۴

نہ انتظار کرنے والے ہو اس کے پکنے کا مگر جب بلایا جائے پس آجاؤ پس جب کھانا کھا چکو پس چلے جاؤ اور نہ آپس میں دل بھلانے کی

لِحَدِیْثٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ یُؤْذِی النَّبِیَّ فَیَسْتَحْیٖ مِنْكُمْ ؗ وَ اللّٰهُ لَا یَسْتَحْیٖ مِنَ الْحَقِّ ؕ

(۱) نہی ایذاء مقید

باتوں میں لگے ہوئے بیشک یہ بات تکلیف دیتی ہے نبی کو پس وہ تم سے شرم کرتے ہیں اور اللہ نہیں شرم کرتے کھری بات سے

وَ اِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْـَٔلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ ؕ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ

طریق سوال ازواج مطہرات ومؤمنات علت

اور جب تم مانگو ان سے کوئی ضرورت کی چیز تو مانگو ان سے پردے کے پیچھے سے یہ زیادہ پاکیزہ ہے تمہارے دلوں کے لیے اور

وَ قُلُوْبِهِنَّ ؕ وَ مَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَ لَاۤ اَنْ تَنْكِحُوْۤا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖۤ اَبَدًا ؕ

(۱) نہی ایذاء مقید ازواج مطہراتؓ سے نکاح کی ابدی ممانعت

ان کے دلوں کے لیے اور نہیں ہے تمہارے لیے کہ تکلیف دو اللہ کے رسول کو (کسی امر میں) اور نہ یہ کہ نکاح کرو اس کی بیویوں سے اس کے بعد کبھی بھی

اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِیْمًا ﴿۵۳﴾ اِنْ تُبْدُوْا شَیْـًٔا اَوْ تُخْفُوْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ

حصر علم کلی فی ذات باری ایذا کے قبیلہ سے ہو یا کسی اور سے

بیشک یہ بات اللہ کے نزدیک بہت بڑا گناہ ہے۔ اگر تم ظاہر کرو کچھ یا اس کو چھپاؤ (اپنے قلوب میں) پس تحقیق اللہ تعالیٰ ہر چیز کو

شَیْءٍ عَلِیْمًا ﴿۵۴﴾ لَا جُنَاحَ عَلَیْهِنَّ فِیْۤ اٰبَآىِٕهِنَّ وَ لَاۤ اَبْنَآىِٕهِنَّ وَ لَاۤ اِخْوَانِهِنَّ وَ لَاۤ اَبْنَآءِ

(۲) محارم سے عدم حجاب کا بیان

جاننے والا ہے۔ نہیں کوئی گناہ ان عورتوں پر سامنے ہونے میں اپنے باپوں سے اور نہ اپنے بیٹوں اور نہ اپنے بھائیوں سے اور نہ اپنے بھتیجوں

اِخْوَانِهِنَّ وَ لَاۤ اَبْنَآءِ اَخَوٰتِهِنَّ وَ لَا نِسَآىِٕهِنَّ وَ لَا مَا مَلَكَتْ اَیْمَانُهُنَّ ۚ وَ اتَّقِیْنَ اللّٰهَ ؕ

اور نہ اپنے بھانجوں سے اور نہ اپنی عورتوں سے اور نہ ان کے جن کے ان کے دائیں ہاتھ مالک ہیں، اور اللہ سے ڈرتی رہو

(۱) ایذاء حرام ہے۔ دلیل نمبر۴۔ اور توہین پیغمبر کفر ہے دلیل نمبر۵ یہی سورۃ احزاب کی آیت نمبر۵۷ ص۴۳۵ میں دیکھیں۔

(۲) یہاں تک عمومی حجاب کا ذکر تھا تو ازواج مطہرات کے محارم بھی داخل ہوگئے آگے ان کو مستثنیٰ کیا گیا ہے حجاب شخصی سے فرمایا:

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدًا ﴿۵۵﴾ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ یُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِیِّ ؕ

خصوصیت خاتم الانبیاء۔

بیشک اللہ تعالی کے ہر چیز سامنے ہے ۔ بیشک اللہ اور اس کے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں نبی پر

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ﴿۵۶﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

فرائض مؤمنین صلوٰۃ وسلام پڑھنے کا حکم ۔ (۱) آنحضرت کی بے ادبی کرنے والوں کا نتیجہ (۲)

اے ایمان والو! درود بھیجو اس پر اور کثرت سے سلام بھیجو بیشک جو لوگ تکلیف دیتے اللہ اور اس کے رسول کو

لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِیْنًا ﴿۵۷﴾ وَالَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ

بمعنی قتل از قاضی عیاض کتاب الشفاص ۲۵۵ کیفیت منافقین

ان پر اللہ کی لعنت ہے دنیا اور آخرت میں اور تیار کر رکھا ہے اس نے ان کے لیے ذلت ناک عذاب۔ اور جو لوگ ستاتے ہیں

الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَیْرِ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِیْنًا ﴿۵۸﴾ ع ۷

مؤمن مردوں اور مؤمنہ عورتوں کو بغیر اس (جرم) کے جو کیا انہوں نے پس تحقیق اٹھایا انہوں نے بہتان اور صریح گناہ۔

یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِیْنَ یُدْنِیْنَ عَلَیْهِنَّ مِنْ

شان محمد مصطفیٰ ۔ فرائض خاتم الانبیاء برائے التزام حجاب ۔ بنات کا ثبوت (۳) طریق حجاب یعنی شرعی پردہ کا دوسرا درجہ (۴)

اے نبی! کہہ دیجئے اپنی بیویوں سے اور اپنی بیٹیوں سے اور مسلمانوں کی عورتوں سے قریب کرلیں اپنے اوپر

جَلَابِیْبِهِنَّ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰۤى اَنْ یُّعْرَفْنَ فَلَا یُؤْذَیْنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ﴿۵۹﴾

نتیجہ حجاب کہ یہ آزاد ہیں لونڈیاں نہیں ۔ منافقین کی طرف سے

اپنی چادروں کو یہ بات زیادہ قریب ہے اس سے کہ وہ پہنچانی جائیں پس وہ نہ ستائی جائیں اور اللہ تعالی بخشنے والا مہربان ہیں۔

لَئِنْ لَّمْ یَنْتَهِ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْمُرْجِفُوْنَ فِی الْمَدِیْنَةِ لَنُغْرِیَنَّكَ

تنبیہ منافقین (زنا کی) ہم آپ کو

اگر باز نہ آئیں منافق اور وہ لوگ کہ ان کے دلوں میں بیماری ہے اور افواہیں اڑانے والے (نبی کے) شہر میں تو ہم آپ کو ضرور ان پر مسلط کریں گے

بِهِمْ ثُمَّ لَا یُجَاوِرُوْنَكَ فِیْهَاۤ اِلَّا قَلِیْلًا ﴿۶۰﴾ مَّلْعُوْنِیْنَ ۛۚ اَیْنَمَا ثُقِفُوْۤا اُخِذُوْا

ابھاریں گے ان کے خلاف نتیجہ

پھر وہ آپ کے ساتھ اس شہر میں نہ رہ سکیں گے مگر تھوڑا سا ۔ پھٹکارے ہوئے جہاں بھی پائے جائیں گے پکڑے جائیں گے

وَقُتِّلُوْا تَقْتِیْلًا ﴿۶۱﴾ سُنَّةَ اللّٰهِ فِی الَّذِیْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ

برے طریقے سے جان سے مارا۔ دستور خداوندی۔ دلیل نمبر ۷ سنی نام قرآن میں موجود ہے اور دلیل نمبر ۸ مؤمن ۸۵ ص ۴۸۵ میں دیکھیں

اور بری طرح مارے جائیں گے۔ اللہ کا دستور ان لوگوں میں جو اس سے پہلے (مجرم) گزرے اور آپ ہرگز نہیں پائیں گے اللہ کی (سزا کے) دستور میں

تَبْدِیْلًا ﴿۶۲﴾ یَسْئَلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَمَا یُدْرِیْكَ لَعَلَّ

منکرین قیامت کا شکوہ علی وجہ الاستہزأ جواب شکوہ ۔ نفی علم غیب کلی از خاتم الانبیاء (۵)

تبدیلی۔ آپ سے پوچھتے ہیں لوگ قیامت کے بارے میں آپ کہہ دیں بیشک اس کا علم اللہ کے پاس ہے اور آپ کو کیا پتہ شاید

السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِیْبًا ﴿۶۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَعَنَ الْكٰفِرِیْنَ وَاَعَدَّ لَهُمْ سَعِیْرًا ﴿۶۴﴾ خٰلِدِیْنَ

علی وجہ الاستہزأ کرنے والوں کا نتیجہ کفار

قیامت قریب ہو ۔ بیشک اللہ تعالی نے لعنت کی ہے کافروں پر اور تیار کی ان کے لیے دہکتی آگ۔ ہمیشہ رہنے والے

(۱)
ضمیمہ صفحہ نمبر ۶۷۶ پر احزاب آیت ۵۶ میں دیکھیں۔

(۲)
یہاں توہین پیغمبر کی سزا قتل ہے دلیل نمبر ۵ اور بے ادبی حبط اعمال کا ذریعہ ہے، دلیل نمبر ۶ سورۃ حجرات آیت نمبر ۲ ص ۵۲۴ میں دیکھیں

(۳)
بنات اربعہ کا ثبوت کتب اہل تشیع سے ضمیمہ سورۃ احزاب آیت ۵۹ ص ۶۷۶ میں دیکھیں

(۴)
یعنی گھر سے کسی ضرورت سے باہر نکلنا پڑے تو چادر سے سر اور چہرہ بھی چھپالیا جائے، آج کے زمانہ میں برقع مروجہ بھی اس کے قائم مقام ہے۔

(۵)
دلیل نمبر ۲۶ نفی علم غیب از خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم اور دلیل نمبر ۲۷ سورۃ سباء آیت نمبر ۳ ص ۷۳۴ میں دیکھیں

فِيْهَآ اَبَدًا ۚ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿٦٥﴾ يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ يَقُوْلُوْنَ

نفی شفیع قہری — کفار کی رسوائی — کفار کی تمنا

اس میں سدا، نہیں پائیں گے وہ کوئی کارساز اور نہ کوئی مدد گار۔ جس دن اوندھے کیے جائیں گے ان کے چہرے دوزخ میں وہ کہیں گے

يٰلَيْتَنَآ اَطَعْنَا اللّٰهَ وَاَطَعْنَا الرَّسُوْلَا ﴿٦٦﴾ وَقَالُوْا رَبَّنَآ اِنَّآ اَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَآءَنَا

کفار کے اسباب گمراہی

اے کاش ہم نے اللہ کی اطاعت کی ہوتی اور ہم نے اطاعت کی ہوتی رسول کی۔ اور انہوں نے کہا اے رب ہمارے! بیشک ہم نے اطاعت کی اپنے سرداروں کی اور اپنے بڑوں کی

ع ٨ فَاَضَلُّوْنَا السَّبِيْلَا ﴿٦٧﴾ رَبَّنَآ اٰتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِيْرًا ﴿٦٨﴾ ع

٥

تابعین کا مطالبہ

پس انہوں نے ہمیں راہ سے گمراہ کر دیا، اے رب ہمارے! دے ان کو دوہرا عذاب اور لعنت کر ان پر لعنت کرنا بڑی ۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا ۭ وَكَانَ

اہل ایمان سے خصوصی خطاب — قارون۔ ہارون۔ — غسل — حضرت موسیٰ ؑ کی برأت

اے ایمان والو! مت ہو جاؤ ان لوگوں کی طرح جنہوں نے ستایا موسیٰ علیہ السلام کو پھر اللہ نے اس کو بری قرار دیا ان باتوں سے جو انہوں نے کہیں اور تھے وہ

عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا ﴿٦٩﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ﴿٧٠﴾ لا يُّصْلِحْ

فضیلت موسیٰؑ — اہل ایمان کے لیے اصول کامیابی نمبر ۱ — نمبر ۲ — نتیجہ نمبر ۱

اللہ کے پاس عالی مرتبت ۔ اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور کہو سیدھی بات ۔ وہ سنوار دے گا

لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ۭ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا ﴿٧١﴾

نمبر ۲ — نتیجہ متبعین رسولؐ

تمہارے لیے تمہارے کام اور وہ معاف کر دے گا تمہیں تمہارے گناہ اور جو کوئی اطاعت کرے گا اللہ اور اس کے رسول کی پس تحقیق وہ کامیاب ہوا بڑا کامیاب ہونا

اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ

انسانوں کے مکلف ہونے کا بیان — زمین وآسمان وجبال کی معذرت

بیشک ہم نے پیش کیا امانت کو (یعنی احکام الٰہیہ کو) آسمانوں پر اور زمین پر اور پہاڑوں پر پس انکار کیا انہوں نے اس کو اٹھانے سے اور سہم گئے

مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ ۭ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا ﴿٧٢﴾ لا لِّيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ

انسان کے مکلف ہونے کا بیان — مجموع کے لحاظ سے نتیجہ منافقین

اس سے اور اٹھایا اس کو انسان نے (عمل کرنے کی ذمہ داری کو) بیشک وہ ہے بڑا ظالم بڑا جاہل ۔ تاکہ سزا دے اللہ منافق مردوں

وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ وَيَتُوْبَ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ

نتیجہ تائبین

ع ٩ اور منافق عورتوں اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو اور متوجہ رہیں گے اللہ ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں پر

٥ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿٧٣﴾ ع

٦

اور ہے اللہ تعالیٰ (مطیعین کی لغزش کو) بخشنے والا مہربان۔

سُوْرَةُ سَبَاٍ مَّكِّيَّةٌ وَّهِيَ اَرْبَعٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — وَّخَمْسُوْنَ اٰيَةً وَّسِتُّ رُكُوْعَاتٍ

موضوع سورۃ: تصفیہ مجازات

سورۃ سباء

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

ترتیب تلاوت ۳۴، ترتیب نزول ۵۸، آیات ۵۴، رکوعات ٦

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَلَهُ الْحَمْدُ فِی الْاٰخِرَةِ ؕ

دعویٰ سورۃ: استحقاق الحمد والثناء۔ حصر المالکیت سے دعویٰ پر دلیل عقلی

سب تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس کے لیے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور اسی کی تعریف ہے آخرت میں

وَهُوَ الْحَكِیْمُ الْخَبِیْرُ ① یَعْلَمُ مَا یَلِجُ فِی الْاَرْضِ وَمَا یَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا یَنْزِلُ مِنَ

خبیر کی تفصیل حصر علم الغیب باری (۱) (اموات قبور میں) (۲) اموات جب قبور سے نکلیں گے

اور وہ حکمت والا خبر رکھنے والا ہے ۔ وہ جانتا ہے جو داخل ہوتا ہے زمین میں اور جو نکلتا ہے اس سے اور جو اترتا ہے

السَّمَآءِ وَمَا یَعْرُجُ فِیْهَا ؕ وَهُوَ الرَّحِیْمُ الْغَفُوْرُ ② وَقَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِیْنَا

منکرین قیامت کا شکوہ

آسمان سے اور جو چڑھتا ہے اس میں اور وہی نہایت مہربان بخشنے والا ہے۔ اور کہا ان لوگوں نے جنہوں نے کفر اختیار کیا کہ نہیں آئے گی

السَّاعَةُ ؕ قُلْ بَلٰی وَرَبِّیْ لَتَاْتِیَنَّكُمْ ۙ عٰلِمِ الْغَیْبِ ۚ لَا یَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِی

جواب شکوہ حصر علم الغیب باری تعالیٰ۔ (۳)

ہمارے پاس قیامت کی گھڑی آپ کہہ دیں کیوں نہیں؟ میرے رب کی قسم البتہ ضرور آ کر رہے گی تم پر وہ جاننے والا غیب کا۔ نہیں ہے پوشیدہ اس سے ذرہ بھر کی مقدار

السَّمٰوٰتِ وَلَا فِی الْاَرْضِ وَلَاۤ اَصْغَرُ مِنْ ذٰلِكَ وَلَاۤ اَكْبَرُ اِلَّا فِیْ كِتٰبٍ مُّبِیْنٍ ③ ۙ

آسمانوں میں اور نہ زمین میں اور نہ چھوٹی چیز اس سے اور نہ بڑی چیز مگر کھلے نوشتہ میں ہے،

لِّیَجْزِیَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ اُولٰٓىِٕكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِیْمٌ ④ وَالَّذِیْنَ

نتیجہ متقین نتیجہ مجرمین

تا کہ بدلہ دے ان کو جو ایمان لائے اور نیک کام کیے انہیں لوگوں کے لیے معافی اور عزت کی روزی ہے ۔ اور جو لوگ

سَعَوْ فِیْۤ اٰیٰتِنَا مُعٰجِزِیْنَ اُولٰٓىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِیْمٌ ⑤ وَیَرَى الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ

عن القرآن صداقت قرآن بدلیل نقلی نمبر ۱ اصحابہ کرام

کوشش کرتے ہیں ہماری آیتوں میں عاجز کرنے کو ان کے لیے عذاب ہے بلا کا دکھ دینے والا۔ اور دیکھتے ہیں وہ لوگ جن کو علم دیا گیا کہ

الَّذِیْۤ اُنْزِلَ اِلَیْكَ مِنْ رَّبِّكَ هُوَ الْحَقَّ ۙ وَیَهْدِیْۤ اِلٰی صِرَاطِ الْعَزِیْزِ الْحَمِیْدِ ⑥ وَقَالَ

نمبر ۲ علماء اہل کتاب فضیلت قرآن منکرین

جو اتارا گیا آپ کی طرف آپ کے رب کی طرف سے وہی برحق ہے اور وہ (قرآن) رہنمائی کرتا ہے راہ کی طرف زبردست خوبیوں والے کی ۔ اور کہا

الَّذِیْنَ كَفَرُوْا هَلْ نَدُلُّكُمْ عَلٰی رَجُلٍ یُّنَبِّئُكُمْ اِذَا مُزِّقْتُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۙ اِنَّكُمْ لَفِیْ

قیامت کا شکوہ تفصیل شکوہ

ان لوگوں نے جنہوں نے کفر کیا کہ کیا ہم بتائیں آپ کو ایک آدمی جو خبر دیتا ہے تم کو کہ جب تم پھٹ کر ٹکڑے ٹکڑے ہو جاؤ گے بیشک تمہیں

خَلْقٍ جَدِیْدٍ ⑦ ۚ اَفْتَرٰی عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَمْ بِهٖ جِنَّةٌ ؕ بَلِ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ

اجمالی جواب

نئی پیدائش میں بنایا جائے گا۔ کیا گھڑا اس نے اللہ پر جھوٹ یا اس کو جنون ہے بلکہ جو ایمان نہیں رکھتے

بِالْاٰخِرَةِ فِی الْعَذَابِ وَالضَّلٰلِ الْبَعِیْدِ ⑧ اَفَلَمْ یَرَوْا اِلٰی مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ

نتیجہ اُخروی دُنیوی تفصیلی جواب

آخرت پر وہ عذاب اور پرلے درجے کی گمراہی میں ہیں۔ کیا وہ نہیں دیکھتے اس چیز کی طرف جو ان کے سامنے ہے اور جو ان کے پیچھے ہے۔

(۱)
دلیل نمبر ۱۴ علم غیب خاصہ خداوندی ہے اور دلیل نمبر ۲۴، اسی سورۃ کی آیت نمبر ۲۶ ص ۴۴۰ میں دیکھیں

(۲)
اس آیت سے واضح ثابت ہوا کہ اموات زمین میں محفوظ ہیں خواہ کسی شکل میں ہوں تب ہی قیامت کے دن زمین سے نکلیں گے۔ فافہم

(۳)
دلیل نمبر ۲۷ نفی علم غیب از خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم اور دلیل نمبر ۲۸ سورۃ سباء آیت ۴۸ ص ۴۴۲ میں دیکھیں

مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنْ نَّشَاْ نَخْسِفْ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ عَلَيْهِمْ كِسَفًا مِّنَ

تخویف

(یعنی) آسمان اور زمین اگر ہم چاہیں دھنسا دیں ان کو زمین میں یا گرا دیں ان پر کوئی ٹکڑا

ع ۱ ۹ ۷ السَّمَآءِ ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ﴿۹﴾ ع

مستفیدین من الآیات

آسمان کا بیشک اس میں البتہ نشانیاں ہیں ہر رجوع کرنے والے بندے کے لیے

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا ؕ يٰجِبَالُ اَوِّبِىْ مَعَهٗ وَالطَّيْرَ ۚ وَاَلَنَّا لَهُ الْحَدِيْدَ ﴿۱۰﴾ لا

داستان داؤدؑ معجزہ داؤد نمبرا نمبر۲ نمبر۳

اور البتہ تحقیق دی ہم نے داؤد کو اپنی طرف سے بڑی نعمت اے پہاڑ ولوٹاؤ! آواز کو ان کے ساتھ اور اڑتے پرندو! اور نرم کیا ہم نے ان کے لیے لوہے کو

اَنِ اعْمَلْ سٰبِغٰتٍ وَّقَدِّرْ فِى السَّرْدِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ اِنِّىْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱﴾

حضرت داؤدؑ کے لیے دنیوی مصنوعات بنانے کا حکم فریضہ داؤدو متبعین

کہ بناؤ کشادہ زرہیں اور اندازہ رکھو کڑیاں جوڑنے میں اور تم نیک کام کرو بیشک میں جو کچھ تم کرتے ہو دیکھنے والا ہوں۔

وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَّرَوَاحُهَا شَهْرٌ ۚ وَاَسَلْنَا لَهٗ عَيْنَ الْقِطْرِ ؕ وَمِنَ

حضرت سلیمان کا معجزہ نمبرا نمبر۲ اتباع

اور (مسخر کیا ہم نے) سلیمان کے لیے ہوا کو اس کا صبح کو چلنا ایک ماہ کی مسافت اور اس کا شام کا چلنا ایک ماہ کی مسافت اور بہایا ہم نے ان کے لیے چشمہ تابنے کا

الْجِنِّ مَنْ يَّعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ؕ وَمَنْ يَّزِغْ مِنْهُمْ عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ

جنات نمبر۳ جنوں کے کارنامے عدم اتباع کا نتیجہ

اور جنات میں بعض جو کام کرتے تھے ان کے سامنے ان کے رب کے حکم سے اور جو ان میں سے ٹیڑھا ہوا ہمارے حکم سے ہم اس کو چکھائیں گے دوزخ کے

السَّعِيْرِ ﴿۱۲﴾ يَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا يَشَآءُ مِنْ مَّحَارِيْبَ وَتَمَاثِيْلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُوْرٍ

جنات کی مصنوعات قلعے مجسمے (۱) حوض نما پیالے جمی ہوئی دیگیں

عذاب سے۔ وہ بناتے تھے ان کے لیے جو وہ چاہتے تھے بڑے بڑے محلات اور نقشے اور بڑے پیالے جیسے گول حوضوں کی طرح اور دیگیں

رّٰسِيٰتٍ ؕ اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا ؕ وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ ﴿۱۳﴾ فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ الْمَوْتَ

متبعین داؤدؑ کا فریضہ حصر التصرف ے

جمی رہنے والی اے آل داؤد (ان نعمتوں کے بدلے) میرا شکر کرو اور کم ہی میرے بندوں میں سے شکر گزار ہیں۔ پس جب ہم نے فیصلہ کیا اس پر موت کا

مَا دَلَّهُمْ عَلٰى مَوْتِهٖٓ اِلَّا دَآبَّةُ الْاَرْضِ تَاْكُلُ مِنْسَاَتَهٗ ۚ فَلَمَّا خَرَّ تَبَيَّنَتِ الْجِنُّ

اطلاع خداوندی جنوں سے علم غیب کی نفی اور ان کا اقرار

تو نہیں آگاہ کیا ان کو ان کی موت پر مگر گھن کے کیڑے نے کھاتا رہا ہے ان کی لاٹھی کو پھر جب وہ جھک گیا تو معلوم کر لیا جنات نے

اَنْ لَّوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ مَا لَبِثُوْا فِى الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ﴿۱۴﴾ لَقَدْ كَانَ لِسَبَاٍ

داستان قوم سبا میں نشانیاں

کہ اگر وہ جانتے ہوتے غیب کو تو نہ ٹھہرتے ذلت ناک عذاب میں۔ البتہ تحقیق تھی قوم سبا کے لیے

فِىْ مَسْكَنِهِمْ اٰيَةٌ ۚ جَنَّتٰنِ عَنْ يَّمِيْنٍ وَّشِمَالٍ ۬ ؕ كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوْا

فریضہ قوم سبا نمبرا نمبر۲

ان کی بستی میں ایک موجود تھیں نشانی دو باغ دائیں اور بائیں کھاؤ تم اپنے رب کی روزی سے اور اس کا شکر کرو

(۱) تصویر پر وعیدات ضمیمہ ص ۹۷۶ میں دیکھیں ے

جنات عالم الغیب نہیں مگر ایک دوسرے کو اطلاع دیتے ہیں کیونکہ جنات دور دراز کی مسافت چند لمحوں میں طے کر لیتے ہیں اور وہ ہماری نظروں سے اوجھل ہوتے ہیں جیسے ہم انسان ایک دوسرے کو خبریں دیتے ہیں۔ اور اس کے مختلف ذرائع ہوتے ہیں، ان کا بھی ایسا ہی طریقہ ہوتا ہے مگر ہمیں نظر نہیں آتا۔ واللہ اعلم

لَهٗ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَّرَبٌّ غَفُوْرٌ ﴿١٥﴾ فَاَعْرَضُوْا فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ وَبَدَّلْنٰهُمْ

انعام خداوندی۔ نتیجہ شکر — نتیجہ ناشکری — زوردار سیلاب

شہر ہے پاکیزہ اور رب ہے بخشنے والا۔ پس انہوں نے منہ موڑا پس بھیجا ہم نے ان پر سیلاب زور کا اور بدل دیئے ہم نے ان کو

بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ اُكُلٍ خَمْطٍ وَّاَثْلٍ وَّشَيْءٍ مِّنْ سِدْرٍ قَلِيْلٍ ﴿١٦﴾ ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ

جن کا پھل کسیلا تھا اور کچھ جھاوا کے درخت — سبب گرفت

ان دو باغوں کے عوض دوسرے دو باغ بدمزہ پھل والے اور جھاؤ والے اور کچھ تھوڑی بیری والے ۔ یہ بدلہ دیا ہم نے ان کو

بِمَا كَفَرُوْا ؕ وَهَلْ نُجٰزِيْٓ اِلَّا الْكَفُوْرَ ﴿١٧﴾ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْقُرَى الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا

بابرکت بستیاں (شام و فلسطین)

ان کے کفر کی وجہ سے اور ہم نہیں سزا دیتے مگر ناشکروں کو۔ اور (ایک اور نعمت کہ) بنایا ہم نے ان کے اور ان بستیوں کے درمیان جن میں ہم نے برکت رکھی ان

قُرًى ظَاهِرَةً وَّقَدَّرْنَا فِيْهَا السَّيْرَ ؕ سِيْرُوْا فِيْهَا لَيَالِيَ وَاَيَّامًا اٰمِنِيْنَ ﴿١٨﴾ فَقَالُوْا رَبَّنَا

موزوں مسافت — تسلی قوم سباء — قوم سباء

میں بستیاں نظر آنے والی اور ہم نے منزلیں بنائیں ان میں سفر کی چلو ان میں راتیں اور دن اطمینان سے ۔ پھر انہوں نے کہا اے ہمارے رب

بٰعِدْ بَيْنَ اَسْفَارِنَا وَظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ وَمَزَّقْنٰهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ؕ

کا احمقانہ شکوہ — نتیجہ شکوہ — قصے کہانیاں عرب میں۔ عبرتناک حال کہ ان کے قبائل مختلف علاقوں میں چلے گئے

دوری کر دیں ہمارے سفروں میں اور زیادتی کی انہوں نے اپنی جانوں پر پھر بنا دیا ہم نے ان کو کہانیاں اور پارہ پارہ کر دیا ہم نے ان کو ہر طرح سے ٹکڑے

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿١٩﴾ وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ اِبْلِيْسُ ظَنَّهٗ

مستفیدین من الآیات — ظن ابلیس کی تکمیل

بیشک اس میں البتہ نشانیاں ہیں ہر صبر کرنے والے شکر گزار کے لیے ۔ اور البتہ تحقیق سچ کر دکھایا ان پر شیطان نے اپنا گمان

فَاتَّبَعُوْهُ اِلَّا فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢٠﴾ وَمَا كَانَ لَهٗ عَلَيْهِمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّا لِنَعْلَمَ

مؤمنین کی حفاظت — فریقین کے احوال سے امتیاز خداوندی

پس انہوں نے اس کی پیروی کی مگر ایک فریق ایمان والوں میں سے ۔ اور نہیں تھا اس کے لیے ان پر (شیطان) کا کوئی زور مگر تا کہ ہم ممتاز کریں

ع ۲ ۸ مَنْ يُّؤْمِنُ بِالْاٰخِرَةِ مِمَّنْ هُوَ مِنْهَا فِيْ شَكٍّ ؕ وَرَبُّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ﴿٢١﴾ ع

اس کو جو یقین رکھتا ہے آخرت پر ان لوگوں سے جو آخرت میں شک کرتے ہیں اور تیرا رب ہر چیز پر نگہبان ہے ۔

قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۚ لَا يَمْلِكُوْنَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ

فرائض خاتم الانبیاء۔ سے عجز ماسوا اللہ۔ دلیل نمبر ۳، دلیل نمبر ۴، فاطر ۱۳۔ ۱۴ دیکھیں

آپ کہہ دیجئے پکارو جن کو تم گمان کرتے ہو اللہ کے سوا نہیں وہ اختیار رکھتے ایک ذرہ کے برابر آسمانوں میں

وَلَا فِي الْاَرْضِ وَمَا لَهُمْ فِيْهِمَا مِنْ شِرْكٍ وَّمَا لَهٗ مِنْهُمْ مِّنْ ظَهِيْرٍ ﴿٢٢﴾ وَلَا تَنْفَعُ

مجازین شفاعت

اور نہ زمین میں اور نہیں ان کے لیے ان دونوں میں کوئی شریک اور نہیں اس (اللہ) کے لیے ان سے کوئی مددگار۔ اور نہیں کام آئے گی

الشَّفَاعَةُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا لِمَنْ اَذِنَ لَهٗ ؕ حَتّٰٓى اِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا مَاذَا ۙ قَالَ رَبُّكُمْ ؕ قَالُوا

(۱) — ملائکہ کا مکالمہ — اقرار کفار

سفارش اس کے پاس مگر جس کے لیے اجازت دی اس نے یہاں تک کہ جب گھبراہٹ دور کی گئی ان کے دلوں سے انہوں نے پوچھا کیا فرمایا تمہارے رب نے انہوں نے کہا

(۱) بوقت نزول موت کے یا بعد موت کے قبور میں یا یوم النشور میں

ے كافة :الناس کا حال ہے، اہتمام کے لیے مقدم کیا ہے۔بشیراً و نذیراً :ارسلناك کے کاف سے حال ہیں

الْحَقَّ ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ ﴿٢٣﴾ قُلْ مَن يَرْزُقُكُم مِّنَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ قُلِ اللَّهُ ۖ وَإِنَّا

(عدم نفع ایمان بعد غرغرہ) طریق مناظرہ سے توحید خداوندی کا اقرار حکیمانہ

سچ کہا ہے اور وہ بلند ہے بڑا ہے۔ پوچھئے کون تمہیں روزی دیتا ہے آسمانوں اور زمین سے کہو اللہ اور بیشک ہم

أَوْ إِيَّاكُمْ لَعَلَىٰ هُدًى أَوْ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ﴿٢٤﴾ قُل لَّا تُسْأَلُونَ عَمَّا أَجْرَمْنَا وَلَا نُسْأَلُ

طریقۂ تبلیغ نمبرا نمبر ۲ طریق تبلیغ بالمعاندین

یا تم ضرور ہدایت پر ہیں یا صریح گمراہی میں ہیں۔ کہہ دیجئے نہیں پوچھا جائے گا تم سے ان کے بارے میں جو ہم نے گناہ کیے اور نہیں پوچھے جائیں گے ہم

عَمَّا تَعْمَلُونَ ﴿٢٥﴾ قُلْ يَجْمَعُ بَيْنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ يَفْتَحُ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ وَهُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِيمُ ﴿٢٦﴾

نمبر ۳ طریق تبلیغ تذکیر بما بعد الموت علم غیب خاصہ خداوندی ہے دلیل نمبر ۲ ۴ اور دلیل نمبر ۴۳ ← یہی سورۃ آیت نمبر ۴۸ ص ۴۴۲ میں دیکھیں

اس بارے میں جو تم کرتے ہو۔ کہہ دیجئے جمع کرے گا ہمارے درمیان ہمارا رب پھر فیصلہ کرے گا ہمارے درمیان سچا اور وہ انصاف سے فیصلہ کرنے والا جاننے والا ہے۔

قُلْ أَرُونِيَ الَّذِينَ أَلْحَقْتُم بِهِ شُرَكَاءَ ۖ كَلَّا ۚ بَلْ هُوَ اللَّهُ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿٢٧﴾ وَمَا أَرْسَلْنَاكَ

ثمرہ دلائل مذکورہ اثبات رسالت

کہہ دیجئے مجھے دکھلاؤ جن کو تم نے ملایا ہے اللہ کے ساتھ شریک بنا کر ہرگز نہیں بلکہ وہی اللہ زبردست حکمت والا ہے۔ اور نہیں بھیجا ہم نے آپ کو

إِلَّا كَافَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيرًا وَنَذِيرًا وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٢٨﴾ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ

خاتم الانبیاء(۱) وفرائض خاتم الانبیاء بشارت ونذارت عامہ کا بیان منکرین قیامت کا شکوہ

مگر سبھی لوگوں کے لیے خوشخبری سنانے والا اور ڈرانے والا مگر اکثر لوگ نہیں جانتے ۔ اور وہ کہتے ہیں کہ کب ہوگا

هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٢٩﴾ قُل لَّكُم مِّيعَادُ يَوْمٍ لَّا تَسْتَأْخِرُونَ عَنْهُ سَاعَةً

جواب شکوہ۔ فیصلہ خداوندی

یہ وعدہ؟ اگر تم سچے ہو۔ آپ کہہ دیجئے تمہارے لیے وعدہ ہے ایک دن کا نہیں پیچھے رہو گے تم اس سے ایک گھڑی اور

النصف ع ۹

وَلَا تَسْتَقْدِمُونَ ﴿٣٠﴾

نہ آگے بڑھو گے

وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لَن نُّؤْمِنَ بِهَٰذَا الْقُرْآنِ وَلَا بِالَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ ۗ وَلَوْ تَرَىٰ

منکرین قرآن کا شکوہ جواب شکوہ

اور کہا ان لوگوں نے جنہوں نے انکار کیا ہم ہرگز نہیں ایمان لائیں گے اس قرآن پر اور نہ اس پر جو اس سے پہلے ہے۔ اور اگر آپ دیکھیں

إِذِ الظَّالِمُونَ مَوْقُوفُونَ عِندَ رَبِّهِمْ يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ الْقَوْلَ يَقُولُ الَّذِينَ

تابعین کا مکالمہ

جب ظالم کھڑے کیے ہوئے ہوں گے اپنے رب کے پاس لوٹائے گے وہ ایک دوسرے کی طرف بات کو کہیں گے وہ لوگ

اسْتُضْعِفُوا لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا لَوْلَا أَنتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِينَ ﴿٣١﴾ قَالَ الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا لِلَّذِينَ

متبوعین کا جواب مکالمہ

جو کمزور سمجھے گئے ان سے جنہوں نے تکبر کیا اگر تم نہ ہوتے توہم ضرور مومن ہوتے۔ کہیں گے متکبر لوگ ان لوگوں سے

اسْتُضْعِفُوا أَنَحْنُ صَدَدْنَاكُمْ عَنِ الْهُدَىٰ بَعْدَ إِذْ جَاءَكُم ۖ بَلْ كُنتُم مُّجْرِمِينَ ﴿٣٢﴾

جو کمزور سمجھے گئے کیا ہم نے روکا تھا تم کو ہدایت سے اس کے بعد جب آئی تمہاری پاس بلکہ تم مجرم تھے ۔

(۱) دلیل نمبر ۵ معنی ختم نبوت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کا بیان ہے اگر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی ہوتا جس کو آپ کی شریعت کا تابع تصور کیا جائے، اس پر سوال ہوگا ہے کہ وہ اپنی قوم کے لیے بشیر نذیر ہوگا یا نہیں؟ اگر کہا جائے کہ وہ بشیر نذیر نہیں ہوگا تو نبی نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ نبی کی ذمہ داری ہے بشارت اور نذارت۔ اور اگر کہا جائے کہ وہ اپنی قوم کے لیے بشیر بھی ہوگا اور نذیر بھی ہوگا تو وہ صرف محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تمام انسانوں کے لیے بشیر ونذیر اور صرف ذریعہ نجات ہیں علماء تو صرف آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نیابت کو سرانجام دے رہیں ہیں لہذا جب آپ سب کے لیے کافی ہیں تو پھر کسی کی نبی ضرورت نہیں آپ ہی آخری نبی ہوئے۔ اور دلیل نمبر ۶ سورۃ واقعہ آیت نمبر ۱۴ ص ۵۴۳ میں دیکھیں

وقال الذين استضعفوا للذين استكبروا بل مكر اليل والنهار اذ تامروننا ان

تابعین کا جواب مکالمہ

اور کہیں گے وہ جو کمزور سمجھے گئے ان لوگوں سے جنھوں نے تکبر کیا بلکہ رات اور دن کی پُر فریبی نے (روکا) جب تم ہمیں حکم دیتے تھے

نكفر بالله ونجعل له اندادا ۚ واسروا الندامة لما راوا العذاب ۚ وجعلنا الاغلل

نتیجہ

کہ ہم اللہ کا انکار کریں اور ہم بنائیں اس کے لیے شریک اور چھپائیں گے وہ پشیمانی جب دیکھیں گے عذاب اور رکھ دیں گے ہم طوق

في اعناق الذين كفروا ۚ هل يجزون الا ما كانوا يعملون ﴿٣٣﴾ وما ارسلنا في قرية من

تسلی خاتم الانبیاء فی ضمن داستان انبیاء

ان لوگوں کی گردنوں میں جنہوں نے کفر کیا نہیں بدلہ دیئے جائیں گے مگر جو وہ کرتے تھے۔ اور نہیں بھیجا ہم نے کسی بستی میں

نذير الا قال مترفوها انا بما ارسلتم به كفرون ﴿٣٤﴾ وقالوا نحن اكثر اموالا واولادا

شکوہ اسباب گمراہی

کوئی ڈرانے والا مگر کہا اس کے آسودہ حال لوگوں نے بیشک ہم اس کے ساتھ جو بھیجے گئے ہو تم اس کا انکار کرنے والے ہیں۔ اور انہوں نے کہا ہم زیادہ ہیں مال اور اولاد میں

وما نحن بمعذبين ﴿٣٥﴾ قل ان ربي يبسط الرزق لمن يشاء ويقدر ولكن اكثر

جواب شکوہ اجمالی

اور ہم نہیں ہیں عذاب دیئے ہوئے ، کہہ دیجئے بیشک میرا رب کشادہ کرتا ہے روزی جس کے لیے چاہے اور تنگ کرتا ہے لیکن اکثر

الناس لا يعلمون ﴿٣٦﴾ ع

لوگ نہیں سمجھتے

وما اموالكم ولا اولادكم بالتي تقربكم عندنا زلفى الا من امن وعمل صالحا ۙ

تفصیلی جواب شکوہ

اور نہیں تمہارے اموال اور نہ تمہاری اولاد جو قریب کرے تم کو ہم سے درجہ میں مگر جو شخص ایمان لایا اور اس نے نیک کام کیا

فاولئك لهم جزاء الضعف بما عملوا وهم في الغرفت امنون ﴿٣٧﴾ والذين يسعون

نتیجہ مؤمنین نتیجہ مجرمین

پس وہ لوگ ان کے لیے ثواب ہے دونا ان کے کاموں کا اور وہ بالا خانوں میں پُرامن ہوں گے۔ اور جو لوگ کوشش کرتے ہیں

في ايتنا معجزين اولئك في العذاب محضرون ﴿٣٨﴾ قل ان ربي يبسط الرزق

کیفیت تقسیم رزق (۱)

ہماری آیتوں میں عاجز کرنے کو وہ لوگ عذاب میں پیش کیے جائیں گے۔ کہہ دیجئے بیشک میرا رب کشادہ کرتا ہے روزی

لمن يشاء من عباده ويقدر له ۚ وما انفقتم من شيء فهو يخلفه ۚ وهو

بدلہ دیتا ہے ترغیب انفاق

جس کے لیے چاہتا ہے اپنے (خاص) بندوں میں سے اور تنگ کرتا ہے اس کے لیے اور جو کچھ تم خرچ کرو پس وہ اس کا بدلہ دے گا اور وہ

خير الرزقين ﴿٣٩﴾ ويوم يحشرهم جميعا ثم يقول للملئكة اهؤلاء اياكم كانوا

تذکیر بمابعد الموت (یعنی میدان قیامت میں) اللہ تعالیٰ کا سوال فرشتوں

بہترین روزی دینے والا ہے، اور جس دن وہ جمع کرے گا ان سب کو پھر وہ کہے گا فرشتوں سے کیا یہ لوگ (دنیا میں) تمہاری

(۱) یعنی انبیاء کرام علیہم السلام کو ناکام کرنے کی کوشش کرتے ہیں وہ عذاب کے زنجیروں میں جکڑے ہوئے ہوں گے۔ پھر آگے ارشاد فرمایا: کہ کافروں کے یہ اموال مؤمنین کو غنیمت میں ملنے والے ہیں

يَعْبُدُوْنَ ﴿٤٠﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ اَنْتَ وَلِيُّنَا مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ بَلْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ ۚ اَكْثَرُهُمْ

ملائکہ کا جواب

عبادت کرتے تھے۔ وہ کہیں گے آپ کی ذات پاک ہے آپ ہمارے کارساز ہیں نہ کہ وہ بلکہ وہ پوجتے تھے جنوں کو ان کی اکثریت

بِهِمْ مُّؤْمِنُوْنَ ﴿٤١﴾ فَالْيَوْمَ لَا يَمْلِكُ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ نَّفْعًا وَّلَا ضَرًّا ۭ وَنَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ

(۱) عمومی خطاب برائے ملائکہ وجنات — سرزنش خداوندی

انہی پر ایمان رکھتی تھی۔ پس آج تم (مجموع عابدین ومعبودین) نہیں اختیار رکھتے ایک دوسرے کے لیے کسی نفع کا اور نہ کسی نقصان کا اور ہم کہیں گے ان سے

ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿٤٢﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ

منکرین رسالت کی شورش

جنہوں نے ظلم کیا مزہ چکھو دوزخ کے عذاب کا جس کو تم جھٹلاتے تھے۔ اور جب پڑھی جاتی ہیں ان پر ہماری آیتیں کھلی کھلی

قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا رَجُلٌ يُّرِيْدُ اَنْ يَّصُدَّكُمْ عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُكُمْ ۚ وَقَالُوْا مَا هٰذَآ

منکرین قرآن

تو کہتے ہیں نہیں ہے یہ مگر ایک شخص چاہتا ہے کہ روک دے تم کو اس سے جن کی عبادت کرتے تھے تمہارے باپ دادا اور کہتے ہیں نہیں ہے یہ

اِلَّآ اِفْكٌ مُّفْتَرًى ۭ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَاۗءَهُمْ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٤٣﴾

کا شکوہ — معاندین قرآن کا شکوہ

مگر جھوٹ گھڑا ہوا اور کہا ان لوگوں نے جنھوں نے کفر کیا سچے دین کے بارے میں جب آیا ان کے پاس نہیں ہے یہ مگر جادو کھلا

وَمَآ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ كُتُبٍ يَّدْرُسُوْنَهَا وَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمْ قَبْلَكَ مِنْ نَّذِيْرٍ ﴿٤٤﴾ ۭ وَكَذَّبَ

جواب شکوہ

اور نہیں دی ہم نے ان کو کوئی کتاب جس کو وہ پڑھتے ہوں اور نہیں بھیجا ہم نے ان کی طرف آپ سے پہلے کوئی ڈرانے والا۔ اور جھٹلایا

ع ۵ ۹ ۱۱ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۙ وَمَا بَلَغُوْا مِعْشَارَ مَآ اٰتَيْنٰهُمْ فَكَذَّبُوْا رُسُلِيْ ۣ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿٤٥﴾

(۲) تذکیر بایام اللہ سے تخویف دنیوی

ان لوگوں نے جو ان سے پہلے ہوئے اور نہیں وہ پہنچے دسویں حصہ کو اس کے جو دیا ہم نے ان کو پس انہوں نے جھٹلایا میرے رسولوں کو پس کیسے ہوئی میری گرفت۔

قُلْ اِنَّمَآ اَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ ۚ اَنْ تَقُوْمُوْا لِلّٰهِ مَثْنٰى وَفُرَادٰى ثُمَّ تَتَفَكَّرُوْا ۣ مَا بِصَاحِبِكُمْ

طریق تبلیغ نمبر ۱

آپ کہہ دیجئے بس میں تم کو نصیحت کرتا ہوں ایک بات کی کہ تم اٹھو اللہ کے لیے دو دو اور اکیلے پھر سوچو نہیں ہے تمہارے ساتھی کو

مِّنْ جِنَّةٍ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ لَّكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ ﴿٤٦﴾ قُلْ مَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ

طریق تبلیغ نمبر ۲

کوئی جنون۔ نہیں ہے وہ مگر ڈرانے والا تمہارے فائدے کے لیے پہلے سخت عذاب کے۔ آپ کہہ دیجئے میں جو مانگتا ہوں تم سے

اَجْرٍ فَهُوَ لَكُمْ ۭ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۚ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿٤٧﴾ قُلْ اِنَّ رَبِّيْ

خاتم الانبیاء کا اخلاص واستقلال (یعنی وہ مجھے جانتا ہے کہ مجھے دنیوی لالچ مقصود نہیں) — طریق تبلیغ نمبر ۳

کوئی اجرت پس وہ تمہارے لیے ہے۔ نہیں ہے میرا بدلہ مگر اللہ پر اور وہ ہر چیز پر نگاہ رکھنے والا ہے۔ آپ کہہ دیجئے بیشک میرا رب

يَقْذِفُ بِالْحَقِّ ۚ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿٤٨﴾ قُلْ جَاۗءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيْدُ ﴿٤٩﴾

(۳) (۴) صداقت قرآن (۵) نہیں ظاہر کرتا

ڈالتا ہے (یعنی غالب کرتا ہے) حق کو وہ چھپی چیزوں کو جاننے والا ہے (کہ حق غالب رہے گا)۔ آپ کہہ دیجئے حق آ گیا (یعنی سچا دین) اور (جھوٹ کو) نہ پہلا وار اور دوسرا

(۱) یعنی اکثریت ان مشرکوں کی جنوں کی معتقد تھی۔ کما جاء "وانه كان رجال" من الانس يعوذون برجال من الجن۔

(۲) دلیل نمبر ۲، اثبات علم الخاصہ، بضمن تذکیر بایام اللہ اور دلیل نمبر ۳ بضمن تذکیر بالآء اللہ سورۃ بقرہ آیت ۲۱ ص نمبر ۷ میں دیکھیں۔

(۳) دلیل نمبر ۴۳ علم غیب خاصہ خداوندی ہے اور دلیل نمبر ۴۴ سورۃ فاطر آیت نمبر ۱۱ ص ۴۴۴ میں دیکھیں

(۴) دلیل نمبر ۲۸ نفی علم غیب از خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم اور دلیل نمبر ۲۹ سورۃ فاطر آیت نمبر ۳۸ ص ۷ ۴۴ میں دیکھیں

(۵) یہ عربی کا محاورہ ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ باطل کا نہ پہلا وار چلا اور نہ آخری وار چلا ہر وار نا کام ہو گیا۔

قُلْ اِنْ ضَلَلْتُ فَاِنَّمَآ اَضِلُّ عَلٰی نَفْسِیْ ۚ وَاِنِ اهْتَدَیْتُ فَبِمَا یُوْحِیْٓ اِلَیَّ رَبِّیْ ؕ

سلوک الرسول بالمعاندین

آپ کہہ دیجئے اگر میں بہک گیا ہوں تو بس تحقیق اس بہکنے کا وبال مجھ پر ہے اور اگر میں راہ پاؤں تو اس سبب سے کہ وحی بھیجی میری طرف میرے رب نے

اِنَّهٗ سَمِیْعٌ قَرِیْبٌ ۝۵۰ وَلَوْ تَرٰٓی اِذْ فَزِعُوْا فَلَا فَوْتَ وَاُخِذُوْا مِنْ مَّكَانٍ قَرِیْبٍ ۝۵۱

(ادعیہ قبول کرنا) تذکیر بمابعد الموت سے تخویف مشرکین (۱) حشر، موت ونزع

بیشک وہ سننے والا ہے قریب ہے ۔اور اگر تو دیکھے جب وہ گھبرا جائیں گے پس ہاتھ سے نکل نہ سکیں گے اور وہ پکڑے جائیں گے قریب کی جگہ سے

وَّقَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖ ۚ وَاَنّٰی لَهُمُ التَّنَاوُشُ مِنْ مَّكَانٍ بَعِیْدٍ ۝۵۲ ۚ وَّقَدْ كَفَرُوْا بِهٖ مِنْ

کفار کا آخرت میں اظہار ایمان کفار کی سبب رسوائی

اور کہیں گے وہ ہم ایمان لائے اس (قرآن) پر اور کہاں ان کے لیے ایمان لینا ہوگا دور کی جگہ (یعنی دنیا) سے ۔اور تحقیق اس کے ساتھ انہوں نے کفر کیا (اسلام اور قرآن سے)

قَبْلُ ۚ وَیَقْذِفُوْنَ بِالْغَیْبِ مِنْ مَّكَانٍ بَعِیْدٍ ۝۵۳ وَحِیْلَ بَیْنَهُمْ وَبَیْنَ مَا یَشْتَهُوْنَ

کہ وہ مجنون ہے کفار کی ابدی بدنصیبی (یعنی ایمان قبول کرنے کا مقام دنیا ہے وہ آرزو پوری نہ ہوگی)

اس سے پہلے ۔ اور وہ پھینک رہے ہیں نشانہ دیکھے بغیر دور کی جگہ سے اور آڑ بنائی گی ان کے درمیان اور ان کی چاہت کے درمیان

كَمَا فُعِلَ بِاَشْیَاعِهِمْ مِّنْ قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا فِیْ شَكٍّ مُّرِیْبٍ ۝۵۴ ع

(یعنی قیامت کے بارے میں)

جیسا کیا گیا ان کے طریقہ والوں سے اس سے پہلے بیشک وہ الجھن میں تھے جس نے چین نہ لینے دیا۔

(۱)
قبور میں بھاگ نکلنے کی کوئی صورت نہ ہوگی یعنی ظہر الارض سے باطن الارض میں

ع ۶ / ۹ / ۱۲

سورۃ فاطر

سُوْرَةُ فَاطِرٍ مَّكِّیَّةٌ وَّهِیَ خَمْسٌ وَّاَرْبَعُوْنَ اٰیَةً وَّخَمْسُ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ربط: اوپر ایمان اب توحید رسالت قیامت

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

ترتیب تلاوت ۳۵، ترتیب نزول ۴۳، آیات ۴۵، رکوعات ۵

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ جَاعِلِ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا اُولِیْٓ اَجْنِحَةٍ مَّثْنٰی

دعویٰ سورۃ استحقاق الحمد والثناء۔ دلیل عقلی آفاقی بر دعویٰ جو کچھ کھول دے

سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو جس نے بنائے فرشتے پیغام لانے والے جن کے

وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ؕ یَزِیْدُ فِی الْخَلْقِ مَا یَشَآءُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝۱ مَا یَفْتَحِ اللّٰهُ

تصرف باری تصرف باری تعالیٰ کا نمونہ

دو دو اور تین تین اور چار چار پر ہیں وہ بڑھاتا ہے اپنی مخلوق میں جو چاہتا ہے بیشک اللہ سب کچھ کرسکتا ہے۔ جو کھول دے اللہ

لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا ۚ وَمَا یُمْسِكْ ۙ فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ وَهُوَ

لوگوں کے لیے رحمت سے (دنیوی ہو یا اخروی) تو اس کو کوئی روکنے والا نہیں اور جو روک دے (نعمتیں) تو کوئی نہیں اس کو کھولنے والا اس کے سوا

الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۝۲ یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ ؕ هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَیْرُ اللّٰهِ

(بندو کشادہ مصلحت کے ساتھ فریضہ بنی آدم مشرکین کے ساتھ طریق مناظرہ

اور وہ زبردست حکمت والا ہے۔ اے لوگو! یاد کرو اللہ کے احسان کو اپنے اوپر کیا کوئی ہے بنانے والا (تمہیں اور ساری کائنات کو) اللہ کے سوا؟

یَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۫ فَاَنّٰی تُؤْفَكُوْنَ ۝۳ وَاِنْ یُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ

(بارش) (نباتات) ثمرہ دلائل تسلی خاتم الانبیاء

جو روزی دیتا ہو تمہیں آسمان اور زمین سے۔ کوئی معبود نہیں مگر وہی پھر کہاں الٹے جاتے ہو؟ اور اگر وہ آپ کو جھٹلائیں پس تحقیق۔

موضوع سورۃ :
مجازات سے پہلے جس تنبیہ کی ضرورت ہے وہ بذریعہ ارسال رسل ہوگی۔ تا کہ گرفت کے وقت یہ کہنے نہ پائیں کہ ہم پر بلا اطلاع گرفت کی گئی۔ نیز یہاں یہ بات بھی یاد رکھیں قرآن کریم کی پانچ سورتیں الحمد سے شروع ہوتی ہیں (۱) فاتحہ، (۲) انعام، (۳) کہف، (۴) سبا (۵) فاطر۔ صرف سورہ کہف میں روحانی انعام یعنی وحی خداوندی پر حمد وثناء ہے اور باقی چار سورتوں میں مادی انعامات پر اللہ تعالیٰ کا شکر بجالانے کی تعلیم دی گئی ہے۔

كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿٤﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ

تذکیر بمابعد الموت (کفار کو سخت سزا) ترجع الامور کی تاکید سے تردید منکرین قیامت

جھٹلایا گیا آپ سے پہلے رسولوں کو اور اللہ تک لوٹیں گے سب کام ۔ اے لوگو! بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے

فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۫ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿٥﴾ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمْ عَدُوٌّ

اسباب گمراہی نمبر ۱ نمبر ۲ شیطان (۱) شیطان کی عداوت

پس ہرگز نہ بہکائے تمہیں دنیا کی زندگی اور ہرگز نہ دھوکہ دے تمہیں اللہ کے نام سے دھوکہ باز۔ یقیناً شیطان تمہارا دشمن ہے

فَاتَّخِذُوْهُ عَدُوًّا ۭ اِنَّمَا يَدْعُوْا حِزْبَهٗ لِيَكُوْنُوْا مِنْ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ﴿٦﴾ ۭ اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ

شیطان کی دعوت نتیجہ کفار

پس اس کو دشمن سمجھو بیشک وہ بلاتا ہے اپنے گروہ کو تاکہ وہ ہوں دوزخ والوں میں۔ جنھوں نے کفر کیا ان کے لیے

عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۥ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ﴿٧﴾

نتیجہ مؤمنین

سخت عذاب ہے اور جو لوگ ایمان لائے اور بھلے کام کیے ان کے لیے معافی ہے اور بڑا اجر ہے

اَفَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْۗءُ عَمَلِهٖ فَرَاٰهُ حَسَنًا ۭ فَاِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ ڮ

نتائج فریقین کا تفاوت نتیجہ معاندین

کیا پھر جو شخص مزین کیا گیا اس کے لیے اس کا برا عمل پس دیکھا اس نے اس کو اچھا پس تحقیق اللہ تعالی بے راہ کرتا ہے جس کو چاہتا ہے اور راہ راست پر لاتا ہے جس کو چاہتا ہے

فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ حَسَرٰتٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ﴿٨﴾ وَاللّٰهُ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ

تسلی خاتم الانبیاء تصرف باری

پس نہ نکل جائے آپ کی جان ان پر پچھتا کر بیشک اللہ جاننے والا ہے جو کچھ وہ کرتے ہیں۔ اور اللہ ہی ہے جس نے چلائیں

الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَسُقْنٰهُ اِلٰى بَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَحْيَيْنَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ

(۲)

ہوائیں پس وہ ابھارتی ہیں بادل کو پس ہم اس کو لے کر چلتے ہیں مردہ علاقہ کی طرف پس ہم زندہ کرتے ہیں اس کے ذریعہ زمین کو اس کے مرنے کے بعد

كَذٰلِكَ النُّشُوْرُ ﴿٩﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعِزَّةَ فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ جَمِيْعًا ۭ اِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ

اثبات بعث بعد الموت۔ عظمت خداوندی طریق حصول عزت۔ صفات خداوندی

اسی طرح ہوگا جی اٹھنا ۔ جو شخص چاہتا ہے عزت پس اللہ کے لیے ساری عزت اسی کی طرف چڑھتے ہیں پاکیزہ کلمے اور

وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهٗ ۭ وَالَّذِيْنَ يَمْكُرُوْنَ السَّيِّاٰتِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۭ وَمَكْرُ اُولٰۗىِٕكَ

عمل عامل کی صفت ہے۔ نتیجہ مجرمین

نیک عمل اٹھاتا ہے ان کو اور جو لوگ بری چالیں چلتے ہیں ان کے لیے سخت عذاب ہے اور چال ان لوگوں کی

هُوَ يَبُوْرُ ﴿١٠﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ اَزْوَاجًا ۭ وَمَا تَحْمِلُ مِنْ

دلیل عقلی انفسی

ہی ہلاک ہوگی۔ اور اللہ نے تمہیں پیدا کیا مٹی سے پھر مادہ سے پھر بنایا تم کو جوڑا جوڑا اور نہیں اٹھاتی

اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ۭ وَمَا يُعَمَّرُ مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّلَا يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهٖٓ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ ۭ اِنَّ

(۳) قتادہ۔ ساٹھ سال سے اوپر ہو (لوح محفوظ)

کوئی مادہ اور نہیں جنتی مگر اس کے علم سے اور نہیں عمر پاتا کوئی بڑی عمر والا اور نہیں گھٹائی جاتی اس کی زندگی سے مگر نوشتہ میں ہے۔ بیشک

ع ۷/ ۱۳

(۱) ولئن رجعت الی ربی اِنّ لی عندہ للحسنی

(۲) اس سے معلوم ہوا کہ خشک قطعہ زمین کو مردہ کہا جاتا ہے جو پانی کے آنے سے پہلے بے جان مردہ ہوتا ہے۔

(۳) دلیل نمبر ۴۴ علم غیب خاصہ خداوندی ہے اور دلیل ۵۴ یہی سورۃ فاطر آیت ۳۸ ص ۴۴۷ میں دیکھیں۔

ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿۱۱﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرٰنِ ۖ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ سَآئِغٌ شَرَابُهٗ وَهٰذَا مِلْحٌ

موحد و مشرک کا فرق بذریعہ مثال (جبکہ پانی کے مادہ میں وحدت ہے) پیاس بجھانے والا

یہ بات اللہ پر آسان ہے ۔ اور نہیں ہیں برابر دو دریا یہ شیریں پیاس بجھانے والا خوش گوار ہے اس کا پینا اور یہ نمکین

اُجَاجٌ ؕ وَمِنْ كُلٍّ تَاْكُلُوْنَ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْنَ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى الْفُلْكَ

دریاؤں کے فوائد نمبر۱ نمبر۲ نمبر۳

تلخ ہے اور ہر ایک سے تم کھاتے ہو تازہ گوشت اور نکالتے ہو زیور پہنتے ہو تم اس کو اور تو دیکھتا ہے کشتیوں کو

فِيْهِ مَوَاخِرَ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲﴾ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ

علت قدرت کا انمول نمونہ نمبر۱ نمبر۲

اس میں چیرنے والی (پانی کو) تا کہ تم تلاش کرو اس کے فضل سے اور تا کہ تم شکر کرو۔ داخل کرتا ہے وہ رات کو دن میں اور داخل کرتا ہے

النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۙ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ

نمبر۳ نمبر۴ ثمرہ دلائل

دن کو رات میں اور کام میں لگایا ہے اس نے سورج اور چاند کو ہر ایک چلتا ہے مقرر مدت کے لیے یہی اللہ

رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ؕ وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ قِطْمِيْرٍ ﴿۱۳﴾ ؕ اِنْ تَدْعُوْهُمْ

ماسوا اللہ سے مالکیت کی نفی (۱) عجز ماسوا اللہ (اپنی حاجات میں)

تمہارا رب ہے اسی کے لیے بادشاہی ہے اور جن کو تم پکارتے ہو اس کے سوا نہیں ہیں وہ مالک گٹھلی کی جھلی کے۔ اگر تم ان کو پکارو

لَا يَسْمَعُوْا دُعَآءَكُمْ ۚ وَلَوْ سَمِعُوْا مَا اسْتَجَابُوْا لَكُمْ ؕ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُوْنَ بِشِرْكِكُمْ ؕ

(لانہا جمادات مظہری)

نہیں سنیں گے وہ تمہاری پکار کو اور اگر وہ سن لیں تو جواب نہیں دیں گے تمہیں (کفر و شرک پر) اور قیامت کے دن انکار کریں گے تمہارے شریک ٹھہرانے کا

وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيْرٍ ﴿۱۴﴾ ع

اور نہیں خبر دار کرنا تجھے مثل باخبر (خدا) کے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَاللّٰهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۱۵﴾ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ

توحید خداوندی پر عقلی دلیل استغنائیت باری تعالیٰ نمونہ استغنائیت

اے لوگو تم سب ہی محتاج ہو اللہ کی طرف اور اللہ ہی بے نیاز تعریفوں والا ہے۔ اگر وہ چاہے تو لے جائے تمہیں اور لائے

جَدِيْدٍ ﴿۱۶﴾ ۚ وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ﴿۱۷﴾ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ وَاِنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ

تذکیر بما بعد الموت سے تخویف اُخروی و محاسبۂ اعمال

نئی مخلوق ۔ اور نہیں ہے یہ بات اللہ پر کوئی مشکل۔ اور نہیں اٹھائے گا کوئی بوجھ اٹھانے والا بوجھ دوسرے کا اور اگر پکارے کوئی بوجھ میں

اِلٰى حِمْلِهَا لَا يُحْمَلْ مِنْهُ شَيْءٌ وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ؕ اِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ

فریضۂ خاتم الانبیاء۔ مستفیدین من القرآن کے اوصاف

لدا ہوا اس بوجھ کو اٹھانے کے لیے تو نہیں اٹھایا جائے گا اس میں سے کچھ بھی اگرچہ ہو وہ رشتہ دار صرف آپ ڈراتے ہیں ان کو جو ڈرتے ہیں اپنے رب سے

بِالْغَيْبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ وَمَنْ تَزَكّٰى فَاِنَّمَا يَتَزَكّٰى لِنَفْسِهٖ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿۱۸﴾

تذکیر بما بعد الموت

بن دیکھے اور نماز کا اہتمام کرتے ہیں اور جو کوئی سنورے گا پس تحقیق وہ اپنے فائدہ کے لیے سنورتا اور اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

(۱)
منکرین سماع موتیٰ کے دلائل پہلی دلیل یہی آیت اور اگلی آیت ہے اور دلیل نمبر ۲ سورۃ احقاف آیت نمبر ۵ ص ۵۱۱ میں دیکھیں۔
یاد رکھیں : اس آیت کی تفسیر سورۃ احقاف کی آیت ۵ کی تفسیر سے اچھے طریقے سے سمجھ آسکتی ہے کیونکہ سب سے اعلیٰ تفسیر حضرت قاضی بیضاویؒ علامہ آلوسیؒ اور قاضی ثناء اللہ پانی پتی کی ہے وہی ملاحظہ فرمائیں اور نزول کے اعتبار سے سورۃ فاطر پہلے ہے اور سورۃ احقاف بعد میں ہے۔

ع ۲ ۱۴

وَمَا يَسْتَوِي الْأَعْمٰى وَالْبَصِيرُ ﴿١٩﴾ وَلَا الظُّلُمٰتُ وَلَا النُّورُ ﴿٢٠﴾ وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُورُ ﴿٢١﴾

مؤمن وکافر کی تمثیلات

اور نہیں ہے برابر اندھا اور دیکھنے والا۔ اور نہ اندھیرے اور نہ روشنی۔ اور نہ سایہ اور نہ دھوپ،

وَمَا يَسْتَوِي الْأَحْيَاءُ وَلَا الْأَمْوَاتُ ۚ إِنَّ اللّٰهَ يُسْمِعُ مَنْ يَشَاءُ ۖ وَمَا أَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَنْ

(۱) (۲) کفار (زندہ جس کو نفع ہوتا ہے) نبوت (سنانے کی نفی ہے سننے کی نفی نہیں ہے)

اور نہیں ہیں برابر زندے اور نہ مردے بیشک اللہ سناتے ہیں جس کو چاہتے ہیں اور نہیں آپ سنانے والے ان کو

فِي الْقُبُورِ ﴿٢٢﴾ إِنْ أَنْتَ إِلَّا نَذِيرٌ ﴿٢٣﴾ إِنَّا أَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيرًا وَنَذِيرًا ۚ وَإِنْ مِنْ أُمَّةٍ

کفار سے فریضہ خاتم الانبیاء (۳) (منوانے والے نہیں) اثبات رسالت خاتم الانبیاء

جو قبروں میں ہیں۔ نہیں آپ مگر ڈرانے والے۔ بیشک ہم نے آپ کو دین حق کے ساتھ بھیجا خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا، اور نہیں ہے کوئی امت

إِلَّا خَلَا فِيهَا نَذِيرٌ ﴿٢٤﴾ وَإِنْ يُكَذِّبُوكَ فَقَدْ كَذَّبَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ جَاءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ

تسلی خاتم الانبیاء

مگر گزرا اس میں کوئی ڈرانے والا۔ اور اگر وہ آپ کو جھٹلاتے ہیں پس تحقیق جھٹلایا ان لوگوں نے جو ان سے پہلے گزرے ہیں لائے ان کے پاس ان کے رسول

بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالزُّبُرِ وَبِالْكِتٰبِ الْمُنِيرِ ﴿٢٥﴾ ثُمَّ أَخَذْتُ الَّذِينَ كَفَرُوا فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ ﴿٢٦﴾

منکرین کا نتیجہ

واضح دلیلیں اور صحیفے اور کتابیں روشنی پھیلانے والیں۔ پھر میں نے پکڑا ان لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا پس کیسے ہوئی میری گرفت۔

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللّٰهَ أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً ۚ فَأَخْرَجْنَا بِهِ ثَمَرٰتٍ مُخْتَلِفًا أَلْوَانُهَا ۚ وَمِنَ

توحید پر عقلی دلیل حکمت انزال ماء قدرت باری

کیا نہیں دیکھا آپ نے کہ اللہ نے اتارا آسمان سے پانی پس نکالے ہم نے اس کے ذریعہ پھل مختلف ان کے رنگ ہیں اور

الْجِبَالِ جُدَدٌ بِيضٌ وَحُمْرٌ مُخْتَلِفٌ أَلْوَانُهَا وَغَرَابِيبُ سُودٌ ﴿٢٧﴾ وَمِنَ النَّاسِ وَالدَّوَابِّ

کے نمونے قدرت باری کے نمونے

پہاڑوں میں خطے ہیں سفید اور سرخ مختلف ان کے رنگ ہیں اور بعض گہرے کالے۔ اور لوگوں میں اور جانوروں میں

وَالْأَنْعَامِ مُخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ كَذٰلِكَ ۗ إِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا ۗ إِنَّ اللّٰهَ

فضائل علماء

اور چوپایوں میں مختلف ان کے رنگ ہیں اسی طرح بس ڈرتے ہیں اللہ (کی عظمت) سے اس کے بندوں میں سے جاننے والے بے شک اللہ

عَزِيزٌ غَفُورٌ ﴿٢٨﴾ إِنَّ الَّذِينَ يَتْلُونَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَأَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَأَنْفَقُوا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ

مؤمنین کے اوصاف نمبرا نمبر۲ نمبر۳ نمبر۴

زبردست بخشنے والا ہے۔ بے شک جو تلاوت کرتے ہیں اللہ کی کتاب اور نماز کا اہتمام کرتے ہیں اور خرچ کرتے ہیں اس میں سے جو ہم نے ان کو روزی دی ہے

سِرًّا وَعَلَانِيَةً يَرْجُونَ تِجَارَةً لَنْ تَبُورَ ﴿٢٩﴾ لِيُوَفِّيَهُمْ أُجُورَهُمْ وَيَزِيدَهُمْ مِنْ فَضْلِهِ ۚ

نمبر۵ نتیجہ

پوشیدہ اور برملا وہ امید رکھتے ہیں ایسی تجارت کی جو ہرگز ختم نہیں ہوگی۔ البتہ ضرور پورا دے گا ان کو ان کا بدلہ اور زیادہ دے گا ان کو اپنے فضل سے

إِنَّهُ غَفُورٌ شَكُورٌ ﴿٣٠﴾ وَالَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ هُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِمَا بَيْنَ يَدَيْهِ ۗ

صداقت قرآن

بیشک وہ بخشنے والا بڑا قدر دان ہے۔ وہ جو وحی کی ہم نے آپ کی طرف کتاب سے وہی برحق ہے تصدیق کرنے والی ان کتابوں کی جو اس سے پہلے ہیں۔

ستم پر دلیل ۳، اور دلیل ۴ سورۃ ممتحنہ آیت ۱۳ ص ۷۱ ۵ و دیکھیں

ع ۳ / ۵

(۱) زندہ کفار سماع نافع سے محروم کی دلیل نمبر ۱۱، اور دلیل نمبر ۱۲ سورۃ جاثیہ آیت ۸ ص ۷۰۵ میں دیکھیں

(۲) قاضی شمس الدین فرماتے ہیں: وما یستوی الاحیاء المؤمنون ولا الاموات الکفار، ان اللہ یسمع من یشآء یھدی من یشاء وما انت بمسمع من فی القبور ای الکفار۔ انوار التبیان ص ۴۴۵۔

(۳) یاد رکھیں اس آیت میں زندہ کفار کو قبروں والوں سے اس لیے تشبیہ دی ہے جیسے قبر والوں کو فائدہ نہیں ہوتا ایسے ہی زندہ کفار کو فائدہ نہیں ہوتا تھا۔ یاد رکھیں اس آیت سے اس سماع کی نفی نہیں ہوتی جس کے اثبات کے درپے سماع موتی کے قائلین ہیں، چنانچہ حافظ ابن قیم لکھتے ہیں: بہرحال "وما انت بمسمع من فی القبور" تو آیت کا سیاق دلالت کرتا ہے کہ اس سے مراد ایسا کافر ہے جو مردہ دل ہو تو مطلب یہ ہے کہ تو ایسے شخص کو اس طرح نہیں سنا سکتا کہ وہ اس سے منتفع ہو جیسا کہ تو ان لوگوں کو جو قبور میں جا پہنچے ہیں، اس طرح نہیں سنا سکتا۔ جو اس سے نفع حاصل کریں اور اللہ تعالیٰ کی یہ مراد نہیں کہ اصحاب قبور قطعاً کوئی چیز نہیں سنتے کیسے یہ مراد ہو سکتی ہے جبکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ خبر دی ہے کہ مردے رخصت کرنے والوں کی جوتیوں کی آواز سنتے ہیں۔ اور آپ نے یہ خبر بھی دی کہ مقتولین بدر نے آپ کے کلام اور خطاب کو سنا اور نیز آپ نے مردوں پر خطاب کو ایسے صیغہ سے سلام مشروع قرار دیا جو سنا جاتا ہے۔

اور آپ نے یہ خبر بھی دی ہے کہ وہ اس کے کلام کا جواب دیتا ہے۔ الحاصل اس آیت سے یہ ہرگز ثابت نہیں ہوتا کہ مردے نہیں سنتے، اگر ایسا ہوتا تو سماع موتی کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے پیغام پہنچانے پر مامور ہیں وہ ہرگز خبر نہ دیتے۔ مولوی عنایت اللہ گجراتی نے ۱۳۷۴ھ میں اہل سنت سے اختلاف کیا ان سے قبل کسی سنی مفسر نے اس آیت اور اس جیسی دیگر آیات میں کہیں نہیں لکھا کہ انبیاء قبروں میں مردہ ہیں اور قبروں میں صلوٰۃ و سلام نہیں سنتے اور ان آیات سے یہی قطعی طور پر ثابت ہے اور جو اس کا منکر ہے وہ کافر ہے اور جنہوں نے سماع کا قول کیا ہے وہ ان آیات کی روشنی میں قطعی طور پر کافر و مشرک ہیں اور وہ احادیث جن میں حیات و سماع انبیاء کا ذکر ہے وہ قرآن کریم کے خلاف ہیں اور جنہوں نے ان سے استدلال کیا ہے اور ان کی تصحیح کی ہے وہ قرآن کے مخالف اور خائن اور گمراہ تھے مگر ان کی جماعت کے مختلف دھڑوں کے سوا کوئی ملا نہیں۔ اللہ تعالیٰ ہدایت دے۔

إِنَّ اللَّهَ بِعِبَادِهِ لَخَبِيرٌ بَصِيرٌ ﴿٣١﴾ ثُمَّ أَوْرَثْنَا الْكِتَابَ الَّذِينَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا

مستفیدین من القرآن کے مختلف طبقات

بیشک اللہ اپنے بندوں کی خبر رکھنے والا (ان کو) نگاہ میں رکھنے والا ہے۔ پھر وارث بنایا ہم نے قرآن کا ان کو جن کو ہم نے چن لیا اپنے بندوں میں سے

فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِنَفْسِهِ وَمِنْهُمْ مُقْتَصِدٌ وَمِنْهُمْ سَابِقٌ بِالْخَيْرَاتِ بِإِذْنِ اللَّهِ ذَٰلِكَ هُوَ

(سیآت زیادہ ہوں) (حسنات وسیآت برابر ہوں) (حسنات زیادہ ہوں)

پس بعض ان میں سے اپنی جانوں پر ظلم کرنے والے ہیں اور بعض ان میں سے میانہ رو ہیں اور بعض ان میں سے آگے بڑھنے والے ہیں اللہ کی توفیق سے یہی

الْفَضْلُ الْكَبِيرُ ﴿٣٢﴾ جَنَّاتُ عَدْنٍ يَدْخُلُونَهَا يُحَلَّوْنَ فِيهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَ

منتخب وارثین کتاب کا مقام وارثین کتاب کا نتیجہ جنتیوں کے زیورات

بڑا فضل ہے۔ (ان لوگوں کے لیے) ہمیشہ کے باغات ان میں وہ داخل ہوں گے وہ زیور پہنائے جائیں گے ان میں کچھ کنگن سونے کے اور

لُؤْلُؤًا وَلِبَاسُهُمْ فِيهَا حَرِيرٌ ﴿٣٣﴾ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ إِنَّ رَبَّنَا

وارثین کتاب کا شکر خداوندی

موتی اور ان کا لباس اس میں ریشم کا ہوگا۔ اور انہوں نے کہا سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے دور کیا ہم سے غم کو بے شک ہمارا رب

لَغَفُورٌ شَكُورٌ ﴿٣٤﴾ الَّذِي أَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ فَضْلِهِ لَا يَمَسُّنَا فِيهَا نَصَبٌ وَلَا يَمَسُّنَا

خصوصیات جنت نمبر ۱ نمبر ۲ مشقت نمبر ۳

یقیناً بخشنے والا قدر دان ہے۔ جس نے ہمیں اتارا رہنے کے گھر میں اپنے فضل سے نہیں چھوتی ہمیں اس میں کوئی مشقت اور نہیں چھوتی ہمیں

فِيهَا لُغُوبٌ ﴿٣٥﴾ وَالَّذِينَ كَفَرُوا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ لَا يُقْضَىٰ عَلَيْهِمْ فَيَمُوتُوا وَلَا يُخَفَّفُ

منکرین کا نتیجہ

اس میں کوئی تھکن۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لیے دوزخ کی آگ ہے نہیں فیصلہ کیا جائے گا ان پر (موت کا) پس وہ مر جائیں اور نہیں ہلکا کیا جائے گا

عَنْهُمْ مِنْ عَذَابِهَا كَذَٰلِكَ نَجْزِي كُلَّ كَفُورٍ ﴿٣٦﴾ وَهُمْ يَصْطَرِخُونَ فِيهَا رَبَّنَا أَخْرِجْنَا

منکرین کی درخواست

ان سے دوزخ کا عذاب اسی طرح ہم بدلہ دیتے ہیں ہر کافر کو۔ اور وہ چلائیں گے اس میں اے رب ہمارے نکال دے ہمیں

نَعْمَلْ صَالِحًا غَيْرَ الَّذِي كُنَّا نَعْمَلُ أَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَا يَتَذَكَّرُ فِيهِ مَنْ تَذَكَّرَ

جواب درخواست (مراد عمر بلوغ اس میں کمال فہم آجاتا ہے۔ (جس کو سمجھنا ہوتا وہ سمجھ سکتا ہے)

(اب) ہم نیک کام کریں گے۔ ان کے علاوہ جو ہم کیا کرتے تھے کیا ہم نے تم کو زندگی نہیں دی اتنی کہ یاد کرے اس میں جو یاد کرے

ع ۴ ۱۲ ۱۶ وَجَاءَكُمُ النَّذِيرُ فَذُوقُوا فَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ نَصِيرٍ ﴿٣٧﴾

پیغمبر، قرآن، عقل، بال سفید، پوتا۔ بقول حضرت الشیخ سب تفسیریں درست ہیں

اور آیا تمہارے پاس ڈرانے والا پس چکھو تم مزہ نہیں ہے ناانصافوں کے لیے کوئی بھی مددگار

إِنَّ اللَّهَ عَالِمُ غَيْبِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿٣٨﴾ هُوَ الَّذِي جَعَلَكُمْ

حصر علم الغیب فی ذات باری تعالیٰ (۱) (۲) نفی علم غیب از خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم توحید پر عقلی دلیل

بیشک اللہ ہی جاننے والا ہے پوشیدہ چیزوں کو آسمانوں کی اور زمین کی بیشک وہ جاننے والا ہے سینہ کی باتوں کو۔ وہی ہے جس نے بنایا تم کو

خَلَائِفَ فِي الْأَرْضِ فَمَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهُ وَلَا يَزِيدُ الْكَافِرِينَ كُفْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ

نمبر ۱ منکرین کا انجام

جانشین زمین میں پس جس نے کفر کیا تو اسی پر ہے اس کے کفر کا وبال اور نہیں بڑھایا کافروں کو ان کے کفر نے ان کے رب کے پاس

(۱) دلیل نمبر ۵ ۴ علم غیب خاصہ خداوندی ہے اور دلیل نمبر ۶ ۴ سورۃ یٰسین آیت نمبر ۸۱ ص ۴۵۴ میں دیکھیں

(۲) دلیل نمبر ۲۹ نفی علم غیب از خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم اور دلیل نمبر ۳۰ سورۃ یٰسین آیت نمبر ۶۹ ص ۴۵۴ میں دیکھیں

إِلَّا مَقْتًا ۖ وَلَا يَزِيدُ الْكَافِرِينَ كُفْرُهُمْ إِلَّا خَسَارًا ﴿٣٩﴾ قُلْ أَرَأَيْتُمْ شُرَكَاءَكُمُ الَّذِينَ تَدْعُونَ

مشرکین سے طریق مناظرہ سے رد

مگر سخت ناراضگی میں اور نہیں بڑھاتا کافروں کو ان کا کفر مگر خسارہ میں۔ پوچھو کیا دیکھا تم نے اپنے شریکوں کو جن کو تم پکارتے ہو (اپنی حاجات میں)

مِنْ دُونِ اللَّهِ أَرُونِي مَاذَا خَلَقُوا مِنَ الْأَرْضِ أَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمَاوَاتِ ۖ أَمْ آتَيْنَاهُمْ

مشرکین سے

اللہ کے سوا (یعنی) مجھے دکھلاؤ کیا پیدا کیا انہوں نے زمین سے یا اس کے لیے کوئی شریک ہے آسمانوں (کے بنانے) میں یا دی ہم نے ان کو

كِتَابًا فَهُمْ عَلَىٰ بَيِّنَتٍ مِنْهُ ۚ بَلْ إِنْ يَعِدُ الظَّالِمُونَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا إِلَّا غُرُورًا ﴿٤٠﴾ إِنَّ اللَّهَ

دلیل نقلی کا مطالبہ نمبر ا جس میں (اصنام) کی عبادت کا جواز ہو) (۱) حصر التصرف باری

کوئی کتاب تو وہ اس سے کسی واضح دلیل پر ہیں بلکہ نہیں وعدہ کرتے ظالم ایک دوسرے سے مگر دھوکے کا۔ بے شک اللہ

يُمْسِكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ أَنْ تَزُولَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَا إِنْ أَمْسَكَهُمَا مِنْ أَحَدٍ مِنْ بَعْدِهِ ۚ

(۱) (کہ هٰؤُلَاءِ شُفَعَاؤُنَا عِنْدَ اللهِ)

وعقلی دلیل نمبر ۲

تھامے ہوئے ہے آسمانوں اور زمین کو ٹل جانے سے اور اگر ٹل جائیں دونوں تو نہیں تھام سکتا ان کو کوئی بھی اس کے بعد

إِنَّهُ كَانَ حَلِيمًا غَفُورًا ﴿٤١﴾ وَأَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَاءَهُمْ نَذِيرٌ لَيَكُونُنَّ

مشرکین کا معاہدہ (نبی اللہ)

بے شک وہ ہے بردبار بخشنے والا۔ اور انہوں نے قسمیں کھائیں اللہ کی زور لگا کر اپنی قسموں میں اگر آیا ان کے پاس کوئی ڈرانے والا تو ضرور ہوں گے

أَهْدَىٰ مِنْ إِحْدَى الْأُمَمِ ۖ فَلَمَّا جَاءَهُمْ نَذِيرٌ مَا زَادَهُمْ إِلَّا نُفُورًا ﴿٤٢﴾ اسْتِكْبَارًا فِي الْأَرْضِ

کفار کا تکبر اور مکروفریب

زیادہ ہدایت پر ہر ایک امت سے بس جب آیا ان کے پاس ڈرانے والا نہیں بڑھایا ان کو مگر نفرت میں۔ تکبر کرتے ہوئے زمین میں

وَمَكْرَ السَّيِّئِ ۚ وَلَا يَحِيقُ الْمَكْرُ السَّيِّئُ إِلَّا بِأَهْلِهِ ۚ فَهَلْ يَنْظُرُونَ إِلَّا سُنَّتَ الْأَوَّلِينَ ۚ

اور بری چال چلتے ہوئے اور نہیں گھیرتی بری چال مگر کرنے والے کو پس نہیں وہ انتظار کرتے مگر پہلوں کے دستور کے

فَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللَّهِ تَبْدِيلًا ۖ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللَّهِ تَحْوِيلًا ﴿٤٣﴾ أَوَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ

دستور خداوندی تذکیر بایام اللہ سے مقام عبرت

عبادت خانہ میں داخل ہوئے۔ جب وہ داؤد کے پاس آئے تو وہ گھبرا گئے ان سے انہوں نے کہا آپ مت ڈریں ہم دونوں ایک فیصلہ لے کر آئے ہیں ہم میں سے ایک نے دوسرے پر زیادتی کی ہے

فاحكم بيننا بالحق ولا تشطط واهدنا إلى سواء الصراط ﴿٢٢﴾ إن هذا أخي له تسع وتسعون

تفصیل درخواست مقدمہ

تو آپ فیصلہ کریں ہمارے درمیان انصاف سے اور نہ بے انصافی کریں اور رہنمائی کریں ہمیں سیدھی راہ کی۔ بیشک یہ میرا بھائی ہے اس کی ننانوے دنبیاں ہیں

نعجة ولي نعجة واحدة فقال أكفلنيها وعزني في الخطاب ﴿٢٣﴾ قال لقد ظلمك بسؤال

حضرت داؤد کا فیصلہ مقدمہ

اور میرے پاس ایک دنبی ہے پس اس نے کہا اس کو میرے حوالہ کر دے اور مجھ پر بات کرنے میں غالب ہوگیا۔ کہا (داؤد نے) کہ واقعۃً وہ تجھ پر ظلم کرتا ہے سوال کرنے کی وجہ سے

(۱) لیضمها إلى

نعجتك إلى نعاجه وإن كثيرا من الخلطاء ليبغي بعضهم على بعض إلا الذين آمنوا وعملوا

(۱) نتیجہ فیصلہ

تیری دنبی کا تا کہ ملا لے اس کو اپنی دنبیوں میں اور بیشک بہت سے شریک البتہ زیادتی کیا کرتے ہیں ایک دوسرے پر مگر ہاں جو لوگ ایمان لائے اور نیک

السجدة

الصالحات وقليل ما هم وظن داود أنما فتناه فاستغفر ربه وخر راكعا وأناب ﴿٢٤﴾ السجدة

(۲) حضرت داؤد کا امتحان۔ — حضرت داؤد کا استغفار

عمل کرتے رہے اور بہت کم ہیں وہ لوگ، اور گمان کیا داؤد نے کہ بیشک ہم نے اس کو آزمایا ہے تو اس نے معافی مانگی اپنے رب سے اور جھک گیا رکوع کرتے ہوئے اور رجوع کیا۔

(۲) قليل ماهم، ما مزيدة و قليل خبر مقدم للضمير المبتدأ

فغفرنا له ذلك وإن له عندنا لزلفى وحسن مآب ﴿٢٥﴾ يا داود إنا جعلناك خليفة في

اجابت استغفار — خلافت ارضی کا اعزاز

پس ہم نے اس کو یہ معاف کر دیا اور بیشک ان کے لیے ہمارے ہاں البتہ قرب خاص اور اچھا ٹھکانا ہے۔ اے داؤد بیشک ہم نے بنایا آپ کو بادشاہ

الأرض فاحكم بين الناس بالحق ولا تتبع الهوى فيضلك عن سبيل الله إن

فرائض داؤد نمبر ۱ — نمبر ۲ — نتیجہ

زمین میں پس آپ فیصلہ کریں لوگوں کے درمیان انصاف کے ساتھ اور نہ پیروی کریں خواہش کی کہ وہ بہکا دے گا آپ کو اللہ کے راستہ سے بیشک

ع ۲ / ۱۱

الذين يضلون عن سبيل الله لهم عذاب شديد بما نسوا يوم الحساب ﴿٢٦﴾

سبب عذاب

جو لوگ گمراہ ہوتے ہیں اللہ کی راہ سے ان کے لیے سخت عذاب ہے اس لیے کہ انہوں نے بھلا دیا حساب کے دن کو

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ۚ ذٰلِكَ ظَنُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا

تذکیر بالآء اللہ سے توحید پر دلیل عقلی (ان دونوں کے درمیان کوئی چیز نہیں جو دال علی التوحید نہ ہو) (کفریہ نظریہ)

اور نہیں پیدا کیا ہم نے آسمان اور زمین کو اور جو چیزیں ان کے درمیان ہیں بے کار یہ گمان ہے ان لوگوں کا جنہوں نے کفر کیا پس ہلاکت ہے ان لوگوں کے لیے جنہوں نے کفر کیا

مِنَ النَّارِ ﴿٢٧﴾ اَمْ نَجْعَلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَالْمُفْسِدِيْنَ فِى الْاَرْضِ ۖ اَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِيْنَ

منکرین قیامت کی تردید مؤمن اور مفسد برابر نہیں ہوسکتا

دوزخ سے۔ تو کیا ہم کر دیں ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور وہ نیک عمل کرتے رہے ان کی طرح جو فساد مچاتے ہیں زمین میں یا ہم کر دیں گے پرہیزگاروں کو

كَالْفُجَّارِ ﴿٢٨﴾ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿٢٩﴾ وَوَهَبْنَا لِدَاوٗدَ

حقانیت قرآن (۱) غرض نزول قرآن فضیلت جانشین

بدکاروں کی طرح۔ یہ کتاب ہم نے اتارا ہے آپ پر بابرکت تاکہ وہ لوگ غور وفکر کریں اس کی آیتوں میں اور تاکہ نصیحت پکڑیں عقلمند۔ اور ہم نے عطا کیا داؤد کو

سُلَيْمٰنَ ۭ نِعْمَ الْعَبْدُ ۭ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿٣٠﴾ اِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصّٰفِنٰتُ الْجِيَادُ ﴿٣١﴾ فَقَالَ اِنِّىْٓ

داؤد علیہ السلام حضرت سلیمانؑ کا امتحان حضرت سلیمانؑ

سلیمان بہت اچھے بندے تھے بیشک وہ رجوع کرنے والے تھے۔ جب پیش کیے گئے ان کے سامنے شام کے وقت اصیل عمدہ تیز رو گھوڑے۔ تو کہا بیشک میں نے

اَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّىْ ۚ حَتّٰى تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ ﴿٣٢﴾ رُدُّوْهَا عَلَىَّ ۭ فَطَفِقَ مَسْحًۢا بِالسُّوْقِ

کا مکالمہ (۲) حضرت سلیمانؑ کا دوبارہ مکالمہ

پسند کی مال کی محبت اپنے رب کی یاد سے یہاں تک کہ سورج چھپ گیا پردے میں۔ واپس لاؤ ان گھوڑوں کو میرے پاس پس شروع کیا ہاتھ پھیرنا ان کی پنڈلیوں

وَالْاَعْنَاقِ ﴿٣٣﴾ وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ﴿٣٤﴾ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِىْ

حضرت سلیمانؑ کا امتحان حضرت سلیمانؑ کی معذرت

اور گردنوں پر۔ اور البتہ تحقیق ہم نے آزمایا سلیمان کو اور ہم نے ڈال دیا اس کے تخت پر ایک دھڑ پھر انہوں نے رجوع کیا۔ (دعا کی اس نے) کہ اے میرے رب معاف کر دے مجھ کو

وَهَبْ لِىْ مُلْكًا لَّا يَنْۢبَغِىْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِىْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿٣٥﴾ فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيْحَ

معجزات سلیمان علیہ السلام

اور عطا کر مجھ کو ایسی بادشاہی کہ نہ لائق ہو کسی کو میرے بعد بیشک آپ ہی عطا کرنے والے ہیں۔ پس ہم نے تابع کیا اس کے ہوا کو

تَجْرِىْ بِاَمْرِهٖ رُخَآءً حَيْثُ اَصَابَ ﴿٣٦﴾ وَالشَّيٰطِيْنَ كُلَّ بَنَّآءٍ وَّغَوَّاصٍ ﴿٣٧﴾ وَّاٰخَرِيْنَ

بنانے والا غوطہ لگانے والا

جو چلتی تھی اس کے حکم سے نرم نرم جہاں وہ جانا چاہتے۔ اور شیاطین کو تابع کر دیا تھا یہ سب عمارتیں بنانے والے اور غوطہ مارنے والے تھے۔ اور دوسروں کو بھی

مُقَرَّنِيْنَ فِى الْاَصْفَادِ ﴿٣٨﴾ هٰذَا عَطَآؤُنَا فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿٣٩﴾ وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا

(۳) انعام خداوندی برائے اختیارات انعام اخروی

جو جکڑے ہوئے تھے زنجیروں میں۔ یہ ہماری عطا ہے پس احسان کرو یا روک رکھو تم سے کچھ حساب نہیں۔ اور بیشک ان کے لیے ہمارے پاس

ع ٣ ١٤ ١٢ لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿٤٠﴾

البتہ قرب اور اچھا ٹھکانا ہے۔ (یعنی جنت)

وَاذْكُرْ عَبْدَنَآ اَيُّوْبَ ۘ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّىْ مَسَّنِىَ الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ ﴿٤١﴾ ۭ اُرْكُضْ بِرِجْلِكَ ۚ

داستان حضرت ایوب علیہ السلام حضرت ایوبؑ کی دعا امتحان خداوندی اجابت دعا

اور یاد کریں ہمارے بندے ایوب کو جب اس نے پکارا اپنے رب کو کہ بیشک مجھے پہنچائی ہے شیطان نے ایذاء اور تکلیف۔ ہم نے کہا مار اپنے پاؤں کو

(۱)
دلیل نمبر ۳۰ قرآن کریم کے منجانب اللہ ہونے پر اور دلیل نمبر ۳۱ سورۃ زمر آیت ۲۳ میں ص ۴۶۹ میں دیکھیں۔

(۲)
خیر سے مراد مال کثیر ہے یعنی گھوڑے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: الخيل معقود في نوصيها الخير الى يوم القيامة

(۳)
اس سے معلوم ہوا کہ جو ملک میں فسادی ہوں ان پر کڑی نظر ہو

هٰذَا مُغْتَسَلٌۢ بَارِدٌ وَّشَرَابٌ ﴿٤٢﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنَّا وَذِكْرٰى

صبر کا نتیجہ

یہ چشمہ ہے نہانے کا ٹھنڈا اور پینے کا۔ اور ہم نے بخشے ان کو ان کے اہل و عیال اور ان کے برابر ان کے ساتھ بخشش اپنی رحمت خاصہ کے سبب سے

لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿٤٣﴾ وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِّهٖ وَلَا تَحْنَثْ ۭ اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا ۭ نِعْمَ الْعَبْدُ ۭ

قسم کو پوری کرنے کی مخصوص ترتیب

اور نصیحت عقل والوں کے لیے۔ اور گٹھا لے اپنے ہاتھ میں تنکوں کا پس اس سے مار اور قسم نہ توڑ بیشک پایا ہم نے اس کو صابر اچھے بندے تھے

اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿٤٤﴾ وَاذْكُرْ عِبٰدَنَآ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ اُولِي الْاَيْدِيْ وَالْاَبْصَارِ ﴿٤٥﴾

قوت عملیہ اور علمیہ کے حاملین کا بیان | انبیاء کے فضائل

بیشک وہ رجوع کرنے والے تھے۔ اور یاد کرو ہمارے بندے ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب کو جو قوت والے اور صاحب نظر تھے۔

اِنَّآ اَخْلَصْنٰهُمْ بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى الدَّارِ ﴿٤٦﴾ وَاِنَّهُمْ عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْاَخْيَارِ ﴿٤٧﴾ ۭ

خصوصیت انبیاء | انبیاء کی فضیلت مشترکہ

بیشک ہم نے ان کو ممتاز کیا تھا ایک پسندیدہ بات کی وجہ سے (وہ) یاد ہے اس گھر (آخرت) کی۔ اور بیشک وہ ہمارے نزدیک یقیناً چنے ہوئے نیک لوگوں سے ہیں۔

وَاذْكُرْ اِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَذَا الْكِفْلِ ۭ وَكُلٌّ مِّنَ الْاَخْيَارِ ﴿٤٨﴾ ۭ هٰذَا ذِكْرٌ ۭ وَاِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ

بقیہ انبیاء کی فضیلت | انبیاء کا ذکر جمیل | متقین کا اکرام

اور یاد کریں اسماعیل اور یسع اور ذوالکفل کو اور سب نیکوں میں سے ہیں۔ یہ ایک تذکرہ ہوا اور بیشک پرہیز گاروں کے لیے البتہ اچھا

مَاٰبٍ ﴿٤٩﴾ جَنّٰتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُ ﴿٥٠﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ وَّشَرَابٍ ﴿٥١﴾

متقین کا دار الاقامہ | متقین کی سرفرازی

ٹھکانا ہے۔ ہمیشہ کے باغات کھلے ہوئے ہیں ان کے دروازے۔ تکیہ لگانے والے ہیں اس میں منگوائیں گے اس میں میوے بہت اور مشروب

وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ اَتْرَابٌ ﴿٥٢﴾ هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿٥٣﴾ اِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهٗ

الثلثة

متقین کی مبارک بادی

اور ان کے پاس نیچی نگاہوں والی حوریں ہیں ہم عمر۔ یہ جو وعدہ دیا جاتا ہے تمہیں حساب کے دن کے لیے۔ بیشک یہ البتہ ہماری روزی ہے نہیں ہے اس کے لیے

مِنْ نَّفَادٍ ﴿٥٤﴾ هٰذَا ۭ وَاِنَّ لِلطّٰغِيْنَ لَشَرَّ مَاٰبٍ ﴿٥٥﴾ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿٥٦﴾ هٰذَا ۙ فَلْيَذُوْقُوْهُ

مجرمین کا دار الاقامہ | شدت نار جہنم | مجرمین کے

ختم ہونا۔ یہ (نعمتیں مؤمنوں کے لیے ہیں) اور بیشک سرکشوں کے لیے البتہ برا ٹھکانا ہے۔ دوزخ اس میں داخل ہوں گے پس وہ برا بچھونا ہے۔ یہ پس چاہیئے کہ چکھیں اس کو

حَمِيْمٌ وَّغَسَّاقٌ ﴿٥٧﴾ وَّاٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖٓ اَزْوَاجٌ ﴿٥٨﴾ ۭ هٰذَا فَوْجٌ مُّقْتَحِمٌ مَّعَكُمْ ۚ لَا مَرْحَبًۢا بِهِمْ ۭ اِنَّهُمْ

پانی کی تشریح | دیگر انواع عذاب۔ | تابعین اور متبوعین کا باہم تنازع | (یعنی متبوعین کے ساتھ)

کھولتا ہوا پانی ہے اور پیپ۔ اور دوسری چیزیں اس کی ہم شکل ہیں طرح طرح کی۔ یہ ایک فوج ہے جو تمہارے ساتھ گھس رہی ہے ان پر اللہ کی مار ہو بیشک یہ

صَالُوا النَّارِ ﴿٥٩﴾ قَالُوْا بَلْ اَنْتُمْ ۣ لَا مَرْحَبًۢا بِكُمْ ۭ اَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوْهُ لَنَا ۚ فَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿٦٠﴾ قَالُوْا رَبَّنَا مَنْ

تابعین کا مکالمہ برائے متبوعین | تابعین کی درخواست

جانے والے ہیں دوزخ میں۔ وہ کہیں گے بلکہ تم پر اللہ کی مار ہو تم ہی اس کو ہمارے آگے لائے ہو پس یہ برا ٹھکانا ہے۔ وہ کہیں گے اے ہمارے رب جو شخص ہمارے

قَدَّمَ لَنَا هٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا ضِعْفًا فِي النَّارِ ﴿٦١﴾ وَقَالُوْا مَا لَنَا لَا نَرٰى رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُمْ

دوزخیوں کا باہمی مکالمہ۔ کیا ہو گیا ہمیں

آگے لایا ہے اس (مصیبت) کو پس بڑھا دے اس کے عذاب کو دگنا دوزخ میں۔ اور وہ (آپس میں) کہیں گے کہ کیا بات ہے کہ ہم نہیں دیکھتے (دوزخ میں)

(۱) الملا اعلیٰ سے مراد مقرب فرشتے ہیں یعنی آسمانی فرشتے ہیں اور زمینی فرشتے ملاء سافل ہیں

ع ۴ ۱۳ مِّنَ الْاَشْرَارِ ﴿۶۲﴾ اَتَّخَذْنٰهُمْ سِخْرِيًّا اَمْ زَاغَتْ عَنْهُمُ الْاَبْصَارُ ﴿۶۳﴾ اِنَّ ذٰلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ اَهْلِ النَّارِ ﴿۶۴﴾

(دنیا میں مسلمانوں کو بقیہ مکالمہ (اللہ کے ہاں باعزت تھے) اطلاع خداوندی

ان لوگوں کو جن کو بروں میں شمار کرتے تھے۔ کیا ہم ان سے (ناحق) ٹھٹھا کرتے تھے یا پھر گئی ہیں ان سے ہماری آنکھیں۔ بیشک یہ حق ہے (یعنی) آپس میں جھگڑنا دوزخیوں کا

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا مُنْذِرٌ ۖ وَّ مَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۶۵﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا

فرائض خاتم الانبیاء (من زائدہ) حصر الربوبیت باری

آپ (ان سے) کہہ دیجئے میں تو صرف ڈرانے والا ہوں اور نہیں کوئی معبود سوا اللہ کے جو اکیلا ہے زبردست ہے۔ جو بادشاہ ہے آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ

بَيْنَهُمَا الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ﴿۶۶﴾ قُلْ هُوَ نَبَؤٌا عَظِيْمٌ ﴿۶۷﴾ اَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُوْنَ ﴿۶۸﴾ مَا كَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍۢ بِالْمَلَاِ

صداقت قرآن۔ ۱۔ یا توحید اثبات قیامت۔ ۲۔ منکرین قرآن کا اعراض۔ خاتم الانبیاء سے علم غیب کلی کی نفی دلیل نمبر ۱۳، اور دلیل نمبر ۳۲

ان دونوں کے درمیان ہے زبردست بخشنے والا ہے۔ آپ کہہ دیجئے وہ بڑی خبر ہے۔ تم اس سے روگردانی کرنے والے ہو۔ نہیں تھا مجھے کچھ علم ملاء اعلیٰ کا

الْاَعْلٰٓى اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿۶۹﴾ اِنْ يُّوْحٰٓى اِلَيَّ اِلَّآ اَنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۷۰﴾ اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ

(۱) فریضۂ خاتم الانبیاء (گفتگو عالم بالا) حکم خداوندی

جس میں جب وہ گفتگو کر رہے تھے۔ نہیں وحی کی جاتی میری طرف مگر اس لیے کہ میں صریح ڈرانے والا ہوں۔ جب کہا آپ کے رب نے فرشتوں سے کہ بیشک میں

خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ طِيْنٍ ﴿۷۱﴾ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ﴿۷۲﴾

قدرت باری حکم خداوندی

بنانے والا ہوں انسان کو مٹی سے۔ پس جب میں اس کو پورا بنا چکوں اور اس میں پھونک دوں اپنی طرف سے روح تو گر پڑنا تم اس کے سامنے سجدہ میں۔

فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ﴿۷۳﴾ اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۭ اِسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۴﴾ قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ

فرشتوں کا تعمیل حکم شیطان کا استکبار نتیجۂ استکبار شیطان کی

پس سجدہ کیا فرشتوں نے سب اکٹھے۔ مگر ابلیس نے غرور کیا اور تھا وہ کافروں سے۔ فرمایا اے ابلیس

مَا مَنَعَكَ اَنْ تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ ۭ اَسْتَكْبَرْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ الْعَالِيْنَ ﴿۷۵﴾ قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ ۭ خَلَقْتَنِيْ

سرزنش (۲) دلیل شیطان

کس چیز نے روکا تجھ کو اس کے آگے سجدہ کرنے سے جس کو میں نے اپنے ہاتھوں سے بنایا کیا تو غرور میں آ گیا یا تھا تو برے درجے والوں سے۔ کہنے لگا میں اس سے بہتر ہوں پیدا کیا تو نے مجھے

مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ﴿۷۶﴾ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ﴿۷۷﴾ ښ وَّاِنَّ عَلَيْكَ لَعْنَتِيْٓ

نتیجہ استکبار نمبر ۱ نمبر ۲

آگ سے اور اس کو تو نے بنایا مٹی سے۔ فرمایا پس تو یہاں سے نکل جا کیونکہ تو مردود ہے۔ اور بیشک تجھ پر میری لعنت

اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۷۸﴾ قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۷۹﴾ قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿۸۰﴾

شیطان کا مطالبہ جواب مطالبہ

قیامت کے دن تک رہے گی۔ کہنے لگا اے میرے رب پس آپ مجھے مہلت دیں اس دن تک کہ لوگ اٹھائے جائیں گے۔ فرمایا پس تحقیق تجھے مہلت دی جاتی ہے

اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿۸۱﴾ قَالَ فَبِعِزَّتِكَ لَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۸۲﴾ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۸۳﴾

شیطان کی عداوت عباد اللہ کی حفاظت

اس دن تک جس کا وقت مقرر ہے۔ کہنے لگا مجھے تیری عزت کی قسم کہ میں ضرور گمراہ کرتا رہوں گا ان سب کو۔ مگر آپ کے بندے ان سے جو منتخب شدہ ہیں۔

قَالَ فَالْحَقُّ ۡ وَالْحَقَّ اَقُوْلُ ﴿۸۴﴾ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۸۵﴾ قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ

فیصلہ خداوندی اللہ تعالیٰ کے قول کا بیان شیطان و متبعین کا نتیجہ طریق تبلیغ

فرمایا (میری) بات سچی ہے اور میں تو ہمیشہ سچ ہی کہا کرتا ہوں۔ کہ میں ضرور بھر دوں گا دوزخ کو تجھ سے اور جو بھی تیری پیروی کریں گے ان سب سے۔ آپ کہہ دیجئے میں نہیں مانگتا تم سے

(۲) اس سے انسان کی عظمت کا اظہار مقصود ہے اہل تصوف کہتے ہیں کہ صفات جمالی اور صفات جلالی کی طرف اشارہ ہے یعنی ہم نے انسان کو اپنی دونوں صفات کا مظہر بنایا۔ مستند ص ۵۹۳

سورۃ مؤمن آیت نمبر ۷۸ ص ۴۸۲ میں دیکھئے۔

ع ۵ ۲۴ ۱۴

عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ﴿٨٦﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿٨٧﴾ وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَاَهٗ بَعْدَ حِيْنٍ ﴿٨٨﴾

(دعوٰی رسالت میں) فضیلت قرآن تنبیہ (نہ ماننے کی)

اس پر کچھ معاوضہ اور نہیں ہوں دکھاوا کرنے والوں میں سے ۔ نہیں وہ (قرآن) مگر نصیحت جہاں والوں کے لیے ۔ اور ضرور تم جان لوگے اس کی حقیقت تھوڑی دیر بعد

سُوْرَةُ الزُّمَرِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ خَمْسٌ وَّسَبْعُوْنَ اٰيَةً وَّثَمَانِيْ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

موضوع سورۃ : اخلاص فی العبادت

سورۃ الزمر شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

ترتیب تلاوت ۳۹، ترتیب نزول ۵۹، آیات ۷۵، رکوعات ۸

تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿١﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللّٰهَ

کیفیت نزول حقانیت قرآن فریضہ رسول

کتاب کا اتارنا اللہ کی طرف سے ہے جو زبردست حکمت والا ہے ۔ بیشک ہم نے اتارا آپ کی طرف کتاب کو سچائی کے ساتھ پس آپ اللہ کی عبادت کریں

مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ﴿٢﴾ اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ ۗ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ۘ مَا نَعْبُدُهُمْ

تشریح عبادت کیفیت مشرکین مشرکین کا

خالص اسی کی عبادت کرتے ہوئے ۔ آگاہ رہو اللہ کے لیے خالص عبادت ہے اور جنہوں نے بنائے اس کے سوا دوسرے کو کارساز ۔ (وہ کہتے ہیں) نہیں ہم ان کی عبادت کرتے

اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى ۗ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ فِيْ مَا هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۗ اِنَّ اللّٰهَ

نظریہ فاسدہ تہدید خداوندی تقطیع الطمع

مگر اس لیے کہ وہ ہمیں قریب کر دیں اللہ کی طرف مرتبہ میں، بیشک اللہ ان کے درمیان فیصلہ کر دے گا ان باتوں میں جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں ۔ بیشک اللہ

لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ كٰذِبٌ كَفَّارٌ ﴿٣﴾ لَوْ اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا لَّاصْطَفٰى مِمَّا يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۙ

مشرکین کے لیے تنبیہ

نہیں ہدایت دیتا اس شخص کو جو جھوٹا ناشکرا ہے ۔ اگر اللہ چاہتا یہ کہ بنائے کسی کو اپنا بیٹا تو چنتا اپنی مخلوق میں سے جس کو وہ چاہتا

سُبْحٰنَهٗ ۗ هُوَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿٤﴾ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ يُكَوِّرُ الَّيْلَ عَلَى

تنزیہہ الرحمٰن عن الشرکاء دلیل آفاقی نمبر ۱ نمبر ۲

اس کی ذات پاک ہے وہی اللہ اکیلا دباؤ والا ہے ۔ اسی نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو ٹھیک ٹھیک وہ لپیٹتا ہے رات کو

النَّهَارِ وَيُكَوِّرُ النَّهَارَ عَلَى الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۗ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ۗ اَلَا هُوَ

نمبر ۳

دن پر اور لپیٹتا ہے دن کو رات پر اور اسی نے کام میں لگا رکھا ہے سورج اور چاند کو ہر ایک چلتا رہے گا ایک مقرر معیاد تک آگاہ رہو وہ

الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ﴿٥﴾ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ

نمبر ۴ (دلیل انفسی) نمبر ۵ بمعنی خلق

زبردست بخشنے والا ہے ۔ اسی نے پیدا کیا تم کو ایک جی سے پھر بنایا اس سے اس کا جوڑا اور اسی نے پیدا کیے تمہارے لیے

الْاَنْعَامِ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۗ يَخْلُقُكُمْ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ خَلْقًا مِّنْۢ بَعْدِ خَلْقٍ فِيْ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ ۗ

کیفیت خلقت بنی آدم

چارپایوں میں سے آٹھ جوڑے وہی بناتا ہے تم کو تمہاری ماؤں کے پیٹ میں ایک کیفیت کے بعد دوسری کیفیت پر تین اندھیروں میں

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ۗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ﴿٦﴾ اِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ

تنبیہ مشرکین نمبر ۱ نمبر ۲

یہ اللہ تمہارا رب ہے اسی کے لیے بادشاہی ہے نہیں کوئی معبود مگر وہی پھر تم کہاں پھرے جاتے ہو ۔ اگر تم کفر کرو تو بیشک اللہ بے نیاز ہے ۔

عَنْكُمْ ۖ وَلَا يَرْضٰى لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ ۚ وَاِنْ تَشْكُرُوْا يَرْضَهُ لَكُمْ ۗ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۗ

نفی شفیع قہری

تم سے اور وہ پسند نہیں کرتا اپنے بندوں کے لیے کفر اور اگر تم شکر کرو گے تو وہ تمہیں پسند کرے گا اور نہیں اٹھائے گا کوئی اٹھانے والا دوسرے کا بوجھ

ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۗ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿٧﴾

تذکیر بمابعد الموت

پھر اپنے رب کی طرف تمہارا لوٹنا ہے پس وہ تمہیں بتادے گا جو کچھ تم کرتے تھے بیشک وہ جاننے والا ہے سینے کے رازوں کو۔

وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهٗ مُنِيْبًا اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَا خَوَّلَهٗ نِعْمَةً مِّنْهُ نَسِيَ مَا كَانَ يَدْعُوْٓا

مشرک کی حالت — مشرک کی بے انصافی

اور جب پہنچتی ہے انسان کو کوئی تکلیف تو اپنے رب کو پکارتا ہے اس کی طرف رجوع کرتے ہوئے پھر جب اس کو دیتا ہے کوئی نعمت اپنی طرف سے تو بھول جاتا ہے اس کو جس کو وہ پکارتا تھا۔

اِلَيْهِ مِنْ قَبْلُ وَجَعَلَ لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۗ قُلْ تَمَتَّعْ بِكُفْرِكَ قَلِيْلًا ۖ اِنَّكَ

مشرک کا نظریہ فاسدہ — امہال مجرمین

اس سے پہلے اور بناتا ہے اللہ کے لیے ہمسر تا کہ گمراہ کرے اس کے راستہ سے آپ کہہ دیجئے فائدہ اٹھاؤ اپنے کفر سے تھوڑا بیشک تو

مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ﴿٨﴾ اَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ اٰنَآءَ الَّيْلِ سَاجِدًا وَّقَآئِمًا يَّحْذَرُ الْاٰخِرَةَ وَيَرْجُوْا

اہل ایمان کا کفار سے تقابل

آگ والوں سے ہے۔ کیا جو شخص وہ اطاعت کرنے والا ہے رات کی گھڑیوں میں سجدہ کرنے والا اور کھڑا ہونے والا آخرت سے ڈرتا ہے اور اپنے رب کی

ع ۱ / ۹ / ۱۵ رَحْمَةَ رَبِّهٖ ۗ قُلْ هَلْ يَسْتَوِى الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَالَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۗ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿٩﴾

عالم وجاہل کے نتائج کا تفاوت

رحمت کا امیدوار ہے۔ آپ کہہ دیجئے کیا برابر ہیں جو جانتے ہیں اور جو نہیں جانتے بیشک نصیحت حاصل کرتے ہیں عقلمند ہی۔

قُلْ يٰعِبَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۗ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ۗ وَاَرْضُ

فریضۂ خاتم الانبیاء — ترغیب

فرما دیجئے (اللہ کہتا ہے) اے میرے بندو جو ایمان لائے اپنے رب سے ڈرتے ہیں ان کے لیے جنہوں نے نیکی کی اس دنیا میں بھلائی ہے اور

اللّٰهِ وَاسِعَةٌ ۗ اِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿١٠﴾ قُلْ اِنِّيْٓ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ

ہجرت ۔ — نتیجہ اخروی — فریضۂ رسول نمبر ۱

اللہ کی زمین کشادہ ہے بیشک پورا پورا دیا جائے گا صبر کرنے والوں کو ان کا اجر بغیر گنتی کے۔ آپ کہہ دیجئے بیشک میں حکم دیا گیا ہوں کہ عبادت کروں اللہ کی

مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ﴿١١﴾ وَاُمِرْتُ لِاَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿١٢﴾ قُلْ اِنِّيْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ

نمبر ۲ — فریضہ خاتم الانبیاء نمبر ۳

خالص کرتے ہوئے اسی کے لیے اطاعت کو۔ اور میں حکم دیا گیا ہوں کہ ہو جاؤں میں پہلا فرمانبردار۔ آپ کہہ دیجئے بیشک میں ڈرتا ہوں اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں

عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿١٣﴾ قُلِ اللّٰهَ اَعْبُدُ مُخْلِصًا لَّهٗ دِيْنِيْ ﴿١٤﴾ فَاعْبُدُوْا مَا شِئْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ ۗ

مسلک خاتم الانبیاء — امر تہدید نمبر ۱

بڑے دن کے عذاب سے۔ آپ کہہ دیجئے میں اللہ کی عبادت کرتا ہوں خالص کر کے اس کے لیے میری اطاعت۔ پس تم عبادت کرو جس کی تم چاہو اس کے سوا۔

قُلْ اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۗ اَلَا ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ﴿١٥﴾

خسران آخرت

آپ کہہ دیجئے بیشک نقصان میں وہ لوگ ہیں جنھوں نے نقصان میں ڈالا اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو قیامت کے دن آگاہ رہو وہی گھاٹا ہے کھلا

لَهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَمِنْ تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ ؕ ذٰلِكَ يُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهٖ عِبَادَهٗ ؕ يٰعِبَادِ فَاتَّقُوْنِ ﴿۱۶﴾

طریق کامیابی — خسران کی تشریح اورامر تہدید نمبر۲

ان کے لیے ان کے اوپر سے سائبان ہیں آگ کے اور ان کے نیچے سائبان ہیں اس سے اللہ ڈراتا ہے اپنے بندوں کو اے میرے بندو پس مجھ سے ڈرو

وَالَّذِيْنَ اجْتَنَبُوا الطَّاغُوْتَ اَنْ يَّعْبُدُوْهَا وَاَنَابُوْٓا اِلَى اللّٰهِ لَهُمُ الْبُشْرٰى ۚ فَبَشِّرْ عِبَادِ ﴿۱۷﴾

بشارت عباداللہ — نمبر۲ — عباداللہ کے اصاف نمبرا

اور جولوگ بچے رہے سرکش شیطان سے کہ وہ اس کی عبادت کریں اور وہ متوجہ ہوئے اللہ کی طرف ان کے لیے اچھی خبر ہے پس اچھی خبر سنادیں میرے بندوں کو

الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدٰىهُمُ اللّٰهُ وَاُولٰٓئِكَ هُمْ

نمبر۲ — نتیجہ دنیوی نمبرا — کیفیت عباداللہ

جو غور سے سنتے ہیں بات پس وہ پیروی کرتے ہیں اچھی باتوں کی یہ وہ لوگ ہیں جن کو اللہ نے ہدایت دی اور یہی ہیں

اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۱۸﴾ اَفَمَنْ حَقَّ عَلَيْهِ كَلِمَةُ الْعَذَابِ ؕ اَفَاَنْتَ تُنْقِذُ مَنْ فِى النَّارِ ﴿۱۹﴾ لٰكِنِ الَّذِيْنَ

اعادہ بشارت — نفی مختار کل ہونے کا بیان — اصحاب ہدایت کی اضداد یعنی اہل ضلال کا بیان

عقلمند ہیں۔ کیا پس وہ شخص کہ ثابت ہوتی اس پر عذاب کی بات کیا آپ چھڑائیں گے اس کو جو دوزخ میں ہیں۔ لیکن جو

اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ مِّنْ فَوْقِهَا غُرَفٌ مَّبْنِيَّةٌ ۙ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ وَعْدَ اللّٰهِ ؕ لَا يُخْلِفُ

بنائے ہوئے

ڈرتے ہیں اپنے رب سے ان کے لیے بالا خانے ہیں ان کے اوپر بنے ہوئے بالا خانے ہیں جاری ہوں گی ان کے نیچے سے نہریں اللہ کا وعدہ ہے اللہ وعدہ کی

اللّٰهُ الْمِيْعَادَ ﴿۲۰﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَلَكَهٗ يَنَابِيْعَ فِى الْاَرْضِ ثُمَّ يُخْرِجُ بِهٖ

چشموں کی شکل میں — تذکیر باآلاءاللہ سے توحید پر عقلی دلیل

خلاف ورزی نہیں کرتا۔ کیا نہیں دیکھتے تم بیشک اللہ نے اتارا آسمان سے پانی پس اس کو چلایا زمین کے چشموں میں پھر وہ نکالتا ہے اس کے ذریعہ سے

زَرْعًا مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَجْعَلُهٗ حُطَامًا ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى

مستفیدین من الآیات

کھیتی طرح طرح کے ہیں اس کے رنگ پھر وہ سوکھ جاتی ہے تو اس کو دیکھتا ہے زرد پھر کر دیتا ہے اس کو چورا بیشک اس میں البتہ نصیحت ہے

لِاُولِى الْاَلْبَابِ ﴿۲۱﴾

عقلمندوں کے لیے۔

اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ فَوَيْلٌ لِّلْقٰسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ

نتائج محرومین قرآن — نتائج مستفیدین من القرآن

کیا پس جو شخص کہ اللہ نے کھول دیا اس کا سینہ اسلام کے لیے پس وہ نور پر ہے اپنے رب کی طرف سے پس ہلاکت ہے ان کے لیے جن کے دل اللہ کے ذکر سے سخت ہو چکے ہیں

اُولٰٓئِكَ فِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۲﴾ اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِىَ ۖ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ

صداقت قرآن (۱) یعنی آپس میں تضاد نہیں احسن الحدیث کی تشریح ۔ (برائے مواعظ) مستفیدین من القرآن

یہی لوگ کھلی گمراہی میں ہیں۔ اللہ نے اتاری بہترین بات (یعنی) کتاب ملتی جلتی بار بار دہرائی جانے والی لرز جاتی ہیں

جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ

نمبر۲ — کے اوصاف نمبرا

اس سے کھالیں ان لوگوں کی جو ڈرتے ہیں اپنے رب سے پھر نرم پڑجاتی ہیں ان کی کھالیں اور ان کے دل اللہ کے ذکر کے لیے یہ

(۱) دلیل نمبرا ۳ قرآن کے منجانب اللہ نازل ہونے پر :اور دلیل نمبر ۲ ۳ سورۃ حم سجدہ آیت ۲ ص ۴۸۵ میں دیکھیں۔

هُدَى اللّٰهِ يَهْدِىْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿٢٣﴾ اَفَمَنْ يَّتَّقِىْ بِوَجْهِهٖ

فریقین کا تقابل

اللہ کی ہدایت ہے ہدایت دیتا ہے اس کے ذریعہ جس کو چاہے اور جس کو اللہ گمراہ کردے پس اس کو کوئی سمجھانے والا نہیں۔ کیا پس جو بچے اپنے چہرے کے ساتھ

سُوْٓءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَقِيْلَ لِلظّٰلِمِيْنَ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿٢٤﴾ كَذَّبَ الَّذِيْنَ

سرزنش تذکیر بایام اللہ سے

بُرے عذاب سے قیامت کے دن اور کہا گیا ظالموں سے مزہ چکھو اس کا جو تم کیا کرتے تھے؟ جھٹلایا ان لوگوں نے

مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٢٥﴾ فَاَذَاقَهُمُ اللّٰهُ الْخِزْيَ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ

تخویف مشرکین۔ نتیجہ تکذیب نتیجہ دنیوی

جو ان سے پہلے ہوئے پس آیا ان کے پاس عذاب جہاں سے وہ خیال نہیں کرتے تھے۔ پس اللہ نے ان کو چکھائی رسوائی دنیا کی زندگی میں

وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿٢٦﴾ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ

نتیجہ اخروی شفقت خداوندی

اور البتہ آخرت کا عذاب بڑا ہے کاش وہ جانتے ہوتے۔ اور البتہ تحقیق ہم نے بیان کی لوگوں کے لیے اس قرآن میں

مِنْ كُلِّ مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٢٧﴾ ۚ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِيْ عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿٢٨﴾ ضَرَبَ

جامعیت قرآن مشرک

ہر طرح کی مثالیں تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں۔ قرآن عربی میں (اتارا) جس میں ذرا بھر کجی نہیں تاکہ (وہ کفر و شرک) سے بچیں۔ بیان کی

اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِيْهِ شُرَكَآءُ مُتَشٰكِسُوْنَ وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ ۭ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ۭ

کی مثال مؤحّد کی مثال

اللہ نے ایک شخص کی مثال اس میں کئی شریک ہوں جو ضدی ہوں۔ اور دوسرا شخص سالم ہے ایک شخص کے لیے کیا یہ دونوں حالت میں برابر ہیں؟

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٢٩﴾ اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ﴿٣٠﴾ ۡ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

استحقاق الحمدُ والثناء وعدۂ موت نتائج فریقین

سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں بلکہ ان کی اکثریت نہیں جانتی۔ بیشک آپ مرنے والے ہیں اور بیشک وہ بھی مرنے والے ہیں۔ پھر بیشک تم قیامت کے دن

ع ٣ / ١٧

عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ﴿٣١﴾ ۧ

اپنے رب کے پاس مقدمے پیش کروگے

اس آیت میں وعدہ موت کا ذکر ہے وقوع موت کا ذکر نہیں مخالفین اس آیت سے ہر حال میں وقوع موت پر استدلال کرتے ہیں مگر یاد رکھیں۔ اپنے وقت پر وقوع موت ہوا ہے اس میں کسی کا اختلاف نہیں البتہ اختلاف موت کے بعد کی حالت پر ہے اہل حق موت کے بعد قبر و برزخ میں حیات کے قائل ہیں جس کا اثبات قرآن کریم اور صحیح احادیث سے ہے۔ اہل حق سے اختلاف کا پس منظر۔

دنیا میں سب سے پہلا شخص اہل سنت میں سے حیاۃ انبیاء کرام علیہم السلام کا منکر ۱۳۷۴ ہجری میں مولوی عنایت اللہ شاہ گجراتی ہے۔ مقام انکار ملتان۔ سالانہ جلسہ جامعہ خیر المدارس کے موقع پر۔ شیخ الحدیث مولانا مفتی سعید احمد پالنپوریؒ لکھتے ہیں کہ :حیاۃ انبیاء کا عقیدہ بھی دلالت النص سے ثابت ہے اور دلالت النص، عبارت النص کی طرح قطعی ہوتی ہے۔۔۔سورۃ البقرہ (آیت ۱۵۴) جو شہداء کے بارے میں ہے کہ وہ زندہ ہیں، ان کو مردہ مت کہو، اس سے دلالت النص سے بدرجہ اولی موت کے بعد انبیاء کرام علیہم السلام کی حیات بھی ثابت ہے اور قطعی ہے اور اس پر امت کا اجماع ہے اس لیے قطعی در قطعی ہوگئی جو اس کا منکر ہے وہ اہل السنۃ والجماعۃ سے خارج ہے۔ رہی یہ بات کہ اس حیات کی نوعیت کیا ہے؟ شہداء کی حیات کے بارے میں تو اتفاق ہے کہ وہ برزخی ہے جس کو ہم محسوس نہیں کرسکتے۔ اور انبیاء کی حیات کی نوعیت میں اختلاف ہے۔ ہدایت القرآن ص ۱۴۷ ج ۷۔ اس پر تفصیل کے لیے موصوف نے اپنی شرح بخاری تحفۃ القاری ص ۱۹۸، ۱۹۹ ج ۷ :پر بحث فرمائی ہے ضرور دیکھیں۔ اس کے علاوہ تسکین الصدور حضرت استاذ محترمؒ اور حیات انبیاء کرام علیہم السلام مولانا عبدالشکور ترمذیؒ وغیرہ دیکھیں۔

الجزء الرابع والعشرون

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ اِذْ جَآءَهٗ ؕ

مشرکین کی کذب بیانی — کو

پس کون بڑا ظالم ہے اس سے جس نے جھوٹ بولا اللہ پر اور جھٹلائی سچی بات جب وہ اس کے پاس آئی

اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَالَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖٓ

نتیجہ اخروی — متقین کا نتیجہ ۔ نمبر ا — دعویٰ — مصدق دعویٰ صدیق اکبرؓ (۱)

کیا نہیں ہے ٹھکانا دوزخ کافروں کا؟ اور وہ جو لایا سچی بات اور تصدیق کی اس کی

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿۳۳﴾ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳۴﴾

اعلان خداوندی — نمبر ۲

وہی ہیں بچنے والے۔ان کے لیے ہے جو وہ چاہیں گے ان کے رب کے پاس یہ بدلہ ہے نیکوکاروں کا

لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ عَمِلُوْا وَيَجْزِيَهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ الَّذِيْ

نمبر ۳

تاکہ مٹائے اللہ تعالیٰ ان سے برائی اس کی جو انہوں نے کیا اور وہ ان کو بدلہ دے ان کا اجر بہتر اس سے

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۳۵﴾ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ ؕ وَيُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ

تسلی خاتم الانبیاء

جو وہ کیا کرتے تھے۔کیا نہیں ہے اللہ تعالیٰ کافی اپنے خاص بندہ کے لیے اور وہ (مشرکین مکہ) آپ کو ڈراتے ہیں ان سے جو اللہ کے سوا ہیں

وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۳۶﴾ وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّضِلٍّ ؕ

مختار کل ہونے کا بیان — حصر الہدایت باری تعالیٰ

اور جس کو اللہ گمراہ کردے پس نہیں اس کے لیے کوئی راہنمائی کرنے والا۔ اور جس کو اللہ ہدایت دے دے پس نہیں اس کو کوئی گمراہ کرنے والا

اَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيْزٍ ذِي انْتِقَامٍ ﴿۳۷﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ

مشرکین سے طریق مناظرہ توحید پر دلیل عقلی اعترافی — تسلیمی جواب

کیا نہیں ہے اللہ زبردست بدلہ لینے والا۔ اور اگر آپ ان سے پوچھیں کس نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو وہ ضرور جواب دیں گے

اللّٰهُ ؕ قُلْ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَنِيَ اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ

تنبیہ مشرکین

اللہ نے۔ آپ کہہ دیجئے بتاؤ جن کو تم پکارتے ہو اللہ کے سوا اگر چاہے مجھ کو اللہ تعالیٰ کوئی تکلیف پہنچانا کیا وہ

كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖٓ اَوْ اَرَادَنِيْ بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ ؕ قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ؕ

فریضہ مؤمنین

اس تکلیف کو دور کرنے والے ہیں؟ یا چاہے مجھ پہ کوئی مہربانی کرنا کیا وہ روکنے والے ہیں اس کی مہربانی کو؟ آپ کہہ دیجئے مجھے اللہ تعالیٰ کافی ہے

عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۳۸﴾ قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ۚ

فریضہ خاتم الانبیاء سے امہال مجرمین

اسی پر بھروسہ کرتے ہیں بھروسہ کرنے والے۔ آپ کہہ دیجئے اے میری قوم کام کرو تم اپنی جگہ پر بیشک میں کام کرنے والا ہوں

فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿۴۰﴾

نتیجہ اخروی

پس عنقریب تم جان لو گے اس کو جس کو پہنچے گا عذاب جو (اس کو) رسوا کر دے گا اور (موت کے بعد) اترے گا اس پر عذاب ہمیشہ رہنے والا

(۱)
آپ صلی اللہ علیہ وسلم تمام انبیاء کرام علیہم السلام کے مصدق ہیں، اور تمام انبیاء کرام علیہم السلام نے معراج کی رات میں مسجد اقصیٰ میں عملی طور پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق کی، مکہ کی سرزمین پر حضرت ابوبکرؓ اور دیگر صحابہ کرامؓ اور قیامت تک موحد مسلمان کرتے رہیں گے۔

(۱) اس آیت کو تین عنوانوں سے سمجھیں عنوان نمبر ا روح کی تین صفتیں ہیں۔ تمیز یعنی جس میں حواس ظاہرہ آنکھ، کان وغیرہ کام کرتے ہیں۔ زندگی یعنی حیات جس میں نبض اچھلتی ہے اور سانس چلتی ہے۔ اور بندگی یعنی اللہ کی اطاعت کی کامل صلاحیت وغیرہ۔ یہ روح کا اعلیٰ وصف ہے۔ یادرکھیں روح کی وصولی کے مختلف درجات ہیں

إِنَّآ أَنزَلْنَا عَلَيْكَ ٱلْكِتَٰبَ لِلنَّاسِ بِٱلْحَقِّ ۖ فَمَنِ ٱهْتَدَىٰ فَلِنَفْسِهِۦ ۖ وَمَن ضَلَّ

صداقت قرآن — نتیجہ مستفیدین من القرآن — نتیجہ محرومین عن القرآن

بیشک ہم نے اتاری آپ پر کتاب لوگوں کے لیے حق کو لیے ہوئے پس جس نے ہدایت پائی تو اس کو نفع ہے اور جو گمراہ ہوا

ع ١٠ ١ فَإِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۖ وَمَآ أَنتَ عَلَيْهِم بِوَكِيلٍ ﴿٤١﴾

تسلی خاتم الانبیاء

تو پس تحقیق گمراہ ہوا اپنے ہی نقصان کے لیے اور نہیں ہیں آپ ان پر ذمہ دار۔

(۱) وصولی دوم — وصولی اول — وصولی دوم

ٱللَّهُ يَتَوَفَّى ٱلْأَنفُسَ حِينَ مَوْتِهَا وَٱلَّتِى لَمْ تَمُتْ فِى مَنَامِهَا ۖ فَيُمْسِكُ ٱلَّتِى قَضَىٰ

کیفیت موت وحیات کلی مشکک ہے — ای یقبضها

اللہ ہی وصول کرتا ہے جانوں کو ان کی موت کے وقت اور ان جانوں کو بھی جن کی موت نہیں آئی ان کے سوتے وقت میں پھر روک لیتا ہے ان جانوں کو

وصولی اول

عَلَيْهَا ٱلْمَوْتَ وَيُرْسِلُ ٱلْأُخْرَىٰٓ إِلَىٰٓ أَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ إِنَّ فِى ذَٰلِكَ لَءَايَٰتٍ لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ﴿٤٢﴾

عن الابدان بان یقطع تعلقها تعلق التصرف فیها عنها روح ۵۸ ۳ ج ۲۴ — مستفیدین من الآیات

جن پر موت کا حکم دے چکا ہے اور چھوڑ دیتا ہے دوسری جانوں کو ایک معین معیاد تک بیشک اس میں البتہ بڑی نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو غور وفکر کرتے ہیں۔

أَمِ ٱتَّخَذُوا۟ مِن دُونِ ٱللَّهِ شُفَعَآءَ ۚ قُلْ أَوَلَوْ كَانُوا۟ لَا يَمْلِكُونَ شَيْـًٔا وَلَا يَعْقِلُونَ ﴿٤٣﴾

تنبیہ مشرکین۔ دلیل نمبر ۵ دلیل نمبر ۶۔ الزخرف ۸۶ دیکھیں — ماسوا اللہ سے مالکیت کی نفی

کیا انہوں نے اپنائے اللہ کے سوا سفارشی آپ کہہ دیجئے کیا (سفارش کریں گے یہ من دون اللہ) اگرچہ وہ کسی چیز کا بھی اختیار نہ رکھتے ہوں اور نہ کچھ سمجھتے ہوں

قُل لِّلَّهِ ٱلشَّفَٰعَةُ جَمِيعًا ۖ لَّهُۥ مُلْكُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ ۖ ثُمَّ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٤٤﴾

حصر الشفاعت فی باری تعالیٰ — تذکیر بما بعد الموت

آپ کہہ دیجئے اللہ ہی کے لیے ساری سفارشیں اس کے لیے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت پھر تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

وَإِذَا ذُكِرَ ٱللَّهُ وَحْدَهُ ٱشْمَأَزَّتْ قُلُوبُ ٱلَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِٱلْـَٔاخِرَةِ ۖ وَإِذَا ذُكِرَ ٱلَّذِينَ

کیفیت وخاصہ مشرکین

اور جب اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تنہا تو ناگواری محسوس کرتے ہیں دل ان لوگوں کے جو نہیں ایمان رکھتے آخرت پر اور جب ذکر کیا جاتا ہے

مِن دُونِهِۦٓ إِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُونَ ﴿٤٥﴾ قُلِ ٱللَّهُمَّ فَاطِرَ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ عَٰلِمَ ٱلْغَيْبِ

فریضہ خاتم الانبیاء سے نتیجہ ماسبق — ماغاب عن

دوسروں کا اللہ کے سوا تو اس وقت وہ خوش ہوجاتے ہیں۔ آپ کہیں اے اللہ پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمین کے جاننے والے پوشیدہ

وَٱلشَّهَٰدَةِ أَنتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِى مَا كَانُوا۟ فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿٤٦﴾ وَلَوْ أَنَّ لِلَّذِينَ

مخلوق — تذکیر بما بعد الموت

اور کھلی باتوں کے آپ فیصلہ کریں گے اپنے بندوں کے درمیان جن باتوں میں وہ اختلاف کرتے تھے۔ اور اگر ہوتا ان لوگوں کے لیے جنہوں نے

ظَلَمُوا۟ مَا فِى ٱلْأَرْضِ جَمِيعًا وَمِثْلَهُۥ مَعَهُۥ لَٱفْتَدَوْا۟ بِهِۦ مِن سُوٓءِ ٱلْعَذَابِ يَوْمَ

سے تخویف اخروی

شرک کیا جو کچھ زمین میں ہے سارے کا سارا اور اس کی مثل اس کے ساتھ تو ضرور جان چھڑاتے وہ اس کے ذریعہ سخت عذاب سے قیامت

ٱلْقِيَٰمَةِ ۚ وَبَدَا لَهُم مِّنَ ٱللَّهِ مَا لَمْ يَكُونُوا۟ يَحْتَسِبُونَ ﴿٤٧﴾ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّـَٔاتُ

اظہار شامت بداعمالی

کے دن اور ظاہر ہوگا ان کے لیے اللہ کی طرف سے جو وہ نہیں گمان کرتے تھے۔ اور ظاہر ہوں گی ان کے لیے برائیاں

نمبر ا: صرف حواس وشعور کو معطل کر دینا جیسے نیند میں بے ہوشی میں۔ نمبر ۲: بدن کی دنیوی زندگی کو ختم کر دینا مگر تعلق باقی رہے اسی پر قبر وبرزخ کے احوال گزرتے ہیں اور اسی سے میت ادراک کرتی ہے۔

بقیہ ص ۴۷۳ سے دیکھیں

اس آیت میں اس اعادہ روح کی نفی ہے جس کا تعلق تدبیر وتصرف سے ہے وہ قیامت سے پہلے نہیں۔ اور حدیث پاک میں اس اعادہ روح کا اثبات ہے جو برزخی ہے اور اس کا شعور ہمیں نہیں صرف اس پر ایمان رکھنا ضروری ہے۔ ابن حزم کا اعتراض وجواب ضمیمہ ص ۶۸۰ میں دیکھیں۔ نیز یہاں یہ بات یادرکھیں کہ ۱۳۷۴ھ تک کسی سنی مفسر نے اس آیت کے تحت نہیں لکھا کہ انبیاء علیہم السلام کی ارواح مقدسہ کا قبر وبرزخ میں اجساد مطہرہ کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔ لکھا ہے تو ایک حوالہ پیش کیا جائے مگر قیامت کی صبح تک کوئی حوالہ نہیں ملے گا۔ انشاء اللہ العزیز۔

بلکہ علامہ زرقانی "ان الانبیاء بعدما قبضوا ردت الیهم ارواحهم فهم احیاء عند ربهم کالشهداء" (زرقانی شرح مواہب ص ۲۳۳ ج ۳) یعنی انبیاء کی ارواح وفات کے بعد لوٹا دی جاتی ہیں تو وہ شہداء کی طرح اللہ تعالیٰ کے ہاں زندہ ہیں۔

عنوان نمبر ۲
توفی (وصولی) کلی مشکک ہے۔ کلی وہ مفہوم ہے جس میں بہت سے افراد شریک ہوں جیسے سیاہ اور سفید کلی ہیں ان کے بے شمار افراد ہیں۔ مشکک وہ کلی ہے جس کے سب افراد یکساں نہ ہوں جیسے سیاہ سب سیاہ یکساں نہیں ہوتے اسی طرح سفید سب سفید ایک درجہ کے نہیں ہوتے، پس سیاہ اور سفید کلی مشکک ہیں، اور ''توفی'' معنیٰ وصول کرنا، کہتے ہیں۔ ''توفیت حقی'' میں نے اپنا حق وصول کیا یہ وصولی کلی مشکک ہے اور اس وصولی کے مختلف درجات ہیں جیسے کسی کا کسی پر ایک ہزار روپے قرض ہے پانچ سو وصول ہو گئے اور پانچ سو باقی ہیں تو یہ بھی وصول ہے مگر جب باقی پانچ سو وصول ہو گئے تو یہ مکمل وصولی ہے۔ اس کے بعد بھی اگر مقروض عبد مشکور ہو تو ممنوع احسان رہے گا۔ اسی طرح روح کی وصولی کے بھی مختلف درجات ہیں پہلا درجہ صرف حواس کو معطل کر دینا، جیسا نیند میں، بے ہوشی میں۔ دوسرا درجہ بدن کی زندگی ختم کر کے صرف اعادہ روح کے ساتھ تعلق قائم رکھنا اسی سے میت ادراک کرتی ہے اور اسی سے قبر کے احوال متعلق ہیں۔ جیسے عبد شکور ممنون احسان رہتا ہے۔
(ہدایت القرآن)

عنوان نمبر ۳
بندہ کی تفسیر معارف الفرقان کو دیکھیں انشاء اللہ تشفی ہوگی۔

مَا كَسَبُوا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٤٨﴾ فَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ز

فطرت انسانی

جو انہوں نے کمائیں اور گھیر لے گا ان کو وہ (عذاب) جس کا وہ ٹھٹھا کرتے تھے۔ پس جب چھوتی ہے انسان کو کچھ تکلیف تو ہمیں پکارتا ہے

ثُمَّ اِذَا خَوَّلْنٰهُ نِعْمَةً مِّنَّا لا قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ ط بَلْ هِيَ فِتْنَةٌ وَّلٰكِنَّ

پھر جب ہم بخشتے ہیں اس کو کوئی نعمت اپنی طرف سے، تو کہنے لگتا ہے یہ مجھے صرف میرے علم کی وجہ سے ملی ہے (نہیں) بلکہ وہ آزمائش ہے لیکن

اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٤٩﴾ قَدْ قَالَهَا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ

تذکیر بایام اللہ سے مخالفین انبیاء کی تخویف

ان کی اکثریت نہیں جانتی۔ بیشک یہ بات کہی تھی ان لوگوں نے بھی جو ان سے پہلے تھے پس نہ کام آئے ان کے

مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٥٠﴾ فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ط وَالَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ هٰٓؤُلَآءِ سَيُصِيْبُهُمْ

نتیجہ مخالفین انبیاء

وہ اعمال جو وہ کیا کرتے تھے۔ پھر پہنچی ان کو سزا ان کی بداعمالیوں کی اور وہ جو ظالم ہیں ان میں سے عنقریب پہنچے گی ان کو

سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا لا وَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿٥١﴾ اَوَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ

توحید پر دلیل عقلی از الہ شبہ

سزا ان کی بداعمالیوں کی اور وہ عاجز نہیں کر سکتے۔ کیا وہ نہیں جانتے کہ بیشک اللہ تعالیٰ کشادہ کرتا ہے روزی جس کے لیے

ع ۵ ۱۱ ۲

يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ط اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٥٢﴾ ع

مستفیدین من الآیات

چاہتا ہے اور تنگ کرتا ہے بیشک اس میں البتہ نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو ایمان رکھتے ہیں۔

قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ط اِنَّ اللّٰهَ

بنی آدم کے لیے طریق کامیابی نمبر ا وجۂ عدم مایوسی

آپ کہہ دیجئے اے میرے بندو جنہوں نے زیادتی کی اپنی جانوں پر نہ مایوس ہو جاؤ اللہ کی رحمت سے بیشک اللہ

يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ط اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿٥٣﴾ وَاَنِيْبُوْٓا اِلٰى رَبِّكُمْ وَاَسْلِمُوْا لَهٗ

طریق کامیابی نمبر ۲ نمبر ۳

سب گناہ معاف کرتا ہے بیشک وہی بخشنے والا مہربان ہے۔ اور متوجہ ہو جاؤ اپنے رب کی طرف اور سر تسلیم ہو جاؤ اس کے سامنے

مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿٥٤﴾ وَاتَّبِعُوْٓا اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ

نمبر ۴

پہلے اس سے کہ آئے تم پر عذاب پھر تم مدد نہ کیے جاؤ۔ اور پیروی کرو اس اچھی بات کی جو اتاری گئی تم پر

مِّنْ رَّبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً وَّاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ﴿٥٥﴾ لا اَنْ تَقُوْلَ

میدان حشر میں

تمہارے رب کی طرف سے اس سے پہلے کہ آئے تم پر عذاب اچانک اور تمہیں خیال بھی نہ ہو۔ کہ کہے

نَفْسٌ يّٰحَسْرَتٰى عَلٰى مَا فَرَّطْتُّ فِيْ جَنْۢبِ اللّٰهِ وَاِنْ كُنْتُ لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ ﴿٥٦﴾ لا

کفار کی ندامت نمبر ا۔ کوئی نفس

کوئی نفس ہائے افسوس اس پر جو کوتاہی کی میں نے اللہ کی جانب میں اور بیشک تھا میں ٹھٹھا کرنے والوں میں سے

اَوْ تَقُوْلَ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ هَدٰىنِیْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِیْنَ ﴿۵۷﴾ اَوْ تَقُوْلَ حِیْنَ تَرَى الْعَذَابَ

ندامت نمبر ۲ — نمبر ۳

یا کہے کاش کہ یہ بات ہوتی کہ اللہ تعالیٰ مجھے ہدایت دیتے تو میں ضرور ہوتا بچنے والوں میں سے۔ یا کہے جس وقت دیکھے عذاب کو

لَوْ اَنَّ لِیْ كَرَّةً فَاَكُوْنَ مِنَ الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۵۸﴾ بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ اٰیٰتِیْ فَكَذَّبْتَ بِهَا

جواب ندامت

کاش میرے لیے لوٹنا ہوتا تو ہوتا میں نیکو کاروں میں سے۔ کیوں نہیں یقیناً آئی تھی تیرے پاس میری آیتیں پس تو نے ان کو جھٹلایا

وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنْتَ مِنَ الْكٰفِرِیْنَ ﴿۵۹﴾ وَیَوْمَ الْقِیٰمَةِ تَرَى الَّذِیْنَ كَذَبُوْا عَلَى اللّٰهِ

کیفیت مکذبین وانجام

اور تو نے غرور کیا اور تھا تو منکروں میں سے ۔ اور قیامت کے دن تو دیکھے گا جنہوں نے جھوٹ بولا اللہ پر

وُجُوْهُهُمْ مُّسْوَدَّةٌ ؕ اَلَیْسَ فِیْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِیْنَ ﴿۶۰﴾ وَیُنَجِّی اللّٰهُ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا

نتیجہ متکبرین — نتیجہ متقین

ان کے چہرے سیاہ ہوں گے۔ کیا نہیں ہے دوزخ میں ٹھکانا تکبر کرنے والوں کا ۔اور نجات دیں گے اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو جو بچتے رہے

بِمَفَازَتِهِمْ ۫ لَا یَمَسُّهُمُ السُّوْٓءُ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ﴿۶۱﴾ اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَیْءٍ ۫ وَّهُوَ عَلٰى

حصر الخالقیت باری

ان کی کامیابی کی جگہ میں نہیں چھوئے گی ان کو برائی اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ ہر چیز کو پیدا کرنے والا ہے اور وہ ہر

كُلِّ شَیْءٍ وَّكِیْلٌ ﴿۶۲﴾ لَهٗ مَقَالِیْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِاٰیٰتِ اللّٰهِ

حصر القدرت باری

چیز پر کارساز ہے۔ اسی کے لیے ہیں چابیاں آسمانوں اور زمین کی اور جنہوں نے انکار کیا اللہ کی آیتوں کا

ع۶

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۶۳﴾ ع

انجام منکرین

وہی نقصان پانے والے ہیں۔

قُلْ اَفَغَیْرَ اللّٰهِ تَاْمُرُوْٓنِّیْٓ اَعْبُدُ اَیُّهَا الْجٰهِلُوْنَ ﴿۶۴﴾ وَلَقَدْ اُوْحِیَ اِلَیْكَ وَاِلَى الَّذِیْنَ

تردید مشرکین — توحید پر دلیل وحی

آپ کہہ دیجئے کیا پھر اللہ تعالیٰ کے سوا کا تم مجھے حکم دیتے ہو کہ میں عبادت کرو اے نادانوں۔ اور البتہ تحقیق وحی کی گئی آپ کی طرف اور ان کی طرف

مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَئِنْ اَشْرَكْتَ لَیَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ ﴿۶۵﴾ بَلِ اللّٰهَ

تشریح وحی ونتیجہ شرک (۱) — فریضۂ خاتم الانبیا

جو آپ سے پہلے ہوئے کہ اگر آپ نے شرک کیا تو ضرور ضائع ہو جائیں گے آپ کے اعمال اور ضرور ہوں گے آپ نقصان اٹھانے والوں میں سے۔ بلکہ اللہ ہی کی

فَاعْبُدْ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِیْنَ ﴿۶۶﴾ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۖ وَالْاَرْضُ جَمِیْعًا قَبْضَتُهٗ

مخالفین کا معرفت وعظمت خداوندی سے خالی ہونے کا بیان۔ حصر التصرف باری۔ قبضہ قدرت خداوندی

عبادت کر اور ہو تو شکر گزاروں میں سے ۔اور نہیں مرتبہ پہچانا انہوں نے اللہ کا جو اس کے مرتبہ کا حق ہے حالانکہ ساری زمین اس کی مٹھی میں ہوگی

یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِیّٰتٌ بِیَمِیْنِهٖ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَنُفِخَ فِی

(قبضۂ قدرت خداوندی) — تنزیہہ الرحمٰن عن الشرکاء — نفخۂ اولیٰ

قیامت کے دن اور آسمان لپٹے ہوئے ہوں گے اس کے دائیں ہاتھ میں اس کی ذات پاک ہے اور برتر ہے ان چیزوں سے جن کو وہ شریک ٹھہراتے ہیں۔ اور پھونکا جائے گا

(۱) بظاہر خطاب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہے مگر مراد آپ کی امت ہے۔ کیونکہ انبیاء علیہم السلام ہمیشہ سے عقیدہ توحید پر متفق رہے

الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ؕ ثُمَّ نُفِخَ فِیْهِ

نفخۂ ثانیہ (مراد ذات خداوندی ہے ۔ ابن کثیر)

صور میں پس ہوش اڑ جائیں گے ان کے جو آسمانوں میں ہیں اور ان کے جو زمین میں ہیں مگر جس کو اللہ نے چاہا پھر پھونکا جائے گا اس میں

اُخْرٰی فَاِذَا هُمْ قِیَامٌ یَّنْظُرُوْنَ ﴿۶۸﴾ وَاَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِ رَبِّهَا وَوُضِعَ الْكِتٰبُ

نتیجہ نفخۂ ثانیہ — احوالِ قیامت — کیفیت حساب

دوسری مرتبہ پس اچانک وہ (قبروں سے نکل کر) کھڑے ہر طرف دیکھ رہے ہوں گے ۔ اور چمکے گی زمین (حشر والی بے کیف) اپنے رب کے نور سے اور رکھا جائے گا نامہ اعمال

وَجِایْٓءَ بِالنَّبِیّٖنَ وَالشُّهَدَآءِ وَقُضِیَ بَیْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ ﴿۶۹﴾ وَوُفِّیَتْ

مجازاتِ اعمال

اور لائے جائیں گے انبیاء اور گواہ اور (سب مکلفین کا) فیصلہ کیا جائے گا ان کے درمیان انصاف سے اور وہ ظلم نہیں کیے جائیں گے ۔ اور پورا پورا بدلہ دیا جائے گا

ع ٧ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَا یَفْعَلُوْنَ ﴿۷۰﴾

ہر نفس کو جو اس نے کیا اور وہ خوب جاننے والا ہے ان کاموں کو جو وہ کرتے ہیں ۔

وَسِیْقَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰی جَهَنَّمَ زُمَرًا ؕ حَتّٰٓی اِذَا جَآءُوْهَا فُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ

مجرمین کے لیے قضایا عدل کا بیان — مجرمین کی رسوائی — مکالمہ داروغۂ جہنم

اور چلایا جائے گا ان کو جنہوں نے کفر کیا جہنم کی طرف گروہ در گروہ یہاں تک کہ جب آجائیں گے اس کے پاس کھولے جائیں گے اس کے دروازے اور ان سے کہیں گے

خَزَنَتُهَآ اَلَمْ یَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ یَتْلُوْنَ عَلَیْكُمْ اٰیٰتِ رَبِّكُمْ وَیُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ یَوْمِكُمْ

اس کے داروغے کیا نہیں آئے تھے تمہارے پاس رسول تم میں سے جو پڑھتے تھے تم پر تمہارے رب کی آیتیں اور ڈراتے تھے تم کو تمہارے اس دن کی ملاقات سے

هٰذَا ؕ قَالُوْا بَلٰی وَلٰكِنْ حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَی الْكٰفِرِیْنَ ﴿۷۱﴾ قِیْلَ ادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ

مجرمین کا اقرار — فرد جرم لگنے کا بیان — حکمِ خداوندی برائے نتیجہ

وہ کہیں گے کیوں نہیں لیکن ثابت ہوگئی عذاب کی بات کافروں پر ۔ کہا جائے گا داخل ہوجاؤ جہنم کے دروازوں میں

جَهَنَّمَ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَی الْمُتَكَبِّرِیْنَ ﴿۷۲﴾ وَسِیْقَ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ اِلَی الْجَنَّةِ

نتیجۂ متقین

ہمیشہ رہنے والے اس میں پس برا ٹھکانا ہے تکبر کرنے والوں کا ۔ اور لے جایا جائے گا ان کو جو ڈرتے تھے اپنے رب سے جنت کی طرف

زُمَرًا ؕ حَتّٰٓی اِذَا جَآءُوْهَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ عَلَیْكُمْ طِبْتُمْ

متقین کی سرفرازی — متقین کی سلامی

گروہ در گروہ یہاں تک کہ جب آئیں گے اس پر اور کھولے جائیں گے اس کے دروازے اور کہیں گے ان سے اس کے داروغے سلامتی ہو تم پر تم اچھے رہے

فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِیْنَ ﴿۷۳﴾ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ

متقین کی ادائیگی شکر — تشریح وعدہ

پس داخل ہوجاؤ اس میں ہمیشہ رہنے والے ۔ اور وہ کہیں گے سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے سچا کیا ہم سے اپنا وعدہ اور ہمیں وارث بنایا اس زمین کا ہم رہیں گے

مِنَ الْجَنَّةِ حَیْثُ نَشَآءُ ۚ فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِیْنَ ﴿۷۴﴾ وَتَرَی الْمَلٰٓئِكَةَ حَآفِّیْنَ مِنْ

(۱) ملائکہ کا مشغلہ نمبر ۱ (بوقت جلوہ گری قضایا کے لیے)

جنت میں جہاں ہم چاہیں گے پس خوب بدلہ ہے عمل کرنے والوں کا اور آپ دیکھیں گے فرشتوں کو گھیرنے والے

(۱) عدالت برخاست

ع ۸ ۵

حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ۚ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۵﴾

گرد — نمبر ۲ — (۱)

عرش کے اردگرد کو وہ پاکی بیان کرتے ہوں گے اپنے رب کی حمد کے ساتھ اور فیصلہ کیا جائے گا ان کے درمیان ٹھیک ٹھیک اور کہا جائے گا تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو سب جہانوں کا پالنے والا ہے۔

(۱) پھر اس نعرہ تحسین پر دربار عدالت برخاست ہوجائے گی

موضوع سورۃ : یہاں سے حوامیم سبعہ کا ذکر ہے۔ ان سب کا موضوع دعوت الی القرآن ہے مگر ہر ایک کا عنوان مختلف ہے۔ اس سورۃ میں مخالفین قرآن کے لیے انذار کا ذکر ہے۔ نیز ساتوں سورتیں منزل وموحیٰ من اللہ ہونے کے مضمون سے شروع ہوتی ہیں۔

سُوْرَةُ الْمُؤْمِنِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسٌ وَّثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَّتِسْعُ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۃ المؤمن — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

ترتیب تلاوت ۴۰، ترتیب نزول ۶۰، آیات ۸۵، تعداد رکوعات ۹

حٰمٓ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۲﴾ غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ

صداقت قرآن۔ — بعض صفات سے ترغیب کا بیان نمبر ۱ — نمبر ۲ — نمبر ۳ (جو لاالٰہ الا اللہ کہتا ہے) نمبر ۴

حٰمٓ: اتارنا کتاب کا اللہ کی طرف سے ہے جو زبردست خوب جاننے والا ہے۔ گناہ کو بخشنے والا اور توبہ کو قبول کرنے والا ہے

شَدِيْدِ الْعِقَابِ ۙ ذِي الطَّوْلِ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿۳﴾ مَا يُجَادِلُ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ

نمبر ۵ — نمبر ۶ نتیجہ دلائل۔ — تذکیر بمابعد الموت — آیات الٰہیہ میں مجادلہ کی ممانعت

سخت عذاب دینے والا اور قوت والا ہے نہیں کوئی معبود مگر وہی اس کے پاس جانا ہے نہیں جھگڑا کرتے اللہ کی آیتوں میں

اِلَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَلَا يَغْرُرْكَ تَقَلُّبُهُمْ فِي الْبِلَادِ ﴿۴﴾ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّالْاَحْزَابُ

امہال مجرمین — تذکیر بایام اللہ سے مخالفین قرآن کے لیے انذار وتسلی

مگر وہ لوگ جو کافر ہیں پس نہ اشتباہ میں ڈالے آپ کو ان کا چلنا پھرنا شہروں میں۔ جھٹلایا ان سے پہلے قوم نوح نے اور لشکروں نے

مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۠ وَهَمَّتْ كُلُّ اُمَّةٍۢ بِرَسُوْلِهِمْ لِيَاْخُذُوْهُ وَجٰدَلُوْا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا

خاتم الانبیاء — نے — اپنے

ان کے بعد اور ارادہ کیا ہر امت نے اپنے رسول کے ساتھ کہ وہ اس کو پکڑیں اور جھگڑا کیا انہوں نے ناحق تاکہ دبا دیں

بِهِ الْحَقَّ فَاَخَذْتُهُمْ ۣ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ﴿۵﴾ وَكَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ

گرفت خداوندی — فیصلہ خداوندی

اس کے ذریعہ حق کو پس میں نے ان کو پکڑا پس کیسا تھا میرا عذاب۔ اور اسی طرح ثابت ہوگئی تیرے رب کی بات ان لوگوں پر

كَفَرُوْٓا اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ﴿۶﴾ۘ اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهٗ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ

نتیجہ مشرکین — حملۃ العرش اور حافین بالعرش ملائکہ کے مشاغل نمبر ۱ — نمبر ۲ — نمبر ۳

جنہوں نے کفر کیا کہ وہ دوزخ والے ہیں۔ جو اٹھاتے ہیں عرش کو اور جو اس کے اردگرد ہیں وہ پاکی بیان کرتے ہیں اپنے رب کی حمد کے ساتھ

رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا

نمبر ۳ — ملائکہ کی ادعیہ نمبر ۱

اور وہ ایمان رکھتے ہیں اس پر اور وہ مغفرت طلب کرتے ہیں ان لوگوں کے لیے جو ایمان لائے اے ہمارے رب آپ ہر چیز پر وسیع ہیں مہربانی اور علم میں

فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿۷﴾ رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ

نمبر ۲ — نمبر ۳ — نمبر ۴

پس آپ معاف کردیں ان کو جنہوں نے توبہ کی اور پیروی کی آپ کے راستہ کی اور بچائیں ان کو دوزخ کے عذاب سے اے ہمارے رب اور آپ ان کو داخل کریں باغات میں

عَدْنِ ۨالَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَاۗىِٕهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ ۭ اِنَّكَ

نمبر ۵

ہمیشہ رہنے کے جس کا آپ نے ان سے وعدہ کیا ہے اور جو ٹھیک ہوئے ان کے باپ دادا سے اور ان کی بیویوں سے اور انکی اولادوں سے بیشک آپ

اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ﴿۸﴾ وَقِهِمُ السَّیِّاٰتِ ؕ وَمَنْ تَقِ السَّیِّاٰتِ یَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ؕ

نمبر ۶ نتیجۂ متقین

ہی زبردست حکمت والے ہیں۔ اور آپ ان کو بچائیں برائیوں سے اور جس کو آپ بچائیں برائیوں سے اس دن پس تحقیق آپ کی مہربانی ہوگی اس پر

وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ﴿۹﴾ ع ۶/۲

اور یہی بڑی کامیابی ہے

اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا یُنَادَوْنَ لَمَقْتُ اللّٰهِ اَكْبَرُ مِنْ مَّقْتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ اِذْ تُدْعَوْنَ اِلَى

کفار کی رسوائی

بیشک جن لوگوں نے کفر کیا پکارے جائیں گے کہ البتہ اللہ کی ناراضگی بڑی ہے تمہاری اپنے جانوں کی ناراضگی سے جب تم بلائے جاتے تھے

الْاِیْمَانِ فَتَكْفُرُوْنَ ﴿۱۰﴾ قَالُوْا رَبَّنَاۤ اَمَتَّنَا اثْنَتَیْنِ وَاَحْیَیْتَنَا اثْنَتَیْنِ فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوْبِنَا

مجرمین کا اقرار جرم (۱)

ایمان کی طرف پس تم انکار کرتے تھے۔ انہوں نے کہا اے ہمارے رب مارا تو نے ہم کو دو مرتبہ اور زندہ کیا آپ نے ہم کو دو مرتبہ پس ہم اپنے گناہوں کا اقرار کرتے ہیں

فَهَلْ اِلٰى خُرُوْجٍ مِّنْ سَبِیْلٍ ﴿۱۱﴾ ذٰلِكُمْ بِاَنَّهٗۤ اِذَا دُعِیَ اللّٰهُ وَحْدَهٗ كَفَرْتُمْ ۚ وَاِنْ یُّشْرَكْ بِهٖ

مجرمین کی تمنا سبب خلود فی النار۔ تھا

پس کیا نکلنے کی کوئی راہ ہے؟ یہ بات اس لیے ہے کہ جب پکارا جاتا تھا اللہ کو اکیلا تم کفر کرتے تھے اور اگر شریک کیا جاتا اس کے ساتھ

تُؤْمِنُوْا ؕ فَالْحُكْمُ لِلّٰهِ الْعَلِیِّ الْكَبِیْرِ ﴿۱۲﴾ هُوَ الَّذِیْ یُرِیْكُمْ اٰیٰتِهٖ وَیُنَزِّلُ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ رِزْقًا ؕ

تم یقین توحید پر عقلی دلائل

تو تم تسلیم کر لیتے تھے پس اللہ فیصلہ کرے گا جو برتر ہے بڑا ہے۔ وہ جو دکھاتا ہے تمہیں اپنی نشانیاں اور اتارتا ہے تمہارے لیے آسمان سے روزی

وَمَا یَتَذَكَّرُ اِلَّا مَنْ یُّنِیْبُ ﴿۱۳﴾ فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۴﴾

مستفیدین من الآیات التزام اطاعت

اور نہیں نصیحت حاصل کرتا مگر جو رجوع کرے (اللہ کی طرف) پس پکارو اللہ کو خالص اس کی اطاعت کرتے ہوئے اگرچہ ناپسند کریں کفر کرنے والے

رَفِیْعُ الدَّرَجٰتِ ذُو الْعَرْشِ ۚ یُلْقِی الرُّوْحَ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ لِیُنْذِرَ

عظمت خداوندی فریضۂ

درجات بلند کرنے والا عرش والا بھیجتا ہے وہ وحی اپنے حکم سے جس پر چاہے اپنے بندوں میں سے تا کہ وہ ڈرائے

یَوْمَ التَّلَاقِ ﴿۱۵﴾ یَوْمَ هُمْ بٰرِزُوْنَ ۚ لَا یَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْهُمْ شَیْءٌ ؕ لِمَنِ الْمُلْكُ الْیَوْمَ ؕ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ

خاتم الانبیاء شدت یوم قیامت

ملاقات کے دن سے۔ جس دن وہ لوگ ظاہر ہونے والے ہوں گے نہیں پوشیدہ اللہ پر ان کی کوئی بات کس کے لیے بادشاہی ہے آج؟ اللہ اکیلے کے لیے

الْقَهَّارِ ﴿۱۶﴾ اَلْیَوْمَ تُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ ؕ لَا ظُلْمَ الْیَوْمَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِیْعُ الْحِسَابِ ﴿۱۷﴾

مجازات اعمال

جو زبردست ہے۔ آج کے دن بدلہ دیا جائے گا ہر نفس کو جو اس نے کمایا آج کے دن ظلم نہیں ہوگا۔ بیشک اللہ جلد حساب لینے والے ہیں۔

وَاَنْذِرْهُمْ یَوْمَ الْاٰزِفَةِ اِذِ الْقُلُوْبُ لَدَى الْحَنَاجِرِ كٰظِمِیْنَ ؕ مَا لِلظّٰلِمِیْنَ مِنْ حَمِیْمٍ

فریضۂ خاتم الانبیاء قریب آنے والے دن سے

اور آپ ان کو ڈرائیں آنے والے دن سے جب دل گلوں کے پاس آ جائیں گے وہ غم سے گھٹ رہے ہوں گے نہیں ہوگا ظالموں کے لیے کوئی دوست

(۱)
ضمیمہ ص ۶۸۰ میں دیکھیں۔
اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۝۱۶ ۚ

دنیوی نعمت — فضیلت زمانی

اسرائیل کو کتاب اور حکومت اور نبوت اور روزی دی ہم نے ان کو پاکیزہ چیزوں سے اور فضیلت دی ہم نے ان کو جہان والوں پر

وَاٰتَيْنٰهُمْ بَيِّنٰتٍ مِّنَ الْاَمْرِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوْٓا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ ۙ بَغْيًاۢ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّ

بنی اسرائیل کا اختلاف

اور دیئے ہم نے ان کو واضح دین کے احکام پس نہیں اختلاف کیا انہوں نے مگر علم آجانے کے بعد آپس کی ضد سے بیشک

رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۝۱۷ ثُمَّ جَعَلْنٰكَ عَلٰى شَرِيْعَةٍ مِّنَ

قیامت کے دن عملی فیصلہ — اثبات نبوت خاتم الانبیاء — دین

تیرا رب فیصلہ کرے گا ان کے درمیان قیامت کے دن ان باتوں میں کہ تھے وہ اس میں اختلاف کرتے۔ پھر مقرر کر دیا ہم نے آپ کو دین کی ایک راہ پر

الْاَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۱۸ اِنَّهُمْ لَنْ يُّغْنُوْا عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ۭ

کے سلسلے میں (خطاب نبوت کو ہے مراد امت ہے) — گزشتہ حکم کی علت

پس آپ اس کی پیروی کریں اور آپ نہ پیروی کریں ان لوگوں کی خواہشات کی جو نہیں جانتے۔ بیشک وہ آپ کے ہرگز کام نہیں آئیں گے اللہ کے ہاں کچھ بھی

وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۚ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ ۝۱۹ هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى

قرآن ذریعہ ہدایت

اور بیشک مشرک ایک دوسرے کے دوست ہیں اور اللہ دوست ہے پرہیز گاروں کا۔ یہ سمجھ کی باتیں ہیں لوگوں کے لیے اور ہدایت

وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۝۲۰ اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ اجْتَرَحُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

تفاوت نتائج فریقین

اور رحمت ان لوگوں کے لیے جو یقین رکھتے ہیں۔ کیا گمان کیا ان لوگوں نے جنہوں نے کمائی برائیاں کہ ہم ان کو بنائیں گے ان لوگوں کی مانند جو ایمان لائے

رکوع ۲ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ سَوَآءً مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ ۭ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ۝۲۱ ع

اور انہوں نے نیک کام کیے۔ برابر ہے ان کا جینا اور ان کا مرنا۔ برا ہے جو وہ فیصلہ کرتے ہیں

وَخَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝۲۲

دلیل توحید قدرت باری تعالیٰ — حکمت معاد

اور پیدا کیا اللہ نے آسمانوں اور زمین کو بامقصد اور تا کہ بدلہ دے ہر جی کو جو اس نے کمایا اور وہ حق نہیں مارے جائیں گے۔

اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ وَّخَتَمَ عَلٰى سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ وَجَعَلَ

کفار کی بدعقیدگی کا بیان — نتیجہ نمبر ۱ — نمبر ۲ — نمبر ۳ — نمبر ۴

کیا آپ نے دیکھا اس کو جس نے اپنی خواہش کو معبود بنایا اور اللہ نے اس کو گمراہ کیا علم کی رو سے اور مہر لگا دی اس کے کانوں پر اور اس کے دل پر اور بنا دیا

عَلٰى بَصَرِهٖ غِشٰوَةً ۭ فَمَنْ يَّهْدِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ اللّٰهِ ۭ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝۲۳ وَقَالُوْا مَا هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا

حصر الہدایت فی ذات باری تعالیٰ — منکرین معاد یعنی دہریوں کا شکوہ

اس کی آنکھوں پر پردہ پس کون راہ دکھائے گا اس کو اللہ کے بعد؟ کیا تم سمجھتے نہیں ہو۔ اور انہوں نے کہا نہیں وہ (حیات) مگر دنیا کی زندگی

الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَآ اِلَّا الدَّهْرُ ۚ وَمَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۚ اِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ﴿۲۴﴾

جوابِ شکوہ اوران کی جہالت

ہم مرتے ہیں اور جیتے ہیں اور ہمیں نہیں ہلاک کرتا مگر زمانہ اور نہیں ہے ان کو اس بارے میں کچھ علم۔ نہیں وہ مگر گمان کرتے ہیں

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ مَّا كَانَ حُجَّتَهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوا ائْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۵﴾

آیات اثبات بعث بعد الموت — منکرین معاد کا نفسانی مطالبہ

اور جب پڑھی جاتی ہیں ان کے سامنے ہماری آیتیں واضح نہیں ہوئی ان کی دلیل مگر یہ کہ انہوں نے کہا لاؤ تم ہمارے باپ دادوں کو اگر تم سچے ہو

قُلِ اللّٰهُ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ

جواب مطالبہ ۔ تذکیر بمابعد الموت

آپ کہہ دیجئے اللہ زندہ کرتا ہے تم کو پھر مارے گا تم کو پھر اکٹھا کرے گا تم کو قیامت کے دن میں اس میں کچھ شبہ نہیں لیکن اکثر لوگ

٣ ع ١٥ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ ع

نہیں جانتے۔

ربط (اوپر قیامت اب بھی)

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّخْسَرُ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۲۷﴾

حصر المالکیت باری — بعث بعد الموت پر قدرت کا بیان — نتیجہ منکرین قیامت

اور اللہ کے لیے ہے بادشاہی آسمانوں اور زمین کی اور جس دن قیامت قائم ہوگی اس دن نقصان میں ہوں گے باطل پرست۔

وَتَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً ۣ كُلُّ اُمَّةٍ تُدْعٰٓى اِلٰى كِتٰبِهَا ۭ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۸﴾

تذکیر بمابعد الموت۔ — مقام عاجزی کیفیت حساب — مجازات اعمال

اور آپ دیکھیں گے ہر امت کو گھٹنوں کے بل بیٹھنے والی ہر امت بلائی جائے گی اپنے نوشتہ کی طرف آج کے دن بدلہ دیا جائے گا تم کو جو کام تم کرتے تھے

هٰذَا كِتٰبُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ ۭ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۹﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

کیفیت نامۂ اعمال — کتابت اعمال — نتائج متقین

یہ ہمارا لکھوایا ہوا ہے بولتا ہے تم پر سچائی کے ساتھ بے شک ہم لکھوایا کرتے تھے جو تم کیا کرتے تھے پس بہر حال وہ لوگ جو ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ﴿۳۰﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ

فضیلت جنت

اور انہوں نے نیک کام کیے پس داخل کرے گا ان کو ان کا رب اپنی رحمت میں وہ واضح کامیابی ہے۔ اور بہرحال

كَفَرُوْا ۣ اَفَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنْتُمْ قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِذَا قِيْلَ

کفار کے لیے تنبیہ — سبب رسوائی — وعدہ بعث بعد الموت کے یقینی ہونے کا بیان

جنہوں نے انکار کیا کیا نہیں تھیں میری آیتیں پڑھی جاتیں تمہارے سامنے پس تکبر کیا تم نے اور تم مجرم لوگ تھے۔ اور جب کہا گیا

اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيْهَا قُلْتُمْ مَّا نَدْرِيْ مَا السَّاعَةُ ۙ اِنْ نَّظُنُّ اِلَّا ظَنًّا

شکوہ منکرین قیامت

بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے اور قیامت اس میں کچھ شک نہیں تم نے کہا ہم نہیں جانتے قیامت کیا ہے؟ نہیں ہم گمان کرتے مگر معمولی سا گمان

وَّمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۳﴾

خلاصہ بداعمالی

اور نہیں ہم یقین کرنے والے، اور ظاہر ہوں گی ان کے لیے برائیاں ان کے کاموں کی جو انہوں نے کیے۔ اور گھیرے گا ان کو وہ جس کا وہ ٹھٹھا کرتے تھے۔

وَقِيلَ الْيَوْمَ نَنسَاكُمْ كَمَا نَسِيتُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هَٰذَا وَمَأْوَاكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُم مِّن نَّاصِرِينَ ﴿٣٤﴾

مجرمین کے لیے تنبیہ۔(فراموش) یا نظرانداز — نتیجہ اُخروی — نفی شفیع قہری

اور کہا جائے گا آج ہم نے تمھیں فراموش کر دیا جیسا کہ تم نے بھلا دیا اس دن کی ملاقات کو اور تمہارا اٹھکانا دوزخ ہے اور نہیں ہے تمہارے لیے کوئی مددگار۔

ذَٰلِكُم بِأَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ آيَاتِ اللَّهِ هُزُوًا وَغَرَّتْكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُونَ مِنْهَا

سبب گمراہی — مشرکین کا خلود فی النار

یہ بات اس لیے ہے کہ تم نے بنایا اللہ کی آیتوں کا ٹھٹھا اور دھوکہ دیا تم کو دنیا کی زندگی نے پس آج وہ نہیں نکالے جائیں گے اس سے

وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ ﴿٣٥﴾ فَلِلَّهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَرَبِّ الْأَرْضِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿٣٦﴾ وَلَهُ

توحید پر دلیل عقلی۔قیامت کی کورٹ برخاست اور نعرۂ حمد

اور نہ وہ منا سکیں گے۔ پس ساری تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو رب ہے آسمانوں کا اور رب ہے زمین کا رب ہے سب جہانوں کا۔ اور اسی کے لیے

رکوع ۴

الْكِبْرِيَاءُ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿٣٧﴾

عظمت خداوندی

بڑائی ہے آسمانوں اور زمین میں اور وہ زبردست حکمت والا ہے۔

سُوْرَةُ الْاَحْقَافِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسٌ وَّ ثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَّ اَرْبَعُ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۃ الاحقاف ربط اوپر توحید اب بھی توحید — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

ترتیب تلاوت ۴۶، ترتیب نزول ۶۶، آیات ۳۵، رکوعات ۴

حٰمٓ ① تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ② مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

تمہید صداقت قرآن — توحید پر عقلی دلیل

حٰم: کتاب کا اتارنا اللہ کی طرف سے ہے جو زبردست حکمت والا ہے۔ نہیں پیدا کیا ہم نے آسمانوں اور زمین کو

وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَمَّآ اُنْذِرُوْا مُعْرِضُوْنَ ③

منکرین قیامت کے لیے وعید

اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے مگر بامقصد اور مقرر وقت تک اور جن لوگوں نے کفر کیا جس بات سے وہ ڈرائے گئے منہ پھیرنے والے ہیں

قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ

مشرکین سے طریق مناظرہ — میں صرف مردے نہیں بلکہ زندہ بھی من دون اللہ ہیں۔

آپ کہہ دیجئے تم بتاؤ جن کو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو مجھے دکھلاؤ کیا پیدا کیا انہوں نے زمین سے یا ان کے لیے کوئی شراکت ہے

فِی السَّمٰوٰتِ ؕ اِيْتُوْنِيْ بِكِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ هٰذَآ اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ④

دلیل وحی کا مطالبہ — دلیل نقلی کا مطالبہ — باقی ماندہ علم

آسمانوں میں لاؤ تم میرے پاس کوئی کتاب اس سے پہلے کی یا کوئی منقول بات علم کی اگر تم سچے ہو۔

وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗٓ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

نداء غیر اللہ کی ممانعت (۱)

اور کون زیادہ گمراہ ہے اس سے جو پکارتا ہے اللہ کے سوا اس کو جو جواب نہیں دیتا اس کو قیامت کے دن تک

وَهُمْ عَنْ دُعَآئِهِمْ غٰفِلُوْنَ ⑤ وَاِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوْا لَهُمْ اَعْدَآءً وَّكَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِيْنَ ⑥

لاحوالھم مشغولون۔ آلوسی (۲) — متبوعین کی برأت

اور وہ ان کی پکار سے بے خبر ہیں۔ اور جب اکھٹے کیے جائیں گے لوگ ہوں گے وہ ان کے لیے دشمن اور وہ ہوں گے ان کی عبادت کا انکار کرنے والے۔

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۙ هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ⑦

تلاوت آیات پر شکوہ منکرین قرآن نمبرا — (کیونکہ جادو کی طرح قرآن ذی اثر ہے)

اور جب پڑھی جاتی ہیں ان پر ہماری آیتیں واضح کہتے ہیں وہ لوگ نے جنہوں نے کفر کیا حق بات کے بارے میں جب آئی وہ ان کے پاس کہ یہ کھلا جادو ہے۔

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَلَا تَمْلِكُوْنَ لِيْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِمَا

شکوہ منکرین نمبر ۲ — جواب شکوہ — حصر التصرف باری — وسعت علم باری سے تہدید

بلکہ وہ کہتے ہیں اس نے اس کو گھڑلیا ہے آپ کہہ دیں اگر میں نے اس کو گھڑلیا (تو اللہ مجھے اس کی سزا دیں گے) پس نہیں مالک ہو گے تم میرے لیے اللہ کے سامنے کچھ بھی وہ خوب جانتا ہے اس بات کو

تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ؕ كَفٰى بِهٖ شَهِيْدًا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ؕ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ⑧ قُلْ مَا كُنْتُ

شہادت خداوندی برائے فیصلہ — شفقت خداوندی — فریضۂ خاتم الانبیاء

جس میں تم مشغول ہو، کافی ہے وہ گواہ کے طور پر میرے اور تمہارے درمیان اور وہ بخشنے والا مہربان ہے۔ آپ کہہ دیجئے میں نہیں ہوں

بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ وَمَآ اَدْرِيْ مَا يُفْعَلُ بِيْ وَلَا بِكُمْ ؕ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ وَمَآ

ے منکرین رسالت کو جواب۔ خاتم الانبیاء سے علم غیب کلی کی نفی (۳) (۴) ← فریضۂ رسول

کوئی انوکھا رسولوں سے اور میں نہیں جانتا کہ کیا جائے گا میرے ساتھ اور تمہارے ساتھ نہیں میں پیروی کرتا مگر اس کی جو وحی کی جاتی ہے میری طرف اور نہیں

الجزء السادس والعشرون

موضوع سورۃ: دعوت کے بعد مہلت کا ملنا سنت الٰہیہ میں سے ہے۔

(۱) منکرین سماع کی دلیل نمبر ۲، اور اس کے علاوہ وہ تمام آیات ہیں جن میں ''من دونہ'' اور ''من دون اللہ'' کے جملہ عام ہیں جو تمام زندوں اور مردوں کو شامل ہیں اور یہ بے انصافی ہے کہ زندہ قریب سے سنے اور مردہ قریب سے نہ سنے۔ تفصیل کے لیے معارف الفرقان دیکھیں

(۲) لانھا اما جمادات لایسمع ولا یعقل و اما عباد مسخرون مشتغلون باحوالھم کعیسیٰ و عزیر والملائکۃ (تفسیر مظہری ص ۹۴ ج ۸) اگر اس سے مراد یہی بزرگ ہوں تو دور سے پکارنے والوں کی پکار سے غافل اور بے خبر رہنا ظاہر ہے اور اگر قریب ہوں تو توجہ اور التفات ضروری ہے اس سے مطلقاً سماع کا انکار درست نہیں ہے۔

ے احمد رضا کے استدلال کا رد

(۳) یعنی دنیوی معاملات میں مکہ میں رہوں گا یا نکالا جاؤں گا۔ البتہ آخرت کے لحاظ سے اللہ نے فرمایا ''وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى''

(۴) دلیل نمبر ۶۳ نفی علم غیب از خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم اور دلیل نمبر ۷۳ یہی سورۃ احقاف آیت ۲۳ ص ۵۱۳ میں دیکھیں

اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝٩ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَكَفَرْتُمْ بِهٖ وَشَهِدَ شَاهِدٌ

ازالہ شبہ　　عبداللہ بن سلام ۔ اسد اسید

ہوں میں مگر ڈرانے والا کھول کر ۔ آپ کہہ دیجئے کیا دیکھا تم نے اگر ہے وہ اللہ کی طرف سے اور انکار کیا تم نے اس کا اور گواہی دی ایک گواہ نے

مِّنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝١٠ ع

ع ۱

یاسر ثعلبہ، تمیم داری، عدی بن حاتم سلمان فارسی (اس جیسی کتاب پر گواہی دی)۔　　تقطیع لطمع ۔

بنی اسرائیل میں سے اس کی مانند پر پس وہ ایمان لایا اور تم نے تکبر کیا بیشک اللہ نہیں ہدایت دیتے ظالم لوگوں کو ۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْ كَانَ خَيْرًا مَّا سَبَقُوْنَآ اِلَيْهِ ۭ وَاِذْ لَمْ يَهْتَدُوْا بِهٖ فَسَيَقُوْلُوْنَ

منکرین دین اسلام کا شکوہ　　(ایمان اب)　　اطلاع خداوندی　　شکوہ

اور کہا ان لوگوں نے جنھوں نے کفر کیا ان کے بارے میں جو ایمان لائے اگر ہوتا وہ (قرآن) بہتر تو وہ ہم سے آگے نہ بڑھتے اس کی طرف اور جب انہوں نے راہ نہیں پائی اس کے ذریعہ تو اب وہ کہتے ہیں کہ

هٰذَآ اِفْكٌ قَدِيْمٌ ۝١١ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ۭ وَهٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا

جواب شکوہ　　(۱)　　قرآن کے مصدق ہونے کا بیان

یہ پرانا گھڑا ہوا جھوٹ ہے ۔ حالانکہ اس سے پہلے موسیٰ علیہ السلام کی کتاب پیشوا اور رحمت ہے اور یہ کتاب تصدیق کرنے والی ہے اس حال میں کہ فصیح

(۱) لفظ امام پر دلیل نمبر ۱۲: یہاں تک ۱۲ دلائل ختم شد۔

عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ڰ وَبُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ ۝١٢ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا

مستحقین بشارت　　موقف محسنین

عربی میں ہے تا کہ وہ ڈرائے ان لوگوں کو جنہوں نے شرک کیا اور خوشخبری نیکو کاروں کے لیے ۔ بیشک جنہوں نے کہا ہمارا رب اللہ ہے پھر وہ ثابت قدم رہے

فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝١٣ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ جَزَاۗءًۢ بِمَا

نتیجہ نمبر ۱　　نمبر ۲　　نتیجہ نمبر ۳　　سبب کامیابی

پس نہیں خوف ان پر اور نہ وہ غمگین ہوں گے ۔ یہ لوگ جنت والے ہیں اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں بدلہ دیئے جائیں گے اس کا

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝١٤ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ اِحْسٰنًا ۭ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ كُرْهًا وَّوَضَعَتْهُ كُرْهًا ۭ

والدین کے ساتھ حسن سلوک کا التزام　　والدہ کی خدمت کی وجہ

جو وہ کیا کرتے تھے ۔ اور تاکید کی ہم نے انسان کو اس کے والدین سے حسن سلوک کرنے کی اس کو پیٹ میں اٹھایا اس کی ماں نے سخت تکلیف سے اور اس کو جنا سخت تکلیف سے ۔

وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ۭ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَبَلَغَ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۙ قَالَ رَبِّ

حمل و رضاعت کی مدت　　انسان کی تکمیل　　سعادت مند

اور اس کا (گود میں) اٹھانا اور اس کا دودھ چھڑانا تیس مہینے ہیں یہاں تک کہ جب وہ پہنچا اپنی بھرپور قوت کو اور وہ پہنچا چالیس سال عمر کو کہا اے میرے رب

اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰي وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا

آدمی کی دعا نمبر ۱　　نمبر ۲

مجھے توفیق دے میں شکر کروں آپ کی نعمتوں کا جو آپ نے مجھ پر انعام کیں اور میرے والدین پر اور یہ کہ میں نیک کام کروں

تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ڲ اِنِّىْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّىْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝١٥ اُولٰۗىِٕكَ

نمبر ۳　　نمبر ۴　　نمبر ۵　　نتیجہ نمبر ۱

جن کو آپ پسند کریں اور سنواریں آپ میرے لیے میری اولاد کو بیشک میں متوجہ ہوتا ہوں آپ کی طرف اور بیشک میں فرمانبرداروں میں سے ہوں ۔ یہ وہ

الَّذِيْنَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَنَتَجَاوَزُ عَنْ سَيِّاٰتِهِمْ فِيْٓ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ ۭ

نتیجہ نمبر ۲

لوگ ہیں کہ ہم قبول کرتے ہیں ان کی طرف سے بہترین وہ کام جو انہوں نے کیے اور ہم درگزر کرتے ہیں ان کی برائیوں سے وہ جنت والوں میں ہیں

وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِیْ کَانُوْا یُوْعَدُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَالَّذِیْ قَالَ لِوَالِدَیْهِ اُفٍّ لَّکُمَاۤ اَتَعِدٰنِنِیْۤ اَنْ اُخْرَجَ

وعدہ کے پورا ہونے کا بیان اولاد شقی کی خباثت (قبر سے)

اس سچے وعدہ کی بناء پر جو ان سے وعدہ کیا جاتا تھا۔ اور جس نے کہا اپنے والدین سے اُہو تم دونوں پر کیا تم مجھے دونوں وعدہ دیتے ہو کہ میں نکالا جاؤں گا

وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ مِنْ قَبْلِیْ ۚ وَهُمَا یَسْتَغِیْثٰنِ اللّٰهَ وَیْلَكَ اٰمِنْ ۖ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ

اثبات بعث الموت کی دلیل ندارد والدین کی دعا وعدہ خداوندی

حالانکہ صدیاں گزر چکی ہیں مجھ سے پہلے اور وہ دونوں اللہ سے فریاد کرتے ہوئے (کہتے ہیں) افسوس ایمان لے آ بیشک اللہ کا وعدہ برحق ہے

فَیَقُوْلُ مَا هٰذَاۤ اِلَّاۤ اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ ﴿۱۷﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ حَقَّ عَلَیْهِمُ الْقَوْلُ فِیْۤ اُمَمٍ

شکوہ منکر قیامت نتیجہ منکرین

پس وہ کہتا ہے نہیں ہے یہ مگر پہلے لوگوں کی کہانیاں ۔ یہ ہیں جو ثابت ہوگئی ان پر بات امتوں میں

قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ؕ اِنَّهُمْ کَانُوْا خٰسِرِیْنَ ﴿۱۸﴾ وَلِکُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ۚ

تفاوت درجات کا بیان

جو گزر چکیں ان سے پہلے جنوں اور انسانوں سے بیشک وہ نقصان اٹھانے والے تھے۔ اور ہر ایک کے لیے درجات ہیں ان کاموں سے جو انہوں نے کیے

وَلِیُوَفِّیَهُمْ اَعْمَالَهُمْ وَهُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَیَوْمَ یُعْرَضُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا عَلَی النَّارِ ؕ اَذْهَبْتُمْ

مشرکین کی سرزنش کہا جائے گا تم نے

اور وہ ضرور پورا بدلہ دے گا ان کو ان کے اعمال کا اور وہ ظلم نہیں کیے جائیں گے۔ اور جس دن پیش کیا جائے گا ان لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا دوزخ پر (کہا جائے گا) تم نے اڑا لیے

طَیِّبٰتِكُمْ فِیْ حَیَاتِكُمُ الدُّنْیَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا ۚ فَالْیَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا کُنْتُمْ

کھایا اڑایا ہے امہال مجرمین نتیجہ مشرکین سبب رسوائی

مزے تمہاری دنیا کی زندگی میں اور تم نے فائدہ اٹھایا ان چیزوں سے پس آج تم بدلہ دیئے جاؤ گے ذلت ناک عذاب کا اس لیے کہ تم

ع ۲ تَسْتَکْبِرُوْنَ فِی الْاَرْضِ بِغَیْرِ الْحَقِّ وَبِمَا کُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ ﴿۲۰﴾ ع

تکبر کرتے تھے زمین میں ناحق اور اس لیے کہ تم نافرمانی کرتے تھے

وَاذْکُرْ اَخَا عَادٍ ؕ اِذْ اَنْذَرَ قَوْمَهٗ بِالْاَحْقَافِ وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَمِنْ

تذکیر بایام اللہ سے حضرت ہودؑ کی تبلیغ سابقہ انبیاء کے فرائض

اور ذکر کیجئے عاد کے بھائی (ہود) کا جب انہوں نے ڈرایا اپنی قوم کو احقاف کے میدان میں حالانکہ گزر چکے ڈرانے والے ان کے آگے اور ان کے

خَلْفِهٖۤ اَلَّا تَعْبُدُوْۤا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنِّیْۤ اَخَافُ عَلَیْکُمْ عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ﴿۲۱﴾ قَالُوْۤا اَجِئْتَنَا لِتَاْفِکَنَا

خلاصہ فرائض حضرت ہودؑ کی بقیہ تبلیغ قوم عاد کا شکوہ و مطالبہ

پیچھے کہ نہ عبادت کرو تم مگر اللہ کی بیشک مجھے ڈر ہے تم پر بڑے دن کے عذاب کا۔ انہوں نے کہا کیا تو آیا ہے ہمارے پاس تا کہ ہم کو پھیر دے

عَنْ اٰلِهَتِنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَاۤ اِنْ کُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۲۲﴾ قَالَ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۖ

قوم کی دھمکی جواب مطالبہ و نفی علم غیب از ہود علیہ السلام (۱) (۲)

ہمارے معبودوں سے پس لے آ تو ہمارے پاس جس کا تو ہمیں وعدہ دیتا ہے اگر تو سچوں میں سے ہے۔ کہا اس کا علم اللہ کے پاس ہے

وَاُبَلِّغُکُمْ مَّاۤ اُرْسِلْتُ بِهٖ وَلٰکِنِّیْۤ اَرٰىکُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ﴿۲۳﴾ فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ

قوم کو فہمائش قوم عاد کا مشاہدہ

اور میں تم کو پہنچاتا ہوں وہ پیغام جس کے ساتھ میں بھیجا گیا ہوں لیکن میں دیکھتا ہوں تمہیں نادان لوگ ۔ پھر جب انہوں نے اس کو دیکھا سامنے بادل کی صورت میں

(حاشیہ:)

مغربی یمن کے درمیان علاقہ ہے

(۱) دلیل نمبر ۵۱ علم غیب خاصہ خداوندی ہے اور دلیل نمبر ۵۲ سورۃ محمد آیت نمبر ۱۹ ص ۵۱۷ میں دیکھیں

(۲) نفی علم غیب ہود علیہ السلام کے ضمن میں دلیل نمبر ۷۳ نفی علم غیب از خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم اور دلیل نمبر ۳۸ سورۃ فتح آیت ۱۸ ص ۵۲۱ میں دیکھیں

أَوْدِيَتِهِمْ ۙ قَالُوْا هٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا ۚ بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُمْ بِهٖ ۚ رِيْحٌ فِيْهَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۴﴾

قوم ہود کی خوشی — تخویف قوم ہود — تشریح عذاب

ان کے میدان کی طرف انہوں نے کہا یہ ایک بادل ہے ہم پر برسنے والا بلکہ وہ (عذاب) ہے جس کو تم جلدی مانگتے تھے ایک آندھی ہے اس میں عذاب ہے دردناک

تُدَمِّرُ كُلَّ شَيْءٍۭ بِاَمْرِ رَبِّهَا فَاَصْبَحُوْا لَا يُرٰٓى اِلَّا مَسٰكِنُهُمْ ۚ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۲۵﴾

شدت گرفت (۱) خداوندی — دستور خداوندی

اکھاڑ کر پھینکے گی ہر چیز کو اپنے رب کے حکم سے پھر وہ صبح کو ہو گئے نہیں دیکھے جاتے تھے مگر ان کے مکانات اس طرح ہم سزا دیتے ہیں مجرم لوگوں کو

وَلَقَدْ مَكَّنّٰهُمْ فِيْمَآ اِنْ مَّكَّنّٰكُمْ فِيْهِ وَجَعَلْنَا لَهُمْ سَمْعًا وَّاَبْصَارًا وَّاَفْـِٕدَةً ۖ فَمَآ

امم سابقین کی قوت و سرمایہ داری سے مشرکین کی تہدید (۲)

اور البتہ تحقیق ہم نے ان کو اس میں جمایا نہیں ہم نے جمایا تم کو اس میں اور بنائے ہم نے ان کے لیے کان اور آنکھیں اور دل پس نہیں

اَغْنٰى عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ وَلَآ اَبْصَارُهُمْ وَلَآ اَفْـِٕدَتُهُمْ مِّنْ شَيْءٍ اِذْ كَانُوْا يَجْحَدُوْنَ بِاٰيٰتِ

کام آئے ان سے ان کے کان اور نہ ان کی آنکھیں اور نہ ان کے دل کچھ بھی جب وہ انکار کرتے تھے اللہ کی آیتوں کا

ع ۲

اللّٰهِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۲۶﴾

قوم ثمود اور لوط

اور گھیر لیا ان کو اس نے جس کا مذاق کرتے تھے۔

وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُمْ مِّنَ الْقُرٰى وَصَرَّفْنَا الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۷﴾ فَلَوْلَا نَصَرَهُمُ

تذکیر بایام اللہ سے مشرکین مکہ کو خطاب تا کہ وہ سنبھل جائیں — فہمائش — نفی شفیع قہری

اور البتہ تحقیق ہم نے ہلاک کیا جو تمہارے ارد گرد بستیوں میں سے ہیں اور ہم نے پھیری نشانیاں تا کہ وہ لوٹیں۔ پس کیوں نہ مدد کی ان کی انہوں نے

الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قُرْبَانًا اٰلِهَةً ۭ بَلْ ضَلُّوْا عَنْهُمْ ۚ وَذٰلِكَ اِفْكُهُمْ وَمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۸﴾

زعم باطل

جن کو بنایا انہوں نے اللہ کے سوا قرب حاصل کرنے کے لیے معبود بلکہ وہ گم ہو گئے ان سے اور یہ ان کا جھوٹ ہے اور جو وہ گھڑتے تھے۔

وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۚ فَلَمَّا حَضَرُوْهُ قَالُوْٓا اَنْصِتُوْا ۚ فَلَمَّا

حسن تدبیر باری — جنوں کا کمال ادب (۳) — جنوں

اور جب ہم نے پھیرے آپ کی طرف چند جنات وہ بغور سن رہے تھے قرآن کو پس جب وہ حاضر ہوئے اس کے پاس انہوں نے کہا خاموش رہو پھر جب

قُضِيَ وَلَّوْا اِلٰى قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿۲۹﴾ قَالُوْا يٰقَوْمَنَآ اِنَّا سَمِعْنَا كِتٰبًا اُنْزِلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى

کی تبلیغ۔ ختم — تشریح تبلیغ — صداقت قرآن

پورا ہوا وہ پلٹے اپنی قوم کی طرف ڈراتے ہوئے۔ انہوں نے کہا اے ہماری قوم بیشک ہم نے سنی ایک کتاب اتاری گئی موسیٰ (علیہ السلام) کے بعد

مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ وَاِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۳۰﴾ يٰقَوْمَنَآ اَجِيْبُوْا دَاعِيَ

جامعیت قرآن — فضائل قرآن — جنات کی دعوت

تصدیق کرنے والی اس کی جو اس سے پہلے ہے راہ دکھاتی ہے سچے دین کی اور سیدھے راہ کی۔ اے ہماری قوم بات مانو اللہ کے داعی کی

اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۳۱﴾ وَمَنْ لَّا يُجِبْ دَاعِيَ

نتیجہ اسلام نمبرا — نمبر ۲ — تنبیہ مشرکین

اور ایمان لاؤ اس پر وہ بخشے گا تمہارے لیے تمہارے گناہوں سے اور وہ پناہ دے گا تم کو دردناک عذاب سے۔ اور جو شخص بات نہیں مانے گا اللہ کے داعی کی

---

(۱)
دلیل نمبر ۴ یہاں بھی "کل" سے سب اشیاء مراد نہیں اور دلیل نمبر ۵ سورۃ قصص آیت نمبر ۵۷ ص ۴۰۱ میں دیکھیں

(۲)
زندہ کفار کی سماع نافع سے محروم ہونے کی دلیل نمبر ۱۳، یہاں تک تیرہ دلائل قرآنی مکمل ہوئے۔

(۳)
نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جس طرح انسانوں کی طرف مبعوث ہوئے تھے ایسے ہی جنات کی طرف بھی جیسے ان آیات میں صراحت ہے جن اور انس دونوں طبقات کو شرف صحابیت حاصل ہوا ہے اب سوال یہ ہے کہ اب ان جنات میں سے کوئی جن کسی انسان کے جسم میں حلول کر رہا ہو اور اس کی وجہ سے کسی کو شرف تابعیت حاصل ہو سکتا ہے؟ جواب یہ ناممکن ہے اس لیے کہ آپ نے ارشاد فرمایا: ارأیتکم لیلتکم هذه فان على رأس مائة سنة منها لا يبقى ممن هو اليوم عليها احد۔ رواہ البخاری ومسلم۔ تم یہ رات دیکھ رہے ہو (اسے یاد رکھو) کیونکہ آج روئے زمین پر رہنے والوں میں کوئی بھی سو سال کے ختم تک باقی نہیں رہے گا۔ اس حدیث کی روشنی میں اب کسی کا دعویٰ صحابیت کی تصدیق نہیں کی جا سکتی، اور شرف تابعیت کے بارے فرمایا: خير امتي قرني ثم الذين يلونهم ثم الذين يلونهم اور "قرن" کا اطلاق ایک محدود زمانہ پر ہوتا ہے جس کی تعیین میں دس سے لے کر ایک سو بیس تک اور قرن صحابہ و تابعین ختم ہو چکا ہے۔ اور حلول سے بھی تابعیت کا مقام حاصل نہیں ہوتا اس لیے کہ دونوں کا آپس میں ایک دوسرے کو دیکھنے سے شرف حاصل ہوگا وہ قرن صحابہ کے ساتھ خاص ہے اب وہ قرن نہیں رہا لہٰذا کسی کو شرف تابعیت حاصل نہ ہوگا

اللّٰهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْاَرْضِ وَلَيْسَ لَهٗ مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءُ ؕ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۲﴾

نفی شفیع قہری

پس نہیں وہ عاجز کرنے والا زمین میں اور نہیں ہوگا اس کے لیے اس کے سوا کوئی دوست یہ لوگ کھلی گمراہی میں ہیں۔

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ

توحید پر عقلی دلیل

کیا انہوں نے نہیں دیکھا بیشک جس اللہ نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو اور وہ نہیں تھکا ان کو پیدا کرنے سے قادر ہے اس پر کہ زندہ کرے

الْمَوْتٰى ؕ بَلٰٓى اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۳۳﴾ وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ؕ اَلَيْسَ

کفار کے احوال قیامت — مجرمین کی سرزنش

مردوں کو کیوں نہیں بیشک وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اور اس دن پیش کیے جائیں گے وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا آگ پر کیا نہیں ہے

هٰذَا بِالْحَقِّ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَرَبِّنَا ؕ قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۳۴﴾ فَاصْبِرْ كَمَا

مجرمین کا اقرار۔ — سرزنش نتیجہ مشرکین — فریضۂ رسول

یہ (قیامت) یقینی بات وہ کہیں گے کیوں نہیں ہمارے رب کی قسم فرمائے گا پس چکھو عذاب اس کے بدلے جو تم کفر کرتے تھے۔ پس آپ صبر کریں

صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِلْ لَّهُمْ ؕ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ ۙ

وتسلی — تخویف مشرکین۔ — شدت یوم قیامت

جیسا کہ صبر کیا ہمت والے رسولوں نے اور آپ جلدی نہ کریں ان کے لیے گویا وہ جس دن دیکھیں گے جو وعدہ کیے جارہے ہیں

ع ۴

لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ ؕ بَلٰغٌ ۚ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۳۵﴾

نتیجۂ شرک

نہیں وہ ٹھہرے مگر ایک گھڑی دن کی (یہ) پہنچانا ہے پس نہیں ہلاک ہوں گے مگر (بوقت نزول عذاب) فاسق لوگ

سورۃ محمد

موضوع سورۃ:
تقابل الاسلام
بالکفر والنفاق

سُوْرَةُ مُحَمَّدٍ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ ثَمَانٍ وَثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَاَرْبَعُ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ربط اوپر ھل یھلك اب اعمال برباد ہوں گے

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

ترتیب تلاوت ۴۷، ترتیب نزول ۹۵، آیات ۳۸، رکوعات ۴

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ﴿۱﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

اعمال کفار — نتیجہ حبط — احوال مؤمنین

جن لوگوں نے کفر کیا اور روکا اللہ کی راہ سے ان کے اعمال برباد ہوگئے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کیے

وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَاَصْلَحَ بَالَهُمْ ﴿۲﴾

صداقت قرآن — نتیجہ

اور ایمان لائے اس پر جو اتارا گیا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور وہ حق ہے ان کے رب کی طرف سے (اللہ نے) مٹائی ان سے ان کی برائیاں اور سنوارے ان کے احوال

ذٰلِكَ بِاَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ وَاَنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبَعُوا الْحَقَّ مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ

کفار کے حبط اعمال کا سبب — مومن کی تکفیر سیأت کا سبب

یہ اس لیے ہے کہ انہوں نے کفر کیا اور انہوں نے پیروی کی بے بنیاد بات کی اور جنہوں نے ایمان قبول کیا پیروی کی انہوں نے سچ بات کی جو ان کے رب کی طرف سے ہے

كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ اَمْثَالَهُمْ ﴿۳﴾ فَاِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَضَرْبَ الرِّقَابِ ؕ حَتّٰٓى اِذَآ

شفقت خداوندی — حکم جہاد۔ — مقابلہ

اسی طرح بیان کرتا ہے اللہ لوگوں کے لیے ان کے حالات (عجیبہ)۔ پس جب تم سامنا کرو ان لوگوں کا جنہوں نے کفر کیا پس مارنا ہے گردنوں پر یہاں تک کہ جب

أَثْخَنْتُمُوهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ ۙ فَإِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَإِمَّا فِدَاءً حَتَّىٰ تَضَعَ الْحَرْبُ أَوْزَارَهَا ۚ

جنگی قیدیوں کے متعلق شرعی فیصلہ کی چار صورتیں ہیں قتل، فدیہ، تبادلہ، غلام

ان کو خوب قتل کر چکو تو (جو پکڑے جائیں ان کو تو) مضبوط باندھو پھر یا تو احسان کرنا ہے بعد میں یا فدیہ لینا ہے یہاں تک کہ رکھ دے جنگ اپنے ہتھیار

ذَٰلِكَ ۛ وَلَوْ يَشَاءُ اللَّهُ لَانْتَصَرَ مِنْهُمْ وَلَٰكِنْ لِيَبْلُوَ بَعْضَكُمْ بِبَعْضٍ ۗ وَالَّذِينَ قُتِلُوا

فیصلہ خداوندی ۔ حکم جہاد کی حکمت بشارت شہدا نمبر ا

یہ بات تم سن چکے اور اگر اللہ چاہے تو ضرور بدلہ لے لے ان سے لیکن اس نے چاہا تا کہ وہ آزمائے تمہارے بعض کو بعض سے اور جو لوگ مارے گئے

فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَلَنْ يُضِلَّ أَعْمَالَهُمْ ﴿٤﴾ سَيَهْدِيهِمْ وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ ﴿٥﴾ ۚ وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ

شفقت خداوندی نمبر ۲ نمبر ۳ نمبر ۴

اللہ کی راہ میں پس ہر گز نہیں ضائع (اللہ) کرے گا ان کے اعمال کو۔ عنقریب ان کو راہ دکھائیں گے اور سنواریں گے ان کے احوال کو۔ اور داخل کریں گے ان کو جنت میں

عَرَّفَهَا لَهُمْ ﴿٦﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنْ تَنْصُرُوا اللَّهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ أَقْدَامَكُمْ ﴿٧﴾ وَالَّذِينَ كَفَرُوا

اس نے پہچان کرادی ۔ ترغیب قتال نتیجہ نمبر ا نمبر ۲ کفار کی مذمت

پہچان کرادی ہے اس کی ان کو۔ اے لوگو ایمان والو اگر تم اللہ کی مدد کرو گے وہ تمہاری مدد کرے گا اور وہ جمائے گا تمہارے قدموں کو۔ اور جنہوں نے کفر کیا

فَتَعْسًا لَهُمْ وَأَضَلَّ أَعْمَالَهُمْ ﴿٨﴾ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ كَرِهُوا مَا أَنْزَلَ اللَّهُ فَأَحْبَطَ أَعْمَالَهُمْ ﴿٩﴾

وعید سبب ذلت و وعید

پس ہلاکت ہے ان کے لیے اور ضائع کر دے گا (اللہ) ان کے اعمال کو۔ یہ بات اس لیے ہے کہ انہوں نے ناپسند کیا جس کو اللہ نے اتارا پس ضائع کر دیا (اللہ) نے ان کے اعمال کو

أَفَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَيَنْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۖ دَمَّرَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ ۖ وَلِلْكَافِرِينَ

تذکیر بایام اللہ سے تخویف ہلاکت

کیا وہ چلے پھرے نہیں زمین میں پس وہ دیکھتے کیسا انجام ہوا ان کا جو ان سے پہلے گزرے ہیں ہلاکت ڈالی اللہ نے ان پر اور ان کافروں کے لیے

ع ١ / ١١ / ٥ أَمْثَالُهَا ﴿١٠﴾ ذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ مَوْلَى الَّذِينَ آمَنُوا وَأَنَّ الْكَافِرِينَ لَا مَوْلَىٰ لَهُمْ ﴿١١﴾ ع

تسلی مومنین

ان کی مانند ہے ۔ یہ بات بھی اس لیے ہے کہ اللہ تعالیٰ کارساز ہے ایمان والوں کا اور یقیناً کافروں کا کوئی کارساز نہیں۔

إِنَّ اللَّهَ يُدْخِلُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۖ

نتیجہ متقین یا بشارت مؤمنین

بیشک اللہ داخل کرے گا ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور نیک کام کیے ایسے باغوں میں جاری ہوں گی ان کے نیچے نہریں۔

وَالَّذِينَ كَفَرُوا يَتَمَتَّعُونَ وَيَأْكُلُونَ كَمَا تَأْكُلُ الْأَنْعَامُ وَالنَّارُ مَثْوًى لَهُمْ ﴿١٢﴾ وَكَأَيِّنْ مِنْ قَرْيَةٍ

امہال مجرمین نتیجہ کفار تذکیر بایام اللہ سے

اور جن لوگوں نے کفر کیا وہ فائدہ اٹھاتے ہیں اور وہ کھاتے ہیں جس طرح مویشی کھاتے ہیں اور آگ ان کا ٹھکانا ہے۔ اور کتنی بستیاں

هِيَ أَشَدُّ قُوَّةً مِنْ قَرْيَتِكَ الَّتِي أَخْرَجَتْكَ أَهْلَكْنَاهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ ﴿١٣﴾ أَفَمَنْ كَانَ عَلَىٰ

تخویف مشرکین نفی شفیع قہری موحدین و مشرکین

جو زیادہ زور آور تھی آپ کی بستی سے جس سے آپ کو نکال دیا ہم نے ان کو ہلاک کیا پس ان کے لیے کوئی مددگار نہیں۔ کیا جو واضح

بَيِّنَةٍ مِنْ رَبِّهِ كَمَنْ زُيِّنَ لَهُ سُوءُ عَمَلِهِ وَاتَّبَعُوا أَهْوَاءَهُمْ ﴿١٤﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِي وُعِدَ

کے نتائج کا تفاوت نتائج متقین

راستہ پر ہے اپنے رب کی طرف سے کیا اس شخص کی طرح ہے جس کے لیے مزین کی گئی اس کی بدعملی اور پیروی کی انہوں نے اپنی خواہشات کی۔ حالت اس جنت کی جس کا وعدہ کیا گیا

الْمُتَّقُونَ ۖ فِيهَا أَنْهَارٌ مِّن مَّاءٍ غَيْرِ آسِنٍ وَأَنْهَارٌ مِّن لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهُ وَأَنْهَارٌ مِّنْ

دارالاقامہ کی کیفیت — جو بدبودار نہیں ہوگی

پرہیز گاروں سے اس میں نہریں ہیں پانی کی نہ بو کرنے والا اور نہریں ہیں دودھ کی نہیں بدلا اس کا مزہ اور نہریں ہیں

خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشَّارِبِينَ وَأَنْهَارٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ۖ وَلَهُمْ فِيهَا مِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ وَمَغْفِرَةٌ

شراب کی مزیدار پینے والوں کے لیے اور نہریں ہیں شہد کی صاف شفاف اور ان کے لیے اس میں ہر طرح کے میوے ہیں اور بخشش ہے

مِّن رَّبِّهِمْ ۖ كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِي النَّارِ وَسُقُوا مَاءً حَمِيمًا فَقَطَّعَ أَمْعَاءَهُمْ ﴿۱۵﴾ وَمِنْهُم مَّن يَسْتَمِعُ

نتیجہ مشرکین — منافقین کی خباثت

ان کے رب کی طرف سے (کیا وہ) برابر ہے اس کے جو ہمیشہ رہنے والا ہے دوزخ میں اور وہ پلائے جائیں گے کھولتا پانی پس ٹکڑے ٹکڑے کردے گا ان کی آنتوں کو۔ اور بعض ان میں سے وہ ہیں جو کان لگاتے ہیں

إِلَيْكَ حَتَّىٰ إِذَا خَرَجُوا مِنْ عِندِكَ قَالُوا لِلَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ آنِفًا ۚ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ

آپ کی طرف یہاں تک کہ جب وہ نکلتے ہیں آپ کے پاس سے پوچھتے ہیں ان سے جو علم دیے گئے کیا کہا اس نے ابھی؟ یہ لوگ ہیں

طَبَعَ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ وَاتَّبَعُوا أَهْوَاءَهُمْ ﴿۱۶﴾ وَالَّذِينَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَآتَاهُمْ تَقْوَاهُمْ ﴿۱۷﴾

مہر خداوندی — نتیجہ مؤمنین نمبر ۱ — نمبر ۲ مزید تقویٰ

اللہ نے مہر لگادی ان کے دلوں پر اور انہوں نے پیروی کی اپنی خواہشات کی۔ اور جن لوگوں نے ہدایت پائی بڑھایا (اس نے) ان کو ہدایت میں اور دی ان کو ان کی پرہیز گاری

فَهَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا السَّاعَةَ أَن تَأْتِيَهُم بَغْتَةً ۖ فَقَدْ جَاءَ أَشْرَاطُهَا ۚ فَأَنَّىٰ لَهُمْ إِذَا جَاءَتْهُمْ

تنبیہ منافقین — علامات قیامت ۔ — تقطیع الطمع

پس وہ نہیں دیکھتے مگر قیامت کہ آئے ان پر اچانک پس تحقیق آچکی ہیں اس کی نشانیاں پس کہاں ہوگا ان کے لیے جب آپہنچے گی ان کے پاس

ذِكْرَاهُمْ ﴿۱۸﴾ فَاعْلَمْ أَنَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا اللَّهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ۗ وَاللَّهُ يَعْلَمُ

خطاب عمومی یا خصوصی — حصر الالوہیت باری — فریضہ خاتم انبیاء (۱) — (۲) وسعت علم باری تعالیٰ

ان کا نصیحت پذیر ہونا۔ پس جان لیں کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ اور معافی مانگیں اپنے ذنب کی اور مومن مردوں اور مؤمنہ عورتوں کے لیے اور اللہ جانتا ہے

ے مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوَاكُمْ ﴿۱۹﴾ ع

ے صلب پدر، مادر رحم، زمین، زمین، قبر جنت و دوزخ، آخری ٹھکانہ یہ سب تفسیریں درست ہیں بقول حضرت استاذ محترمؒ

تمہارے گھومنے پھرنے کی جگہ کو اور تمہارے ٹھکانے کو

وَيَقُولُ الَّذِينَ آمَنُوا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُورَةٌ ۖ فَإِذَا أُنزِلَتْ سُورَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَذُكِرَ فِيهَا الْقِتَالُ ۙ

مؤمنین کی تمنا

اور کہتے ہیں جو لوگ ایمان لائے کیوں نہیں اتاری گئی کوئی سورۃ؟ پھر جب اتاری گئی سورۃ محکم اور ذکر کیا گیا اس میں جہاد کا

رَأَيْتَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ يَنظُرُونَ إِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۖ

کیفیت منافقین — آپ کے لیے اچھی

آپ نے دیکھا ان لوگوں کو جن کے دلوں | میں بیماری ہے وہ دیکھتے آپ کی طرف دیکھنا اس کا کہ چھائی ہوئی اس پر موت کی بے ہوشی

فَأَوْلَىٰ لَهُمْ ﴿۲۰﴾ طَاعَةٌ وَقَوْلٌ مَّعْرُوفٌ ۚ فَإِذَا عَزَمَ الْأَمْرُ فَلَوْ صَدَقُوا اللَّهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ﴿۲۱﴾

مناسب — اصول کامیابی — پختہ ہوجائے بات — یہ سچ کر دکھاتے

پس ہلاکت ہے ان کے لیے۔ (یعنی ان منافقوں کو معلوم ہے) اطاعت اور بھلی بات پس جب پختہ ہوگیا (جہاد کا) کام پس اگر انہوں نے سچی بات کہی ہوتی اللہ سے تو البتہ بہتر ہوتا ان کے لیے۔

(۱)
ہر ایک کا ذنب (گناہ) اس کے مرتبہ (رفیع) کے موافق ہوتا ہے، کسی کام کا بہت اچھا پہلو چھوڑ کر کم اچھا پہلو اختیار کرنا گو وہ حدود جواز و استحسان میں ہو، بعض اوقات مقربین کے حق میں ذنب (گناہ) سمجھا جاتا ہے "حسنات الابرار سیئات المقربین" کے یہی معنیٰ ہیں، حدیث میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم دن میں سو بار استغفار فرماتے تھے (تنبیہ) فاعلم انہ لا الٰہ الا اللہ۔ الخ کا خطاب ہر ایک مخاطب کو ہے، اور اگر خاص نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مخاطب ہوں تو مطلب یہ ہے کہ اس علم پر برابر جمے رہے اور استغفار کرتے رہے "فاعلم" کی تفریع ماقبل پر اس طرح ہے کہ قیامت آنے کے بعد کسی کو ایمان و توبہ وغیرہ نافع نہیں، تو آدمی کو چاہیے کہ اس کے آنے سے قبل صحیح معرفت حاصل کرے، اور ایمان و استغفار کے طریق پر مستقیم رہے (تفسیر عثمانی ص ۶۷۶) اور یہی لفظ (ذنب) اگلی سورۃ فتح کی پہلی آیت میں بھی آرہا ہے اچھے طریقے سے سمجھ لیں۔

فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْٓا اَرْحَامَكُمْ ﴿٢٢﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ

عمومی یا خصوصی تنبیہ برائے منافقین ۔ تم نتیجہ منافقین

پس کیا امید کرتے ہو تم اگر اقتدار سنبھالو تم کہ تم فساد پھیلاؤ گے زمین میں اور تم پارہ پارہ کرو گے قرابتوں کو ۔ یہ لوگ ہیں اللہ نے ان پر لعنت کی

اللّٰهُ فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰٓى اَبْصَارَهُمْ ﴿٢٣﴾ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا ﴿٢٤﴾

تنبیہ منافقین

پس بہرا کر دیا ان کو اور اندھا کر دیا ان کی آنکھوں کو ۔ کیا وہ غور وفکر نہیں کرتے قرآن میں یا ان کے دلوں پر تالے لگے ہوئے ہیں ۔

اِنَّ الَّذِيْنَ ارْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى ۙ الشَّيْطٰنُ سَوَّلَ لَهُمْ ۭ وَاَمْلٰى لَهُمْ ﴿٢٥﴾

منافقین یا اہل کتاب کا ارتداد

بیشک جو لوگ الٹے پھر گئے اپنی پیٹھوں پر بعد واضح ہونے ان کے لیے ہدایت کے شیطان نے مزین کیا ان کے لیے اور لمبی امیدیں دلائی ان کو

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ كَرِهُوْا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ سَنُطِيْعُكُمْ فِيْ بَعْضِ الْاَمْرِ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِسْرَارَهُمْ ﴿٢٦﴾

سبب ارتداد

یہ بات اس لیے ہے کہ انہوں نے کہا ان لوگوں سے جنہوں نے ناپسند کیا اس کو جو اتارا اللہ نے کہ ہم عنقریب تمہاری اطاعت کریں گے بعض معاملات میں اور اللہ جانتا ہے ان کی سرگوشیاں

فَكَيْفَ اِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ ﴿٢٧﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اتَّبَعُوْا مَآ اَسْخَطَ

کیفیت منافقین بوقت موت ۔ سبب رسوائی

پس کیا حال ہوگا جب ان کی جانوں کو فرشتے وصول کریں گے ماریں گے وہ ان کے چہروں پر اور ان کی پیٹھوں پر ۔ یہ سزا اس لیے ہے کہ انہوں نے پیروی کی اس کی جس نے اللہ کو سخت ناراض کیا

ع ۹
۲
۷
اللّٰهَ وَكَرِهُوْا رِضْوَانَهٗ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ﴿٢٨﴾

نتیجہ

اور ناپسند کیا انہوں نے اللہ کی خوشنودی کو پس ضائع ہو گئے ان کے اعمال ۔

اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَنْ لَّنْ يُّخْرِجَ اللّٰهُ اَضْغَانَهُمْ ﴿٢٩﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَاَرَيْنٰكَهُمْ

تنبیہ منافقین قدرت باری

کیا گمان کیا ان لوگوں نے جن کے دلوں میں بیماری ہے کہ ہرگز نہیں نکالیں گے اللہ تعالیٰ ان کے کینوں کو ۔ اور اگر ہم چاہیں ضرور دکھلائیں آپ کو وہ لوگ

فَلَعَرَفْتَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ۭ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِيْ لَحْنِ الْقَوْلِ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اَعْمَالَكُمْ ﴿٣٠﴾ وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ

طریق پہچان ۔ ومن اهل المدينة مردوا على النفاق لاتعلمهم نحن نعلمهم (۱) وسعت علم باری تعالی امتحان خداوندی

پس آپ ان کو ضرور پہچان لیں گے ان کی نشانیوں سے اور آپ ان کو ضرور پہچان لیں گے بات کرنے کے ڈھب میں اور اللہ جانتا ہے تمہارے کاموں کو ۔ اور ہم ضرور تمہیں آزمائیں گے

حَتّٰى نَعْلَمَ الْمُجٰهِدِيْنَ مِنْكُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ ۙ وَنَبْلُوَا اَخْبَارَكُمْ ﴿٣١﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ

حکمت مشروعیت جہاد جانچیں گے مقتضیات قتال نمبر ۱ نمبر ۲

یہاں تک کہ ہم ممتاز کر دیں گے جہاد کرنے والوں کو تم میں سے اور صبر کرنے والوں کو اور ہم پرکھیں تمہارے احوال کو ۔ بیشک جن لوگوں نے کفر کیا اور روکا اللہ کی راہ سے

(۱) سورۃ توبہ آیت نمبر ۱۰۱ ص ۲۲۱ میں دیکھیں

اللّٰهِ وَشَآقُّوا الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدٰى ۙ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـــًٔا ۭ وَسَيُحْبِطُ اَعْمَالَهُمْ ﴿٣٢﴾

نمبر ۳ تسلی مؤمنین نتیجہ

اور انہوں نے مخالفت کی اللہ کے رسول کی بعد واضح ہونے کے ان کے لیے ہدایت کے وہ ہرگز نہیں نقصان پہنچائیں گے اللہ کو کچھ بھی اور عنقریب وہ برباد کرے گا ان کے اعمال کو ۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْٓا اَعْمَالَكُمْ ﴿٣٣﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا

فرائض مؤمنین نمبر ۱ نمبر ۲ نمبر ۳ نتیجہ مرتدین

اے ایمان والو اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسول کی اور مت ضائع کرو اپنے اعمال کو ۔ بیشک جن لوگوں نے کفر کیا اور انہوں نے روکا

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ مَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ۳۴ فَلَا تَهِنُوْا وَتَدْعُوْٓا اِلَى السَّلْمِ

تسلی مؤمنین

اللہ کی راہ سے پھر وہ مر گئے اور وہ کفر کرتے والے تھے پس ہرگز نہیں معاف کرے گا اللہ ان کو۔ پس کمزور مت ہو اور مت بلاؤ صلح کی طرف

وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ ۖ وَاللّٰهُ مَعَكُمْ وَلَنْ يَّتِرَكُمْ اَعْمَالَكُمْ ۳۵ اِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ۭ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا

مؤمنین کی کامیابی کا اعلان — کم نہیں (۱) — دنیا کی بے ثباتی — نتیجہ متقین

ے

اور تم سربلند ہو اور اللہ تمہارے ساتھ ہے اور ہرگز کم نہیں کریں گے تمہارے کاموں کو۔ یقیناً دنیا کی زندگی کھیل تماشہ ہے اور اگر تم ایمان لاؤ

وَتَتَّقُوْا يُؤْتِكُمْ اُجُوْرَكُمْ وَلَا يَسْـَٔلْكُمْ اَمْوَالَكُمْ ۳۶ اِنْ يَّسْـَٔلْكُمُوْهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوْا وَيُخْرِجْ

تنبیہ مؤمنین — مال نہ مانگنے کے مصالح۔ تاکید — اطلاع

اور تم تقویٰ اختیار کرو وہ تم کو دے گا تمہارا اجر اور وہ نہیں مانگتا تم سے تمہارے مال۔ اگر وہ تم سے مانگیں اموال پس تم سے آخری حد تک مانگیں تم بخیلی کرو گے اور وہ نکالے گا

اَضْغَانَكُمْ ۳۷ هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ فَمِنْكُمْ مَّنْ يَّبْخَلُ ۚ وَ

خداوندی۔ — تنبیہ مؤمنین۔ سنو اے لوگو

تمہاری کھوٹ کو۔ سنو تم اے لوگو! بلائے جاتے ہو تا کہ تم خرچ کر اللہ کی راہ میں پس بعض تم میں سے وہ ہیں جو بخیلی کرتے ہیں اور جو

مَنْ يَّبْخَلْ فَاِنَّمَا يَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖ ۭ وَاللّٰهُ الْغَنِيُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ ۚ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ

بنی آدم کی حقیقت — (ایمان لانے سے اور تقویٰ سے)

شخص بخیلی کرتا ہے تو پس تحقیق بخیلی اپنی ذات سے کرتا ہے اور اللہ غنی ہے اور تم سب فقیر ہو اور اگر تم روگردانی کرو تو (اللہ) بدل دیں گے

قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۙ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ ۳۸ ع

تشریح قوم

لوگوں کو تمہارے علاوہ پھر نہیں ہوں گے وہ تمہاری طرح

سورۃ الفتح

سُوْرَةُ الْفَتْحِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّاَرْبَعُ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ربط: اوپر جہاد اب بھی

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

ترتیب تلاوت ۴۸، ترتیب نزول ۱۱۱، آیات ۲۹، رکوعات ۴

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۱ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ

داستان صلح حدیبیہ سے اشارہ فتح مکہ (۲) حدیبیہ انعام نمبرا حدیبیہ کا انعام نمبر ۲ — مرتبہ رفیع کے اعتبار سے چھوٹی چھوٹی لغزشیں — انعام نمبر ۳

بیشک ہم نے آپ کو فتح دی واضح فتح۔ تا کہ اللہ تعالیٰ آپ کو معاف کرے جو پہلے خلاف اولیٰ کام ہوئے اور جو پیچھے ہوں گے اور پوری کرے اپنی نعمتیں

عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۲ وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ۳ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ

ختم نبوت نمبر ۴ — دنیا — نمبر ۵ آہستہ آہستہ پورے جزیرہ عرب میں — حسن تدبیر باری سے صحابہؓ پر تین نوازشوں کا بیان نمبرا

آپ پر اور آپ کی راہ نمائی کرے سیدھے راہ کی۔ اور آپ کی اللہ مدد کرے مدد زبردست۔ وہی ہے جس نے اتارا اطمینان

فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ۭ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَكَانَ

نتیجہ نمبرا ایمان میں مضبوطی — تسلی مؤمنین نوازش نمبر ۲ صحابہؓ کو اپنی فوج کہا۔ مومن کفار کی کثرت پر نظر نہ رکھیں وہ

مؤمنوں کے دلوں میں تا کہ وہ بڑھ جائیں ایمان میں اپنے (سابقہ) ایمان کے ساتھ اور اللہ کے لیے ہیں لشکر آسمانوں اور زمین کے اور ہے

اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۴ لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

تمہاری قلت کا تدارک — نتیجہ نمبر ۲ اور نوازش نمبر ۳ اللہ تعالیٰ اپنی فوج کو استعمال کریں گے پھر دخول جنت

اللہ تعالیٰ جاننے والا حکمت والا۔ تا کہ داخل کرے ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں کو باغات میں جاری ہوں گی ان کے نیچے نہریں اس میں ہمیشہ رہنے والے ہوں گے

ے
اللہ تعالیٰ کے حاضر و ناظر ہونے کا بیان مراد نصرت الٰہی۔
(۱) یعنی غنیمت سے محروم نہیں رہو گے۔

ع ۱۰ ۸

موضوع سورۃ: بشارت فتح اسلام مع شرائط فتح

(۲) صلح حدیبیہ سے یہ فائدہ ہوا کہ وہ سبب بن گئی فتح مکہ کی اور فتح مکہ کو فتح مبین اس لیے کہا گیا کہ فتح کی عنایت غلبہ ہوتی ہے فتح مکہ سے تمام قبائل عرب اس بات کے منتظر تھے کہ اگر آپ اپنی قوم پر غالب آ گئے تو ہم بھی اطاعت کرلیں گے چنانچہ فتح مکہ کے بعد چاروں اطراف کے لوگ اسلام میں داخل ہونا شروع ہو گئے۔ صلح حدیبیہ کے روپ میں پانچ انعامات سے سرفراز فرمایا گیا۔

فِيهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِيْمًا ۝۵ وَّيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ

نتیجہ نمبر ۳ تکفیر سیئات — منافقین ومشرکین کے لیے

اور مٹائے ان سے ان کی برائیاں اور ہے یہ اللہ کے نزدیک بڑی کامیابی۔ اور سزا دے منافق مردوں

وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ الظَّاۗنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ۭ عَلَيْهِمْ دَاۗىِٕرَةُ السَّوْءِ ۚ

دنیوی واُخروی سزا۔ منافقین ومشرکین کا ظنِ فاسد (مؤمن مغلوب ہوں گے) — نتیجہ نمبر ۱ دنیوی

اور منافق عورتوں اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو جو گمان کرنے والے ہیں اللہ کے ساتھ برا گمان ان پر پڑے گردش بری

وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ۭ وَسَاۗءَتْ مَصِيْرًا ۝۶ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ

نمبر ۲ اخروی — نمبر ۳ — نمبر ۴ — جند اللہ سے تہدید یعنی ان کے علاوہ بھی

اور غضبناک ہوا ان پر اللہ تعالیٰ اور ان کو رحمت سے دور کیا اور تیار کیا ان کے لیے جہنم کو اور بری ہے لوٹنے کی جگہ ہے۔ اور اللہ کے لیے ہیں لشکر آسمانوں

وَالْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝۷ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝۸ لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ

کفار کی تباہی کے ذرائع ہیں — اثبات رسالت وفرائض (۱) (گواہ یا معلم) — فریضۂ مؤمنین نمبر ۱

اور زمین کے اور ہے اللہ تعالیٰ زبردست حکمت والا۔ بیشک ہم نے آپ کو بھیجا بتانے والا اور خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا۔ تاکہ تم ایمان لاؤ اللہ

وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ ۭ وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝۹ اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا

(۲) نمبر ۲ — نمبر ۳ مدد — نمبر ۴ تعظیم — نمبر ۵ — مشروعیت بیعت (۳)

اور اس کے رسول پر اور اس کی مدد کرو اور اس کی تعظیم کرو اور اس کی پاکی بیان کرو صبح اور شام۔ بیشک جو لوگ آپ سے بیعت کرتے ہیں بیشک وہ

يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ ۭ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ ۚ فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰي نَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَوْفٰى بِمَا

طریق بیعت (۴) — بیعت توڑنے والے کا نتیجہ — بیعت پورا کرنے والے

بیعت کرتے ہیں اللہ سے اللہ کا ہاتھ اوپر ہے ان کے ہاتھوں کے پس جس نے عہد و پیمان توڑا اس نے توڑا اپنے نقصان کے لیے اور جس نے پورا کیا اس بات کو

عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝۱۰

کا نتیجہ

غزوۂ حدیبیہ میں منافقین کا کردار — جو عہد و پیمان باندھا اس نے اللہ تعالیٰ سے پس عنقریب وہ اس کو دے گا بڑا اجر

سَيَقُوْلُ لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَآ اَمْوَالُنَا وَاَهْلُوْنَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ يَقُوْلُوْنَ

اطلاع خداوندی برائے متخلفین منافقین۔ — منافقین کی معذرت — اولاد نے — منافقین کا مطالبہ برائے استغفار۔ تردید

عنقریب آپ سے کہیں گے پیچھے رہنے والے لوگ دیہاتیوں میں سے ہمیں مشغول کر دیا تھا ہمارے مالوں نے اور ہمارے گھر والوں نے پس آپ ہمارے گناہ بخشوائیں۔ وہ کہتے ہیں

بِاَلْسِنَتِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۭ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـــًٔا اِنْ اَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا

منافقین — حصر التصرف سے معذرت کی تردید

اپنی زبانوں سے جو نہیں ان کے دلوں میں۔ آپ کہہ دیں پس کون اختیار رکھتا ہے تمہارے لیے اللہ کے سامنے کسی چیز کا اگر وہ ارادہ کرے تمہارے ساتھ کسی نقصان کا

اَوْ اَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ۭ بَلْ كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝۱۱ بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّنْقَلِبَ الرَّسُوْلُ

وسعت علم باری — منافقین کا ظنِ فاسد

یا ارادہ کرے وہ تمہارے ساتھ کسی نفع کا بلکہ اللہ تعالیٰ جو تم کرتے ہو اس کی خبر رکھتا ہے۔ بلکہ تم نے گمان کیا کہ ہرگز نہیں لوٹیں گے اللہ کے رسول

وَالْمُؤْمِنُوْنَ اِلٰٓى اَهْلِيْهِمْ اَبَدًا وَّزُيِّنَ ذٰلِكَ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَظَنَنْتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ ښ وَكُنْتُمْ قَوْمًۢا بُوْرًا ۝۱۲

اور مؤمن اپنے گھر والوں کی طرف کبھی بھی اور مزین کی گئی تھی یہ بات تمہارے دلوں میں اور تم نے گمان کیا برا گمان اور تم تباہ شدہ لوگ ہو۔

(۱) بمعنی گواہ سورۃ نساء میں ہے کہ "فکیف اذا جئنا من کل امۃ بشھید، وجئنا بك علی ھٰؤلاءِ شھیدًا۔ (آیت نمبر ۴۱) اور ھولاء سے آپ کے زمانے کے لوگ ہیں آپ کی وفات کے بعد کے لوگ نہیں، آپ کی وفات کے بعد داعیان اسلام کی گواہی مراد ہے جیسا کہ سورۃ الحج آیت نمبر ۷۸ میں تصریح موجود ہے۔

(۲) چاروں ضمیروں کا مرجع لفظ اللہ ہے۔

۳ بیعت کا ثبوت ضمیمہ سورۃ فتح آیت ۱۰ ص ۶۸۲ میں دیکھیں

۴ احد اور احمد میں کوئی فرق نہیں۔ احمد رضا خان۔ تفصیل معارف الفرقان میں دیکھیں

وَمَنۡ لَّمۡ يُؤۡمِنۡۢ بِاللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ فَاِنَّاۤ اَعۡتَدۡنَا لِلۡكٰفِرِيۡنَ سَعِيۡرًا ۝۱۳ وَلِلّٰهِ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ

نتیجہ مخالفین رسولؐ — حصر المالکیت باری سے قانون خداوندی کا بیان

اور جو شخص ایمان نہیں لایا اللہ پر اور اس کے رسول پر پس تحقیق ہم نے تیار کی ہے کافروں کے لیے دوزخ۔ اور اللہ کے لیے ہے بادشاہی آسمانوں اور زمین کی

يَغۡفِرُ لِمَنۡ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنۡ يَّشَآءُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوۡرًا رَّحِيۡمًا ۝۱۴ سَيَقُوۡلُ الۡمُخَلَّفُوۡنَ اِذَا انْطَلَقۡتُمۡ

(خیبر) منافقین کی تمنا۔ منافقین کا مطالبہ (خیبر)

وہ معاف کرتا ہے جس کو چاہے اور سزا دیتا ہے جس کو چاہے اور ہے اللہ تعالیٰ بخشنے والا رحم والا۔ عنقریب کہیں گے پیچھے رہنے والے جب تم چلو گے

اِلٰى مَغَانِمَ لِتَاۡخُذُوۡهَا ذَرُوۡنَا نَتَّبِعۡكُمۡ ۚ يُرِيۡدُوۡنَ اَنۡ يُّبَدِّلُوۡا كَلٰمَ اللّٰهِ ؕ قُلْ لَّنۡ تَتَّبِعُوۡنَا

چلیں — (منافقین کو جہاد خیبر میں شامل نہیں کرنا) — جواب مطالبہ

غنیمتوں کی طرف تا کہ لو تم ان کو ہمیں چھوڑو ہم تمہارے ساتھ چلیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ بدل دیں اللہ کی بات کو آپ کہہ دیجئے ہرگز نہیں چلو گے تم ہمارے ساتھ

كَذٰلِكُمۡ قَالَ اللّٰهُ مِنۡ قَبۡلُ ۚ فَسَيَقُوۡلُوۡنَ بَلۡ تَحۡسُدُوۡنَنَا ؕ بَلۡ كَانُوۡا لَا يَفۡقَهُوۡنَ اِلَّا قَلِيۡلًا ۝۱۵

شکوہ منافقین — جواب شکوہ

یونہی اللہ نے فرمایا ہے تمہارے بارے پہلے سے۔ پس عنقریب وہ لوگ کہیں گے بلکہ تم ہم پر حسد کرتے ہو بلکہ وہ نہیں سمجھتے مگر تھوڑا۔

قُلۡ لِّلۡمُخَلَّفِيۡنَ مِنَ الۡاَعۡرَابِ سَتُدۡعَوۡنَ اِلٰى قَوۡمٍ اُولِىۡ بَاۡسٍ شَدِيۡدٍ تُقَاتِلُوۡنَهُمۡ

(۱) منافقین کے لیے طریق کامیابی اور مستقبل کے لیے دعوت الی الجہاد/ مسلمہ کذاب/ حنین/ روم وفارس

آپ کہہ دیں پیچھے رہنے والے دیہاتیوں سے عنقریب تم بلائے جاؤ گے ایک قوم کی طرف جو سخت جنگ کرنے والی ہوگی تم ان سے لڑو گے

اَوۡ يُسۡلِمُوۡنَ ۚ فَاِنۡ تُطِيۡعُوۡا يُؤۡتِكُمُ اللّٰهُ اَجۡرًا حَسَنًا ۚ وَاِنۡ تَتَوَلَّوۡا كَمَا تَوَلَّيۡتُمۡ مِّنۡ قَبۡلُ

مسلمان ہو جائیں — متبعین کا نتیجہ — مخالفین کا نتیجہ

یا وہ اسلام قبول کرلیں گے پس اگر تم کہنا مانو گے تو تم کو دے گا اللہ اجر اچھا اور اگر تم روگردانی کرو گے جیسی روگردانی کی تم نے پہلے

يُعَذِّبۡكُمۡ عَذَابًا اَلِيۡمًا ۝۱۶ لَيۡسَ عَلَى الۡاَعۡمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الۡاَعۡرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الۡمَرِيۡضِ

معذورین کا استثناء

تو وہ سزا دے گا تم کو دردناک سزا۔ نہیں اندھے پر کوئی حرج اور نہ لنگڑے پر کوئی حرج اور نہ بیمار پر کوئی حرج

حَرَجٌ ؕ وَمَنۡ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗ يُدۡخِلۡهُ جَنّٰتٍ تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ ۚ وَمَنۡ يَّتَوَلَّ

متبعین رسول کا نتیجہ — مخالفین رسول کا

اور جو شخص اطاعت کرتا ہے اللہ کی اور اس کے رسول کی داخل کرے گا اس کو (اللہ) ایسی جنتوں میں جاری ہیں ان کے نیچے نہریں اور جو پھر جائے گا

يُعَذِّبۡهُ عَذَابًا اَلِيۡمًا ۝۱۷

نتیجہ

اس کو سزا دے گا دردناک

بیعت رضوان والوں کی فضیلت کا بیان

(۲)

لَقَدۡ رَضِىَ اللّٰهُ عَنِ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ اِذۡ يُبَايِعُوۡنَكَ تَحۡتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِىۡ قُلُوۡبِهِمۡ

اصحاب رسول کے لیے چار انعامات نمبر ابشارت اصحاب رسولؐ برائے رضا خداوندی مقام بیعت (۳) — اخلاص اصحاب رسولؐ

البتہ تحقیق اللہ خوش ہو گیا مؤمنوں سے جب وہ آپ سے بیعت کر رہے تھے درخت کے نیچے پس جانا اس نے ان جذبات کو جو ان کے دلوں میں ہیں

فَاَنۡزَلَ السَّكِيۡنَةَ عَلَيۡهِمۡ وَاَثَابَهُمۡ فَتۡحًا قَرِيۡبًا ۝۱۸ وَّمَغَانِمَ كَثِيۡرَةً يَّاۡخُذُوۡنَهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

نمبر ۲ — نمبر ۳ حنین — نمبر ۴ (خیبر)

پس اتارا اطمینان ان پر اور ان کو بدلہ دیا قریبی فتح کا۔ اور بہت ساری غنیمتیں وہ ان کو لیں گے اور ہے اللہ تعالیٰ

(۳) دلیل نمبر ۳۸ نفی علم غیب از خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم اور دلیل نمبر ۳۹ سورۃ حجرات آیت نمبر ۵ ص ۵۲۴ میں دیکھیں۔

(۱)
یہاں سے فرمایا اگر تم کو جہاد کا بڑا شوق ہے تو اور مواقع جہاد کے آنے والے ہیں اس میں شریک ہو سکتے ہیں فرمایا:

ع ۳ ۹ ۱۱

(۲)
دلیل نمبر ۵۳ علم غیب خاصہ خداوندی ہے اور دلیل نمبر ۵۴ سورۃ حجرات آیت نمبر ۱۶ ص ۵۲۶ میں دیکھیں

عَزِيْزًا حَكِيْمًا ⑲ وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً تَاْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ وَكَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ

وعدہ خداوندی ۔۔۔ حسن تدبیر باری نمبر ا مشرکین مکہ

زبردست حکمت والا۔ وعدہ کیا تم سے اللہ نے بہت ساری غنیمتوں کا کہ تم ان کو لو گے پس جلدی دی تم کو یہ اور روک دیئے لوگوں کے ہاتھ

عَنْكُمْ ۚ وَلِتَكُوْنَ اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ⑳ وَّاُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا

حکمت صلح حدیبیہ نمبر ا ۔۔۔ نمبر ۲ ۔۔۔ مستقبل کے لیے اطلاع خداوندی

تم سے اور تا کہ ہو وہ ایک نشانی مؤمنوں کے لیے اور وہ رہنمائی کرے تمہاری سیدھے راستہ کی ۔ اور دوسری (غنیمتیں) نہیں قابو پایا تم نے ان پر

قَدْ اَحَاطَ اللّٰهُ بِهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ㉑ وَلَوْ قٰتَلَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوَلَّوُا

مکہ/حنین/قیامت تک ۔۔۔ کفار کی مغلوبیت (صلح حدیبیہ)

تحقیق گھیر رکھا ہے اللہ نے ان کو اور ہے اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا۔ اور اگر تم لڑتے ان سے جنہوں نے کفر کیا وہ ضرور پیٹھ

الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ㉒ سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلُ ښ وَلَنْ

دستور خداوندی ۔۔۔ اہل حق غالب اہل باطل مغلوب ہوں گے

پھیرتے پھر نہ پاتے وہ کوئی کارساز اور نہ کوئی مدد گار۔ اللہ کا دستور جو اس سے پہلے گزر چکا ہے ۔ اور آپ ہر گز

تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ㉓ وَهُوَ الَّذِيْ كَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ

تسلی مؤمنین۔ سنی نام پر دلیل نمبر ۹ (۱) ۔۔۔ حسن تدبیر باری نمبر ۲ ۔۔۔ (مشرکین مکہ)

نہ پائیں گے اللہ کے دستور میں کوئی تبدیلی۔ اور وہی ذات ہے جس نے روک دیئے ان کے ہاتھ تم سے اور تمہارے ہاتھ ان سے مکہ کے پاس

مِنْ بَعْدِ اَنْ اَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ㉔ هُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

وسعت علم باری ۔۔۔ مشرکین کے خباثت

بعد تمہارے کامیاب ہونے کے ان پر اور ہے اللہ تعالیٰ جو تم عمل کرتے ہو دیکھنے والا۔ وہی لوگ ہیں جنہوں نے کفر کیا

وَصَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَالْهَدْيَ مَعْكُوْفًا اَنْ يَّبْلُغَ مَحِلَّهٗ ۭ وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ

حکمت صلح حدیبیہ نمبر ۳

اور تمہیں روکا مسجد حرام سے اور ہدی کو اس حال میں کہ روکی ہوئی تھی پہنچنے سے اس کی جگہ میں اور اگر نہ ہوتے کچھ مرد مؤمن

وَنِسَاۗءٌ مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ اَنْ تَطَـُٔـوْهُمْ فَتُصِيْبَكُمْ مِّنْهُمْ مَّعَرَّةٌۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ لِيُدْخِلَ

صحابہ رض کو غلطی اور عیب سے بچانے کا قدرتی نظام ۔۔۔ نتیجہ

اور کچھ عورتیں مؤمنہ تم نے ان کو نہیں جانا کہ تم ان کو روند ڈالو گے پس پہنچتی تم کو ان کی وجہ سے نقصان بغیر علم کے تا کہ داخل کریں

اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۚ لَوْ تَزَيَّلُوْا لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِــيْمًا ㉕ اِذْ جَعَلَ

صلح حدیبیہ ۔۔۔ نتیجہ کفار۔ الگ ہوتے ۔۔۔ اہل مکہ

اللہ اپنی رحمت میں جس کو چاہیں اگر ایک طرف ہوجاتے وہ تو ہم ضرور سزا دیتے ان کو جنہوں نے کفر کیا ان میں سے دردناک عذاب۔ جب جگہ دی

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰي رَسُوْلِهٖ وَ

کی نادانی ۔۔۔ نتیجہ مؤمنین

ان کافروں نے اپنے دلوں میں ضد کو اور ضد بھی جاہلیت کی تو اتارا اللہ تعالیٰ نے اپنی طرف سے اطمینان اپنے رسول پر اور

عَلَي الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَكَانُوْٓا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ

فضیلت اصحاب رض رسول۔ لازم کردیا

ایمان والوں پر اور جمائے رکھا ان کو پرہیز گاری کی بات پر اور وہ اس کے زیادہ مستحق اور اہل تھے اور

(۱)
فائدہ یہاں تک لفظ سنی پر تو دلائل مکمل ہوئے ان آیات میں اللہ تعالیٰ سے بعض آیات میں سنت کے لفظ کی نسبت اپنی طرف کی ہے اور بعض مقامات میں حضرات انبیاء کرام کی طرف کی ہے یہ اہل سنت کی سعادت اور خوش بختی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اور انبیاء نے اپنے لیے یہی لفظ استعمال کیا ہے۔ اور یہی امتیازی لفظ معتبر کتب شیعہ سے بھی ثابت ہے۔

نمبر ا: فمن رغب عن سنتي فليس مني وسائل الشيعه ج ۱۴ ص ۹ کتاب النکاح باب کراهة الغزوبه مطبوعه تهران طبع جدید۔

نمبر ۲: باقر مجلسی لکھتا ہے وصیت از سنت و طریقه اوبر نه دارد. جلاء العیون ص ۵۹ فصل چهارم دربیان وصیت مطبوعه طهران جدید۔

نمبر ۳: ابن بابویه قمی لکھتے ہیں عن جعفر بن محمدٍ عن ابائهٖ علیهم السلام قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم مَاوَجَدْتُمْ فِیْ كتاب الله عزوجل فَالْعَمَلُ لكم بهٖ لاعُذْرَ لَكم فی تركهٖ و مَالَمْ يَكُنْ فی كتاب الله عزوجل و كانت فيهِ سنةٌ منی فلا عذرلكم فی ترك سنتي معانی لاحبار ص ۱۵۲ باب معنی قول النبی صلی الله علیه وسلم مثل اصحابی الخ مطبوعه بیروت طبع جدید۔

(۱) ابتداء سورت میں فرمایا ہم نے آپ کے لیے فتح مبین کا فیصلہ کر دیا ہے کہ اسکا پہلا مقدمہ صلح حدیبیہ ہے، اور دوسرا مقدمہ فتح خیبر ہے اور اصل فتح جس سے دین اسلام پر عمل کھلم کھلا ہو جائے وہ فتح مکہ ہے اب یہاں سے اس کے نتیجہ کا ذکر ہے۔ غور کریں! صرف آٹھ سال کے عرصہ میں پورے جزیرۃ العرب میں دین کے پھیلنے کی راہ ہموار ہو گئی، آٹھ سال کیا ہوتے ہیں مگر اللہ کا فیصلہ کوئی نہیں روک سکتا۔

ع ۳ / ۱۲

شَیۡءٍ عَلِیۡمًا ﴿۲۶﴾ ع

اللہ تعالیٰ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔

لَقَدۡ صَدَقَ اللّٰہُ رَسُوۡلَہُ الرُّءۡیَا بِالۡحَقِّ ۚ لَتَدۡخُلُنَّ الۡمَسۡجِدَ الۡحَرَامَ اِنۡ شَآءَ اللّٰہُ اٰمِنِیۡنَ ۙ

تصدیق خواب خاتم الانبیاءؐ — کیفیت امن وقتِ دخول

البتہ تحقیق اللہ نے سچ کر دکھایا اپنے رسول کے خواب کو واقع کے مطابق کہ تم ضرور داخل ہوؤ گے مسجد حرام میں اگر اللہ نے چاہا اطمینان سے

مُحَلِّقِیۡنَ رُءُوۡسَکُمۡ وَ مُقَصِّرِیۡنَ ۙ لَا تَخَافُوۡنَ ؕ فَعَلِمَ مَا لَمۡ تَعۡلَمُوۡا فَجَعَلَ مِنۡ دُوۡنِ ذٰلِکَ

کیفیت امن وقت خروج — حسن تدبیر باری تعالیٰ

اپنے سروں کو مونڈاتے ہوئے اور کترواتے ہوئے تم نہیں ڈر رہے ہو گے پس اللہ نے جانا وہ (مصلحت) جو تم نہیں جانتے تھے پس کر دی اس سے پہلے

فَتۡحًا قَرِیۡبًا ﴿۲۷﴾ ہُوَ الَّذِیۡۤ اَرۡسَلَ رَسُوۡلَہٗ بِالۡہُدٰی وَ دِیۡنِ الۡحَقِّ لِیُظۡہِرَہٗ عَلَی الدِّیۡنِ کُلِّہٖ ؕ وَ کَفٰی بِاللّٰہِ شَہِیۡدًا ﴿۲۸﴾

(۱) اثبات رسالت وبشارت دین ودنیا — بغض فی اللہ — حب فی اللہ — (۲)

جلدی ملنے والی فتح۔ وہ ذات جس نے بھیجا اپنے رسول کو ہدایت دے کر اور دین حق دے کر تا کہ وہ اس کو غالب کرے سب ادیان پر اور کافی ہیں اللہ تعالیٰ گواہ۔

مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ ؕ وَ الَّذِیۡنَ مَعَہٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَی الۡکُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیۡنَہُمۡ تَرٰىہُمۡ رُکَّعًا سُجَّدًا یَّبۡتَغُوۡنَ

اثبات رسالت خاتم الانبیاء۔ اصحاب رسولؐ کے گیارہ اوصاف وکمالات نمبر ۱ ایمان نمبر ۲ نمبر ۳ (۳) نمبر ۴ عبادات نمبر ۵ اخلاص

محمد اللہ کے رسول ہیں اور جو لوگ ان کے ساتھ ہیں سخت ہیں کافروں پر آپس میں مہربان ہیں تو ان کو دیکھتا ہے رکوع کرنے والا سجدہ کرنے والا وہ چاہتے

فَضۡلًا مِّنَ اللّٰہِ وَ رِضۡوَانًا ۫ سِیۡمَاہُمۡ فِیۡ وُجُوۡہِہِمۡ مِّنۡ اَثَرِ السُّجُوۡدِ ؕ ذٰلِکَ مَثَلُہُمۡ فِی التَّوۡرٰىۃِ ۚۖ

نمبر ۶ — نمبر ۷ اندرونی ایمان کا رنگ چہروں پر نمایاں ہے — نمبر ۸ فضائل

ہیں اللہ کا فضل اور خوشنودی ان کی خاص نشانی ان کے چہروں میں ہے سجدوں کے اثر سے یہ ان کی حالت ہے توراۃ میں

وَ مَثَلُہُمۡ فِی الۡاِنۡجِیۡلِ ۚ۟ کَزَرۡعٍ اَخۡرَجَ شَطۡـَٔہٗ فَاٰزَرَہٗ فَاسۡتَغۡلَظَ فَاسۡتَوٰی عَلٰی سُوۡقِہٖ

نمبر ۹ — نمبر ۱۰، ایضاحی تشبیہ کی چار حالتیں۔ نمبر ۱، پٹھہ نمبر ۲، مضبوط، نمبر ۳ موٹا، نمبر ۴ عثمانؓ

اور ان کی حالت انجیل میں جیسے کھیتی نکالی اس نے اپنی کونپل پس اس کو مضبوط کیا پس وہ موٹی ہوئی پس وہ کھڑی ہوئی اپنی نال پر

یُعۡجِبُ الزُّرَّاعَ لِیَغِیۡظَ بِہِمُ الۡکُفَّارَ ؕ وَعَدَ اللّٰہُ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنۡہُمۡ

نمبر ۱۱ دلاتا ہے کھیتی کرنے والے کو — نتیجہ — (۴)

بھلی لگتی ہے کسانوں کو تا کہ جل بھن جائیں کفار ان کی وجہ سے اللہ نے وعدہ کیا ہے ان سے جو ایمان لائے اور نیک کام کیے ان میں سے

ع ۴ / ۱۲

مَّغۡفِرَۃً وَّ اَجۡرًا عَظِیۡمًا ﴿۲۹﴾ ع

نمبر ۱ — نمبر ۲

بخشش کا اور اجر عظیم کا۔

سورۃ الحجرات

سُوۡرَۃُ الۡحُجُرٰتِ مَدَنِیَّۃٌ وَّہِیَ ثَمَانِیَ عَشۡرَۃَ اٰیَۃً وَّفِیۡہَا رُکُوۡعَانِ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

ترتیب تلاوت ۴۹، ترتیب نزول ۱۰۶، آیات ۱۸، رکوعات ۲

یٰۤاَیُّہَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تُقَدِّمُوۡا (۵) بَیۡنَ یَدَیِ اللّٰہِ وَ رَسُوۡلِہٖ وَ اتَّقُوا اللّٰہَ ؕ اِنَّ اللّٰہَ سَمِیۡعٌ عَلِیۡمٌ ﴿۱﴾

نمبر ۱، آداب وفرائض ومؤمنین۔ آپ کی مجلس میں خاموشی سے بیٹھو — اصول کامیابی

اے ایمان والو! مت آگے بڑھو (قول وفعل میں) اللہ اور اس کے رسول سے اور اللہ سے ڈرتے رہو بیشک اللہ سننے والا جاننے والا ہے

(۲) اس کا ما قبل سے تعلق یہ ہے کہ اسلام غالب ہو کر رہے گا اس پر اللہ کی گواہی کافی ہے اور ما بعد سے تعلق یہ ہے کہ محمد اللہ کے رسول ہیں اس پر اللہ کی گواہ کافی ہے کسی اور کی گواہی کی ضرورت نہیں۔

(۳) صحابہ کرامؓ اخروی مواخذہ سے محفوظ ہیں سورۃ تحریم آیت نمبر ۸ ص ۵۷۱ میں دیکھیں

(۴) منھم میں ”من“ تبعیضیہ ہے اس سے منافقین کو نکالنا مقصود ہے کیونکہ اس میں جد بن قیس داخل تھا تو جب بیعت لی جا رہی تھی تو وہ اونٹ کے پیچھے چھپ گیا تھا، اس قسم کے منافقین کو نکالنے کے لیے ”منھم“ کا اضافہ کیا گیا۔

موضوع سورۃ: مسلمانوں کے آپس میں تعلقات کا دستور العمل اور اصلاح معاشرت کے احکام

حضرت امام مالکؒ نے اس آیت کے ذریعہ روافض کے کفر پر دلیل پکڑی ہے۔ ابن کثیر والتفسیر المنیر۔ تفصیل کے لیے معارف القرآن کے مختلف مقامات اور فتاویٰ علامہ علی شیر حیدری شہید دیکھیں

(۵) تمام اہل سنت مفسرین فرماتے ہیں کہ اس سے مراد حضرت ابو بکر صدیقؓ اور حضرت عمرؓ ہیں۔ اس سے واضح ثابت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو ایمان والا کہا ہے۔ اور ان کے اس عمل سے وہ ایمان سے خارج نہیں ہوئے۔ منکرین دیانتداری سے کام لیں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ

نمبرا، خاتم الانبیاء کے آداب واحترام کاالتزام کہ آپ کے سامنے آواز بلند نہ کرو۔ حیات انبیاء پردلیل نمبر ۵ قرآنی پانچ دلائل مکمل شد

اے ایمان والو! نہ بلند کرو اپنی آوازیں نبی کی آواز پر اور نہ زور سے بات کرو ان کے سامنے جیسے زور سے بات کرنا بعض تمہارے کا

لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ۲ اِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ

بے ادبی کا نتیجہ۔(۱) ولا یُحبط العملَ الا الکفرو الکافر یُقتَلُ خاتم الانبیاء کے اکرام کا نتیجہ نمبرا

بعض سے کہیں ضائع نہ ہوجائیں تمہارے اعمال اور تمہیں خبر بھی نہ ہو۔ بیشک جو لوگ پست رکھتے ہیں اپنی آوازیں اللہ کے رسول کے سامنے

اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰى ؕ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ۳ اِنَّ الَّذِيْنَ

جانچنا، پرکھنا، آزمانا نمبر ۲ نمبر ۳ بے عقلوں کی علامت،

یہ وہ لوگ ہیں کہ اللہ نے پرکھ لیا ان کے دلوں کو تقویٰ کے لیے ان کے لیے بخشش اور اجر عظیم ہے۔ بیشک جو لوگ

يُنَادُوْنَكَ (۳) مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۴ وَلَوْ اَنَّهُمْ صَبَرُوْا حَتّٰى تَخْرُجَ اِلَيْهِمْ

(۲) قلت تہذیب۔ گھر تشریف لے جائیں تو باہر سے مت بلاؤ طریق کامیابی (۴)

آپ کو پکارتے ہیں حجروں کے پیچھے سے ان کی اکثریت ناسمجھ ہے۔ اور اگر وہ صبر کرتے یہاں تک کہ آپ ان کی طرف تشریف لے آتے

لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۵ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْٓا

شفقت خداوندی فریضہ مومنین برائے تحقیق ونفی حاضروناظر از خاتم الانبیاء ولید بن عقبہ بن ابی معیط بنی مصطلق ۵ھ (۵)

تو یہ ان کے لیے بہتر ہوتا اور اللہ بخشنے والا رحم والا ہے۔ اے ایمان والو! اگر آئے تمہارے پاس کوئی کچا آدمی کوئی خبر لے کر تو تحقیق کرو

اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًاۢ بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ۶ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ

نتیجہ ترک تحقیق نتیجہ مومنین انعام خصوصی۔ تحریم جمعہ، صف تغابن، فتح مائدہ، توبہ۔ ← میں بیان کی گئی ہے

(اس ڈر سے) کہ نقصان دو تم کسی قوم کو ناواقفیت سے پھر ہوجاؤ تم اپنے کیے پر پشیمان۔ اور جان لو کہ بیشک تمہارے اندر اللہ کا رسول ہے

اللّٰهِ ؕ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَزَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ

تنبیہ مومنین حسن تدبیر باری اور فضائل اصحاب رسول (۶) کھبا دیا شیخ الہندؒ

اگر وہ کہا مانیں تمہارے بہت سے معاملات میں تو یقیناً تم مشقت میں پڑ جاؤ گے لیکن اللہ نے پسند کیا تمہارے لیے ایمان کو اور کھبا دیا اس کو تمہارے دلوں میں

وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۷ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةً ؕ

شفقت خداوندی منه

اور ناپسند کیا تمہارے لیے کفر کو اور فسق کو اور نافرمانی کو یہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں۔ اللہ کے فضل اور اس کے انعام سے

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۸ وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ

فریضہٗ التزام اصلاح عبداللہ بن ابی ابن سلول

اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ اور اگر دو جماعتیں مسلمانوں کی آپس میں لڑ پڑیں تو ان دونوں کے درمیان صلح کرا دو

فَاِنْۢ بَغَتْ اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ حَتّٰى تَفِيْٓءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ فَآءَتْ

ظالمین کے ساتھ کیفیت سلوک طریق اصلاح

پس اگر ان دو میں ایک بغاوت کرے دوسرے پر پس لڑو تم اس سے جو بغاوت کر رہا ہے یہاں تک کہ وہ لوٹ آئے اللہ کے حکم کی طرف پس اگر وہ لوٹ گیا

فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۹ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ

نتیجہ عدل اقتضاء اصلاح کا بیان طریق قیام اخوۃ

تو ان دونوں کے درمیان صلح کرادو برابری کے ساتھ اور انصاف کرو بیشک اللہ تعالیٰ پسند کرتے ہیں انصاف کرنے والوں کو۔ بیشک مؤمن

(۱)
دلیل نمبر ۶ اور دلیل نمبر ۷ توہین پیغمبر کی سزا قتل ہے سورۃ ذاریات آیت نمبر ۱۰ ص ۵۲۹

(۲)
آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہر جگہ حاضروناظر نہ ہونے پر متفقہ فیصلہ
من قالَ ارواح المشائخ حاضرۃٌ تَعلَمُ یَکفُرُ (بزازیہ حاشیہ عالمگیری۔ ص ۳۲۶ جلد ۔ ۶)

(۳)
دلیل نمبر ۴ نفی حاضروناظر از خاتم انبیاء صلی اللہ علیہ وسلم جب آپ کے جسد اطہر میں روح ڈالی جاچکی تھی۔ اور دلیل نمبر ۵ سورۃ منافقون آیت نمبرا ص ۵۶۴ میں دیکھیں

(۴)
دلیل نمبر ۳۹ نفی علم غیب از خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم اور دلیل نمبر ۴۰ سورۃ منافقون آیت نمبرا ص ۵۶۴ میں دیکھیں

(۵)
دلیل نمبر ۵ خبر واحد کی حجت پر اور دلیل نمبر ۶ سورۃ طلاق آیت نمبر ۲ ص ۵۶۸ میں دیکھیں

(۶)
مولانا عبدالماجد دریا آباد نے ترجمہ کیا "ایمان تمہارے دلوں میں مرغوب کردیا۔ مولانا فتح محمد جالندھری نے ترجمہ کیا اور اس کو تمہارے دلوں میں سجادیا۔ حضرت لاہوریؒ فرماتے ہیں: اس کو تمہارے دلوں میں اچھا کر دکھایا ہے۔ اعلیٰ حضرت احمد رضا خان بریلوی لکھتے ہیں اور اسے تمہارے دلوں میں آراستہ کردیا۔ رافضی ملا فرمان علی لکھتے ہیں کہ :اور اس کو تمہارے دلوں میں عمدہ کر دکھایا۔ ترجمہ فرمان علی ص ۸۱۳ طبع شیخ غلام علی۔ یاد رکھیں یہ سب تراجم ظاہری خوبصورتی کو زینت نہیں بتا رہے بلکہ دلوں کے اندر اتری ہوئی زینت کو بتا رہے ہیں کہ ایمان صحابہ کے دلوں میں اتار دیا گیا ہے۔ یہ ان کے ایمان کی اندرونی خبر بتائی گئی ہے۔ باقی نہ ماننے والوں کے لیے اربوں دفاتر بیکار ہیں۔ حب صحابہ زندہ باد

ع ۱۳

اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝١٠ ع

نتیجہ تقویٰ

(آپس میں) بھائی بھائی ہیں پس اپنے بھائیوں کے درمیان صلح کرادو اور تم اللہ سے ڈرو تا کہ تم رحم کیے جاؤ۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰۤى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ وَلَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ

اسباب لڑائی نمبر ۱ — مذاق — عیب لگاؤ ایک دوسرے پر

اے ایمان والو! نہ مذاق کرے کوئی قوم دوسری قوم سے امید ہے کہ ہوں وہ بہتر ان سے اور نہ عورتیں عورتوں سے

عَسٰۤى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ وَلَا تَلْمِزُوْۤا اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ

نمبر ۲ مؤمنین کی توھین — نمبر ۳ برے القاب کی ممانعت

امید ہے کہ ہوں وہ بہتر ان سے اور نہ عیب نکالو اپنے لوگوں میں اور نہ پکارو برے القاب سے برا نام ایمان کے

بَعْدَ الْاِيْمَانِ وَمَنْ لَّمْ يَتُبْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝١١ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا

محرومین عن التوبہ کا نتیجہ — نمبر ۴ بدگمانی کی ممانعت

بعد (کسی کی) فسق (کی طرف نسبت) کا ہے اور جس نے توبہ نہیں کی پس وہی ظالم ہیں۔ اے ایمان والو بچو تم بہت سی

مِّنَ الظَّنِّ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ

(۱) — نمبر ۵ تجسس کی ممانعت — نمبر ۶ غیبت — غیبت کا نتیجہ

بدگمانیوں سے بیشک بعض بدگمانیاں گناہ ہیں اور مت تم سراغ لگاؤ اور مت غیبت کرے بعض تمہارا بعض کی کیا پسند کرتا ہے

يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ ۝١٢ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا

(نواہی کے ارتکاب سے) — خطاب عمومی بین المسلم والکافر

ایک تمہارا کہ کھائے وہ اپنے بھائی مردہ کا گوشت پس تم ناپسند کرتے ہو اس کو اور تم اللہ سے ڈرو بیشک اللہ توبہ قبول کرنے والا رحم والا ہے۔ اے لوگو! بیشک ہم نے

خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ

ذات پات کا — حکمت قبائل اور نسبی فخر کی ممانعت کا بیان

تم کو پیدا کیا ہے ایک مرد اور عورت سے اور ہم نے بنائی تمہاری برادریاں اور خاندان تا کہ تم ایک دوسرے کو پہچانو بیشک تم میں زیادہ عزت والا اللہ کے نزدیک

اَتْقٰىكُمْ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ۝١٣ قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ قُوْلُوْۤا اَسْلَمْنَا

(۲) — ایمان کا مدار تقویٰ اور تصدیق قلبی پر ہے یعنی اعرابیوں کی کذب بیانی (دل سے)

تم میں سے زیادہ پرہیزگار ہے بیشک اللہ تعالیٰ جاننے والا خبر رکھنے والا ہے۔ کہا دیہاتیوں نے ہم ایمان لائے آپ کہہ دیجئے تم ایمان نہیں لائے لیکن کہو ہم اسلام لائے ہیں

وَلَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَاِنْ تُطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَا يَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ شَيْئًا

اطلاع خداوندی - جو مدار ایمان ہے — (یعنی ایمان قلبی ہے) — مجازات اعمال (بعد ایمان قلبی کے)

اور اب تک نہیں داخل ہوا ایمان تمہارے دلوں میں اور اگر تم اطاعت کرو اللہ تعالیٰ کی اور اس کے رسول کی نہیں وہ کم کرے گا تمہارے اعمال میں سے کچھ بھی

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝١٤ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا

ایمان قلبی والے مؤمنین کے صفات نمبر ۱ — نمبر ۲

بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے ۔ بیشک مؤمن وہ ہیں جو ایمان لائے اللہ پر اور اس کے رسول پر پھر انہوں نے شک نہیں کیا

وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ۝١٥ قُلْ اَتُعَلِّمُوْنَ

نمبر ۳ علامت — ایمانی تمغہ — اعرابیوں کو تنبیہ و تہدید

اور جہاد کیا انہوں نے اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں سے اللہ کے راستہ میں یہی سچے لوگ ہیں۔ آپ کہہ دیجئے کیا تم

(۱)
ظن بمعنی گمان دلیل نمبر ۲ ۔ سورۃ نجم آیت نمبر ۲۸ ص نمبر ۶ ۳ ۵ میں دیکھیں

(۲)
خواہ وہ فقیر کیوں نہ ہو خواہ وہ اعمیٰ اور اعرج کیوں نہ ہو۔

(۱) دلیل نمبر ۵۴ علم غیب خاصہ خداوندی ہے اور دلیل نمبر ۵۵ یہی سورۃ آیت نمبر ۱۸ میں دیکھیں اور دلیل نمبر ۵۶ سورۃ ق آیت نمبر ۴۵ ص ۵۲۹ میں دیکھیں

اللّٰهَ بِدِيْنِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۶﴾

(اسد) وسعت علم (۱)

اللہ تعالٰی کو اپنا دین بتاتے ہو۔ اور اللہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور اللہ تعالٰی ہر چیز کو جاننے والا ہے۔

يَمُنُّوْنَ عَلَيْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا ؕ قُلْ لَّا تَمُنُّوْا عَلَىَّ اِسْلَامَكُمْ ۚ بَلِ اللّٰهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ اَنْ

اعرابیوں کا احسان جتلانا (۲) جواب احسان

وہ آپ پر احسان جتلاتے ہیں کہ وہ اسلام لائے ہیں آپ کہہ دیجئے مت احسان جتلاؤ تم مجھ پر اپنے اسلام کا بلکہ اللہ تعالٰی احسان جتاتا تم پر کہ

هَدٰىكُمْ لِلْاِيْمَانِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

حصر علم الغیب سے نفاق پر شدید وعید

ہدایت دی تم کو ایمان کی اگر ہو تم سچے۔ بیشک اللہ ہی جانتا ہے آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ چیزیں

ع ۲ ۱۸ ۱۴

وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸﴾ ع

اور اللہ دیکھ رہے ہیں جو تم کرتے ہو۔

سورۃ ق

سُوْرَةُ قٓ مَكِّيَّةٌ وَّهِىَ خَمْسٌ وَّ اَرْبَعُوْنَ اٰيَةً وَّ ثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

ترتیب تلاوت ۵۰، ترتیب نزول ۳۴، آیات ۴۵، رکوعات ۳

قٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ﴿۱﴾ بَلْ عَجِبُوْۤا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ فَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا

عظمت قرآن — منکرین رسالت کا تعجب نمبرا — (جواب قسم)

قٓ: قسم ہے عظمت والے قرآن کی۔ بلکہ انہوں نے تعجب کیا کہ آیا ان کے پاس ایک ڈرانے والا ان میں سے پس کہا کافروں نے یہ

شَىْءٌ عَجِيْبٌ ﴿۲﴾ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ۚ ذٰلِكَ رَجْعٌۢ بَعِيْدٌ ﴿۳﴾ قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْاَرْضُ

تعجب نمبر ۲ — وسعت علم باری تعالٰی سے دوسرے تعجب کا رد نمبرا

عجیب چیز ہے۔ کیا جب ہم مرجائیں گے اور ہم ہوجائیں گے مٹی یہ لوٹنا دور کی بات ہے۔ تحقیق ہم جانتے ہیں جو کم کرتی ہے زمین

مِنْهُمْ ۚ وَعِنْدَنَا كِتٰبٌ حَفِيْظٌ ﴿۴﴾ بَلْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ فَهُمْ فِىْۤ اَمْرٍ مَّرِيْجٍ ﴿۵﴾

رد نمبر ۲ — نمونہ وسعت علم — پہلے تعجب کا رد منکرین کی بدبختی — (کبھی شاعر اور کبھی ساحر اور مجنوں کہتے ہیں)

ان سے اور ہمارے پاس ہے نوشتہ محفوظ رکھنے والا بلکہ انہوں نے تکذیب کی سچی بات کی (یعنی نبوت کی) جب آئی ان کے پاس تو وہ الجھے ہوئے معاملے میں ہیں۔

اَفَلَمْ يَنْظُرُوْۤا اِلَى السَّمَآءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنٰهَا وَزَيَّنّٰهَا وَمَا لَهَا مِنْ فُرُوْجٍ ﴿۶﴾ وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا

تذکیر بالآء اللہ سے توحید خداوندی پر عقلی دلائل نمبرا — نمبر ۲

کیا انہوں نے نہیں دیکھا آسمان کو اپنے اوپر کیسا بنایا ہم نے اس کو اور مزین کیا ہم نے اس کو اور نہیں اس کے لیے کوئی شگاف۔ اور زمین کو ہم نے اس کو پھیلا

وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِىَ وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ﴿۷﴾ تَبْصِرَةً وَّذِكْرٰى لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ﴿۸﴾

نمبر ۳ — نمبر ۴ — بارونق چیزیں۔ — مستفیدین من القرآن۔ بصیرت اور نصیحت ہے

اور ڈالے ہم نے اس میں مضبوط پہاڑ اور اگائی ہم نے اس میں ہر قسم سے بارونق چیزیں۔ سمجھانے کے لیے اور یاد دہانی کے لیے ہر بندے رجوع کرنے والے کے لیے۔

وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبٰرَكًا فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ جَنّٰتٍ وَّحَبَّ الْحَصِيْدِ ﴿۹﴾ وَالنَّخْلَ بٰسِقٰتٍ

قدرت خداوندی سے اثبات بعث بعد الموت ماخذ ۹۔۱۰۔۱۱ — کھیت جو کاٹے جاتے ہیں — لمبی لمبی

اور اتارا ہم نے آسمان سے بابرکت پانی پس اگائے ہم نے اس کے ذریعہ باغات اور غلہ کٹی ہوئی کھیت کا۔ اور کھجور کے لیے لمبے لمبے درخت ان کے لیے

(۲)
اس آیت کا تعلق سورت کی پہلی آیات سے بھی کہ اسلام لانے کا احسان نبوت پر رکھنا سوء ادبی ہے یہ اعراب آپ پر احسان جتلاتے ہیں جیسے کہ سبقت رآی کی اور رفع صوت کا اور جہر صوت کا سوء ادبی ہے ایسے ہی یہ بھی ہے۔

موضوع سورۃ: مجازات

لَّهَا طَلْعٌ نَّضِيدٌ ﴿١٠﴾ رِّزْقًا لِّلْعِبَادِ ۖ وَأَحْيَيْنَا بِهِ بَلْدَةً مَّيْتًا ۚ كَذَٰلِكَ الْخُرُوجُ ﴿١١﴾ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ

جن کے خوشے تہ بر تہ ہیں — تذکیر بما بعد الموت۔ — تذکیر بایام اللہ سے

خوشے ہیں تہ بر تہ۔ روزی بندوں کے لیے اور زندہ کیا ہم نے اس کے ذریعہ مردہ جگہ کو اسی طرح (دوبارہ) نکلنا ہوگا۔ جھٹلایا ان سے پہلے

قَوْمُ نُوحٍ وَأَصْحَابُ الرَّسِّ وَثَمُودُ ﴿١٢﴾ وَعَادٌ وَفِرْعَوْنُ وَإِخْوَانُ لُوطٍ ﴿١٣﴾ وَأَصْحَابُ الْأَيْكَةِ

تسلی خاتم الانبیاء

قوم نوح اور کنویں والوں نے اور قوم ثمود۔ اور عاد اور فرعون نے اور لوط کے بھائیوں نے۔ اور جنگل والوں نے

وَقَوْمُ تُبَّعٍ ۚ كُلٌّ كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيدِ ﴿١٤﴾ أَفَعَيِينَا بِالْخَلْقِ الْأَوَّلِ ۚ بَلْ هُمْ فِي لَبْسٍ

خلاصہ خباثات — نتیجہ — تنبیہ منکرین قیامت

اور قوم تبع نے سب نے جھٹلایا رسولوں کو پس ثابت ہوگئی میری وعید۔ کیا ہم تھک گئے پہلی بار پیدا کرکے بلکہ وہ اشتباہ میں ہیں

مِّنْ خَلْقٍ جَدِيدٍ ﴿١٥﴾ ع ١ ١٥

نئے پیدا کرنے کے بارے میں۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهِ نَفْسُهُ ۖ وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيدِ ﴿١٦﴾

خالقیت باری — وسعت علم باری تعالیٰ — حاضر وناظر ہونے کا بیان

اور البتہ تحقیق ہم نے پیدا کیا انسان کو اور ہم جانتے ہیں جو وسوسہ ڈالتا ہے اس کو اس کا نفس اور ہم زیادہ قریب ہیں اس سے اس کی شہ رگ کے۔

إِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيَانِ عَنِ الْيَمِينِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيدٌ ﴿١٧﴾ مَّا يَلْفِظُ مِن قَوْلٍ إِلَّا لَدَيْهِ

کاتبین اعمال — لیتے ہیں دو لینے والے — کیفیت انسان

جب لے رہے ہیں دو لینے والے دائیں سے اور بائیں بیٹھے ہوئے۔ نہیں وہ بولتا کوئی بات مگر اس کے پاس

رَقِيبٌ عَتِيدٌ ﴿١٨﴾ وَجَاءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ۖ ذَٰلِكَ مَا كُنتَ مِنْهُ تَحِيدُ ﴿١٩﴾ وَنُفِخَ فِي الصُّورِ ۚ

(یعنی ہر عمل کو لکھتے ہیں) — تنبیہ انسان — (یعنی ہر بیماری کا علاج کراتا تھا — بچتا تھا — مبادی قیامت

نگہبان تیار ہے۔ اور آئی بے ہوشی موت کی سچی بات ہے یہ تو اس (موت) سے کنارہ کرتا تھا۔ اور پھونکا جائے گا صور میں

ذَٰلِكَ يَوْمُ الْوَعِيدِ ﴿٢٠﴾ وَجَاءَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا سَائِقٌ وَشَهِيدٌ ﴿٢١﴾ لَّقَدْ كُنتَ فِي غَفْلَةٍ مِّنْ هَٰذَا

احوال قیامت — چلانے والا — مشرکین کی سرزنش

یہ دھمکی کا دن ہے۔ اور آئے گا ہر شخص اس کے ساتھ ہانکنے والا اور احوال بتانے والا ہوگا۔ البتہ تحقیق تو بے خبری میں تھا اس سے

فَكَشَفْنَا عَنكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيدٌ ﴿٢٢﴾ وَقَالَ قَرِينُهُ هَٰذَا مَا لَدَيَّ عَتِيدٌ ﴿٢٣﴾

(قیامت کے حالات دیکھ رہا ہے) — فرشتے کا مکالمہ۔ — یہ وہ چیز ہے

پس کھول دیا ہم نے تجھ سے تیرا پردہ پس تیری آنکھ آج نہایت تیز ہے۔ اور کہے گا اس کا ساتھی یہ جو میرے پاس (اعمال نامہ) تیار ہے

أَلْقِيَا فِي جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيدٍ ﴿٢٤﴾ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيبٍ ﴿٢٥﴾ الَّذِي جَعَلَ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا

حکم خداوندی برائے کاتب اعمال — نتیجہ مجرمین — اسباب رسوائی — (عبدیت سے) — (دین)

ڈالو تم (دونوں) کو دوزخ میں ہر منکر مخالف کو۔ زیادہ روکنے والے بھلائی سے حد سے تجاوز کرنے والے۔ شک میں ڈالنے والے کو۔ جس نے بنایا اللہ کے ساتھ اور معبود

آخَرَ فَأَلْقِيَاهُ فِي الْعَذَابِ الشَّدِيدِ ﴿٢٦﴾ قَالَ قَرِينُهُ رَبَّنَا مَا أَطْغَيْتُهُ وَلَٰكِن كَانَ فِي ضَلَالٍ بَعِيدٍ ﴿٢٧﴾

(۱) نتیجہ مشرک — مکالمہ شیطان — سرکشی میں ہمیں ڈالا

پس ڈالو اس کو سخت عذاب میں۔ کہے گا اس کا ساتھی اے ہمارے رب نہیں سرکش بنایا میں نے اس کو لیکن وہ (بذات خود) دور کی گمراہی میں تھا

(۱) کافر کے ساتھ روایتی شیطانوں کو بھی دوزخ میں ڈالا جائے گا وہاں حجت بازی جھک جھک نہیں چلے گی

قَالَ لَا تَخْتَصِمُوْا لَدَیَّ وَقَدْ قَدَّمْتُ اِلَیْكُمْ بِالْوَعِیْدِ ﴿۲۸﴾ مَا یُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَیَّ وَمَآ

فیصلہ خداوندی عذاب کی وعید۔ فیصلہ کے محکم ہونے کا بیان

فرمائے گا مت جھگڑو میرے پاس اور تحقیق میں آگے بھیج چکا تمہاری طرف دھمکی۔ نہیں تبدیل کی جاتی (وعید کی) بات میرے پاس اور نہ

ع ۲ ۴ ۱۲ اَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِیْدِ ﴿۲۹﴾ ع

میں ظلم کرنے والا ہوں بندوں پر

یَوْمَ نَقُوْلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَاْتِ وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ مَّزِیْدٍ ﴿۳۰﴾ وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِیْنَ

(احوال یوم محشر یوم شدت نار جہنم مطالبۂ جہنم کچھ اور بھی چاہیے مستحقین جنت

جس دن ہم پوچھیں گے دوزخ سے کیا تو بھر گئی اور وہ کہے گی کیا اور بھی ہیں؟ اور قریب کردی جائے گی جنت پرہیزگاروں کے لیے

غَیْرَ بَعِیْدٍ ﴿۳۱﴾ هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِیْظٍ ﴿۳۲﴾ مَنْ خَشِیَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَیْبِ

متقین کی مبارکبادی، متقین کے اوصاف نمبر ۱ احکام نمبر ۲

کچھ دور نہیں ہے یہ جو تم سے وعدہ کیا گیا ہر رجوع کرنے والے حفاظت کرنے والے کے لیے۔ جو شخص ڈرا رحمٰن سے بن دیکھے

وَجَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِیْبِ ﴿۳۳﴾ ادْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ ذٰلِكَ یَوْمُ الْخُلُوْدِ ﴿۳۴﴾ لَهُمْ مَّا یَشَآءُوْنَ فِیْهَا وَلَدَیْنَا

نمبر ۳ نتیجہ متقین نمبر ۱ نمبر ۲ نمبر ۳

اور لایا دل رجوع کرنے والا۔ (ان سے کہا جائے گا) داخل ہو تم سلامتی کے ساتھ یہ ہمیشہ رہنے کا دن ہے۔ ان کے لیے ہے جو وہ چاہیں گے اس میں اور ہمارے پاس

مَزِیْدٌ ﴿۳۵﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَشَدُّ مِنْهُمْ بَطْشًا فَنَقَّبُوْا فِی الْبِلَادِ هَلْ

تذکیر بایام اللہ کے ضمن میں مشرکین کی تخویف کرید کرنے لگے نفی

اور بھی (نعمتیں) ہیں۔ اور بہت سی ہم نے ہلاک کی ان سے پہلے جماعتیں وہ سخت تھی ان سے پکڑ میں پس چھان مارا انہوں نے شہروں کو کیا

مِنْ مَّحِیْصٍ ﴿۳۶﴾ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰی لِمَنْ كَانَ لَهٗ قَلْبٌ اَوْ اَلْقَی السَّمْعَ وَهُوَ شَهِیْدٌ ﴿۳۷﴾

شفیع قہری مستفیدین من الآیات پورا دل لگا کر سنتا ہے

کوئی جائے پناہ ہے۔ بیشک اس میں یقیناً نصیحت ہے اس شخص کے لیے کہ ہے اس کے لیے دل یا لگائے اس نے کان اس حال میں کہ وہ متوجہ ہے

وَلَقَدْ خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَیْنَهُمَا فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ وَّمَا مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ ﴿۳۸﴾

عقلی دلیل قدرت باری تعالیٰ

اور البتہ تحقیق پیدا کیا ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے چھ دن (کے وقفے) میں اور نہیں پہنچی ہمیں کوئی تھکان

فَاصْبِرْ عَلٰی مَا یَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ ﴿۳۹﴾

فرائض خاتم الانبیاء نمبر ۱ نمبر ۲ نمبر ۳ (۱) نمبر ۴

پس آپ صبر کریں اس پر جو وہ کہتے ہیں اور تسبیح بیان کریں اپنے رب کی حمد کے ساتھ سورج کے نکلنے سے پہلے اور چھپنے سے پہلے

وَمِنَ الَّیْلِ فَسَبِّحْهُ وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ ﴿۴۰﴾ وَاسْتَمِعْ یَوْمَ یُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ قَرِیْبٍ ﴿۴۱﴾

(۲) تذکیر بما بعد الموت کے احوال

اور رات کے کچھ حصہ میں پس پاکی بیان کریں اس کی اور نمازوں کے پیچھے۔ اور کان لگا کر سن جس دن پکارے گا پکارنے والا قریب کی جگہ سے

یَّوْمَ یَسْمَعُوْنَ الصَّیْحَةَ بِالْحَقِّ ذٰلِكَ یَوْمُ الْخُرُوْجِ ﴿۴۲﴾ اِنَّا نَحْنُ نُحْیٖ وَنُمِیْتُ وَاِلَیْنَا الْمَصِیْرُ ﴿۴۳﴾

بعث بعد الموت (قبروں سے) تصرف باری

جس دن وہ سنیں گے ایک آواز یقینی یہ نکلنے کا دن ہوگا۔ بیشک ہم ہی زندہ کرتے ہیں اور ہم ہی مارتے ہیں اور ہماری طرف ہی لوٹ کر آنا ہے۔

(۱) ای صل صلوۃ الفجر والعصر وکان ھذا الحکم قبل لیلۃ المعراج

(۲) اس سورۃ ق میں ادبار السجود سے مراد مغرب کی نماز کی بعد کی دو رکعتیں ہیں اور سورۃ طور میں ادبار النجوم سے مراد فجر کی پہلی دو رکعتیں ہیں۔

(۱)
دلیل نمبر ۵۶ علم غیب خاصہ خداوندی ہے اور دلیل نمبر ۵۷ سورۃ النجم آیت ۳۲ ص ۵۳۶ میں دیکھیں

يَوْمَ تَشَقَّقُ الْاَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا ؕ ذٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيْرٌ ﴿٤٤﴾ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ وَمَاۤ اَنْتَ

کیفیت حشر — قدرت باری تعالیٰ — وسعت علم باری (۱) تسلی خاتم الانبیاء

جس دن زمین پھٹ جائے گی ان سے یہ (قبروں سے) تیزی سے جمع کرنا ہم پر آسان ہے۔ ہم جانتے ہیں جو وہ کہتے ہیں اور نہیں آپ

ع ۳ ۱۷

عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ ۫ فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ مَنْ يَّخَافُ وَعِيْدِ ﴿٤٥﴾

(منوانے والے) فرائض خاتم الانبیاء والتزام تبلیغ قرآن

ان پر زور والے پس آپ قرآن کے ذریعہ نصیحت کریں اس کو جو ڈرتا ہے میری وعید سے — سورۃ الذاریات

سُوْرَةُ الذّٰرِيٰتِ مَكِّيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — هِيَ سِتُّوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

ترتیب تلاوت ۵۱، ترتیب نزول ۶۷، آیات ۶۰، رکوعات ۳

موضوع سورۃ: جزاء اعمال یقینی ہے

وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا ﴿١﴾ فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا ﴿٢﴾ فَالْجٰرِيٰتِ يُسْرًا ﴿٣﴾ فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا ﴿٤﴾ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ

(قسم) قدرت باری تعالیٰ کے نمونے — (جواب قسم) وقوع قیامت

قسم اڑاتے والی ہواؤں کی ابھار کر۔ پس اٹھاتے والیوں کی بوجھ کو۔ پس چلنے والیوں کی نرمی سے۔ پس بانٹنے والیوں کی حکم کو۔ بیشک جو تم کو وعدہ دیا جا رہا ہے

لَصَادِقٌ ﴿٥﴾ وَّاِنَّ الدِّيْنَ لَوَاقِعٌ ﴿٦﴾ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْحُبُكِ ﴿٧﴾ اِنَّكُمْ لَفِيْ قَوْلٍ مُّخْتَلِفٍ ﴿٨﴾

من الثواب والعتاب) — قسم (فرشتوں کے راستوں کے لیے) جواب قسم

البتہ سچا ہے ۔ اور بیشک بدلہ ضرور ملنے والا ہے۔ اور قسم ہے جالی دار آسمان کی ۔ بیشک تم (قیامت کے بارے میں) مختلف باتوں میں ہو۔

يُّؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ اُفِكَ ﴿٩﴾ قُتِلَ الْخَرّٰصُوْنَ ﴿١٠﴾ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ غَمْرَةٍ سَاهُوْنَ ﴿١١﴾

محرومین سعادت۔ اس سے باز رکھا جاتا ہے وہ جو پھیر دیا گیا۔ (۲) محرومین کا نتیجہ قتل بمعنی لعن کتاب الشفاص ۲۵۵

پھیرا جاتا ہے اس (حق) سے جو پھیرا گیا (علم الٰہی میں)۔ ہلاکت ہو اٹکل دوڑانے والوں کے لیے (اعتقادات میں)۔ جو غفلت میں (حق سے) بھولے ہوئے ہیں

(۲)
دلیل نمبر ۷ توہین پیغمبر کی سزا قتل ہے اور دلیل نمبر ۸ توہین پیغمبر کی سزا لعنت ہے۔ سورۃ منافقون آیت نمبر ۴ ص ۵۶۴ میں دیکھیں

يَسْـَٔلُوْنَ اَيَّانَ يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿١٢﴾ يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُوْنَ ﴿١٣﴾ ذُوْقُوْا فِتْنَتَكُمْ ؕ هٰذَا

استہزأ منکرین قیامت کا شکوہ — جواب شکوہ — گرم کیے جائیں گے۔ — سرزنش اپنی شرارتوں کا مزا

وہ پوچھتے ہیں کہ کب ہوگا قیامت کا دن جس دن وہ آگ پر تپائے جائیں گے ۔ مزہ چکھو اپنی گمراہی کا یہ

الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿١٤﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿١٥﴾ اٰخِذِيْنَ مَاۤ اٰتٰهُمْ

نتیجہ متقین نمبر ۱ — نمبر ۲

وہ ہے جو تھے تم اس کی جلدی کرتے۔ بیشک پرہیز گار باغات اور چشموں میں ہوں گے ۔ لینے والے اس (انعام) کو جو دیا ان کو

رَبُّهُمْ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُحْسِنِيْنَ ﴿١٦﴾ كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ ﴿١٧﴾

سبب کامیابی — اوصاف متقین نمبر ۱ — سوتے تھے

ان کے رب نے بیشک وہ اس سے پہلے (دنیا میں) تھے نیکی کرنے والے ۔ وہ رات میں بہت کم سوتے تھے

وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿١٨﴾ وَفِيْۤ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ﴿١٩﴾ وَفِي الْاَرْضِ اٰيٰتٌ لِّلْمُوْقِنِيْنَ ﴿٢٠﴾

نمبر ۲ — نمبر ۳ — مستفیدین من القرآن آیات آفاقی

اور وہ رات کے آخری حصہ میں استغفار کرتے ہیں۔ اور ان کے مالوں میں حق ہے مانگنے والوں کا اور محرومین کا۔ اور زمین میں نشانیاں ہیں یقین کرنے والوں کے لیے

وَفِيْۤ اَنْفُسِكُمْ ؕ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿٢١﴾ وَفِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ ﴿٢٢﴾ فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِنَّهٗ

آیات انفسی — رزق کا وعدہ — اثبات قیامت کی یقینی دلیل

اور تمہاری جانوں میں کیا تم نہیں دیکھتے۔ اور آسمان میں تمہاری روزی ہے اور جو تم وعدہ کیے جاتے ہو۔ پس قسم آسمان کی اور زمین کے رب کی بیشک

ع ۱۸

لَحَقٌّ مِّثْلَ مَآ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ ۝۲۳

اسی طرح جس طرح تم بات کرتے ہو

[تسلی خاتم الانبیاء کے لیے چند انبیاء کرام کی داستانیں

وہ یقیناً برحق ہے۔ جیسا کہ تم بولتے ہو۔

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ الْمُكْرَمِيْنَ ۝۲۴ اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ۭ قَالَ سَلٰمٌ ۚ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ۝۲۵

داستان ضیف حضرت ابراہیمؑ — ملائکہ کی آمد — ملائکہ کا سلام، — حضرت کا جواب سلام

کیا آئی آپ کے پاس خبر ابراہیم علیہ السلام کے باعزت مہمانوں کی۔ جب وہ داخل ہوئے اس پر پس انہوں نے کہا سلام جواب دیا سلام ہو ناواقف لوگ ہو

فَرَاغَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ فَجَاۗءَ بِعِجْلٍ سَمِيْنٍ ۝۲۶ۙ فَقَرَّبَهٗٓ اِلَيْهِمْ قَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ۝۲۷ۡ فَاَوْجَسَ مِنْهُمْ

حضرت ابراہیمؑ کی مہمان نوازی — مکالمہ — حضرت ابراہیمؑ کی

پس چپکے سے گیا اپنے گھر والوں کے پاس پھر لایا وہ بچھڑا تل کر۔ پس اس کو ان کے قریب کیا کہا تم کھاتے کیوں نہیں؟ پس دل میں محسوس کیا ان سے

خِيْفَةً ۭ قَالُوْا لَا تَخَفْ ۭ وَبَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ۝۲۸ فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِيْ صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا

پریشانی۔ تسلی برائے ابراہیمؑ (۱) — حضرت ابراہیمؑ کی اھلیہ کی کیفیت۔ متوجہ ہوئی۔ (۲)

ڈر۔ انہوں نے کہا آپ مت ڈریں اور انہوں نے اس کو خوشخبری دی علم والے لڑکے کی۔ پس سامنے آئی اس کی بیوی بولتی ہوئی پس ہاتھ مارا اس نے اپنے چہرے پر۔

وَقَالَتْ عَجُوْزٌ عَقِيْمٌ ۝۲۹ قَالُوْا كَذٰلِكِ ۙ قَالَ رَبُّكِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ۝۳۰

مکالمہ — ملائکہ کا جواب

اور کہنے لگیں بڑھیا بانجھ ہوں ۔ انہوں نے کہا اسی طرح فرمایا تیرے رب نے بیشک وہ حکمت والا جاننے والا ہے۔

(۲) تعجباً کما هو عادة النساء عند التعجب

(۱) سابقین انبیاء علیہم السلام عالم الغیب نہیں تھے۔ اور اس کے علاوہ بھی دیگر دلائل کی اپنے اپنے مقام پر نشاندہی کی جائے گی۔
۱۹، دلائل مکمل شد

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿٣١﴾ قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ﴿٣٢﴾ لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ

حضرت ابراہیمؑ کا سوال ملائکہ کا جواب نتیجہ مخالفین لوطؑ

اس نے کہا تمہارا کیا معاملہ ہے اے بھیجے ہوؤ؟ انہوں نے کہا بیشک ہم بھیجے گئے ہیں مجرم لوگوں کی طرف۔ تا کہ ہم چھوڑیں ان پر

حِجَارَةً مِّنْ طِيْنٍ ﴿٣٣﴾ مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِيْنَ ﴿٣٤﴾ فَاَخْرَجْنَا مَنْ كَانَ فِيْهَا مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٣٥﴾

حسن تدبیر باری

پتھر مٹی کے۔ نشان زدہ تیرے رب کی طرف سے حد سے نکلنے والوں کے لیے۔ پس نکالے ہم نے جو اس میں مؤمنین تھے

فَمَا وَجَدْنَا فِيْهَا غَيْرَ بَيْتٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿٣٦﴾ وَتَرَكْنَا فِيْهَآ اٰيَةً لِّلَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ

داستان لوطؑ کے ذکر کی حکمت

پس نہیں پایا ہم نے اس میں سوائے ایک گھر مسلمانوں کے۔ اور چھوڑی ہم نے اس میں بڑی نشانی ان لوگوں کے لیے جو ڈرتے ہیں

الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿٣٧﴾ وَفِيْ مُوْسٰٓى اِذْ اَرْسَلْنٰهُ اِلٰى فِرْعَوْنَ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿٣٨﴾ فَتَوَلّٰى بِرُكْنِهٖ

حضرت موسیٰؑ کی رسالت فرعون کی خباثت

دردناک عذاب سے۔ اور موسیٰ (علیہ السلام) میں جب بھیجا ہم نے اس کو فرعون کی طرف کھلے غلبہ کے ساتھ۔ پس وہ پھرا اپنے ارکان دولت کے ساتھ

وَقَالَ سٰحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿٣٩﴾ فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ وَهُوَ مُلِيْمٌ ﴿٤٠﴾ وَفِيْ عَادٍ اِذْ

فرعونیوں کے نتائج نتیجہ مخالفین ہودؑ

اور اس نے کہا جادوگر ہے یا دیوانہ ہے۔ پس پکڑا ہم نے اس کو اور اس کے لشکر کو پس پھینک دیا ہم نے ان کو دریا میں اور وہ ملامت کیا ہوا تھا۔ اور عاد میں جب

اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيْحَ الْعَقِيْمَ ﴿٤١﴾ مَا تَذَرُ مِنْ شَيْءٍ اَتَتْ عَلَيْهِ اِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِيْمِ ﴿٤٢﴾

خیر سے خالی کیفیت ریح

ہم نے چھوڑی ان پر ہوا خیر سے خالی۔ وہ نہیں چھوڑتی تھی کسی چیز کو جس پر گزرتی تھی مگر وہ اس کو کر دیتی تھی چورے کی طرح

وَفِيْ ثَمُوْدَ اِذْ قِيْلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوْا حَتّٰى حِيْنٍ ﴿٤٣﴾ فَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ

قوم ثمود کے لیے مہلت قوم کی سرکشی نتیجہ

اور ثمود میں جب کہا گیا ان سے فائدہ اٹھالو ایک وقت تک ۔ پس انہوں نے سرکشی کی اپنے رب کے حکم سے پس پکڑا ان کو کڑک نے

وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ﴿٤٤﴾ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مِنْ قِيَامٍ وَّمَا كَانُوْا مُنْتَصِرِيْنَ ﴿٤٥﴾ وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ

گرفت خداوندی نفی شفیع قہری نتیجہ مخالفین نوحؑ

اور وہ دیکھ رہے تھے، پس نہیں طاقت رکھی انہوں نے کھڑے ہونے کی اور وہ نہ تھے بدلہ لینے والے۔ اور قوم نوح

قَبْلُ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿٤٦﴾

ان سے پہلے بیشک وہ نافرمان لوگ تھے۔

وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْىدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ﴿٤٧﴾ وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ﴿٤٨﴾

اجرام علویہ کی خلقت سے توحید خداوندی کا بیان قوت قدرت رکھنے اجرام سفلیہ کی خلقت بچھانے والے

اور آسمان ہم نے بنایا اس کو قوت سے اور بیشک ہم البتہ کشادہ کرنے والے ہیں۔ اور زمین ہم نے اس کو بچھایا پس کیا ہی خوب بچھانے والے ہیں

وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿٤٩﴾ فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنِّيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ

آیات انفسی سے توحید پر عقلی دلیل حکمت ذکر آیات۔ اصول کامیابی

اور ہر چیز کے ہم نے جوڑے بنائے تا کہ تم یاد کرو۔ پس بھاگو اللہ کی طرف (یعنی توحید اختیار کرو) بیشک میں تم کو اس سے ڈرانے والا ہوں

مُّبِينٌ ﴿٥٠﴾ وَلَا تَجْعَلُوا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ؕ اِنِّىْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٥١﴾ كَذٰلِكَ مَآ اَتَى الَّذِيْنَ مِنْ

فریضہ بنی آدم — تسلی خاتم الانبیاء از داستان انبیاء سابقین

کھول کر۔ اور مت بناؤ اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود بیشک میں تمہیں اس سے ڈرانے والا ہوں کھول کر۔ اس طرح نہیں آیا ان کے پاس جو ان سے

قَبْلِهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا قَالُوْا سَاحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿٥٢﴾ اَتَوَاصَوْا بِهٖ ۚ بَلْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿٥٣﴾

شکوہ کفار — تنبیہ مشرکین — سبب شرک

پہلے ہوئے ہیں کوئی رسول مگر انہوں نے کہا جادوگر ہے یا دیوانہ ہے۔ کیا ایک دوسرے کو وصیت کر کے (مرے) ہیں اس (انکار رسالت) کی؟ بلکہ یہ سرکشی کرنے والے لوگ تھے۔

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ فَمَآ اَنْتَ بِمَلُوْمٍ ﴿٥٤﴾ وَّذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٥٥﴾ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ

سلوک الرسول بالمعاندین (یعنی توجہ ہٹانے پر) — فریضۂ رسول التزام تبلیغ۔(التحذیر عن الطغیان) — جنّ وانس کے مکلف ہونے کا بیان

پس آپ پھریں ان سے پس نہیں آپ ملامت کیے ہوئے۔ اور آپ نصیحت کریں پس تحقیق نصیحت کرنا مؤمنین کو فائدہ دیتا ہے۔ اور نہیں پیدا کیا میں نے جنات کو

وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ﴿٥٦﴾ مَآ اُرِيْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ وَّمَآ اُرِيْدُ اَنْ يُّطْعِمُوْنِ ﴿٥٧﴾ اِنَّ اللّٰهَ

عبادت کا فائدہ — (کیونکہ وہ خود روزی رساں ہے) — حصر الرزاقیت

اور انسانوں کو مگر تا کہ وہ میری عبادت کریں۔ نہیں میں چاہتا ان سے کوئی روزی اور میں نہیں چاہتا کہ وہ مجھے کھلائیں ۔ بیشک اللہ

هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ﴿٥٨﴾ فَاِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذَنُوْبًا مِّثْلَ ذَنُوْبِ اَصْحٰبِهِمْ

باری — تنبیہ مشرکین — ڈول

وہ روزی دینے والا مضبوط قوت والا ہے۔ پس تحقیق جنہوں نے زیادتی کی ان کا ڈول بھر ہوا ہے جیسے ڈول بھرا ہوا ان کے ساتھیوں کا

ع ٢ فَلَا يَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿٥٩﴾ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ يَّوْمِهِمُ الَّذِىْ يُوْعَدُوْنَ ﴿٦٠﴾

کفار کے لیے خرابی کا دن

پس وہ جلدی نہ کریں۔ پس ہلاکت ہے ان کے لیے جنہوں نے کفر کیا اس دن سے جس کا وہ وعدہ کیے جاتے ہیں۔

سُوْرَةُ الطُّوْرِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ وَّاَرْبَعُوْنَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

موضوع سورۃ : بداعمالی کی سزا یقینی ہے

سورۃ الطور — ربط: اوپر قیامت اب بھی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

ترتیب تلاوت ۵۲، ترتیب نزول ۷۶، آیات ۴۹، رکوعات ۲

وَالطُّوْرِ ﴿١﴾ وَكِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ﴿٢﴾ فِىْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ﴿٣﴾ وَّالْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ ﴿٤﴾ وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ ﴿٥﴾

(قسم) قدرت باری کا نمونہ نمبر ۱، نمبر ۲ — نمبر ۳ — لوح محفوظ — نمبر ۴ — نمبر ۵ — عرش الٰہی

قسم ہے طور پہاڑ کی۔ اور لکھی ہوئی کتاب کی۔ پتلی کھال میں پھیلی ہوئی۔ اور قسم ہے بیت معمور کی ۔اور قسم ہے بلند کی ہوئی چھت کی۔

وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ ﴿٦﴾ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ﴿٧﴾ مَّا لَهٗ مِنْ دَافِعٍ ﴿٨﴾ يَّوْمَ تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا ﴿٩﴾

نمونہ نمبر ۶ نمبر ۱ بھرا ہوا نمبر ۲ آگ — (جواب قسم) وقوع عذاب، مکذبین پر۔ شدت یوم قیامت — وقوع عذاب کے دن کیفیت آسمان۔ کپکپانا

اور قسم ہے خوب گرم کیے ہوئے سمندر کی۔ بیشک تیرے رب کا عذاب ضرور واقع ہونے والا ہے۔ نہیں ہے کوئی اس کو ہٹانے والا۔ جس دن لرز جائے گا آسمان کپکپا کر

وَّتَسِيْرُ الْجِبَالُ سَيْرًا ﴿١٠﴾ فَوَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿١١﴾ الَّذِيْنَ هُمْ فِىْ خَوْضٍ يَّلْعَبُوْنَ ﴿١٢﴾

کیفیت جبال — نتیجہ مکذبین ماخذ ۱۱، ۱۲ — غلط باتوں میں کھیل رہے ہیں

اور پھریں گے پہاڑ (اپنی جگہ سے) چل کر۔ پس ہلاکت ہے اس دن جھٹلانے والوں کی۔ جو وہ فضول باتوں میں کھیل رہے ہیں۔

يَوْمَ يُدَعُّوْنَ اِلٰى نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ﴿١٣﴾ هٰذِهِ النَّارُ الَّتِىْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿١٤﴾ اَفَسِحْرٌ هٰذَآ

مشرکین کی رسوائی۔ — دھکیلا — مشرکین کی سرزنش — تنبیہ مشرکین

جس دن وہ بے رحمی سے دھکے دیئے جائیں گے دوزخ کی آگ کی طرف دھکیل کر۔ یہ وہ آگ ہے جو تھے تم اس کی تکذیب کرتے۔ کیا پس جادو ہے یہ (نار)

أَمْ أَنْتُمْ لَا تُبْصِرُونَ ﴿۱۵﴾ اِصْلَوْهَا فَاصْبِرُوْٓا اَوْ لَا تَصْبِرُوْا ۚ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ ۖ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ

دیکھتے — حکم خداوندی ۔ مشرکین کا خلود فی النار

یا تم نہیں دیکھ رہے۔ داخل ہوجاؤ اس میں پس صبر کرو یا صبر نہ کرو برابر ہے تم پر بیشک تم بدلہ دیئے جاؤ گے

مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَعِيْمٍ ﴿۱۷﴾ فٰكِهِيْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۚ وَ

نتائج متقین نمبر ا — نمبر ۲ ۔ خوش ہونے والے ہوں گے

اس کا جو تم (دنیا میں) کیا کرتے تھے۔ بیشک پرہیزگار باغات اور نعمتوں میں خوش ہونے والے ہوں گے۔ اس چیز سے جو ان کو دی ہوگی ان کے رب نے اور

وَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿۱۸﴾ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾ مُتَّكِـِٔيْنَ عَلٰى سُرُرٍ

نمبر ۳ — فریضۂ مؤمنین — متقین کی سرفرازی

بچایا ہوگا ان کو ان کے رب نے دوزخ کے عذاب سے۔ کھاؤ اور پیئو خوشگوار اس کے بدلے جو تم (دنیا میں) کیا کرتے تھے۔ ٹیک لگائے ہوئے تختوں پر

مَّصْفُوْفَةٍ ۚ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ﴿۲۰﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ

صف بہ صف — ادنیٰ درجہ کے متقین کا نتیجہ

جو صف بہ صف رکھے ہوں گے اور ہم نے ان کو جوڑ دیا ہوگا گوری بڑی آنکھوں والی عورتوں سے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور پیروی ان کی ان کی اولاد نے ایمان کے ساتھ ہم نے ملایا ہوگا ان کے ساتھ

ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَآ اَلَتْنٰهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ ۚ كُلُّ امْرِئٍۢ بِمَا كَسَبَ رَهِيْنٌ ﴿۲۱﴾ وَاَمْدَدْنٰهُمْ بِفَاكِهَةٍ

عدل و انصاف باری — (کافر اور اس کی اولاد محبوس فی النار ہوگی) — احوال اہل جنت متقین کے کھانوں کی تشریح

ان کی اولاد کو اور نہیں کم کیا ہوگا ہم نے ان سے ان کے اعمال سے کچھ بھی۔ ہر انسان اس (کفر) کے بدلہ میں جو اس نے کمایا (آگ میں) محبوس ہوگا) اور ہم نے ان کی امداد کی میووں سے

وَّلَحْمٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۲۲﴾ يَتَنَازَعُوْنَ فِيْهَا كَاْسًا لَّا لَغْوٌ فِيْهَا وَلَا تَاْثِيْمٌ ﴿۲۳﴾ وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ

متقین کی بے تکلفی کا بیان ۔ ایک دوسرے کو دیں گے — متقین کے خدام کا بیان

اور گوشت سے جس کو وہ چاہیں گے۔ وہ چھینا جھپٹی کریں گے جنت میں ایسے جام میں کہ نہ اس میں بیہودہ بات اور نہ کوئی گناہ میں ڈالنا۔ اور گھومیں گے ان کے پاس ان کے نابالغ لڑکے

لَّهُمْ كَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿۲۴﴾ وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۲۵﴾ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِيْٓ

خدام کا حسن و جمال ۔ غلاف میں — متقین کا باہمی مکالمہ — سبب کامیابی

گویا وہ موتی ہیں چھپ ہوئے۔ اور متوجہ ہوگا ان کا ایک دوسرے پر آپس میں پوچھیں گے۔ کہیں گے بیشک ہم اس سے پہلے

اَهْلِنَا مُشْفِقِيْنَ ﴿۲۶﴾ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَوَقٰىنَا عَذَابَ السَّمُوْمِ ﴿۲۷﴾ اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلُ نَدْعُوْهُ ۖ اِنَّهٗ

احسان خداوندی — اسباب کامیابی

اپنے گھر والوں میں ڈرنے والے تھے۔ پس اللہ نے ہم پر احسان کیا اور بچایا ہمیں لو کے عذاب سے۔ بیشک ہم اس سے پہلے اس کو پکارتے تھے۔ بیشک وہ

ع ۲۸ ۳ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيْمُ ﴿۲۸﴾

شفقت خداوندی

نیک سلوک کرنے والا مہربان ہے۔

فَذَكِّرْ فَمَآ اَنْتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَّلَا مَجْنُوْنٍ ﴿۲۹﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهٖ رَيْبَ الْمَنُوْنِ ﴿۳۰﴾

فریضۂ رسول ۔ تردید منکرین رسالت — شکوہ منکرین رسالت — زمانہ کی گردش کا

پس آپ یہ نصیحت کریں پس آپ نہیں ہیں اپنے رب کے فضل سے کاھن اور نہ دیوانے۔ یا وہ کہتے ہیں شاعر ہے ہم انتظار کرتے ہیں اس کے بارے موت کے حادثہ کا۔

قُلْ تَرَبَّصُوْا فَاِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُتَرَبِّصِيْنَ ﴿۳۱﴾ اَمْ تَاْمُرُهُمْ اَحْلَامُهُمْ بِهٰذَآ اَمْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿۳۲﴾

فریضہ خاتم الانبیاء — (ہلاکت بدر کی طرف اشارہ ہے) — تنبیہ منکرین رسالت (۱)

آپ کہہ دیجئے انتظار کرو پس بیشک میں تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں سے ہوں۔ کیا حکم دیتی ہے ان کو ان کی عقلیں اس بات کا یا وہ سرکش لوگ ہیں۔

(۱) ان کا آپ کو شاعر اور مجنون کہنا ان کے کلام میں خود تضاد ہے اس لیے کہ مجنون مسلوب العقل ہوتا ہے اور شاعر بڑا عقیل ہوتا ہے تو معلوم ہوا یہ خود بے وقوف ہیں۔

أَمْ يَقُولُونَ تَقَوَّلَهُ ۚ بَل لَّا يُؤْمِنُونَ ﴿٣٣﴾ فَلْيَأْتُوا بِحَدِيثٍ مِّثْلِهِ إِن كَانُوا صَادِقِينَ ﴿٣٤﴾

شکوہ منکرین قرآن (۱) جواب شکوہ تحقیقی الزامی جواب سے چیلنج خداوندی

یا وہ کہتے ہیں کہ گھڑ لیا ہے اس کو (محمد نے قرآن) بلکہ وہ ایمان نہیں لاتے۔ پس چاہیے کہ وہ لائیں کوئی کلام اس (قرآن) کی مثل اگر وہ سچے ہیں۔

أَمْ خُلِقُوا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ أَمْ هُمُ الْخَالِقُونَ ﴿٣٥﴾ أَمْ خَلَقُوا السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ ۚ بَل

طریق مناظرہ (بغیر خالق کے) یا یہ خود خالق ہیں تنبیہ مشرکین نمبر ۱ (اس لیے تکبر کرتے ہیں)

کیا وہ پیدا کیے گئے ہیں بغیر کسی چیز کے یا وہ خود پیدا کرنے والے ہیں۔ یا پیدا کیا انہوں نے آسمانوں اور زمین کو بلکہ

لَّا يُوقِنُونَ ﴿٣٦﴾ أَمْ عِندَهُمْ خَزَائِنُ رَبِّكَ أَمْ هُمُ الْمُصَيْطِرُونَ ﴿٣٧﴾ أَمْ لَهُمْ سُلَّمٌ يَسْتَمِعُونَ

تنبیہ نمبر ۲ (یعنی رسالت کے) یعنی تبلیغ پر تنبیہ نمبر ۳

یہ (لوگ وحدت پر) یقین نہیں کرتے۔ یا ان کے پاس آپ کے رب کے خزانے ہیں یا وہ (خود نبی بنانے کے) ذمہ دار ہیں۔ یا ان کے لیے سیڑھی ہے کہ وہ اس میں (آسمانی باتیں) سنتے ہیں (پھر عمل کرتے ہیں)

فِيهِ ۖ فَلْيَأْتِ مُسْتَمِعُهُم بِسُلْطَانٍ مُّبِينٍ ﴿٣٨﴾ أَمْ لَهُ الْبَنَاتُ وَلَكُمُ الْبَنُونَ ﴿٣٩﴾ أَمْ تَسْأَلُهُمْ أَجْرًا

مطالبہ دلیل۔ سننے والا غلط دعویٰ کی تردید تنبیہ مشرکین نمبر ۴

پس چاہیے کہ لائے ان کا سننے والا کوئی واضح دلیل۔ یا اس کے لیے بیٹیاں ہیں اور تمہارے لیے بیٹے ہیں۔ کیا آپ ان سے (تبلیغ پر) کوئی اجرت مانگتے ہیں

فَهُم مِّن مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُونَ ﴿٤٠﴾ أَمْ عِندَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُونَ ﴿٤١﴾ أَمْ يُرِيدُونَ كَيْدًا ۖ فَالَّذِينَ

نمبر ۵ (تا کہ محفوظ رہے لوگوں کو اطلاع کرتے رہیں) مشرکین کی تجاویز فاسدہ۔ کفار کی مغلوبیت

پس وہ تاوان سے بوجھل ہو رہے ہیں۔ کیا ان کے پاس غیب ہے پس وہ لکھتے ہیں۔ بلکہ وہ چاہتے ہیں کوئی چال (آپ کی ہلاکت کی) پس جنہوں نے

كَفَرُوا هُمُ الْمَكِيدُونَ ﴿٤٢﴾ أَمْ لَهُمْ إِلَٰهٌ غَيْرُ اللَّهِ ۚ سُبْحَانَ اللَّهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿٤٣﴾

کیا وہی داؤ پیچ کا شکار ہوں گے۔ تردید مشرکین تنزیہہ الرحمٰن عن الشرکاء

کفر کیا وہ چال میں آئے ہوئے ہیں۔ (تا کہ محفوظ رہے لوگوں کو اطلاع کرتے رہیں) یا ان کے لیے کوئی معبود ہے اللہ کے سوا اللہ تعالیٰ پاک ہیں اس سے جو وہ شریک ٹھہراتے ہیں۔

وَإِن يَرَوْا كِسْفًا مِّنَ السَّمَاءِ سَاقِطًا يَقُولُوا سَحَابٌ مَّرْكُومٌ ﴿٤٤﴾ فَذَرْهُمْ حَتَّىٰ يُلَاقُوا يَوْمَهُمُ

مشرکین کا عناد امہال مجرمین۔ تذکیر بما بعد الموت

اور اگر وہ دیکھیں ٹکڑا آسمان سے گرنے والا وہ کہیں گے بادل ہے تہ بہ تہ جما ہوا۔ پس آپ ان کو چھوڑیں یہاں تک کہ وہ ملاقات کریں اپنے اس دن

الَّذِي فِيهِ يُصْعَقُونَ ﴿٤٥﴾ يَوْمَ لَا يُغْنِي عَنْهُمْ كَيْدُهُمْ شَيْئًا وَلَا هُمْ يُنصَرُونَ ﴿٤٦﴾ وَإِنَّ لِلَّذِينَ

ان پر کڑک پڑے۔ شدت یوم قیامت نفی شفیع قہری نتیجہ

سے جس میں وہ بے ہوش کیے جائیں گے۔ جس دن نہیں کام آئے گی ان کے ان کی تدبیر کچھ بھی اور نہ وہ مدد کیے جائیں گے۔ اور بیشک ان لوگوں کے لیے

ظَلَمُوا عَذَابًا دُونَ ذَٰلِكَ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٤٧﴾ وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَإِنَّكَ بِأَعْيُنِنَا

مشرکین (مصائب دنیوی) مشرکین کی جہالت تسلی خاتم انبیاء (یعنی حفاظت میں ہیں)

جنہوں نے شرک کیا عذاب ہے اس دن کے سوا لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اور آپ صبر کریں اپنے رب کے حکم کے لیے پس تحقیق آپ ہماری آنکھوں کے سامنے ہیں

۲ ع ۲ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِينَ تَقُومُ ﴿٤٨﴾ وَمِنَ اللَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَإِدْبَارَ النُّجُومِ ﴿٤٩﴾ ع

فریضہ نمبر ۱ نماز و تبلیغ اور نیند نمبر ۲ (مراد فجر کی دو رکعات سنت ہیں کما مر)

اور تسبیح بیان کریں اپنے رب کی حمد کے ساتھ جس وقت آپ کھڑے ہوں۔ اور رات کے حصہ میں پس تسبیح بیان کریں اس کی اور ستاروں کی پیٹھ پھیرنے کے وقت

سُورَةُ النَّجْمِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ اثْنَتَانِ وَسِتُّونَ آيَةً وَثَلَاثُ رُكُوعَاتٍ — بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

سورۃ النجم ربط او پر نجوم اب بھی شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

ترتیب تلاوت ۵۳، ترتیب نزول ۲۳، آیات ۶۲، رکوعات ۳

موضوع سورۃ: خاتم الانبیاء کے ارشادات وحی الٰہی ہیں اور تمہارا معتقدات ظن و تخمین پر مبنی ہیں۔

(۱) دلیل نمبر ۳۷ قرآن کریم کے منجانب اللہ نازل ہونے پر: اور دلیل نمبر ۳۸ سورۃ واقعہ آیت ۸۰ ص ۵۴۸ میں دیکھیں

(۱) بعض حضرات کہتے اس سے مراد آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جب آپ معراج سے واپس تشریف لائے، سورہ اسراء میں جانے کی شان کا ذکر ہے اور یہاں سے واپسی کی شان کا ذکر ہے گویا آپ کا جانا بھی شان والا تھا اور آنا بھی شان والا تھا جیسے ستاروں سے راستہ کی رہنمائی ملتی ہے ویسے ہی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے دین کے راستہ کی رہنمائی ملتی ہے پھر جیسے ستارہ کی چمک زمین کے ثمرات اور نباتات پر اثر انداز ہوتی ہے ویسے نبوت جبکہ آسمانوں پر تھی ان کے قلب کی نورانیت زمین پر جو صحابہ کرام تھے ان کے قلوب پر اثر انداز تھی بعد مسافت تاثیر سے سبب رکاوٹ نہ بنی۔

وَالنَّجۡمِ اِذَا هَوٰى ۙ‏ ﴿۱﴾ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمۡ وَمَا غَوٰى ۚ‏ ﴿۲﴾ وَمَا يَنۡطِقُ عَنِ الۡهَوٰى ؕ‏ ﴿۳﴾ اِنۡ هُوَ اِلَّا

قدرت باری کا نمونہ۔(۱) — تردید منکرین رسالت ۔ نہ وہ بے راہ ہوا (۲) — خصوصیت خاتم الانبیاء — نطق کی

قسم ہے ستارے کی جب وہ غروب ہونے لگے۔ نہیں راستے سے ہٹے تمہاری ساتھی اور نہ وہ صحیح راستہ سے دور جا پڑے ہیں۔ اور نہیں وہ بولتے اپنی خواہش سے۔ نہیں وہ (کلام کرتے) مگر

وَحۡىٌ يُّوۡحٰى ۙ‏ ﴿۴﴾ عَلَّمَهٗ شَدِيۡدُ الۡقُوٰى ۙ‏ ﴿۵﴾ ذُوۡ مِرَّةٍ ؕ فَاسۡتَوٰى ۙ‏ ﴿۶﴾ وَهُوَ بِالۡاُفُقِ الۡاَعۡلٰى ؕ‏ ﴿۷﴾ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ۙ‏ ﴿۸﴾

تشریح۔ — جبرائیل کے اوصاف نمبرا — نمبر۲ — حضرت جبرائیل کی اصلی شکل کا بیان۔ قرب جبرائیل

وحی (سے) جو کی جاتی ہے۔ ان کو سکھلایا مضبوط قوتوں والے نے۔ خوب صورت ہے پس وہ فرشتہ مستحکم ہے۔ اور وہ آسمان کے اونچے کنارہ پر تھا۔ پھر قریب آیا پس لٹک آیا

فَكَانَ قَابَ قَوۡسَيۡنِ اَوۡ اَدۡنٰى ۚ‏ ﴿۹﴾ فَاَوۡحٰۤى اِلٰى عَبۡدِهٖ مَاۤ اَوۡحٰى ؕ‏ ﴿۱۰﴾ مَا كَذَبَ الۡفُؤَادُ مَا رَاٰى‏ ﴿۱۱﴾

مقدار قرب۔ — خصوصیت خاتم الانبیاء (۳) — تصدیق خاتم الانبیاء — دل نے

پس وہ تھا دو کمان کی تانت کے بقدر یا اس سے بھی کم فاصلہ، پس وحی کی اللہ نے اپنے بندے کی طرف جو وحی کی۔ نہیں غلطی کی دل نے اس میں جو اس نے دیکھا۔

اَفَتُمٰرُوۡنَهٗ عَلٰى مَا يَرٰى‏ ﴿۱۲﴾ وَلَقَدۡ رَاٰهُ نَزۡلَةً اُخۡرٰىۙ‏ ﴿۱۳﴾ عِنۡدَ سِدۡرَةِ الۡمُنۡتَهٰى‏ ﴿۱۴﴾ عِنۡدَهَا

شکوہ مشرکین۔ — جبرائیلؑ سے دوسری ملاقات۔ — مقام رؤیت — تشریح

کیا تم اس سے جھگڑتے ہو اس پر جو انہوں نے دیکھا تھا۔ اور البتہ تحقیق دیکھا اس نے اس کو ایک مرتبہ اور بھی۔ بیری کے درخت کے پاس آخری حد کی۔ اس کے پاس

جَنَّةُ الۡمَاۡوٰى ؕ‏ ﴿۱۵﴾ اِذۡ يَغۡشَى السِّدۡرَةَ مَا يَغۡشٰىۙ‏ ﴿۱۶﴾ مَا زَاغَ الۡبَصَرُ وَمَا طَغٰى‏ ﴿۱۷﴾ لَقَدۡ رَاٰى مِنۡ

سدرہ — انوار الہیہ کا ورود — کیفیت رؤیت باری اور خاتم الانبیاء کا نظر استقلال۔ دیگر کمالات قدرت

باغ ہے ہمیشہ رہنے کا۔ جب چھا رہی تھی بیری کے درخت کو جو چیز چھا رہی تھی۔ نہیں بہکی نظر اور نہ حد سے بڑھی۔ البتہ تحقیق اس نے دیکھی

اٰيٰتِ رَبِّهِ الۡكُبۡرٰى‏ ﴿۱۸﴾ اَفَرَءَيۡتُمُ اللّٰتَ وَالۡعُزّٰىۙ‏ ﴿۱۹﴾ وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ الۡاُخۡرٰى‏ ﴿۲۰﴾ اَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الۡاُنۡثٰى‏ ﴿۲۱﴾

کے نمونے جنت، نار وغیرہ (۵) — تنبیہات مشرکین — جو پیچھے ہے — تنبیہ مشرکین

اپنے رب کی نشانیوں سے بڑی۔ کیا تم نے دیکھا لات و عزیٰ کو اور منات کو تیسرا پچھلا۔ کیا تمہارے لیے بیٹے ہیں اور اس کے لیے بیٹیاں

تِلۡكَ اِذًا قِسۡمَةٌ ضِيۡزٰى‏ ﴿۲۲﴾ اِنۡ هِىَ اِلَّاۤ اَسۡمَآءٌ سَمَّيۡتُمُوۡهَاۤ اَنۡتُمۡ وَ اٰبَآؤُكُمۡ مَّاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ

مشرکین کی بے انصافی — تردید مشرکین

یہ تو تقسیم کھوٹی ہے۔ نہیں ہیں وہ (مورتیاں) مگر چند نام جو تم نے رکھ لیے ہیں اور تمہارے باپ دادا نے نہیں اتاری اللہ تعالیٰ نے

بِهَا مِنۡ سُلۡطٰنٍ ؕ اِنۡ يَّتَّبِعُوۡنَ اِلَّا الظَّنَّ وَمَا تَهۡوَى الۡاَنۡفُسُ ۚ وَلَقَدۡ جَآءَهُمۡ مِّنۡ

اس کی جو نفس خواہش کرتے ہیں۔ — صداقت قرآن

اس کی کوئی دلیل۔ نہیں وہ پیروی کرتے مگر گمان کی اور اس کی جو ان کے جی (شیطانیہ) چاہتے ہیں۔ حالانکہ آچکی ان کے پاس

رَّبِّهِمُ الۡهُدٰى ؕ‏ ﴿۲۳﴾ اَمۡ لِلۡاِنۡسَانِ مَا تَمَنّٰى ۖ‏ ﴿۲۴﴾ فَلِلّٰهِ الۡاٰخِرَةُ وَالۡاُوۡلٰى‏ ﴿۲۵﴾

(رسول اللہ، قرآن) — تنبیہ مشرکین — جو اس نے خواہش کی۔ حصر المالکیت باری تعالیٰ

ان کے رب کی طرف سے ہدایت۔ کیا (ہر) انسان کے لیے ہے جس کی وہ آرزو کرے؟ پس اللہ کے (اختیار میں) ہیں (تمنائیں) آخرت اور دنیا کی

وَكَمۡ مِّنۡ مَّلَكٍ فِى السَّمٰوٰتِ لَا تُغۡنِىۡ شَفَاعَتُهُمۡ شَيۡــًٔا اِلَّا مِنۡۢ بَعۡدِ اَنۡ يَّاۡذَنَ اللّٰهُ لِمَنۡ

نفی شفیع قہری

اور بہت سے فرشتے ہیں آسمانوں میں نہیں کام آتی ان کی سفارش کچھ بھی (کسی کے لیے) مگر اللہ کی اجازت کے بعد جس کے لیے

يَّشَآءُ وَيَرۡضٰى‏ ﴿۲۶﴾ اِنَّ الَّذِيۡنَ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡاٰخِرَةِ لَيُسَمُّوۡنَ الۡمَلٰٓـئِكَةَ تَسۡمِيَةَ الۡاُنۡثٰى‏ ﴿۲۷﴾

(۶) — حماقت مشرکین — (الملائکۃ بنات اللہ)

وہ چاہے اور پسند کرے۔ بیشک جو لوگ آخرت پر یقین نہیں رکھتے البتہ وہ نام رکھتے ہیں فرشتوں کا نام رکھنا زنانہ

ع ۵ ۱

(۲)
ضل اور غویت میں فرق۔ ضل کا معنی جو غلطی سے غلط فہمی کا شکار رہو اور غویت کا معنی دیدہ دانستہ غلط فہمی کا شکار رہو۔ مطلب یہ ہے کہ جہاں پر اللہ تعالیٰ کی رؤیت ہوئی تھی اس تک پہنچنے میں اِدھر اُدھر کے راستے اختیار نہ کیے تھے۔

(۳)
بشریت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم پر دلیل نمبر ۲۰ اور دلیل نمبر ۲۱ سورۃ رحمٰن آیت نمبر ۳ ص ۵۴۰ میں دیکھیں۔

۴ ے
نہ رؤیت والی حد سے آگے بڑھی ہے۔

(۵)
خلاصہ معراج جسمانی۔ قرآن کریم کی نصوص صریحہ اور احادیث صحیحہ اور امت کے اجماع و اتفاق سے ثابت ہے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو حالت بیداری میں صرف ایک ہی رات میں جسم عنصری کے ساتھ مسجد حرام سے اقصیٰ تک اور وہاں سے آسمان اول، پھر دوم حتیٰ کہ آسمان ہفتم تک، بیت المعمور، جنت اور لامکان محدود تک غرضیکہ جہاں تک اللہ تعالیٰ کو منظور تھی سیر کرائی۔ واللہ اعلم۔

(۶) من یشاء کا تعلق مشفوعین کے ساتھ ہے اور (یرضیٰ) کا تعلق شافع کے ساتھ ہے تو مغایرت ہوگئی اور یا اس کے برعکس تعلق بنائیں تب بھی مغایرت ہوگئی۔ خازن۔ مظہری

وَمَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ ۚ وَاِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا ۚ ﴿۲۸﴾

تردید مشرکین — (۱) ظن کے غیر مفید ہونے کا بیان

اور نہیں ان کے پاس اس بارے میں کوئی خبر۔ نہیں وہ پیروی کرتے مگر گمان کی اور بیشک گمان نہیں کام آتا حق کے سامنے کچھ بھی

فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰى ۙ عَنْ ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ اِلَّا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿۲۹﴾ ؕ ذٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ ؕ

سلوک الرسول بالمعاندین — حصر المالکیت باری استغناء باری تعالیٰ

پس آپ روگردانی کریں اس سے جس نے منہ موڑا ہماری نصیحت سے اور نہیں چاہی اس نے مگر دنیا کی زندگی۔ یہ اس کی علمی پہنچ ہے۔

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اهْتَدٰى ﴿۳۰﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

حصر علم الغیب باری تعالیٰ — حصر المالکیت باری

بیشک تیرا رب وہ خوب جانتا ہے اس کو جو گمراہ ہوا اس کے راستہ سے اور وہ خوب جانتا ہے اس کو جس نے ہدایت پائی۔ اور اللہ ہی کے لیے ہیں جو چیزیں آسمانوں

وَمَا فِي الْاَرْضِ ۙ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اَسَآءُوْا بِمَا عَمِلُوْا وَيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا بِالْحُسْنٰى ۚ ﴿۳۱﴾

مجازات اعمال برائے فریقین ہے۔ نتیجہ مجرمین۔ کیا — نتیجہ متقین — بھلائی کے ساتھ

اور جو چیزیں زمین میں ہیں تا کہ وہ بدلہ دے ان کو جنہوں نے برے کام کیے ان کے کیے ہوئے کاموں کا اور بدلہ دے ان کو جنہوں نے اچھے کام کیے اچھا بدلہ

اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِكُمْ

محسنین کی پہچان — آلودگی۔ نتیجہ استغفار — وسعت علم باری تعالیٰ سے (۲) بنی آدم کی

جو لوگ بچتے ہیں بڑے گناہوں سے اور بے حیائی کے کاموں سے مگر کچھ آلودگی بیشک تیرا رب وسیع مغفرت والا ہے وہ خوب جانتا ہے تمہیں

اِذْ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاِذْ اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ فَلَا تُزَكُّوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ

کیفیت خلقت — اپنی پاک دامنی کی ممانعت

جب پیدا کیا تم کو زمین سے اور جب تم بچے تھے ماؤں کے پیٹوں میں پس اپنی صفائی مت بیان کرو

ع ۲

هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى ﴿۳۲﴾ ع

وہ خوب جانتا ہے اس کو جو متقی ہے۔

اَفَرَءَيْتَ الَّذِيْ تَوَلّٰى ﴿۳۳﴾ ۙ وَاَعْطٰى قَلِيْلًا وَّاَكْدٰى ﴿۳۴﴾ اَعِنْدَهٗ عِلْمُ الْغَيْبِ فَهُوَ يَرٰى ﴿۳۵﴾

کیفیت مشرک نمبر ۱ (اتباع حق سے) نمبر ۲ — سخت نکلا۔ تنبیہ مشرک

کیا پھر آپ نے دیکھا اس کو جس نے منہ پھیرا۔ اور دیا اس نے تھوڑا سا اور سخت نکلا۔ کیا اس کے پاس غیب کی خبر ہے پس وہ دیکھتا ہے

اَمْ لَمْ يُنَبَّاْ بِمَا فِيْ صُحُفِ مُوْسٰى ﴿۳۶﴾ ۙ وَاِبْرٰهِيْمَ الَّذِيْ وَفّٰٓى ﴿۳۷﴾ ۙ اَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ

تردید مشرکین۔ ان کو خبر — فضیلت ابراہیمؑ۔ جنہوں نے اپنا قول پورا کیا — دلیل نقلی سے نفی شفیع قہری

کیا وہ خبر نہیں رکھتا اس کی جو موسیٰ (علیہ السلام) کے صحیفوں میں ہے۔ اور ابراہیم (علیہ السلام) کے (صحیفوں میں) جس نے قول پورا کیا۔ کہ نہیں اٹھائے گا کوئی بوجھ

اُخْرٰى ﴿۳۸﴾ ۙ وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى ﴿۳۹﴾ ۙ وَاَنَّ سَعْيَهٗ سَوْفَ يُرٰى ﴿۴۰﴾ ثُمَّ يُجْزٰىهُ

مجازات اعمال — (۳) — نتیجہ سعی — عدل وانصاف باری

اٹھانے والا بوجھ دوسرے کا۔ اور نہیں ہے انسان کے لیے مگر جو اس نے کمایا۔ اور بیشک اس کی کمائی ضرور دیکھی جائے گی۔ پھر اس کو بدلہ دیا جائے گا

الْجَزَآءَ الْاَوْفٰى ﴿۴۱﴾ ۙ وَاَنَّ اِلٰى رَبِّكَ الْمُنْتَهٰى ﴿۴۲﴾ ۙ وَاَنَّهٗ هُوَ اَضْحَكَ وَاَبْكٰى ﴿۴۳﴾ ۙ وَاَنَّهٗ هُوَ اَمَاتَ وَاَحْيَا ﴿۴۴﴾ ۙ

تذکیر بما بعد الموت — تصرف باری کا نمونہ نمبر ۱ — نمبر ۲

پورا پورا۔ اور بیشک تیرے رب تک پہنچنا ہے۔ اور بیشک اسی نے ہنسایا اور رولایا۔ اور بیشک اسی نے مارا اور زندہ کیا۔

(۱) دلیل نمبر ۲ ظن بمعنی گمان، ختم شد۔

(۲) دلیل نمبر ۷ ۵ علم غیب خاصہ خداوندی ہے اور دلیل نمبر ۵۸ سورۃ الحدید آیت نمبر ۳، ۴، ۵ ص ۵۴۶ میں دیکھیں

ولید بن مغیرہ تیرہ بیٹے۔

(۳) ربنا اغفرلنا ولاخواننا الذین سبقونا بالایمان نمبر ۲ شادی نمبر ۳ فضل اور عدل ہے نمبر ۴، ایمان راجح یہی قول ہے۔

(۱) لفظ "علیٰ" کو لایا ہے جس کا اصل موجب وجوب کا ہے

وَأَنَّهُ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْأُنْثَىٰ ﴿۴۵﴾ مِنْ نُطْفَةٍ إِذَا تُمْنَىٰ ﴿۴۶﴾ وَأَنَّ عَلَيْهِ النَّشْأَةَ الْأُخْرَىٰ ﴿۴۷﴾

نمبر ۳ کیفیت خلقت بعث بمابعد الموت سے منکرین کی تردید

اور بیشک اسی نے پیدا کیا جوڑا نر اور مادہ۔ ایک بوند سے جب وہ ٹپکایا جائے (رحم مادر میں) اور بیشک اس پر ہے اٹھانا دوسری بار۔

(۲) شِعریٰ ستارہ دو ستاروں کی جوڑی ہے ایک کا نام کمبُوْر اور دوسرے نام غُمَیْصاء ہے۔

وَأَنَّهُ هُوَ أَغْنَىٰ وَأَقْنَىٰ ﴿۴۸﴾ وَأَنَّهُ هُوَ رَبُّ الشِّعْرَىٰ ﴿۴۹﴾ وَأَنَّهُ أَهْلَكَ عَادًا الْأُولَىٰ ﴿۵۰﴾

تصرف باری۔ بنایا اور محتاج بنایا تردید مشرکین (۲) تذکیر بایام اللہ

اور بیشک اسی نے مالدار بنایا۔ اور فقیر بنایا۔ اور بیشک وہی شِعریٰ کا رب ہے۔ اور بیشک اسی نے عاد اولیٰ کو ہلاک کیا

وَثَمُودَ فَمَا أَبْقَىٰ ﴿۵۱﴾ وَقَوْمَ نُوحٍ مِنْ قَبْلُ ۖ إِنَّهُمْ كَانُوا هُمْ أَظْلَمَ وَأَطْغَىٰ ﴿۵۲﴾ وَالْمُؤْتَفِكَةَ

تذکیر بایام اللہ سے تخویف قریش مکہ

اور ثمود کو پس نہیں باقی چھوڑا (کسی کو) اور قوم نوح کو اس سے پہلے بیشک وہ بڑے ظالم اور بڑے سرکش تھے۔ اور پلٹی ہوئی بستی کو

أَهْوَىٰ ﴿۵۳﴾ فَغَشَّاهَا مَا غَشَّىٰ ﴿۵۴﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكَ تَتَمَارَىٰ ﴿۵۵﴾ هَٰذَا نَذِيرٌ مِنَ النُّذُرِ الْأُولَىٰ ﴿۵۶﴾

گرفت خداوندی یعنی پتھروں کی بارش تفریع مضامین (مطلق انسان مراد ہے) فریضہ خاتم الانبیاء

گرایا اس نے۔ پس چھائی اس پر جو چیز چھائی۔ پس کون سی نعمتوں میں اپنے رب سے جھگڑا کرے گا تو؟ یہ ڈر سنانے والے ہیں پہلے ڈر سنانے والوں میں سے ہیں۔

أَزِفَتِ الْآزِفَةُ ﴿۵۷﴾ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُونِ اللَّهِ كَاشِفَةٌ ﴿۵۸﴾ أَفَمِنْ هَٰذَا الْحَدِيثِ تَعْجَبُونَ ﴿۵۹﴾

بیان قرب قیامت تنبیہ مشرکین

قریب آگئی قریب آنے والی۔ نہیں ہے اس کے لیے اللہ کے سوا کوئی کھولنے والا۔ کیا تم اس قرآن سے تعجب کرتے ہو

وَتَضْحَكُونَ وَلَا تَبْكُونَ ﴿۶۰﴾ وَأَنْتُمْ سَامِدُونَ ﴿۶۱﴾ فَاسْجُدُوا لِلَّهِ وَاعْبُدُوا ﴿۶۲﴾

حشر اجساد پر استہزاء غفلت میں مست ہو طریق کامیابی

اور تم ہنستے ہو اور تم نہیں روتے۔ اور تم تکبر کرنے والے ہو پس اللہ کو سجدہ کرو اور عبادت کرو۔

موضوع سورۃ: رفع استبعاد قیامت

سُورَةُ الْقَمَرِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ خَمْسٌ وَخَمْسُونَ آيَةً وَثَلٰثُ رُكُوعَاتٍ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

سورۃ القمر ربط: اوپر قیامت اب بھی شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

ترتیب تلاوت ۵۴، ترتیب نزول ۳۷، آیات ۵۵، رکوعات ۳

اقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ﴿۱﴾ وَإِنْ يَرَوْا آيَةً يُعْرِضُوا وَيَقُولُوا سِحْرٌ مُسْتَمِرٌّ ﴿۲﴾ وَكَذَّبُوا وَاتَّبَعُوا

قرب قیامت معجزہ خاتم الانبیاء دلیل قرب قیامت اعراض مشرکین۔ شکوہ مشرکین تکذیب مشرکین اسباب

قیامت قریب آگئی اور چاند پھٹ گیا۔ اور اگر وہ دیکھیں کوئی معجزہ تو وہ اعراض کرتے ہیں اور وہ کہتے ہیں (یہ) جادو (ہے) ہمیشہ سے چلتا ہوا۔ اور انہوں نے جھٹلایا اور انہوں نے پیروی کی

(۳) تہدید مکذبین اور ترغیب مصدقین یعنی جہنم اور جنت

أَهْوَاءَهُمْ ۚ وَكُلُّ أَمْرٍ مُسْتَقِرٌّ ﴿۳﴾ وَلَقَدْ جَاءَهُمْ مِنَ الْأَنْبَاءِ مَا فِيهِ مُزْدَجَرٌ ﴿۴﴾ حِكْمَةٌ بَالِغَةٌ ۖ فَمَا

گمراہی فیصلہ خداوندی (۳) ہلاکت امم سابقہ سے تنبیہ مشرکین (عذاب کی)۔ یہ۔ فضیلت قرآن۔ کامل فائدہ

اپنی خواہشات کی اور ہر معاملہ ٹھہرنے والا ہے۔ اور البتہ تحقیق آئی ان کے پاس خبروں میں سے جس میں وہ ڈانٹ ہے۔ (وہ) دانشمندی کی بات ہے آخری درجہ کی

تُغْنِ النُّذُرُ ﴿۵﴾ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ ۘ يَوْمَ يَدْعُ الدَّاعِ إِلَىٰ شَيْءٍ نُكُرٍ ﴿۶﴾ خُشَّعًا أَبْصَارُهُمْ يَخْرُجُونَ

دیتے سلوک الرسول بالمعاندین (قبروں سے) نا گوار کیفیت حشر نمبر ۱

پس نہیں کام آئے ڈرانے والے۔ پس آپ ان سے منہ موڑیں۔ جس دن بلائے گا بلانے والا ایک ناگوار چیز کی طرف (یعنی میدان حشر میں) جھکائے ہوئے ہوں گے اپنی آنکھوں کو وہ نکلیں گے

مِنَ الْأَجْدَاثِ كَأَنَّهُمْ جَرَادٌ مُنْتَشِرٌ ﴿۷﴾ مُهْطِعِينَ إِلَى الدَّاعِ ۖ يَقُولُ الْكَافِرُونَ هَٰذَا يَوْمٌ عَسِرٌ ﴿۸﴾

نمبر ۲ مشرکین کی پریشانی

قبروں سے جیسے وہ ٹڈیاں ہیں بکھریں پڑی۔ تیزی سے جانے والے ہوں گے بلانے والے کی طرف کافر کہیں گے یہ دن مشکل ہے۔

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ فَكَذَّبُوْا عَبْدَنَا وَقَالُوْا مَجْنُوْنٌ وَّازْدُجِرَ ۝٩ فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۝١٠

چند امم سابقہ مہلکہ کا بیان تکذیب قوم نوح سے تسلی خاتم الانبیاء جھڑک دیا گیا۔ حضرت نوحؑ کی دعا

جھٹلایا ان سے پہلے قوم نوح نے پس انہوں نے جھٹلایا ہمارے بندے کو اور انہوں نے کہا دیوانہ ہے اور اسے جھڑکا گیا۔ پس پکارا اس نے اپنے رب کو کہ میں ہار گیا پس آپ بدلہ لے

فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ۝١١ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ

اجابت دعا بہنے والے فیصلہ خداوندی اغراق پر جو مقدر کیا

پس ہم نے کھول دیئے دروازے آسمان کے پانی کے ساتھ خوب برسنے والے۔ اور پھاڑا ہم نے زمین کو چشمے بنا کر پس مل گیا پانی ایک کام پر۔ جو

قُدِرَ ۝١٢ وَحَمَلْنٰهُ عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ ۝١٣ تَجْرِيْ بِاَعْيُنِنَا ۚ جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ ۝١٤

جا چکا تھا۔ حکم خداوندی تختوں کیلوں والی۔ محافظت باری سے حضرت نوحؑ کی کامیابی (یعنی اس کی قدر کو پہچانا نہیں گیا)

طے کیا جا چکا تھا۔ اور اٹھایا ہم نے اس کو تختوں والی اور کیلوں والی (کشتی) پر۔ چل رہی ہے وہ ہماری آنکھوں کے سامنے یہ بدلہ لیا گیا تھا اس شخص کے لیے جو انکار کیا گیا۔

وَلَقَدْ تَّرَكْنٰهَآ اٰيَةً فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ۝١٥ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ۝١٦ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ

داستان نوحؑ کی حکمت۔ گرفت خداوندی دعوت الی القرآن (۱) ناظرہ، حفظ، سمجھنا

اور البتہ تحقیق چھوڑا رکھا ہم نے اس کو بڑی نشانی پس کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے؟ پس کیسا تھا میرا عذاب اور میرا ڈرانا۔ اور البتہ تحقیق ہم نے آسان کیا قرآن کو

لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ۝١٧ كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ۝١٨ اِنَّآ اَرْسَلْنَا

یعنی حقائق و دقائق علماء کا حصہ ہیں تکذیب قوم عاد گرفت خداوندی تشریح عذاب

نصیحت حاصل کرنے کے لیے پس کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے؟ جھٹلایا عاد نے پس کیسا ہوا میرا عذاب اور میرا ڈرانا۔ بیشک ہم نے چھوڑی

عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا فِيْ يَوْمِ نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ ۝١٩ تَنْزِعُ النَّاسَ ۙ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ مُّنْقَعِرٍ ۝٢٠

ایسے وقت میں جو مسلسل نحوست والا تھا۔ انہیں لوگوں کے حق میں کیفیت عذاب

ان پر ہوا تیز تند دائمی نحوست کے دن میں لگاتار۔ وہ (ہوا) لوگوں کو اکھاڑتی ہے گویا وہ تنے ہیں کھجور کے جڑ سے اکھڑے ہوئے۔

ع ۲ ۸ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ۝٢١ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ۝٢٢ ع

تذیر بایام اللہ سے تخویف مشرکین دعوت الی القرآن

پس کیسا تھا میرا عذاب اور میرا ڈرانا۔ اور البتہ تحقیق آسان کیا ہم نے قرآن کو نصیحت حاصل کرنے کے لیے پس کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے؟

كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِالنُّذُرِ ۝٢٣ فَقَالُوْٓا اَبَشَرًا مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُهٗٓ ۙ اِنَّآ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ۝٢٤ ءَاُلْقِيَ

قوم ثمود کی تکذیب تشریح تکذیب۔ کمالات سے خالی سمجھ کر بشر کہا۔ (۲) پاگل پن۔ قوم کا استکبار

جھٹلایا ثمود نے ڈرانے والوں کو۔ پس انہوں نے کہا کیا کوئی انسان ہم میں سے کہ ہم اس کی پیروی کریں بیشک میں اس وقت ضرور گمراہی اور پاگل پن میں ہوں گا۔ کیا اتاری گئی ہے

الذِّكْرُ عَلَيْهِ مِنْۢ بَيْنِنَا بَلْ هُوَ كَذَّابٌ اَشِرٌ ۝٢٥ سَيَعْلَمُوْنَ غَدًا مَّنِ الْكَذَّابُ الْاَشِرُ ۝٢٦

(۳) اترانے والا جواب استکبار

اس پر نصیحت (قرآن) ہمارے درمیان سے بلکہ وہ بڑا جھوٹا بہت زیادہ اترانے والا ہے۔ عنقریب وہ جانیں گے آئندکل کون بڑا جھوٹا بہت زیادہ اترانے والا ہے۔

اِنَّا مُرْسِلُوا النَّاقَةِ فِتْنَةً لَّهُمْ فَارْتَقِبْهُمْ وَاصْطَبِرْ ۝٢٧ وَنَبِّئْهُمْ اَنَّ الْمَآءَ قِسْمَةٌۢ بَيْنَهُمْ ۚ

حضرت صالحؑ کا معجزہ اور قوم کا مطالبہ امتحان خداوندی۔ تسلی حضرت صالحؑ فیصلہ خداوندی برائے تقسیم پانی

بیشک ہم بھیجنے والے ہیں اونٹنی کو ان کی آزمائش کے لیے پس آپ ان کا انتظار کریں اور صبر کریں۔ اور ان کو آگاہ کریں کہ پانی تقسیم شدہ ہے ان کے درمیان

كُلُّ شِرْبٍ مُّحْتَضَرٌ ۝٢٨ فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطٰى فَعَقَرَ ۝٢٩ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ۝٣٠

پہنچتا ہے مخالفین کی شرارت ہاتھ اٹھایا پاؤں کاٹ گرفت خداوندی

ہر پانی کا حصہ حاضری کے وقت ہے۔ پس انہوں نے پکارا اپنے ساتھی کو پس اس نے دست درازی کی پھر اس نے ٹانگ کاٹ دی۔ پس کیسا تھا میرا عذاب اور میرا ڈرانا

(۱)
گزشتہ چند آیات سے امم مہلکہ کی پہلی داستان کا ذکر تھا کل چار داستانیں بیان کی گئی ہیں ہر ایک کے آخر میں اس آیت کو دہرا گیا ہے کہ ہر داستان غور و خوض کے بعد انذار میں ازدجار میں کافی وافی ہے جیسے آیت نمبر ۵ میں گزر چکا ہے۔ "فَمَا تُغْنِ النُّذُرُ"

(۲)
قوم ثمود نے حضرت صالح علیہ السلام کو اپنے جیسا بشر کہا نمبر ۱۵ اصحاب قریہ نے اپنے جیسا بشر کہا چنانچہ سورۃ یٰسین آیت ۱۵ ص ۴۵۰ میں دیکھیں

(۳)
دلیل نمبر ۲ نبوت و رسالت کا انکار کر کے اپنے جیسا بشر

إِنَّآ أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَكَانُوا كَهَشِيمِ الْمُحْتَظِرِ ﴿۳۱﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ

تشریح گرفت وعذاب — روندی ہوئی باڑ کے — دعوت الی القرآن

بیشک ہم نے ان پر ایک چیخ چھوڑی پس ہو گئے تھے وہ جیسے باڑ بنانے والے کا کوڑا۔ اور البتہ تحقیق آسان کیا ہم نے قرآن کو نصیحت حاصل کرنے کے لیے

فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۳۲﴾ كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوطٍ بِالنُّذُرِ ﴿۳۳﴾ إِنَّآ أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ حَاصِبًا إِلَّآ اٰلَ لُوطٍ

قوم لوطؑ کی تکذیب۔ سنانے والوں — نتیجہ تکذیب — آندھی

پس کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے؟ جھٹلایا قوم لوط نے ڈرانے والوں کو۔ بیشک ہم نے چھوڑی ان پر پتھر والی ہوا مگر آل لوط

نَّجَّيْنٰهُمْ بِسَحَرٍ ﴿۳۴﴾ نِّعْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا كَذٰلِكَ نَجْزِي مَنْ شَكَرَ ﴿۳۵﴾ وَلَقَدْ أَنْذَرَهُمْ بَطْشَتَنَا

متبعین لوط کی کامیابی — شفقت خداوندی — تسلی مؤمنین — حضرت لوطؑ کی تبلیغ

ہم نے ان کو نجات دی پچھلی رات میں۔ ہماری مہربانی سے اسی طرح ہم بدلہ دیتے ہیں اس کو جس نے شکر کیا۔ اور البتہ تحقیق ڈرایا ان کو اس (لوط) نے ہماری پکڑ سے

فَتَمَارَوْا بِالنُّذُرِ ﴿۳۶﴾ وَلَقَدْ رَاوَدُوهُ عَنْ ضَيْفِهِ فَطَمَسْنَآ أَعْيُنَهُمْ فَذُوقُوا عَذَابِي وَنُذُرِ ﴿۳۷﴾

قوم کی خباثت — کیفیت عذاب

پس انہوں نے جھگڑا کیا ڈرانے والوں کے ساتھ۔ اور البتہ تحقیق پھسلایا انہوں نے اس کو اس کے مہمانوں سے پس ہم نے ان کی آنکھیں مٹا دیں پس چکھو میرا عذاب اور میرا ڈرانا۔

وَلَقَدْ صَبَّحَهُمْ بُكْرَةً عَذَابٌ مُّسْتَقِرٌّ ﴿۳۸﴾ فَذُوقُوا عَذَابِي وَنُذُرِ ﴿۳۹﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ

وقت عذاب — تخویف — دعوت الی القران

اور البتہ تحقیق صبح سویرے آیا ان پر دائمی عذاب۔ پس چکھو میرا عذاب اور میرے ڈرانا۔ اور البتہ تحقیق آسان کیا ہم نے قرآن کو نصیحت حاصل کرنے کے لیے

ع ۲ ۱۸ ۹

فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۴۰﴾

پس کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے؟

وَلَقَدْ جَآءَ اٰلَ فِرْعَوْنَ النُّذُرُ ﴿۴۱﴾ كَذَّبُوا بِاٰيٰتِنَا كُلِّهَا فَأَخَذْنٰهُمْ أَخْذَ عَزِيزٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿۴۲﴾ أَكُفَّارُكُمْ

حضرت موسیٰؑ وہارون کی رسالت۔ — فرعونیوں کی تکذیب — نتیجہ کفار — تہدید کفار

اور البتہ تحقیق آئے فرعون والوں کے پاس ڈرانے والے۔ انہوں نے جھٹلایا ہماری سب نشانیوں کو پس پکڑا ہم نے ان کو زبردست پکڑنا قوت والے کا۔ کیا تمہارے کفار (سازوسامان میں)

خَيْرٌ مِّنْ أُولٰٓئِكُمْ أَمْ لَكُمْ بَرَآءَةٌ فِي الزُّبُرِ ﴿۴۳﴾ أَمْ يَقُولُونَ نَحْنُ جَمِيعٌ مُّنْتَصِرٌ ﴿۴۴﴾ سَيُهْزَمُ

ان سے — کفار کی عناد پرستی — بدلہ لینے والے۔ — کفار کی

بہتر ہیں ان سے (یعنی امم ماضیہ کے مقابلہ میں) یا تمہارے لیے کوئی معافی کا پروانہ ہے پہلی کتابوں میں۔ یا وہ کہتے ہیں کہ ہم ایک جماعت ہیں انتقام لینے والے۔ عنقریب شکست کھائے گی

الْجَمْعُ وَيُوَلُّونَ الدُّبُرَ ﴿۴۵﴾ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ أَدْهٰى وَأَمَرُّ ﴿۴۶﴾ إِنَّ الْمُجْرِمِينَ

مغلوبیت کا بیان — وعدہ قیامت — شدت قیامت — کڑوی چیز — نتیجہ مجرمین

جماعت اور وہ پیٹھ پھیر یں گے ۔ بلکہ قیامت ان کے وعدہ کا وقت ہے اور قیامت بڑی آفت اور بہت کڑوی ہے ۔ بیشک مجرم

فِي ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ﴿۴۷﴾ يَوْمَ يُسْحَبُونَ فِي النَّارِ عَلٰى وُجُوهِهِمْ ذُوقُوا مَسَّ سَقَرَ ﴿۴۸﴾

جنون — مجرمین کی رسوائی — مجرمین کی سرزنش۔ آگ کا جلانا

گمراہی اور جنون میں ہیں۔ جس دن وہ گھسیٹے جائیں گے آگ میں اپنے چہروں پر چکھو آگ کا چھونا

إِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنٰهُ بِقَدَرٍ ﴿۴۹﴾ وَمَآ أَمْرُنَآ إِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍ بِالْبَصَرِ ﴿۵۰﴾ وَلَقَدْ أَهْلَكْنَآ

(۱) زمانہ اور کوائف مقرر ہیں — قدرت باری — تذکیر بایام اللہ سے

بیشک ہر چیز کو اس نے پیدا کیا خاص مقدار سے۔ اور نہیں ہمارا معاملہ (وقوع قیامت کا) مگر یکبارگی جیسے آنکھ کا جھپکنا۔ اور البتہ تحقیق ہم نے ہلاک کیا۔

(۱) ازالہ شبہ: قیامت جلدی کیوں نہیں آتی؟

اَشْيَاعَكُمْ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿٥١﴾ وَكُلُّ شَيْءٍ فَعَلُوهُ فِي الزُّبُرِ ﴿٥٢﴾ وَكُلُّ صَغِيرٍ وَّكَبِيرٍ مُّسْتَطَرٌ ﴿٥٣﴾

تنبیہ مشرکین ۔ ساتھ والے — کتابت اعمال ۔ انہوں نے انجام دیا ہے — تشریح کتابت اعمال

تمہارے ہم مشربوں کو پس کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے؟ اور ہر چیز جو انہوں نے کی کتابوں میں لکھی ہوئی ہے ۔ اور ہر چھوٹی اور بڑی بات (اعمال نامہ میں) لکھی ہوئی ہے

اِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ ﴿٥٤﴾ فِي مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيكٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿٥٥﴾

نتیجہ متقین — دارالاقامہ کی تشریح ۔ سچی بیٹھک میں قدرت رکھنے والے بادشاہ کے پاس

سورۃ الرحمٰن — بیشک متقین باغات میں اور نہروں میں ہیں سچی بیٹھک میں ہوں گے با اختیار بادشاہ کے پاس

سُوْرَةُ الرَّحْمٰنِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ ثَمَانٍ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — وَّسَبْعُونَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوعَاتٍ

ربط: نمبر ۱ اور پر حسی معجزہ شق قمر اب معنوی قرآن نمبر ۲ ترہیب اب ترغیب — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

ترتیب تلاوت ۵۵، ترتیب نزول ۹۷، آیات ۷۸، رکوع ۳

اَلرَّحْمٰنُ ﴿١﴾ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ﴿٢﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ﴿٣﴾ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ﴿٤﴾ اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ﴿٥﴾

شفقت خداوندی ۔ معلم القرآن ۔ — متعلمین قرآن کی تشریح — خصوصیت انسان — نمبر ۱، قدرت کا نمونہ نمبر ۲، ایک حساب سے چل

بے حد مہربان نے ۔ قرآن سکھلایا ۔ اس نے پیدا کیا انسان کو ۔ اس نے اس کو سکھلایا (دل کی بات کو الفاظ کے ذریعہ) سمجھانا ۔ سورج اور چاند حساب سے چل رہے ہیں ۔

وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدٰنِ ﴿٦﴾ وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيزَانَ ﴿٧﴾ اَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيزَانِ ﴿٨﴾

نمبر ۳ ۔ پودے — نمبر ۴ — کر رہے ہیں — نمبر ۵ — کیا ہے — نمبر ۶ (۲) — فریضۂ بنی آدم نمبر ۱

اور بیلیں اور درخت دونوں سجدہ کرتے ہیں ۔ اور آسمانوں کو اس نے بلند کیا اور ترازو قائم کی ۔ کہ نہ زیادتی کرو تم وزن کرنے میں

وَاَقِيمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيزَانَ ﴿٩﴾ وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ ﴿١٠﴾ فِيهَا فَاكِهَةٌ

نمبر ۲ — تول میں — اجرام سفلیہ سے قدرت باری کا نمونہ ۔ تذکیر بالآء اللہ

اور سیدھا کرو تم تول کو انصاف کے ساتھ اور نہ گھٹاؤ تم وزن کی ہوئی کو ۔ اور زمین کو اس نے رکھ دیا اس میں مخلوقات کے لیے میوے

وَّالنَّخْلُ ذَاتُ الْاَكْمَامِ ﴿١١﴾ وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ ﴿١٢﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿١٣﴾

سے بنی آدم کے لیے انعام ۔ غلاف چڑھے ہوئے ہیں ۔ بھوسے والے خوشبودار پودے — جن و انس کے مکلف ہونے کا بیان (۳)

اور کھجور کے درخت ہیں غلاف والے ۔ اور غلہ بھوسے والا اور خوشبودار پھل ۔ پس کون کونسی اپنے رب کی (ماسبق) نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے ۔

خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ﴿١٤﴾ وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ﴿١٥﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

آدم کی کیفیت خلقت — ٹھیکرہ ہوتا ہے ۔ ابوالجن کی کیفیت خلقت ۔ شعلہ مارنے والی

پیدا کیا انسان کو کھنکھناتی مٹی سے جیسے ٹھیکری ۔ اور پیدا کیا جنات کو شعلہ مارنے والی آگ سے ۔ پس کون کونسی اپنے رب کی نعمتوں کو

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿١٦﴾ رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ﴿١٧﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿١٨﴾

مکلف ہونے کا بیان — موسم کے اعتبار سے سورج اور چاند کا مطلع جن سے فصول مختلف ہوتی ہیں — بتوں کی طرف نعمتوں کے منسوب پر تنبیہ

تم جھٹلاؤ گے ۔ دو مشرقوں کا رب اور دو مغربوں کا رب ۔ پس کون کونسی اپنے رب کی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے ۔

مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ ﴿١٩﴾ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ ﴿٢٠﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢١﴾

تصرف باری — چلادیئے — چلتے ہیں

چلایا اس نے دو دریاؤں کو جو ملتے ہیں ۔ دونوں کے درمیان ایک آڑ ہے نہیں زیادتی کرتے ۔ پس کون کونسی اپنے رب کی (آبپاشی) کی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے ۔

يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ﴿٢٢﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢٣﴾ وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَئٰتُ

دریاؤں کے فوائد — مونگے — تصرف باری

نکلتے ہیں ان دونوں سے موتی اور مونگے ۔ پس کون کونسی اپنے رب کی (جواہرات کی) نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے ۔ اور اسی کے لیے کشتیاں ہیں ابھری ہوئی

ع ۳ / ۵ / ۱۰

انسانی معیشت کے لوازمات کا بیان

موضوع سورۃ :

کفار نے اعتراض کیا تھا ما الرحمٰن؟ یہاں اس کا جواب ہے ۔

(۱) بشریت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے دلیل نمبر ۲۱، اور دلیل نمبر ۲۲، سورۃ جن آیت ۱۹ ص ۵۸۵ میں دیکھیں ۔

(۲) آیت نو تک تین بار میزان کا لفظ آیا ہے اول سے مراد آلہ وزن ۔ ثانی سے مراد معنی مصدری یعنی وزن کرنا ۔ اور ثالث سے مراد معنی مفعول یعنی وزن کی ہوئی چیز ان تینوں معنی کے بارے ارشاد ہے جب تک عدل رہے گا آسمان و زمین کا نظام برقرار رہے گا ۔

(۳)

یہ آیت اس سورہ میں اکتیس بار آئی ہے اور ہر بار "الآء" کا مصداق جدا ہے ۔ اور جن و انس کو تنبیہ مقصود ہے ۔

خطاب جن و انس کو ہے

النصف ع ۲۵

فِی الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ﴿٢٤﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢٥﴾

سمندر میں پہاڑوں جیسی ۔ پس کون کونسی اپنے رب کی (بحری) نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے ۔

كُلُّ مَنْ عَلَیْهَا فَانٍ ﴿٢٦﴾ وَّیَبْقٰی وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿٢٧﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢٨﴾

ماسوا اللہ کے فانی ہونے کا بیان ۔ بقاء خداوندی عظمت خداوندی

ہر وہ چیز جو زمین پر ہے سب ختم ہونے والی ہے ۔ اور باقی رہے گی آپ کے رب کی ذات جو بزرگی والا اور عظمت والا ہے ۔ پس کون کونسی اپنے رب کی (اخروی) نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے ۔

یَسْـَٔلُهٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ كُلَّ یَوْمٍ هُوَ فِیْ شَاْنٍ ﴿٢٩﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٠﴾

ماسوا اللہ کی احتیاجی تصرفات عالم میں مصروف (خواہ دنیوی ہوں یا اخروی ہوں)

اس سے مانگتے ہیں جو ہیں آسمانوں میں اور زمین میں ہر دن وہ کسی اہم شان میں ہے ۔ پس کون کونسی اپنے رب کی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے

سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَیُّهَ الثَّقَلٰنِ ﴿٣١﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٢﴾ یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ

تخویف ثقلین متعلق بالآخرت تنبیہ ثقلین سے جن وانس کی دنیا و آخرت میں بے بسی کا بیان

ہم ابھی قصد کرتے ہیں تمہارے لیے اے دو بھاری مخلوقو! پس کون کونسی اپنے رب کی (باخبر کرنے کی) نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے ۔ اے جن اور انس کی جماعتو! اگر

اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ﴿٣٣﴾

غلبے

تمہارے بس میں ہو کہ آرپار ہوجاؤ آسمانوں اور زمین کے کناروں سے تو آرپار ہوجاؤ تم مگر غلبہ کے ذریعہ نہیں نکل سکتے

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٤﴾ یُرْسَلُ عَلَیْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ۬ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ﴿٣٥﴾

کیفیت عذاب ۔ شعلے دھواں ۔ شفیع قہری ۔ بدلہ

پس کون کونسی اپنے رب کی (بتلائی ہوئی) نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے ۔ چھوڑے جائیں گے تم دونوں پر آگ کے شعلے اور دھواں ۔ پس تم کامیابی نہیں پا سکو گے ۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٦﴾ فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ﴿٣٧﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ

مبادی قیامت ، آسمان کی کیفیت ۔ سرخ کھال کی طرح

پس کون کونسی اپنے رب کی (عذاب سے بچنے کی) نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے ۔ پس جب آسمان پھٹ جائے گا پس ہوجائے گا سرخ گلابی سرخ چمڑے کی طرح پس کون کونسی اپنے رب کی (بتلائی ہوئی) نعمتوں کو

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٨﴾ فَیَوْمَئِذٍ لَّا یُسْـَٔلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖۤ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ﴿٣٩﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٤٠﴾

کیفیت حساب وسعت علم باری تعالیٰ

تم جھٹلاؤ گے ۔ پس اس دن نہیں پوچھا جائے گا اپنے گناہوں کے بارے میں نہ کسی انسان سے اور نہ کسی جن سے ۔ پس کون کونسی اپنے رب کی (بتلائی ہوئی) نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے

یُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ بِسِیْمٰهُمْ فَیُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِیْ وَالْاَقْدَامِ ﴿٤١﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

معرفت مجرمین مجرمین کی رسوائی

پہچانے جائیں گے مجرم ان کے چہرے کی علامتوں سے پس وہ پکڑے جائیں گے پیشانی کی بالوں سے اور قدموں سے ۔ پس کون کونسی اپنے رب کی (بتلائی ہوئی) نعمتوں کو تم

تُكَذِّبٰنِ ﴿٤٢﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِیْ یُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٤٣﴾ یَطُوْفُوْنَ بَیْنَهَا وَبَیْنَ حَمِیْمٍ اٰنٍ ﴿٤٤﴾

مجرمین کی سرزنش مجرمین کی رسوائی ۔ کھولتے ہوئے پانی کے درمیان

جھٹلاؤ گے ۔ یہ دوزخ ہے جس کو جھٹلاتے تھے بدکردار لوگ ۔ وہ آتے جاتے رہیں گے اس کے درمیان اور کھولتے ہوئے گرم پانی کے درمیان ۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٤٥﴾

پس کون کونسی اپنے رب کی (بتلائی ہوئی) نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے ۔

ع ۲ / ۱۲

وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ﴿۴۶﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۷﴾ ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ ﴿۴۸﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ

(۱) اعلیٰ درجہ کے متقین کا دارالاقامہ۔ (۲) یہاں سے نعمتوں کا مصداق اخروی ہے کیفیت باغ۔ تکثیر انعامات

اور اس کے لیے جو اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونے سے ڈرا دو باغ ہیں۔ پس کون کونسی اپنے رب کی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے۔ گھنی شاخوں والے۔ پس کون کونسی اپنے رب کی نعمتوں کو

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۹﴾ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ تَجْرِيٰنِ ﴿۵۰﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۱﴾ فِيْهِمَا مِنْ كُلِّ

پانی کی تشریح میوہ جات کی تشریح

تم جھٹلاؤ گے۔ دونوں باغوں میں دو چشمے ہیں بہہ رہے۔ پس کون کونسی اپنے رب کی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے۔ دونوں باغوں میں ہر

فَاكِهَةٍ زَوْجٰنِ ﴿۵۲﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۳﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى فُرُشٍۢ بَطَآىِٕنُهَا مِنْ اِسْتَبْرَقٍ

قسم قسم کے پھل ہوں گے متقین کی سرفرازی

میوے کی دو دو قسمیں ہیں پس کون کونسی اپنے رب کی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے۔ ٹیک لگائے ہوئے ایسے بچھونوں پر جن کے استر دبیز ریشم کے ہیں

وَجَنَا الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ ﴿۵۴﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۵﴾ فِيْهِنَّ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ لَمْ

ان باغوں کے پھل قریب ہوں گے حوروں کی تشریح حوروں

اور پھل دونوں باغوں کے قریب ہونے والے ہیں۔ پس کون کونسی اپنے رب کی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے۔ ان باغوں میں روکنے والی ہیں (حوریں) نگاہ کو نہیں ہاتھ

يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿۵۶﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۷﴾ كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ ﴿۵۸﴾

کے پاکیزہ ہونے کا بیان۔ حوروں کا حسن و جمال

لگایا ان کو کسی انسان نے ان سے پہلے اور نہ کسی جن نے ۔ پس کون کونسی اپنے رب کی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے۔ گویا (وہ حوریں) ہیرے اور مونگے ہیں۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۹﴾ هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ ﴿۶۰﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۱﴾

عدل و انصاف باری (ثواب ہے)

پس کون کونسی اپنے رب کی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے۔ نہیں بدلہ نیکی کا مگر نیکی۔ پس کون کونسی اپنے رب کی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے۔

وَمِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتٰنِ ﴿۶۲﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۳﴾ مُدْهَآمَّتٰنِ ﴿۶۴﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۵﴾

(۲) ادنیٰ درجہ کے متقین یعنی ابرار دونوں باغ گہرے سرسبز ہوں گے

اور ان دو باغوں کے سوا دو باغ ہیں۔ پس کون کونسی اپنے رب کی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے۔ دونوں باغ گہرے سبز ہیں۔ پس کون کونسی اپنے رب کی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے۔

فِيْهِمَا عَيْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ﴿۶۶﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۷﴾ فِيْهِمَا فَاكِهَةٌ وَّنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ ﴿۶۸﴾

پانی کی تشریح (پہلے دونوں چشموں سے کم درجہ کے) میوہ جات کی تشریح

ان باغوں میں دو چشمے ابل رہے ہیں۔ پس کون کونسی اپنے رب کی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے۔ دونوں باغوں میں میوے اور کھجوریں اور انار ہیں۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۹﴾ فِيْهِنَّ خَيْرٰتٌ حِسَانٌ ﴿۷۰﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۱﴾

متقین کے جوڑوں کی تشریح۔ خوبصورت ۔ خوب سیرت

پس کون کونسی اپنے رب کی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے۔ ان باغات میں اچھی عورتیں ہیں خوبصورت خوب سیرت۔ پس کون کون کونسی اپنے رب کی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے۔

(مزید انعام کا بیان) —— حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِی الْخِيَامِ ﴿۷۲﴾

حوروں کا حسن و جمال۔ وہ گورے رنگ کی ہیں روکی ہوئی خیموں کے اندر

گوری عورتیں پردہ نشین خیموں میں۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۳﴾ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿۷۴﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ

حوروں کے پاکیزہ ہونے کا بیان

پس کون کونسی اپنے رب کی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے۔ نہیں ہاتھ لگایا ان کو کسی انسان نے اس سے پہلے اور نہ کسی جن نے ۔ پس کون کونسی اپنے رب کی نعمتوں کو

(۱) ابتداء سورت سے یہاں تک نعم دینیہ و دنیویہ آفاقیہ و انفسیہ کا بیان تھا اب یہاں سے نعم حقیقیہ اخرویہ کا بیان ہے۔ برائے مقربان الٰہی

(۲) ایک صحت عقیدہ کی بنا پر اور دوسرا عمل صالح کی بنا پر یا ایک اثابت کی بنا پر دوسرا تفضلاً۔

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٧٥﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿٧٦﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

متقین کی سرفرازی — مسند — نہایت نفیس قالینوں پر

تم جھٹلاؤ گے۔ ٹیک لگانے والے سبز قالین پر اور نفیس قیمتی بستروں پر۔ پس کون کونسی اپنے رب کی نعمتوں کو

ع ۳ ۱۳ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٧٧﴾ تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِى الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿٧٨﴾

عظمت خداوندی اور اسم رحمٰن کی مدح

تم جھٹلاؤ گے۔ بڑی برکت والا ہے آپ کے رب کا نام جو بڑی بزرگی والا۔ اور عزت والا ہے — سورۃ الواقعہ

سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — سِتٌّ وَّتِسْعُوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

ربط او پر قیامت اب بھی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

ترتیب تلاوت ۵۶، نزول ۴۶، آیات ۹۶، رکوعات ۳

اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ﴿١﴾ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ﴿٢﴾ خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ﴿٣﴾ اِذَا رُجَّتِ الْاَرْضُ رَجًّا ﴿٤﴾

اثبات بعث بعد الموت وقوع قیامت۔ تردید منکرین قیامت۔ — نتیجہ وقوع قیامت — وقوع کے دن کی زمین کی کیفیت اس پر کچھ نہ رہیگا

جب واقع ہو گی واقع ہو جانے والی۔ نہیں ہو گا اس کے وقوع کو کوئی جھٹلانے والا۔ (بعض کو) پست کرنے والی بلند کرنے والی۔ جب ہلا دی جائے گی زمین ہلایا جانا۔

وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ﴿٥﴾ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ﴿٦﴾ وَّكُنْتُمْ اَزْوَاجًا ثَلٰثَةً ﴿٧﴾ فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۙ

پہاڑوں کی کیفیت — ریزہ ریزہ کردیئے — غبار اڑایا ہوا — بنی آدم کی اقسام کا اجمالی خاکہ۔ — اصحاب میمنہ یعنی ابرار کی کامیابی

اور ریزہ ریزہ کر دیئے جائیں گے پہاڑ توڑ پھوڑ کر۔ پس ہو جائیں گے وہ غبار اڑتا ہوا۔ اور ہو جاؤ گے تم تین قسمیں۔ پس دائیں ہاتھ والے

مَآ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ﴿٨﴾ وَاَصْحٰبُ الْمَشْـَٔمَةِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الْمَشْـَٔمَةِ ﴿٩﴾ وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ ﴿١٠﴾

اصحاب مشئمہ کی ناکامی — خواص مؤمنین یعنی مقربان الٰہی

کیا خوب ہیں دائیں ہاتھ والے۔ اور بائیں ہاتھ والے۔ کیسے برے ہیں بائیں ہاتھ والے۔ اور آگے نکلنے والے تو آگے نکلنے والے ہیں۔

اُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ ﴿١١﴾ فِىْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿١٢﴾ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٣﴾ وَقَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ﴿١٤﴾

نتیجہ نمبر ۱ — نمبر ۲ — سابقین کی تشریح (۱) امم سابقہ — (۲) امت محمدیہ

وہ لوگ مقرب ہیں۔ نعمتوں کے باغات میں۔ ایک گروہ پہلوں میں اور تھوڑے پچھلوں میں سے

عَلٰى سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ ﴿١٥﴾ مُّتَّكِـِٕيْنَ عَلَيْهَا مُتَقٰبِلِيْنَ ﴿١٦﴾ يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ﴿١٧﴾

سابقین کی سرفرازی — سونے کی تاروں سے بنے — سابقین کے خدام

تختوں پر جو جواہرات سے آراستہ ہوں گے۔ ٹیک لگانے والے ان پر آمنے سامنے۔ گھومیں گے ان پر لڑکے ہمیشہ رہنے والے

بِاَكْوَابٍ وَّاَبَارِيْقَ ۙ وَكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ﴿١٨﴾ لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ ﴿١٩﴾ وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا

خدام کے مشاغل — جنت کے شراب کی خصوصیت — سابقین کے لیے میوہ جات

گلاسوں اور جگوں اور پیالوں کے ساتھ صاف بہتے چشمے سے۔ نہ وہ دردسر میں مبتلا کیے جائیں گے اس سے اور نہ وہ بے ہوش ہوں گے۔ اور میوے اس میں سے جو وہ

يَتَخَيَّرُوْنَ ﴿٢٠﴾ وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿٢١﴾ وَحُوْرٌ عِيْنٌ ﴿٢٢﴾ كَاَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُوْنِ ﴿٢٣﴾

تازہ گوشت کا انتظام — سابقین کی حوروں کی تشریح — حسن و جمال

پسند کریں گے۔ اور پرندوں کا گوشت اس میں سے جو وہ چاہیں گے۔ اور حوریں بڑی آنکھوں والیاں۔ جیسے موتی چھپائے ہوئے

جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٢٤﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا تَاْثِيْمًا ﴿٢٥﴾ اِلَّا قِيْلًا سَلٰمًا سَلٰمًا ﴿٢٦﴾

عدل و انصاف باری — فضیلت جنت — (جیسے دنیا والا شرابی باتیں کرتا ہے) — سابقین کے لیے طرز تکلم

بدلہ ہے اسی کا جو وہ کیا کرتے تھے۔ نہیں سنیں گے وہ اس میں کوئی فضول بات اور نہ گناہ کی بات۔ مگر ان کا کلام سلام سلام۔

موضوع سورۃ: قیامت میں انسان کے تین گروہ۔ دو ناجی ایک ھالک

(۱) یاد رکھیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت اور دعوت میں اولین امیین تھے جیسا کہ اگلی دلیل میں آرہا ہے اور پھر آخرین سے مراد مکاناً سب عجمی ہیں اور زماناً آخری دور کے سب انسان ہیں اولین سے مراد یا تو امم سابقہ ہیں یا اس کے دور اول کے لوگ جو کثرت سے جنتی ہوئے لیکن آخرین سے مراد بالاتفاق امت محمدیہ ہے جو آپ کی بعثت سے لے کر قیامت تک کے آخری انسان تک تو یہ آخری امت ہے تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم بھی آخری نبی ہوئے۔ امام حسن بصریؒ فرماتے ہیں ثلة من الاولین (من الامم) وثلة من الآخرین (امة محمد) صلی اللہ علیہ وسلم (تفسیر ابن جریر ص ۹۸ ج ۲۷)

(۲) دلیل نمبر ۶ معنی ختم نبوت خاتم الانبیاء کا بیان اور دلیل نمبر ۷ سورۃ جمعہ آیت نمبر ۳ ص ۵۶۳ میں دیکھیں

وَاَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ەۙ مَآ اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ۝۲۷ؕ فِيْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ ۝۲۸ۙ وَّطَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ ۝۲۹ۙ

(۱) اصحاب یمین کے انعامات کی تشریح — کانٹے اترے ہوئے — تہہ بہ تہہ کیلے ہوں گے

دائیں ہاتھ والے ۔کیا کہنے دائیں ہاتھ والوں کے۔ کانٹے اتاری ہوئی بیری میں ہوں گے۔ اور تہ بہ تہ لدے ہوئے کیلوں میں

وَّظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ ۝۳۰ۙ وَّمَآءٍ مَّسْكُوْبٍ ۝۳۱ۙ وَّفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ ۝۳۲ۙ لَّا مَقْطُوْعَةٍ وَّلَا مَمْنُوْعَةٍ ۝۳۳ۙ وَّفُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ ۝۳۴ؕ

بہانے — پھلوں — جنت کے پھلوں کی خصوصیت۔ — جنت کے فراش

اور لمبے لمبے سایوں میں۔اور بہتے ہوئے پانی میں۔اور بہت زیادہ میوں کے باغوں میں۔جو ختم نہ ہوں گے (کسی وقت) اور نہ رکاوٹ ہوگی۔اور بلند کیے ہوئے بستروں میں ہوں گے

۴۳ ع ۱۴

اِنَّآ اَنْشَاْنٰهُنَّ اِنْشَآءً ۝۳۵ۙ فَجَعَلْنٰهُنَّ اَبْكَارًا ۝۳۶ۙ عُرُبًا اَتْرَابًا ۝۳۷ۙ لِّاَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ۝۳۸ؕ ع

جنتی حوریں بغیر ولادت کے ہوں گی — حوروں کی کیفیت۔ دوشیزہ — محبت — ہم عمر — نتائج اصحاب یمین

بیشک ہم نے ان کو خاص طریقہ پر بنایا، پس بنایا ہم نے ان کو کنواریاں۔ محبت کرنے والیاں ہم عمر۔ دائیں ہاتھ والوں کے لیے

ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ۝۳۹ۙ وَثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ۝۴۰ؕ وَاَصْحٰبُ الشِّمَالِ ەۙ مَآ اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۝۴۱ؕ

اصحاب الیمین کی تشریح — اصحاب شمال

ایک جماعت پہلوں سے ۔ اور ایک جماعت پچھلوں سے۔ اور بائیں ہاتھ والے کیسے برے ہیں بائیں ہاتھ والے۔

فِيْ سَمُوْمٍ وَّحَمِيْمٍ ۝۴۲ۙ وَّظِلٍّ مِّنْ يَّحْمُوْمٍ ۝۴۳ۙ لَّا بَارِدٍ وَّلَا كَرِيْمٍ ۝۴۴ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ

نتیجہ نمبر۱ — تیز وتند ہوا — نمبر۲ — نمبر۳ — دھوییں کے — نمبر۴ — نمبر۵ — آرام — سبب گمراہی

جھلسانے والی ہوا اور کھولتے ہوئے پانی میں ۔ اور سیاہ دھوئیں کے سایے میں ۔ نہ ٹھنڈا ہوگا نہ عزت والا۔ بیشک وہ اس سے پہلے

ذٰلِكَ مُتْرَفِيْنَ ۝۴۵ۚ وَكَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيْمِ ۝۴۶ۚ وَكَانُوْا يَقُوْلُوْنَ ەۙ اَىِٕذَا

منہمک فی الشہوات تھے — سبب رسوائی — گناہ — منکرین

بڑے خوش حال تھے۔ اور وہ اصرار کرتے تھے بہت بڑے گناہ پر۔ اور وہ کہتے تھے کیا جب

مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ۝۴۷ۙ اَوَاٰبَاۗؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ۝۴۸ قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِيْنَ

قیامت کا شکوہ — جواب شکوہ

ہم مرجائیں گے اور ہم مٹی ہوجائیں گے اور ہڈیاں ۔ کیا بیشک ہم البتہ دوبارہ زندہ کیے جائیں گے ۔ کیا ہمارے اگلے باپ دادا بھی ۔آپ کہہ دیجئے بیشک اگلے بھی

وَالْاٰخِرِيْنَ ۝۴۹ۙ لَمَجْمُوْعُوْنَ ەۙ اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ۝۵۰ ثُمَّ اِنَّكُمْ اَيُّهَا الضَّاۗلُّوْنَ الْمُكَذِّبُوْنَ ۝۵۱ۙ

بعث بعد الموت

اور پچھلے بھی البتہ اکھٹے کیے جائیں گے معین دن کے وقت میں۔پھر بیشک تم اے گمراہو جھٹلانے والے (قیامت کو)۔

لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ ۝۵۲ۙ فَمَالِــُٔـوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ۝۵۳ۚ فَشٰرِبُوْنَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيْمِ ۝۵۴ۚ

مجرمین کی خوراک — پانی کی تشریح

ضرور کھانے والے ہو تھوہر کے درخت سے ۔ پھر بھرنے والے ہو اس سے پیٹوں کو۔ پس پینے والے ہو اس پر کھولتے ہوئے پانی سے

فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ الْهِيْمِ ۝۵۵ؕ هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّيْنِ ۝۵۶ؕ نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ ۝۵۷

پانی پینے کی کیفیت — مجرمین کی رسوائی — اثبات بعث بعد الموت کا بیان — تنبیہ مشرکین

پس پینے والے ہو سخت پیاسے اونٹوں کی طرح ۔ یہ ان کی مہمانی ہے بدلے کے دن۔ ہم نے پیدا کیا تم کو پس کیوں نہیں تم تصدیق کرتے؟

اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ ۝۵۸ؕ ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ ۝۵۹ نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ

مشرکین کے ساتھ مناظرہ۔انسان کی ابتدائی کیفیت کا بیان — حصر التصرف باری تعالیٰ

بتاؤ یہ جو قطرہ تم ٹپکاتے ہو۔ کیا تم پیدا کرتے ہو اس کو یا ہم پیدا کرنے والے ہیں ۔ ہم نے ٹھہرائی تمہارے درمیان

الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ﴿٦٠﴾ عَلٰٓى اَنْ نُّبَدِّلَ اَمْثَالَكُمْ وَنُنْشِئَكُمْ فِيْ مَا

موت اور نہیں ہیں ہم اس بات سے عاجز۔ کہ لے آئیں تمہاری جگہ تمہاری طرح کے اور لوگ اور ہم تم کو پیدا کریں اس حالت میں جس کو

لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٦١﴾ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى فَلَوْلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿٦٢﴾ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ ﴿٦٣﴾

(نطفہ سے پھر علقہ سے مضغہ) تنبیہ منکرین قیامت قدرت باری کا نمونہ۔ تم بوتے ہو

تم نہیں جانتے۔ اور البتہ تحقیق جانا تم نے پہلی بار پیدائش کو پس کیوں نہیں نصیحت حاصل کرتے ۔ بتاؤ جو تم بوتے ہو

ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ ﴿٦٤﴾ لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ ﴿٦٥﴾

نشأت زراعت سے تنبیہ مشرکین

کیا تم اس کو اگاتے ہو یا ہم اگانے والے ہیں۔ اگر ہم چاہیں البتہ کر دیں اس کو چورا پس ہوجاؤ تم باتیں بناتے (یہ کیا ہوا؟)۔

اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ﴿٦٦﴾ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿٦٧﴾ اَفَرَءَيْتُمُ الْمَآءَ الَّذِيْ تَشْرَبُوْنَ ﴿٦٨﴾ ءَاَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ

ہم مقروض نتیجہ مشرکین

بیشک ہم تاوان زدہ ہیں۔ بلکہ ہم (رزق سے) محروم ہیں ۔ بتاؤ وہ پانی جو تم پیتے ہو ۔ کیا تم نے اس کو اتارا ہے

مِنَ الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ ﴿٦٩﴾ لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا فَلَوْلَا تَشْكُرُوْنَ ﴿٧٠﴾

قدرت باری تعالیٰ

بادل سے یا ہم اتارنے والے ہیں۔ اگر ہم چاہیں بنادیں اس کو کھارا (جو سیرابی کا کام دے) پس کیوں نہیں تم شکر کرتے ۔

اَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِيْ تُوْرُوْنَ ﴿٧١﴾ ءَاَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَآ اَمْ نَحْنُ الْمُنْشِئُوْنَ ﴿٧٢﴾

تنبیہ تنبیہ مشرکین

بتاؤ وہ آگ جس کو تم سلگاتے ہوتے ہو ۔ کیا تم نے اس کے درخت کو پیدا کیا ہے یا ہم پیدا کرنے والے ہیں۔

ع ٢ ٣٦ ١٥ نَحْنُ جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً وَّمَتَاعًا لِّلْمُقْوِيْنَ ﴿٧٣﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿٧٤﴾

قدرت عجیبہ چلنے والے لوگوں کے لیے۔ فریضۂ رسولؐ

ہم نے اس کو بنایا یاددھانی اور سامان صحرانشینوں کے لیے پس تسبیح بیان کر عظمت والے رب کے نام کی۔

فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ﴿٧٥﴾ وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ﴿٧٦﴾ اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ﴿٧٧﴾ فِيْ كِتٰبٍ

صداقت قرآن قسم کا بیان (ڈوبنے کی)(۱) قسم کی عظمت جواب قسم رکھا ہوا ہے ایک

پس قسم کھاتا ہوں میں ستاروں کی جمع ہونے کی جگہوں کی۔ اور بیشک وہ (قسم) یقیناً قسم ہے اگر تم سمجھ سکو بہت بڑی۔ بیشک وہ (قرآن) البتہ پڑھنے کی کتاب ہے

مَّكْنُوْنٍ ﴿٧٨﴾ لَّا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ﴿٧٩﴾ تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٨٠﴾ اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ

پوشیدہ کتاب میں۔ آداب قرآن صداقت قرآن (۲) تنبیہ منکرین قرآن

معزز چھپائے ہوئے نوشتہ میں۔ نہیں چھوتے اس کو مگر نہایت پاک بندے۔ اتارنا رب العالمین کی طرف سے ۔ کیا تم اس قرآن کو

اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ﴿٨١﴾ وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ﴿٨٢﴾ فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ﴿٨٣﴾

سستی کرتے ہیں اپنا حصہ افتتاح محاسبہ جان گلے تک

سرسری سمجھتے ہو۔ اور ٹھہراتے ہو تم (تکذیب کو) اپنا حصہ کہ تم جھٹلاتے ہو۔ پس کیوں نہیں جب پہنچ جاتی ہے وہ گلے میں

وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ﴿٨٤﴾ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ ﴿٨٥﴾ فَلَوْلَآ اِنْ كُنْتُمْ

(سکرات کا ملاحظہ کر رہے ہیں) رہے ہوتے ہو۔ اللہ تعالیٰ کے حاضر وناظر ہونے کا بیان تنبیہ مشرکین

اور تم اس وقت دیکھ رہے ہوتے ہو (کہ قریب المرگ ہے)۔ اور ہم زیادہ قریب ہوتے ہیں اس کی طرف تم سے لیکن تم دیکھتے نہیں۔ پس کیوں نہیں اگر ہو تم

(۱) قسم اور جواب قسم کی مطابقت یہ ہے کہ جیسے ستارے اپنی ڈوبنے کی جگہ میں جاتے ہیں تو وہ ان کی اصلی جگہ قرار پاتی ہے ایسے ہی آیات قرآنیہ جہاں جہاں پر ہیں وہ ان کی اصلی جگہ قرار پائی کہ ترتیب آیات اصلی ہے اور من جانب اللہ ہے۔ اور اس طرف بھی اشارہ ہے کہ یہ آیت قرآنی بمنزلہ ستارے کے ہدایت ہے۔

(۲) دلیل نمبر ۳۸ قرآن کریم کے منجانب اللہ نازل ہونے پر: دلیل نمبر ۳۹ سورۃ دھر آیت ۲۳ ص ۵۹۲ میں دیکھیں

غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ﴿۸۶﴾ تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۸۷﴾ فَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۸۸﴾

بدلہ — کیوں نہیں لوٹاتے اس کو (جو حلق تک پہنچ چکی ہے تا کہ دوامی زندگی مل جائے محاسبہ سے بچ جائیں — سابقین کے نتائج کا خلاصہ

نہ بدلہ دیئے جانے والے ۔(کیوں نہیں) لوٹا لیتے تم اس (روح) کو اگر تم سچے ہو۔ پس اگر ہے وہ مقرب لوگوں میں سے

فَرَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ ۙ وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ ﴿۸۹﴾ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿۹۰﴾ فَسَلٰمٌ لَّكَ

راحت — روزی — اصحاب الیمین کے نتائج کا خلاصہ — سلامتی ہے

تو (اس کے لیے) راحت اور روزی اور نعمت کا باغ ہے۔ اور اگر ہے وہ دائیں ہاتھ والوں میں سے ۔تو (اس سے کہا جائے گا) سلامتی ہو تیرے لیے

مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿۹۱﴾ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿۹۲﴾ فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿۹۳﴾

مجرمین کے نتائج کا خلاصہ

تو دائیں ہاتھ والوں میں سے ہو۔ اور اگر ہے وہ جھٹلانے والوں بھٹکے ہوؤں میں سے ۔تو (اس کے لیے) مہمانی ہے جلتے پانی کی

ع ۳ ۲۲ ۱۶ وَّتَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ ﴿۹۴﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ ﴿۹۵﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿۹۶﴾

ہے — جزاء وسزاء کے یقینی ہونے کا بیان — فریضۂ خاتم الانبیاء

اور جلنا ہے دوزخ میں۔ بیشک یہ البتہ یقینی مضامین ہیں۔ پس تسبیح بیان کریں اپنے رب کے نام کی جو بڑا مرتبہ والا ہے

سُوْرَةُ الْحَدِيْدِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّاَرْبَعُ رُكُوْعَاتٍ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۃ الحدید — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے ربط نمبر ۱، اوپر تسبیح اب۔ نمبر ۲، قیامت اب توحید

ترتیب تلاوت ۵۷، نزول ۹۴، آیات ۲۹، رکوعات ۴

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱﴾ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ يُحْيِىْ

عظمت خداوندی — حصر المالکیت باری تعالیٰ — تصرف

تسبیح بیان کرتی ہیں اللہ کے لیے۔ جو چیزیں آسمانوں اور زمین میں ہیں اور وہ زبردست حکمت والا ہے ۔اسی کی بادشاہی ہے آسمانوں اور زمین میں وہ زندہ کرتا ہے

وَيُمِيْتُ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲﴾ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَىْءٍ

باری تعالیٰ۔ حصر القدرت باری۔ — باری تعالیٰ کے ازلی وابدی ہونے کا بیان۔ کمالات۔(۱)

اور وہ مارتا ہے اور وہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتا ہے۔ وہی سب سے اول اور سب سے آخر ہے اور وہی ظاہر اور وہی باطن ہے اور وہ ہر چیز کو

عَلِيْمٌ ﴿۳﴾ هُوَ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِىْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۚ يَعْلَمُ

خالقیت باری — عظمت خداوندی۔ جواس کی شایان شان ہے۔ حصر علم الغیب باری تعالیٰ

خوب جاننے والا ہے۔ وہی ہے جس نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو چھ دن (کی مقدار) میں پھر جلوہ گر ہوا عرش بریں پر وہ جانتا ہے

مَا يَلِجُ فِى الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ۚ وَهُوَ مَعَكُمْ

اللہ تعالیٰ کے (۲) حاضر وناظر

جو چیز زمین میں داخل ہوتی ہے اور جو نکلتی ہے اس سے اور جو چیز اترتی ہے آسمان سے اور جو چیز چڑھتی اس میں اور وہ تمہارے ساتھ ہے

اَيْنَ مَا كُنْتُمْ ۚ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۴﴾ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۵﴾

ہونے کا بیان۔ — احاطہ علم باری تعالیٰ — حصر المالکیت باری — تذکیر بما بعد الموت

جہاں کہیں تم ہو اور اللہ تعالیٰ تمہارے سب اعمال کو دیکھ رہا ہے۔ اسی کے لیے ہے بادشاہی آسمانوں اور زمین کی اور اللہ ہی کی طرف لوٹائے جاتے ہیں سب امور۔

يُوْلِجُ الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيْلِ ۚ وَهُوَ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۶﴾ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ

تصرف باری — وسعت علم باری — اصول کامیابی نمبر ۱

وہ داخل کرتا ہے رات کو دن میں اور داخل کرتا ہے دن کو رات میں اور وہ خوب جانتا ہے دلوں کے رازوں کو۔ تم ایمان لاؤ اللہ پر

(۲) دلیل نمبر ۴، حاضر وناظر صرف اللہ ہے اور دلیل نمبر ۵ سورۃ مجادلہ آیت ۷ ص ۵۵۲ میں دیکھیں

موضوع سورۃ: طریق حصول سلطنت

(۱) دلیل نمبر ۵۸ علم غیب خاصہ خداوندی ہے اور دلیل نمبر ۵۹ سورۃ حدید آیت ۴، ۵، ۶ میں موجود ہیں اس کے علاوہ بھی کئی آیات ہیں بس انہیں پر اکتفا کرتا ہوں باقی سبق کے دوران بتایا جائے گا۔

وَرَسُوْلِهٖ وَاَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَاَنْفَقُوْا لَهُمْ اَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝۷

نمبر۲ نمبر۳ نائب مؤمنین و منفقین فی سبیل اللہ کا نتیجہ

اور اس کے رسول پر اور خرچ کرو اس مال میں سے جس میں اس نے تمہیں قائم مقام بنایا پس جو لوگ ایمان لائے تم میں سے اور خرچ کیا انہوں نے ان کے لیے بڑا اجر ہے

وَمَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ۚ وَالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ لِتُؤْمِنُوْا بِرَبِّكُمْ وَقَدْ اَخَذَ مِيْثَاقَكُمْ اِنْ

تنبیہ مشرکین شفقتِ رسول بنی آدم کا میثاق عمومی

اور تمہیں کیا ہوا کہ ایمان نہیں لاتے اللہ پر اور اس کا رسول تمہیں بلاتا ہے تا کہ تم ایمان لاؤ اپنے رب پر اور تحقیق لیا اس نے تم سے عہد و پیمان اگر

كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝۸ هُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ عَلٰى عَبْدِهٖۤ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ

صداقت قرآن (۱) فریضۂ رسول

تم ایمان والے ہو۔ وہی ہے جو اتارتا ہے اپنے بندے پر واضح آیتیں تا کہ وہ نکال کر لائے تم کو اندھیروں سے

(۱)
دلیل نمبر ۷ : کہ مضارع سے زمانہ حال مراد ہے یہ مرزا قادیانی کے اشکال کا جواب ہے۔

اِلَى النُّوْرِ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ بِكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝۹ وَمَا لَكُمْ اَلَّا تُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلِلّٰهِ

شفقت خداوندی ترغیب انفاق حصر

روشنی کی طرف اور بیشک اللہ تعالیٰ تمہارے حال پر بڑا شفقت کرنے والا نہایت مہربان ہے۔ اور تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم خرچ نہیں کرتے اللہ کی راہ میں حالانکہ اللہ ہی کے لیے ہے

مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ لَا يَسْتَوِيْ مِنْكُمْ مَّنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَقٰتَلَ ؕ اُولٰٓئِكَ اَعْظَمُ

المالکیت قبل الفتح جہاد و انفاق کی فضیلت (صلح حدیبیہ فتح مکہ)

آسمانوں اور زمین کی میراث۔ نہیں ہے برابر تم میں سے وہ لوگ جنہوں نے خرچ کیا فتح (مکہ) سے پہلے اور جہاد کیا۔ یہ لوگ بڑے

ع ۱۰ ۱۷ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِيْنَ اَنْفَقُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَقٰتَلُوْا ؕ وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝۱۰

صحابہ رضی اللہ عنہم کرام کے لیے اعلان عمومی (۲) (خواہ وہ باطنی کیوں نہ ہوں)

درجہ میں ہیں ان لوگوں سے جنہوں نے خرچ کیا اس کے بعد اور جہاد کیا اور ہر ایک کے لیے اللہ نے وعدہ کیا بھلائی کا اور اللہ تعالیٰ ان کاموں کی جو تم کرتے ہو پوری خبر رکھتا ہے

مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ وَلَهٗۤ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ۝۱۱ يَوْمَ تَرَى

مزید ترغیب انفاق فی سبیل اللہ و نتائج نمبر۱ نمبر۲ نمبر۳

کون ہے جو اللہ کو قرض دے اچھا قرض پس وہ اس کو بڑھائے اس کے لیے اور اس کے لیے عزت والا اجر ہے۔ جس دن آپ دیکھیں گے

الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ يَسْعٰى نُوْرُهُمْ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ بُشْرٰىكُمُ الْيَوْمَ جَنّٰتٌ

دائیں نمبر۴ بشارت جنت

ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں کو دوڑ رہی ہو گی ان کی روشنی ان کے آگے اور ان کے دائیں طرف خوشخبری ہے تمہارے لیے آج جنتوں کی

(۲)
اللہ تعالیٰ نے دونوں فریق کے لیے جنت کا وعدہ فرمایا ہے البتہ درجات کا فرق ضرور ہو گا مگر نصیب جنت دونوں فریق کو حاصل ہو گا۔ مخالف عقل کے ناخن لے۔

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝۱۲ ۚ يَوْمَ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ

نمبر۵ فضیلت جنت منافقین کا مطالبہ

جاری ہیں ان کے نیچے نہریں وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں یہی بڑی کامیابی ہے۔ جس دن کہیں گے منافق مرد

وَالْمُنٰفِقٰتُ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا انْظُرُوْنَا نَقْتَبِسْ مِنْ نُّوْرِكُمْ ۚ قِيْلَ ارْجِعُوْا وَرَآءَكُمْ فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا ؕ

جواب مطالبہ (جہاں سے ہم نے نور حاصل کیا)

اور منافق عورتیں ان سے جو ایمان لائے انتظار کرو ہمارا ہم کچھ لے لیں تمہارے نور سے کہا جائے گا تم لوٹو اپنے پیچھے پس تلاش کرو تم کوئی روشنی

فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ بِسُوْرٍ لَّهٗ بَابٌ ؕ بَاطِنُهٗ فِيْهِ الرَّحْمَةُ وَظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ الْعَذَابُ ؕ ۝۱۳

حکم خداوندی

پھر کھڑی کر دی جائے گی ان کے درمیان ایک دیوار جس کے لیے ایک دروازہ ہو گا اس کا اندر اس میں رحمت ہو گی اور اس کی باہر کی طرف عذاب ہو گا

يُنَادُونَهُمْ أَلَمْ نَكُن مَّعَكُمْ ۖ قَالُوا بَلَىٰ وَلَٰكِنَّكُمْ فَتَنتُمْ أَنفُسَكُمْ وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ وَ

مجرمین کی نداء (دنیا میں) مؤمنین کا جواب نداء (۱) (یعنی مسلمانوں اور نبی کے خلاف حوادث زمانہ کا)

وہ ان کو پکاریں گے کیا نہیں تھے ہم تمہارے ساتھ وہ (جواب میں) کہیں گے کیوں نہیں مگر تم نے آزمائش میں ڈالا خود کو اور تم منتظر رہا کرتے تھے اور تم نے (دین) میں شک کیا اور

غَرَّتْكُمُ الْأَمَانِيُّ حَتَّىٰ جَاءَ أَمْرُ اللَّهِ وَغَرَّكُم بِاللَّهِ الْغَرُورُ ﴿١٤﴾ فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ مِنكُمْ

سبب گمراہی (یعنی اسلام جلدی ختم ہوگا) (موت کا) (کہ آگے کوئی عذاب نہیں) عدم قبولیت فدیہ

تم کو دھوکہ دیا آرزوں نے یہاں تک کہ آیا اللہ کا حکم اور بہکایا تم کو اللہ کے نام سے بڑے دھوکہ باز نے۔ بس آج نہیں لیا جائے گا تم سے کوئی

فِدْيَةٌ وَلَا مِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ مَأْوَاكُمُ النَّارُ ۖ هِيَ مَوْلَاكُمْ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿١٥﴾ أَلَمْ يَأْنِ

نتیجہ (یعنی جہنم) تنبیہ

معاوضہ اور نہ ان لوگوں سے جنہوں نے انکار کیا تمہارا ٹھکانہ دوزخ ہے وہ تمہارا رفیق ہے۔ اور بری ہے لوٹنے کی جگہ۔ کیا نہیں وقت آیا

لِلَّذِينَ آمَنُوا أَن تَخْشَعَ قُلُوبُهُمْ لِذِكْرِ اللَّهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ وَلَا يَكُونُوا كَالَّذِينَ

مؤمنین۔ مہاجرین عاجزی کریں اس چیز کے لیے معاندین اہلِ کتاب کے

ان لوگوں کے لیے جو ایمان لائے کہ جھک جائیں ان کے دل اللہ کی یاد کے لیے اور اس کے لیے جو اترا سچے دین سے اور نہ ہوں ان لوگوں کی طرح

أُوتُوا الْكِتَابَ مِن قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْأَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوبُهُمْ ۖ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ فَاسِقُونَ ﴿١٦﴾

کے ساتھ مشابہت کی ممانعت (یعنی زمانہ اپنے اپنے نبی سے)

جو دیئے گئے کتاب (قرآن) سے پہلے پس لمبی ہوگی ان پر مدت پس سخت ہوگئے ان کے دل اور بہت سے ان میں نافرمان ہیں

اعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يُحْيِي الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ﴿١٧﴾

قلوب قاسیہ کی مثال صداقت قرآن

جان لو کہ بیشک اللہ زندہ کرتے ہیں زمین کو اس کے مرنے کے بعد۔ تحقیق کھول کر بیان کی ہم نے تمہارے لیے نشانیاں تا کہ تم سمجھو

إِنَّ الْمُصَّدِّقِينَ وَالْمُصَّدِّقَاتِ وَأَقْرَضُوا اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا يُضَاعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ أَجْرٌ كَرِيمٌ ﴿١٨﴾

ترغیب انفاق

بیشک خیرات کرنے والے مرد اور خیرات کرنے والی عورتیں اور جنہوں نے اللہ کو قرض دیا اچھا قرض دینا دوگنا کیا جائے گا ان کے لیے اور ان کے لیے عزت والا اجر ہے۔

وَالَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرُسُلِهِ أُولَٰئِكَ هُمُ الصِّدِّيقُونَ ۖ وَالشُّهَدَاءُ عِندَ رَبِّهِمْ لَهُمْ

مؤمنین کے نتائج یہ ہیں

اور جو لوگ ایمان لائے اللہ پر اور اس کے رسولوں پر یہی لوگ سچے ٹھہرنے والے اور یہ احوال بتانے والے اپنے رب کے پاس۔ ان کے لیے

۲ ع ۱۸ أَجْرُهُمْ وَنُورُهُمْ ۖ وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ﴿١٩﴾

(صداقت اور شہادت کا) نتیجہ مجرمین

ان کا اجر ہے اور ان کا نور اور جنہوں نے کفر کیا اور جھٹلایا ہماری آیات کو یہ لوگ دوزخ والے ہیں

اعْلَمُوا أَنَّمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَلَهْوٌ وَزِينَةٌ وَتَفَاخُرٌ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي الْأَمْوَالِ

اسبابِ غفلت

جان لو بیشک دنیا کی زندگی کھیل اور تماشا ہے اور ٹیپ ٹاپ اور فخر کرنا آپس میں اور زیادہ طلبی دولت میں

وَالْأَوْلَادِ ۖ كَمَثَلِ غَيْثٍ أَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهُ ثُمَّ يَهِيجُ فَتَرَاهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُونُ حُطَامًا ۖ

دنیا کی بے ثباتی کی مثال کسان

اور اولاد میں جیسے حال بارش کا پسند آیا کسانوں کو اس کا سبزہ پھر بارونق ہوا پس تو دیکھتا ہے اس کو زرد پھر ہوجاتا ہے چورا چورا

(۱) یعنی تم نے اپنے آپ کو منافقانہ چال میں پھنسا رکھا ہے

وَ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۙ وَّمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَ رِضْوَانٌ ؕ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا

نتیجہ طالبین دنیا — نتیجہ طالبین آخرت — اسباب گمراہی

اور آخرت میں سخت عذاب ہے اور بخشش ہے اللہ کی طرف سے اور خوشنودی اور نہیں ہے دنیا کی زندگی مگر

مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿٢٠﴾ سَابِقُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَآءِ

مبادرت الی الخیر کی ترغیب — تشریح جنت

دھوکے کا سامان۔ ایک دوسرے سے بڑھو بخشش کی طرف اپنے رب کی طرف سے اور جنت کی طرف جس کی چوڑائی جیسے چوڑائی آسمان

وَ الْاَرْضِ ۙ اُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ رُسُلِهٖ ؕ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

مستحقین جنت — شفقت خداوندی (مغفرت، رضوان، جنت)

اور زمین کی تیار کی گئی ہے ان لوگوں کے لیے جو ایمان لائے اللہ اور اس کے سب رسولوں پر یہ اللہ کا فضل ہے وہ دیتا ہے یہ جسے وہ چاہتا ہے

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿٢١﴾ مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ

مصائب دنیوی کا بیان

اور اللہ بڑے فضل والے ہیں ۔ نہیں پہنچتی کوئی آفت زمین میں اور نہ تمہاری جانوں میں

اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّبْرَاَهَا ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿٢٢﴾ ۙ لِّكَيْلَا تَاْسَوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ

اس کو ظاہر کردی — حکمت ذکر ماسبق

مگر ایک نوشتہ میں ہے پہلے سے کہ ہم اس کو ظاہر کریں بیشک یہ اللہ پر آسان ہے۔ تا کہ نہ غمگین ہو جاؤ تم اس پر جو تمہارے ہاتھ سے نکل گیا ہو

وَلَا تَفْرَحُوْا بِمَآ اٰتٰىكُمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرِ ﴿٢٣﴾ ۙ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ

نتیجہ منکرین — اترانے والے فخر — بخل کی مذمت

اور نہ خوش ہو جاؤ تم اس پر جو دیا اس نے تم کو اور اللہ نہیں پسند کرتے ہر اترانے والے فخر کرنے والے کو۔ جو لوگ بخل کرتے ہیں اور حکم دیتے ہیں

النَّاسَ بِالْبُخْلِ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿٢٤﴾ لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنٰتِ

استغنائیت باری — توحید پر دلیل نقلی

لوگوں کو بخیلی کا اور جو شخص روگردانی کرے پس تحقیق اللہ تعالیٰ بے نیاز تعریفوں والا ہے۔ البتہ تحقیق ہم نے بھیجے اپنے رسول کھلے دلائل کے ساتھ

وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَالْمِيْزَانَ لِيَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۚ وَاَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ فِيْهِ بَاْسٌ

فریضہ بنی آدم — ترغیب جہاد

اور ہم نے اتارا ان کے ساتھ کتاب اور ترازو تا کہ کھڑے ہوں لوگ انصاف کے ساتھ اور ہم نے اتارا لوہا اس میں سختی ہے

شَدِيْدٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ وَرُسُلَهٗ بِالْغَيْبِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿٢٥﴾ ع ٣/٦/١٩

مشروعیت جہاد — (دین)

بہت زیادہ۔ اور لوگوں کے لیے فوائد اور تا کہ ظاہر کرے اللہ تعالیٰ کون اس کی مدد کرتا ہے اور اس کے رسولوں کی بن دیکھے بیشک اللہ زور والا زبردست ہے

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا وَّاِبْرٰهِيْمَ وَجَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ فَمِنْهُمْ مُّهْتَدٍ ۚ

حضرت نوحؑ و ابراہیمؑ کی رسالت۔ حضرت نوح علیہ السلام و ابراہیم کے خاندان کی فضیلت

اور البتہ تحقیق ہم نے بھیجا نوح اور ابراہیم (علیہما السلام) کو اور ہم نے رکھ دی ان دونوں کی اولاد میں نبوت اور کتاب پس بعض ان میں سے ہدایت یافتہ ہیں

وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿٢٦﴾ ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا وَقَفَّيْنَا بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَاٰتَيْنٰهُ

دیگر انبیاء کی آمد — حضرت عیسیٰؑ کی آمد — حضرت

اور بہت سے ان میں سے نافرمان ہیں۔ پھر ہم نے لگا تار بھیجا ان کے نقش قدم پر اپنے رسولوں کو اور ہم نے پیچھے بھیجا عیسیٰ بن مریم کو اور دی ہم نے اس کو

الْإِنْجِيلَ ۙ وَجَعَلْنَا فِي قُلُوبِ الَّذِينَ اتَّبَعُوهُ رَأْفَةً وَرَحْمَةً ۚ وَرَهْبَانِيَّةً ابْتَدَعُوهَا

عیسیٰؑ کی فضیلت محبین عیسیٰ کی فضیلت تردید رہبانیت

انجیل اور رکھی ہم نے ان کے دلوں میں جنہوں نے ان کی پیروی کی نرمی اور رحمت اور ترک دنیا جسے انہوں نے جاری کیا

مَا كَتَبْنَاهَا عَلَيْهِمْ إِلَّا ابْتِغَاءَ رِضْوَانِ اللَّهِ فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ۖ فَآتَيْنَا الَّذِينَ آمَنُوا

نتیجہ مومنین

نہیں لکھا ہم نے اس کو ان پر مگر اللہ کی خوشنودی چاہنے کے لیے۔ پس نہیں لحاظ کیا انہوں نے اس کا جیسا اس کے لحاظ کرنے کا حق تھا۔ پس دی ہم نے ان کو جو ایمان لائے

مِنْهُمْ أَجْرَهُمْ ۖ وَكَثِيرٌ مِنْهُمْ فَاسِقُونَ ﴿٢٧﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَآمِنُوا بِرَسُولِهِ

اصول کامیابی نمبر۱ نمبر۲

ان میں سے ان کا اجر اور بہت سے ان میں سے نافرمان ہیں۔ اے ایمان والو اللہ سے ڈرو اور ایمان لاؤ اس کے رسول پر

يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِنْ رَحْمَتِهِ وَيَجْعَلْ لَكُمْ نُورًا تَمْشُونَ بِهِ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۚ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿٢٨﴾

نتیجہ نمبر۱ نمبر۲ یعنی نور ایمان نمبر۳

وہ دے گا تم کو دو حصے اپنی رحمت کے اور بنائے گا تمہارے لیے ایک روشنی تم اس کے ساتھ چلو گے اور وہ بخشے گا تمہیں اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے

لِئَلَّا يَعْلَمَ أَهْلُ الْكِتَابِ أَلَّا يَقْدِرُونَ عَلَىٰ شَيْءٍ مِنْ فَضْلِ اللَّهِ ۙ وَأَنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ

اھل کتاب کے لیے اصول کامیابی (رسالت)

تاکہ جان لیں اہل کتاب نہیں وہ قادر کسی چیز پر اللہ کے فضل سے اور بیشک فضل اللہ کے ہاتھ میں ہے

ع۴ ۱۹ اللَّهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَاءُ ۚ وَاللَّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ ﴿٢٩﴾

شفقتِ خداوندی

وہ دیتا ہے اسے جس کو وہ چاہتا ہے اور اللہ بڑے فضل والے ہیں

سُوْرَةُ الْمُجَادَلَةِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ اثْنَتَانِ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ المجادلہ ۔ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان اور نہایت رحم والا ہے

ترتیب تلاوت ۵۸، ترتیب نزول ۱۰۵، آیات ۲۲، رکوعات ۳ ۔ ربط اوپر رہبانیت اب رسم بد۔ اوس بن صامت۔ خولہ بنت ثعلبہ

قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِيْ تُجَادِلُكَ فِيْ زَوْجِهَا وَتَشْتَكِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ يَسْمَعُ

وسعت علم باری۔ ۔ حضرت خولہؓ کی داستان ۔ حضرت خولہؓ کی دعا ۔ اطلاع خداوندی

تحقیق سنی اللہ نے اس کی بات جو جھگڑا کرتی ہے آپ سے اپنے شوہر کے بارے میں اور شکایت کرتی ہے اللہ سے اور اللہ تعالیٰ سن رہا ہے

تَحَاوُرَكُمَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ١ اَلَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْكُمْ مِّنْ نِّسَاۗىِٕهِمْ مَّا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمْ ۭ

تمہاری گفتگو کو ۔ ظہار کی تشریح

تم دونوں کی بات کو بیشک اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے۔ جو لوگ ماں کی پیٹھ جیسا کہتے ہیں تم میں سے اپنی بیویوں کو نہیں ہیں وہ ان کی مائیں

اِنْ اُمَّهٰتُهُمْ اِلَّا الّٰۗئِيْ وَلَدْنَهُمْ ۭ وَاِنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا ۭ

حقیقی ماؤں کی تشریح ۔ ظہار کے قول کا منکر ہونے کا بیان

نہیں ان کی مائیں مگر جنہوں نے ان کو جنا اور بیشک وہ البتہ کہتے ہیں نامناسب بات اور جھوٹی بات

وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ٢ وَالَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْ نِّسَاۗىِٕهِمْ ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا

قول منکر کی سزا کی معافی کا بیان ۔ ظہاریوں کے لیے تدارک کا بیان ۔ کفارہ ظہار کی تین صورتیں اوران کی وضاحت

اور بیشک اللہ یقیناً معاف کرنے والے بخشنے والے ہیں۔ اور جو لوگ ماں کی پیٹھ جیسا کہہ بیٹھتے ہیں اپنی بیویوں کو پھر وہ لوٹتے ہیں اس بات کے لیے جو انہوں نے کہی ہے

فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَاۗسَّا ۭ ذٰلِكُمْ تُوْعَظُوْنَ بِهٖ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

پہلی صورت کا کفارہ ۔ (تاکہ آئندہ کے لیے تنبیہ ہو) ۔ وسعت علم باری

پس آزاد کرنا ہے ایک گردن کا پہلے ایک دوسرے کو ہاتھ لگانے سے تم اس کے ذریعہ نصیحت کیے جاتے ہو، اور اللہ ان کاموں سے جو تم کرتے ہو

خَبِيْرٌ ٣ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَاۗسَّا ۭ فَمَنْ

دوسری صورت ۔ (یعنی مجامعت کرنے سے) تیسری صورت

باخبر ہے۔ پس جو شخص نہ پائے غلام تو روزے رکھنے ہیں دو ماہ کے لگاتار پہلے ایک دوسرے کو ہاتھ لگانے کے پس جو شخص

لَّمْ يَسْتَطِعْ فَاِطْعَامُ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا ۭ ذٰلِكَ لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۭ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ۭ وَ

قوانین الٰہیہ کا فائدہ

طاقت نہ رکھے تو کھانا کھلانا ہے ساٹھ مسکینوں کو یہ (حکم اس لیے ہے) تاکہ تم فرمانبردار ہوجاؤ اللہ اور اس کے رسول کے یہ (حکم) اللہ کا محفوظ ہے

لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ٤ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَاۗدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ كُبِتُوْا كَمَا كُبِتَ

منکرین احکام الٰہیہ کی سزا ۔ تذکیر بایام اللہ سے مخالفین حدود اللہ کا بیان

اور نہ ماننے والوں کے لیے دردناک عذاب ہے۔ بیشک جو لوگ مخالفت کرتے ہیں اللہ اور اس کے رسول کی ذلیل کیے جائیں گے جس طرح ذلیل کیے گئے

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ۭ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ٥ ج

صداقت قرآن ۔ نتیجہ منکرین قرآن

جو ان سے پہلے گزرے اور تحقیق ہم نے اتارے احکام واضح اور کافروں کے لیے رسوا کن عذاب ہے

يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ۭ اَحْصٰىهُ اللّٰهُ وَنَسُوْهُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي

اثبات بعث بعد الموت ۔ ان کو شمار کرلیا ہے ۔ بنی آدم کا نسیان

جس دن اٹھائے گا ان سب کو اللہ پس بتا دے گا ان کو جو انہوں نے کام کیے۔ اللہ نے ان کو گن رکھا ہے اور وہ اس کو بھول گئے اور اللہ ہر

موضوع سورۃ : مسلمانوں کی سیاسی جماعت کے فرائض، ان کا دائرہ اختیارات۔ اور جماعت سیاسی کا انتخاب صدر، تعمیل احکام صدارت، نااہل لوگوں کا ذکر جو سیاسی جماعت میں داخل ہونے کے قابل نہیں۔

ع ۱

كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ ۝۶

للعموم

چیز پر گواہ ہے۔ (یعنی اس کے سامنے ہے)

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۖ مَا يَكُونُ مِن نَّجْوَىٰ ثَلَاثَةٍ

شہادت خداوندی سے تمہید ممانعت سرگوشی — علم غیب خاصہ خداوندی — تفصیل سرگوشی — اللہ ہر

کیا تم نے نہیں دیکھا کہ بیشک اللہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے نہیں ہوتی کوئی سرگوشی تین کی

إِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ إِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ وَلَا أَدْنَىٰ مِن ذَٰلِكَ وَلَا أَكْثَرَ

جگہ ساتھ ہوتا ہے۔ کما یلیق بشانہ۔ (۱)

مگر وہ ان کے چوتھے ہیں اور نہ پانچ کی مگر وہ ان کے چھٹے ہیں اور نہ کم اس سے اور نہ زیادہ

إِلَّا هُوَ مَعَهُمْ أَيْنَ مَا كَانُوا ۖ ثُمَّ يُنَبِّئُهُم بِمَا عَمِلُوا يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ إِنَّ

معیت علمیہ — مجازات اعمال — حصر

مگر وہ ان کے ساتھ ہیں جہاں کہیں وہ ہوں پھر بتلائیں گے ان کو جو کچھ انہوں نے کیا قیامت کے دن بیشک

اللَّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۝۷ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ نُهُوا عَنِ النَّجْوَىٰ ثُمَّ يَعُودُونَ لِمَا نُهُوا

علم کلی فی ذات باری — سرگوشی کی ممانعت

اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔ کیا نہیں دیکھا آپ نے ان لوگوں کی طرف جو روکے گئے سرگوشی سے پھر وہ لوٹتے ہیں اس بات کے لیے جو وہ روکے گئے

عَنْهُ وَيَتَنَاجَوْنَ بِالْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُولِ وَإِذَا جَاءُوكَ حَيَّوْكَ

سرگوشی کی تشریح نمبر۱ — نمبر۲ مسلمانوں پر — نمبر۳ — نمبر۴ — سلام

اس سے اور وہ سرگوشی کرتے ہیں گناہ کی اور زیادتی کی اور رسول کی نافرمانی کی۔ اور جب وہ آپ کے پاس آتے ہیں تو آپ کو زندہ رہنے کی دعا دیتے ہیں

بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللَّهُ وَيَقُولُونَ فِي أَنفُسِهِمْ لَوْلَا يُعَذِّبُنَا اللَّهُ بِمَا نَقُولُ ۚ حَسْبُهُمْ

یہود ومنافقین کا عناد — نتیجہ

ان الفاظ کے ساتھ کہ نہیں دعا دی ان لفظوں سے اللہ نے آپ کو اور وہ کہتے ہیں اپنے دلوں میں کیوں نہیں عذاب دیتا ہمیں اللہ ان لفظوں کی وجہ سے جو ہم کہتے ہیں ان کے لیے کافی ہے

جَهَنَّمُ يَصْلَوْنَهَا ۖ فَبِئْسَ الْمَصِيرُ ۝۸ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا تَنَاجَيْتُمْ فَلَا تَتَنَاجَوْا

مؤمنوں کو بری سرگوشی کی ممانعت — نمبر۱ منکر کے رائج کرنے پر

دوزخ وہ اس میں داخل ہوں گے پس وہ بری لوٹنے کی جگہ ہے۔ اے ایمان والو! جب تم سرگوشی کرو تو مت سرگوشی کرو

بِالْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُولِ وَتَنَاجَوْا بِالْبِرِّ وَالتَّقْوَىٰ ۖ وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي إِلَيْهِ

نمبر۲ مخلوق پر زیادتی کی نمبر۳ رسول کے حکموں کے خلاف — اچھی سرگوشی کی ترغیب — اصول کامیابی — تذکیر بما

گناہ اور زیادتی اور رسول کی نافرمانی کی۔ اور سرگوشی کرو نیکی اور (برے کاموں سے) بچنے کی اور اللہ سے ڈرو جس کی طرف

تُحْشَرُونَ ۝۹ إِنَّمَا النَّجْوَىٰ مِنَ الشَّيْطَانِ لِيَحْزُنَ الَّذِينَ آمَنُوا وَلَيْسَ بِضَارِّهِمْ

بعد الموت۔ — بری سرگوشی کا نتیجہ — تسلی مؤمنین

تم جمع کیے جاؤ گے۔ بیشک سرگوشی شیطان کی طرف سے ہے تاکہ وہ دل میں غم ڈالے ان لوگوں کے جو ایمان والے ہیں۔ اور نہیں ہے وہ ان کو نقصان پہنچانے والا

شَيْئًا إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ ۚ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ۝۱۰ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا

فریضہ مؤمنین — آداب مجلس خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم

ذرا بھی مگر اللہ کے حکم سے اور اللہ پر بس چاہیے کہ بھروسہ کریں ایمان والے۔ اے ایمان والو جب

(۱)
دلیل نمبر ۵ حاضر وناظر صرف اللہ ہے یہاں تک پانچ دلائل مکمل شد۔
نیز اس کے علاوہ بھی کئی دلائل ہیں اپنے اپنے مقام پر وضاحت سے بتایا جائے گا

قِيْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا فِي الْمَجٰلِسِ فَافْسَحُوْا يَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ ۚ وَاِذَا قِيْلَ انْشُزُوْا

کہا جائے تم سے کشادگی پیدا کرو مجالس میں تو کشادگی پیدا کرو اللہ تمہارے لیے کشادگی کرے گا اور جب کہا جائے تم اٹھ کھڑے ہو

فَانْشُزُوْا يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ۙ وَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ ۭ وَاللّٰهُ

فضیلت مؤمنین فضیلت اہل علم

تو پس اٹھ جاؤ اللہ بلند کرتے ہیں ان کو جو ایمان لائے تم میں سے اور ان لوگوں کو جن کو علم دیا گیا مراتب ہیں اور اللہ تعالیٰ

بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ⑪ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ

خاتم الانبیاء کے احترام واکرام کا بیان

جو تم کرتے ہو خبر رکھتا ہے۔ اے ایمان والو جب تم سرگوشی کرو رسول سے پس آگے بھیجو

نَجْوٰىكُمْ صَدَقَةً ۭ ذٰلِكَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَاَطْهَرُ ۭ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ⑫

اکرام رسول کا نتیجہ (یعنی گناہ سے پاک ہونے کا اچھا ذریعہ ہے)

اپنی سرگوشی کے خیرات کو یہ تمہارے لیے بہتر ہے اور پاکیزگی۔ پس اگر تم نہ پاؤ (صدقہ بوجہ فقر کے) پس تحقیق اللہ تعالیٰ بخشنے والا رحم والا ہے۔

ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقٰتٍ ۭ فَاِذْ لَمْ تَفْعَلُوْا وَتَابَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ

تنبیہ مؤمنین (یعنی صدقہ کا حکم منسوخ کردیا)

کیا تم ڈر گئے کہ آگے بھیجو اپنی سرگوشی کے صدقات کو پس جب نہیں کیا تم نے اور اللہ نے توجہ فرمائی تم پر

ع ۲/۷/۲ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ⑬

فریضہ مؤمنین نمبر ۱ نمبر ۲ نمبر ۳ نمبر ۴ وسعت علم باری تعالیٰ

پس اہتمام کرو نماز کا اور زکوٰۃ دو اور اطاعت کرو اللہ اور اس کے رسول کی اور اللہ خبر رکھتا ہے جو تم کرتے ہو۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۭ مَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلَا مِنْهُمْ ۙ وَيَحْلِفُوْنَ

کیفیت منافقین منافقین کی دورنگی منافقین کی

کیا آپ نے نہیں دیکھا ان لوگوں کی طرف جو دوستی کرتے ہیں ایسے لوگوں سے جن پر اللہ کی ناراضگی ہے نہیں ہیں وہ تم میں سے اور نہیں وہ ان میں سے اور وہ قسمیں کھاتے ہیں

عَلَى الْكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ⑭ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۭ اِنَّهُمْ سَاۗءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ⑮

دروغ گوئی نتیجہ منافقین

جھوٹی (کہ وہ تم میں سے ہیں) اور وہ جانتے ہیں ۔تیار کیا اللہ نے ان کے لیے سخت عذاب بیشک برا ہے جو وہ کرتے ہیں

اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ⑯

منافقین کا فریب منافقین کا اضلال نتیجہ

بنایا انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال پس انہوں نے روکا اللہ کے راستہ سے پس ان کے لیے ذلت ناک عذاب ہے

لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْــــًٔا ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۭ هُمْ

مال واولاد کے بے فائدہ ہونے کا بیان نتیجہ منافقین

ہر گز نہیں کام آئیں گے ان کے ان کی دولت اور نہ ان کی اولاد اللہ کے سامنے کچھ بھی یہ لوگ دوزخ والے ہیں وہ

فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ⑰ يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيَحْلِفُوْنَ لَهٗ كَمَا يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ وَيَحْسَبُوْنَ

بعث بعد الموت منافقین کے نفاق کی شدت

اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔جس دن اللہ ان سب کو اٹھائے گا پس وہ قسمیں کھائیں گے وہ اس کے سامنے جس طرح وہ قسمیں کھاتے ہیں تمہارے سامنے اور وہ گمان کرتے۔

اَنَّهُمْ عَلٰى شَیْءٍ ؕ اَلَاۤ اِنَّهُمْ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۸﴾ اِسْتَحْوَذَ عَلَیْهِمُ الشَّیْطٰنُ فَاَنْسٰىهُمْ

تردید منافقین — سبب گمراہی

کہ وہ کسی چیز پر ہیں۔ آگاہ رہو بیشک وہ جھوٹے ہیں ۔ غلبہ پالیا ان پر شیطان نے پس بھلادیا ان کو

ذِكْرَ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓىِٕكَ حِزْبُ الشَّیْطٰنِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ حِزْبَ الشَّیْطٰنِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۹﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ

حزب الشیطان کی پہچان۔ — نتیجہ — نتیجہ

اللہ کی یاد سے وہ شیطان کا گروہ ہے آگاہ رہو بیشک شیطان کا گروہ وہ نقصان اٹھانے والا ہے ۔ بیشک جو لوگ

یُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗۤ اُولٰٓىِٕكَ فِی الْاَذَلِّیْنَ ﴿۲۰﴾ كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَ رُسُلِیْ ؕ

مخالفین انبیاء — مؤمنین کو تسلی

مخالفت کرتے ہیں اللہ اور اس کے رسول کی وہ نہایت ذلیل وخوار ہیں۔ اللہ نے لکھ دیا (لوح محفوظ) میں کہ میں ضرور غالب ہوں گا اور میرے رسول

اِنَّ اللّٰهَ قَوِیٌّ عَزِیْزٌ ﴿۲۱﴾ لَا تَجِدُ قَوْمًا یُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ الْیَوْمِ الْاٰخِرِ یُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ

کیفیت مؤمنین و مخلصین

بیشک اللہ قوت والا زبردست ہے۔ نہیں پائے گا تو ان لوگوں کو جو ایمان رکھتے ہیں اللہ اور آخرت کے دن پر وہ دوستی کرتے ہیں اس سے جو مخالفت کرے

اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَ لَوْ كَانُوْۤا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِیْرَتَهُمْ ؕ اُولٰٓىِٕكَ

نتائج

اللہ اور اس کے رسول کی اگرچہ وہ ہوں ان کے آباء یا ان کے بیٹے یا ان کے بھائی یا ان کا خاندان یہ لوگ

كَتَبَ فِیْ قُلُوْبِهِمُ الْاِیْمَانَ وَ اَیَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ ؕ وَ یُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ

لکھ دیا (اپنی قلم قدرت سے) (اللہ نے) ان کے دلوں میں ایمان اور قوی کیا ان کو اپنے فضل سے اور داخل فرمائیں گے ان کو ایسی جنتوں میں جاری ہیں ان

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا ؕ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَ رَضُوْا عَنْهُ ؕ اُولٰٓىِٕكَ حِزْبُ اللّٰهِ ؕ

حزب اللہ کی پہچان — بوجہ انعامات کے — (ان کے کارناموں کی وجہ سے)

کے نیچے نہریں اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں اللہ ان سے راضی ہوئے اور وہ اللہ سے راضی ہوئے (تشریفاً فرمایا) یہی لوگ اللہ کا لشکر ہیں

۳ ع ۲

اَلَاۤ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۲۲﴾ ع

نتیجہ

آگاہ رہو اللہ کا لشکر کامیاب ہونے والا ہے۔

سُوْرَةُ الْحَشْرِ مَدَنِیَّةٌ وَّ هِیَ اَرْبَعٌ وَّ عِشْرُوْنَ اٰیَةً وَّ ثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

سورۃ الحشر — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

ترتیب تلاوت ۵۹ ترتیب نزول ۱۰۱، آیات ۲۴، رکوعات ۳ — ربط اوپر یہود سے دوستی کی ممانعت اب یہود بنی نضیر

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ ۚ وَ هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۱﴾ هُوَ الَّذِیْۤ اَخْرَجَ الَّذِیْنَ

عظمت خداوندی — یہودی بنی نضیر نے مسلمانوں سے معاہدہ تھا دیت کے معاملہ میں غدر کیا۔ حسن تدبیر باری سے بنو نضیر کی جلاوطنی کی

تسبیح بیان کرتی ہے اللہ کے لیے جو چیزیں آسمانوں میں ہیں اور جو چیزیں زمین میں ہیں اور وہ زبردست حکمت والا ہے ۔ وہی ہیں جنہوں نے نکالا ان لوگوں کو

كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ دِیَارِهِمْ لِاَوَّلِ الْحَشْرِ ؔؕ مَا ظَنَنْتُمْ اَنْ یَّخْرُجُوْا

داستان — (۱)

جنہوں نے کفر کیا اہل کتاب میں سے ان کے گھروں سے پہلی مرتبہ کی لشکر کشی میں نہیں گمان کیا تھا (مسلمانو) تم نے کہ وہ نکلیں گے (اپنے قلعہ سے)

موضوع سورۃ : تسلی خاتم الانبیاء فی ضمن داستان بنی نضیر اور مؤمنین کے لیے احکام ضروریہ۔

(۱) یہود بنی نضیر کی جلاوطنی نمبر ۱، مدینہ سے خیبر اس کو اول حشر کہتے ہیں۔ نمبر ۲ حضرت عمرؓ نے خیبر سے شام کی طرف نکالا اس کو حشر ثانی کہتے ہیں

شان نزول بنو قینقاع کا سورۃ ال عمران آیت نمبر ۱۲ میں ذکر ہو چکا ہے اور بنی قریظہ کا سورۃ احزاب رکوع ۳ میں سرکوبی کا ذکر ہو چکا ہے۔

قبیلہ بنو عامر کے دو آدمیوں کے قاتل عمرو بن امیہ ضمری ہیں۔ پتھر کے گرانے کا منصوبہ بنانے والا عمرو بن حجاش تھا۔ صحابی محمد بن مسلمہ نے کعب بن اشرف کو قتل کیا۔ امیر مدینہ ابن ام مکتوم تھے۔

وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مَّانِعَتُهُمْ حُصُوْنُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَاَتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوْا

گمان بنی نضیر عذاب

اور انہوں نے گمان کیا تھا کہ ان کو ان کے قلعہ بچانے والے ہیں اللہ تعالیٰ سے پس آیا ان کے پاس اللہ (کا عذاب) جہاں سے وہ گمان نہیں کرتے تھے

وَقَذَفَ فِیْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ يُخْرِبُوْنَ بُيُوْتَهُمْ بِاَيْدِيْهِمْ وَاَيْدِی الْمُؤْمِنِيْنَ ق

رعب خداوندی نتیجہ رعب

اور ڈالا ان کے دلوں میں رعب وہ اجاڑ رہے ہیں اپنے گھروں کو اپنے ہاتھوں سے اور مسلمانوں کے ہاتھوں سے

فَاعْتَبِرُوْا يٰٓاُولِی الْاَبْصَارِ ۝۲ وَلَوْلَآ اَنْ كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ الْجَلَآءَ لَعَذَّبَهُمْ فِی الدُّنْيَا ط

تنبیہ بنی آدم حکمت جلا وطنی جلاوطن ہونا لکھ دیا تھا

پس عبرت حاصل کرو اے آنکھوں والو۔ اور اگر نہ ہوتی یہ بات کہ اللہ نے لکھ دی ہے ان پر جلاوطنی ضرور سزا دیتے ان کو دنیا میں

وَلَهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ عَذَابُ النَّارِ ۝۳ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ج وَمَنْ يُّشَآقِّ

نتیجہ اخروی سبب عذاب نتیجہ مخالفت

اور ان کے لیے آخرت میں دوزخ کا عذاب ہے۔ یہ بات اس لیے ہے کہ انہوں نے مخالفت کی اللہ اور اس کے رسول کی اور جو شخص مخالفت کرتا ہے

اللّٰهَ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝۴ مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَآئِمَةً

ازالہ شبہ۔ جو کاٹے ہیں تم نے کھجور کے درخت

اللہ کی پس تحقیق اللہ تعالیٰ سخت سزا دینے والا ہے۔ جو کاٹے تم نے کھجور کے درخت یا تم نے ان کو چھوڑ دیا کھڑا ہوا

عَلٰٓی اُصُوْلِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِیَ الْفٰسِقِيْنَ ۝۵ وَمَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَآ

اپنی جڑوں پر (مقصود یہود کی رسوائی ہے) اموال فئی کی تشریح

ان کی جڑوں پر پس اللہ کے حکم سے ہے اور تا کہ رسوا کرے نافرمانوں کو۔ اور جو اللہ نے لوٹایا اپنے رسول پر ان سے تو نہیں

اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهٗ عَلٰی مَنْ يَّشَآءُ ط

دوڑاتے اونٹ

دوڑایا تم نے اس پر کوئی گھوڑا اور نہ کوئی اونٹ بلکہ اللہ قبضہ دیتا ہے اپنے رسولوں کو جس پر وہ چاہتا ہے

وَاللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ۝۶ مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰی فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ

مستحقین اموال فئی کی (۱)

اور اللہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ جو اللہ نے لوٹایا اپنے رسول پر بستیوں والوں سے بس اللہ اور اس کے رسول کے لیے ہے

وَلِذِی الْقُرْبٰی وَالْيَتٰمٰی وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ لا كَیْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةً م

تشریح مصارف کی حکمت کا بیان

اور قرابت دار اور یتیموں اور مسکینوں کے لیے اور مسافروں کے لیے تا کہ نہ ہو وہ مال گردش کرنے والا

بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ مِنْكُمْ ط وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ج وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ج

(۱) اصول کامیابی

مالداروں کے درمیان تم میں سے اور جو دیں تم کو رسول پس اس کو لو لے اور جس سے روکیں تم کو اس سے پس رک جاؤ

وَاتَّقُوا اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝۷ لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِيْنَ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا

مہاجرین کے اوصاف

اور اللہ سے ڈرو تم بیشک اللہ تعالیٰ سخت سزا دینے والا ہے۔ فقراء مہاجرین کے لیے ہے جو نکالے گئے

(۱) اللہ کا نام تبرکاً تھا آپ کا نام مالک کے اعتبار سے نہیں بلکہ قاسم ہونے کے اعتبار سے ہے۔ اب یہ مصرف نہیں رہا اور نہ قرابت داری کا کیونکہ یہ نصرت اسلامی کی وجہ سے تھا احناف کے نزدیک اب یہ مصرف نہیں رہا البتہ غربا اور مساکین کو دیا جائے گا۔

(۱) دلیل نمبر ۱۰ حجیت حدیث پر، تلك عشرة كاملة

مِنْ دِيَارِهِمْ وَأَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِّنَ اللَّهِ وَرِضْوَانًا وَيَنصُرُونَ اللَّهَ

وصف نمبر۱ نمبر۲ نمبر۳

اپنے گھروں سے اور اپنے مالوں سے چاہتے ہیں اللہ کا فضل اور خوشنودی۔ اور وہ مدد کرتے ہیں اللہ

وَرَسُولَهُ ۚ أُولَٰئِكَ هُمُ الصَّادِقُونَ ⑧ وَالَّذِينَ تَبَوَّءُوا الدَّارَ وَالْإِيمَانَ مِن قَبْلِهِمْ

نتیجہ تصدیق ایمان مہاجرین انصار کے اوصاف نمبر۱، جگہ پکڑی اس گھر میں نمبر۲ نے

اور اس کے رسول کی یہی لوگ سچے ہیں۔ اور ان لوگوں کے لیے جنہوں نے ٹھکانا بنایا اس گھر (مدینہ) میں اور ایمان میں (مستقل رہے) ان (مہاجرین) سے پہلے

نے جنہوں نے ٹھکانہ بنایا ہجرت کے گھر کو اور ایمان کے گھر کو وہ مدینہ ہے۔

يُحِبُّونَ مَنْ هَاجَرَ إِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُونَ فِي صُدُورِهِمْ حَاجَةً مِّمَّا أُوتُوا

نمبر۳ محبت کرانے ہیں نمبر۴

وہ محبت کرتے ہیں ان سے جو ہجرت کر کے آئے ہیں ان کے پاس اور نہیں وہ پاتے اپنے سینوں میں کوئی تنگی اس سے جو وہ دیئے گئے

وَيُؤْثِرُونَ عَلَىٰ أَنفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ۚ وَمَن يُوقَ شُحَّ نَفْسِهِ فَأُولَٰئِكَ

نمبر۵ ضیف رسولؐ ابوطلحہ انصاریؓ نتیجہ انفاق فی سبیل اللہ تصدیق ایمان انصار

اور وہ ترجیح دیتے ہیں اپنی جانوں پر اگرچہ خود ان کو فاقہ ہو اور جس نے بچالیا اپنے آپ کو بخل سے پس وہی

هُمُ الْمُفْلِحُونَ ⑨ وَالَّذِينَ جَاءُوا مِن بَعْدِهِمْ يَقُولُونَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا

الی یوم القیامت کے مؤمنین کی دعا نمبر۱ نمبر۲

کامیاب ہونے والے ہیں۔ اور (ان کے لیے) جو آئے ان کے بعد وہ کہتے ہیں اے رب ہمارے بخش دے ہمیں اور ہمارے بھائیوں کو

الَّذِينَ سَبَقُونَا بِالْإِيمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِي قُلُوبِنَا غِلًّا لِّلَّذِينَ آمَنُوا رَبَّنَا إِنَّكَ

نمبر۳ اولاً صحابہ کے لیے ایمان کی صفائی کا بیان شفقت خداوندی

جنہوں نے سبقت کی ہم سے ایمان میں اور آپ نہ بنائیں ہمارے دلوں میں کھوٹ ایمان والوں کے لیے اے ہمارے رب بیشک آپ

الربع ع رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ⑩ ع

شفقت کرنے والے رحم والے ہیں

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ نَافَقُوا يَقُولُونَ لِإِخْوَانِهِمُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَئِنْ

عہد شکنی کے اسباب اور منافقین کے اوصاف ذمیمہ نمبر۱

کیا نہیں دیکھا آپ نے ان لوگوں کو جنہوں نے منافقت کی وہ کہتے ہیں اپنے بھائیوں سے جنہوں نے کفر کیا اہل کتاب سے اگر تم

أُخْرِجْتُمْ لَنَخْرُجَنَّ مَعَكُمْ وَلَا نُطِيعُ فِيكُمْ أَحَدًا أَبَدًا وَإِن قُوتِلْتُمْ لَنَنصُرَنَّكُمْ

نمبر۳ نمبر۲

نکالے گئے تو ہم ضرور تمہارے ساتھ نکلیں گے اور ہم نہیں اطاعت کریں گے تمہارے بارے میں کسی کی کبھی بھی اور اگر تم سے جنگ کی گئی تو ہم ضرور تمہاری مدد کریں گے

وَاللَّهُ يَشْهَدُ إِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ ⑪ لَئِنْ أُخْرِجُوا لَا يَخْرُجُونَ مَعَهُمْ وَلَئِن قُوتِلُوا

شہادت خداوندی سے منافقین کے وعدوں کی تردید۔ اطلاع خداوندی نمبر۱ نمبر۲ منافقین کی

اور اللہ گواہی دیتا ہے بیشک وہ یقیناً جھوٹے ہیں اگر وہ نکالے گئے تو یہ نہیں نکلیں گے ان کے ساتھ اور اگر وہ جنگ کیے گئے

لَا يَنصُرُونَهُمْ وَلَئِن نَّصَرُوهُمْ لَيُوَلُّنَّ الْأَدْبَارَ ثُمَّ لَا يُنصَرُونَ ⑫ لَأَنتُمْ أَشَدُّ رَهْبَةً فِي

بزدلی بھی تو ان کی مدد سبب بزدلی

تو یہ ان کی مدد نہیں کریں گے اور اگر انہوں نے ان کی مدد کی تو ضرور پیٹھوں کو پھیریں گے پھر وہ مدد نہیں کیے جائیں گے۔ البتہ تم (مسلمانو) زیادہ سخت ہو ڈر کے لحاظ سے

صُدُوْرِهِمْ مِّنَ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿۱۳﴾ لَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ جَمِيْعًا اِلَّا فِيْ

منافقین کی حماقت — اطلاع خداوندی۔ — اکھٹے

ان کے سینوں میں اللہ تعالیٰ سے یہ اس لیے ہے کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو سمجھتے نہیں ہیں۔ نہیں وہ تم سے لڑیں گے دو بدو مگر

قُرًى مُّحَصَّنَةٍ اَوْ مِنْ وَّرَآءِ جُدُرٍ ؕ بَاْسُهُمْ بَيْنَهُمْ شَدِيْدٌ ؕ تَحْسَبُهُمْ جَمِيْعًا

بستیوں میں یا دیواروں کے پیچھے سے ان کی جنگ آپس میں سخت ہے آپ ان کو گمان کرتے ہیں اکٹھا

وَّقُلُوْبُهُمْ شَتّٰى ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۴﴾ كَمَثَلِ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ

منافقین کی حماقت — تذکیر باَیّام اللہ سے مثال یہود

جبکہ ان کے دل جدا جدا ہیں یہ اس لیے کہ وہ عقل نہیں رکھتے۔ جیسا حال ان لوگوں کا جو ان سے پہلے ہوئے

قَرِيْبًا ذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۵﴾ ۚ كَمَثَلِ الشَّيْطٰنِ اِذْ قَالَ لِلْاِنْسَانِ

بنی نضیر و مشرکین مکہ — نتیجہ اخروی — مثال منافقین

نزدیک ہی چھکا انہوں نے اپنی حرکتوں کا وبال اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔ جیسے حال شیطان کا جب کہا اس نے انسان سے

اكْفُرْ ۚ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكَ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶﴾ فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَآ

شیطان کی براَت — شیطان کا دھوکہ — تابعین و متبوعین

کفر کر پھر جب اس نے کفر کیا اس نے کہا بیشک میں بے تعلق ہوں تجھ سے بیشک میں اللہ سے ڈرتا ہوں جو رب ہے جہان والوں کا۔ پس ہوگا دونوں کا انجام کہ

ع ۲ ۷ ۵ اَنَّهُمَا فِي النَّارِ خَالِدَيْنِ فِيْهَا ؕ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۷﴾ ع

یعنی شیطان اور انسان کا نتیجہ — عدل و انصاف باری

دونوں دوزخ میں ہوں گے۔ اس میں ہمیشہ رہنے والے اور یہ بدلہ ہے ظالموں کا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ

ایمان والوں کو حکم التزام تقویٰ

اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور چاہئے کہ دیکھے ہر شخص اس کو جو اس نے آگے کل کے لیے بھیجا اور اللہ سے ڈرو بیشک

اللّٰهَ خَبِيْرٌ ۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ نَسُوا اللّٰهَ فَاَنْسٰىهُمْ اَنْفُسَهُمْ ؕ

کفار کے ساتھ مشابہت کی ممانعت

اللہ خبر رکھتا ہے ان کاموں کی جو تم کرتے ہو۔ اور نہ ہو جاؤ تم ان لوگوں کی طرح جو اللہ کو بھول گئے پس اللہ نے ان کو فراموش کر دیں ان کی جانیں

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۱۹﴾ لَا يَسْتَوِيْٓ اَصْحٰبُ النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ؕ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ

فریقین کا تفاوت — نتائج

یہی لوگ نافرمان ہیں ۔ نہیں ہے برابر دوزخ والے اور جنت والے ۔ جنت والے

هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۲۰﴾ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ

عظمت قرآن — (۱) — تاثیر قرآن

(۱) جمادات میں شعور ہے ان کی نوعیت کا مگر انسان سے سوفیصد مختلف ہے۔

ہی کامیاب ہیں۔ اگر ہم اتارتے اس قرآن کو کسی پہاڑ پر تو آپ اس کو ضرور دیکھتے دبنے والا پھٹنے والا اللہ کے ڈر سے

اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ

شفقت خداوندی — حصر الالوہیت۔ — ے

اور یہ مثالیں ہم ان کو بیان کرتے ہیں لوگوں کے لیے تا کہ وہ سوچیں۔ وہی اللہ ہے کوئی معبود نہیں

ے علم غیب خاصہ خداوندی ہے

اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَ الشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ

حصر علم غیب کلی فی ذات باری ← تصرف باری — حصر الالوہیت باری

مگر وہی پوشیدہ اور کھلی چیزوں کو جاننے والا وہ بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ وہی اللہ ہے کوئی معبود نہیں

اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ

اوصاف خداوندی۔ پاک — امن — نگرانی — دباؤ — عظمت — تنزیہ الرحمن

← ماغاب عن المخلوق

مگر وہی۔ بادشاہ ہے تمام عیوب سے پاک ہے ہر نقصان سے محفوظ عذاب سے پناہ دینے والا، نگہبان، زبردست بگڑی بنانے والا بڑی عظمت والا اللہ پاک ہے

اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ

عن الشرکاء — بنانے — عظمت خداوندی

ان سے جن کو وہ شریک ٹھہراتے ہیں۔ وہی اللہ پیدا کرنے والا ٹھیک ٹھیک بنانے والا صورت اس کے اچھے اچھے نام ہیں تسبیح بیان کرتی ہیں اس کی وہ سب چیزیں جو آسمانوں میں

ع ۳

وَ الْاَرْضِ ۚ وَ هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۲۴﴾ ع

غلبہ باری

سورۃ الممتحنہ — اور زمین میں ہیں اور وہ زبردست حکمت والا ہے

سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَةِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثَ عَشْرَةَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

موضوع سورۃ : مقاطعہ عن الکفار۔

← ترتیب تلاوت ۶۰، ترتیب نزول ۹۱، آیات ۱۳، رکوع ۲ — ربط اوپر یہود و منافقین اب بقیہ کفار۔ معاہدہ حدیبیہ دس سال کے لیے ہوا تھا مگر ایک سال تک نہ چل سکا۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّیْ وَ عَدُوَّكُمْ اَوْلِیَآءَ تُلْقُوْنَ اِلَیْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ

اسباب مقاطعہ یعنی ترک موالات کے چار اسباب کا بیان نمبرا — نمبر۲ — تنبیہ مومنین

← شان نزول حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہ۔

اے ایمان والو! مت بناؤ تم میرے دشمن کو اور اپنے دشمن کو دوست تم پیغام بھیجتے ہو ان کی طرف محبت کا

وَ قَدْ كَفَرُوْا بِمَا جَآءَكُمْ مِّنَ الْحَقِّ ۚ یُخْرِجُوْنَ الرَّسُوْلَ وَ اِیَّاكُمْ اَنْ تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ

نمبر۳ — نمبر۴ — سبب اخراج

اور تحقیق انہوں نے کفر کیا اس سے جو تمہارے پاس آیا سچے دین سے (اور) وہ نکالتے ہیں اللہ کے رسول کو اور تمہیں اس لیے کہ تم ایمان لائے ہو اللہ پر

رَبِّكُمْ ؕ اِنْ كُنْتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَادًا فِیْ سَبِیْلِیْ وَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِیْ ۖ تُسِرُّوْنَ

عتاب مؤمنین

جو تمہارا رب ہے اگر تم نکلتے ہو جہاد کے لیے میرے راستے میں اور تم تلاش کرتے ہو میری خوشنودی تم چھپا کر

اِلَیْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ ۖ وَ اَنَا اَعْلَمُ بِمَاۤ اَخْفَیْتُمْ وَ مَاۤ اَعْلَنْتُمْ ؕ وَ مَنْ یَّفْعَلْهُ مِنْكُمْ

غیب خاصہ علم باری۔

بھیجتے ہو ان کی طرف محبت کا پیغام اور میں خوب جانتا ہوں جس کو تم چھپاتے ہو اور جس کو تم ظاہر کرتے ہو اور جو شخص کرے اس کام کو تم میں سے

فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِیْلِ ﴿۱﴾ اِنْ یَّثْقَفُوْكُمْ یَكُوْنُوْا لَكُمْ اَعْدَآءً وَّ یَبْسُطُوْۤا اِلَیْكُمْ اَیْدِیَهُمْ

کفار کی دوستی کا نتیجہ — مقتضیات ترک موالات — اظہار عداوت نمبرا

پس یقیناً وہ گمراہ ہوا سیدھے راستہ سے۔ اگر وہ پالیں تم کو ہوں گے تمہارے دشمن اور بڑھائیں گے تمہاری طرف اپنے ہاتھ اور

وَ اَلْسِنَتَهُمْ بِالسُّوْٓءِ وَ وَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۲﴾ لَنْ تَنْفَعَكُمْ اَرْحَامُكُمْ وَ لَاۤ اَوْلَادُكُمْ ۛۚ یَوْمَ

نمبر۲ — نمبر۳ یوم قیامت

اپنی زبانیں برائی کے ساتھ اور آرزو کریں گے کاش کہ تم کافر ہوجاؤ۔ ہرگز کام نہیں آئیں گے تمہارے رشتہ دار اور نہ تمہاری اولاد قیامت کے دن۔

الْقِيٰمَةِ ۚ يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ ۚ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝۳ قَدْ كَانَتْ لَكُمْ اُسْوَةٌ

حاکمیت باری ۔۔۔ وسعت علم باری ۔۔۔ حکم مذکور پر تحریض کے لیے حضرت ابراہیمؑ

وہ فیصلہ کرے گا تمہارے درمیان اور اللہ تعالیٰ جو تم کام کرتے ہو دیکھنے والا ہے۔ بیشک ہے تمہارے لیے اچھا نمونہ

حَسَنَةٌ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ ۚ اِذْ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰٓؤُا مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ

کی اتباع کی تاکید۔ ۔۔۔ حضرت ابراہیمؑ کا قوم سے برأت

ابراہیم علیہ السلام میں اور ان لوگوں میں جو ان کے ساتھ تھے۔ جب انہوں نے کہا اپنی قوم سے کہ بیشک ہم بیزار ہیں تم سے اور ان سے جن کی تم پوجا کرتے ہو

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۫ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَآءُ اَبَدًا حَتّٰى

اللہ کو چھوڑ کر ہم تمہارے (عقائد) کے منکر ہیں اور ظاہر ہوگئی ہمارے اور تمہارے درمیان دشمنی اور بغض ہمیشہ کے لیے یہاں تک کہ

تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗٓ اِلَّا قَوْلَ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ وَمَآ اَمْلِكُ لَكَ

اصول کامیابی ۔۔۔ ازالہ شبہ ۔۔۔ حصر التصرف سے ابراہیمؑ کی

تم ایمان لاؤ اکیلے اللہ پر مگر ابراہیم علیہ السلام کی بات جو اپنے باپ سے کہی تھی کہ میں ضرور تیرے لیے بخشش مانگو گا اور میں کچھ اختیار نہیں رکھتا

مِنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝۴ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا

نفی مختار کل۔ ۔۔۔ حضرت ابراہیمؑ اور ان کے متبعین کا اعتماد علی اللہ۔ ۔۔۔ حضرت ابراہیمؑ

اللہ کے سامنے تیرے لیے کچھ بھی اے ہمارے رب آپ ہی پر ہم بھروسہ کرتے ہیں اور آپ ہی کی طرف ہم رجوع کرتے ہیں اور آپ کی ہی طرف لوٹنا ہے۔ اے رب ہمارے مت بنا ہمیں

فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۵ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْهِمْ

کی دعا نمبر ۱ ۔۔۔ نمبر ۲ ۔۔۔ تحریض مذکورہ پر حضرت ابراہیمؑ کی اتباع کی

کافروں کا تختہ مشق اور ہمیں بخش دے اے ہمارے رب۔ بیشک آپ ہی زبردست حکمت والے ہیں۔ البتہ تحقیق ہے تمہارے لیے ان میں

ع ۱ ۷ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ ۭ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝۶ ع

تاکید ۔۔۔ نتیجہ مخالفین رسول

اچھا نمونہ ایسے شخص کے لیے جو اللہ اور آخرت پر یقین رکھتا ہے اور جو شخص منہ پھیر لے پس تحقیق اللہ وہ بے نیاز ہے تعریفوں والا ہے۔

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ۭ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ۭ

تسلی مؤمنین پیشین گوئی ۔۔۔ فتح مکہ کے موقع پر

اللہ سے امید ہے کہ وہ کر دے تمہارے اور ان لوگوں کے درمیان میں جس سے تمہاری دشمنی ہے ان سے دوستی اور اللہ قدرت والے

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۷ لَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ

اقسام کفار ۔ ۔۔۔ نمبر ۱ کفار غیر محاربین کے ساتھ تعلقات کی اجازت

اور اللہ بخشنے والے نہایت مہربان ہیں۔ نہیں منع کرتا تم کو اللہ ان لوگوں سے جو نہیں لڑے تم سے دین کے معاملہ میں

وَلَمْ يُخْرِجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْٓا اِلَيْهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝۸

اور نہیں نکالا تم کو تمہارے گھروں سے یہ کہ تم احسان کرو ان پر اور انصاف کرو ان کے ساتھ بیشک اللہ پسند کرتے ہیں انصاف کرنے والوں کو۔

اِنَّمَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ قٰتَلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَاَخْرَجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ وَظٰهَرُوْا

نمبر ۲ کفار محاربین کے ساتھ دوستانہ تعلقات کی ممانعت

بیشک اللہ تم کو منع کرتا ہے ان لوگوں سے جو لڑتے ہیں تم سے دین کے معاملہ میں اور نکالا تم کو تمہارے گھروں سے اور مدد کی انہوں نے

عَلٰٓی اِخْرَاجِکُمْ اَنْ تَوَلَّوْهُمْ ۚ وَمَنْ یَّتَوَلَّهُمْ فَاُولٰٓئِکَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٩﴾ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ

خصوصی خطاب برائے

تمہارے نکالنے پر کہ تم ان سے دوستی کرو اور جو ایسے لوگوں سے دوستی کریں تو وہی ظالم ہیں۔ اے

اٰمَنُوْٓا اِذَا جَآءَکُمُ الْمُؤْمِنٰتُ مُهٰجِرٰتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِیْمَانِهِنَّ ۚ فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ

مہاجر عورتوں کے احکام۔ حکم نمبر ا۔ (دار الحرب سے) ام کلثوم بنت عتبہ ابن ابی معیط

ایمان والوں! جب آئیں تمہارے پاس مؤمنہ عورتیں ہجرت کر کے پس تم ان کا امتحان کر لیا کرو اللہ خوب جانتا ہے ان کے ایمان کو پس اگر تم جان لو ان کو

مُؤْمِنٰتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ اِلَی الْکُفَّارِ ؕ لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا هُمْ یَحِلُّوْنَ لَهُنَّ ؕ

حکم نمبر ٢ (ا) کفار سے ازدواجی تعلقات سے ممانعت خواہ عورت ہو یا مرد ہو

مؤمنہ پس نہ لوٹاؤ ان کو (کافروں) کے پاس نہ وہ عورتیں حلال ہیں ان (کافروں) کے لیے اور نہ وہ کافر حلال ہیں ان (عورتوں) کے لیے

وَاٰتُوْهُمْ مَّآ اَنْفَقُوْا ؕ وَلَا جُنَاحَ عَلَیْکُمْ اَنْ تَنْکِحُوْهُنَّ اِذَآ اٰتَیْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ؕ

حکم نمبر ٣ حکم نمبر ۴ شرائط نکاح

اور دے دو ان (کافروں) کو جو انہوں نے خرچ کیا ہو اور نہیں تم پر کوئی گناہ کہ تم ان سے نکاح کر لو جب دے دو تم ان کو ان کا مہر

وَلَا تُمْسِکُوْا بِعِصَمِ الْکَوَافِرِ وَسْـَٔلُوْا مَآ اَنْفَقْتُمْ وَلْیَسْـَٔلُوْا مَآ اَنْفَقُوْا ؕ ذٰلِکُمْ حُکْمُ

مرتد عورت کو مسلمان کے نکاح میں رکھنے کی ممانعت فریقین کا اپنے اپنے دیئے ہوئے مہر کے لینے کا بیان

اور نہ روکے رکھو تم عقد نکاح میں کافر عورتوں کو اور مانگ لو تم جو تم نے خرچ کیا اور چاہیے کہ وہ (کافر) مانگیں جو انہوں نے خرچ کیا یہ اللہ کا فیصلہ ہے

اللّٰهِ ؕ یَحْکُمُ بَیْنَکُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌ حَکِیْمٌ ﴿١٠﴾ وَاِنْ فَاتَکُمْ شَیْءٌ مِّنْ اَزْوَاجِکُمْ اِلَی

حقدار کو موجودہ شوہر کا مہر کی عدم ادائیگی کی صورت میں احکام

وہ فیصلہ کرتا ہے تمہارے درمیان اور اللہ جاننے والے حکمت والے ہیں۔ اور اگر چلی جائے تم سے کوئی عورت تمہاری بیویوں میں سے

الْکُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ فَاٰتُوا الَّذِیْنَ ذَهَبَتْ اَزْوَاجُهُمْ مِّثْلَ مَآ اَنْفَقُوْا ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ

گرفت اور باقی ماندہ مہر کافر شوہر کو دے دو تقویٰ کا التزام

کافروں کی طرف پھر تمہاری باری آئے تو دے دو ان کو جن کی بیویاں چلی گئی ہیں اس قدر جتنا انہوں نے خرچ کیا تھا اور اللہ سے ڈرتے رہو

الَّذِیْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿١١﴾ یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ اِذَا جَآءَکَ الْمُؤْمِنٰتُ یُبَایِعْنَکَ عَلٰٓی اَنْ لَّا یُشْرِکْنَ

شرائط بیعت نمبر ا

جس پر تم ایمان رکھتے ہو۔ اے نبی جب آئیں آپ کے پاس ایمان والی عورتیں (اس غرض سے کہ) وہ آپ سے بیعت کریں اس بات پر کہ وہ نہیں شریک کریں گی

بِاللّٰهِ شَیْـًٔا وَّلَا یَسْرِقْنَ وَلَا یَزْنِیْنَ وَلَا یَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَلَا یَاْتِیْنَ بِبُهْتَانٍ یَّفْتَرِیْنَهٗ

نمبر ٢ نمبر ٣ نمبر ۴ نمبر ۵

اللہ کے ساتھ کسی چیز کو اور نہ وہ چوری کریں گی اور نہ وہ زنا کریں گی اور وہ نہ قتل کریں گی اپنی اولاد کو اور نہ وہ لائیں گی بہتان

بَیْنَ اَیْدِیْهِنَّ وَاَرْجُلِهِنَّ وَلَا یَعْصِیْنَکَ فِیْ مَعْرُوْفٍ فَبَایِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ

نمبر ٦ فریضہ رسول نمبر ا نمبر ٢

جو اپنے ہاتھوں اور پاؤں کے درمیان گھڑ لیں اور نہ کسی امر شرعی میں آپ کی نافرمانی کریں گی تو آپ ان کو بیعت کر لیا کریں اور ان کے لیے اللہ سے بخشش مانگیں

اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿١٢﴾ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ

نتیجہ استغفار ترک موالات با الکفار من الیہود کیفیت

بیشک اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے۔ اے ایمان والو! نہ دوستی کرو ان لوگوں سے جن پر اللہ نے غضب فرمایا۔

(ا)
اس آیت کی روشنی میں ایک حکم شرعی کی وضاحت۔ نکاح کے لیے فریقین کا ایمان پر ہونا شرط ہے یہاں آیت میں لفظ ایمان وارد ہے۔ حضرت علیؓ نے اپنے بھائی جعفرؓ کے شہید ہونے کے بعد ان کی بیوہ حضرت اسماء بنت عمیس کو حضرت ابوبکرؓ سے نکاح کرنے سے نہ روکا پھر حضرت ابوبکرؓ کی وفات کے بعد خود حضرت علیؓ نے ان سے نکاح کیا۔ اس سے حضرت ابوبکرؓ کا ایمان ثابت ہو گیا۔ چونکہ آیت کی واضح تصریح سے ثابت ہے کہ ایمان والا ایمان والی عورت سے نکاح کر سکتا ہے۔ حضرت عمرؓ کا حضرت ام کلثوم بنت علیؓ سے نکاح ہوا اس سے حضرت عمرؓ کا ایمان ثابت ہوا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو لخت جگر کا نکاح یکے بعد دیگرے حضرت عثمانؓ کو دیا اس سے حضرت عثمان کا ایمان ثابت ہوا۔ اب بھی شور و غوغا

قَدْ يَئِسُوْا مِنَ الْاٰخِرَةِ كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ ﴿۱۳﴾ ع

کفار یہود (۱) (۲)(۳)

بیشک وہ (یہود) ناامید ہوگئے ہیں آخرت سے جیسے ناامید ہیں وہ کافر جو قبروں میں مدفون ہیں

سورۃ الصّف

سُوْرَةُ الصَّفِّ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ اَرْبَعَ عَشْرَةَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۃ الصف ترتیب تلاوت ۶۱، ترتیب نزول ۱۰۹، آیات ۱۴، رکوعات ۲ — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

ربط اوپر کفار سے دوستی کی ممانعت اب بھی بلکہ ان سے جہاد کرو

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ

عظمت خداوندی

تسبیح بیان کرتی ہیں اللہ کے لیے جو چیزیں آسمانوں میں ہیں اور جو چیزیں زمین میں ہیں اور وہی زبردست حکمت والا ہے۔ اے

اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۲﴾ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۳﴾

تنبیہ مؤمنین — توبیخ

ایمان والو تم ایسی باتیں کیوں کہتے ہیں جو تم کرتے نہیں۔ بڑی ناراضگی ہے اللہ کے نزدیک یہ کہ تم کہو وہ بات جو کرتے نہیں۔

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ﴿۴﴾ وَاِذْ قَالَ

نتیجہ سرفروشان یعنی مجاہدین — طریق جہاد — حضرت موسیٰؑ کا

بیشک اللہ پسند کرتا ہے ان لوگوں کو جو لڑتے ہیں اس کی راہ میں صف باندھ کر گویا وہ ایک سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہیں۔ اور جب کہا

مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ لِمَ تُؤْذُوْنَنِيْ وَقَدْ تَّعْلَمُوْنَ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ ۖ فَلَمَّا

قوم سے مکالمہ — داستان جہاد میں سوء ادبی — حضرت موسیٰؑ کی فہمائش

موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم سے اے میری قوم! کیوں تم مجھے تکلیف دیتے ہو حالانکہ تم جانتے ہو میں اللہ کا رسول ہوں تمہاری طرف پھر جب وہ

زَاغُوْۤا اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ ۖ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۵﴾ وَاِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ

دلوں کی کج روی — تقطیع الطمع — حضرت عیسیٰؑ کی رسالت

ٹیڑھے ہی رہے تو اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں کو ٹیڑھا کر دیا اور اللہ نہیں ہدایت دیتے ایسے نافرمانوں کو۔ اور جب کہا عیسیٰ بن مریم نے

يٰبَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ

حضرت عیسیٰ کی شریعت کی جامعیت

اے بنی اسرائیل! بیشک میں اللہ کا رسول ہوں تمہاری طرف میں تصدیق کرنے والا ہوں اس کتاب تورات کی جو مجھ سے پہلے ہے

وَمُبَشِّرًۢا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗۤ اَحْمَدُ ۖ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا

حضرت عیسیٰؑ کی بشارت — تعیین رسول۔ (۴) — شکوہ

اور بشارت دینے والا ہوں ایک ایسے رسول کی جو میرے بعد آئیں گے جن کا نام احمد ہوگا پھر جب وہ آئے ان کے پاس کھلی دلیلیں لے کر تو انہوں نے کہا یہ

سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۶﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعٰۤى اِلَى الْاِسْلَامِ ۖ

منکرین کا افتراء علی اللہ

تو کھلا جادو ہے۔ اور اس شخص سے بڑھ کر کون ظالم ہوگا جو اللہ پر جھوٹ باندھے حالانکہ وہ بلایا جارہا ہے اسلام کی طرف

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۷﴾ يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ ۖ وَاللّٰهُ

دستور خداوندی — مشرکین کا ارادۂ فاسدہ (۵) — (جو دین اسلام ہے) — ارادۂ خداوندی

اور اللہ نہیں ہدایت دیتا ایسے ظالم لوگوں کو۔ وہ چاہتے ہیں کہ اللہ کے نور کو اپنے منہ سے (پھونک مار کر) بجھا دیں حالانکہ اللہ تعالیٰ

(۵) اہل بدعت کے نور پر پانچ دلائل مکمل شد کہ آپ صلی اللہ علیہ نور ہیں۔

(۱)
یہ کفار کی صفت ہے جیسے کافر جو قبروں میں جا چکے ہیں وہ ناامید ہیں کیونکہ اب وہ عملی زندگی تو ہے نہیں۔

(۲)
یہودی آخرت سے مایوس ہیں جیسے کفار اصحاب قبور کی حیات کے منکر ہیں۔ لن یبعث اللہ من یموت۔

(۳)
ثبوت قبر پر دلیل نمبر ۴: اور دلیل نمبر ۵ سورۃ عبس آیت ۲۱ ص ۵۹۸ میں دیکھیں

(۴)
ملحدین کے اعتراض کا جواب۔

سبحان اللہ و بحمدہ عدد خلقہ سبحان اللہ و بحمدہ مداد کلمتہ و بحمدہ رضا نفسہ۔ سبحان اللہ و بحمدہ زنۃ عرشہ

موضوع سورۃ تذکرۂ صف سرفروشان

مُتِمُّ نُورِهِ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُونَ ۞ هُوَ الَّذِيٓ اَرْسَلَ رَسُولَهٗ بِالْهُدٰى وَدِينِ الْحَقِّ

نمبرا اسلام (اتمام اسلام پر) بعثت خاتم الانبیاء سے اتمام نور

اپنے نور کو پورا کر کے رہے گا اگرچہ کافر ناخوش ہوں۔ وہ ایسا ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچا دین دے کر بھیجا

ع ٩ / ١ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّينِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُونَ ۞

ارادۂ خداوندی نمبر۲

تا کہ وہ اسے تمام دینوں پر غالب کر دے اگرچہ مشرک کتنا ہی برا مانیں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيمٍ ۞ تُؤْمِنُونَ

ترغیب جہاد برائے اتمام نور اور اظہار دین کے لیے اوصاف

اے ایمان والو! کیا میں تمہیں ایسی تجارت بتاؤں جو تم کو بچالے دردناک عذاب سے۔ تم ایمان رکھو

بِاللّٰهِ وَرَسُولِهٖ وَتُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ۚ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ

مؤمنین نمبرا نمبر۲ نمبر۳ نمبر۴ نتیجہ اخروی، اوصاف مذکورہ نمبرا

اللہ پر اور اس کے رسول پر اور تم جہاد کرو اللہ کے راستہ میں اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے یہ تمہارے لیے بہتر ہے

اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ۞ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا

نمبر۲ نمبر۳

اگر تم جانتے ہو۔ وہ معاف کر دے گا تمہیں تمہارے گناہ اور داخل کرے گا تمہیں ایسے باغات میں جاری ہوں گی ان کے نیچے

الْاَنْهٰرُ وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِي جَنّٰتِ عَدْنٍ ۚ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ۞ وَاُخْرٰى تُحِبُّونَهَا ۚ

فضیلت جنت نتیجہ دنیوی۔ ایک دوسری

نہریں اور عمدہ مکان جو ہمیشہ رہنے کے باغوں میں ہوں گے۔ یہ بہت بڑی کامیابی ہے۔ اور ایک اور چیز جس کو تم پسند کرتے ہو

نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيبٌ ۚ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ ۞ يٰٓاَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا كُونُوٓا اَنْصَارَ

چیز بھی تم کو حاصل ہوگی مستحقین بشارت داستان احباب عیسیٰؑ سے نصرت دین

(یعنی) مدد اللہ کی طرف سے اور جلدی فتح (کہ ان کا ملک تمہارا ہوگا) اور ایمان والوں کو خوشخبری دے دیں۔ اے ایمان والو! تم اللہ کے مددگار ہو جاؤ

اللّٰهِ كَمَا قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيّٖنَ مَنْ اَنْصَارِيٓ اِلَى اللّٰهِ ۚ قَالَ الْحَوَارِيُّونَ

کی ترغیب۔ کیفیت ترغیب مخلصین جماعت کا جواب

جیسا کہ عیسیٰ بن مریم نے حواریوں سے کہا تھا کہ کون میرا مدد گار ہوتا ہے اللہ کی طرف تو حواریوں نے جواب دیا

نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ فَاٰمَنَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ بَنِيٓ اِسْرَآءِيلَ وَكَفَرَتْ طَّآئِفَةٌ ۚ فَاَيَّدْنَا

نتیجہ

ہم اللہ کے (دین کے) مدد گار ہیں پس ایمان لایا ایک گروہ بنی اسرائیل میں سے اور ایک گروہ کافر رہا تو ہم نے مدد دی

ع ٢ / ١٠ الَّذِينَ اٰمَنُوا عَلٰى عَدُوِّهِمْ فَاَصْبَحُوا ظٰهِرِينَ ۞

ان لوگوں کو جو ایمان لائے ان کے دشمنوں کے مقابلہ میں پس وہ غالب ہو گئے (کافروں پر)

سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ | اِحْدٰى عَشْرَةَ اٰيَةً وَّفِيهَا رُكُوعَانِ

موضوع سورۃ: فرائض علماء کرام

سورۃ الجمعۃ۔ ربط اوپر بشارت رسول اب بھی

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

ترتیب تلاوت ۶۲ ترتیب نزول ۱۱۰، آیات ۱۱، رکوعات ۲

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝۱

عظمت خداوندی — صفات خداوندی

تسبیح بیان کرتے ہیں اللہ کی جو کچھ آسمانوں میں ہیں اور جو کچھ زمین میں ہیں بادشاہ پاک ذات ، زبردست حکمت والا ہے۔

هُوَ الَّذِىْ بَعَثَ فِى الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ

بعثت خاتم الانبیاء — فرائض خاتم الانبیاء نمبر ۱ — نمبر ۲ — نمبر ۳

وہی ذات جس نے بھیجا ناخواندہ لوگوں میں عظیم رسول کو انہی میں سے جو ان کے سامنے تلاوت کرتا ہے اس کی آیتیں اور پاک کرتا ہے ان کو اور سکھاتا ہے ان کو

الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۗ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝۲ وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا

نمبر ۴ — اسلام سے قبل کی حالت۔ — بعثت عمومی (۱) اس سے مراد صحابہؓ کے بعد قیامت تک آنے والے ہیں)

کتاب اور حکمت کی باتیں اور بے شک وہ اس سے پہلے صریح گمراہی میں تھے۔ اور دوسروں کے لیے بھی جو ان میں سے ہونے والے ہیں (مگر)

يَلْحَقُوْا بِهِمْ ۗ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۳ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۗ وَاللّٰهُ

شفقتِ خداوندی

ابھی ان میں شامل نہیں ہوئے اور وہ زبردست حکمت والا ہے۔ یہ (بعثت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کا فضل ہے دیتا ہے جس کو وہ چاہتا ہے اور اللہ

ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝۴ مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ

یہود کی مذمت

بڑے فضل والا ہے۔ مثال ان لوگوں کی جن پر تورات کا بار ڈالا گیا تھا پھر انہوں نے اس کا بار نہ اٹھایا اس گدھے کی سی مثال ہے

يَحْمِلُ اَسْفَارًا ۗ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۵

مگر خود منتفع نہیں ہوتا) — (یعنی یہود) — تقطیع الطمع

جو بہت سی کتابیں اٹھائے ہوئے ہو۔ بہت بری مثال ہے ان لوگوں کی جنھوں نے جھٹلایا اللہ کی آیات کو اور اللہ نہیں ہدایت دیتے ظالم لوگوں کو

قُلْ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ هَادُوْۤا اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِيَآءُ لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ

تنبیہ یہود — (۲)

آپ کہہ دیجئے اے لوگو! جو یہودی ہوئے اگر تم گمان کرتے ہو کہ تم اللہ کے دوست ہو اور لوگوں کے سوا تو آرزو کرو موت کی

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۶ وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗۤ اَبَدًا ۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ ۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝۷

اطلاع خداوندی

اگر تم سچے ہو۔ اور نہیں وہ اس کی آرزو کریں گے کبھی بھی اس وجہ سے جو آگے بھیجا ان کے ہاتھوں نے اور اللہ جاننے والے ہیں ظالموں کو

قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِىْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ

فیصلۂ خداوندی — ماغاب عن المخلوق

آپ کہہ دیجئے بیشک وہ موت جس سے تم بھاگتے ہو بیشک وہ تم سے ملنے والی ہے۔ پھر تم لوٹائے جاؤ گے چھپی اور کھلی چیزوں کو جاننے والے کی طرف

فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝۸ ع

مجازات اعمال

پس وہ تم کو بتادے گا جو تم کرتے تھے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نُوْدِىَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا

فرضیت واہمیت جمعہ — (۳) — (۴) — پہلا حکم جمعہ اور خطبہ جمعہ کی طرف — دوسرا حکم

اے ایمان والو! جب بلایا جائے تمہیں نماز کے لیے جمعہ کے دن پس چل پڑو اللہ کی یاد کی طرف اور چھوڑ دو

(۱)
دلیل نمبر ۷ معنی ختم نبوت خاتم الانبیاء کا بیان آخرین سے مراد مکاناً سب عجمی ہیں اور زماناً آخری دور کے سب انسان جن کے بعد دنیا کی صف لپیٹ دی جائے گی۔ تو یہ سب حضور کی امت ہیں تو آپ کا آخری ہونا ثابت ہوا۔ دلیل نمبر ۸ سورۃ احزاب آیت ۴۰ ص ۴۳۲ میں دیکھیں

(۲)
